تبیین الکلام

فی

تفسیر التوراة والانجیل علی ملة الاسلام

سر سید احمد

سر سید اکیڈمی

علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

۲۰۰۴ء

تبیین الکلام

فی

تفسیر التوراۃ والانجیل علیٰ ملتہ الاسلام

سر سید احمد

سرسید اکیڈمی
علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ
۲۰۰۴ء

Year : 2004

Price : 900/-

Available for sale :

1. Sir Syed Academy, Aligarh Muslim University, Aligarh.
2. Publications Division, Aligarh Muslim University, Aligarh

Printed at
Litho Offset Printers
Achal Tal, G.T. Road, Aligarh

HaSnain Sialvi

پیش لفظ

مسلمانوں کے تعلیمی اور تہذیبی ترقی کے سفر میں علی گڑھ تحریک کو ایک ممتاز سنگ میل کی حیثیت حاصل ہے اس کے میر کارواں سر سید نے ہزار موانع کے باوجود اس سفر کو جاری رکھا اور اپنے ہم سفروں اور ہمنواؤں کے لئے منزل تک پہنچنے کے لئے ایک خوش آئند راہ عمل چھوڑ گئے۔

سر سید کے افکار و خیالات سے آج نئی نسل کی واقفیت کم ہوتی جارہی ہے اس کا ایک بڑا سبب یہ ہے کہ ان کی تحریریں کمیاب ہوگئی ہیں اور ان سے استفادہ کی راہیں مسدود ہوتی جارہی ہیں۔ اس خلا کو پر کرنے کے لئے سر سید اکیڈمی علی گڑھ مسلم یونیورسٹی نے کئی منصوبے مرتب کئے ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ سر سید کی تحریروں کو شائع کیا جائے، سر سید کے آثار و اقدار پر مختلف زبانوں میں کتابوں کی اشاعت کا اہتمام کیا جائے اور سر سید اکیڈمی کے ذخیرۂ مخطوطات میں جو دستاویزات محفوظ ہیں انھیں منظر عام پر لایا جائے اور انھیں مناسب قیمت پر تشنگان علم کو فراہم کیا جائے۔

زیر نظر کتاب اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے امید ہے کہ اس کتاب کو قبول عام حاصل ہوگا اور اس طرح علی گڑھ تحریک کی تفہیم کی راہیں استوار ہوں گی۔

نسیم احمد
وائس چانسلر
علی گڑھ مسلم یونیورسٹی

HaSnain Sialvi

شروع کی بات

سرسید نے اپنی تحریروں میں جن موضوعات کو اپنایا ان کا احاطہ کرنا آسان نہیں رسالہ خیر خواہان مسلمانان سے لے کر انسٹی ٹیوٹ گزٹ تک اور تہذیب الاخلاق سے لے کر خطوط و خطبات تک موضوعات کی ایک دنیا آباد ہے جس میں علم و دانش اور تہذیب و ثقافت کے ہر گوشے کو جگہ ملی ہے، ان میں ایک ہزار صفحات پر مشتمل تین جلدوں میں ان کی معرکتہ لا آراء کتاب تبیین الکلام فی تفسیر التوراۃ والانجیل علیٰ ملتہ الاسلام بھی ہے اس کتاب کا تعلق مذاہب کے تقابلی مطالعے سے ہے۔ ہندوستان میں یہودیوں عیسائیوں اور مسلمانوں کے درمیان مناظرانہ لٹریچر کی ایک طویل تاریخ موجود ہے اس مناقشے کو سرسید افہام و تفہیم کے ذریعہ سلجھانا چاہتے تھے۔ اس کتاب کے پس منظر میں ۱۸۵۷ء کے بعد ہندوستانی مسلمانوں کی زندگی کے پھیلے ہوئے اور الجھے ہوئے واقعات واثرات بھی ہیں۔

تبیین الکلام کی تصنیف کا منصوبہ سرسید نے مراد آباد کے دوران قیام بنایا اس کتاب کے پس منظر میں جو مقاصد کارفرما تھے اس کا آغاز ان کے رسالے خیر خواہان مسلمانان سے ہو چکا تھا۔ مراد آباد میں سر سید کو ۱۸۵۷ء کی شورش میں ان کے لٹے ہوئے مال واسباب کا کچھ معاوضہ اور ان کی رکی ہوئی تنخواہ ملی اس رقم سے انھوں نے تقریباً آٹھ ہزار روپیہ سے تبیین الکلام کی طباعت کے لئے ایک پریس خریدا جس میں اردو ٹائپ کے علاوہ عبرانی اور انگریزی ٹائپ کے حروف بھی انھوں نے منگوائے لیکن اسی اثنا میں ان کا تبادلہ غازی پور ہو گیا جہاں انھیں مولوی عنایت رسول چریا کوٹی کی رفاقت ملی انھوں نے توریت وانجیل کا گہری نظر سے اصل زبانوں میں مطالعہ کیا تھا بعد میں جب ۲۶ / دسمبر ۱۸۷۰ء کو سرسید نے بنارس میں کمیٹی خواستگاران ترقی تعلیم مسلمانان کا پہلا جلسہ کیا تو اسکی صدارت مولوی عنایت رسول چریا کوٹی نے کی تھی۔

توریت کو عبرانی زبان میں پڑھنے کے لئے غازی پور میں سرسید نے ایک یہودی عالم کو ملازم رکھا حالی نے لکھا ہے کہ سالم نام ایک یہودی سرسید کے پاس روزی کی تلاش میں آیا انھوں نے اس سے پوچھا کہ کیا

تنخواہ لوگے اس نے دس یا پندرہ روپیہ کہے سرسید نے کہا میں تمہیں پچیس روپے ماہوار دوں گا تم مجھے عبرانی سکھاؤ اس نے خوشی کے مارے سرسید کی داڑھی چوم لی اور کہا کہ مجھے آج تک کوئی ایسا شخص نہیں ملا جس نے درخواست سے زیادہ دیا ہو۔ لیکن وہ فضول خرچ تھا اس لئے اسکو بقدر ضرورت روپیہ دیتے تھے سال بھر کے بعد جب وہ وطن جانے لگا تو کئی سو روپیہ جو اسکی تنخواہ کے تھے حساب کر کے سرسید نے اس کے حوالے کیا۔

تبیین الکلام کے لکھنے میں سرسید نے جو محنت کی وہ بے حد اور بے حساب تھی اس کتاب کے پیچھے انکا خواب وخور حرام ہو گیا تھا اس زمانے کا حال حالی نے سرسید کے دوست محمد سعید خاں کے حوالے سے لکھا ہے کہ ''اس کتاب کی تصنیف کے دوران انھوں نے پلنگ پر سونا چھوڑ دیا تھا فرش پر کتابوں کے درمیان ان کی نشست رہتی تھی نیند کا غلبہ زیادہ ہوتا تو وہیں کسی کتاب پر سر رکھ کر سو رہتے تھے اور پھر اٹھ کر لکھنے لگتے تھے اسی طرح ساری رات گذر جاتی تھی۔

دانشورانہ دنیا میں مسلمانوں کے وقار کو برقرار رکھنے کے لئے سرسید کی جو بے قراری تھی یا جو انھوں نے محنت شاقہ برداشت کی تھی اور اپنا نقد روان عمر اس کتاب کے پیچھے صرف کر دیا تھا اسکی تحسین کے بجائے محسن الملک نے تبیین الکلام کے مباحث کے خلاف ایک درشت خط سرسید کو لکھا اس کا جواب دیتے ہوئے سرسید نے انھیں لکھا کہ اب تقلید کا زمانہ نہیں رہا بلکہ عقل وہوش سے کام لینے کا وقت ہے۔ حالی نے یہ دلچسپ واقعہ بھی لکھا ہے کہ محسن الملک جب پہلی بار سرسید سے ملنے علی گڑھ ان کے مکان پر آئے تو دیکھا کہ وہ نماز پڑھ رہے ہیں ان کے دل میں خدشہ تو تھا ہی وہ سمجھے کہ جدھر سرسید نماز پڑھ رہے ہیں وہ قبلہ رخ نہیں ہے جب وہ نماز پڑھ چکے تو محسن الملک نے اپنا شبہ ظاہر کیا سرسید نے یہ آیت پڑھی ' فَاَینما تولّوا فثمّ وَجہُ الله ' جب اس پر خوب بحث ہو چکی تو سرسید نے کہا کہ کوٹھی میں نے قبلہ رخ بنائی ہے پھر کمپاس لگا کر ان کو اپنے کہنے کا یقین دلایا''

تبیین الکلام کی پہلی جلد جب مشہور فرانسیسی مستشرق گارساں دتاسی نے دیکھی تو لکھا کہ ''اس کتاب کا یہ پہلا حصہ شہر غازی پور میں مصنف کے خاص ذاتی مطبع میں چھپا ہے اور موصوف نے خود اسکے سارے اخراجات برداشت کئے ہیں یہ کتاب بڑی تقطیع پر ۴۰۰ صفحات پر مشتمل ہے اردو کے ساتھ ساتھ

انگریزی ترجمہ بھی ہے۔ یہ حصہ دراصل تمہید کے طور پر ہے اس سے آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ اس پوری کتاب کی وسعت کیا ہوگی۔ سرسید احمد کی تحریر سے ظاہر ہوتا ہے کہ ان کی معلومات گہری ہیں اور انھیں صرف قرآن اور توریت وانجیل ہی پر کافی عبور نہیں ہے بلکہ دوسری مشرقی تصانیف سے بھی وہ پورے طور پر واقف معلوم ہوتے ہیں۔ اس سے بھی بڑھ کر تعجب اس امر پر ہے کہ موصوف نے یوروپین تصانیف سے بھی استفادہ کیا ہے چنانچہ وہ ان کی جگہ جگہ پر حوالے دیتے ہیں۔ یہ کتاب وسیع مطالعے اور تحقیق کے بعد لکھی گئی ہے مجھے زیادہ تر خوشی اسی کی ہے کہ یہ کتاب اس زبان میں ہے جس کی تعلیم یہاں میرے ذمہ ہے میرا تو خیال یہ ہے کہ اس قسم کے مطالب شاید پہلی مرتبہ کسی مسلمان نے اردو میں فکر و تحقیق کے ساتھ پیش کئے ہیں۔ غالباً یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ شاید ہی مشرق کی زبان میں اس کتاب کے شائع ہونے سے پہلے اس نوعیت کے مطالب کو ادا کرنے کی کوشش کی گئی ہو"

گارساں دتاسی آگے لکھتا ہے کہ "مصنف کو ہماری مقدس کتب پر پورا عبور حاصل ہے اور ان کی نظر سب ضروری معلومات پر پوری طرح حاوی ہے۔ اس کتاب میں وہ معلومات جو ہمیں مختلف جگہ جستہ جستہ ملتی ہیں ایک جگہ اکٹھا مل جائیں گی۔ ہاں ساتھ ہی ہمیں یہ امر بھی فراموش نہ کرنا چاہئے کہ مصنف ایک مسلمان ہے اور قرائن سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کا مقصد یہ ہے کہ مسیحی اور اسلامی تعلیم میں میل پیدا کرے لیکن مجھے اندیشہ ہے کہ غالباً اس کے ہم مذہب لوگ اسکی رواداری کی باتوں کو بری نظر سے دیکھیں گے دوسری جانب عیسائی لوگ غالباً کبھی اس بات کی صداقت کو تسلیم نہیں کریں گے کہ قرآن بھی ایک آسمانی کتاب ہے ہوگا یہ کہ مسلمان کفر کے فتوے دیں گے اور عیسائی مصنفین سید احمد کے علمی اور صلح پسندانہ خیالات کے ساتھ اتفاق کرنے سے انکار کریں گے"

سرسید کی یہ کتاب مناظرے کے ضمن میں نہیں آتی اس کتاب میں انھوں نے کسی فرقے کی دل شکنی نہیں کی ہے انکا انداز تحریر عالمانہ اور دانشورانہ ہے رطب و یابس اور طنز و مزاح سے یہ کتاب پرے ہے انھوں نے توریت وانجیل کا دیدہ ریزی سے مطالعہ کیا اور یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ یہ دونوں کتابیں تحریف کا شکار ہوئی ہیں اور تحریف نے ان کتابوں کے اغراض و مقاصد کی بساط ہی الٹ دی ہے۔ وہ اس کتاب سے یہ

ثابت کرنا چاہتے ہیں کہ ان صحف سماوی کے ماننے والے ایک ہی خدائے واحد کا نام لیتے ہیں اور جن پیغمبروں پر یہ کتابیں نازل ہوئی ہیں انھوں نے ایک ہی راہ دکھائی ہے۔ سرسید کی یہ کتاب اپنے موضوع کے اعتبار سے منفرد ہے اور اس کتاب کے ذریعہ انھوں نے ایک نیا راستہ دکھایا ہے۔

تبیین الکلام فی تفسیر التوراۃ والانجیل علیٰ ملتہ الاسلام کی پہلی جلد ۱۸۶۲ء میں اور دوسری جلد ۱۸۶۵ء میں غازی پور سے سرسید کے ذاتی مطبع سے شائع ہوئی ہے۔ پہلی جلد میں دس مقدمے اور دو تتمے ہیں کتاب کا متن اردو اور انگریزی میں تقسیم ہے۔ انگریزی متن اردو متن کا لفظی ترجمہ نہیں ہے بلکہ یہ اردو متن کے مطالب کو اخذ کر کے انگریزی میں لکھا گیا ہے۔ دوسری جلد میں توریت کی کتاب اول یعنی پیدائش کی تفسیر ہے

دیباچہ کے علاوہ اس میں گیارہ ابواب ہیں۔ تبیین الکلام کی تیسری جلد کا سارا متن اردو میں ہے اور ہم نے اسے تصانیف احمد یہ جلد اول حصہ دوم مطبوعہ علی گڑھ انسٹی ٹیوٹ پریس ۱۸۸۷ء سے لیا ہے اس میں یہ بات بھی کہی گئی ہے کہ تیسری جلد بھی ۱۸۶۲ء کی تصنیف ہے۔ پیش نظر کتاب تبیین الکلام فی تفسیر التوراۃ والانجیل علی ملتہ الاسلام کی تینوں جلدوں ۱۸۶۲ء، ۱۸۶۵ء، ۱۸۸۷ء کے ایڈیشن کے عکس پر مشتمل ہے۔

سرسید کے اکتسابات کا ابھی تک کماحقہ جائزہ نہیں لیا جا سکا ہے اسکی بڑی وجہ یہ ہے کہ ان کی ساری تحریریں کمیاب ہوتی جارہی ہیں اور اب یہ عموماً اہل نظر کی دسترس میں نہیں ہیں پیش نظر کتاب بھی ایسی ہی تحریروں میں شامل ہے۔ سرسید اکیڈمی علی گڑھ مسلم یونیورسٹی تلافی مافات کے لیے کوشاں ہے اسکے مقاصد میں یہ بات شامل ہے کہ سرسید کی ساری تحریریں مطبوعہ ہوں خواہ غیر مطبوعہ انھیں شائع کیا جائے زیر نظر کتاب اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔

میرا خوشگوار فریضہ ہے کہ اس موقع پر جناب نسیم احمد صاحب وائس چانسلر علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کا شکریہ ادا کروں جنھوں نے اس کتاب کی طباعت کے لئے رقم محفوظ کی اور ہر مرحلے پر مناسب مشوروں سے نوازا۔

میں جناب شکیل احمد خاں لائبریرین مولانا آزاد لائبریری اور انکے معاون جناب محمود علی کا شکر گذار ہوں جنھوں نے اس کتاب کا عکس فراہم کرنے میں اکیڈمی کی مدد کی۔

آخر میں سرسید اکیڈمی کے عملے کا ان کے تعاون کے لئے شکریہ ادا کرتا ہوں۔ امید ہے کہ اکیڈمی کی دیگر مطبوعات کی طرح اس کتاب کو بھی حسن قبول حاصل ہوگا۔

اصغر عباس

ڈائریکٹر، سرسید اکیڈمی،

علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علیگڑھ

۲۵/ اگست ۲۰۰۴ء

امنا بالله وما انزل علينا وما انزل على ابراهيم و اسمعيل و اسحق و يعقوب والاسباط وما اوتي موسى وعيسى
والنبيون من ربهم لانفرق بين احد منهم و نحن له مسلمون ـــ سورة آل عمران آيت ۸۳

"*We believe on God, and that which hath been sent down unto us, and that which was sent down unto Abrahem, and Israel, and Isaac, and Jacob, and the tribes, and that which was delivered to Moses, and Jesus, and the Prophets from their Lord; we make no distinction between any of them, and to Him we are resigned.*"——HOLY KORAN.

THE
MOHOMEDAN COMMENTARY
ON THE
HOLY BIBLE.
BY
SYUD AHMUD.
PART FIRST.

تبئين الكلام
في
تفسير التوراة والانجيل على ملة الاسلام
الفه
المفتقر الى الله الصمد سيد احمد
حصه اول

GHAZEEPORE,
PRINTED AND PUBLISHED BY THE AUTHOR AT HIS PRIVATE PRESS.
1862 A. D. 1275 H.

فہرست
CONTENTS.

هذه مقدمات

من

تبيين الكلام في تفسير التوراة والانجيل على ملة الاسلام

الّفه

المفتقر الى الله الصمد سيد احمد

PRELIMINARY DISCOURSE

ON THE

MOHOMEDAN COMMENTARY

OF THE

HOLY BIBLE.

BY

SYUD AHMUD,

Ghazeepore,

Printed and Published by the Author at his Private Press.

1862 A. D. 1278 H.

بسم اللہ الرحمن الرحیم

المقدمۃ اولیٰ

FIRST DISCOURSE.

انسان کي نجات کو نبیوں کا آنا ضرور ہی

On the necessity of the comming of Prophets to save mankind.

وہ ایک مقدس اور پاک ہستي جسکو کوئي اللہ اور کوئي وجود اور کوئي کلام کہتا ہے ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہےگي ' وہ آپ هي آپ ہے اور اُسکا ہونا اُسکي ذات ہے ' کیونکہ اُسنے اپنا لقب یہي بتایا ' کہ میں ہوں ' اُسکا ہونا ہي اُسکي بڑائي ہے ' اپنے ہونے سے وہ پہچانا جاتا ہی ' اور اسي بڑائي سے وہ پکارا جاتا ہے ' اُسکي ابتدا ہے نہ انتہا وہ کسیکا محتاج نہیں اور اُسکے سوا کوئي نہیں ' یہاں تک کہ اگر کہا جاوے کہ ہے ' تو پوچھا جاوے کہ رہي ہے ' نہ وہ کسي سے پیدا ہوا ' اور نہ اُس سے کوئي پیدا ہوا ' اور پھر جو کچھہ ہوا بغیر اُسکے نہوا ' اُسکا سا کوئي نہیں ' نہ ہونے میں ' کیونکہ ہونا اُسکي ذات ہے ' اور نہ کسي صفت میں ' کیونکہ سب صفتیں اُسکي ذات ہیں ' وہ زندہ ہے ' نہ جان سے ' بلکہ اپنے آپ سے وہ جانتا ہے نہ کسي جہت سے ' بلکہ اپني ذات سے ' وہ دیکھتا ہے ' نہ کسي دیکھنے والي چیز سے ' بلکہ اپني ذات سے ' وہ سنتا ہے ' نہ کسي سننے والي چیز سے ' بلکہ اپني ذات سے ' وہ بولتا ہے نہ کسي بولنے والي چیز سے ' بلکہ اپني ذات سے ' وہ جو چاہتا ہے سو کرتا ہی ' نہ کسي غرض سے ' بلکہ اپنے کمال سے ' وہ سب کچھہ کرتا ہی ' نہ کسي کرنے والي چیز سے ' بلکہ اپني ذات سے ' وہ ہر طرح پر یکہ ہے ' اور ہر آن میں ہزاروں لاکھوں بلکہ بے انتہا کام کرتا ہے ' پھر ایسي ذات کو کوئي عقل سے پہچان سکتا ہے ؟ *

بڑے بڑے عقلمندوں نے اس میں عقل دوڑائي ' اور اُسکي عجائب قدرت کے کارخانوں کو دیکھہ دیکھہ اور سوچ سوچ عقل لڑائي ' اتنا تو جانا ' کہ ان عجیب عجیب کارستانوں کا بنانے والا کوئي ہے ' مگر اسکے سوا اور کچھہ نجانا ' اور جو جانا سو غلط جانا *

اُسکا واحد ہونا اُسیکے بتانے سے جانا ' اور جیسا وہ ہی اُسکے بتانے سے اُسکو پہچانا ' مگر انسان کي طاقت نہیں ' کہ صرف اپني عقل سے جیسا وہ ہی ویسا اُسکو جان لے *

انسان میں صرف یہي ظاهري گوشت پوست هي نہیں هے ؛ بلکه اسکے سوا اُسمیں ایک اور چیز بهي هے ' جس سے درحقیقت انسان انسان کہلاتا هے ؛ آدمي اگرخود اپنے آپے میں غور کرے تو جان سکتا هے ' که اس ظاهري بدن کے سوا اُسمیں اور کچهه چیز بهي هے ' جس سے وہ بهلائي اور برائي کو پہچانتا هي ' اور هر چیز کے کنهه کو بقدر اپني طاقت کے جانتا هي ' اگرچه اُس چیز کو انسان کے بدن سے کچهه علاقه هے ' مگر جب غور سے دیکهو تو با وجود اُس علاقه کے ' محض بے علاقه هے ؛ آدمي کبهي ایسا محو هوتا هي ' که سب چیز کو بهول جاتا هے ' مگر اپنے آپے کو نہیں بهولتا اس سے خیال هوسکتا هے ' که گو انسان کا یهه ظاهري بدن نیست بهي هو جاوے ' مگر وہ چیز جو اُسمیں هے جیسي هي ویسي هي رهے *

پهر اگر وہ چیز چند روزہ هے ' اور آخر کو نیست هونے والي هے ' تو دل قبول نہیں کرتا ' که اُس ذات پاک دایم الوجود نے ' یهه تمام عجائبات ایک ایسي فاني اور ناپائدار چیز کے لیئے بنائي هوں ؛ پس کچهه شبهه نہیں ' که وہ چیز بهي دایم الوجود هے ' اور نیست هونے والي نہیں * هر گز نمیرد آنکه دلش زندہ شد بعشق * ثبت است بر جریدۂ عالم دوام ما *

اب غور کرنا چاهیئے ' که وہ چیز جو انسان میں هے ' کیوں هے ' اگر اس واسطے هے ' که جب اُسکو نیند آوے تو سو رهے ' اور جب بهوک لگے تو کها لے ' تو انسان میں ' اور جانوروں میں ' کیا فرق هے ؟ کیونکه سب جانور بهي تو ایسا هي کرتے هیں ' اس سے معلوم هوتا هے ' که وہ چیز انسان میں ان کاموں کے لیئے نہیں هے بلکه اور کسي کام کے لیئے هے *

اگر هم صرف عقل کے زور سے ' اُس کام کو تلاش بهي کریں ' تو اتنا تو جان سکتے هیں ' که جس نے هم کو بنایا ' اور جس نے هم کو وہ چیز دي ' جو اُسکي مرضي هے وہ کام اُس چیز سے کریں ' مگر یهه نہیں جان سکتے ' که اُسکي مرضي کیا هے ' جب تک که وہ خود هي نه بتاوے *

پس یهه دو چیزیں هیں ' جنکے لیئے نبیوں کا آنا ضرور هے ' تاکه وہ الهام سے بتاویں ' که تمہارا مالک کون هے ' اور کیسا هے ' اور تمکو کیونکر اپنے مالک کي مرضي پر چلنا چاهیئے ' جس سے تمہاري اصلي حقیقت کو جو کبهي فنا هونے والي نہیں هے ' حیات ابدي حاصل رهے *

اگر کهو که جب یهه بات هے ' تو تمام انسانوں کے لیئے ' جہاں وہ هوں ' نبیوں کا هونا ضرور هے ' کیونکه بغیر نبیوں کے ' انسان اپني عقل سے نه اپنے مالک کو ' اور نه اُسکي مرضي کو پہچان سکتا هے ' پهر جب تک کوئي بتانے والا نهو ' وہ کس طرح کفر و شرک کے گناہ میں پکڑے جا سکتے هیں ؟ هم کهتے هیں ' که بے شک یوں هي هے ' اور هم یقین رکهتے هیں ' که الله تعالیٰ نے ' تمام بني نوع انسان پاس نبي بهیجے ' اور

انہوں نے خدا کي وحدانیت ' اور اُسکي مرضي ' اُنکو بتائي ' گو رفتہ رفتہ ایک مدت بعد ' اُنہوں نے اُسکو خراب کر دیا *

جہاں تک ' ہم انسان پر نظر کرتے ہیں ' اور کیسے ہي جنگلي وحشي آدمیوں پر خیال کرتے ہیں ' یہي پاتے ہیں ' کہ وہ کوئي نہ کوئي طریقہ معبود کي بندگي کا ' اس خیال سے ' کہ یہہ یہاں اور عالم میں ' کام آنے والا ہے ' اپنے پاس رکھتے ہیں ؛ اور یہہ صاف دلیل اسبات کي ہے کہ یہہ خیال اُنکے یا اُنکے بزرگوں کے دل میں اُسي نبي کي تعلیم سے پڑا ہے ' جو اُنکے لیئے مبعوث ہوا تھا *

اللہ تعالی * سورۂ فاطر میں فرماتا ہی " کہ کوئي ایسا فرقہ نہیں ہے ' جس میں ڈرانے والا (یعني پیغمبر جو بري باتوں سے ڈراتا ہی) نہ گذرا ہو *

* سورۂ فاطر آیت ۲۴

وان من امۃ الا خلا فیہا نذیر

اور اسیطرح اللہ تعالی * سورۂ رعد میں فرماتا ہی " کہ ہر قوم کے لیئے راہ بتانے والا (یعني پیغمبر) ہوا ہے " *

* سورۂ رعد آیت ۷

ولکل قوم ہاد

اور اسیطرح اللہ تعالی * سورۂ یونس میں فرماتا ہے کہ " ہر فرقہ کے لیئے (جو گذر گئي) ایک پیغمبر ہے " *

* سورۂ یونس آیت ۴۷

ولکل امۃ رسول

اور اس میں بھي کچھہ شک نہیں ' کہ تمام انبیا جسقدر گذري ' سب کا دین ایک تھا ' اور وہ اسي بات کے سکھانے کو آئے ' اور یہي سکھاتے رہے ' کہ خدا ایک ہے ' اُسکے سوا کوئي نہیں ' وہي بندگي کے لائق ہے ' اُسیکي بندگي کرو *

اللہ تعالی * سورۂ شوری میں فرماتا ہے کہ " تمکو دین میں وہي راہ ڈال دي ہے ' جو کہدیا تھا نوح کو ' اور جو حکم بھیجا ہمنے تجھکو ' اور جو ہمنے کہدیا تھا ابراہیم کو اور موسی کو ' اور عیسی کو ' کہ دین کو قایم رکھو ' اور اُس میں کچھہ فرق مت کرو " *

* سورۂ شوري آیت ۱۳

شرع لکم من الدین ما وصی بہ نوحا والذي اوحینا الیک وما وصینا بہ ابراہیم وموسی و عیسی ان اقیموا الدین ولا تتفرقوا فیہ

ہاں البتہ ہر ایک کو شریعت ' یعني اُس خداے واحد کي پرستش کے احکام ' اور اُسکا طریقہ ' جدا جدا بتایا ہے ' اور وہي ہر نبي کي شریعت کہلاتي ہے ' جسوقت انسان کي روح کو کوئي روحاني بیماري لگ جاتي ہے ' اور جس طریقہ عبادت سے ' وہ بیماري جاتي ہے ' وہي شریعت اُسوقت کے نبي کو دي جاتي ہے *

اللہ تعالی * سورۂ مائدہ میں فرماتا ہی کہ " ہر ایک کو نبیوں میں سے ہمنے دیا ایک دستور ' اور طریقہ (یعني شریعت) " *

* سورۂ المایدہ آیت ۵۱

لکل جعلنا منکم شرعۃ ومنہاجا

غرض که اس میں کچھه شبهه نہیں ' که تمام دنیا میں ' جسقدر مذهب پهلے هیں ' وه سب پهلے پہل ' نبیوں سے دیئے گئے هیں ' اورسب کی تعلیم ایک تهی ' یعني ایک خدا کو ماننا ' اور آسیکي پرستش کرني ' مگر جب آن لوگوں نے ' آس مطلب کو بگاڑ دیا ' تو پهر نبي کے آنے کي حاجت هوئي ' اسي سبب سے هزاروں نبي آئے ' اور کتابیں لائے ' اور خدا کي وحدانیت ' اور خدا کے احکام کو ' لوگوں میں پهیلایا ' جب یهه احکام بخوبي پهیل گئے ' اور سب طرح پر ظاهر هوگئے ' اور کوئي بات چهپي هوئي ' اور دهوکه میں پڑنے کي نه رهي ؛ تو آس نبي کے بعد ' پهر کسي نبي کے آنے کي ' حاجت نرهي ' اور وهي نبي خاتم النبیین هے ' چنانچه یهه کام محمد رسوالله صلی الله علیه وسلم پر تمام هوا *

اسلیئے ' هم مسلمان یهه اعتقاد رکهتے هیں ' که خدا ایک هے ' اور اپني ذات پاک سے آپ موجود هے ' اور تمام چیزیں آسي نے نیست سے هست کي هیں ' اور وه سب چیزیں پیدا هونے ' اور موجود رهنے میں ' آسکي محتاج هیں ' اور وه کسي چیز کا محتاج نہیں *

وه یکه هے ' اپني ذات میں بهي ' اور اپني صفات میں بهي ' اور اپنے کاموں میں بهي ' کسي کو آسکے کسي کام میں کسي طرح کي شرکت نہیں ' آسکا وجود اور آسکي زندگي ' همارے وجود اور هماري زندگي کي مانند نہیں هے ' اور نه آسکا علم همارے علم کي طرح پر هے ' آسکا سننا اور آسکا دیکهنا ' اور آسکا ارادہ ' اور آسکي قدرت ' اور آسکا کلام ' همارا سا دیکهنا ' اور همارا سا ارادہ ' اور هماري سي قدرت ' اور همارا سا کلام ' نہیں هے ' اور صرف نام کے ایک هونے کے سوا ' اور کچهه مناسبت نہیں رکهتا *

بنا نا ' اور پیدا کرنا ' آسکي خاص صفت هے ' کیونکه اور کوئي کسي چیز کو ' نه بنا سکتا هے ' نه پیدا کرسکتا هے ' یهاں تک که انسان جو کام کرنا چاهتا هے ' آسکو بهي وهي پیدا کرتا هے ' البته انسان کي بناوٹ آسنے ایسي رکهي هے ' که وه صرف قصد و ارادہ اچهے یا برے کام کا کرسکتا هے *

وه نه کسي میں سماتا هے ' اور نه کوئي آس میں سماتا هے ' مگر اپني ذات سے سب چیزونکو گهیرے هوئي هے ' اور هر چیز کے پاس هے ' اور هر چیز کے ساتهه هے ' مگر آسکا پاس هونا ' اور ساتهه هونا ' هماري سمجهه میں نہیں آتا *

تمام انبیاء ' جو ابتداء سے انتها تک هوئے ' سب برحق هیں ' اور محمد رسول الله ' صلی الله علیه وسلم ' بلا شبهه خاتم النبیین هیں ' اور بے شک حضرت مسیح علیه السلام ' روح الله اور کلمة الله ' اور رسول الله ' اور موید بروح القدس تهے *

تمام کتابیں ' توریت ' اور زبور ' اور صحف انبیاء ' اور انجیل ' اور قران مجید جو همارے پیغمبر پر نازل هوا ' سب برحق ' اور خدا کي دي هوئي کتابیں هیں ' جو آسنے اپنے پیغمبروں کو دیں *

تمام نبي صغیرہ اور کبیرہ گناہ سے پاک هیں ؛ فرشتے خدا کے بنائے هوئے هیں ؛ اور عورت یا مرد هونے سے پاک هیں ؛ اور جس کام کے لیئے بنائے گئے هیں ؛ اُس میں نافرمانی نہیں کرتے *

کوئی نبي ؛ یا فرشتہ ؛ اپني ذات سے بغیر خدا کے کچھہ قدرت یا علم نہیں رکھتا *

مرنے کے بعد جي اُٹھنا اور قیامت کا هونا ؛ اور حساب کا لیا جانا ؛ اور دوزخ اور بہشت کا هونا ؛ اور جو کچھہ کہ اُس میں عذاب و تنعم سے مذکور هوا هے ؛ سب حق هے ؛ جن الفاظوں سے ؛ کہ دوزخ و بہشت کے عذاب ؛ اور تنعم کا بیان هوا هے ؛ وہ صرف بطور مثال کے هے ؛ ورنہ وهاں کے تنعم ؛ اور عذاب سے اور دنیا کے تنعم اور عذاب سے بجز ایک سا نام هونے کے ؛ اور کچھہ مناسبت نہیں هے ؛ اصلی اور اعلي نعمت بہشت کے دیدار خدا کا هے ؛ کہ ایمان والے اُس ذات پاک کو جسپر بن دیکھے ایمان لائے تھے ؛ بغیر کسي پردہ کے ؛ اور بغیر کسي صورت کے ؛ اور بغیر کسي جهت کے ؛ علانیہ دیکھینگے *

ایمان لانا ؛ صرف دلکے روحاني یقین کا نام هے ؛ جب تک وہ یقین نہیں جاتا کسیطرح پر ایمان نہیں جاتا زبان کا اقرار صرف اُس دلي تصدیق کے ظاهر کرنے کي نشاني هے ؛ کوئي کام جبکہ وہ تصدیق دل میں هے ؛ آدمي کو اُسکے اور خدا کے درمیان میں کافر نہیں کرتا ؛ گو وہ کام کیسا هي گناہ هو ؛ ور گو ظاهر میں اُسکے افعال کے سبب اُسکو کافر بھي کہا جاوے ؛ مگر ایسي بدوں سے خدا ناراض هے ؛ اور اگر چاهیگا تو اُنپر عذاب کریگا ؛ پھر اُسکا عذاب سهل نہیں هے *

توبہ سے سب گناہ بخشے جاتے هیں ؛ اور شرک کے سوا اور جتنے خدا کے گناہ هیں ؛ خدا کو اختیار هے ؛ اگر چاهے اپني رحمت سے بغیر توبہ کے بھي بخشدے ؛ اور چاهے چھوٹے سے چھوٹے گناہ پر عذاب کرے ؛ مگر شرک بغیر توبہ کے بخشا نہیں جاتا ؛ * لعل رحمت ربي حین یقسمها * تاتي علی حسب العصیان في القسم * یہہ عقیدے هم مسلمانوں کے هیں ؛ اور میں اقرار کرتا هوں ؛ کہ میں انهي عقیدوں کي دلي اور روحاني تصدیق رکھتا هوں *

اللهم احینا علی ملة الاسلام ؛ و امتنا علی ملة الاسلام ؛ (آمین)

SECOND DISCOURSE.

وحي اور کلام الهي کيا هی

What is Revelation and word of God?

It is a secret disclosure to man of the will or purposes of God, and there are various forms in which this has been done.—

وحي وہ چيز ہے جس سے خدا کي مرضي نا معلوم باتوں ميں کهل جاتي ہے اور يهه بات کئي طرح پر هوتي ہے *

1st, the revelation must come from God.

اول يهه که خدا سے آسکا پيغام سنا جاوے ؛ *

2ndly, it has been delivered upon earth by an angel.

دوسرے يهه که خدا کا فرشته اپني صورت ميں آوے ، اور خدا کا پيغام پهونچاوے ؛ *

3rdly, that angel has been clothed in the human shape.

تيسرے يهه که فرشته خدا کا آدمي کي صورت ميں بن کر آوے ، اور خدا کا پيغام پهونچاوے ؛ *

4thly, there may be only a supernatural voice, without any visible appearance of the speaker.

چوتهے يهه که صرف بذريعه آواز کے ، بغير کسي کے مشاهده کے پيغام الهي پهونچے ؛ *

5thly, it may be conveyed by direct inspiration to the heart of man.

پانچويں يهه که خدا کي طرف سے ، دل ميں خدا کا پيغام ڈالا جاوے ؛ *

6thly, it may be announced in a dream, or in an opening.

چهٹے يهه که خواب ميں يا اور طرح پر بذريعه کشف کے ، پيغام الهي معلوم هو *

According to the faith of Mohomedans, it is by no means considered as an essential element of a revelation, that it should come through the channel of those only who were known to be Prophets; for it has pleased the Almighty to give his revelations also to holy and good men who had no pretensions to the prophetic character.—But, however, to preserve a distinction different names have been given to those revelations which have been declared by the Prophets, from

هم مسلمانوں کے مذهب بموجب مطلق وحي کا آنا صرف انبياء هي پر منحصر نهيں ہے ؛ بلکه انبياء کے سوا مقدس لوگوں پر بهي وحي آتي ہے ؛ مگر واسطے اس امر کے که انبياء عليهم السلام اور اور مقدس لوگوں کي وحي ميں شبهه نه پڑے جدا جدا نام رکهے هيں ؛ وحي کي پهلي چار قسموں کو ، جب انبياء کے سوا اور لوگوں پر آتي ، تحديث کهتے هيں ، اور پانچويں قسم کو الهام ، اور چهٹي قسم کو

those which, on the other hand, have come through the direct agency of private individuals of repute and sanctity: when, therefore, the Divine purposes have been unfolded to others than the Prophets, in any one of the first four of the channels specified above, such revelations are called Tehdees (the holy sayings); when they have come in the fifth form, they are designated Ilham (inspiration) while the sixth description of medium is known as Mooshahidat or mookashfat (displaying).

مشاهدات ' یامکاشفات ؛ اب نبیوں کے سوا مقدس لوگوں پر بهي وحي انیکا ثبوت همکو اپنے مذهبي دلیلوں سے بیان کرنا چاهیئے *

I will now proceed to deduce from our own scriptures, several examples, in which heavenly messages have been conveyed to parties, who, although of high repute and dignity in the world, were never regarded as being invested with the gift of prophecy.—

I. God says in the Soora kussus (Ayat 7) "and we directed the mother of Moses by revelation, saying, give him suck: and if thou fearest for him, cast him into the river; and fear not, neither be afflicted; for we will restore him unto thee, and will appoint him one of our Apostles."

Here is one instance of a revelation to a private individual who was no prophetess.

پهلي دلیل الله تعالی * سورۂ قصص میں فرماتا ہے " اور همنے وحي بهیجي موسی کي ما کو که آسکو دودهه پلا ' پهر جب تجهکو ڈر هو اسکا تو ڈال دے آسکو دریا میں اور نه خطرہ کر اور نه غم کها هم پهر پهونچادینگے آسکو تیري طرف ' اور کرینگے آسکو رسولوں سے " اس آیت سے حضرت موسی کي ما پرجو نبي نه تهیں وحي کا آنا ثابت هوتا ہے *

سورۃالقصص آیت ۷
واوحینا الی ام موسی ان ارضعیه فاذا خفت علیه فالقیه في الیم ولاتخافي ولاتحزني انا رادوه الیک وجعلوه من المرسلین

II. In the Soora Kahef, ayat 87 God says: "O Zoolkurnaan either pnuish this people, or use gentleness towards them."

This is another case of revelation where the favored party had no claim to the rank of a prophet.

دوسري دلیل الله تعالی * سورۂ کهف میں فرماتا ہے "اے ذوالقرنین یا لوگوں کو تکلیف دے ' یا رکهه آن میں خوبي " اس آیت سے معلوم هوا که خدا کا پیغام ذوالقرنین کو آیا اور وہ نبي نه تها *

سورۂ کهف آیت ۸۷
قلنا یذالقرنین اما ان تعذب و اما ان تتخذ فیهم حسنا

III. In the **Mishkàt**, there is a Hudees, (the **sayings** of the Prophet) that our Prophet said "Verily under the former dispensations there lived inspired men in the world; but if under my dispensation there is one such, it is Oomur."—We learn from this passage, that Oomur was favored with the gift of inspiration, although not taking rank as a prophet.

تیسري دلیل * مشکواة میں حدیث ہے ' کہ پیغمبر خدا صلی الله علیه وسلم نے فرمایا " کہ بے شک تم سے پہلي آمتوں میں الهام والے لوگ تھے ' پھر اگر میري آمت میں کوئي ہے تو وہ عمر ہے " اس حدیث سے حضرت عمر کا ' جو نبي نه تھے صاحب وحي یعني صاحب الهام هونا ثابت هوتا ہے *

في المشکواة في باب مناقب عمر رضي الله عنه قال النبي صلی الله علیه وسلم قد کان فیمن قبلکم من الامم محدثون فان یک في آمتي احد فانه عمر

IV. In the Soora Mirium (Ayat 16-22) God says; "remember in the book of the Koran the story of Mary; when she retired from her family to a place, towards the east, and took a veil to conceal herself from them; and we sent our Spirit unto her and he appeared unto her in the shape of a perfect man.' She said I fly for refuge unto the merciful God, that he may defend me from thee: if thou fearest him, thou wilt not approach me. He answered, verily I am the messenger of thy Lord, and am sent to give thee a holy son. She said, how shall I have a son, seeing a man hath not touched me, and I am no harlot? He replied, so shall it be: thy Lord saith, this is easy with me; and we will perform it, that we may ordain him for a sign unto men, and a mercy from us: for it is a thing which is decreed."

چوتھي دلیل الله تعالی سورة مریم میں فرماتا هے " اور ذکر کر کتاب میں مریم کا ' جب کنارے هوئي اپنے لوگوں سے ایک شرقي مکان میں ' پھر پکڑلیا آسنے آنسے ورے ایک پردہ ' پھر بھیجا همنے آس پاس اپنا فرشته ' پھر بن آیا آسکے آگے آدمي پورا ' بولي مجھکو رحمن کي پناہ تجھسے اگر تو پرهیزگار ہے ' بولا میں تو بھیجا هوا تیرے رب کا هوں ' که دے جاوں تجھکو ایک لڑکا ستھرا ' بولي کہانسے هوگا میرے لڑکا ' اور چھوا نہیں مجھکو آدمي نے ' اور میں

سورة مریم آیت ۱۶ لغایت ۲۲

واذکر في الکتاب مریم اذانتبذت من اهلها مکانا شرقیا فاتخذت من دونهم حجابا فارسلنا الیها روحنا فتمثل لها بشرا سویا قالت اني اعوذ بالرحمن منك ان کنت تقیا قال انما انا رسول ربك لاهب لك غلما زکیا قالت انی یکون لي غلم ولم یمسسني بشر ولم اك بغیا قال کذالك قال ربك هو علي هین ولنجعله اية للناس ورحمة منا وکان امرا مقضیا

خراب بهي نه تهي ' بولا يوں هي فرمايا
تيرے رب نے وہ مجهه پر آسان ہے ' اور
اُسکو هم كيا چاهتے هيں لوگوں كو نشاني
اور رحمة هماري طرف سے اور ہے يهه كام
ٹهرچكا " *

V. In the Soora Alumran (Ayat 45) God says; when the angels said, O Mary verily God sendeth thee good tidings, that shall bear the Word proceeding from himself; his name shall be Christ Jesus, the son of Mary, honorable in this world and the world to come, and one of those who approach near to the presence of God."

پانچويں دليل الله تعالى * سورۂ ال
عمران ميں فرماتا ہے "
جب كہا فرشتوں نے
اے مريم الله تجهكو
بشارت ديتا ہے ايک
اپنے كلمه كي ' جسكا
نام مسيح عيسى بيٹا
مريم كا ہے ' مرتبه والا
دنيا ميں اور آخرت
ميں اور مقربوں سے *

* سورۂ ال عمران
آيت ٤٥
اذ قالت الملٰئكة يٰمريم
ان الله يبشرك بكلمة
منه اسمه المسيح
عيسى ابن مريم
وجيها في الدنيا
والاخرة ومن المقربين

VI. Again in the Soora Alumran (Ayat 42- 43) God says: "and when the angels said, O mary, verily God hath chosen thee and hath purified and chosen thee above all the women of the world: O Mary be devout towards thy Lord, and worship, and bow down with those who bow down."

چهٹي دليل الله تعالى نے * سورۂ آل
عمران ميں فرمايا
ہے " اور جب
فرشتوں نے كہا اے
مريم الله نے تجهكو
بر گزيدہ كيا ' اور
ستهرا بنايا اور برگزيدہ
كيا تجهكو سب جهان
كي عورتوں سے ' اے
مريم بندگي كر اپنے
رب كي اور سجدہ كر
اور ركوع كر ركوع كرنے والوں كے ساتهه " ان
تينوں ايتوں سے ثابت هوتا ہے كه حضرت
مريم پر جو نبيه نه تهيں خدا كي وحي
آئي *

* آل عمران آيت
٤٢ و ٤٣
واذ قالت الملٰئكة
يٰمريم ان الله اصطفاك
و طهرك و اصطفاك
على نساء العالمين
يٰمريم اقنتي لربك
واسجدي واركعي
مع الراكعين

Now we learn from the three foregoing examples, that Mary was favored with celestial revelations, notwithstanding she was not a prophetess.

Now these six examples above specified decidedly prove that the revelations from God have also descended to the persons who were not prophets. It may also be

يهه چهٹوں دليليں اسبات كا بخوبي
تصفيه كرتي هيں كه خدا كي وحي نبيوں
كے سوا اور مقدس لوگوں پر بهي آتي ہے '

learned that when Inspiration, or the fifth form of communication, is employed, it is called Rofinnufs when a propet is the recipient of the revelation; and Skeena, when the recipient is other than a prophet.—In the Mishkat there is a hudees (the holy saying of the prophet) that the prophet hath said that "without doubt the holy Spirit has put it into my heart:" and it is also said in the same book, that the friends and disciples of the prophet expressed the opinion, that it was not incredible that Skeena spoke through the heart, and lips of Oomur."—It would appear, that godly men, of upright heart, unsullied integrity, and blameless conscience, were moved by the motions of the Spirit, to give utterance to what was thus prompted to them; and therefore whatever fell from them at such seasons, was implicitly received and accepted as revelation, and not such as proceeding from their own volition alone, or expressing their own individual sentiments; but to preserve a distinction between these kinds of revelations: the one which comes through a prophet, and the other which comes through a private individual of the charater above specified-we Mohomedans hold this opinion, that there can be no manner of doubt either as to the fact of a revelation, or as to its exact interpretation, when it is vouchsafed to mankind through the mouth of a prophet; but when, on the other hand, it comes through a party who is not a prophet, in such a case we conceive there is scope for error and distrust, either as to the fact itself (that

اوريهه بهي جان لينا چاهيئے كه پانچويں قسم كي وحي كو جب نبي پر اوترتي هے كبهي نفث في الروع بهي كهتے هيں اور جب نبي كے سوا اور كسي مقدس كو هوتي هے تو اسكو سكينه كهتے هيں * مشكواة ميں حديث هے كه فرمايا نبي صلى الله عليه وسلم نے "كه بيشك روح قدس نے ڈالا ميرے دل ميں" اور مشكواة هي ميں يهه بهي هے كه سكينه عمر كي زبان سے اور دل سے بولتي هے" اس وحي كا يهه طريقه هے كه صاحب وحي كے دل ميں بسبب نور اور صفائي قلب اور پاكيزگي روح كي خود بخود ايك بات جوش مارتي هے ' اور وه زبان سے نكلتي هے ' وه كلام في الحقيقة كلام رحماني هے جو اسكي زبان سے نكلا نه كلام نفساني ' مگر هم مسلمان ان دونوں قسم كي وحيوں ميں يعني جو نبي پر آوے اور جو غير نبي پر آوے تميز ركهنے كو يهه اعتقاد ركهتے هيں ' كه جو وحي انبياء كو هوتي هے اسميں كبهي غلطي نهيں هوتي نه اصل وحي ميں اور نه تعبير معني ميں ' اور جو وحي انبياء كے سوا اور مقدس لوگوں كو هوتي هے اس ميں سمجهه كي غلطي كا احتمال هے ' خواه باعتبار وحي سمجهنے اس واقعه كے جو هوا خواه باعتبار تعبير اور تفهيم معني وحي كي ' علاوه اسكے ايسي وحي جس سے

* في المشكواة في باب التوكل والصبر قال النبي صلى الله عليه وسلم ان روح القدس نفث في روعي

في المشكواة في باب مناقب عمر ماكنا نبعد ان السكينة تنطق على لسان عمر و قلبه

is to say, whether it be really a divine revelation), or secondly, as to the right explanation or apprehension of its true meaning.—Besides, the purposes of God in matters relating to the holy Sacrament have been unfolded by Him through the medium of his prophets alone, and not of any others, as eminent men of the Christian church have also maintained similar views on this point; for Martin Luther, the great apostle of Protestantism, remarks in the 2nd vol: of his book, in referance to that passage in St: James general epistle which relates to the anointing of the sick, that although this may have been written by St: James, yet the apostles had no authority to institute such a sacrament; for the power to do that belonged exclusively to Jesus alone.—

James V-14.

شریعت کا کوئي نیا حکم پیدا هو ' وہ نبي کے سوا اور کسي کو نہیں هوتي ' محققین علماء مسیحي کا بهي یهي مذهب ہے ' مارٹن لوتهر صاحب جو فرقہ پروٹسٹنٹ کے پیشوا هیں اپني کتاب کي دوسري جلد میں جہان ذکر ہے ' * کہ بیمار پر مجلس کے قسیس تیل ڈالیں وهاں لکهتے هیں " کہ گو یہہ نامہ یعقوب کا هو لیکن حواري کو نہیں پہونچتا کہ اپني طرف سے ' سیکرمنٹ ' یعني حکم شرعي بناوے یہہ منصب صرف حضرت عیسیٰ کو تها " *

* نامہ یعقوب باب ۵ ورس ۱۴

Let it be borne in mind, that we fully believe that the apostles of Jesus Christ were inspired men; and as an argument in proof, I will here quote a passage from the Soora Miadah, (Ayat 114) where God has said "and when I commanded the apostles of Jesus saying, believe in me and in my messenger; they answered, we do believe and do thou bear witness that we are resigned unto thee."—

یہہ بهي جاننا چاهیئے کہ همارے مذهب بموجب حضرت عیسیٰ علیه السلام کے حواري بهي صاحب وحي یعني صاحب الهام تهے ؛ دلیل اسکي یہہ ہے کہ الله تعالیٰ نے * سورة مائده میں فرمایا ہے " اور جب میں نے وحي بهیجي حواریوں کے پاس کہ یقین لاو مجهہ پر اور میرے رسول پر بولے هم یقین لائے اور تو گواه رہ کہ هم مسلمان هیں *

* سورة المایده آیت ۱۱۴ و اذ اوحیت الی الحواریین ان آمنوا بي وبرسولي قالوا آمنا واشهد باننا مسلمون

When the sacred nature of a revelation is made apparent, then it must be concluded that any message brought to a prophet from God by any means,

جب وحي کے معني معلوم هوگئے تو اب جاننا چاهیئے کہ جو خدا کا پیغام نبي تک کسي طرح پہونچے وہ کلام الهي ہے '

is the word of God. Thus all messages which in former ages were brought to the prophets, and to our own prophet and by them promulgated in the form either of the Holy Law, Sermon, precepts, or in any other way all such messages are of Divine origin, but it is to be observed that those words of God which belong to a period anterior to the advent of our own prophet were not intended to indicate a miracle of eloquence; accordingly the mere subjects of the messages of God were communicated to prophets, which they used to announce to the world in their own words: for instance the both Mr. Beausobre and Mr. Lafont have given it as their opinion, that the Holy Spirit, through whose help and assistance, the sacred historians indited the Gospel, did not prescribe to them any particular form of speech or language.—His office was simply to impress the subject-matter upon the tablet of their hearts, and by his divine power he kept them from falling into error; but it was left to their own discretion to proclaim and to perpetrate in writing, the inspired truths, in the idiom and in the form of language they understood best, or with which they chanced to be most familiar.—Hence it is, that we find a marked difference in the style and mode of narration, in works of those holy men; since each one wrote according to his own ability and way of thinking. In like manner the man who is conversant with the original tongue, cannot fail to detect the variations in the style adopted severally by Matthew, Luke, Paul and John.

چنانچه جسقدر پیغام خدا کے انبیاء سابقین اور همارے پیغمبر خدا صلی الله علیه وسلم پاس پهونچے ' اور اُنهوں نے لوگوں کي هدایت کے لیئے بطور احکام یا وعظ یا نصیحت یا اور طرح پر بیان فرمائے ' وہ سب بر حق اور کلام الهي هیں ' مگر جسقدر کلام الهي محمد رسول الله صلی الله علیه وسلم سے پهلے انبیاء علیهم الصلوٰة والسلام پر نازل هوا ' اُسمیں معجزہ فصاحت کا مقصود نه تها ' اِسلیئے وحي بطور مضمون القاء هوتي تهي جسکو انبیاء اپني زبان سے تعبیر فرماتے تهے ' بیوسوبر اور لیافان صاحب لکہتے هیں " که روح القدس نے جسکي تعلیم اور مدد سے انجیل نویسوں اور حواریوں نے لکها هے ' اُنکے لیئے کوئي زبان نهیں ٹهرا دي تهي ' بلکه اُسنے اُنکے دلوں میں صرف مطلب سمجها دیا اور غلطي میں پڑنے سے بچایا ' اور هر ایک کو اختیار دیا که اپنے محاورہ اور عبارت میں اُسکو ادا کرے ' اور جیسے هم اُن پاک لوگوں کي لیاقت اور مزاج کے موافق اُنکي کتابوں میں محاورہ کا فرق پاتے هیں ' ویساهي وہ شخص جو اصل زبان سے ماهر هوگا متّی اور لوقا اور پال اور یوحنا کے محاورہ میں فرق پاویگا ' اگر روح القدس حواریوں کو عبارت بتلا دیتا تو یهه بات هرگز نهوتي ' بلکه اس حالت میں کتب مقدسه میں سے هر کتاب کا محاورہ یکساں هوتا " مگر همارے پیغمبر خدا صلی الله علیه وسلم پر جو وحي نازل هوئي اُس میں بالذات ایک اور معجزہ فصاحت کا بهي مقصود تها ' اسلیئے ضرور هوا که وہ وحي بلفظه نازل هو تاکه اُسکي سي فصاحت انسان سے

Whereas if the Holy Spirit had actually dictated the text in a certain known language, there would of course have been no such variations; but on the contrary, the style of all the books of the Bible would have been found to be uniform and identical.—whereas the messages brought to our prophet were also intended to furnish a miracle of eloquence, and sent down in fact in the very words in which they were by him delivered to us; and the language and style of those messages prove incontestibly, that they could never have been the production of man.—So, the Koran was transmitted from Heaven in the very words in which we have it: and we the Mohomedans have therefore taken the words of God in our Koran into a special sense, that is we consider them such revelations, the words of which were also to proceed from God himself; such revelations we call Wahee Mutloo or the words of God; and such revelations of which merely the subjects were communicated to prophets, are called by us Wahee Gair Mutloo or Hadees. By taking the words of God into the above specified sense we, Mohomedans, do not mean to say that the revelations made to former prophets and that those made to our own prophet besides the Kooran, are not the words of God.

نہ بن سکے ' چنانچہ قرآن مجید اسیطرح بلفظہ نازل ہوا ' اور وہي لفظ بلفظ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو پڑھہ سنایا ' اس سبب سے ہم مسلمانوں نے اپنے اصطلاح میں کلام الہي کو ایک خاص معنوں میں سمجہا ہے ' یعني وہ وحي کہ جسکي لفظ بہي خدا سے هي ہوں ' اور ایسي وحي کو ہم کہتے ہیں وحي متلو یا کلام الہي اور اُس وحي کو جو بطور مضمون القا ہوئي تہي کہتے ہیں وحي غیر متلو یا حدیث ' مگر بسبب خاص وجہہ کے یہہ ایک خاص اصطلاع قرار پائي ہے ' نعوذباللہ اِس سے یہہ مطلب نہیں ہے ' کہ انبیاء سابقین علیہم الصلوٰۃ والسلام پر جو القاء ہوا اور جو احکام اور ہدایت دین کي آنہوں نے فرمائي ' یا سواے قرآن مجید کے اور جو کچہہ دین کے معاملہ میں ہمارے جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ کلام الہي نہیں ہے *

It may also be known that only so many words of the men to whom revelations are made, we Mohomedans consider as revelations, as relate to the religious matters; or such of their words only, to utter which would not be possibly to proceed from reason; or such of

اور یہہ بہي جاننا چاہیئے کہ ہم مسلمانوں کے مذہب میں ' صاحب وحي یا صاحب الہام کا وہي کلام وحي سمجہا جاتا ہے ' جو اُسنے دین کے مقدمہ میں کہا ہو ' یا ایسي بات کہي ہو جسکا بغیر وحي یا الہام کے کہنا عقلا بعید ہو ' یا

their words which they assert to have uttered by means of a revelation; or such of their words, the mode of the expression of which were to prove of their being uttered by means of a revelation only.—But if the very men in whose such revelations as above mentioned we believe, were to utter any such words as relate to the worldly concernment only, such as come daily under our own notice or observation, we would not believe in them as a revelation.—

In illustration of this remark, I would here extract an anecdote related in the Mishkat, by Rafa, the son of Khudeej.—It is said there, that when the holy prophet went from Mecca to Medina, he observed the people of this country nourishing the root of the date-tree with its own sap: when questioned on the subject, the people said, they were acting in conformity with the time-honored practice of the country: upon this the prophet recommended them to discontinue such a practice, and it was discontinued accordingly.—The consequence however was a scanty out-turn of fruit: and when the people represented this to the prophet, he told them that he was but a man that when he spoke to them about Spiritual things, they were bound to obey him; but when he returned to say any thing to them about worldly things from his own personal knowledge, they should take it with a reservation, and act according to their own skill and discretion; for, that in such things he could speak only as a man.

خود آسنے ظاہر کیا ہو کہ میں یہہ بات وحي یا الہام سے کہتا ہوں' یا قرینہ حالیہ اور مقالیہ سے معلوم ہو کہ وہ وحي یا الہام سے کہا گیا ہے ' اور اِسکے سوا جو آسکا اور کلام ہے ' اور جو دن رات انسان کے برتاو میں آتا ہے ' اور دنیاوي أمورات سے علاقہ رکھتا ہے ' آسکو وحي سے کچھہ علاقہ نہیں ہے ' اسکي دلیل یہہ ہے کہ * مشکواۃ میں رافع ابن خدیج سے روایت ہے " کہ جب نبي صلی اللہ علیہ وسلم مکہ سے مدینہ میں تشریف لائے ' تو مدینہ والے کھجوري کے درخت میں نرکھجور کا مادہ ڈالتے تھے ' حضرت نے فرمایا کہ تم کیا کرتے ہو ' آنہوں نے کہا کہ ہم یوں هي کیا کرتے هیں ' حضرت نے فرمایا کہ شاید تم نکرو تو بہتر ہو ' پھر آنہوں نے نہ کیا ' تب کھجوریں کم پہلیں اسکا ذکر حضرت سے آن لوگوں نے کیا ' پھر آپنے فرمایا کہ میں انسان هي ہوں ' جسوقت تمکو کسي چیز کا تمہارے دین کي باتوں میں حکم کروں آسکو اختیار کرو ' اور جب تمکو اپني عقل سے کسي بات کا حکم کروں تو میں بھي انسان ہوں *

* في المشكواة في باب الاعتصام بالكتاب والسنة

عن رافع ابن خديج قال قدم نبي الله صلى الله عليه وسلم المدينة و هم يابرون النخل فقال ماتصنعون قالوا كنا نصنعه قال لعلكم لولم تفعلوا كان خيرا فتركوه فنفضت قال فذكروا ذلك له فقال انما انا بشر اذا امرتكم بشيء من امر دينكم فخذوه و اذا امرتكم بشيء من رايي فانما انا بشر

We learn from this, that holy men, known to be blessed with Inspiration, may possibly fall into error in matters unconnected with the general tenor of the subjects upon which they are accustomed to be inspired, but that we are not on that account to harbour a feeling of doubt or untrust touching the sacred nature of their saintly and inspired character. It is for this reason that we Mohomedans, although holding all the books of the Old and New testaments to be genuine and true, are yet guided more particularly by the mere text of them, than the narratives and tales to be found in them; and if we find any palpable inaccuracy in the relation of historical facts, still, that circumstance does not stagger our belief; for we look to the meaning of the text, and this is also believed to be the guiding principle of eminent Christians on this subject.

اِس سے یہہ نتیجہ نکلتا هے کہ اگر کسي صاحب وحي یا صاحب الہام کے ٬ اُسقدر قول یا تحریر میں جو بطور عام انسانوں کے هو ٬ بالفرض اگر کوئي غلطي یا سہو نکل آوے ٬ تو کسي طرح اُسکي صاحب وحي یا صاحب الہام اور پاک اور مقدس هونے پر شبہہ نہیں هو سکتا ٬ یہي سبب ہے کہ هم مسلمان با وجودیکہ تمام کتب عہد عتیق اور عہد جدید کو پاک اور مقدس جانتے هیں ٬ مگر خاص متن بیبل کو اُسکي روایت سے علاحدہ تمیز کرتے هیں ٬ اور اگر کہیں کچھہ تناقض امور تاریخي میں پاتے هیں ٬ تو اُس سے کسي طرح متن بیبل پر شبہہ نہیں کرتے ٬ کیونکہ محافظت متن کي در اصل همکو مد نظر هے اور ظاهرا یہي طریقہ علماء عیسائي کا بھي معلوم هوتا هے " *

At page 125 of the first volume of his Introduction to the study of the scriptures, Mr. Horne says. "That those very persons to whom the holy Spirit revealed those things which are of the highest authority in religion, sometimes wrote only as faithful historians, and at other times as prophets under the influence of Divine inspiration; and that those writings are so different from each other that the one sort are to be imputed to themselves as the authors, the other to God speaking by them; the former are of service to increase our knowledge, the other of authority in religion, and canonical. Augustine."

* هارن صاحب سینٹ آگس تئین صاحب کا قول نقل فرماتے هیں " کہ جن شخصوں پر روح القدس مذهب کي باتیں الہام سے پہونچاتے تہے ٬ وهي شخص بعض اوقات مثل دیانتدار مورخوں کے (یعني بغیر الہام کے) بھي لکہا کرتے تہے ٬ اور بعض اوقات الہام کي تاثیر میں هوکر پیغمبروں کي مانند لکہتے تہے ٬ اور وہ تحریریں ایک دوسري سے اسقدر اختلاف رکہتي هیں ٬ کہ اُن میں سے ایک قسم اُن لوگوں کي طرف اسطرح منسوب کي جاتي ہے ٬ کہ گویا اُنہوں نے اُسکو بطور مصنف کے تصنیف کیا ہے ؛ اور دوسري قسم خدا پر منسوب کي جاتي ہے کہ گویا خدا اُنکے ذریعہ سے

*هارن صاحب کا انٹروڈکشن اوپر علوم بیبل کے مطبوعہ سنہ ١٨٢٥ ع لندن جلد ١ صفحہ ١٢٥

کلام کرتا ہے ، ان میں سے اول قسم کي
تحریریں همارے علم کے بڑھانے کے کام آتي
هیں ، اوردوسري قسم کي تحریریں مذهب
کي سند کے واسطے " ٭

In the last volume of Thomas Scott's Commentary on the holy Bible, it is stated, that it is by no means necessary that all the productions of a prophet should indicate the evidences of inspiration, and that although Solomon wrote books under that mysterious Divine influence, it does not necessarily follow that his historical writings were also inspired. Besides, it must be borne in mind, that the prophets of old, and the disciples of the Messiah, were only inspired under peculiar circumstances and for special purposes.—

تفسیر هنري اور سکاٹ کي اخیر جلد
میں ہے که ضرور نهیں که هر لکھا پیغمبر کا
الهامي یا قانوني هو ، اور اسلیئے که حضرت
سلیمان نے بعض الهامي کتابیں لکھیں یهه
ضرور نهیں که جو أنهوں نے بطور تاریخ کے
لکھا وه بھي الهامي هو ، اور یاد رکھنا
چاهیئے که پیغمبر اور حواري خاص خاص
مطلب اور موقع پر الهام کیئے جاتے تھے ٭

Watson, in his 4th vol: says with reference to Dr. Benson's Paraphrase on the chapter on Inspiration, that the disciples were only inspired when they wrote to declare the laws of God, and that their productions were precise and exact and confined to that particular inspiration. but that when they wrote upon other matters, unconnected with divinity, they did so according to their own personal knowledge and ability, just as other men write upon similar subjects.— The following examples are cited in illustration of the foregoing observations.—

واٹسن صاحب کي چوتھي جلد میں
رساله الهام کے اندر جو ڈاکٹر بینسن کے
پارافریز ، یعني تفسیر سے لکھا ہے یهه بات
لکھي ہے ، که حواري لوگ جب وے دین
کي بات بولتے یا لکھتے تھے تو وه خزانه الهام
سے جو أنکو حاصل تھا أنهیں درست رکھتا
تھا لیکن وے انسان اور ذوي العقول تھے ،
اور أنهیں الهام بھي هوتا تھا اور جس طرح
اور آدمي معاملات میں الهام بغیر عقل سے
بولتے اور لکھتے هیں ویساهي وے بھي عام
معاملوں میں بولا اور لکھا کرتے تھے " چنانچه
آینده مثالوں سے یهه مطلب ثابت هوتا
ہے ، ٭

"Drink no longer water, but use a little wine for thy stomach's sake and thine often infirmities." (1st Timothy V-23) It is probable this verse was not written under the force of inspiration.

مثلاً مقدس پال کے نامه اول تمتھي
کے پانچویں باب کے تئیسویں ورس میں لکھا
ہے (اور اب سے تو صرف پاني نه پیاکر ،
بلکه اپني معدي اور کم زوري کے سبب

تهوڑي شراب پي) اس ورس سے معلوم
هوتا هے كه يهه ورس بغير الهام كے لكها گيا
هو *

Again; "The cloak that I left at Troas with Carpus, when thou comest bring with thee, and the books, but especially the parchments." (2nd Timo: IV-13) It may be presumed that this passage also like the preceding one was penned without inspiration.

اور مقدس پال كے نامه دوم تيمتهي
كے چوتهے باب كے تيرهويں ورس ميں
لكها هے (وه لبادا جسے ميں نے تروآه ميں
كارپاه كے هاں چهوڑا اور كتابيں خصوصا
چمڑے كا ورق ليتے آنا) معلوم هوتا هے
كه يهه ورس بهي پهلے ورس كيطرح بغير
الهام كے لكها گيا هے *

The following is likewise of the same character: "Grastus abode at Corinth; but Tropeimus have I left at Miletum sick." (2nd Timo: IV-20)

اور اسيطرح اسي نامه كے چوتهے باب كا
بيسواں ورس بهي بغير الهام كے لكها هوا
معلوم هوتا هے (ارسته كرنتهي شهر ميں
رها هے ، ترفمي كو ميں نے ميليتي ميں
بيمار چهوڑا) *

The following verses seem to be written under inspiration.

اور يهه ورس جو آگے آتے هيں معلوم
هوتا هے كه الهام سے لكھے گئے هيں *

"And unto the married I command, yet not I, but the Lord, let not the wife depart from her husband." (1st Corinth: VII-10)

نامه اول كرنتهيونكا باب ۷ ورس دس (پر
ميں آنكو جن كا بياه هوا هے حكم كرتا هوں ،
ميں نهيں خداوند حكم كرتا هے ، كه جورو
اپنے خصم سے جدا نهووے) *

"Now when they had gone throughout Phrygia and the region of Galatia, and were forbidden of the Holy Ghost to preach the word in Asia.

اعمال باب ۱۶ ورس ۶ (جب فروگيا
اور سرزمين گلاتيا سے گذري روح قدس
نے آنهيں اشيا ميں مسيح كي بات كهنے
سے منع كيا) *

After they were come to Mysia they assayed to go into Bythinia: but the Spirit suffered them not." (Acts XVI-6-7)

ورس ۷ (تب مسيا ميں آكے انهوں نے
قصد كيا كه بتهنيا كو جاويں پر روح نے
آنهيں جانے نه ديا) *

The following verses, as is apparent, were not written under the guidance of the Holy Spirit, but by the writer's own solicitude.

اور يهه ورس جو آگے آتے هيں انسے معلوم
هوتا هے كه وه الهام سے نهيں لكھے گئے
بلكه صرف اجتهاد سے لكھے گئے هيں *

" But to the rest speak I, not the Lord: If any brother hath a wife that believeth

نامه اول كرنتهيونكا باب ۷ ورس ۱۲ (باقي
جو كچهه هے خداوند نهيں ميں كهتا هوں ،

not, and she be pleased to dwell with him, let him not put her away." (Ibid-V-12.)

اگرکسي بھائي کي جورو بے ايمان ہو، اور اُسکے ساتھہ رہے کي رضامند ہو تو وہ اُسکو نچھوڑے ✻)

"Now concerning virgins, I have no commandment of the Lord: yet I give my judgement, as one that hath obtained mercy of the Lord to be faithful" (Ibid-25.)

نامہ اول کرنتھيونکا باب ۷ ورس ۲۵
(کنواري کے حق ميں خداوند کا کوئي حکم ميرے پاس نہيں ، ليکن جيسا ديانتدار ہونے کے ليئے خداوند سے رحم پايا ہوں ايسيہي صلاح ديتا ہوں) ✻

It is therefore very evident, that the sacred writers wrote not at all times through inspiration, but also from their own volition and knowledge, yet the distinction is marked, that when writing under inspiration, they declared the will of God in behalf of his people; and when they wrote without inspiration, they inculcated precepts of morality for private life.

ان تمام مثالوں سے يہہ بات بخوبي روشن ہے ، کہ حواري حضرت مسيح عليہالسلام کے ہميشہ الہام سے نہيں لکہتے تہے ، بلکہ اپنے علم اور اپني اجتہاد سے بہي لکہا کرتے تہے ، اسليئے يہہ امتياز کيا گيا ہے ، کہ حواريين جب کوئي بات الہام سے لکہتے تہے ، تو اُسن سے تو يہہ سمجہا جاتا تہا ، کہ وہ خدا کي مرضي لوگوں کو بتاتے ہيں ، اور جب وہ بغير الہام کے کچہہ لکہتے تہے ، تو اُس سے صرف انسان کي تہذيب مراد اخلاق ہوتي تہي ، ✻

And it is within the compass of our own knowledge and experience, that when an author refers to matters which are patent to the evidence of the senses, it is not requisite that his pen should be inspired. Beausobre and Lefon say the same thing.

علاوہ اسکے يہہ بات بہي عقل کے قريب ہے ، کہ جو حال اپني آنکہہ کا ديکہا ہوا يا سنا ہوا لکہا جاوے ، اُسميں الہام کي کچہہ ضرورت نہيں ہے ، بيوسوبر اور ليافان کا يہي قول تہا ✻

As a summary of these arguments it may be safely asserted, that it is the opinion of both Christians and Mohomedans, that it is not essentially necessary that all the writings that have been left us, which bear the names of inspired men, should be absolutely regarded as proceeding from inspiration.

غرض کہ اِن وجوہات سے يہہ بات نہايت استحکام سے کہي جاسکتي ہے ، کہ عيسائي اور مسلمان دونوں کا مذہب يہي ہے ، کہ يہہ بات کچہہ ضرور نہيں ہے کہ سب تحريريں اگلے زمانوں کي جو ہمارے پاس ہيں ، اور جنکو اُن شخصوں نے لکہا ہے جنکو الہام ہوتا تہا ، اُن سب کو کليۃ اس طرح پر سمجہنا چاہيئے کہ وہ سب الہام سے لکہي گئي ہيں ✻

THIRD DISCOURSE.

توریت اور صحف انبیاء اور زبور اور انجیل جنکا نام قران مجید مین آیا ہے وہ کونسي کتابیں ھیں

What books are those which in the Koran are alluded to under the names of Toureit, Sohoofumbiya, Zuboor, and Injeel.

In my Second Discourse I have dwelt upon Revelations, and words of God and from the observations made on the subject, it has doubtless been understood, that the revelations supernaturally received by Prophets and by them expounded to the people, were, in very truth, words of God; and these inspired communications, having been committed to writing, do now form the subject-matter of those books which are known as the productions of the Prophets whose names they bear. Thus, the origin of the Toureit, the Sohoofumbiya, the Zuboor, and the Injeel, is the revelations which were conveyed from God respectively to Moses, to the Israelitish Prophets, to David, and to Jesus, and when those revelations were written down they were known to the world by their respective names of Toureit, Zuboor, Sohoofumbiya, and Injeel.

دوسرے مقدمه میں همنے وحي اور کلام الهي کي حقیقت بیان کي هے ' اس سے معلوم هوا هوگا که جو وحي خدا کیطرف سے پیغمبر پاس پهونچے ' اور وہ پیغمبر لوگوں کے سامنے بیان کرے حقیقت میں وہ خدا کا کلام هے ' اور جب وہ کلام لکها جاوے تو وہ اس پیغمبر کي کتاب هے جسپر خدا کا کلام اترا تها ' پس حقیقت توریت اور صحف انبیاء اور زبور اور انجیل کي وہ وحي هے جو خدا کي طرف سے موسی اور انبیاء بني اسرائیل اور داود اور عیسی علیهم السلام پر اتري ' اور جب وہ لکهي گئي تو وہ کتاب مکتوب شدہ توریت و زبور اور صحف انبیاء اور انجیل کے نام سے مشهور هوئیں ' ❋

It is to be remarked however, that there is a perceptible difference in the style of recording the words of God; for in the earlier ages it appears to have been the practice of recording the words of God, in the narrative form; the writer commencing with his subject from its very origin, and inserting in

اب طریقه تحریر میں تفاوت هے ' پهلے زمانه میں کلام الهي لکهنے کا یه رواج عام تها ' که بطور روایت کے لکها جاتا تها ' یعني لکهنے والا کلام الهي کا سلسلهوار حال لکهنا شروع کرتا تها ' اور اسي سلسله میں جو وحي پیغمبر پر اترے تهي وہ بهي لکهه جاتا تها مثلا مقدس متی نے طلاق نه دینے

the body of his narrative, a relation of supernatural events, as occuring to him or to the party of whom, or for whom, he wrote; for example, St: Matthew in his gospel wrote thus about the divorcement of wives :—

کے حکم کو اپني انجیل میں اسطرح پر لکھا ھے *

* متی باب ۱۹

1. And it came to pass that when Jesus had finished these sayings, he departed from Galilee and came unto the coasts of Judea beyond Jordan.—

Mat. XIX 1-9

۱ * یسوع اس کلام کو تمام کرکر جلیل سے جاکے یردن کے پار یہودیہ کي سرحد میں آیا *

2. And great multitudes followed him; and he healed them there.

۲ اور بہت سي جماعتیں آسکے پیچھے هولیاں ، اور آسنے آنہیں وهاں چنگا کیا *

3. The Pharisees also came unto him, tempting him, and saying unto him is it lawful for a man to put away his wife for every cause.?

۳ . فروسیوں نے آسکے امتحان کے لیئے آس پاس آکے کہا ، که هر ایک سبب سے اپني جورو کو طلاق دینا آدمي کو روا هے *

4. And he answered and said unto them, have ye not read that he which made them at the beginning made them male and female.

۴ آسنے جواب دیا کیا تم نے نهیں پڑھا ، که جسنے ابتداء میں آنہیں پیدا کیا ، آسنے آنهیں ایک نر و ایک ماده بنایا *

5. And said, for this cause shall a man leave father and mother, and shall cleave to his wife: and they twain shall be one flesh.?

۵ اور بولا که اسلیئے مرد اپنے ما باپ کو چھوڑیگا ، اور اپني جورو سے ملا رهیگا اور وے دونوں ایک تن هونگے ، اسلیئے اب وے دو نہیں بلکه ایک تن هیں *

6. Wherefore they are no more twain but one flesh. What therefore God hath joined together, let not man put asunder.

۶ پس جو کچھه خدا نے جوڑا هے ، آدمي آسے جدا نکرے *

7. They say unto him, why did Moses then command to give a writing of divorcement, and to put her away.?

۷ آنہوں نے آسکو کہا ، که پھر موسی نے کیوں طلاق‌نامه دینے اور آسے چھوڑنے کي اجازت دي *

8. He saith unto them, Moses because of the hardness of your hearts suffered you to put away wives: but from the beginning it was not so.

۸ آسنے آنکو کہا که موسی نے تمهاري سخت دلي کے سبب سے تمکو اجازت دي ، که اپني جوروں کو چھوڑدو ، پر ابتداء میں ایسا نه تها *

9. And I say unto you, whosoever shall put away his wife, except it be for

۹ اور میں تمہیں کہتا هوں ، که جو کوئي اپني جورو کو سواے حرامکاري کے ،

fornication, and shall marry another committeth adultery: and whoso marrieth her which is put away doth commit adultery.

Now we Mohomedans look upon the first. second, third, and seventh verses, as mere narrative, while the remainder of the quotation we consider as the text of the revelation which God descended on Jesus Christ. It is to be observed, that in the case of our own Prophet, the revelations made to him were intended to impart a special miracle of eloquence and they were written down literally and exactly in the form in which they were communicated without any narrative being inserted in them. However it was the rule to call a book by the name of the Prophet, whether the subject-matter was pure doctrine only, or whether it was mixed up with narrative also; and it is on this account that we Mohomedans regard the narrative portions of the Scriptures as apart and distinct from those portions which form the real text. I repeat therefore that the revelations conveyed to the Prophets of old and that were recorded down, are the Pentateuch, the Psalms, the Prophecies, and the gospels entitled the Old and New Testaments.

As the revelations made to some of the Prophets, were compiled by different persons into separate books, so thus there appeared a number of books by the name of one prophet as their author; accordingly it must be understood, that whenever I use the name of the book of a certain prophet I consider the work to be included of all the books that are known by the name of that prophet.

کسو سبب سے طلاق دے اور دوسري سے بیاہ کرے، وہ زنا کرتا ہے ' اور جو کوئي اُس چھوڑي گئي عورت سے بیاہ کرے وہ بھي زنا کرتا ہے *

پس ہم لوگ پہلے اور دوسرے اور تیسرے اور ساتویں ورس کو روایت تعبیر کرتے ہیں اور باقي کو متن یعني وہ خاص وحي جو حضرت عیسی علیہ السلام پر خدا کي طرف سے اُتري ' جب ہمارے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم پر وحي نازل ہوئي ' تو اُسمیں علاوہ احکام کے فصاحت کا بھي معجزہ مقصود تھا ' اسلیئے اُسمیں کوئي لفظ روایت کا شامل نہیں ہوا ' بلکہ صرف وہي لفظ لکھے گئے جو خدا کیطرف سے اُترے ' بہرحال جب کلام پیغمبر کا لکھا گیا وہ اُس پیغمبر کي کتاب ہے ' خواہ وہ بشمول روایت لکھي گئي ہو ' خواہ بلا شمول روایت کے ' اور یہي سبب ہے کہ ہم مسلمان ' متن توریت اور انجیل کو اور اُنکي روایت کو جدا جدا تمیز کرتے ہیں ' اب سمجھ لینا چاہیئے کہ جو وحي اگلے نبیوں پر اُتري ' اور وہ جسطرح پر لکھي گئي وہ کتابیں مکتوب شدہ توریت اور زبور اور صحف انبیاء اور انجیل کے نام سے مشہور ہوئیں ' جنکا نام کتب عہد عتیق اور عہد جدید ہے *

بعض انبیاء کي وحي کو متعدد لکھنے والوں نے لکھا ' اور اُس نبي کے نام کي متعدد کتابیں لکھي گئیں ' پس جب ہم کسي پیغمبر کي کتاب کا نام لینگے ' تو ہماري مراد وہ سب کتابیں ہونگي جو اُس پیغمبر کے نام سے لکھي گئیں اور مشہور ہوئیں *

In committing revelations to writing, at the dictation of the inspired Prophets, it is possible that the amanuensis may have inadvertently omitted some word or passage in the heavenly message, and although I believe, that the writers generally executed their difficult task with such care and assiduity that the probability of mistakes was greatly diminished, yet, it is not impossible, that despite of every human precaution to guard against material errors, some omissions in the test might occur after all; for example, it may be here stated in illustration of these remarks, that St: Matthew, writing of Jesus says that "he came and dwelt in a city called Nazareth: that it might be fulfilled which was spoken by the prophets, He shall be called a Nazarene." (II-23), and yet, no such prediction can be found in the writings of any of the Prophets.

From the foregoing premises the conclusion must of course be obvious, that we Mohomedans hold the belief that the revelations conveyed to the prophets of old times were recorded in the very books which are entitled Toureit, Suhoof Umbiya, Zuboor and Injeel; when these four names occur in our holy Koran, they are understood to signify such books as were recorded before the time of our prophet; were made known to the world by those names; and had obtained authority at any time whatever. It is not our belief that these books as spoken of in our holy Koran, were some other books independent of those that had obtained authority, as above said, at any time whatever. Now I will proceed to advance some

یہہ بھي ممکن ھے کہ پیغمبر نے کوئي
بات وحي کي بیان کي ھو ' مگر وحي
لکھنے والے سے لکھني رہ گئي ھو ' اگرچہ
ھمارا اعتقاد یہہ ھے ' کہ وحي لکھنے والوں
نے نہایت سعي اور کوشش سے اس انداز
پر وحي کو جمع کیا ھے ' کہ غالبا سب
جمع ھو گئي ھیں مگر پھر بھي بمقتضاے
بشري کسیکا باقي رہ جانا نامکن نہیں '
چنانچہ اسکا ثبوت آیندہ مثال سے بیان
* متی ٢ — ٢٣
ھوتا ھے * مقدس متي نے اپني انجیل
میں لکھا ھے " کہ یوسف ایک شہر میں
جسکا نام ناصرت تھا آکر رھا ' اسیطرح جو
نبیوں کي معرفت سے کہا گیا تھا ' کہ وہ
ناصري کہلاویگا پورا ھوا " حالانکہ یہہ پیشین
گوئي اگلے نبیوں کي کسي کتاب میں
لکھي ھوئي نہیں ھے *

غرض کہ ھم مسلمان یقین کرتے ھیں '
کہ جو وحي اگلے نبیوں پر نازل ھوئي ' وہ
اُنھي کتابوں میں لکھي گئي ' جو توریت
اور صحف انبیاء اور زبور اور اناجیل کے نام
سے مشہور ھیں ' اور جہاں قران مجید میں
توریت اور زبور اور صحف انبیاء اور انجیل
کا نام آیا ہے ' اُس سے وھي کتابیں مراد
ھیں ' جو ھمارے پیغمبر خدا صلی الله
علیہ وسلم کے زمانہ سے پہلے لکھي گئیں '
اور توریت اور زبور اور صحف انبیاء اور
اناجیل کے نام سے کسي نہ کسي وقت
مشہور اور مروج ھوئیں ' اور ھمارا یہہ اعتقاد
نہیں ہے ' کہ جن کتابوں کا نام قران مجید
میں آیا ہے ' اُن کتابوں کے سوا وہ اور
کتابیں تھیں ' اب ھمکو اپنے مذھبي کتابوں

arguments taken from our own sacred writings, to prove that these books spoken of in our holy Koran are the very books which were to have received authority at any time whatever before the time of our prophet.*

First Argument.—In the Bookharee it is written on the authority of Aeesha, that when God began to reveal himself unto our Prophet by conveying his messages to him, the lady Khadeeja heard of it, and she took the Prophet to her cousin by the father's side, whose name was Wurka, the son of Noful, the son of Ussud, the son of Ubdool Oozza, who had become a Christian before the promulgation of Islamism, and whose occupation it was to copy the Injeel in the Hebrew.—This Hudees shows us, that the book now known as the Injeel is here spoken of and historical and antiquarian researches have proved incontestibly, that the Gospel of St. Matthew was written originally in Hebrew.—

سے اسبات کي دليل بيان کرني چاهيئے ' که قران مجيد ميں اور حديثوں ميں جو نام ليئے گئے آنسے يهي کتابيں مراد هيں ' چنانچه هم اب آن دليلوں کو بيان کرتے هيں *

پهلي دليل بخاري ميں حضرت عايشه رضي الله عنها سے ايک بهت بڑي حديث منقول هے اس ميں يه بهي هے ' که پيغمبر خدا صلی الله عليه وسلم پر وحي آنيکي ابتدا هوئي اور حضرت خديجه نے وه حال سنا تو حضرت خديجه پيغمبر خدا صلی الله عليه وسلم کو اپنے ساتهه ورقه بيٹے نوفل بيٹے اسد بيٹے عبدالعزی اپنے چچيرے بهائي کے پاس لائيں ' اور وه زمانه اسلام سے پهلے عيسائي هوگئے تهے ' اور وه لکهتے تهے انجيل کو عبراني ميں ' جسقدر که خدا لکهواتا تها ' پس اس حديث سے ثابت هوتا هے ' که حديثوں ميں آسي إنجيل کا ذکر هے ' جو آس زمانه ميں مروج تهيں ' اور همکو تاريخ سے باليقين ثابت هوتا هے ' که مقدس متی کي انجيل در اصل عبراني ميں تهي *

عن عايشة رضي الله عنها و هذه قطعة من الحديث الطويل فانطلقت به خديجة حتى اتت به ورقة بن نوفل بن اسد بن عزی ابن عم خديجة وكان امراء تنصر في الجاهلية وكان يكتب الكتاب العبراني فيكتب من الانجيل بالعبرانية ماشاء الله ان يكتب رواه البخاري

Second argument.—In the Soora-al-amran, ayat 93, it is written, that when the Jews denied, that before the Pentateuch it was lawful to the descend-

دوسري دليل سوره آل عمران ميں هے که جب يهود نے اسبات پر که (توريت سے پهلے سب چيزيں کهانے کي بني اسرائل

ants of Israel to eat all things, excepting such as Israel had himself considered unlawful to him and they asserted that the things which Israel considered unlawful to use, were so even from eternity and since before the time of Ibrahem. God told the Prophet, say unto the Jews, bring hither the Pentateuch and read it, if ye speak truth.—This extract also proves, that what was known in the time of our prophet as the Pentateuch or Tonreit, is the book referred to in the preceding verse.

پرحلال تھیں مکروہ چیزیں جنکو اسرائیل نے اپني جان پر حرام کرلیا تھا) انکار کیا بلکہ یہہ کہا کہ ھمیشہ سے اور ابراھیم کے وقت سے وہ چیزیں حرام ھیں تو اللہ تعالی نے پیغمبر صاحب سے فرمایا کہ تو یہود سے کہہ" کہ تم لاو توریت کو اور پڑھو اگر تم سچّے ھو اس آیت سے ثابت ھوا کہ جو کتاب اُس زمانہ میں توریت کے نام سے مروج تھي آسي کا ذکر قرآن مجید میں ہے *.

سورة آل عمران آیت ٩٣
فاتوا بالتورىة فاتلوها إن كنتم صدقين

Third argument.—In the Bookharee it is written on the authority of Ubdoollah, the son of Oomur, that the Jews brought to our Prophet a Jewish man and a woman who had been taken in adultery, and asked what were the commands respecting them.—He enquired, what was the punishment laid down for this offence in the law of Moses.—They said, the guilty couple should be banished, after their faces were blackened with charcoal.—The Prophet again asked, Have you not found the punishment of stoning prescribed in the Pentateuch? They answered, no; whereupon Ubdoollah, the son of Sullam said they told an untruth and afterwards quoting a passage from the holy Koran said, Bring hither the Pentateuch and read it, if ye speak truth.—The book was brought accordingly and opened; but the man to whom it was given to read, placed the palm of his hand upon the verse relative to the punishment of stoning, and began reading other passages above and below it.—

تیسري دلیل بخاري میں عبداللہ ابن عمر سے روایت ھے ' کہ یہودي پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم پاس حکم پوچھنے کو ' ایک یہودي مرد اور عورت کو لائے ' آن دونوں نے زنا کیا تھا ' آپ نے فرمایا کہ تم میں سے جو زنا کرے آسکے ساتھہ تم کیا کرتے ھو آنھوں نے کہا کہ ھم آن دونوں کا منھہ کوئلوں سے کالا کرتے ھیں ' اور آن دونوں کو جلاوطن کرتے ھیں آپ نے فرمایا تمنے سنگسار کرنا توریت میں نہیں پایا ' آنھوں نے کہا کہ

عن عبدالله ابن عمر ان اليهود جاوا الى النبي صلى الله عليه وسلم ' برجل منهم وامراة زنيا ' فقال لهم كيف تفعلون بمن زنى منكم ' قالوا نحممهما و نضربهما فقال لاتجدون في التوراة الرجم ' فقالوا لانجد فيها شيئا فقال لهم عبدالله ابن السلام كذبتم فاتوا بالتوراة فاتلوها ان كنتم صادقين فوضع مدراسها الذي يدرسها منهم كفه على اية الرجم فطفق يقرء مادون يده وماوراءها ولايقرء آيت الرجم ' فنزع يده عن اية

Seeing this, Ubdoollah, the son of Sullam removed the man's hand from the concealed passage, and obliged him to confess, that that was the law for stoning.—So the order was given, and the offenders were stoned near the musjid, where the coffin of the dead was brought. Ubdoollah, the son of Oomur adds, that he saw the adulterer bend his body over the woman, to try to shield her from the stones.—

الرجمُ فقال ماهذه
فلمّا راوا ذلک قالوا
هي اية الرجم ، فامر
بهما فرجم قريب من
حيث يوضع الجنايز
عند المسجد فرايت
صاحبها يحني عليها
يقيها الحجارة رواه
البخاري

همنے تو اُس میں
کچهه نهیں پایا ، پهر
اُنسے عبدالله ابن سلام
نے کہا ، که جهوٹ
بولے تم ، اور یهه آیت
قـــران مجید کي
پڑهي ، که تم لاو
توریت کو اور پڑهو
اگر تم سچے هو (چنانچه
توریت آئي اور وه
مقام نکالا) پهر توریت کے پڑهنے والے نے
آیت رجم پر اپنا هاتهه رکهه لیا ، اور ادهر
اُدهرسے پڑهنے لگا اور آیت رجم کو نه پڑها
پهر عبدالله ابن سلام نے اُسکا هاتهه آیت
رجم پرسے اُٹها لیا ، اور کہا که یهه کیا هے ،
جب اُنهوں نے دیکها تو کہا یهه آیت رجم
کي هے ، پهر حکم دیا اُن دونوں پر ، اور وه
دونوں مسجد کے پاس جهاں جنازه رکهنے
کي جگهه هے سنگسار کیئے گئے ، عبدالله
ابن عمر کہتے هیں ، که میں نے دیکها زاني
کو جهک جاتا تها اُس عورت پر پتهر بچانے
کو ، اس حدیث سے ثابت هے ، که جو
توریت اُس زمانه میں موجود تهي ، اور
منگائي گئي اور پڑهي گئي اُسي کا ذکر
قران مجید میں اور حدیث میں هے ، اور
وه آیت رجم جسپر اُس یهودي نے هاتهه
رکهه لیا تها اس توریت میں بهي جو اب
همارے هاتهه میں سے موجود هے *

This Hudees demonstrates the fact, that the Pentateuch which existed in the time of our prophet, is the book which is spoken of in our holy Koran and Hudees; and the authority for stoning criminals guilty of adultery, which the reader concealed by the palm of his hand, is also found in the Pentateuch of our own time in the verses quoted in the margin.

Levit: XX-2-10
Deut: XXII-23-24

*قوئنین ۲۰ — ۲
۲۰ — ۱۰
استثناء ۲۲ — ۲۳
و ۲۴

Fourth argument.—God said to his Prophet in the Soorutool Maidah, ayut 46, "How will the Jews submit to thy decision, since they have the law, containing the judgement of God? Then will they turn their backs, after this;

چوتهي دلیل الله صاحب نے سورة
المائده میں اپنے
پیغمبر کو فرمایا ، که
یهودي کسطرح
تیجهکو حکم بدینگے ،

سورة المائده آیت ۴۶
وکیف یحکمونک
وعندهم التوریة فیها

but those are not true believers."

Here again is the Pentateuch clearly alluded to.—

تجهم الله ثم يتولون من بعد ذالك وما اولئك بالمومنين

اور آنکے پاس توریت هے ' جس میں حکم هے الله کا ' پهر آسکے پیچهے پهرے جاتے هیں ' اور وه نهیں مان نے والے ' اس آیت سے صاف ثابت هے ' که جو توریت آس زمانه میں یهودیون کے پاس تهي آسیکا ذکر قران مجید میں هے *

Fifth argument. God said in Soorut-ool Maidah, ayat 47 and 48.—" We have surely sent down the law containing direction and light: thereby did the prophets who professed the true religion judge those who Judaized; and the doctors and priests also judged by the book of God, which had been committed to their custody; and they were witnesses thereof.—Therefore fear not men, but fear me; neither sell my signs for a small price.—And whoso judgeth not according to what God hath revealed, they are infidels.—We have therein commanded them that they should give life for life; and eye for eye, and nose for nose, and ear for ear, and tooth for tooth; and that wounds should also be punished by retaliation: but whoever should remit it as alms, it should be accepted as an atonement for him .And whoso judgeth not according to what God hath revealed, they are uujust."

سورة المائده آیت ۴۷ و ۴۸

انا انزلنا التورية فيها هدی ونور يحكم بها النبيون الذين اسلموا للذين هادوا والربا نيون والاحبار بما استحفظوا من كتب الله وكانوا عليه شهداء فلا تخشوا الناس واخشون ولاتشتروا باياتي ثمنا قليلا ومن لم يحكم بما انزل الله فاولئك هم الكا فرون وكتبنا عليهم فيها ان النفس بالنفس والعين بالعين والانف بالانف والاذن بالاذن والسن بالسن والجروح قصاص فمن تصدق به فهو كفارة له ومن لم يحكم بما انزل الله فاولئك هم الظالمون

پانچویں دلیل الله صاحب نے سورة المائده میں فرمایا هے ' که تحقیق همنے آتاري توریت ' آس میں هدایت اور روشني هے ' آسپر حکم کرتے تهے پیغمبر جو حکم بردار تهے یهودیون کو ' اور آسپر حکم کرتے تهے درویش اور عالم اس واسطے که نگهبان ٹهرائے تهے الله کي کتاب پر ' اور آسکے گواه تهے ' سو تم مت ڈرو لوگوں سے اور مجهه سے ڈرو ' اور نه لو میري آیتوں پر مول تهوڑا ' اور جو حکم نکریں آسپر جو الله نے بهیجا تهه سو وهي لوگ کافر هیں ' اور لکهدیا همنے آنپر آس کتاب میں که جان کے بدلے جان ' اور آنکهه کے بدلے آنکهه اور ناک کے بدلے ناک اور کان کے بدلے کان '

We are taught by this extract, that the Pentateuch, which was the legal guide of the Jewish Rabbins, is here spoken of; and the allusion to the Kusass or law of retaliation, distinctly identifies it: vide the passage noted in the margin.—

Levit: XXIV 17-19-20-21-22.

اور دانت کے بدلے دانت ' اور زخموں کا
بدلہ برابر ' پھر جسنے بخشدیا اُس سے وہ
پاک ہوا ' اور جو کوئي حکم نکرے اُسپر
جو اللہ نے اُتارا ' سو وهي لوگ بے انصاف
هيں " اس آيت سے ثابت هوتا ہے ' کہ
جو توريت اُس زمانہ ميں علماء يہود کے
پاس تهي ' اُسيکا ذکر قران مجيد ميں ہے '
اور اُس توريت ميں آيت قصاص بهي
تهي ' چنانچہ آيت قصاص اس توريت
ميں بهي جو همارے هاتهہ ميں ہے '
موجود هے *

* توراين ۲۴—۱۷ و ۱۹ و ۲۰ و ۲۱ و ۲۲

Sixth argument.—God said in the Soorut ool Maidah, ayat 49-50-51. "We also caused Jesus, the son of Mary to follow the footsteps of the prophets, confirming the law which was sent down before him; and we gave him the gospel containing direction and light; confirming also the law which was given before it, and a direction and admonition unto those who fear God: that they who have received the gospel might judge according to what God hath revealed therein; and whoso judgeth not according to what God hath revealed-they are transgressors.—We have also sent down unto thee the book of the Koran with truth confirming that Scripture which was revealed before it; and preserving the same safe from corruption. Judge therefore between them according to that which God hath revealed; and follow not their desires by swerving from the truth which hath come unto thee. Unto every of you have we given a law and an open path; and if God had pleased he had surely

چهٹي دليل اللہ صاحب نے سورۃ
المائدہ ميں فرمايا
کہ اور نبيوں کے پيچهے
همنے بهيجا عيسي
مريم کے بيٹے کو سچ
کرتا هوا توريت کو
جو آگے سے تهي ' اور
اُسکو دي همنے انجيل
جسميں ہے هدايت
اور روشني ' اور سچا
کرتے هوئے اپنے آگے
کي توريت کو اور
هدايت اور نصيحت
کرتے هوئے پرهيزگاروں
کو ' اور چاهيئے کہ
حکم کريں انجيل والے
اُس چيز پر جو اُتارا
اللہ نے اُسميں ' اور
جو حکم نکرے اُسپر
جو اُتارا اللہ نے پهر
وهي لوگ فاسق

سورۃ المائدہ آيت
۴۹ و ۵۰ و ۵۱
وقفينا على اثارهم
بعيسى ابن مريم
مصدقا لما بين يديه
من التورية و اتينه
الانجيل فيه هدى
ونور مصدقا لما بين
يديه من التوراة و
هدى و موعظة
للمتقين ' و ليحكم
اهل الانجيل بما انزل
الله فيه ومن لم يحكم
بما انزل الله فاولئك
هم الفسقون ' وانزلنا
اليک الکتاب بالحق
مصدقا لما بين يديه
من الکتاب و مهيمنا
عليه فاحکم بينهم
بما انزل الله ولا تتبع

اهواءهم عما جاءك من الحق لكل جعلنا منكم شرعة و منها جاولوشاءالله لجعلكم امة واحـــدة ولكن ليبلوكم في ما اتىكم فاستبقوا الخيـــرات الى الله مـــرجعكم جميعا فينبئكم بما كنتم فيه تختلفون

هيں ' اور تجهه پر (يعني محمد الرسول الله صلى الله عليه وسلم پر) آتاري همنے كتاب برحق (يعني قران مجيد) سچا كرتے هوئے اگلي كتابوں كو اور سب پرشامل ' سو تو حكم كر آن ميں جو آتارا الله نے ' اور آنكي خوشي پر مت چل چهوڑكر سچي راه جو تيرے پاس آئي ' هريک كو تم ميں سے ديا همنے ايک قانون اور دستور ' اور اگر چاهتا الله، تو تمكو ايک گروه كرتا ' ليكن تمكو آزمايا چاهتا ہے اپنے ديئے حكم ميں سو تم بڑهه كر نيكياں لو ' الله كے پاس تم سب كو پهونچنا ہے ' پهر جتاديگا جس بات ميں تمكو اختلاف تها " اِس آيت سے بهي ثابت هوتا ہے ' كه جو انجيل اُس زمانه ميں تهي اُسيكا ذكر قران مجيد ميں ہے *

made you one people, but he hath thought fit to give you different laws that he might try you in that which he hath given you respectively.—Therefore strive to excel each other in good works: unto God shall ye all return, and then will we declare unto you that concerning which ye have disagreed."

In this quotation also it is evident that the New Testament is spoken of.

سورة البقرة آيت ١١٣ وقالت اليهود ليست النصارى على شي وقـــالت النصارى ليست اليهود على شي وهم يتلون الكتاب

ساتويں دليل الله صاحب نے سورة البقر ميں فرمايا ہے كه " يهوديوں نے كها كه عيسائي نهيں كچهه راه پر ' اور عيسائيوں نے كها كه يهودي نهيں كچهه راه پر ' اور وه سب (يعني يهودي اور عيسائي) پڑهتے تهے كتاب (يعني توريت و انجيل) اس آيت سے بهي ثابت هوتا ہے ' كه آس زمانه كے

Seventh argument.—God hath said in the Soorut ool Bukr, ayat 113.—"The Jews say, that the Christians are grounded on nothing and the Christians say, the Jews are grounded on nothing; yet they both read the Scriptures."

It is now demonstrated by the foregoing verses that the religious books which the Christians and the Jews of

that time used to read, are spoken of in our Koran.—

یہودي اورعیسائي ' جن کتابوں کو پڑھتے تہے آنہي کا ذکر قران مجید میں ہے *

I have already shown in another place, that Divine revelations have been made not only to men reputed to be of prophetic character, and known as expositors of God's will, but to private individuals as well.—It is however in the case of Prophets alone that a revelation can be received without any suspicion of error in either of the fact of the revelation itself, or of its interpretation; while on the other hand, mistake is possible as regards an alleged revelation to a private individual in either of the fact of the revelation itself or of its interpretation. Besides, manifestations of the Divine purposes to establish a new sacrament were not vouchsafed to parties who were not known as the Prophets of God; in support of these last remarks, I have quoted the opinion of Martin Luther.—

ہم پہلے بیان کرچکے هیں ' کہ وحئ نبي اورغیرنبي دونوں پرآتي ہے 'مگرجو وحي نبي پر آتي ہے آسمیں کبھي غلطي نہیں هوتي ' نہ اصل وحي میں اور نہ تعبیر معني میں ' اور جو وحي غیر نبي کو هوتي ہے آسمیں غلطي هونا ممکن ہے خواہ باعتبار وحي سمجھنے آس واقعہ کے جو هوا خواہ باعتبار سمجھنے معني اور مراد وحئ کے ' اور علاوہ اسکے غیر نبي کو ایسي وحي نہیں هوتي ' جس سے کوئي نیا حکم شریعت کا پیدا هو اور اسي پچھلي بات کے مطابق مارٹن لوتھر صاحب کا قول همنے نقل کیا ہے *

Thus it is that although we Mohomedans acknowledge the apostles of Christ to have been inspired men, and their writings, so true, holy and worthy of respect that they may be used as religious guides, we can not still be disposed to include or embody them in the Injeel, for, according to our religion the Injeel is held to be that sole revelation of God which was made to Jesus Christ himself; we hold that all the apostles and the people of that time were the followers of the revelation made to Jesus Christ; and we further hold that no men of that time had power to prescribe any new doctirnes independent of those of Christ

اسلیئے هم مسلمان باوجودیکہ حواریین حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو نہایت مقدس اورپاک ' اورصاحب وحي اورالهام سمجھتے هیں ' اور آنکے کلام کو سچ اور واجب العمل جانتے هیں ' مگرانجیل میں داخل نہیں کرتے ' کیونکہ حقیقت انجیل کي همارے مذهب میں وہ وحي ہے ' جو خدا کي طرف سے لوگوں کي هدایت کو خاص حضرت عیسیٰ مسیح علیہ السلام پر آتري ' اورخود حواري اور تمام لوگ آس زمانہ کے آسیکے تابع اور آسیکے بجالانے والے تھے ' کسیکا یہہ منصب نہیں تھا ' کہ آس کلام کے سوا ' جو حضرت عیسیٰ پر آترا ' اپنے الهام یا

by means of any inspiration they received and that the apostles were themselves the distributors of the revelation of Christ.

For this reason, we don't consider that the acts of the apostles, or the various epistles-although unquestionably very good books-are to be taken as part aud parcel of the New Testament itself; nevertheless we look upon the writings of the apostles in the same light as we do the writings of the friends and associates of our own Prophet, that is to say, as entitled to our respect and veneration.—

The practical result of the preceding observations may be briefly summed up in this way; for example, if any statement of apostolic authority was found to be at variance with any precept emanating from Jesus himself, and if by no argument could we reconcile one with the other, we should in that case hold the word of the Messiah to be paramount to that of his apostle.—In like manner, if there was an apparent contradiction between two statements advanced by two different apostles, we should accept the statement of that one who was known to have been most in the company of Jesus, and have thus had better opportunities of profiting by his teaching, and of learning his views. It must not be supposed however, that by reason of any diversity of opinion among the apostolic authors, we should feel our respect weakened for their holy and exalted character, or for their being inspired men. If difference be found in any opinion of the two apostles with regard to any doctrines which they should have established by their own solicitude for the good of man, it can never detract their apostolic reputations or weaken their credit.

وحي سے کوئي نيا حکم پيدا کرے ' اور حوارين حضرت عيسیٰ کے بھي آسي حکم اور آسي کلام کے پھلانے والے تھے نه اور کسيکے ' اس سبب سے همارا يهه اعتقاد ہے ' که نامههاے حوارين ' اور اعمال حوارين ' اور مشاهدات حوارين ' اگرچه پاک اور مقدس هيں مگر انجيل ميں داخل نهيں ' بلکه آنکي تعظيم اور تسليم همارے مذهب بموجب ايسي ہے ' جيسے که هم اپنے پيغمبر خدا صلى الله عليه وسلم کے صحابه کے کلام کو سچ اور واجب التعظيم اور واجب التسليم سمجهتے هيں *

نتيجه اس اختلاف کا صرف اسقدر ہے ' که بالفرض اگر کسي حواري کا کلام حضرت عيسیٰ مسيح عليه السلام کے کلام کے برخلاف هو ' اور کوئي تاويل ايسي نه نکلے ' جس سے حضرت مسيح اور آس حواري کے کلام کا ايک مطلب هو جاوے ' تو هم حضرت مسيح عليه السلام کے کلام کو واجب العمل سمجهينگے نه حواري کے کلام کو ' اور اگر دو حواريوں کے کلام ميں باهم اختلاف پاوينگے تو جس حواري نے زياده تر تعليم اور صحبت حضرت عيسیٰ مسيح عليه السلام کي پائي ہے ' آسکے قول کو اختيار کرينگے اور باوجود اس اختلاف کے کسي حواري کي بزرگي اور تقدس ميں کچهه شبهه نهيں کرينگے ' اور نه آنکے صاحب وحي اور الهام هونے ميں کچهه شبهه کرينگے ' کيونکه اجتهاديات ميں اختلاف هونا کسي بزرگ کي بزرگي ميں کچهه خلل نهيں ڈالتا *

FOURTH DISCOURSE.

توریت اور زبور اور صحف انبیاء اور انجیل پر مسلمانونکا کیا اعتقاد ہے

What faith have Mohomedans in the Toureit (Pentateuch), Zuboor (Psalms), Suhoof Umbiya (the books of prophets), and the Gospels?

It must be borne in mind, that the books of the prophets of former times are alluded to in our own sacred writings under four general titles, viz.—

پہلے یہہ بات جان لینی چاهیئے ' کہ اگلے نبیوں کي کتابوں کے چار طرح سے نام هماري مذهبي کتابوں میں آتے هیں *

1. Touriet, which means the Pentateuch, or books of Moses.—

اول توریت ' یہہ نام اگرچہ خاص حضرت موسی کي کتاب کا ہے ' مگر هم مسلمانوں کے استعمال میں کبھي اس نام سے خاص حضرت موسی کي کتاب مراد هوتي ہے ' اور کبھي کل کتابیں عهد عتیق کي *

2. Suheefa, which denotes the book of a certain prophet; so, if the name of a prophet be joined with this term, it would then signify the book of that particular prophet.—

دوسرے صحیفہ ' اس سے عموما بني اسرائیل کے پیغمبروں کي کتابیں مراد هوتي هیں ' مگر اُس صورت میں جب خاص کسي پیغمبر کا صحیفہ کہا جاوے ' تو اُس وقت اُسي پیغمبر کي کتاب مراد هوتي ہے *

3. Zuboor, by which is understood the productions of David.—

تیسرے زبور ' یہہ نام خاص حضرت داود علیہ السلام کي کتاب کا ہے ' *

4. Injeel, a name given specially to those books which relate to the doctrines of Jesus Christ.

چوتھے انجیل ' یہہ نام خاص حضرت عیسی علیہ السلام کي کتاب کا ہے *

Now, we Mohomedans believe from our heart, that the Toureit, Zuboor, the writings of all the prophets, and the Injeel, are all true and sacred records, proceeding primarily from God; and we believe further, that the Koran is the last message which came down from heaven, and that, without doubt, it was

اب سمجھنا چاهیئے ' کہ هم مسلمان دل سے اسبات پر یقین کرتے هیں ' کہ توریت اور زبور اور جمیع انبیاء کے صحیفہ اور انجیل سب سچ اور برحق هیں ' اور خدا کي طرف سے آئي هیں ' اور سب سے اخیر جو کلام الہي نازل هوا وہ قرآن مجید ہے ' اور بے شک محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ

delivered to our prophet, Mohomud.

وسلم پر آترا ہے *

It is in fact the Koran that teaches us to believe faithfully, that the Scriptures above named have originated from God; and in proof of this, the following quotations are made from it.—

قرآن مجید ہي سے ہمکو اسبات کي دلي تصديق ہے کہ توريت اور زبور اور صحف انبياء اور انجيل برحق اور خدا کي طرف سے آتري ہوئي ہيں ' چنانچہ قرآن مجيد کي ان آيتوں سے جو آگے آتي ہيں يہہ مطلب ثابت ہے *

Soorutool-missa-ayat 163-God said unto his Prophet that "verily we have revealed our will unto thee, as we have revealed it unto Abraham, and Ismael, Isaac, and Jacob, and the tribes, and unto Jesus, and Job, and Jonas, and Aaron, and Soloman, and we have given thee Koran as we gave the Psalms unto David."

سورة النساء آيت ۱۶۳
انا اوحينا اليک كما اوحينا الى نوح والنبيين من بعده واوحينا الى ابراهيم واسمعيل واسحق ويعقوب والاسباط وعيسى وايوب ويونس وهارون وسليمن واتينا داود زبورا -

سورة النساء ميں الله تعالى نے اپنے پيغمبر سے فرمايا ' کہ تحقيق همنے وحي بهيجي تجهکو جس طرح وحي بهيجي همنے نوح کو ' اور اور نبيوں کو جو آسکے بعد هوئے ' اور وحي بهيجي همنے ابراهيم کو ' اوراسمعيل کو ' اور اسحاق کو ' اور يعقوب کو اور آسکي اولاد کو ' اور عيسى کو ' اور ايوب کو اور يونس اور هارون کو ' اور سليمان اور دي همنے داود کو زبور *

Soorut-ool-Amran-Ayat 3-God said unto his Prophet that "we have sent unto thee the book of the Koran with truth, confirming that which was revealed before it: for we had formerly sent down the Toureit and the Gospel, a direction unto men; and we had also sent down the distinction between good and evil."

سورة آل عمران آيت ۳
نزل عليک الكتاب بالحق مصدقا لما بين يديه وانزل التورية والانجيل من قبل هدى للناس وانزل الفرقان

سورة آل عمران ميں الله تعالى نے اپنے پيغمبر سے فرمايا ' کہ آتاري تجهہ پر کتاب برحق ' سچا کرنے والي اگلي کتابوں کو ' جو تيرے سامنے هيں ' اور آتاري هے توريت اور انجيل اس سے پہلے لوگوں کي هدايت کو ' اور آتارا فرقان (يعني قرآن) حق اور باطل ميں فرق کرنے والا *

Soorut-ool-Amran-Ayat 65-God has said, "O ye to whom the Scriptures have been given, why do you dispute concerning Abraham, since the Toureit and the Gospel were not sent down until after him. Do ye not therefore understand.

اور اسي سورة ميں الله صاحب نے فرمايا ' كه اے كتاب والو كيوں جهگڑتے هو ابراهيم پر ' اور كيا نهيں آتري توريت اور انجيل آسكے بعد كيا تمكو سمجهه نهيں *

سورة آل عمران آيت ٦٥
يا اهل الكتـــاب لم تحاجون في ابراهيم ومـــا انزلت التوراة والانجيل الامن بعده افلا تعقلون

Soorut-ool-Amran-Ayat 8-God spake thus to his Prophet, "say we believe in God, and that which hath been sent down unto us, and that which was sent down unto Abraham, and Ismael, and Isaac, and Jacob, and the tribes, and that which was delivered to Moses, and Jesus and the prophets from their Lord; we make no distinction between any of them, and to him are we resigned."

اور اسي سورة ميں الله صاحب نے فرمايا ' اپنے پيغمبر كو كه تو كهه هم ايمان لائے الله پر اور جو كچهه آترا هم پر ' يعني قران مجيد اور جو كچهه آترا ابراهيم و اسمعيل و اسحق و يعقوب اور آسكي اولاد پر ' اور جو ملا مـــوسى كو (يعني توريت) اور عيسى كو (يعني انجيل) اور نبيوں كو (يعني صحيفي) اپنے رب كيطرف سے ' هم فرق نهيں كرتے آن ميں كسيكو ' اور هم آسكے حكم پر هيں *

سورة آل عـــمران آيت ٨٤
قل امنا بالله وما انزل علينا و ما انزل على ابراهيم واسمعيل و اسحق و يعقوب والاسباط وما اوتي مـــوسى و عيسى والنبيون من ربهم لانفرق بين احد منهم و نحن له مسلمون

Soorut-ool-Amran-184-God said to his Prophet "if the people accuse thee of imposture, the apostles before thee have also been accounted impostors, who brought evident demonstrations, and the book which enlightens the understanding namely the Pentateuch, and the Gospel."

اور اسي سورة ميں الله صاحب اپنے پيغمبر كو فرماتا هے كه پهر اگـــر تجهكو جهٹلاويں ' تو تحقيق جهٹلائے گئے هيں بهت سے رسول تجهه سے پهلے ' جو لائے معجزے اور صحيفي اور روشن كتاب (يعني توريت يا انجيل) *

سورة آل عـــمران آيت ١٨٤
فان كـــذبوك فقد كذب رسل من قبلك جاوا بالبينات والزبر والكتاب المنير

Soorut-ool-bukur-ayat-87-God said to his Prophet "we formerly delivered the book of the law unto Moses, and caused apostles to succeed him, and gave evident miracles to Jesus, the son of Mary, and strengthened him with the holy Spirit."

سورۃالبقر میں اللہ صاحب فرماتا ہے ٗ

سورۃالبقر آیت ۸۷
ولقد اتینا موسی الکتاب وقفینا من بعدہ بالرسل واتینا عیسی ابن مریم البینات وایدناہ بروح القدس

کہ ھمنے دي موسی کو کتاب (یعني توریت) اور پے درپے بھیجے ھمنے آسکے پیچھے رسول ٗ اور دیئے ھمنے عیسی مریم کے بیٹے کو معجزے اور قوت دي ھمنے آسکو روح قدس سے ٭

Soorut-ool-missa-ayat 136-God said "O true believers, believe in God, and his apostle, and the book which he hath caused to descend unto his apostle, and the book which he hath formerly sent down. And whosoever believeth not in God, and his angels and his scriptures and his apostles, and the last day, he surely erreth in a wide mistake."

سورۃالنساء میں اللہ صاحب نے حکم

سورۃالنساء آیت ۱۳۶
یاایہاالذین امنوامنوا باللہ ورسولہ والکتاب الذي نزل علی رسولہ والکتاب الذي انزل من قبل و من یکفر باللہ ملائکتہ . کتبہ ورسلہ والیوم الاخر فقدضل ضلالا بعیدا

دیا ٗ کہ اے ایمان والو یقین لاو اللہ پر ٗ اور آسکے رسول پر ٗ اور آس کتاب پر ٗ جو آتاري ہے اپنے نبي پر (یعني قران مجید پر) اور آس کتاب پرجو نازل کي تھي اس سے پہلے (یعني توریت و انجیل) اور جو کوئي یقین نرکھے اللہ پر ٗ اور آسکے فرشتوں پر ٗ اور آسکي کتابوں پر ٗ اور آسکے رسولوں پر ٗ اور قیامت پر ٗ تو وہ بہت دور رستہ بھٹک گیا ٭

Soorut-ool-eman-ayat 154 to 157-God has said "we gave also unto Moses the book of the Law, a perfect rule unto him who should do right, and a determination concerning all things needful, and a direction and mercy that the children of Israel might believe the meeting of their Lord. And this book which we have now sent down, is blessed, therefore follow it, and fear God that ye may

سورۃالانعام میں اللہ صاحب نے فرمایا

سورۃالانعام آیت ۱۵۴ لغایت ۱۵۷
ثم آتینا موسی الکتاب تماما علی الذي احسن و تفصیلالکل شيء وھدی و رحمتہ

کہ پھر دي ھمنے موسی کو کتاب (یعني توریت) پورا فضل نیکي والے پر ٗ اور بیان ھرچیز کا اور ھدایت اور رحمت ٗ شاید وہ

obtain mercy; lest you should say, the Scriptures were only sent down unto two people before us, and we neglected to peruse them with attention."

لعلهم بلقــاء ربهم • يومنون وهذا كتاب انزلناه مبارك فاتبعوه واتقوا لعلكم ترحمون ان تقولوا انما انزل الكتاب على طايفتين من قبلنا وان كنا عن دراستهم لغافلين

لوگ اپنے رب کا ملنا یقین کریں ' اور یہہ قــران ' ایک کتاب ہے ' کہ ہم نے آتاري برکت کي ' بس آسپرچلو اور پرهیز گاري کرو ' شاید تم پر رحم هو ' تا نه کهو که صرف آتاري گئي کتاب دو گروه پر (یعني توریت یهود پر ' اور انجیل عیسائیوں پر) هم سے پہلے ' اور همکو آنکے پڑهنے پڑهانے کي خبر نه تهي *

Soorut-bani-Israel-ayat 2-God has said "we have given unto Moses the book of the Law and appointed the same to be a direction unto the children of Israel, commanding them saying, Beware that ye take not any other patron besides me."

سورة بني اسرائل میں الله صاحب نے فرمایا ' اور دي همنے موسیٰ کو کتاب ' اور آسکو همنے کیا هدایت واسطے بني اسرائل کے تانه پکڑیں میرے سوا کسیکو کام بنانے والا *

سورة بني اسرائل آیت ٢
واتینا موسیٰ الکتاب وجعلناه هدیٰ لبني اسرائل الا تتخذو امن دوني وکیلا

Soorut-mirium-ayat 30-God has said "that Jesus said, Verily I am the servant of God; he has given me the book of the Gospel, and hath appointed me a prophet."

سورة مریم میں الله تعالیٰ نے فرمایا ' که عیسیٰ نے یوں کہا ' که میں بنده الله کا هوں ' آوسنے مجهکو دي ہے کتاب (یعني انجیل) اور کیا ہے مجهکو نبي *

سورة مریم آیت ٣٠
قال اني عبدالله اتـــاني الکتـــاب وجعلني نبیا

Soorut-ool-umbiya-ayat 48-God has said "we formerly gave unto Moses and Aaron the Law, being a distinction between good and evil, and a light and admonition unto the pious.".

سورة الانبیاء میں الله صاحب فرماتا ہے ' که تحقیق دي همنے موسیٰ اور هارون کو کتاب فیصله کرنے والي (یعني توریت) اور روشنـــي اور نصایحت پرهیزگاروں کو *

سورة الانبیاء آیت ٤٨
ولقد اتینا موسیٰ وهارون الفرقان وضیاء وذکرا للمتقین

Soorut-ool-firkan-ayat 35-God said "we heretofore delivered unto Moses the book of the Law, and we appointed him Aaron his brother for a counsellor."

سورۃالفرقان میں الله صاحب نے فرمایا '

سورۃالفرقان آیت ۳۵
ولقد آتینا موسی
الکتاب وجعلنا معه
اخاہ هارون وزیرا ۔

تحقیق دی همنے
موسی کو کتاب
(یعني توریت)
اور کیا همنے آوسکے
ساته آوسکے بهائی
هارون کو آوسکا وزیر *

Soorut-ool-kissus-ayat 43-God said "we gave the book of the Law unto Moses after we had destroyed the former generations, to enlighten the minds of men, and for a direction and mercy, that preadventure they might consider."

سورۃالقصص میں الله صاحب نے فرمایا '

سورۃالقصص آیت
۴۳ ولقد آتینا موسی
الکتاب من بعد ما
اهلکنا القرون الاولی
بصایر للناس وهدی
ورحمة لعلهم یتذکرون

که تحقیق دي همنے
موسی کو کتاب
(یعني توریت) بعد
آوسکے که هلاک کیں
همنے اگلي سنگتیں '
بینائي واسطے لوگونکے
اور هدایت اور
رحمت شاید وہ یاد رکهیں *

Soorut-ool-sijda-ayat 23-God said "we heretofore delivered the book of the Law unto Moses, wherefore be not in doubt as to the revelation thereof; aud we ordained the same to be a direction unto the children of Israel."

سورۃالسجدہ میں الله صاحب نے فرمایا

سورۃالسجدہ آیت ۲۳
ولقد اتینا موسی
الکتاب فلا تکن فی
مریة من لقایه وجعلناہ
هدی لبني اسرائیل

که تحقیق دي همنے
موسی کو کتاب
(یعني توریت) پهر
مت رہ دهوکه میں
آسکے ملنے سے ' اور
کیا همنے آسکو
هدایت واسطے بني اسرائیل کے *

Soorut-ool-Safat-ayat 117-God said "I have given a book to Moses and Aaron (i. e. Toureit)."

سورۃالصافات میں الله صاحب نے

سورۃالصافات آیت ۱۱۷
و اتینا هما الکتاب
المستبین

فرمایا ' که دي همنے
آن دونوں کو (یعني
موسی اور هارون) کو
کتاب واضح (یعني
توریت) *

Soorut-ool-ayqaf-ayat 12-God said "the book of Moses has been revealed before the Koran, to be a guide and a mercy; and this is a book confirming the same, delivered in the Arabic tongue, to denounce threats unto those who act unjustly, and to bear good tidings unto the righteous doers."

سورة الاحقاف میں الله صاحب فرماتا هے ' که قران سے پہلے هے کتاب موسیٰ کي ' پیشوا اور رحمة ' اوریهه قران ایک کتاب هے توریت کوسچا کرتي هوئي عربي زبان میں ' تاکه ڈراوے آن لوگوں کو جنهوں نے ظلم کیا ' اور خوش خبري دے نیکي والوں کو *

سورة الاحقاف آیت ۱۲

ومن قبله كتاب موسیٰ اماما و رحمة و هذا كتاب مصدق لسانا عربيا لينذر الذين ظلموا وبشرىٰ للمحسنين

Soorut-ool-nujm ayat 36-37, God said "what hath not he been informed of that which is contained in the books of Moses and of Abraham, who faithfully performed his engagements.?

سورة النجم میں الله صاحب نے فرمایا : کیا آسکو خبر نهیں پهونچي جو هے موسیٰ کے رسالوں میں ' اور ابراهیم کے (یعني رسالوں میں) جس نے الله کا حق پورا کیا *

سورة النجم آیت ۳۶ و ۳۷

ام لم ینبأ بما في صحف موسیٰ وابراهيم الذي وفىٰ

Thus it is shown incontrovertibly by all these quotations, that we Mohomedans believe from our heart, that the Toureit (Pentateuch), Zuboor (Psalms), Suhoof Umbiya (the writings of the prophets), and the Injeel (the Gospels), are all true, and have all proceeded from God; but it is also to be observed that as the Jews and the Christians having themselves written some books, have attributed their source to God, we are therefore obliged to undergo the necessity of distinguishing the authentic Divine books from those that are fictitious or spurious; and accordingly, on a deep examination of them, whatever books prove to be genuine, we sincerely believe in the same as books proceeding from God.

پس ان تمام آیتوں سے بخوبي ثابت هے ' که هم مسلمان دل سے یقین رکهتے هیں ' که توریت اور زبور اور سب اگلے پیغمبروں کي کتابیں اور انجیل سب سچي اور خدا کي طرف سے هیں ' مگر یهه بهي جاننا چاهیئے ' که یهودیوں اور عیسائیوں نے بعضي کتابیں اپنے هاتهه سے لکهیں ' اور مشهور کیا که یهه بهي خدا کي دي هوئي کتابیں هیں ' اسواسطے همکو اصلي اور سچي کتابوں کو جهوٹي کتابوں سے تمیز کرنا پڑتا هے ' اور جو کتابیں اصلي اور سچي معلوم هوتي هیں ' هم آنپر یهي اعتقاد رکهتے هیں که وه سب برحق اور خدا کي دي هوئي کتابیں هیں *

FIFTH DISCOURSE.

یہہ کتنی کتابیں تھیں اور سب بیبل میں شامل ہیں

What was the number of the books descended from God to prophets, and are they all included in the Bible.?

We Mohomedans maintain that according to our religion no limit should be assigned to the number of these books. It is our firm belief that whatever books descended to the Prophets are authentic and genuine gifts from heaven. However such books that have been known to us, are detailed below.—

هم مسلمانوں کے مذهب میں جسقدر کتابیں انبیاء علیهم السلام پر آتریں ، اونکی تعداد کا حصر مذکور نہیں هے ، اسي سبب سے بغیر معین کرنے کسي تعداد کے هم ایمان رکھتے هیں ، که جسقدر کتابیں انبیاء علیهم السلام پر آتریں سب سچ اور برحق هیں ، مگر جہاں تک همکو علم هوا هے وهاں تک اُن کتابونکو جانتے هیں ، اور اُونکے نام اور اُنکي تعداد بیان کرتے هیں *

The Christian literati divide these books into two portions: Firstly. Those books which descended to Prophets who flourished before the advent of Jesus, and they are styled Old Testament.—Secondly. The books written by the Apostles of Jesus Christ containing the accounts of the revelations given by the Almighty Father to Jesus Christ, and these are called New Testament by the Christians, and Injeel (Gospel) by the Mohomedans.

علماے مسیحي نے اِن کتابونکو دو حصوں میں تقسیم کیا هے ، ایک وہ جو حضرت مسیح علیه السلام سے پہلے انبیاء کي هیں ، اُنکا نام اولد ٹسمنٹ یعني عهد عتیق رکھا هے ، دوسرے وہ کتابیں جو حضرت مسیح علیه السلام کے حواریون نے لکھیں ، اورجنمیں وہ کلام الهي شامل هے جو حضرت مسیح علیه السلام پر نازل هوا ؛ اُن کتابوں کا نام نیوٹسمنٹ یعني عهد جدید رکھا هے ، جسکو هم مسلمان انجیل کہتے هیں *

At this stage the Mohomedans and Christians differ in the following matter. The Christians include in the Gospel the epistles, and extraneous accounts recorded by Christ's apostles, but Mohomedans exclude them from the Gospel. We Mohomedans maintain that the Gospel is composed of those books, the contents of which were purely revealed to Christ by the almighty Fathre.—

علاوہ اُسکے علماء مسیحي نے اُن کتابوں کو اور ناموں کو جنکو خود حواریون نے لکھا عهد جدید میں داخل کیا هے ، مگر هم مسلمان انکو انجیل میں شامل نہیں کرتے بلکه انجیل میں وهي کتابیں شمار کرتے هیں ، جنمیں وہ کلام الهي جو حضرت مسیح علیه السلام پر آترا شامل هے *

OF OLD TESTAMENT.

The books of the Old Testament to be found in the present Bible, are not in their full number.

We Mohomedans affirm that the Old Testament should be divided into three portions, to which the Christian literati would offer no objections:—

Firstly. Those books which are contained in the Bible.—

Secondly. Those books whose existence once should not be doubted, but that they are not forthcoming now.—

Thirdly. The apocryphal writings, some of which also are not forthcoming.

بیان عہد عتیق کا

یہہ کتابیں عہد عتیق کے جو اب بیبل میں داخل ہیں سب نہیں ہیں اِسواسطے ہم مسلمان (جس میں علماء عیسائي بھي کچہہ عذر نہیں کرسکتے) عہد عتیق کي کتابوں کو، تین قسم میں تقسیم کرتے ہیں *

اول وہ جو بیبل میں داخل ہیں *

دویم وہ جو بلا شبہہ ایک زمانہ میں موجود اور صحیح اور معتمد تہیں مگر اب ناپید ہیں *

سویم وہ جنکو علماء عیسائي نے غیر صحیح سمجھہ کر بیبل سے خارج کردیا ہے، اور اُنمیں کي بعضي اب بھي دستیاب ہوتي ہیں، اور بعضي دستیاب نہیں ہوتیں *

FIRST DIVISION.

The books contained in the present Bible.

1. Genesis.
2. Exodus.
3. Leviticus.
4. Numbers.
5. Deuteronomy.
6. Joshua.
7. Judges.
8. Ruth.
9. 1. Samuel.
10. 2. Samuel.
11. 1. Kings.
12. 2. Kings.
13. 1. Chronicle.
14. 2. Chronicle.

بیان قسم اول کي کتابوں کا

۱ کتاب پیدایش یا سفر تکوین
۲ کتاب خروج
۳ کتاب احبار یا سفر لویان
۴ کتاب اعداد
۵ کتاب استثنا یا سفر تورية مثنی
۶ کتاب یوشع
۷ کتاب قضات
۸ کتاب روث
۹ کتاب اول شموئیل
۱۰ کتاب دویم شموئیل
۱۱ کتاب اول سلاطین یا ملوک
۱۲ کتاب دویم سلاطین یا ملوک
۱۳ کتاب اول تواریخ ایام
۱۴ کتاب دویم تواریخ ایام

15.	Ezra.	كتاب عزرا	۱۵
16.	Nehemiah.	كتاب نحمياه	۱۶
17.	Esther.	كتاب إستير	۱۷
18.	Job.	كتاب أيوب	۱۸
19.	Psalms.	كتاب زبور يا مزا مير داود	۱۹
20.	Proverbs.	كتاب امثال سليمان	۲۰
21.	Ecclesiastes.	كتاب واعظه سليمان	۲۱
22.	Song of Solomon.	كتاب غزل الغزلات يعني سرود سليمان	۲۲
23.	Isaiah.	كتاب إشعياه	۲۳
24.	Jeremiah.	كتاب يرمياه	۲۴
25.	Lamentations.	كتاب نوحه يرمياه	۲۵
26.	Ezekiel.	كتاب حزقيل	۲۶
27.	Daniel.	كتاب دانيال	۲۷
28.	Hosea.	كتاب هوشع	۲۸
29.	Joel.	كتاب يوئيل	۲۹
30.	Amos.	كتاب عاموص	۳۰
31.	Obadiah.	كتاب عوبدياه	۳۱
32.	Jonah.	كتاب يوناه	۳۲
33.	Micah.	كتاب ميكاه	۳۳
34.	Nahum.	كتاب ناحوم	۳۴
35.	Habakkuk.	كتاب حبقوق	۳۵
36.	Zephaniah.	كتاب صفنياه	۳۶
37.	Haggai.	كتاب حگي	۳۷
38.	Zechariah.	كتاب زكرياه	۳۸
39.	Malachi.	كتاب ملاكي	۳۹

Second Division.

The authentic books whose existence once should not be doubted, but that they are not forthcoming now. The contents of the present Bible prove the former existence of such authentic books beyond all doubt, as will appear from the following quotations from the Text.

بيان قسم دوئم كي كتابونكا

يهه وه كتابيں هيں جو ايک زمانه ميں موجود تهيں اوراب ناپيد هيں ، مگر آنكا ذكر اُن كتب عهد عتيق ميں جو بيبل ميں داخل هيں موجود هے ، اور كوئي شخص انكے صحيح اور معتبر هونے سے اور اِسبات سے كه وه ايک زمانه ميں موجود تهيں

انکارنهیں کرسکتا ' چنانچه اون کتابونکا نام
معه نشان اون ورسونکے جنمیں آنکاذکرهے
هم اس مقام پر لکهتے هیں *

Exo: 24-7.	1. The covenant of Moses.	۱	کتاب عهدنامه موسیٰ	خروج ۲۴ — ۷
Num: 21-14	2. The book of the wars of Moses.	۲	کتاب جنگ‌نامه موسیٰ	اعداد ۲۱ — ۱۴
Josh: 10-13 } 2. Sam: 1-18 }	3. The book of Jasher.	۳	کتاب الیشیر	یوشع ۱۰ — ۱۳ دوم شموئیل ۱ — ۱۸
2. Chro: 20-34	4. The book of Jehu, the son of Hanani.	۴	کتاب یاهو پیغمبربن حنانی	دوم تواریخ ۲۰ — ۳۴
2. Chro: 12-15	5. The book of Shemiah, the prophet.	۵	کتاب شمعیاه نبی	دوم تواریخ ۱۲ — ۱۵
2. Chro: 9-29	6. The Prophecy of Ahijah, the Shilonite.	۶	کتاب اخیاه نبی	دوم تواریخ ۹ — ۲۹
2. Chro: 9-29	7. The book of Nathan, the prophet.	۷	کتاب ناتهن نبی	
2. Chro: 9-29	8. The Visions of Iddo, the Seer.	۸	کتاب مشاهدات عیدو غیب بین	
1. Kings 11-41	9. The book of the Acts of Solomon.	۹	کتاب اعمال سلیمان	اول سلاطین ۱۱ — ۴۱
2. Chro: 26-22	10. The book of Isaiah the prophet, the son of Amoz.	۱۰	کتاب اشعیاه بن عاموص جسمیں حال بادشاه یهود کا اول سے آخرتک تها	دوم تواریخ ۲۶ — ۲۲
2. Chro: 32-32	11. The visions of Isaiah the prophet, the son of Amoz.	۱۱	کتاب مشاهدات اشعیاه جسمیں حزقیاه بادشاه کا حال تها	دوم تواریخ ۳۲ — ۳۲
1. Chro: 29-30	12. The book of Samuel, the Seer,	۱۲	سموئیل نبی کی تاریخ	اول تاریخ ۲۹ — ۳۰
1. Kings-4-32-33	13. The Solomon's 1,005 Songs.	۱۳	ایکهزار پانچ زبور سلیمان کی	اول سلاطین ۴ — ۳۲ و ۳۳
1. Kings—4-32-33	14. The book of Vegetables and Animals by Solomon.	۱۴	کتاب خواص نباتات و حیوانات سلیمان کی	
1. Kings — 4-32,	15. The book of 3,000 Proverbs by Solomon.	۱۵	کتاب امثال سلیمان	اول سلاطین ۴ — ۳۲

2. Chro: 35-35

16. * The Lamentations of Jeremiah for Joshua.

۱۶ مرثیه یرمیاه

* These Lamentations are independent of those which are admitted among the canonical books.

D'Oyly and Mant, Pub: 1856, Vol. 1. Page 936.

تفسیر ڈائیلي مطبوعه سنه ۱۸۵۶ع جلد ۱ صفحه ۹۳۶

Bishop Patrick treats of them as follows.—"The Lamentations here mentioned written immediately after the death of Joshua, are now lost. They are certainly not those which we have under the name of the Lamentations of Jeremiah, for these plainly refer to the destruction of Jerusalem and Zedikiah, not to Joshua."—

یهه مرثیه علاوه نوحه یرمیاه کے هے جو بیبل میں داخل هے بشپ پیٹرک صاحب کا قول هے که یهه مرثیه جو کہا گیا بعد وفات یوشع کے اب گم هے ' اور یقینا وه نهیں هوسکتا جو نوحه یرمیاه مشهور هے ' اسلیئے که یهه نوحه غارت هونے اورشلیم اور هلاک هونے صدقیاه پر هے ' اور وه مرثیه موت یوشع پر *

3rdly.—It was shown that some corruptions had been also made by those who were termed Orthodox:—

تیسرے یہہ کہ بعض دیندار مسیحیوں کی نسبت بھی اُن کو تحریف لفظی کرنا ثابت ہوا ہے ٭

For instance, in the Gospel of Mark, Chap. 13. V. 32., some words were omitted because they favored the Arians.—

مثلاً انجیل مارک باب ۱۳ ورس ۳۲ میں سے بعض الفاظ نکال ڈالے ہیں ' کیونکہ وہ ایرین کے مذہب کی تائید کرتے تھے ٭

ہارن صاحب کا انٹروڈکشن اوبر علوم بیبل کے مطبوعہ سنہ ۱۸۲۵ع لندن جلد ۲ صفحہ ۳۲۳

Again in the Gospel of Luke, Chap. 1. V. 35, some words were added in opposition to the Eutychians.—

اور لوک کی' انجیل کے باب ۱ ورس ۳۵ میں کچھہ لفظ بڑھائے گئے ہیں ' واسطے رد کرنے مذہب یوتی شینز کے ٭

In the same Gospel the 43rd. verse of the 22nd. Chapter was omitted, in order that the divinity of Christ might not be questioned.

اور اسی انجیل کے باب ۲۲ کا ورس ۴۳ بعض نسخوں میں سے نکال ڈالا ہے ' تا کہ حضرت مسیح علیہ السلام کی الوہیت میں شبہہ نہ پڑے ٭

Again in the 1st. Chapter of the Gospel of Matthew the words, "That before they came together," were omitted in the 18th verse; and the words, "Her first-born," were likewise omitted in the 25th verse of the same chapter, lest any one should doubt the perpetual virginity of Mary, the mother of Christ.—

اور متی کی انجیل کے باب ۱ ورس ۱۸ میں سے لفظ ہم بستر ہوبں اور ۲۵ میں سے اُسکا پہلونٹا ' نکال ڈالا ہے ' تاکہ حضرت مریم علیہا السلام کے ہمیشہ کواری رہنے پر شبہہ نہ پڑے ٭

But on consideration it will appear that these arguments are not sound; nor do such alterations or interpolations pertain to those corruptions which are spoken of in the Holy Koran. I have already remarked that such acts as the publication of a book under the name of a prophet or an apostle, are not corruptions of, but on the contrary wholly contradictions to, the truth. Again, if any person has made interpolations in his private copy of scripture, it is a mere isolated fact, quite unconnected with the general

مگر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے ' کہ یہہ تینوں دلیلیں اُن لوگوں کی ٹھیک نہیں ہیں ' اور قران مجید میں جس تحریف کا ذکر آیا ہے ' اُس سے کچھہ علاقہ نہیں رکھتیں ' کیونکہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں ' کہ اپنی طرف سے کوئی رسالہ لکھہ کر کسی پیغمبر یا حواری کے نام سے مشہور کرنا ' وہ تحریف نہیں ہے بلکہ سرے سے موضوعات میں داخل ہے ' اور اگر کسی شخص نے کسی نسخہ میں کوئی تحریف لفظی کی ' تو اُس سے ہمارے قران مجید میں بحث

question under discussion; for what we have to consider is, whether all the copies of the Scriptures scattered throughout Christendom and Judaism, did really go forth with corruptions of the three kinds above indicated.

Further, the interpolations practised by the Orthodox, are not such corruptions as the Holy Koran speaks of; because the interpolators conscientiously thought that what they thus altered, was the real truth; and in our Holy Koran such kinds of corruption are not referred to, but only such as originated from those, who knew perfectly well that their alterations were not the real truth, but yet knowingly brought out a meaning quite contrary to the truth.

نہیں ہے ' بلکہ ہمارے قران مجید میں اُس تحریف سے بحث ہے جو عموماً یہودیوں اور عیسائیوں میں رائج ہوگئی تھی ' بعض دیندار علماء مسیحی نے اگر کچھہ لفظی تغیر و تبدیل کی ' تو وہ بھی وہ تحریف جسکا قران مجید میں ذکر ہے ہرگز نہیں ہوسکتی ' کیونکہ وہ لوگ یقینی جانتے تھے ' کہ اُسکے صحیح اور اصلی اور سچے معنی وہی ہیں ' جسطرح ہمنے لفظوں کو بدلا ہے ، حالانکہ قران مجید میں جس تحریف کا ذکر ہے ' وہ ایسی تحریف نہیں ہے ' بلکہ وہ اُس تحریف کا ذکر ہے جسکو وہ لوگ جانتے تھے ' کہ صحیح اور سچا اور اصلی مطلب یہہ نہیں ہے ' جوہم بیان کرتے ہیں ' اورپھر دیدہ و دانستہ اُس میں تحریف کرتے تھے ' اور جان بوجھہ کر غلط عبارت پڑھتے تھے ' یا غلط معنی بیان کرتے تھے *

Now it is plain from the above observations that those learned doctors of our faith, who have spoken of the first three kinds of corruptions as having been practised in Scripture, did not correctly understand the meaning of the word Tuhreef, and hence other more learned doctors of our faith have stated their deliberate conviction, that no such corruptions took place in the Scriptures, and have thus rejected the opinions advanced by those above mentioned. I may, in this place, make some extracts in proof of this statement.

اس بیان سے صاف ظاہر ہے ' کہ جن علماء نے کتب مقدسہ میں پہلی تین قسموں کی تحریف کا ہونا تسلیم کیا ہے ' اُن سے درباب قرار دینے اصلی مراد تحریف کے لغزش ہوئی ہے اِسی لیئے ہمارے مذہب کے بڑے بڑے علماء محققین نے کتب مقدسہ میں پہلی تین قسموں کی تحریف کے واقع ہونے سے انکار کیا ہے ' اور جن لوگوں کی راے اُس طرف گئی ہے ' اُنکا تخطیہ کیا ہے ' چنانچہ ہم اُنکے اقوال اس مقام پر نقل کرتے ہیں *

Imam Mohomud Ismael Bookharee writes in his book that the word Tuhreef (corruption) signifies to change a thing from its original nature, and that there

امام محمد اسمعیل بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب میں تحریف کی تفسیریوں لکھی ہے

قال البخاري رحمة الله عليه في صحيحه

في بيان قوله تعالى يحرفون الكلم عن مواضعه يحرفون يزيلون وليس احد يزيل لفظ كتاب من كتب الله ولكنهم يحرفونه يتأولونه على غير تأويله

کہ تحریف کے معنی ہیں بگاڑدینے کے، اور کوئی شخص نہیں ہے جو بگاڑے اللہ تعالی کی کتابوں سے لفظ کسی کتاب کا۔ لیکن یہودی اور عیسائی خدا کی کتاب کو اُسکے اصلی اور سچے معنوں سے پھیرکر تحریف کرتے تھے *

is no man who could corrupt a single word of what has proceeded from God, so that the Jews and Christians could corrupt only by misrepresenting the meaning of the words of God.

قد سئل ابن تيمية عن هذه المسئلة فاجاب في فتاواه ان للعلماء في هذا قولين احدهما وقوع التبديل في الالفاظ ايضاً ثانيهما لا تبديل الا في المعنى واحتج للثاني

فتح الباری شرح صحیح بخاری میں ہے، کہ ابن تیمیہ سے تحریف کا مسئلہ پوچھا گیا، اُنہوں نے جواب دیا کہ علماء کے اسمیں دو قول ہیں، ایک یہہ کہ تحریف لفظوں میں بھی ہوئی ہے اور دوسرے یہہ کہ تبدیل نہیں ہوئی مگر صرف معنوں میں، اور اس دوسری بات پر بہت سی دلیلیں بیان کی ہیں *

In the Futhoolbaree, a commentary on the above mentioned Bookharee, it is stated that Ibn Taimea was questioned with regard to the meaning of the word Tuhreef (corruption). He replied that doctors of former times had taken it in two senses; some maintaining that it meant an interpolation of words; and some that it meant the misrepresentation of the meaning of a subject; and that many arguments had been adduced in support of the latter opinion.—

فوز الکبیر فی اصول التفسیر

اما تحریف لفظی در ترجمهٔ توریت وامثال ان بکار می بردند نه دراصل توریت پیش این فقیر چنین محقق شد وهو قول ابن عباس

شاہ ولی اللہ صاحب اپنی کتاب فوز الکبیر میں لکھتے ہیں کہ میرے نزدیک تحقیق یہی ہوا ہے کہ اہل کتاب توریت اور اور کتب مقدسہ کے ترجمہ میں (یعنی تفسیر میں) تحریف کرتے تھے نہ اصل توریت میں، اور یہہ قول ابن عباس کا ہے

Shah Wullee Ullah in his Fouzool Kubeer, says that he thinks that in paraphrases and commentaries on books of the Old Testament, people were in the habit of corrupting the sense of certain passages of Scripture, but that the original text was not tampered with. And the same is the opini‹n of Ibn Abbas.

Eemam Fukhroodeen Razee states in his Commentary, on the authority of Ibn Abbas, that the Jews and early Christians were suspected of altering the text of the Pentateuch and New Testament; but that in the opinion of eminent doctors and theologians, it was not practicable thus to corrupt the text; because those Scriptures were generally known, and widely circulated, having been handed down from generation to generation. No interpolation could therefore be made in them; although it is admitted that some people used to conceal their true sense and interpretation.—

Soortool B u k r, Ayat 174.

امام فخرالدين رازي اپني تفسير كبير ميں لكهتے هيں كه ابن عباس سے روايت هے كه اهل كتاب توريت اور انجيل كي عبارت ميں تحريف كرتے تهے مگر متكلمين كے نزديك يعني آن عالموں كے نزديك جو مذهبي امور كي تحقيق كرنے والے هيں يهه بات يعني توريت و انجيل كي عبارتو نكا بدل ڈالنا ممتنع هے كيونكه وه دونو كتابيں نهايت مشهور هو گئي هيں اور تواتر كو پهونچيں هيں يهاں تک كه آنكي عبارتونكا بدلنا متعذر هوگيا هے ' بلكه وه لوگ جو اصلي مطلب تها آسكو چهپاتے تهے *

تفسير كبير سورة البقر آيت ١٧٤.

عن ابن عبـــاس انهم كانوا يحرفون ظاهر التورة والانجيل وعند المتكلمين هذا ممتنع لانهما كانا كتابين بلغا في الشهرة والتواتر الي حيث يتعذر ذلک فيهما بل كانوا يكتمون التا ويل

In the same Commentary, Eemam Fukhroodeen Razee puts the question: How was it possible to corrupt the Old Testament when it was so well known among the people? To which one answer is suggested:—Perhaps some few persons may have combined for the purpose. In such a case the act might be possible; but in my opinion, says our author, a better explanation may be given; and he proceeds to explain his idea, by stating, that those passages in the Old Testament which foretold the advent of our Prophet Mohomed, certainly requir-

Sooraal Amran, Ayat 78.

اسي تفسير ميں امام فخرالدين رازي نے ايک (سوال) كيا هے ' كه كيونكر ممكن هے داخل كرنا تحريف كا توريت ميں ' باوجود آسكي نهايت شهرت كے لوگوں ميں (جواب) شايد يهه كام تهوڑے سے آدميوں نے جنكا تحريف پر اكٹها هو جانا ممكن هوگيا هو ' تو اس صورت ميں ايسـي تحريـف هوني ممكن هے ' مگر

تفسير كبير سورة ال عمرٰن آيت ٧٨

كيف يمكن ادخال التحريف في التوراة مع شهرته العظيمة بين الناس والجواب لعله صدر هذا العمل من نفر قليل يجـــوز عليهم التواطو علي التحريف ثم انهم عرضوا ذلک المحرف علي بعض العـــوام و علي هذا التقدير

يكون هذا التحريف ممكنا والاصوب عندي في تفسير الاية وجه اخر وهو ان الايات الدالة على نبوة محمد صلى الله عليه وسلم كان يحتاج فيها الى تدقيق النظر وتامل القلب والقوم كانوا يوردون عليها الاسولة المشوشة والاعتراضات المظلمة فكانت تصير تلك الدلايل مشتبها على السامعين واليهود كانوا يقولون مراد الله تعالى من هذه الاية ما ذكرناه لا ما ذكرتم فكان هذا هو المراد بالتحريف وبلي الالسنة وهذا مثل ان المحقق في زماننا اذا استدل باية من كتاب الله فالمبطل يورد عليه الاسولة والشبهات و يقول ليس مراد الله ما ذكرت فكذلك في هذه الصورة و الله اعلم بمراده

ميرے نزديک إس آيت كي بهتر تفسير يهه هے' كه جو آيتيں توريت كي نبوة محمد صلى الله عليه وسلم پر دلالت كرتي تهيں' ان ميں غور اور فكر كي احتياج تهي اور وه لوگ اسپر سوالات مشوش اور بيجا اعتراضات كرتے تهے' بيهوده دليليں سننے والوں پر مشتبه هو جاتي تهيں' اور يهودي كهتے تهے كه ان آيتوں سے الله تعالى كي مراد وه هي جو هم كهتے هيں' نه وه جو تم كهتے هو' پس يهي مراد هے تحريف سے اور زبان بدلنے يا پهيرنے سے' إسكي ايسي مثال هے' جيسے كه همارے زمانه ميں جب كوئي محقق كسي آيت كلام الهي سے استدلال كرتا هے' تو گمراه لوگ اسپر سوالات اور شبهات كرتے هيں' اور كهتے هيں كه الله كي مراد يهه نهيں هے جو تم كهتے هو' اسيطرح پر اس تحريف كي صورت هے *

ed great judgment and thought for their right apprehension, and that the Jews were accustomed to wrest the true sense of these passages, and to cavil at the conclusions to which they naturally led when correctly understood. The Tuhreef here meant, is clearly that of words and passages, to which one party attached a meaning, which was disputed by another. Examples are not wanting in our own times, when men reputed to be godly, build up arguments on particular passages of the word of God, and so create doubts in the minds of ignorant hearers, and make them call in question the actual intent of the Divine will.—

In the same Commentary, Eemam Fukhroodeen Razee puts another question: "How is it possible that any corruption could be introduced into a book which descended from one generation to another, and every word and precept of which was known from East to West? One answer may be given, that the people among whom the falsification passed current, were few in number, while those among them who had any acquaintance with Scripture, were still fewer: and so it was possible to falsify the text without detection. Another answer is:—The object of corrupting any writing is to engender doubts, provoke disputes, and raise false arguments, by verbal artifices just as in the present day, people who are averse to the right course, strive to pervert passages of holy writ, and thus raise difficulties to mislead others. This is the true object of corruption.—

Soorutooll Nissa, Ayat 46.

In the same Commentary, Eemam says that by Tuhreef is to be understood either false and illogical arguments, or verbal alterations.—Now I have shown above

Tufseer Soorutool Maidah, Ayat 14.

اسي تفسير ميں امام فخرالدين رازي نے ايک اور (سوال) پيش کيا، که کسطرح ممکن هے تحريف ايسي کتاب ميں، جسکے هر هرحرف اور کلمے تواتر کو پهونچ گئے هيں، اور شرق سے غرب تک مشهور هو گئے هيں، پهلا (جواب) شايد يوں کها جاسکے، که وه لوگ تهوڑے تهے اور عالم کتاب الهي کے بهت هي کم تهے، پس ايسي تحريف کرسکے، دوسرا (جواب) تحريف سے مراد هے جهوٹے شبهوں کا ڈالنا، اور غلط تاويلوں کا کرنا، اور لفظ کو صحيح معنوں سے جهوٹے معنوں کي طرف کهينچنا لفظي حيلوں سے جيسے که اس زمانه ميں بدعتي اپنے مذهب کي مخالف ايتوں کے ساتهه کرتے هيں، اسکو سمجهو اور يهي مراد تحريف کي بهت صحيح هے *

• تفسير کبير سورة النساء آيت ۴۶

فان قيل کيف يمکن هذا في الکتاب الذي بلغت احاد حروفه وکلماته مبلغ التواتر المشهور في الشرق والغرب قلنا لعله يقال القوم کانوا قليلين والعلماء بالکتاب کانوا في غاية القلة فقدروا على هذا التحريف الثاني ان المراد بالتحريف القاء الشبهة الباطلة والتاويلات الفاسدة وجر اللفظ من معناه الحق الى الباطل بوجوه الحيل اللفظية كما يفعله اهل البدعة في زماننا هذا بالايات المخالفة لمذهبهم هذا وهو الاصح

اسي تفسير ميں امام صاحب لکهتے هيں که تحريف سے يا تو غلط تاويل مراد هے يا لفظ کا بدلنا مراد هے اور همنے اوپر بيان

تفسير کبير سورة المايده آيت ۱۴

التحريف يحتمل التا

that the first suggestion is the most likely, because it is not possible that any mutilations could be made in the text of Scripture which has come down from the earliest ages of antiquity.—

ويل الباطل ويحتمل تغيرِ اللفظ وقد بينا فيما تقدم ان الاول اولى لان الكتاب المنقول بالتواترِ لايتاتى فيه تغيرِ اللفظ

كيا هے كه پهلي مراد بهتر هے ، كيونكه جو كتاب بتواتر منقول هو اُس ميں تغير لفظ كي نهيں هو سكتي *

In the Tufseer Doorray Munsoor, Ibn Moonzur and Ibn Ubbee Hatim state, on the authority of Ibn Muneea, that the Toureit and Injeel are in the same state of purity in which they were sent down from heaven, and that no alterations have been made in them; but that the Jews were wont to deceive the people by unsound arguments, and by wresting the sense of the Scriptures.— There were other books which the Jews had themselves written, although they falsely pretended that those books had come from God.—The writings however which were really inspired, were in careful keeping, and beyond the reach of mutilation.—

درمنثور سورة البقر واخرج ابن المنذر وابن ابي حاتم عن وهب ابن منبه قال ان التوراة والانجيل كما انزلهما الله لم يغير منهما حرف ولكنهم يضلون بالتحريف والتاويل والكتب كانوا يكتبونها من عند انفسهم ويقولون هو من عند الله وما هو من عند الله فاما كتب الله فانها محفوظة لا تحول

تفسير درمنثور ميں ابن منذر اور ابن ابي حاتم نے وهب ابن منبه سے روايت كي هے كه توريت و انجيل جسطرح كه ان دونوں كو الله نے اُتارا تها ، اُسي طرح هيں اُن ميں كوئي حرف بدلا نهيں گيا ، ليكن يهودي بهكاتے تهے لوگوں كو ، معنوں كے بدلنے اور غلط تاويل كرنے سے ، اور حالانكه كتابيں تهيں وه جنكو اُنهوں نے اپنے آپ لكها تها ، اور كهتے تهے كه وه الله كي طرف سے هيں ، اور وه الله كي طرف سے نه تهيں ، مگر جو الله كي طرف سے كتابيں تهيں وه محفوظ تهيں ، اُن ميں كچهه بدلنا نهيں هوا تها *

In the same Tufseer Doorray Munsoor, Ibn Ubbee Hatim says, on the authority of Ibn Zaed, that the following sentence in our Koran, "Of the Jews there are some who pervert words from their places"—means that the people did not obey the precepts delivered to them by their Divine pre-

تفسير درمنثور سورة النساء واخرج ابن ابي حاتم عن ابن زيد في قوله يحرفون الكلم عن مواضعه قال

اور اسي تفسير در منثور ميں ابن ابي حاتم نے ابن زيد سے روايت كي هے ، كه يهه جو الله تعالى نے فرمايا هے (كه تحريف كرتے هيں كلموں كو اُنكي جگهه

ceptor; *i. e.* they did not practically carry out the commands of God.—

قال لايضعونه على ما انزل الله

سے) اُسکے یہہ معنے ہیں ، کہ جس طرح پر اللہ نے اُن کو اتارا ہے اُس طرح پر اُن کو نہیں رکھتے *

In the same Tufseer, Ibn Jurreer states, on the authority of Ibn Abbas, that the text, "Of the Jews there are some who pervert words from their places," is to be understood as signifying, that the people disobeyed God's commands as given in the Pentateuch, and falsified the sense thereof.—

Tufseer Doorray Munsoor Soorut ool Maidah.

تفسیر درر منثور سورة المائدة

واخرج ابن جریر عن ابن عباس فی قوله یحرفون الکلم عن مواضعه یعنی حدود الله فی التوراة

اور اسی تفسیر میں ابن جریر نے ابن عباس سے روایت کی ہے ، کہ یہہ جو اللہ تعالی نے فرمایا ہے کہ (تحریف کرتے ہیں کلموں کی اُن کی جگہہ سے) اُسکے یہہ معنے ہیں کہ جو حدیں احکام کی اللہ تعالی نے توریت میں مقرر کی ہیں ، اُنکو تغیر و تبدیل کرتے ہیں *

Thus, it is clearly shown by the preceding authorities, that the learned doctors of the Mohomedan faith have not held the opinion that the text of the Sacred Scriptures has been corrupted in any of the first three modes; and they have confuted the arguments advanced by those who maintain, that falsification has taken place in the Scriptures, by the descriptions of fraud under notice. There remain now the five other kinds of Tuhreef out of the eight particularized; and with respect to these five, it is admitted by us Mohomedans, that they were brought to bear upon the Sacred Scriptures, so as to pervert the sense of certain passages.—

پس اِن تمام روایتوں سے ظاہر ہوتا ہے ، کہ ہمارے مذہب کے علماء محققین نے اُن تین قسموں میں سے کسی قسم کی تحریف کا ہونا کتب مقدسہ میں نہیں مانا ہے ، اور جو کوئی شخص اِسبات کا قائل ہوا ہے ، کہ تمام کتب مقدسہ میں اُن تینوں قسموں میں سے کسی قسم کی تحریف ہوئی تو اُس قول کا خوب ہمارے مذہب کے بڑے بڑے علماء نے تخطیہ کیا ہے ، باقی رہیں پانچ قسمیں اخیر کی منجملہ آٹھہ قسموں مذکورہ بالا کے ، پس ہمارے مذہب میں اِنہی پانچ قسموں کی تحریف کا ہونا کتب مقدسہ میں مانا گیا ہے *

It is further maintained by us, on the authority of our religious books, that it was by these five methods, and these only, that the inspired writings

اب ہم یہہ دعوی کرتے ہیں کہ ہماری مذہبی کتابوں سے بھی اِنہی پانچ قسموں کی تحریف کا ہونا کتب مقدسہ میں پایا

were tampered with. I proceed to cite the various authorities having reference to the subject, all of which will tend to corroborate this opinion.

Authorities to prove that corruption of a less vicious kind has taken place.

First Quotation.—In the Soorutool Bukr, God thus alludes to the conduct of the Jews; "And when we said, enter into this city Jericho and eat of the provisions thereof plentifully as ye will; and enter the gate worshipping and say, Forgiveness *i. e. Hitta*,; then we will pardon you your sins, and give increase unto the well-doers:—the ungodly changed the expression into another different from what had been spoken unto them and instead of *Hitta* they said *Hinta*, *i. e.* wheat; and we sent down upon them indignation from heaven, because they had transgressed."—In this verse reference is made to deceit practised by those Jews who lived in the time of Joshua; and it is clear, that the alteration was *verbal* only, in reading; and that no liberties were taken with the *written text;* for the fraud lay in using the word *Hinta* which was not in text, instead of the real word *Hitta* which was in it.—Besides, the very words of the foregoing quotation, "The ungodly changed the expression," are proof positive, that the alterations were of *words only* as conveyed to the

Soorutool Bukr, Ayat 58 and 59.

جاتا ہے ' نہ اور کسي قسم کا ' چنانچہ هم اِس مقام پر اپنے مذهب کي کل روايتيں نقل کرتے هيں جو تحريف سے متعلق هيں ' اُن سب روايتوں کے ديکهنے سے معلوم هوگا ' کہ اُن سب سے وهي پانچ قسموں کي تحريف پائي جاتي ہے *

وہ روايتيں جنسے چوتهي قسم کي تحريف نکلتي ہے

پہلي روايت ' سورہ بقر ميں الله تعالى يهوديوں کا حال بيان فرماتا ہے " کہ جب همنے کہا يهوديوں کو کہ گهسو اِس شہر ميں (يعني يريحو ميں) اور کهاتے پهرو اُس ميں جہاں چاهو محظوظ هوکر ' ور گهسو دروازے ميں سجدہ کرتے (يعني جهکہ کر عاجزي سے) اور کهو (حطہ) يعني گناہ اُترے ' تو بخشيں هم تمکو تقصيريں تمهاري اور زيادہ بهي دينگے نيکي والوں کو ' پهر بدل لي بے انصافوں نے بات ' سوائے اُس کے جو کهدي تهي (حطہ کے بدلے حنطہ کہا جسکے معني گيهوں کے هيں) پهر اُتارا همنے بے انصافوں پر عذاب آسمان سے اُن کي بے حکمي پر " اِس آيت ميں اُن يهوديوں کي تحريف کرنے کا ذکر ہے جو حضرت يوشع عليہ السلام کے وقت ميں تهے . مگر اِس آيت سے صاف صاف ظاهر ہے ' کہ اُنهوں نے کسي کتاب مقدسہ ميں

سورة البقر آيت ۵۸ و ۵۹ واذ قلنا ادخلوا هذه القرية فكلوا منها حيث شئتم رغدا وادخلوا الباب سجدا وقولوا حطة نغفر لكم خطايكم وسنزيد المحسنين فبدل الذين ظلموا قولا غير الذي قيل لهم فانزلنا على الذين ظلموا رجزا من السماء بما كانوا يفسقون

ear, and not of the written text.

تغیر و تبدیل نہیں کی تھی ' بلکه صرف
زبانی پڑھنے میں لفظ حطه کے بدلے حنطه
پڑہ دیا تھا ' اور اِس آیت میں جو یہہ لفظ
ھے ' که اُن بے انصافوں نے بات بدل لی '
اِس سے صاف ثابت ھے ' که وہ تبدیل
صرف زبانی تھی *

Second Quotation.— God says in the Soora al Amran; "And there are certainly some of them who read the Scriptures perversely, that ye may think what they read to be really in the Scriptures, yet it is not in the Scriptures; and they say, This is from God; but it is not from God; and they speak that which is false concerning God, against their own knowledge."—This verse shows, that the Scripture readers were in the habit of substituting *words of their own* for those of the text; but it does not show that there was any tampering with the written text itself.—

Soora al Amran, Ayat 78.

دوسری روایت ' الله تعالی سورہ ال عمران
میں فرماتا ھے " که
اھل کتاب میں ایسے
بھی لوگ ھیں ' که
کتاب پڑھنے میں زبان
پھیر لیتے ھیں که تم
جانو وہ کتاب میں
ھے ' اور وہ نہیں کتاب
میں ' اور کہتے ھیں که
وہ الله تعالی کا کہا
ھے ' اور وہ نہیں الله کا
کہا ' اور الله پر جھوٹ بولتے ھیں جان کر "
اِس آیت سے یہہ بات بخوبی ظاھر ھے '
که اھل کتاب کتب مقدسه جو لوگوں کے
سامنے پڑھتے تھے ' اُس وقت لفظ کچھہ ھوتا
تھا اور پڑہ کچھہ دیتے تھے ' اور یہہ مطلب
کسی طرح نہیں نکلتا ' که لکھی ھوئی
کتاب میں کچھہ تغیر و تبدیل کر دیتے تھے *

سورۃ ال عمران آیت ۷۸
وان منهم لفریقا یلوون
السنتهم بالکتـــاب
لتحسبوہ من الکتاب
و ماھو من الکتاب و
یقولون ھو من عند الله
وما ھو من عند الله
ویقولـــون علی الله
الکذب

Eemam Fukhroodeen Razee says in his Commentary, with reference to this verse, that the phrase "they read the Scriptures perversely"—implies that the Scripture readers made many perversions and unwarranted alterations in the course of their readings.—

امام فخرالدین رازی اس آیت کی
تفسیر میں لکھتے
ھیں ' که الله تعالی نے
جو یہہ فرمایا (که
کتاب پڑھنے میں زبان
پھیر لیتے ھیں) اسکے
یہہ معنے ھیں ' که
وہ لوگ خراب کرتے ھیں لفظ کو ' اور بدل
دیتے ھیں اُس کے اعراب کو ' که اُس تبدیل

تفسیر کبیر قوله یلوون
السنتهم معناہ یعمد
ون الی اللفظ فیحرفو
نها فی حرکات الاعراب
تحریفا یتغیر به المعنی

سے اُس لفظ کے معنے بگڑجاتے هیں *

Third Quotation.—God has said in the Soorut ool Nissa; "Of the Jews there are some who pervert words from their places; and say, We have heard and have disobeyed; and do thou hear without understanding our meaning, and look upon us: perplexing with their tongues, and reviling the true religion.—But if they had said, We have heard and do obey; and do thou hear and regard us; certainly it were better for them, and more right.—But God hath cursed them by reason of their infidelity; therefore a few of them only shall believe."—

Soorut ool Nissa, Ayat 46.

تیسري روایت اللهتعالی سورہ نساءمیں فرماتا هے ' که جو یهودي هیں بدلتے هیں کلموں کو اُن کي جگهه سے ' اور کهتے هیں همنے سنا اور نه مانا ' اورسن نه سنایا جائیو ' اور رعنا کا لفظ کهتے هین اپني زبان کو پهیر کر ' اور عیب دیکر دین میں ' اور اگر وه کهتے همنے سنا اور مانا اور سن اور هم پر نظرکر ' تو بهتر هوتا اُن کي حقمیں اور درست ' لیکن لعنت کي اُنکو الله نے اُن کے کفر سے ' سو ایمان نهیں لائے مگرکم *

سورة النساء آیت ۴۶
من الذین هادوا یحرفون الکلم عن مواضعه ویقولون سمعنا و عصینا و اسمع غیر مسمع و راعنا لیا بالسنتهم و طعناً فی الدین ولوانهم قالوا سمعنا واطعنا واسمع وانظرنا لکان خیرالهم واقوم ولکن لعنهم الله بکفرهم فلا یو منون إلاقلیلا

In this *Ayat* there are two expressions which claim notice:—1st "They say,"—and 2ndly., "Perplexing with their tongues," both of which serve to substantiate the charge brought against the Jews, that they were accustomed in reading to *change the words* of holy writ, *by substituting words of their own;* but it is *not stated,* that they were guilty of corrupting the text itself.—

اِس آیت میں دو لفظ هیں ' ایک یهه که کهتے هیں ' اور دوسرا یهه که اپني زبان پهیرکر ' ان دونوں لفظوں سے ثابت هوتا هے ' که یهودي زبان سے پڑهنے میں لفظوں کو بدل ڈالتے تهے اور کچهه کا کچهه پڑه دیتے تهے ' نه یهه که کتاب کي عبارت بدل دیتے تهے *

Fourth Quotation.—God hath said in the Soorut ool Maidah;—"Wherefore, because they have broken their covenant, we have cursed them, and hardened their hearts; they distorted the words from their places, and forgot what they were admonished."—

Ayat 14.

چوتهي روایت ' اللهتعالی سورہ مائده میں فرماتا هے ' اُن کے عهد توڑ نے پر همنے اُن کو لعنت کي ' اور کردیئے اُن کے دل سیاه ' تحریف کرتے هیں کلموں کي

سورة المائده آیت ۱۴
فبما نقضهم میثاقهم وجعلنا قلوبهم قاسیة یحرفون الکلم عن مواضعه ونسواحظا مماذکروابه

In the verse preceding this one, the phrase, "Perverting words from their places" is used, and the same phrase occurs here also; in both these verses therefore the meaning is identical.—The concluding sentence of this last verse, "Forgotten what they were admonished," is to be understood as implying, that the people *perverted the meaning of scripture passages*, and not that they mutilated the text.—

اُن کي جگهه سے ' اور بهول گئے فائده لينا اُس نصيحت سے جو اُن کو کي تهي *
اِس سے اُوپر جو آيت مذکور هوئي ' اُس ميں بهي يهي لفظ تهے ' که بدلتے هيں کلموں کو اپني جگهه سے ' اور اِس آيت ميں بهي يهي لفظ هيں ' پس جو معنے اُن لفظوں کے پهلي آيت ميں لئے گئے هيں ' وهي معنے اِن لفظوں کے اِس آيت ميں بهي ليئے جاوينگے ' علاوه اِس کے خود اِس آيت ميں جو يهه لفظ هيں ' که اُس نصيحت سے فائده لينا بهول گئے ' اِس سے پايا جاتا هے ' که جو مطلب اور مقصود تها اُس کو بدل ديا تها نه يهه که کتابوں کي عبارت بدل دي تهي *

Fifth Quotation.—God says in the Sroout ool Bukr: "Do ye therefore desire that the Jews should believe you? yet a part of them heard the word of God and then wilfully perverted it, after they had understood it."—The clause "Perverting the word after they had heard it," shows, that the change was only *verbal* in reading:—not that the written words of the text were changed.—

Ayat 75.

پانچويں روايت ' الله تعالى سورۀ بقر ميں فرماتا هے ' که اے مسلمانوں کيا تم توقع رکهتے هو ' که يهود مانيں گے تمهاري بات ' اور ايک لوگ تهے اُن ميں که سنتے کلام الله کا ' پهر اُس کو بدل ڈالتے سمجهه کر ' اور اُن کو معلوم هے *

سورة البقر آيت ٧٥
افتطمعون ان يومنوا لكم و قد كان فريق منهم يسمعون كلام الله ثم يحرفونه من بعد ما عقلوه و هم يعلمون

The summary of the argument is this, that corruption of the fourth class is proved, but not that of any of the first three classes.—

اِس آيت ميں جو يهه لفظ هيں ' که الله کا کلام سن کر بدل ڈالتے تهے ' اِس سے ظاهر هے که وه تحريف زباني تهي ' جسطرح که سنتا تها ' نه يهه که کتاب کي لکهي هوئي عبارت کو بدل ديتي تهے *
غرض که جسقدر يهه آيتيں هم نے نقل کيں ' اِن سے صرف چوتهي قسم کي تحريف پائي جاتي هے ' نه پهلي تين قسموں کي '

Authorities which prove corruption of the 5th class.

First Quotation.—In the Bookharee there is a tradition related of Abdoollah Ibn Oomer, which shows that when, on a certain occasion, it became necessary to refer to the passage in the Pentateuch, authorizing the penalty of stoning to death for the crime of adultery, the Jewish Scripture-reader concealed the passsage with the palm of his hand, and began reading other parts of the page. Seeing this trickery, Addoollah Ibn Sallam removed the reader's hand from the concealed passage, and said to him, What is this? whereupon the reader was constrained to acknowledge, that it was the law they were seeking for.—

We learn from this verse of holy writ, that the reader *hid* the law about stoning in the Pentateuch; but it is *nowhere* shown, or even hinted, that that law was really struck out of the code. And it is found there to this day.

Levit. XX-2-10.
Deut. XXII-23-24

Second Quotation.—God says in the Soorut ool Bukr; "They who conceal any of the clear orders or directions which we have sent down, after what we have manifested unto men in the Scripture, shall be cursed."—

Ayat 159.

وہ روایتیں جنسے پانچویں قسم کي تحریف نکلتي هے

پہلي روایت ، بخاري میں عبدالله ابن عمر سے ایک بڑي حدیث منقول هے ، آس حدیث میں یہہ بهي هے کہ جب توریت میں آیتہ رجم کو ڈهونڈنے لگے تو یہودي توریت کے پڑهنے والے نے آیت رجم پر اپنا هاتهہ رکهہ لیا ، اور ادهر آدهر سے پڑهنا شروع کیا ، اور آیت رجم کو نہ پڑها پهر عبدالله ابن سلام نے اُس کا هاتهہ آیتہ رجم پر سے اُٹها لیا ، اور کہا کہ یہہ کیا هے جب اُنهوں نے دیکها تو کہا کہ یہہ آیت رجم کي هے ❋

بخاري عن عبدالله ابن عمر وهذه قطعته من حدیث طویل فوضع مدراسها الذي یدرسها منهم کفه علی آیته الرجم فطفق یقرء مادون یده وماوراءها ولم یقرء آیته الرجم فنزع یده عن آیته الرجم فقال ماهذه فلماراوا ذلک قالوا هي آیته الرجم

اِس حدیث سے صرف اسقدر معلوم هوتا هے کہ جو آیت رجم توریت میں موجود تهي اُسکو چهپایا تها نہ یہہ کہ کتاب میں سے اُس آیت کو نکال ڈالا تها چنانچہ اب بهي توریت مقدس میں آیت رجم موجود هے ❋

وانین ۲۰—۲ و ۱۰
ستثناء ۲۲—۲۳و۲۴

دوسري روایت الله تعالی نے سورہ بقر میں فرمایا هے کہ جو لوگ چهپاتے هیں جو کچهہ اُترا صاف حکم اور هدایت بعد اِس کے کہ هم اُن کو ظاهر کرچکے

سورةالبقرآیت ۱۵۹
ان الذین یکتمون ما انزلنا من البینات والهدی من بعدما بینـــاه للنـــاس

في الكتاب اولئك يلعنهم الله ويلعنهم اللاعنون

لوگوں کے واسطے کتاب (یعني توریت میں) اُن کو لعنت دیتا ہے الله ' اور لعنت دیتے هیں لعنت دینے والے *

Eemam Fukhroodeen Razee says, in his Commentary, that there is a tradition of Abdoollah Ibn Abbas to this effect, that one of the Nasarees (the Nestorians) asked a Jew, what were the signs of Mohomed's coming mentioned in the Toureit, and also put some questions about certain precepts but that the Jews hid them. It was upon this that the verse came down from heaven.—

امام فخرالدین رازي نے تفسیر کبیر میں لکھا ہے ' کہ عبدالله ابن عباس نے روایت کي ہے ' کہ ایک گروہ نے انصاریوں میں سے پوچھا ایک یهودي سے ' کیا هے توریت میں نشاني محمد صلی الله علیه وسلم کي اور بعض احکام بهي پوچھے ' پھر اُنهوں نے چھپایا ' تب اُتري یهه آیت *

تفسیر کبیر قال ابن عباس ان جماعته من الانصار سئلوا نفرا من الیهود عما في التوراة من صفته صلی الله علیه وسلم و من الاحکام فکتموا فنزلت الایته

This proves that the Jews *hid* certain passages of Scripture, not that they struck them out of the book.—

اِس آیت سے بهي اِسیقدر ثابت هوتا ہے ' کہ یهودیوں نے توریت کے ورسوں کو چھپایا تھا ' نہ یهه کہ اُس میں سے کوئي ورس نکال ڈالا تها *

Third Quotation.—God says in the Soorut ool Bukr, in allusion to the chief Rabbins among the Jews: "Moreover they who conceal any part of the Scriptures which God hath sent down unto them, and sell it for a small price, shall swallow into their bellies nothing but fire; God shall not speak unto them on the day of resurrection, neither shall he purify them, and they shall suffer a grievous punishment."—

Ayat 174.

تیسري روایت ' الله تعالی نے سورہ بقر میں علماء یهود کو یوں فرمایا ہے ' کہ جو لوگ چھپاتے هیں جو کچھہ اُتارا الله نے کتاب سے ' اور لیتے هیں اُسپر مول تھوڑا ' وہ نهیں کھاتے اپنے پیٹ میں مگر آگ اور نہ بات کریگا اُنسے الله قیامت کے دن ' اور نہ سنوارےگا اُن کو ' اور اُن کو دکھہ دینے والا عذاب ہے *

سورة البقر آیت ۱۷۴
ان الذین یکتمون ما انزل الله من الکتاب ویشترون به ثمنا قلیلا اولئک ما یاکلون في بطونهم الا النار ولا یکلمهم الله یوم القیامة ولا یزکیهم ولهم عذاب الیم

Eemam Fukhroodeen Razee in his Commentary says, in illustration of this verse, that the phrase, "They who conceal," has various meanings:- Abdoollah Ibn Abbas has said, that this portion of Scripture was sent down with special reference to the conduct of the chief men among the Jews viz: Kaab the son of Ushruff, Kaab the son of Ushud, Malec the son of Syff, Hye the son of Ukhtub, and Ubbee Yaseer the son of Ukhtub.—These men were accustomed to levy pecuniary contributions from the people, and when Mohomed appeared as a Prophet from God, they were filled with alarm, lest they should lose their illicit gains; accordingly they resorted to the device of concealing those passages of Scripture in which his coming was foretold:—whereupon this verse was sent from heaven.—Commentators are not agreed as to what were the particular passages of Scripture which were thus concealed; some say, they were those which make mention of our Prophet's attributes, and of the signs and evidences of his Apostolic character and mission.—This tradition is from Ibn Abbas.—

تفسیر کبیر اعلم آن
في قوله تعالى ان
الذين يكتمون مسائل
المسئلته الاولى قال
ابن عباس نزلت
الايته في روساء اليهود
كعب ابن الاشرف
و كعب ابن الاشد و
مالك ابن الصيف
وحي ابن اخطب
و ابي يا سر ابـــن
اخطب كانوا ياخذون
من آتباعهم الهدا يا
فلما بعث محمد
صلى الله عليه وسلم
خافوا انقطاع تلك
المنافع فكتموا امر
محمد صلى الله عليه
وسلم و امـــر شرايعه
فنزلت هذه الايته
المسئلة الثـــانيته
اختلفـــوا فـــي
انهم اي شئي كانوا
يكتمون فقيل كانوا
يكتمون صفته محمد
صلى الله عليه وسلم
و آيته البشارة به وهو
قول ابن عباس وقتا
دة والسدي والاصم و
ابي مسلم و قال
الحسن كتموا الاحكام

امام فخرالدین رازی تفسیر کبیر میں لکھتے
ہیں ' جاننا چاهئے
که الله تعالی کے اس
قول میں که جو لوگ
چهپاتے ہیں ' کئی
مسئله ہیں (اول) یهه
که عبدالله ابن عباس
نے روایت کی ' که
یهه آیت روساء یهود
کے حق میں آتری
تهی ' اور وہ یهه لوگ
تهے 'کعب بیٹا اشرف
کا ' اور کعب بیٹا اشد
کا ' اور مالک بیٹا
صیف کا اور حی بیٹا
اخطب کا ' اور ابی
یاسر بیٹا اخطب
کا ' یهه لوگ لیتے تهے
اپنے تابعداروں سے
نذریں ' پس جب
محمد صلی الله علیه
وسلم نبی ہوئے تو وہ
لوگ ڈرے که یهه
فائدے جاتے رهینگے
اسلیئے چهپایا محمد
صلی الله علیه وسلم
کی بشارتوں کو ' اور
انحضرت کی شریعت
کے نشانوں کو پس
آتـــری یهه آیت
(دوســـرا مسئله)
یهه ہے ' که علماء
نے اختلاف کیا هے
اسبات میں ' که وہ کیا

و هو كقوله تعالى
انّ كثيرا من الاحبار
والرهبان ليأكلون
اموال الناس
بالباطل ويصدّون
عن سبيل الله

چيز چهپاتے تهے ' پهر
بعضوں نے کہا که
وہ چهپاتے تهے تعريف
محمد صلى الله عليه
و سلم كي ' اور
آنحضرت كي نشاني
اور آنحضرت كي
بشارت ' اور يهه قول ابن عباس كا هے ' اور
قتادة اور سدي اور اصم اور ابي مسلم
كا ' اور حسن كا يهه قول هے ' كه وہ احكام كو
چهپاتے تهے ' جيسے كه الله تعالى نے فرمايا
هے (كه بهت عالم اور درويش اهل كتاب
كے كهاتے هيں مال لوگونكا ناحق ' اور روكتے
هيں الله كي راہ سے) إس آيت ميں
بصراحت اسيقدر مذكور هے ' كه جو احكام
الله تعالى نے كتاب ميں آتارے تهے آنكو
اهل كتاب چهپاتے تهے ' نه يهه كه لكهي
هوئي كتاب ميں كچهه بدل ديتے تهے *

And Qatada, Suddee, Usum, Ubbee Mooslem, and Hussun have said, that the Jews used to *conceal* the Divine precepts, forasmuch as God hath declared, that the learned men and monks revelled on the substance of the people, and kept them from the way of God.—

The verse under notice clearly shows, that the Jews were in the habit of *concealing* the Divine precepts, not that they actually made any change in the text.—

چوتهي روايت ' الله تعالى نے سورة ال عمران

سورة ال عمران ايت
١٨٧
واذاخذ الله ميثاق
الذين اوتوا الكتاب
لتبيننه للناس
ولاتكتمونه فنبذوہ
وراء ظهورهم واشتروا
به ثمنا قليلا فبئس
ما يشترون

ميں فرمايا هے ' اور
جب الله نے اقرار
ليا كتاب والوں سے
كه اوسكو بيان كرو
لوگوں پاس اور نه
چهپاو پهر پهينك ديا
آنهوں نے وہ إقرار
اپني پيٹ پيچهے ' اور
خريد كيا اوسكے بدلے
مول تهوڑا پهر كيا بري
چيز خريد كرتے هيں ' إس آيت سے بهي
صرف چهپانا احكام الهي كا پايا جاتا هے *

Fourth Quotation.—In the Soora al Amran God hath said; "And when God accepted the covenant of those to whom the book of the law was given, saying, Ye shall surely publish it unto mankind, ye shall not hide it: yet they threw it behind their backs, and sold it for a small price; but woeful is the price for which they have sold it."—This extract also serves to prove, that the Jews were wont to *conceal* the commands of God.—

Ayat 187.

Fifth Quotation.—God says in the Soorut ool Maidah—"O ye who have received the Scriptures, now is our Apostle come unto you, to make manifest unto you many things which you concealed in the Scriptures; and to pass over many things.—Now is light and a perspicuous book of revelation come unto you from God."—

Ayat 16.

پانچوین روایت ' الله تعالی سورہ مائدہ میں فرماتا ھے ' اي کتاب والو آیا ھے تم پاس رسول همارا ' کھولتا ھے تم پر بہت چیزیں جو تم چھپا تے تھے کتاب کي (یعني کتاب الهي کي) اور در گذر کرتا ھے تمہاري بہت تقصیروں سے ' تم پاس ائي ھے الله کي طرف سے روشني اور کتاب بیان کرنے والے ' یعني قران مجید *

سورة المائدہ ایت ١٦
یا اهل الکتاب قد جاء کم رسولنا یبین لکم کثیرا مما کنتم تخفون من الکتاب ویعفو عن کثیر قد جاء کم من الله نور وکتاب مبین

This verse also shows, that *concealment* of God's commandments is meant, and not the expunction of them from the book of the law.—

اِس آیت سے بہي یہي معلوم هوتا ھے 'کہ تحریف سے چھپا نا آیات کتب الهي کا مراد ھے , نہ نکالنا آیات کا کتب الهیہ میں سے *

Proof of corruption of the 6th class.

وہ روایتیں جنسے چھٹي قسم کي تحریف پائي جا تي ھے

For this kind of Tuhreef it will be sufficient for me to make one extract:—

Ayat 34.

In the Soout Tobah: God says "O true believers, verily many of the priests and monks devour the substance of men in vanity, and obstruct the way of God." In this verse, the words "in vanity"—or in vain, are understood to signify, that the people made it a practice to proclaim doctrines of their own, contrary to the commands of God, and took bribes from their followers by way of irregular gain to themselves.—

اِس قسم کي تحریف بیان کرنے کو صرف ایک آیت کا نقل کرنا همکو کافي هوگا' الله تعالی سورہ توبہ میں فرماتا ھے " اے ایمان والو بہت عالم اور درویش اهل کتاب کے کھا تے هیں مال لو گوں کے نا حق ' اور اٹکاتے هیں الله کي راہ سے " اس آیت میں جو لفظ باطل یعني نا حق کا آیا ھے ' اس سے بہي مراد ھے ' کہ برخلاف احکام الهي کے لوگوں کو حکم

سورة التوبہ ایت ٣٤
یا ایها الذین امنوا ان کثیرا من الاحبار والرهبان لیاکلون اموال الناس بالباطل ویصدون عن سبیل الله

بتاکر، اور فتوی دیکر، لوگوں کا مال بطور رشوت لیتے تہے ٭

Eemam Fukhroodeen Razee writes, in his excellent Commentary, that the word "batil," or "obstructing the way of God," has been variously construed by different commentators:–1st. It has been affirmed by some, that the Scripture readers used to take money from the people and make the commands of God of none effect, by wresting the real sense, and interpreting them falsely to suit their own purposes. 2ndly., Others hold the opinion, that the Jewish doctors used to say openly before the people, that none could find out the will of God except through themselves, and that therefore it was desirable to conciliate their good will by giving largenesses to them: by such insidious teachings, the common people were easily misled, and fell into their designs.—

امام فخرالدین رازی علیہ الرحمۃ تفسیر کبیر میں لکھتے ہیں، کہ علماء نے باطل کے لفظ کی تفسیر میں اختلاف کیا ہے، کئی طرح پر [اول] یہہ کہ اہل کتاب لوگوں سے رشوت لیتے تہے احکام کے گھٹانے میں، اور آنا کانی کرنے کی شریعت میں [دوسرے] یہہ کہ اہل کتاب عوام لوگوں کے سامنے کہتے تہے، کہ کسی کو خدا کی مرضی تک پہونچنے کا رستہ ہی نہیں ہے، بجز انکی خدمت اور تابعداری کے، اور انکی مرضی کے لیئے روپیہ خرچ کرنے کے، اور عوام ان جہوٹی باتوں پر بہک جاتے تہے ٭

في التفسير الكبير قد اختلفوا في تفسير هذا الباطل على وجوه الاول انهم يأخذون الرشا في تخفيف الاحكام والمسامحة في الشرائع والثاني انهم كانوا يدعون عند الحشو والعوام انه لا سبيل لاحد الى الفوز بمرضاة الله الا بخدمتهم و طاعتهم و بذل الاموال في طلب مرضاتهم والعوام كانوا يغترون بتلك الاكاذيب

Proofs of corruption of the 7th. and 8th. classes.

وہ روایتیں جن سے ساتویں اور آٹھویں قسم کی تحریف پائی جاتی ہے

Corruption of the 7th Class *i. e.* falsifying the true meaning of words and expressions,–and corruption of the 8th class, *i. e.* misinterpreting the sense of whole passages, are closely allied to each other; the difference between them consisting simply in this, that while in the former class, *words* have had given to them a signification inapplicable to their tenor and to the context,–in the

ساتویں قسم، یعنی لفظ کے وہ معنی بیان کرنے جو مقصود نہیں ہیں، اور آٹھویں قسم، یعنی آیتوں کی غلط تاویل کرنی، یہہ دونوں قسمیں قریب قریب ہیں، صرف اتنا فرق ہے، کہ پہلی صورت میں لغت کے معنی وہ بیان کرنے ہیں، جو مقصود نہیں ہیں، اور پچہلی صورت میں انکا مطلب غلط بیان کرنا ہے، اس واسطے ان

latter class, a false construction is placed upon *entire sentences and paragraphs.*— One set of proofs will therefore serve to illustrate both these kinds of corruption.—

دونوں قسموں کے لیئے متحد روایتیں هیں جنکا هم ذکر کرتے هیں *

First Quotation.—God has said in the Soorut oolBukr, addressing the Jews,—

Ayat 42.

"Clothe not the truth with vanity, neither conceal the truth against your own knowledge."—

پهلی روایت ' الله تعالی نے سورہ بقر میں فرمایا ہے ' یهودیوں کو خطاب کر کر ' که نه ملاو صحیح میں غلط ' اور نه چهپاو سچ کو جانکر *

سورة البقر آیت ۴۲۰
ولا تلبسوا الحق بالباطل و تکتموا الحق و انتم تعلمون

We are taught by the Commentary of Eemam Fukhroodeen Razee, that this verse was thus explained; in the Old and New Testament, the predictions referring to the advent of the Prophet Mohomed are of veiled meaning, and not to be understood without the exercise of profound thought and judgment, and by the help of explanation.— Now the Jews were always denying the rightful interpretation of these prophecies, and busied themselves in captious and unprofitable disputations, and in striving, by overstrained arguments and illogical reasoning, to explain away their true meaning.—It was then that this *Ayat* was sent down from heaven, enjoining them not to adulterate truth with falsehood, so as to mislead people, by the doubts they cast upon the true sense of the disputed passages of Scripture.—

إمام فخرالدین رازی علیه الرحمة تفسیر کبیر میں لکهتے هیں ' که اِس آیت کے معنی یهه هیں که نه ملاو صحیح میں غلط ' بسبب اُن شبهوں کے جو سننے والوں پر ڈالتے هو ' اور یهه بات اِس سبب سے تهی که توریت و اِنجیل میں جو آیتیں محمد صلی الله علیه وسلم کے باب میں آئی هیں ' وه آیات خفیه هیں ' اُنکے جان نے میں استدلال کی طرف حاجت هوتی ہے ' پهر وه لوگ اُن میں جهگڑا کرتے تهے ' اور مشوش کردیتے تهے دلیلوں کو سوچ نے والوں پر ' بسبب

فی التفسیر الکبیر والمعنی ولا تلبسوا الحق بسبب الشبهات التی توردونها علی السامعین وذلک لان النصوص الواردة فی التوراة والانجیل فی امر محمد صلی الله علیه وسلم کانت نصوصا خفیة تحتاج فی معرفتها الی الاستدلال ثم انهم کانوا یجادلون فیها و یشوشون وجوه الدلالة علی المتاملین فیها بسبب القاء الشبهات وهذا هو المراد بقوله ولا تلبسوا الحق

ڈالنے شبہوں کے ' اور یہی مراد اللہ تعالی کے قول کی ہے ' کہ نہ ملاؤ صحیح میں غلط ٭

This extract demonstrates the fact which is sought to be established, that putting a *false meaning to words*, is all that is charged against the Jews; and not that they were guilty of mutilating the written text.—

پس اِس آیت سے صرف غلط معنی بیان کرنے مراد ہیں نہ یہہ کہ لکھی ہوئی کتاب میں کچھہ ملادیتے تھے ٭

Second Quotation.—God hath said in the Soora al Amran, "O ye who have received the Scriptures, why do you clothe truth with vanity, and knowingly hide the truth."—

Ayat 71.

دوسری روایت ' اللہ تعالی سورۂ آل عمران میں فرماتا ہے ' اے کتاب والو کیوں ملاتے ہو صحیح میں غلط ' اور چھپاتے ہو سچی بات جان کر ٭

سورة ال عمران ایت ۷۱ یـــا اهل الکتـــاب لم تلبسون الحق بالبـــاطل وتکتمون الحق وانتم تعلمون

In the Tufseer Kubeer it is stated, that the phrase "knowingly hide the truth," has reference to the dissembling conduct of the Jews, in that they perverted the sense of those prophecies in the Old Testament which pointed to the coming of Mohomed as God's Apostle. The right apprehension of those predictions demanded much thought and judgment, and the Jews used to strive to conceal the passages which conveyed the truth, in the same manner as the misguided of our own age prevent the true meaning of a passage from being brought to the general notice.—

تفسیر کبیر میں ہے ' کہ یہہ جو اللہ تعالی نے فرمایا ' کہ چھپاتے ہو سچ کو ' اِن سے یہہ مراد ہے ' کہ توریت میں آیتیں موجود ہیں ' جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوۃ پر دلالت کرتی ہیں ' اُن آیتوں سے استدلال کرنے میں غور اور فکر درکار ہے ' اور وہ لوگ اُن لفظوں کے چھپانے میں جن کے مجموع سے یہہ دلیل پوری ہوتی ہے ' کوشش کرتے تھے ' جیسے کہ ہمارے

فی التفسیر الکبیر اما قوله ویکتمون الحق فـــالمراد ان الایات الموجودة فی التوراة الدالة علی نبوة محمد صلی الله علیه وسلم کان الاستدلال بها مفتقرا الی التفکر والتامل والقوم کانوا یجتهدون فی اخفاء تلک الالفاظ التـــی بمجموعها یتـــم هذا الاستدلال مثل ما ان اهل البدعة فی زماننا یسعون فی ان لا یصل الی عوامهم دلائل المحققین

زمانه میں بدعتي اسمیں کوشش کرتے هیں، که محققین کي دلیلیں عوام تک نه پهونچیں *

It is also written in the *Tufseer Kubeer*, that whoever strives to conceal the truth has but two methods open to him viz: either to raise doubts, so as to mislead people from the right way; or to cloak those arguments which point to the right way. In illustration of this, it is to be observed, that the words of God quoted above, "clothing truth with falsehood," allude to the first of these methods of deception, while the second is as obviously indicated by this sentence from the same verse, viz "knowingly hide the truth."—But the admixture of falsehood with truth may be made in various ways: 1st., according to Hussun Ibn Zaed, the word of God may be mixed up with tradition: (Eemam Sahib has however freely and repeatedly expressed his opinion that this kind of corruption could not possibly have occurred in the Old Testament Scriptures.—Many of his reasons for this opinion have already been given, and others will be noticed hereafter. This suggestion of Ibn Zaed may therefore be set aside as of no value.)— 2ndly., Those people used to pretend in the morning they were Moslems, and in the evening they would change, so as to overthrow the faith of the people with doubts. This is the idea of Ibn Abbas and Qitada— 3rdly, In the Toureit there are predictions referring to our prophet Mohomed, and to his attributes and the signs of his coming; and there are also other passages of ambiguous

اور یهه بهي تفسیرکبیر میں لکها هے، که جو شخص حق بات چهپانے میں سعي کرتا هے، آسکو اسبات میں دو رستوں کے سوا کوئي راسته نهیں هے، یا تو شبهه ڈالے جو ناحق پر راه بتاوے، یا سچا رسته بتانےوالي دلیل کو چهپاوے، پس الله تعالی کا یهه قول که (کیوں ملاتے هو صحیح میں غلط) اشاره هے پهلي بات کي طرف، اور یهه قول الله تعالی کا، (اور چهپاتے هو سچي بات کو) اشاره هے دوسري بات کي طرف، مگر صحیح میں غلط ملانا اسکي کئي صورتیں هیں. (اول) تحریف توراة کي که ملاویں کلام الهي کو کلام محرف سے، یهه روایت حسن اور ابن زید کي هے (مگر امام صاحب نے جا بجا بیان کیا هے، که ایسي تحریف

في التفسیر الکبیر اعلم ان الساعي في الاخفاء لاسبیل له في ذلک الا من احد الوجهین اما بالقاء الشبهة التي تدل على الباطل او باخفاء الدلیل الذي یدل على الحق فقوله لم تلبسون الحق بالباطل اشارة الى المقام الاول وقوله تکتمون الحق اشارة الى المقام الثاني اما لبس الحق بالباطل فانه یحتمل ههنا وجوها احدها تحریف التوراة فیخلطون المنزل بالمحرف عن الحسن وابن زید وثانیها انهم کانوا یتواضعون على اظهار الاسلام في اول النهار ثم الرجوع عنها اخر النهار تشکیکا للناس عن ابن عباس وقتادة وثالثها ان یکون في التوراة

مايدل على نبوته صلى الله عليه وسلم من البشارة والنعت والصفته ويكون في التوراة ايضا مايوهم خلاف ذلك فيكون كالمحكم والمتشابه فيلبسون على الضعفاء احد الامرين بالاخر كما يفعله كثير من المشبهة وهذا قول القاضي ورابعها انهم كانوايقولون أن محمدا صلى الله عليه وسلم معترف بان موسى حق ثم ان التوراة دالة على ان شرع موسى لاينسخ وكل ذلك القاء الشبهات

توريت ميں نہيں هو سكتي ' چنانچه آنكے قول آوپر مذكور هوچكے اور كچهه اگے آوينگے پس يهه راے حسن ابن زيد كي درست نہيں ہے " (دوسرے) يهه كه وه لوگ صبح كو اپنا مسلمان هو نا ظاهر كرتے تهے ' اور شام كو پهر جاتے تهے لوگوں كوشك ميں ڈالنے كے ليئے ' اور يهه روايت ابن عباس اور قتاده كي هے (تيسرے) يهه كه توريت ميں وه ايتيں بهي هيں ' جو دلالت كرتي هيں آوپر نبوة محمد صلى الله عليه وسلم كے بطور پيشين گوئي كے ' اور حضرت كي نشانيوں پر ' اور تعريف بتانے پر' اور توريت ميں ايسي بهي ايتيں هيں' جنسے اسكے برخلاف شبهه پيدا هوتا هے ' تو ان ايتوں كي مثال محكم ' اور متشابه كي هوئي ' پهر لوگ ان دونوں باتوں كو ملاكر لوگوں پر شبهه ڈالديتے تهے ' جيسے كه اكثر شبهه ڈالنے والے ايسا كرتے هيں ' اوريهه قول قاضي كا هے (چوتهے) يهه كه وه لوگ كهتے تهے كه محمد صلى الله عليه وسلم اقرار كرتے هيں ' كه موسى برحق هيں ' پهر توريت دلالت كرتي ہے اسبات پر ' كه شريعت موسى كي منسوخ نہيں هونيكي ' اور يهه سب باتيں شبهه ڈالنے كي هيں *

meaning, which beget doubts on the subject; so the Jews used to mix up both these passages, and thus mystify and confuse the people by creating doubts in their minds; just as the captious and illdisposed delight in unprofitable discussions, and disputations, which tend to unsettle the minds of men and involve them in a sea of doubt and perplexity. This is the idea of Qazee—4thly., The Jews used to say, that Mohomed admitted that Moses was true, and the Toureit proves that the laws of Moses will never be done away with. All those and such like assertions, were put forth merely to disturb the minds of men and plunge them into a maze of uncertainty and doubt.

It will be seen, then, that the adulteration of truth with falsehood, does not mean that other words have been added to the text, but it implies simply *an admixture of false interpretation with the true one.*—

غرضکہ ان روایتوں سے ظاهر ہے ' کہ سچ میں جهوٹ ملانے سے کتاب میں کچهہ عبارت بڑها دینا مراد نہیں هے ' بلکہ سچے معنونکو جهوٹے معنوں میں ملانا مراد هے *

Third Quotation.—God says in the Soorut ool Bukr;

Ayat 174.

"Moreover they who conceal any part of the Scripture which God hath sent down unto them, and sell it for a small price, shall swallow into their bellies nothing but fire."—

تیسری روایت اللہ تعالی سورۂ بقرمیں فرماتا هے ' جو لوگ چهپاتے هیں جو کچهہ اُتارا اللہ نے کتاب سے ' اور لیتے هیں اُسپر مول تهوڑا وہ نہیں کهاتے ' اپنے پیٹ میں مگر آگ *

سورۃالبقرایت ۱۷۴

ان الذین یکتمون ما انزل اللہ من الکتاب ویشترون بہ ثمنا قلیلا اولیك ما یاکلون في بطونهم الاالنار

In the *Tufseer Kubeer* it is written, that the Mohomedan doctors are not agreed as to the mode of concealment. The saying of Abdoollah Ibn Abbas is recorded, that the people used to change the text of the Toureit and Injeel; but the theologians hold this to have been impracticable, because those books were well known, and had attained immense circulation, a fact which would render any attempt to mutilate the text impossible.—It is allowed however, that there were people among the Jews, who were aware of the prophecies relating to our prophet Mohomed, and that they strove to conceal them or to pervert their meaning, by misconstruction, and misapplication of the sense.—This verse also shows us, that people used, to *hide* the true interpretation of God's word.—

تفسیرکبیر میں لکها هے ' کہ علماء میں اختلاف ہے طریقہ چهپانے میں ' یعني کسطرح چهپاتے تهے ' عبداللہ ابن عباس کا قول یوں نقل کیا هے ' کہ وہ اهل کتاب بدل دیتے تهے عبارت توریت اور انجیل کي ' مگر متکلمین کے نزدیک یہہ بات یعني توریت وانجیل میں عبارتونکا بدل دینا ممتنع هے ' کیونکہ وہ دونوں کتابیں نہایت مشهور هوگئي هیں ' اورتواتر کوپہونچ گئي هیں ' یہاں تک کہ اونکي

في التفسیر الکبیر اختلفوا في کیفیة الکتمان فالمروي عن ابن عباس انهم کانوا یحرفون ظاهر التوراة والانجیل وعند المتکلمین هذاممتنع لانهما کانا کتابین بلغافي الشهرة والتواتر الی حیث یتعذر ذلک فیهما بل کانوا یکتمون التاویل لانه قد کان فیهم من یعرف الایات الدالة علی نبوة محمد صلی اللہ علیه وسلم فکانوا یذکرون لها

تاويلات باطلة و يصرفونها عن محاملها الصحيحة الدالة على نبوة محمد صلى الله عليه وسلم فهذا هو المراد عن الكتمان فيصير المعني ٠ ان الذين يكتمون معاني ما انزل الله من الكتاب

عبارتونكا بدلنا متعذر هوگيا هے ' بلكه وه لوگ چهپاتے تهے تاويلات كو ' كيونكه آن ميں تهے جوجانتے تهے آن آيتونكوجودلالت كرتي هيں نبوة محمد صلى الله عليه وسلم پر پهر وه كرتے تهے آنكي غلط تاويليں اور پهيرتے تهے آنكو صحيح مطلبوں سے جو دلالت كرتے تهے اوپر نبوة محمد صلى الله عليه وسلم كے ' پس يهه مراد هے چهپانے سے ' اب اِس آيت كے يهه معنے هوئے كه جو لوگ چهپاتے هيں معاني يا مطالب آس چيزكے جو آتارا الله نے كتاب سے *

Fourth Quotation.—God hath said in the Soorut ool Bukr; "They to whom we have given the Scriptures know our apostle (*i. e.* the fact of Mohomed's being sent from God), even as they know their own children, but some of them hide the truth, against their own knowledge."—From all the foregoing authorities it is very evident, that according to the Mohomedan belief, the expression of *corrupting Scripture* does not imply an actual mutilation of the text; but simply the modifying of words when read to another, or the concealing of passages; or the transgressing of the commandments of God; or misinterpreting or misconstructing the words of God.

Ayat 146.

سورة البقر ايت ١٤٦

الذين اتينا هم الكتاب يعرفونه كما يعرفون ابناء هم وان فريقا منهم ليكتمون الحق وهم يعلمون

چوتهي روايت ' الله تعالى سوره بقر ميں فرماتا هے جنكو همنے دي هے كتاب پهچانتے هيں يهه بات يعني نبي هونا محمد صلى الله عليه وسلم كا جيسے پهچانتے هيں اپنے بيٹوں كو ' اور ايک فرقه آن ميں سے چهپاتے هيں حق كو جان كر *

پس اِن تمام دليلوں سے ظاهر هے كه مسلمانونكے مذهب ميں تحريف سے كتب مقدسه ميں آنكي عبارتونكا تغير وتبدّيل كرنا مراد نهيں هے بلكه زباني لوگونكو بدل كر لفظ پڑه سنانے يا كلام الهي كو اِخفا كرنا يا احكام الهي كو بدلنا يا كلام الهي كے غلط معنے اور غلط تاويليں بيان كرنا مراد هے *

We may now refer to the fact that people used to palm off their own spurious writings as inspired Scripture. Of this there are abundant proofs deducible from our own religious works, as well as from the history of the Christian church. I proceed to give a few examples.

اب رهي يهه بات كه اپني لكهي هوئي عبارت اور اپنے لكهے هوئے رسالونكا مشهور كرنا كه يهه خدا كا كلام هے اسكے ليئے هماري مذهبي كتابوں ميں اور نيز عيسائي مذهب كي تاريخوں ميں بهت سي سنديں موجود هيں جنكو هم يهاں نقل كرتے هيں *

God says in the Soorut ool Bukr; "And woe unto them who transcribe corruptly the book of law with their hands, and then say, This is from God, that they may sell it for a small price.—Therefore woe unto them because of that which their hands have written; and woe unto them for that which they have gained."—

سورہ بقر ميں الله تعالى فرماتا هے كه

سورة البقر ايت ٧٩
فويل للذين يكتبون الكتاب بايديهم ثم يقولون هذا من عند الله ليشتروا به ثمنا قليلا فويل لهم مما كتبت ايديهم وويل لهم مما يكسبون

پس خرابي هے انكو جو لكهتے هيں رساله اپنے هاته سے پهر كهتے هيں يهه الله كے پاس سے هے كه ليويں اسپر مول تهوڑا سو خرابي هے انكو اپنے هاته كے لكهے هوئے سے اور خرابي هے انكو اپني كمائي سے *

Mosheim writes as follows in his Ecclesiastical History of the 2nd century ch: III, p. 70, edit: 1860.—

"The Platonists and Pythagoreans deemed it not only lawful but commendable to deceive and to lie for the sake of truth and piety.—The Jews living in Egypt learned from them this sentiment before the Christian æra.—Of this no one will doubt who calls to mind the numerous forgeries of books under the names of eminent men, the Sybilline verses, and other similar trash, a large mass of which appeared in this and the following centuries. I would not say that the orthodox Christians forged all the books of this character; on the

موشيم صاحب كي تاريخ دوسري صدي باب ٣ صفحه ٧٠ مطبوعه سنه ١٨٦٠ ع

موشيم صاحب اپني تاريخ ميں ارقام فرماتے هيں، كه افلاطون اور فيثا غورث كے پيرووں نے اس بات كو صرف جايز هي خيال نهيں كيا تها بلكه قابل تحسين اور افرين كے سمجهتے تهے، كه راستي اور خدا پرستي كي ترقي كو فريب ديں اور جهوٹ بوليں، اس رائے كو ان يهوديوں نے جو مصر ميں رهتے تهے سنه مسيحي سے پيشتر جيسا كه بهت سي دليلوں سے معلوم هوتا هے ان سے سيكها تها، اور ان دونوں سے عيسائيوں ميں يهه برائي ابتدا سے پهلي تهي، اسبات ميں كوئي شخص شك نهيں كرنے كا، جب ان كتابونكو جو بهت سے جهوٹ سے بهري هيں، اور مشهور آدميونكے

contrary it is probable that the greater part of them originated from the founders of the Gnostic sects; yet that the Christians who were free from the heterodox views were not wholly free from this fault, is too clear to be denied."—

نام سے بنائي گئي هيں بغور ديکھے گا ، اور سبل لين کے اشعار اور اسيطرح کي بيقدر کتابوں پر توجهه کريگا ، جو بهت سي دوسري صدي اور اُسکي اگلي صديوں ميں نکلي هيں ، ميں يهه نهيں کهتا که جو عيسائي اپنے مذهب پر پکے تھے اُنهوں نے اِس قسم کي جهوٹي کتابيں بنائي تهيں ، بلکه غالبا وه کتابيں بهت سي ناسٹک کے فرقه سے نکلي تهيں ، تاهم اسبات سے انکار نهيں کيا جا سکتا که جو عيسائي اپنے مذهب کے پابند تھے ، وه اِس خطا سے بالکل آزاد نه تھے *

وليم ميور صاحب کي آردو تاريخ کليسا مطبوعه سنه ۱۸۴۸ع حصه ۲ باب ۳

Muir's Church Hist: Part II, ch: 3.

Mr. William Muir relates, in his Oordoo History of the Christian church, that in the 2nd century a question arose among the Christians on this point, whether in their discussions upon matters of religion, with idolators and heathen philosophers it was right, or not, to adopt the same style of arguments, and the same weapons as were used by the opposite party? Guided by the opinions of Origen and others, the question was decided in the affirmative.—It was certainly a result of their determination, that the Christian doctors proved superior in the contest, and asserted their advantage over their opponents; but at the same time, this triumph was attended with some damage to the interests of truth and fairness.—People were led to suspect that for this reason were those spurious books issued, which after this century made their appearance in great numbers. In the same way, the philosophers used

وليم ميور صاحب آردو تاريخ مسيحي کليسا ميں ارقام فرماتے هيں ، که دوسري صدي ميں مسيحيوں ميں گفتگو رهي ، که جب بت پرست اور فيلسوف حکيموں کے ساتهه دين کا مباحثه کيا جاوے ، تو اونهي کي بحث کا طرز اور طريقه اختيار کرنا جايز هے که نهيں , آخر کار ارجن وغيره کي راے کے بموجب طريقه مذکور تسليم هوا ، اِس سے البته مسيحي بهائيوں کي تيز عقلي اور نکته سنجي نے بحث ميں زياده رونق پائي ، ليکن راستي اور صفائي ميں کچهه خلل پڑا ، پهر اسي سبب سے بعض لوگ يهه بهي جانتے هيں ، که وه جعلي تصنيفات پيدا هوئيں ، جو که اِس زمانه کے بعد کثرت سے لکهي گئيں اسطرح سے که فيلسوف لوگ جب کسي طريقه کي پيروي کرتے تهے ، تو کبهي کبهي اوسکے حقميں کتاب لکهه کے کسي معروف حکيم کے نام سے اجرا کرتے تهے ، که اس حيله سے لوگ آسپر متوجهه هو کر اوسکي باتيں زياده مانينگے ، اگرچه آسکي باتيں برملا خود مصنف کي

sometimes to put forth books upholding some particular doctrine; and by ascribing the authorship to eminent men, they secured for their productions that attention and consideration which they would not have received had the names of the real authors been appended.—In like manner, the Christians who argued in the style of the philosophers, used to write books, and issue them under the name of an apostle, or of the pupil of an apostle, or of any other person of note and renown.—This practice, which originated in the 3rd. century, was perpetuated for many centuries on the Romish church.—It is however a very culpable practice, and opposed to the principles of eternal truth.—

هوتي سواسيطرح مسيحي جو فيلسوفوں
كي طرح بحث كرتے تهے ، كتاب لكهكے
كسي حواري ياخادم حواري يا معروف
آسقف كے نام سے رواج ديتے تهے ، ايسا
دستور تيسري صدي ميں شروع هوا ، اور
كئي سوبرس تك رومي كليساميں جاري
رها يهه بات بهت هي خلاف حق اور
قابل الزام شديد تهي *

Mosheim 1st cent: Part II, ch: II, p. 36 edit: 1860.

Mosheim thus writes upon this subject: "There were various causes requiring this to be done at an early period, and particularly this, that not long after the Saviour's ascension, various histories of his life and doctrines full of impositions and fables, were composed by persons of no bad intentions perhaps, but who were superstitious, simple, and addicted to pious frauds; and afterwards various spurious writings were palmed upon the world, inscribed with the names of the holy Apostles."—

موشيم صاحب كي تاريخ مطبوعه سنه ۱۸۶۰ ع صدي اول حصه دويم باب دويم صفحه ۳۶

اسيطرح موشيم صاحب اپني تاريخ ميں
ارقام فرماتےهيں ، كه بهت سے ايسے باعث
تهے ، جنكے سبب ابتداء زمانه ميں انجيلونكو
ايك نسخه ميں جمع كرنے كي ضرورت هوئي
خصوصا اس باعث سے كه بعد رفع هونے
حضرت عيسى كے آسمان پر ، آنكي زندگي
اورتعليمات كي تواريخ پُرفريب اور كهاني
اميز ايسے لوگوں سے جنكے ارادے بد نه تهے ،
مگر جو جهوٹے مذهب والے اور ساده لوح اور
خدا پرست فريبيوں سے رغبت ركهتے تهے ،
تصنيف هوئي تهيں ، اور آسكے بعد بهت
سي جهوٹي بنياد كي تحريريں ، جن پر
پاك پيغمبروں كے نام بطور مصنفونكے درج
كئے گئے تهے ، دنيا پُرفريب سے ركهي گئيں
تهيں *

To sum up the whole matter it is clear, that Mohomedans and Christians are agreed on this point, that among the Jews and Christians it had become a practice to issue spurious books or doctrines under the names of eminent persons. It is to this practice that the denunciations of our Koran refer.—

غرضکه اسبات میں هم اور عیسائي دونو
متفق هیں ' که یهودي اور عیسائیوں میں
یهه رواج هوگیا تها ' که اپني طرف سے کوئي
کتاب یا عبارت لکهه کر اگلے بزرگوں یا پیغمبروں
کے نام سے مشهور کردیتے تهے ' اور اسي
بات کا ذکر همارے قران مجید میں هے *

EIGHTH DISCOURSE.

كيا يهه كتابيں بالكل آن اصل نسخونكے مطابق هيں ' جنكو الهامي لكهنے والوں نے لكها تها

ARE the books which compose the Bible identical with the original writings of the inspired Authors?

IN respect to this important question, touching the genuineness of the sacred records which are in our hands, and their identity with the original productions of the authors whose names they bear, we find it stated in our religious books, that the Scriptures possessed by the Jews and the Christians were not all uniform and in harmony with each other. There is, for instance, a long tradition in the Bookharee from Anus, the son of Malik, a part of which is as follows: Huzeefa thus said to Oosman, "O thou, the leader of the Mohomedans, take care of this people that they may not differ among themselves as regards the holy Koran as the Jews and the Christians differ with respect to their Scriptures." This tradition proves that there is a want of agreement as well as room for diversity of interpretation in the Scriptures; and this is a fact which Christian doctors have also agreed in accepting.

اسباب ميں كه يهه كتب مقدسه جو اب همارے هاتوں ميں هيں ' بالكل آن اصل كتابوں كے مطابق هيں ' جنكو الهامي لكهنے والونے لكها تها يانهيں هيں ' هماري مذهبي كتابوں سے صرف اتني بات پائي جاتي هے ' كه يهه كتابيں جو يهوديوں اور عيسائيوں كے پاس تهيں آن ميں باهم اختلاف تها ' بخاري ميں انس ابن مالك سے ايك بڑي حديث هے ' آسكا ٹكڑه يهه هے " كه حضرت حذيفه نے حضرت عثمان سے كها ' كه اے مسلمانوں كے سردار ان لوگونكي (يعني مسلمانونكي) آس سے پهلے خبر لے ' كه يهه لوگ اپني كتاب (يعني قران مجيد) ميں ايسے مختلف هوجاويں جيسے يهودي اور عيسائي اپني اپني كتاب ميں مختلف هو گئے هيں " پس اس حديث سے اسقدر پايا جاتا هے ' كه ان كتابوں ميں بلا شبهه اختلاف عبارت موجود هيں ' چنانچه تمام علماء مسيحي بهي اسكا اقرار كرتے هيں *

بخاري باب جمع القرآن فقال حذيفه لعثمان يا امير المومنين ادرك هذه الامة قبل ان تختلفوا في الكتاب اختلاف اليهود والنصاري الى اخره

It is to be observed that for a long time copies of the Scriptures were multiplied solely in a manuscript form; and it was therefore almost impossible that they should be kept entirely free from clerical errors, or that unwarranted omissions and insertions of words, should not have resulted in the process of transcription. It may be reasonably concluded that as the process was repeated, and the number of manuscript copies of the Scriptures increased, so the errors and variety of readings increased in proportion; and hence it may be safely affirmed that, in course of time, there was not a single book of Scripture which remained in the same condition in which it originally quitted the hands of its inspired author.

غور کرنا چاهئے که ابتداء تحریر کتب مقدسه سے زمانه دراز تک جسقدر کثرت سے کتب مقدسه کا رواج هوا ، وه بذریعهٔ قلمي نسخوں کے هوا ، اِس سبب سے اُن میں غلطي کا ، اور اِختلاف عبارت کا نهونا ، اور کمي اور بیشي سے محفوظ رهنا نامکن تها ، جسقدر کثرت سے وه بهیلیں ، اور جسقدر کثرت سے اُنکي قلمي نقلیں هوئیں ، اوسیقدر غلطیاں اور اِختلافات اُن میں پیدا هوئے ، یهاں تک که کهاجا سکتا هے ، که کوئي کتاب اصلي نسخه کے مطابق نهیں رهي تهي *

هارن صاحب کا انٹرودکشن جلد ٢ صفحه ٣١٤

In his Introduction to the Critical Study of the Scriptures Mr. Horne thus quotes a passage from Dr. Bentley: "The real text of the sacred writers does not now (since the originals have been so long lost) lie in any single manuscript or edition, but is dispersed in them all. It is competently exact indeed, even in the worst manuscript now extant; nor is one article of faith or moral precepts either perverted or lost in them."

Our own daily experience of manuscripts, indeed would teach us how likely it was that the Scriptures from being copied over and over again should at last present a great variety of readings; and that this is actually the case all Christian scholars admit.

هارن صاحب اپني کتاب میں ڈاکٹر بنٹلي صاحب کا قول نقل کرتے هیں " که اب کوئي ایک نسخه قلمي یا چهاپه کا مقدس لکهنے والونکي اصلي کتاب کے مطابق نهیں هے ، مگر سب کتابوں میں پهیلے هوئے اور متفرق هوئے هوئے هیں ، اور یهه کتابیں بلاشبهه وهي کتابیں هیں ، یهاں تک که غلط سے غلط قلمي نسخه میں بهي جو اب موجود هے ، کوئي بات مذهب کي یا تهذیب اخلاق کي یا نصیحت کي بدلي نهیں گئي ، اور نه اسمیں سے کم هوئي هے " غرضکه تجربه سے بهي جو هم دن رات هرقسم کي قلمي کتابوں میں دیکهتے هیں ، اور نیز علماء مسیحي کے اقوال سے بهي بخوبي روشن هے ، که کتب مقدسه نقل هوتے هوتے غلط اور آپسمیں مختلف هوگئیں تهیں *

Mr. Horne thus speaks of the Hebrew books of the Old Testament: "Although the Hebrew text of the Old Testament has descended to our times uncorrupted, yet, with all the care which the ancient copyists could bestow, it was impossible to preserve it free from mistakes, arising from the interchanging of the similar letters of the Hebrew Alphabet, and other circumstances incident to the transcription of the ancient manuscripts."

هارن صاحب كا انٹروڈكشن جلد ٢ صفحه ٣٤

هارن صاحب نسبت عبري كتابوں عهد عتيق كي لكهتے هيں ' كه وه كتابيں اگرچه بغير كسي تغير وتبديل كے همارے پاس پهونچي هيں ' اور قديم نقل كرنے والوں نے كمال احتياط كي هے ' توبهي انكو ان غلطيوں سے آزاد ركهنا ناممكن تها جو غلطياں كه عبري الف بے كے متشابه حرفونكے بدلنے سے ' يا اور اور باتوں سے ' جو قديم نسخونكے نقل كرنے ميں هوتي هيں *

The Rabbins asserted, and through a credulity rarely to be paralleled, it was implicitly believed, that the Hebrew text was absolutely free from errors, and that in all the manuscripts of the Old Testament not a single various reading of importance could be produced. Father Morin was the first person who ventured to impugn this notion, and he grounded his opinion of the incorrectness of the Hebrew manuscripts on the differences between the Hebrew and the Samaritan texts, and on the differences between the Hebrew and the Septuagint. Morin was soon followed by Louis Cappel who pointed out a great number of errors in the printed Hebrew, and showed how they might be corrected. Bishop Walton declared in favor of the principles asserted by Cappel, and acknowledged the necessity of forming a critical apparatus for the purpose of obtaining a more correct text of the Hebrew Bible. Afterwards since the middle of the seventeenth century the importance and necessity of collating Hebrew manuscripts is generally acknowledged.

يهودي عالم ساده لوحي سے يقين كرتے تهے ' كه عبري كتب مقدسه ميں بالكل غلطي نهيں هے ' اور قلمي نسخوں ميں كوئي ايسا اختلاف نهيں نكل سكتا جو اهم كي نسبت هو ' مگر فادره مارن صاحب نے ' نهايت دليري سے اسبات كو رد كيا ' اورعبري كے قلمي نسخونكي غلطياں ان اختلافات سے نكاليں ' جو عبري اور سميريا كي كتب خمسه موسى ميں ' اور عبري اور سبعة انٹرپرٹ كي كتب عهد عتيق ميں تهيں ' پهر لوئيس كيپل صاحب نے ' ان كتابوں كي بهت سي غلطياں بتائيں ' اوريهه بهي بيان كيا كه وه كسطرح پر صحيح هوسكتي هيں ' پهر بشپ والٹن صاحب نے لوئيس كيپل صاحب كي تائيد كي ' اور اسبات كا اقرار كيا ' كه واسطے صحت عبري عهد عتيق كے كوئي عمده قاعده بنانا ضرورهے ' پهر سترهويں صدي ميں عموما يهه بات قرار پائي ' كه عبري عهد عتيق كے نسخوں كے مقابله كرنے كي بهت ضرورت هے *

In order to explain clearly the subject of this Discourse I think it advisable to give some account of the ancient Codices, respecting which some passages from Mr. Horne are here extracted;—

اب مناسب معلوم هوتا هے ' كه اسمقام پر كتب مقدسه كے چند پرانے نسخونكا ذكر كيا جاوے ' تا كه مطالب اس مقدمه كے بوضاحت معلوم هون ' چنانچه هارنصاحب كے انٹروڈكشن سے جو اوپر علوم بيبل كے هے ' كتب مقدسه كے چند پرانے نسخونكا ذكر كيا جاتا هے *

هارن صاحب كا انٹروڈكشن جلد ۲ حصہ ۱ باب ۲ فصل ۱

Hebrew manuscripts are divided into the two following classes :—

عهد عتيق كي كتابيں دراصل عبراني زبان ميں هيں ' اور وه دو ناموں سے پكاري جاتي هيں *

1st, Autographs or those written by the inspired penmen themselves, which have long since perished.

ايک آٹوگرافس (يعني وه كتابيں جنكو خود الهامي لكهنے والوں نے لكها تها) ان ميں كے سب نسخے ناپيد هوگئے ' كوئي بهي موجود نهيں هے *

2ndly, Apographs or copies made from the originals, and multiplied by repeated transcription. These apographs are also divided into the more ancient, which formerly enjoyed the highest authority among the Jews, but have in like manner perished long ago; and into the more modern, which are found in various public aud private libraries. The manuscripts which are still extant, are subdivided into two classes as follow.—

دوسرے آپوگرافس (يعني وه نسخے جو اصلي نسخوں سے نقل هوئے تهے) اور جو مكرر اور بهكرر نقل هوتے هوتے بهت كثرت سے پهيل گئے تهے ' يهه پچهلے نسخے بهي دو قسم كے تهے ' ايک پرانے ' جو يهوديوں ميں بهت معتبر اور سندي گنے جاتے تهے ' مگر يهه نسخے بهي مدت سے معدوم هوگئے هيں ' دوسرے نئے ' جو سركاري كتب خانوں ميں ' يا لوگونكے پاس موجود هيں ' اور يهه بهي دو قسم كے هيں *

1st, Rolled manuscripts, which are used in the Synagogues.—

اول رولڈ مينيوسكرپٹس (يعني وه قلمي نسخے) جو معابد ميں كام ميں آتے هيں *

2ndly, Square manuscripts, which are used by the private individuals among the Jews.—

دوم سكيوئر مينيوسكرپٹس (يعني وه قلمي نسخے) جو مربع تقطيع پر لكهے هيں ' اور عام لوگونكے كام ميں آتے هيں *

In the period between the sixth and the tenth centuries, the Jews had two celebrated academies, one at Babylon in the east, and another at Tiberias in the

درميان چهٹي اور دسويں صدي كے يهوديوں كے دو مدرسے تهي ' ايک بابل ميں جو مشرق ميں هے ' دوسرا تبيريس

west; where their literature was cultivated, and the Scriptures were very frequently transcribed. Hence arose two recensions or editions of the Hebrew Scriptures; the recension of Scriptures followed by the former academy, was called the Oriental readings, and that followed by the latter the Occidental. The Scriptures of these two recensions were collated in the eighth or ninth century. The differences or various readings observed in them were noted, and variously computed at 210, 216 and 220. The differences observed by the academy of the east were designated the eastern readings, and those observed by that of the west the western readings.

میں جو مغرب میں ہے ' ان دونو مدرسوں میں یہودیوں کے علم کا بڑا چرچا تھا ' اور کتب مقدسہ بہت کثرت سے نقل کی جاتی تہیں ' اس سبب سے یہودیوں میں کتب مقدسہ کی دو قسمیں پیدا ہوئیں ' جو نسخے پہلے مدرسہ میں مروج تہے ' وہ اوریَنٹل ریڈنگ (یعنی مشرقی نسخے) کہلاتے تہے ' اور جو دوسرے مدرسہ میں تہے ' وہ آکسی ڈنٹل ریڈنگ (یعنی مغربی نسخے) کہلاتے تہے ' آٹہویں یا نویں صدی میں ان دونوں نسخوں کا مقابلہ ہوا ' اور جہاں جہاں اختلاف تہا آسپر نشان کیا گیا ' اور وہ اختلافات مختلف طور سے شمار ہوئے ' اور اُنکی تعداد ۲۱۰ ' ۲۱۶ و ۲۲۰ تک تہی ' مشرقی نسخہ کے اختلاف ایسٹرن ریڈنگ ' اور مغربی نسخہ کے اختلاف ویسٹرن ریڈنگ کہلاتے ہیں *

In the eleventh century Aaron ben Asher, president of the academy at Tiberias, and Jacob ben Naphtali, president of the academy at Babylon, collated the manuscripts of the Oriental and Occidental Jews. The discrepancies observed by these eminent Jewish scholars amount to upwards of 864; with one single exception they relate to the vowel points, and are consequently of little value. The western Jews and the printed editoins of the Hebrew Scriptures almost wholly follow the recension of Aaron ben Asher.—

ابتدائے گیارہویں صدی میں عرن بن عشر پریسیڈنٹ مدرسہ تی بیریس ' اور یعقوب بن نفتالی پریسیڈنٹ مدرسہ بیبلن نے ' مشرقی اور مغربی یہودی قلمی نسخوں کا مقابلہ کیا ' اور جو ان نامی یہودی عالموں نے اختلاف پائے ' وہ ۸۶۴ سے زیادہ ہوتے ہیں ' ایک بات کو چہوڑکر باقی اعراب سے متعلق ہیں ' اور اس سبب سے چنداں لائق لحاظ نہیں ہیں ' مغربی نسخے ' اور عبری عہد عتیق کے چہپے ہوئے نسخے ' جو اب موجود ہیں ' اور ہمارے ملک میں بہی پائے جاتے ہیں ' وہ بہت کرکے عرن بن عشر کے نسخے کے پیرو ہیں *

Among the Jews five examplars have been particularly celebrated for their singular correctness, and from them all their subsequent copies have been made.

یہودیوں میں پانچ نسخے بطور نمونہ کے تہے ' جنہوں نے بالتخصیص نہایت صحیح ہونے میں بہت شہرت پائي تہي ' اور اُنہي نسخوں سے تمام نسخے اُنکے بعد کے صحیح ہوتے تہے *

1. The Codex of Hillel was a celebrated manuscript which some Rabbins had seen in the twelfth century; but the learned are by no means agreed that who this Hillel was. Some have supposed that he was the very eminent Rabbi Hillel who lived about six years before the birth of Christ; others imagine that he was the grandson of the illustrious Rabbi Jehuda Hakkadosh, who wrote the Misna, and that he flourished about the middle of the fourth century. Others, again, suppose that he was a Spanish Jew, named Hillel; but Bauer with greater probability supposes the manuscript to have been of more recent date, and written in Spain, because it contains the vowel points, and all the other grammatical minutiæ: and that the feigned name of Hillel was inscribed on its title in order to enhance its price.

اول کُودِکْسْ ہلل ' یہہ ایک مشہور قلمي نسخہ تہا ' اُسکو بعض یہودي عالموں نے بارھویں صدي میں دیکہا تہا ' مگر اِسبات میں نہایت اختلاف ہے ' کہ یہہ ہلل کون تہا ' بعضوں نے خیال کیا ہے کہ یہہ وہ مشہور عالم ہلل ہے ' جو ساتہہ برس پیشتر ولادت حضرت مسیح علیہ السلام سے تہا ' بعضوں نے کہا ہے کہ یہودا حکادوش جو مشہور عالم تہا ' یہہ ہلل اُسکا پوتا ہے ' جسنے مسنا لکہا ' اور جو چودھویں صدي میں نام آور ہوا ' اور بعضے کہتے ہیں کہ یہہ شخص ہلل نامي سپین کا ایک یہودي تہا ' بایر صاحب زیادہ بہروسے کے ساتہہ کہتے ہیں ' کہ یہہ نسخہ زمانہ حال کا لکہا ہوا ہے ' اور سپین میں لکہا گیا تہا ' کیونکہ اس میں اِعراب پائے جاتے ہیں ' اور صرف ونحو کے قواعد موجود ہیں ' ہلل کا نام فریبا اُسکي قدر بڑھانیکو اُسپر لکہہ دیا تہا *

2. The Codex of Ben Asher.
3. The Codex of Ben Naphtali.

} These have already been noticed by us. The first of them was held in much repute in Egypt, as having been revised and corrected in very many places by Ben Asher himself, and as it was the examplar which Maimonides followed in copying the Law, in conformity with the custom of the Jews.

دوئم کُودِکْسْ بن عشر
سوئم کُودِکْسْ بن نفتالي

} اِن دونوں نسخوں کا حال ابہي بیان ہوچکا ہے '

اِن دونوں میں سے پہلا نسخہ مصر میں اِسبات میں مشہور تہا : کہ اسکي بہت سے مقاموں کو خود ابن عشر نے صحیح اور نظر ثاني کیا ہے ' اور یہہ وہ نسخہ ہے ' جسکي میموني دیز نے توریت کي نقل کرنے میں بموجب یہودي رسم کے پیروي کي ہے *

4. **The Codex of Jericho is highly commended by Rabbi Elias Levita, as being the most correct copy of the Law of Moses, and exhibiting the defective and full words.**

چہارم کودکس جیریکو، اس میں صرف حضرت موسی علیہ السلام کی پانچوں کتابیں ہیں، ایک بڑے یہودی عالم الیس لویتا نے اسکی نہایت تعریف کی ہے، کہ یہہ بہت صحیح نسخہ کتب خمسہ موسی کا ہے، اسمیں صحیح لفظ اور غلط لفظ دونوں دکہلائے گئے ہیں ٭

5. The Codex Sinai was also a very correct manuscript of the Pentateuch, that presented some variations in the accents, in which respect it differed from the former.

پنجم کودکس سنی، اس میں بہی صرف حضرت موسی کی پانچوں کتابیں ہیں، یہہ بہی بہت صحیح نسخہ کتب خمسہ موسی کا ہے، اور اگلے نسخہ سے صرف لہجہ میں متفاوت ہے ٭

Another sixth Codex called Sanbouki, is mentioned by Pere Simon, as having been seen by him; but nothing certain is known respecting its date, or by whom it was written.

ایک چہٹا نسخہ اور تہا، جو کودکس سین بوکی کہلاتا ہے، پیرسائیمن بیان کرتے ہیں، کہ میں نے اسکو دیکہا، مگر اس امر میں کہ وہ کب لکہا گیا، اور کسنے اسکو لکہا، کوئی بات تحقیق معلوم نہیں ہے ٭

As the Hebrew Manuscripts which have been in use since the eleventh century, have all been corrected according to some particular recension or edition, they have from this circumstance been classed into families, according to the country where such recension has been received. The families or recensions are four in number.

گیارہویں صدی سے جسقدر یہودی نسخے پڑہنے پڑہانے میں چلے آتے ہیں، وہ کسی نکسی خاص نسخہ سے صحیح کیئے گئے ہیں، اسلیئے انکو باعتبار اس ملک کے، جہاں انکا رواج تہا، جدا جدا چار خاندانوں میں قرار دیا ہے ٭

1. The Spanish manuscripts which were corrected after the Codex of Hillel. Most Jews highly value them, while some Hebrew critics hold them in little estimation.

اول سپینش میڈیو سکرپٹس (یعنی وہ قلمی نسخے) جو سپین کے لوگوں میں مروج تہے، اور جو کودکس ہلل سے مقابلہ ہوکر صحیح کیئے گئے تہے، اکثر یہودی ان نسخونکی بہت قدر کرتے ہیں، مگر بعض محقق یہودی انکو زیادہ قدر کا نہیں جانتے ٭

2. The Oriental manuscripts are nearly the same as the Spanish manuscripts, and may be referred to the same class.

دویم اوریِ اینٹل مینیو سکرپٹس (یعني وہ قلمي نسخے) جنکا مشرقي ملکوں میں رواج تھا، یہہ نسخے اور اگلے نسخے ایک سے اور ایک هي درجہ میں سمجھنے کے لایق هیں *

3. The German manuscripts, which exhibit important readings that are not to be found in the Spanish manuscripts, but which agree with the Samaritan text of the Pentateuch, and with the ancient versions.

This class of manuscripts is little estimated by the Jews, but most highly valued by Biblical critics.

سویم جرمن مینیو سکرپٹس (یعني وہ قلمي نسخے) جنکا جرمن میں رواج تھا، اِن نسخوں میں امراهم کي عبارتیں اسطرح پر پائي جاتي هیں، کہ ویسي سپینش مینیو سکرپٹس میں نہیں هیں مگر یہہ عبارتیں سمیرٹین زبان کي کتب خمسہ سے اور قدیم ترجموں سے مطابقت رکھتي هیں، یہودي اِن نسخوں کو زیادہ معتمد نہیں سمجھتے، مگر محققین بیبل اُن نسخوں کي نہایت قدر کرتے هیں *

4. The Italian manuscripts hold a middle place between the Spanish and the German Codices.

چہارم اِٹالین مینیو سکرپٹس (یعني وہ قلمي نسخے) جو اٹلي میں مروج تھے، یہہ نسخے سپین اور جرمني نسخوں میں اوسط درجے کا اعتماد رکھتے هیں *

Further M. De Rossi has divided Hebrew manuscripts into three classes as follow.

علاوہ اِن قسموں کے، ایسم دي راسي صاحب نے تمام قلمي نسخوں کو، باعتبار زمانہ کے تین قسم میں تقسیم کیا هے *

1. *More ancient* or those written before the twelfth century.

اول جو بہت پُرانے تھے، یعني جو بارھویں صدي سے پیشتر کے لکھے هوئے تھے *

2. *Ancient* or those written in the thirteenth and fourteenth centuries.

دویم اوسط درجہ کے پرانے، یعني جو تیرھویں اور چودھویں صدي کے درمیان کے لکھے هوئے تھے *

3. *More recent* or those written at the end of the fourteenth or at the beginning of the fifteenth century.

سویم زمانہ حال کے یا وہ نسخے جو چودھویں صدي کے اختتام اور پندھرویں کے شروع میں لکھے گئے *

But the most recent, or those written since the fifteenth century, which are

مگر ایم دي راسي صاحب زمانہ حال کے نسخوں کو، یا اُنکو جو پندھرویں صدي سے

very numerous, aud are those found in the Synagogues, are pronounced to be of little or no use by M. De Rossi, unless it can be proved that they have been transcribed from ancient apographs.

لئے گئے هیں ' اور کثرت سے معبدوں میں پائے جاتے هیں ' قابل اعتبار کے نہیں جانتے تھے جب تک کہ یہہ بات ثابت نہو ' کہ وہ کسي قدیم نسخہ اَپِگْرافس سے نقل ہوئے ھیں *

The total number of Hebrew manuscripts collated by Dr. Kennicott for his critical edition of the Hebrew Bible, is about six hundred and thirty. The total number collated by M. De Rossi for his Collecti n of Various Readings, is four hundred and seventy nine manuscripts, besides two hundred and eighty eight printed editions. The following are the most ancient manuscripts collated by Dr. Kennicott.

ڈاکٹر کني‌کٹ صاحب نے ' عبري نسخہ صحیح کرنے کے لیئے ' عہد عتیق کے ۶۳۰ قلمي نسخونکا مقابلہ کیا ' اور ایم ڈي‌راسي صاحب نے اپنـــي کتاب مجموعہ اختلافات عہد عتیق کے بنانے کے لیئے ۴۷۹ قلمي نسخے ' اور ۲۸۸ چھپے ہوئے نسخوں کا مقابلہ کیا ' اُن میں سے جو نہایت قدیم نسخے تھے ' اور جنکا ڈاکٹر کني‌کٹ صاحب نے مقابلہ کیا تھا ' اُنکا بیان یہاں کیا جاتا ہے *

I. Codex Laudianus A. 172 and 162, and numbered 1. in Dr. Kennicott's list of Hebrew manuscripts. Some of the letters of this manuscript having become obliterated by the lapse of ages, have been written over a second time; and though such places were written in the same strong character, yet many of the words were becoming a second time invisible, when collated by Dr. Kennicott. This eminent critic assigns it to the tenth century, but De Rossi refers it to the eleventh.

۱ کوڈکس لاڈي اینس سنہ ۱۷۲ وسنہ ۱۶۲ ' ڈاکٹر کني‌کٹ صاحب کے یہودي نسخونکي فہرست میں اس نسخہ کا اول نمـــبر ہے ' یہہ نسخہ پُرانا تھا ' اور اِس سبب سے اُسکے الفاظ بعض جگہ سے اڑ گئے تھے ' اور اُنکو پھر روشن ســـیاهي سے دوبارہ بھرا تھا ' اور پھر وہ بھي مٹ چلے تھے ' ڈاکٹر کني کٹ صاحب کہتے هیں ' کہ یہہ نسخہ دسویں صدي کا لکہا ہوا ہے ' اور ایم ڈي راسي صاحب کہتے هیں ' کہ گیارهویں صدي کا لکہا ہوا ہے *

This Laudian manscript begins with Genesis XXVII. 31.; it contains fourteen thousand variations from Vander Hooght's Edition of the Hebrew Bible. More than two thousands are found in the Pentateuch, which confirm the Septuagint Greek version in one hunred and nine various readings; the Sy-

یہہ نسخہ شروع ہوتا ہے کتاب پیدایش باب ۲۷ ورس ۳۱ سے ' اِس نسخہ میں وانڈر هوٹ صاحب کے عبري نسخہ سے چودہ هزار اختلاف هیں ' جس میں سے دو هزار سے زیادہ حضرت موسیٰ کي پانچوں کتابوں میں هیں ' اور یہہ اختلافات ۱۰۹ جگہہ میں سپٹو اجنٹ سے مطابقت

riac, in ninety eight; the Arabic in eighty two; the Vulgate or Latin Version, in eighty eight; and the Chaldee Paraphrase in forty two; it also agrees with the Samaritan Pentateuch, against the printed Hebrew, in seven hundred instances.

کہتے ہیں ‌، اور ۹۸ جگہہ میں سریا زبان کے نسخہ سے ، اور ۸۲ جگہہ میں عربي زبان کے نسخہ سے ، اور ۸۸ جگہہ میں ولگت یعني لاطیني زبان کے نسخہ سے ، اور ۴۲ جگہہ میں کالدي پارافریز سے ، اور یہہ نسخہ سمارٹیں نسخہ کے کتب خمسہ موسٰی سے ۷۰۰ مقام میں مطابقت رکہتا ہے ، برخلاف چہپے ہوے عبري نسخہ کے *

What renders this manuscript the more valuable is, that it preserves a word of great importance for understanding 2. Samuel XXIII. 3-7., which word is confirmed by the Greek version, and thus recovers to us a prophecy of the Messiah.

اِس نسخہ پرجو زیادہ اعتبار کیا جاتا ہے ، اِسکي وجہہ یہہ ھے ، کہ کتاب دویم سموئیل باب ۲۳ ورس ۳ لغایت ۷ کے جس طرز کلام سے ، حضرت مسیح علیہ السلام کے آنیکي بشـــارت نکالي جاتي ھے ، اور جس طرز پر وہ کلام سپٹواجنت میں تہا اُسیطرح اس نسخہ میں بہي محفوظ تہا *

2. The Codex Carlsruhensis 1, (No. 154 of Dr. Kennicott's list of manuscripts) formerly belonged to the celebrated and learned Reuchlin; whose efforts contributed so much towards the revival of literature in the fifteenth century. This manuscript is now preserved in the Public library at Carlsruhe, and is the oldest that has a certain date.

It is in square folio and was written in the year of the world 4,866, corresponding with 1106 of the Christian æra. It contains the Prophets with the Targum.

۲ کوڈکس کارلس ریوھنسس پہلا ڈاکٹر کني کت صاحب کے قلمي نسخونکي فہرست میں ، ۱۵۴ نمبر پر یہہ نسخہ ھے ، ایک مشہور عالم ریوکلن کے پاس یہہ نسخہ تہا ، پندرھویں صدي میں علم کے تروتازہ ہونے میں اِس عالم نے نہایت کوشش کي تہي ، یہہ قلمي نسخہ مقام کارلس روہ کے سرکاري کتب خانہ پر موجود ہے ، جن نسخون پر تاریخ تحریر لکہي ہوئي پائي ھے ، اُن سب میں سے یہہ نسخہ نہایت قدیم ہے ، مربع تقطیع میں لکہا ھے ، اور سنہ ۴۸۶۶ پیدایش عـــالم مطابق ســـنہ ۱۱۰۶ ع کا لکہا ہوا ہے ، اِسمیں پرافیٹس معہ تارگم (یعني صحف انبیاء معہ تفسیر زبان کیلذي) کے شامل ھیں *

3. The Codex Viennæ (No. 590 of Kennicott) contains the Prophets and

۳ کوڈکس وي اینٰي ، ڈاکٹر کني کت صاحب کي فہرست میں اِسکا ۵۹۰ نمبر

Hagiographa. It is written on vellum in folio, and if the date in its subscription be correct (A. D. 1,018 or 1,019) it is more ancient than the preceding. Bruns collected two hundred important various readings from this manuscript. The points have been added by a later hand.

ہے ' اِس نسخہ میں پراِفٹس اور ہیجو گرپفا ہیں ' اور چمڑے پر لکھا ہوا ہے ' آسکے چندہ پر جوتاریخ ہے (یعني سنہ ١٠١٨ وسنہ ١٠١٩ ع) اگروہ صحیح ہو تو اگلے نسخوں سے بہي پرانا ہے ' ڈاکٹر برنس صاحب نے دوسو اختلاف عبارت بڑي بڑي باتونکے اِس نسخہ سے جمع کیئے ہیں زمانہ حال میں کسي شخص نے اِسمیں اعراب بڑھا دیئے ہیں *

4. The Codex Cæsenæ, in the Malatesta Library at Bologna, (No. 536 of Kennicott) is written towards the end of the eleventh century. It contains the Pentateuch, the Ḥaphtarath or sections of the Prophetical books, and the Megilloth, or five books of Canticles, Ecclesiastes, and Esther. De Rossi pronounces it to be a most ancient and valuable manuscript, and states that in its margin are inserted some various readings of still more ancient manuscripts.

۴ کوڈکس سیزني کتب خــانہ میلاٹسٹا مقام بالوگنا نمبر ٥٣٦ فہرست ڈکني کٹ صاحب یہہ نسخہ گیارھویں صدي کے اخیر کا لکھا ہوا ہے ' اور اِسمیں پہہ کتابیں ہیں ' پین ٹي ٹیک (یعني کتب خمسہ موسی) اور ہیفٹارتھہ (یعني پارہ ہاي کتب انبیاء) اور مگلتھہ (یعني پانچ کتابیں) کیں ٹي کلز (یعني گیت سلیمان) اور کتاب راعوت ' اور نوحہ یرمیاہ ' اور واعظ ' اور کتاب آستر ' ایم ڈي راسي صاحب اِس نسخہ کو نہایت پسند کرتے تہے ' اور بہت پرانا بتا تے تہے ' اور آسکے حاشیہ پر اور بہي زیادہ قدیم نسخوں کے بعض بعض اختلاف عبارت لکہے ہیں *

5. The Codex Florentinus 2, (No. 162 of Kennicott) is written towards the end of the eleventh, or at the latest, in the beginning of the twelfth century. It contains the books of Joshua, Judges and Samuel. Very many of the letters, which were obliterated by time, have been renewed by a later hand.

٥ کوڈکس فلورن ٹینس ' دویم نمبر ١٦٢ فہرست ڈاکٹر کني کٹ صاحب یہہ نسخہ گیارھویں صدي کے اخیر کا یا بارھویں صدي کے شروع کا لکہا ہوا ہے ' اِس میں کتاب یوشع ' اور قضــــات ' اور سموئیل ہیں ' جو لفظ کہ اِس نسخہ میں مٹ گئے تہے ' وہ دوبارہ لکھدیئے گئے ہیں *

6. The Codex Mediolanensis 9, (193 of Kennicott) is written towards the close of the twelfth century. This manu-

٦ کوڈکس مِڈي اولے ٹینسِس ' نہم نمبر ١٩٣ فہرست ڈاکٹر کني کٹ صاحب یہہ نسخہ بارھویں صدي کے اخیر کا لکہا

script comprises the Pentateuch. The beginning of the book of Genesis, and the end of Leviticus, and Deuteronomy, have been written by a later hand. Both erasures and alterations occur in this manuscript, and sometimes a worse reading is substituted in place of one that is preferable. Nevertheless it contains many good various readings.

هوا ہے ' اور اس میں حضرت موسی علیہ السلام کي پانچوں کتابیں هیں ' اور کتاب پیدایش کا شروع ' اور کتاب احبار اور استثنا کا انجام زمانہ حال میں زیادہ کیا گیا ہے ' اس نسخہ میں مٹ جانا حروف کا ' اور تبدیلیاں بهي واقع هیں ' اور بعض اوقات ایک بري عبارت اچهي عبارت کي جگہہ لکهدي گئي ہے ' باوجود اسبات کے اسمیں بہت سي اچهي عبارتیں مختلف پائي جاتي هیں *

7. The Codex Norimbergensis 4, (201 of Kennicott) contains the Prophets and Hagiographa. It is mutilated in various parts. It is of great antiquity, and from the similarity of its character to that of Codex Carlsruhensis, both Dr. Kennicott and M. De Rossi assign it to the beginning of the twelfth century.

٧ کودکس نارمبرجینسس ' چہارم نمبر ٢٠١ فہرست ڈاکٹر کني کت صاحب اس نسخہ میں صحف انبیاء اور اور مقدس کتابیں هیں ' یہہ نسخہ بہت پرانا ہے ' اور اکثر جگہہ سے شکستہ هوگیا ہے ' اس نسخہ کے حرفونسکي ' اور کودکس کارلس ربوهن سس کے حرفونکي ' آپسمیں بہت مشابہت ہے ' اس سبب سے ڈاکٹر کني کت صاحب ' اور ایم دي راسي صاحب نے اس نسخہ کو بارهویں صدي کے شروع کا لکها هوا قرار دیا ہے *

8. The Codex Parisiensis 27, (210 of Kennicott) is a manuscript of the entire Bible in an elegant Italic character. It is highly valued by Dr. Kennicott, and De Rossi, who refer it to the beginning of the twelfth century.

٨ کودکس پیري سي انسس ' بست هفتم نمبر ٢١٠ فہرست ڈاکٹر کني کت صاحب ' یہہ نسخہ پوري بیبل کا رومي خط میں ہے ' ڈاکٹر کني کت صاحب اور ایم دي راسي صاحب اسکو بہت پسند کرتے تهے ' اور بارهویں صدي کے شروع کا لکها هوا بتاتے تهے *

9. Coeval with the preceding is the Codex Regiomontanus 2, (224 of Kennicott) written in the Italic character, and it is mutilated in various parts.

٩ کودکس رجي اومان تنڈس ' یہہ نسخہ بهي رومي حرفوں میں آسي زمانہ کا لکها هوا معلوم هوتا ہے ' جس زمانہ کا اگلا نسخہ لکها هوا ہے ' اس میں پرانڈنس

اور هيجوگريفا كي كتابيں هيں ، مگر مختلف جگهه سے شكسته هورهي هيں *

10. To the beginning of the twelfth century likewise is to be referred the Codex Parisiensis 24, (No. 366 of Kennicott.) It is imperfect from Jerem: XXIX. 19, to XXXVIII. 2.; and from Hosea IV. 4, to Amos VI. 12.

١٠ كودكس پيري سي انسس ' بست وچهارم نمبر ٣٦٦ فهرست ڈاكٹر كني كٹ صاحب ' يهه نسخه بارهويں صدي كے شروع كا لكها هوا هے ' اور كتاب يرمياه باب ٢٩—١٩ سے ' لغايت باب ٣٨—٢ تك اور كتاب يوشع باب ٤—٤ سے ' لغايت كتاب عاموص باب ٦—١٢ تك ' ناقص هے *

The following are the most ancient of the manuscripts in the possession of late M. De Rossi, and collated by him, viz :—

اب مناسب هے ' كه جن پرانے نسخوں كا ڈاكٹر ايم ڈي راسي صاحب نے مقابله كيا اور اُنميں جو قديم نسخے هيں ' اُنكا بهي اِس مقام پر ذكر كيا جاوے *

The Codex, by him numbered 634, containing a fragment of the books of Leviticus, and Numbers,–from Levit: XXI. 19, to Numb: I,50.; and exhibiting every mark of the remotest antiquity. M. De Rossi assigns it to the eighth century.

١ كودكس نمبر ٦٣٤ ' اِس ميں ايك ٹكڑه كتاب احبار ' اور اعداد كا هے ' كتاب احبار باب ٢١ — ١٩ سے ' لغايت كتاب اعداد باب ١—٥٠ تك هے ' نهايت قديم هونے كي اُس ميں بهت سي علامتيں پائي جاتي هيں ' ايم ڈي راسي صاحب كے نزديك آٹهويں صدي كا لكها هوا هے '

2. A manuscript of the Pentateuch (No. 503), containing from Genesis XII. 41, to Deuteronomy XV. 12. It is composed of leaves of various ages, the most ancient of which are of the ninth or tenth century.

٢ كودكس نمبر ٥٠٣ ' اِس نسخه ميں منجمله كتب خمسه حضرت موسى كي ' كتاب پيدايش باب ١٢ — ٤١ سے ' كتاب استثنا باب ١٥—١٢ تك هے ' اِس ميں مختلف زمانوں كے ورق ملے هوئے هيں ' اور پرانے سے پرانے ورق ' نويں يا دسويں صدي كے لكهے هوئے معلوم هوتے هيں *

3. A manuscript of the Pentateuch (No. 10), with the Targum and Megilloth. It is written towards the end of the eleventh, or in the beginning of the twelfth century. The chracter

٣ كودكس نمبر ١٠ ' يهه قلمي نسخه بهي كتب خمسه حضرت موسى كا ' معه ٹارگم (يعني تفسير زبان كيلڈي) اور پانچ كتابوں گيت سليمان ' اور كتاب راعوت اور

which is defaced by time, is rudely formed.

نوحه يرمياه اوروعظ اور كتاب استر كے هے ، اور گيارهويں صدي كے اخير يا بارهويں صدي كے شروع كا لكها هوا هے ، بسبب پرانے هونے كے جو حرف مٹے هوئے تهے ، پهركر بنائي گئي هيں *

4. A manuscript of the book of Job, coeval with the preceding one. It is one of the most valuable manuscripts of that book.

۴ قلمي نسخه كتاب ايوب كا ، عمده نسخوں ميں سے نهايت عمده يهه نسخه هے ، اور اگلے نسخه كا هم زمانه هے *

5. A manuscript of the Hagiographa (No. 379), the date of which corresponds with that of the preceding one. It begins with Psalms ch. 49, V. 15., and ends with Nehemiah Ch. 40, V. 4.

۵ قلمي نسخه هيجوگريفا كا نمبر ۳۷۹ تيسرے اور چوتهے نسخه كا همعصر هے ، يهه نسخه زبور كے باب ۴۹ — ۱۵ سے ، كتاب نحميا كے باب ۴۰—۴ تك هے *

6. A manuscript of the Pentateuch (No. 611), written towards the close of the eleventh, or in the beginning of the twelfth century. The ink is frequently faded by age. There are frequent omissions in the text, which are supplied in the margin.

۶ قلمي نسخه پانچوں كتابوں حضرت موسى كا نمبر ۶۱۱ ، يهه نسخه گيارهويں صدي كے اخير كا ، يا بارهويں صدي كے شروع كا لكها هوا هے ، پرانا هونے كے سبب روشنائي پهيكي پڑ گئي هے ، متن ميں جو عبارت لكهنے سے ره گئي هے وه حاشيه پر لكهي هوئي هے *

Dr. Kennicott states that "almost all the Hebrew manuscripts of the Old Testament at present known to be extant, were written between the years 1000 and 1459, whence he infers that all the manuscripts written before the year 700 or 800 were destroyed by some decree of the Jewish senate, on account of their many differences from the copies then declared to be genuine. The circumstance is also alleged by Bishop Walton, as the reason why we have so few examplars of the age of 600 years, and why even copies 700 or 800 years old are very rare.

ڈاكٹر كني كٹ صاحب بيان كرتے هيں كه ، عهد عتيق كے عبري تمام قلمي نسخے جنكا موجود هونا اب همكو معلوم هے ، ايك هزار اور ايك هزار چارسو ستاون برسوں كے درميان كے لكهے هوئے هيں ، اور اِس سے وه يهه نتيجه نكالتے هيں ، كه تمام قلمي نسخے جو سات سو يا آٹهه سو برس بيشتر كے لكهے هوئے تهے ، يهوديوں كي سنٹ (يعني مجلس اُمرا) كے بعض حكموں كے بموجب معدوم كرديئے گئے تهے ، اِس سبب سے كه اُن نسخوں ميں اُن نسخوں سے جو اُسوقت ميں خالص گنے جاتے تهے ، بهت اختلاف تها ، اِسبات كو بشپ والٹن صاحب بهي

تصدیق کرتے هیں ' اور کہتے هیں که اِسي
سبب سے همارے پاس چهه سوبرس کے
نسخے چند هیں ' اور اِسي وجهه سے سات
سو یا آتهه سو برس کے نسخے بہت کمیاب
هیں *

Besides the above mentioned Hebrew manuscripts the Revd. Dr. Buchanan procured in 1806 a manuscript of the Pentateuch from the black Jews in Malabar, who (there is strong reason to believe) are descended from exiled Jews who settled there on the first dispersion of their nation by Nebuchadnezzar. The date of this manuscript cannot now be ascertained; but its text is supposed to be derived from the copies which these Jewish exiles brought with them into India. The present owners could give no precise account of it: some stated that it came originally from Senna in Arabia; others said, it was from Cashmeer. In the manuscript in question Leviticus and the greater part of Deuteronomy are wanting. Mr. Yeates has diligently examined and collated the manuscript with the printed text of the Vander Hooght's edition of the Hebrew Bible: and the result of his investigations is, that the variations in the whole do not exceed forty, and that none of them differ from the common reading as to the sense or interpretation but are merely additions or omissions of a jod or vau letter, making vowels full or deficient, according to the known usage of the Hebrew tongue. Even this

علاوه اِن نسخوں کے ایک عبري قلمي نسخه توریت کا ربوق ڈاکٹر بکینن صاحب کو سنه ۱۸۰۶ع میں ملیبار میں کالے یهودیوں کے پاس سے دستیاب هوا ملیبار کے یهودي یقینا اُن یهودیوں کے پس مانده هیں ' جنکو بخت نصر نے اول مرتبه جلاوطن کیا تہا ' اِس قلمي نسخه کي تاریخ ' که کب کا لکہا هوا هے ' تحقیق نہیں هوسکتي ' مگر گماں هوتا هے ' که اُن نسخوں سے لیا گیـــا هو گا ' جو اُنــکے باپ دادا هندوستان میں اپنے ساتهه لائے ' جب اُن یهودیوں سے اِس نسخه کے بـــاب میں پوچها گیا ' تو وه آسکي نسبت کوئي ٹهیک بات بیان نکرسکے ' بعضوں نے کہا که صنعاي عرب سے آیا هے ' اور بعضوں نے کہاکه کشمیر سے ' اِس نسخه میں کتاب احبار ' اور کتاب استثنا کا بہت ساحصه نہیں هے ' مسٹر اینٹس صاحب نے ' انڈرهوٹ صاحب کے چہپے هوے نسخه سے اِس نسخه کا مقابله کیا ' آسکي تحقیقات کا نتیجه یهه هے ' که تمام نسخه میں چالیس سے زیاده اِختلاف نہیں هیں ' اور اُن میں سے کوئي اِختلاف عام عبارت سے بلحاظ معني اور مراد متن کے تفاوت نہیں رکہتا صرف حرفوں کي کمي یا بیشي کا اختلاف هے ' جنسے بلحاظ مشهور محاوره یهودي زبان کے الفاظ کامل یا معیوب معلوم هوتے هیں '

small number of readings was considerably reduced, when compared with the text of Athia's edition, printed in Amsterdam in 1661; so that the integrity of the Hebrew text is confirmed by the important testimony of this valuable manuscript, Four readings are peculiar to this copy, which are not to be found in Dr. Kennicott's edition of the Hebrew Bible.

اورانهي آزصاحب کے چهاپے هوئے نسخه سے ' جو سنه ١٦٦١ع میں چهپا تها اوربهي کم إختلاف هیں ' پس اسطرح پر یهودي متن کي صداقت إنہں گران بها نسخه سے بخوبي ثابت هوتي هے ' اور آسکي شهادت بغیر کسي اعتراض کے بهت بڑي هے ' چار مقام کي عبارتیں اسي نسخه پر مخصوص هیں ' وه عبارتیں ڈاکٹر کني کٹ صاحب کي عبراني بیبل کے نسخه میں نهیں پائي جاتیں *

It must be borne in mind that as there existed the books of the Old Testament in Hebrew, in like manner there had existed in Hebrew the autograph or original manuscript of the gospel of St. Matthew; but nearly twelve hundred years subsequently it disappeared. The manuscripts of the New Testament that are extant in Greek, are now considered as the originals. I may therefore make a quotation in this place about Greek biblical manuscripts from Horne's Introduction.

یهه بات بهي جانني چاهئے ' که جسطرح عهد عتیق کي کتابیں عبراني زبان میں تهیں ' اسیطرح سینٹ متي کي لکهي هوئي انجیل بهي دراصل عبراني زبان میں تهي ' مگر باره سوبرس کے قریب سے وه انجیل معدوم هوگئي هے ' اور اب عهد جدید کے یوناني زبان کي کتابیں اصلي گني جاتي هیں ' اسواسطے مناسب هے ' که یوناني قلمي نسخونکا بهي هارن صاحب کي کتاب سے اِس مقام پر کچهه ذکر کیا جاوے *

هارن صاحب انٹروڈکشن جلد ۲ حصه ۱ باب ۳ فصل ۲

Very few manuscripts contain the whole either of the Old or of the New Testament. By far the greater part have only the four Gospels, because they were most frequently read in the churches; others comprise only the Acts of the Apostles, and the Catholic Epistles; others, again, have the Acts, and Saint Paul's Epistles; and a very few contain the Apocalypse. Almost all of them, especially the more ancient manuscripts, are imperfect, either from the injuries of time or from neglect. All manu-

یوناني نسخے بهت کم هیں ' جنمیں عهد عتیق اور عهد جدید دونو کي کتابیں موجود هوں ' بهت سوں میں صرف چاروں انجیلیں پائي جاتي هیں ' کیونکه وه نهایت کثرت سے گرجوں میں پڑهي جاتي تهیں ' اور بعض نسخوں میں صرف اعمال حواریین اور کیتهلک نامے ' اور بعض میں اعمال اور سینٹ پال کے نامے اور چند نسخوں میں ایپوکلیپس (یعني مشاهدات سینٹ یوحنا) موجود هیں ' سب نسخے خصوصا زیاده قدیم نسخے زمانه

scripts, the most ancient not excepted, have erasures, and corrections; which, however, have not always been effected so dexterously, but that the original writing may sometimes be seen. Where these alterations have been made by the copyist of the manuscript, they are preferable to those made by later hands. These erasures were sometimes made by drawing a line through the word, or what is much worse, by means of the penknife. But besides these modes of obliterations, the copyists frequently blotted out the old writing with a sponge, and wrote other words in lieu of it: nor was this practice confined to a single letter or word, as may be seen in the Codex Bezæ. Authentic instances are on record in which whole books have been thus obliterated, and other writing substituted in place of the manuscript so blotted out: but where the writing had already faded through age, they preserved their transcriptions without further erasure.

کے ضرر سے یا غفلت سے ناقص ہوگئے ہیں ' تمام نسخوں میں پہلے لکھے ہوئے کو مٹایا ہے اور اسکو صحیح کیا ہے بعضی جگہہ خوب نہیں مٹایا ہے ' اسلیئے اصلي لکھا ہوا بھي معلوم ہوتا ہے ' جس مقام پر نقل کرنے والے نے صحیح کیا ہے ' وہ تصحیح بہ‌نسبت اس تصحیح کے جو بعد کو کي گئي ہے معتبر سمجھي جاتي ہے ' محو کرنا پہلے لکھے ہوئے کا کہیں تو اسطرح پر کیا ہے ' کہ لفظوں پر لکیر کھینچ دي ہے ' اور کہیں چاکو سے چھیلا ہے ' اوراکثر جگہہ لکھنے والینے اسفنج سے مٹادیا ہے ' اور اسکي جگہہ اور لفظ لکھدیئے ہیں ' اور اسطرح کا مٹانا ایک حرف یا لفظ ہي پر موقوف نہیں ہے ' جیسے کہ کوڈکس بیزي کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے ' صحت کے ساتھہ کتابوں میں سندیں پائي جاتي ہیں ' جنسے معلوم ہوتا ہے ' کہ اسطرح پر ساري کتابیں کي کتابیں مٹائي جاتي تھیں ' اور اور کتاب بجاے اس قلمي کتاب کے جو مٹائي گئي تھي لکھے جاتي تھي مگر جہاں کہیں تحریر بسبب زمانہ دراز کے اڑگئي تھي ' تو انکو بغیر زیادہ مٹانے کے بدستور قدیم رکھتے تھے ' اور اسي پر لکھہ دیتے تھے *

These manuscripts are termed Codices Palimpsesti, or Rescripti. Before the invention of paper, the great scarcity of parchment in different places induced many persons to obliterate the works of the ancient writers, in order to transcribe their own, or those of some other favourite author in their place: hence doubtless the works of many eminent authors have perished, and particularly

یہہ نسخے کہلاتے ہیں ' کوڈ آئي سز پالمپسسٹي یا ري‌سکرپٹي (یعني ایک نسخہ جسمیں سے ایک تحریر مٹائي گئي ' اور اسکي جگہہ دوسري لکھے گئي) بسبب قلت پارچہ منت (یعني بني ہوئے چمڑے یا کپڑے کتاب لکھنے کے) بہت سے لوگ اگلے مورخوں کي لکھي ہوئي کتابیں مٹانے لگے ، اس مطلب سے کہ

those of the greatest antiquity; for such, as were comparatively recent, were transcribed to satisfy the immediate want; while those which were already dim with age, were erased. It was for a long time thought, that this destructive practice was confined to the eleventh, twelfth, thirteenth, and fourteenth centuries, and that it chiefly prevailed among the Greeks: it must, in fact, be considered as the consequence of the barbarism which overspread those dark ages of ignorance; but this destructive operation was likewise practised by the Latins, and is also of a more remote date than has usually been supposed.

اپنے یا کسي دوسرے مورخ کي کتاب ' جسکو وہ چاھتے ھیں ' اُسپر نقل کرلیں اِس سبب سے بہت سي کتابیں مشہور مورخوں کي معدوم ھو گئیں ' خصوصا بہت قدیم کتابیں ' کیونکہ زمانہ حال کي کتابیں اُسوقت کي حاجت روائي کو اُن قدیم کتابوں پر ' جو بسبب گذرنے زمانہ کے دھندلي ھوگئي تھیں اور مٹائي گئي تھیں نقل کرلي گئیں تھیں ' مدت تک یہہ خیال کیا گیا تھا ' کہ یہہ بد استعمال گیارھویں بارھویں تیرھویں چودھویں صدي تک رھا اور بالتخصیص یونان میں جاري تھا ' مگر حقیقت میں یہہ ایک نتیجہ وحشت کا تھا ' جو اُن جہالت کے زمانوں میں پھیلا ھوا تھا ' چنانچہ یہي بد استعمال رومیوں میں بھي رایج تھا ' اور جیسا کہ عموما خیال کیا گیا تھا ' اُس سے زیادہ اخیر زمانہ تک اُن لوگوں میں یہہ استعمال جاري رھا *

بھي جاننا چاھیے ' کہ ان کتابوں کا زمانہ
تحریر معین کرنا دقت سے خالي نہ تہا '
کیونکہ اگلے زمانہ میں سال تحریر کا کتابوں پر
لکھنا مروج نہ تہا ' مگر بڑے بڑے عالموں
واقف کاروں نے ان کتابونکو دیکھہ کر بلحاظ
رسم خط ' اور قواعد تحریر کے جو وقتا
فوقتا بدلتے رہے ' اور نیز بلحاظ رنگ اور
روغن اُن چیزوں کے جن پر یہہ کتابیں

order of arrangement; of the color, polish, or ragged state of the parchment or dressed skins upon which the sacred records were engrossed. There are no other means whatever by which to determine the matter, and it is for this reason that the learned differ so greatly from one another in fixing the dates of these manuscripts. On the whole the combined result of their labors and efforts in fixing the probable æra and consequent value of the sacred writings must be accepted as establishing beyond cavil the fact that these books are very ancient, and far more trustworthy than the works of later times.

لکھی گئیں تھیں ' اور بلحاظ اُن کے شکستہ اور بوسیدہ اور پرانے ہونے کے ' ہرایک کتاب کا زمانہ تحریر قایم کیا ہے ' کیونکہ اسکے سوا اور کچھہ چارہ نہ تھا ' اور اسي سبب سے نسبت زمانہ تحریر کے اختلاف راے ہوا ' مگر سب کي راے سے اسقدر نتیجہ بالاتفاق نکلتا ہے ' کہ یہہ کتابیں پرانی ہیں ' اور بلاشبہہ حال کے لکھے ہوئے نسخوں سے معتبر ہیں *

At a period when these books and all others were in manuscript alone and the art of printing was unknown, it was scarcely possible for the different copies to remain free from errors or various readings. Mr. Horne says: "the Old and New Testaments, in common with all other ancient writings, being preserved and diffused by transcription, the admission of mistakes was unavoidable: which increasing with the multitude of copies, necessarily produced a great variety of different readings."

باایں ہمہ جبکہ یہہ سب کتابیں قلمي تھیں ' اور فن چھاپہ کا نامعلوم تھا ' علاوہ انکے اور بہت سے نسخے قلمي موجود تھے ' تو کسیطرح ممکن نہ تھا ' کہ اُنمیں غلطیاں واقع نہوتیں † ہارن صاحب لکھتے ہیں کہ عہد عتیق اور عہد جدید کي کتابیں اور دیگر تمام قدیمي تحریریں عموما بذریعہ نقل کے ہرایک پاس ہیں ' اور مروج ہوئي ہیں اسلیئے ممکن نہ تھا کہ اُنمیں غلطیاں داخل نہوتیں ' اور جسقدر کثرت سے کتابیں بڑھیں اوسیقدر غلطیاں اُنمیں پڑیں ' اور اختلاف عبارت اُنمیں پیدا ہوئے *

† جلد ۲ صفحہ ۳۱۴

Michaelis, in his Introduction to the New Testament Vol. 1. P P. 263-268, says, that in profane authors, according to Dr. Bentley, where only one manuscript of a particular author had the luck to be preserved, as of Veilleus Paterculus among the Latins, and Hesychius among the Greeks—the faults of the

مکیلس صاحب ڈاکٹر بنٹلي صاحب کا قول اپنے عہد جدید کے دیباچہ جلد اول صفحہ ۲۶۳ میں نقل کرتے ہیں ' کہ جن لوگوں کے پاس صرف ایک قلمي نسخہ بچا ہوا تھا ' جیسے رومي اور یوناني اُن میں یہودي معلموں کے ایسے قصور

پائے گئے ہیں ، اور اُنکی اصلاح میں ایسے عیب ملے ہیں ، کہ باوجود دو پوري صدیونکے ، نہایت عالم اور تیز فہم نکتہ چینونکي محنتونکي ، وہ کتابیں ابتک غلطیوں کا نِرا انبار ہیں ، اور اسیطرح رہیں گي ، برخلاف اسکے جہاں کہیں کسي مصنف کے بہت نسخے ہوتے ہیں اگرچہ بموجب مقدار نسخوں کے اختلاف عبارت ہمیشہ بڑھتے جاتے ہیں ، مگر وہ اصلي نسخہ جسکا مقابلہ ہنرمند اور عقیل لوگوں کے ہاتوں سے ہوا ہمیشہ بہت صحیح ہوتا ہے ، اور مصنف کے اصلي الفاظونکے قریب تر پہونچتا ہے *

transcribers are found so numerous, and the defects so beyond all redress, that notwithstanding the pains of the most learned and acute critics for two whole centuries, those books still are, and are likely to continue, a mere heap of errors. On the contrary where the copies of an author are numerous, though the various readings always increase in proportion, there the text, by an accurate collation of them, made by skilful and judicious hands, is always the more correct, and comes nearer to the true words of the author.

• اب ہمکو خیال کرنا چاہیے ، کہ کتابوں کے نقل کرنے میں غلطیاں اور اختلاف عبارت کیوں واقع ہوتے ہیں ، اور علي الخصوص کتب عہد عتیق ، اور عہد جدید میں کیوں واقع ہوئے *

We may now direct our attention to the causes, from whence arise the verbal errors in the process of transcription of ancient manuscripts in general and of the books of the Old and New Testament in particular.

مگر اول یہہ بات جان لیني چاہیے ، کہ مقابلہ کرتے وقت جو اختلاف نکلتے ہیں ، اُنمیں ایک ہي صحیح ہوگا ، اور باقي غلط ہونگے ، خواہ وہ غلطي نقل کرنے والیکے جان بوجھہ کر کي ہو ، خواہ نادانستہ اُس سے ہوئي ہو مگر ان غلطیونکا یہہ حال ہے ، کہ اگر کاتب سے نادانستہ کسي لفظ کے لکہنے میں کسیطرح کي غلطي ہوگئي ، تو اُسکا صحیح ہو جانا بہت آسان ہے ، لیکن اگر کاتب نے کسي لفظ کو دانستہ غلط لکہدیا ہے ، یا نادانستہ اُس سے کچہہ الفاظ یا عبارت لکہنے سے رہ گئي ہے ، یا دانستہ کوئي عبارت یا لفظ اُسنے ملادیئے ہیں ، یا نادانستہ کچہہ لفظ یا عبارت اصل کتاب میں مل گئي ہے ،

But previous to entering upon this subject, it may be proper to remark that when several manuscripts are collated, we must of necessity set up one as a standard by which to judge of the rest; that is to say, whatever apparent mistakes may be apparent in the standard, it must nevertheless be accepted as correct, while the errors of the other manuscripts must be exposed and rejected;—such errors may have proceeded either from the wilful corruption of the text by the copyist, or from his mistaking the right for the wrong. When a transcriber has inadvertently erred in a word, such an error can be easily corrected; but when, on the contrary, he has wilfully altered a word or

يا دانسته يا نادانسته اولٹ پلٹ هو گئي هے ، تو اُسوقت اُسکا صحيح كرنا بهت مشكل هوجاتا هے ، هارن صاحب لكهتے هيں " كه اكثـــر اصلي يا خالص عبارت كو دروغ اميز عبارت سے تميز كرنا مشكل هوتا هے " بهرحال مختلف الفاظ يا عبارت ميں سے جب ايك كا غلط هونا علانيه اور يقيني معلوم هوجاوے ، تو اُسكا نـــام غلط لفظ يا غلط عبارت هے ، جسكو انگريزي ميں اِرَّاٹا كهتے هيں ، اور جب اُن مختلف لفظوں ، يا مختلف عبارتوں ميں سے كسي پر غلط هونے كا يقين نهو ، بلكه شبهه رهے كه كون اِنميں سے صحيح هے اور كون غلط ، تو اُسكو اختلاف عبارت كهتے هيں ، جسكا نام انگريزي ميں ويريئس ريڈنگس هے *

جلد ۲ صفحه ۳۱۷ has negligently omitted a word or a whole sentence—or has imprudently added a word or a clause—or has wilfully or by mistake inverted some words or sentences, it is, in such instances, very difficult to correct an error so produced, as "It is very difficult" says Mr. Horne "to distinguish the genuine from the spurious." When among the errors and various readings of several books, those of one of them are demonstrated to be certainly incorrect or unauthentic, they are called errata; but when those of none of them can be proved spurious, and thus it cannot be determined which of them are correct, they are then denominated various readings:—

هارن صاحب لكهتے هيں " كه دو مختلف عبارتوں پر جب كبهي ذراسا بهي شك آجاتا هے ، تب اُن سب عبارتوں كا نام ويريئس ريڈنگس هوتا هے ، مگر اُسوقت كه جب ناقل نے علانيه جهوٹ لكها هو ، تو اُس عبارت كا نام اِرَّاٹا هوتا هے " اب ديكهنا چاهئيے كه اِن اختلافوں كے واقع هونے كے كيا كيا سبب هوتے هيں *

جلد ۲ صفحه ۳۱۷ Thus "whenever the smallest doubt" says Mr. Horne "can be entertained with respect to two or more different readings, they all receive the name of various readings; but in cases where the transcriber has evidently written falsely, they receive the name of errata." Now let us proceed to consider the causes by which various readings are produced.

هارن صاحب لكهتے هيں ، كه تمام نسخوں كو نقل كرايا گيا تها ، يا ناقلوں نے آپ هي نقل كيا تها ، اور جو كه ناقـــل غلطي كے امكان پر خدا كي طرف سے نگهباني نهيں كئے گئے تهے ، اسليئے جو غلطياں واقـــع هوئيں اُنكے چار سبب هيں *

Mr. Horne says that as all manuscripts were either dictated to copyists or transcribed by them, and as these persons were not supernaturally guarded against the possibility of errors, different readings would naturally be produced in the four following ways.

اول ناقلوں كي غفلت ، يا غلطيوں سے اختلاف كا هونا اور يهه كئي طرحپر هوتا هے *

I. Various readings have been occasioned by the negligence or mistakes of the transcribers.

(1.) **When a manuscript is dictated, whether to one or several copyists, the person dictating might not speak with sufficient clearness; he might read carelessly, and even utter words that were not in his manuscript; he might pronounce different words in the same manner. The copyist, therefore, who should follow such dictation, would necessarily produce different readings.**

۱ جبکه ایک شخص منقول عنه کو پڑھتا جاوے ٬ اور ایک یا بہت سے نقل کرنے والے اسکو لکھتے جاویں ٬ اور جو شخص پڑھ کر لکھواتا ہے ٬ وہ اچھي طرح نه بتاوے بلکه بے پرواهي سے پڑھے ٬ اور ایسے لفظ زباں سے نکالے ٬ جو اس نسخه میں نهوں جسکي وہ نقل لکھواتا ہے ٬ اور اسیطرح مختلف الفاظ زباں سے بتاوے ٬ تو اِس سبب سے ناقل سے جو اسکے بتائے بموجب لکھتا ہے ٬ بالضرور نقل میں اختلاف واقع هونگے ❋

(2.) Further, as many Hebrew and Greek letters are similar, both in sound, and in form, a negligent or illiterate copyist might occasion various readings by substituting one word or letter for another.

۲ عبري اور یوناني حرف آواز اور صورت میں مشابه هیں ٬ اس سبب سے غافل اور بیعلم نقل کرنے والا ایک لفظ یا حرف کو ٬ بجاے دوسرے لفظ یا حرف کے لکھه کر عبارت میں اختلاف ڈالدیتا ہے ❋

(3.) In like manner the copyists might have mistaken the line on which the copy before them was written, for part of a letter, or they might have mistaken the lower stroke of a letter for the line, or they might have mistaken the true sense of the original and thus have altered the reading; at the same time they were unwilling to correct such mistakes as they detected, lest their pages should appear blotted or defaced, and thus they sacrificed the correctness of their copy to the beauty of its appearance.

۳ منقول عنه جو لکیر کھینچ کر لکھے گئے تھے ٬ نقل کرنے والا اسکو کسي حرفکا جزو سمجھه گیا ٬ یا حرف کے کسي شوشه کو غلطي سے لکیر سمجھه گیا ٬ یا اسکے اصلي لفظ کے صحیح معنے کو غلط سمجھه کر اسطرح پر لفظ کو بدل دیا ٬ یا جب وہ غلط لفظ لکھه گیا اور اسنے جان بھي لیا ٬ که میں نے غلط لکھا مگر اس خیال سے که نقل میں کاٹ کوٹ هو کر بد صورت هوجاوے گي اسکو صحیح نکیا ٬ اور اپني نقل کي خوب صورتي پر اسکي صحت کو قربان کردیا ٬ اور اس سبب سے نسخوں کي عبارتوں میں اختلاف پڑ گیا ❋

(4.) A person having written one or more words in a wrong place, and not observing it, or not choosing to erase it, might return to the right line

۴ نقل کرنے والا لکھتا کہیں تھا اور لکھه گیا اور کہیں سے ٬ اور پھر اسکو خبر نهوئي یا خبر هوئي ٬ مگر اپنے لکھے کو مٹانا یا

and thus produce an improper insertion of a word or a clause.

کاٹنا پسند نکیا ' اور جہاں سے چھوٹا تھا وہیں سے پھر شروع کیا ' اور اسطرح پر ایک لفظ یا جملہ نا مناسب طرح سے داخل ہوگیا *

(5.) When a transcriber had made an omission, and afterwards observed it, he might then subjoin what he had omitted, and thus produced a transposition.

٥ نقل کرنے والے نے کوئي لفظ چھوڑ دیا ' اور جب اُسکو معلوم ہوا تو اُسنے اُس چھوٹے ہوئے لفظ کو ' اُس جگہہ پر لکھدیا جہاں اُسکو خبر ہوئي ' اور اسطرح پر لفظ الٹ پلٹ ہو گئي ' یعني کہیں کا کہیں لکھا گیا *

(6.) Another cause of various lections in Hebrew manuscripts is the addition of letters to the last word in the lines in order to preserve their symmetry; and in Greek manuscripts omissions are frequently occasioned by what is called homœaleteuton or when a word after a short interval occurs a second time in a passage. Here, the transcriber having written the word at the beginning of the passage, on looking at the book again from which he copies, his eye catches the same word at the end of the passage, and continuing to write what immediately follows, he of course omits intermediate words.

٦ عبري نسخوں میں اختلاف عبارتکا بڑا سبب یہہ ہے ' کہ سطرونکا اندازہ برابر رکھنے کے لیئے ' سطروں کے اخیر میں زیادہ لفظ بڑھا دیئے جاتے تھے ' اور یوناني قلمي نسخوں میں اکثر الفاظ اور جملہ اسلیئے لکھنے سے رہ گئے ' کہ ایک لفظ جو آچکا تھا تھوڑي دور بعد پھروهي لفظ آیا ' اور نقل کرنے والے کي نگاہ پہلے لفظ پر سے چوک کر دوسرے لفظ پر جاپڑي ' اور وہاں سے لکھنے لگا ' اور اُن دونوں لفظوں کے درمیان میں جو کچھہ آیا وہ لکھنے سے رہ گیا *

(7.) As all manuscripts were written in capital letters, and without any spaces between words or even sentences, syllables are frequently omitted or repeated. So, careless or ignorant transcribers have very often mistaken the notes of abbreviation, which are of frequent occurence in ancient manuscripts.

٧ تمام قلمي نسخے بڑے حرفوں میں لکھے جاتے تھے ' اور لفظوں بلکہ فقرونکے درمیان میں جگہہ نچھوڑتے تھے ' اس سبب سے کہیں لفظونکے جزو لکھنے سے رہ گئے اور کہیں مکرر لکھے گئے ' یا بے پرواہ اور جاہل نقل کرنے والیئے اختصار کے نشانوں کو جو قدیم قلمي نسخوں میں اکثر واقع ہوتے ہیں غلط سمجھا *

(8.) Lastly, the ignorance or negligence of transcribers has been a most

٨ بہت بڑا سبب اختلاف عبارت کا نقل کرنے والوں کي جہالت یا غفلت ہے

fruitful source of various readings, by their mistaking marginal notes or scholia for a part of the text. It was not unusual in ancient manuscripts to write in the margin an explanation of difficult passages, or a word synonymous to that in the text, but more usual and more easily understood, or with the intent of supplying a seeming deficiency; any or all of which might, in the copies taken from the manuscript in which these notes were written, be easily obtruded into the text itself.

که اُنہوں نے حاشیه پر جو شرح لکهي هوئي تهي اُسکو متن کا جزو سمجها ٬ قدیم قلمي نسخوں کے حاشیه میں مشکل مقامات کي شرح لکهنے کا اکثر رواج تها ٬ اور آساني سے سمجها جاتا تها ٠ که یهه حاشیه کي شرح هے ٬ پس اُن حاشیونکي شرحوں میں سے تهوڑا یا سب اُن نسخوں کے متن میں اساني سے مل گیا هوگا جو نسخے ایسے نسخوں سے نقل هوئے جنکے حاشیه پر شرحیں لکهي هوئي هونگي *

2. Errors or imperfections in the manuscript, from which a transcriber copied, are a further source of various readings.

دویم دوسرا سبب اختلاف عبارتوں کا خواه اُس قلمي نسخے میں غلطیوں کا هونا هے ٬ جس سے نقل لکهنے والے نے لي هے *

Besides the mistakes arising from the strokes of certain letters being faded or erased, others of a contrary nature may arise from the transparency of the paper or vellum, whence the stroke of a letter on one side of the leaf may seem to be a part of a letter on the other side of the leaf, and thus different words may be produced.

علاوه اُن غلطیوں کے جو بعض حرفوں کے سوشه کم هو جانے یا مٹ جانے سے واقع هوتي هیں ٬ چمڑے یا کاغذ کے مختلف حالات سے بهي پیدا هوتي هیں ٬ کاغذ یا چمڑا پتلا هو جس میں سے ایک ورق کا ایک طرف کا لکها هوا دوسرے طرف پهوٹ جاوے ٬ اور دوسري طرف کے حرف کا ایک جزو معلوم هونے لگے ٬ اور اور لفظ سمجهه میں آوے *

3. A third source of various readings is critical conjecture, or an intended improvement of the original text.

سویم اختلاف عبارتوں کا سبب یهه بهي هے ٬ که نکته چین قیاس سے اصلي متن کو ارادتا بهتر اور درست کرنے کي مراد سے صحیح کیا گیا هے *

In reading the works of an author of known literary reputation we ascribe grammatical or arthographical errors, if any are to be found, rather to a mistake of the printer than to a want of knowledge in the writer. In the

جبکه هم ایک مشهور عالم کي تصنیف کي هوئي کتاب پڑهتے هیں ٬ اگر اُسکي کتاب میں کوئي صرف نحو یا قواعد مناظره کي غلطي پاتے هیں ٬ تب اُس غلطي کو زیاده ترچهاپنے والے پر منسوب

same manner the transcriber of a manuscript attributes the faults of his original to the errors of a former copyist, and alters them, as he supposes they were written by the author. But if he carries his critical conjectures too far, he falls himself into the error which he intended to avoid. This may be done in various ways.

کرتے ہیں ' بہ‌نسبت اسکے کہ مصنف کیطرف نسبت کریں ' اسیطرح ایک قلمی نسخہ کا نقل کرنے والا ' جو اُس کتابمیں جس سے وہ نقل کرتا ہے غلطیاں پائے ' تو اُسکو ناقل اول کیطرف منسوب کرتا ہے اور پھر اُنکو وہ اپنی دانست میں اسطرح پر صحیح کرتا ہے ' کہ مصنف نے اُسکو یوں لکھا ہوگا ' لیکن اگروہ اپنے نکتہ چین قیاس کوبہت وسعت دیتا ہے ' تب وہ خود اُس غلطی میں پڑتا ہے ' جسکے رفع کرنے کا اُسنے ارادہ کیا تہا ' اور اُسکا غلطی میں پڑنا کئی طرح پر ہوسکتا ہے *

(1.) Thus the transcriber may take an expression to be faulty, which in reality is not so, or he may mistake the sense of the author, and suppose he has discovered a grammatical error, when in fact he himself construes falsely :— or the grammatical error intended to be corrected proceeded from the author himself.

۱ مثلا نقل کرنے والا ایک لفظ کوجو حقیقت میں صحیح ہے غلط سمجہہ لے ' یا جو مصنف کی مراد ہے اُسکو غلط سمجہے ' اور یہہ جانے کہ اُسنے صرف نحو کی غلطی پکڑی ' حالانکہ وہ خود غلطی پڑھے ' یایہہ بات ہوکہ وہ صرف نحوکی غلطی جسکے صحیح کرنے کا اُسنے ارادہ کیا ہے حقیقت میں خود مصنف ہی نے کی ہو *

(2.) Further, some critical copyists have not only corrected ungrammatical or inaccurate expressions, but have even converted inelegant into elegant phrases: and they have likewise omitted words that appeared to them superfluous, or the difference of which they did not understand.

۲ بعض نکتہ چین ناقلوں نے نادرست کلامونکو صرف صحیح ہی نہیں کیا ' بلکہ عمدہ طرز کلامونکو بجاے غیر عمدہ طرز کلامونکے بدلدیا ' اور اسیطرح اُنہوں نے اُن الفاظ کوجو اُنکو فضول معلوم ہوئے یاجنکے فرق کو وہ نہ سمجہے لکہنے سے چہوڑ دیا *

(3.) Of all the sources of various lections the most ample according to Michaelis, and the most productive of spurious passages in the New Testament, is the practice of altering parallel passages so as to render more perfect their

۳ اختلاف عبارت کے سببوں میں سے بموجب قول مکیلس صاحب کے ' بہت بڑا سبب جس سے عہد جدید میں دروغ آمیزمقامات نہایت کثرت سے پیدا ہوئے ہیں یہہ ہی ' کہ یکساں مقامات کو اسطرح

conformity to each other. The Gospels in particular have suffered in this way; and Saint Paul's Epistles have very frequently been interpolated, in order to make his quotations from the Old Testament harmonize with the Septuagint version, where they differed from the exact words of the latter.

تبدیل کیا گیا ہے ' جس سے اُن میں ایک دوسرے سے زیادہ کامل مطابقت کی جاوے اور خاص کر انجیلوں کو اس طریقه سے نقصان پہونچا ' اور سینٹ پال کے نامون کو اکثر مقامات میں سے اسلیئے اولت پلٹ کیا گیا ہے ' که اُسکے عہد جدید کے حوالوں کو اُن مقامات میں ' جہاں وہ سپٹو اجنٹ ترجمه کے بعینه الفاظ سے تفاوت رکھتے ہیں ' سپٹو اجنٹ ترجمه سے مطابق کریں *

(4.) Lastly, some critics have altered the New Testament in conformity to the Vulgate version, and thus produced various readings.

۴ بعض نکته چینوں نے عہد جدید کے نسخوں میں اسطرح اختلاف عبارت ڈالدیئے ' که اُنکو ترجمه ولگت کے مطابق تبدیل کردیا *

4. Wilful corruptions, in order to serve the purposes of a party, whether Orthodox or Heterodox, are another source of various readings.

چہارم ایک سبب اختلاف عبارت کا ایسی خرابیاں یا تبدیلیاں ہیں ' جو کسی فریق کے مطلب برائی کے لیئے دانسته کی گئی ہوں ' خواہ وہ فریق درست مذہب رکھتا ہو یا بدعتی ہو *

It is a fact that some corruptions have been designedly made by those who are termed Orthodox, and have subsequently been preferred when so made, in order to favor some received opinion, or to preclude an objection against it. So much has been quoted exactly word by word from Mr. Horne's treatises on the subject of various readings.

یہه بات تحقیق ہے ' که اُن لوگوں نے جو دیندار کہلاتے ہیں ارادتا بعض خرابیاں کیں ' جو خرابیاں یا تبدیلیاں اس دور اندیشی سے کی گئیں تہیں ' که جو مسئله تسلیم کیا گیا ہے ' اُسکو تقویت ہو ' یا جو اعتراض اُس مسئله پر ہوتا ہو وہ نہوسکے یہاں تک بعینه ہارن صاحب کے قول کی نقل ہے *

It must be acknowledged that the occurrence of errors, at the time of transcribing, is not only confined to the Scriptures, but extended indeed to all other books likewise; so much so that even our holy Koran of which there are thousands of manuscripts, is not free

اسبات کا اقرار کرنا چاہئیے ' که نقل ہونے میں غلطیوں کا واقع ہونا کچہه انہی کتابوں پر موقوف نہیں ہے ' بلکه جو کتابیں ہاتہه کی لکہی ہوئی ہونگی ' اُن سب میں غلطیاں واقع ہونگی یہاں تک که قران مجید جسکے ہزارہا قلمی

from such errors; but it must be understood that our holy Koran has never been, nor can be, liable to the errors arising from the faults of copyists; because we Mohomedans do not merely rest our faith on what is written in a copy of the Koran, but on what has been to this day, handed down from man to man in a connected chain, since from the very moment that the holy Koran descended from heaven down to the present time it has always been preserved in their hearts by each succeding generation of Mohomedans. Hence it is that when certain contradictions are found in a manuscript, we are sure to distinguish, without all danger of error, between what is right and what is wrong. If all the manuscripts and printed editions of the holy Koran were to disappear or perish from the face of the world, we should not be in need of any copy of the Koran at all, to restore its contents to us; for there is not a city or town in which a certain number of persons could not be found, who have the holy Koran from beginning to end so indelibly engraven on the tablets of their memory, that they could readily repeat all the verses of its chapters, and rightly determine the proper place and extent of every verse; and who could judge as to the correctness of its every word, as regards the spelling, the vowel point, and the accent. And all such guardians of our holy Koran will be found supported by a connected chain of proof terminating in our Prophet. Thus it is quite apparent hat when such means are secured to us

قلمي نسخے پائے جاتے هيں ' وہ بهي اس سے خالي نهيں هيں ' مگر اتنا فرق هے كه كاتبونكي غلطي سے همارے قران مجيد كو كچهه نقصان نهيں پونچها ' اور نه پونچهه سكتا هے ' كيونكه هم مسلمان صرف تحرير پر بهروسا نهيں كرتے ' بلكه روز نزول قران مجيد سے اجتك جو سينه بسينه بسند متصل حفظ چلا آتا هے ' اوسپر اعتماد كرتے هيں پس اگر كسي قلمي نسخه ميں كوئي غلطي يا اختلاف نكلے ' اسي وقت اصلي اور غلط لفظ ميں اسطرح پر تميز هو جاتي هے ' جس ميں كسيطرح كا شبهه نهيں رهتا يهاں تك كه اگر اسوقت تمام زمانے ميں سے قران مجيد كے قلمي اور چهاپه كے نسخے معدوم هو جاويں ' تو همكو قران مجيد كے موجود كرنے كے ليئے كسي نسخه كي حاجت نهيں هے كيونكه هرايك شهر اور قصبه ميں ايسے بهت آدمي نكلينگے ' جنكو تمام قران مجيد من اوله الى آخره بقيد آيت اور لفظ اور اعراب اور قرات كے ياد هو گا ' اور هرايك كے پاس اپنے سے جناب پيغمبر خدا صلى الله عليه وسلم تك سند متصل موجود هو گي جس كے سبب كسيطرح اسكي صحت پر اور اسبات پر كه درحقيقت وهي بعينه اور بلفظه نازل هوا ' كسيطرح كا شبهه نهيں هوسكتا *

for determining the strict accuracy of every passage of our holy Koran, no difficulty can arise on this point.

Having thus referred to the causes of the various readings of the Scripture manuscripts, let us now proceed to investigate how they could be determined. The Christian doctors have greatly laboured to reconcile the manuscripts of the Scriptures with their autographs, and the methods pursued by them in so doing, are six in number viz.;—

1. Manuscripts.
2. The most ancient and best editions.
3. Ancient versions.
4. Parallel Passages.
5. Quotations from the Fathers.
6. Conjectural Criticism.

1. The Christian doctors have admitted those manuscripts to be authentic and trustworthy, which have been under the guardianship of the Jewish, Samaritan, and Christian Churches, although they contain those errors which have crept in from whatever cause.

They have preferred the authority of one single authentic manuscript to that of several; for a single such manuscript may contain many such correct readings that were not to be found in many manuscripts put together. Hence the quality and antiquity of manuscripts are rather to be considered than their number.

بہر حال جبکہ ہمکو قلمی نسخوں کے اختلاف کے اسباب معلوم ہوگئے تو اب اسبات پر غور کرنا چاہیئے کہ اُن کی صحت کس طرح پر ممکن تھی علماء مسیحی نے ان کتابوں کو اصلی نسخہ کے مطابق صحیح کرنے پر بہت کوشش کی ہے اور چھہ اصول قرار دیئے ہیں ' جنسے اُنہوں نے قلمی نسخوں کو حتی الوسع صحیح کیا ہے *

اول قلمی نسخے *

دوم نہایت قدیم اور نہایت عمدہ اڈیشنز (یعنی چھپے ہوئے نسخے *

سوم قدیمی ترجمے *

چہارم یکساں مقامات *

پنجم اگلے مصنفوں کی کتابیں جنمیں کتب مقدسہ کے فقروں کی نقلیں ہیں *

ششم قیاسی اصلاح *

۱ علماء مسیحی نے اُن قلمی نسخوں کو جو یہودی اور سمارتیں اور عیسائی گرجوں کی نگہبانی میں تھے ' بہت معتبر سمجھا ہے ' باوجود اسبات کے کہ اُن میں بھی کسی سبب سے جو غلطیاں داخل ہوگئی تہیں وہ اُن میں موجود ہیں *

علاوہ اسکے عیسائی علمانے ایک ہی معتبر صحیح نسخہ کی سند کو کئی نسخوں کی سند سے ترجیح دی ہے ' اور نسخوں کی عمدگی اور خوبی اور قدامت پر زیادہ خیال کیا ہے ' نہ اُسکی تعداد پر ' کیونکہ جو اچھا ایک نسخہ ہے ممکن ہے کہ اُس میں صحیح عبارت ہو

اور بہت سے نسخوں میں نہو *

جو قلمي نسخے اُن نسخوں سے مطابقت رکھتے هیں جنکو قدیم مترجموں نے استعمال کیا تہا ' اُن پر زیادہ بھروسا کیا ہے *

Those manuscripts are accounted the best, which are most agreeable to those used by the ancient interpreters.

نئے لکھے ہوئے نسخوں کو بھي عموما نا معتمد نہیں ٹہرایا ' کیونکہ ممکن ھے کہ شاید وہ نسخہ کسي عمدہ اور قدیم نسخے سے نقل کیا گیا ہو *

The lately written manuscripts are not always to be regaded as unreliable, for it is possible that such a manuscript should have been copied from a correct authentic manuscript.

ایک اچھے لکھے ہوئے نسخہ کو برے لکھے ہوئے نسخہ سے ترجیح دي ھے *

An accurate manuscript is preferable to one that is negligently written.

جن قلمي نسخوں میں کوئي لفظ مٹاکر دوسرا لفظ لکھدیا تہا ' عموما اس دوسرے لفظ کو صحیح تصور نہیں کیا ' بلکہ دونوں میں سے جونسا اچھا معلوم ہوا اُسکو پسند کیا ھے *

When a word is seen erased in some manuscript, and another was substituted, the substituted one is not generally preferred, but whichever of the two seems best to suit the subject, is chosen.

۲ چہپے ہوئے نسخونمیں جو اختلاف عبارت ہے ' اُس سے بھي غفلت نہیں کي گئي ' مناسب طرح سے اُسپر بھي لحاظ کیا گیا ھے *

2. The various readings to be found in the printed editions of the books of the Bible are not to be neglected; they are to be carefully attended to.

۳ قدیمي ترجمے اگرچہ غلطیوں سے آزاد نہیں ھیں ' مگر اُن سے صحیح اور اعلي عبارت کے تمیز کرنے میں نہایت مدد لي ہے *

3. Ancient versions, though not free from errors, may be consulted with great advantage in determining the correct reading.

۴ جب کوئي عبارت مشکوک ہو ' یا کچھہ کم ہو گئي ہو ' اور تمام طریقہ تصحیح کے اُسکي صحت سے قاصر ھوں ' اُسوقت مساوي مقامات سے مدد لي گئي ہے '. مثلا ایک مقام کي عبارت کي صحت پر شبہہ ہے ' اور وهي مضمون دوسري جگہہ بھي ایا ہے ' تو اُسکي مطابقت سے مشتبہ عبارت کي صحت کي گئي ہے *

4. When a reading is dubious, or lost, and all the means of determining or restoring it fail, parallel passages are then of great help; for instance, if a reading is doubted in a passage, and the same has occurred somewhere else, then if these both agree with each other, the reading formerly doubted is considered correct.

5. Quotations from the Old and New Testament in the writings of the Fathers shew what were the readings of their day, and are thus serviceable in the determination of various readings by a collation of them. But in doing so, the use of such editions is recommended as are in Greek; the more ancient they are, the more trustworthy they are considered.

٥ عہد عتیق اور عہد جدید کے فقرے اگلے مصنفوں کي کتابوں میں پائے جاتے ہیں ، اُن سے معلوم ہوتا ہے ، کہ اُس زمانہ میں کیاعبارت مستعمل تھي اُن کے مقابلہ سے بھي عبارت مختلف کي تصحیح کي گئي ہے ، مگر اسکام کے لیئے وہ کتابیں جو یوناني زبان میں تصنیف ہوئي ہیں معتبر ٹھرائي ہیں ، اور جسقدر پراني تصنیف ہو اُسیقدر زیادہ معتبر ہے *

6. In the application of critical conjectures to the decision of various readings the Christian divines have acted with great care and precaution: they assert that the conjectural critism of an interested party in his own case, is little better than subornation of testimony in a court of law; and consequently they have carefully and sparingly presumed to make use of this means of emendation.

٦ قیاسي اصلاح میں علماء مسیحي نے بہت احتیاط کي ہے ، اور نہایت غور سے اُسکو استعمال کیا ہے ، وہ کہتے ہیں " کہ ایک صاحب غرض کي قیاسي اصلاح اپنے هي مقدمہ میں ، اور برخلاف مستحکم شہادت کے ایسے گناہ سے کچھہ هي کم ہے جو گناہ آئین کي عدالت میں جھوٹي شہادت بنانے میں ہوتا ہے " اس سبب سے قیاسي اصلاح میں نہایت تامل سے دلیري کي گئي ہے *

However, conjectural readings, strongly supported by the sense, connexion, the nature of language, or similar texts, may sometimes be probable, especially when it can be shown that they would easily have given occasion to the present reading; but the conjectural readings which do not suit the subject, are contrary to the rules prescribed, or unauthorized or unsupported, are to be rejected.

مگر بعضي دفعہ ایسي قیاسي سي عبارتیں جو ازروے مراد یا ازروے تسلسل مضمون یا محاورہ زبان یا مشابہت نسخوں کے مستحکم ہونے میں غلبہ دي گئي ہیں ، خصوصا اُسوقت جبکہ یہہ بات ثابت ہو کہ اُنکا ہونا ضرور چاہیئے تھا ، اور جو عبارتیں اِسکے برخلاف ، یا ازروے عقاید مستعملہ کے نا جایز یا بے سند ہوتي تہیں ، اونکو نہیں مانا جاتا تہا *

"No one" "says Mr. Horne" should attempt this kind of emendation who is not most deeply skilled in the sacred languages; nor should critical conjectures ever be admitted into the text, for we never can be certain of the truth of

ہارنصاحب لکھتے ہیں ، کہ کسي شخصکو جو زبانہاي اقدس میں نہایت خوب واقف نہو نہ اس قسم کي اصلاحکا قصد کرنا چاہیے ، اور نہ قیاسي اصلاح کو متن میں شامل کرنا چاہیے ، کسواسطے کہ قیاسي

عبارت كي صداقت هرگز همكو تحقيق نهين هے ' بلاشبهه اگر ان قياسي اصلاحوں كو متن ميں داخل كيا جاوے توبالضرور نهايت پريشاني اور نا تحقيقي هو گي ' اِس مقدمه ميں مسورا كے قاعده كے بموجب ترجمه لكهنے والوں كي محنت اور ادب اس لايق هے ' كه هم آنكي نقل كريں ' وهلوگ هميشه اپنے قلمي نسخوں كے حاشيه پر اپنے خيالات يا قياسي اصلاحونكو لكهتے هيں ' مگر نهايت مذهبي طور سے متن كو اپنے خيالات كے بموجب تبديل كرنے سے پرهيز كرتے تهے ' اور يهه بات جاے تاسف هے ' كه آن كے طريق كي عهد عتيق اور عهد جديد كے مترجموں علي الخصوص عهد جديد كے زمانه حال كے مترجموں نے ' پيروي نهيں كي ' اِن لوگوں نے آن مطالب كو جو تحريرهاے اقدس ميں كچهه بنياد نهيں ركهتے هيں ' مستحكم كرنيكے لئيے اپنے خيالات كو متن ميں داخل كرنے ميں تامل نهيں كيا هے ' بالتخصيص يهه حال يوناني اور انگريزي عهد جديد كے آس نسخه كا هے ' جسكو ڈاكٹر ميسي صاحب نے چهپوايا ' اور آسكي گستاخ اور ناپاك اصلاحوں كو ڈاكٹر توولز صاحب نے گرفت كركر ملزم كيا ' اور نيز عهد جديد كے ترقي شده ترجمه سوشي كي متن كے چهاپنے والونكا بهي يهي حال هے ' جنكے خيالات اور غلط اصلاحوں اور ترجموں كو ' نيرز صاحب اور لارنس صاحب نے جو مذهب كي هرسه ماهي كے امورات پر نظر ثاني كرنے والے هيں ' اور اور مشهور نكته چينوں نے گرفت كركر الزام ديا هے *

merely conjectural readings. Were these indeed to be admitted into the text, the utmost confusion and uncertainty would necessarily be created. The diligence and industry of the Masorites are in this respect worthy of our imitation: they invariably inserted their conjectures in the margin of their manuscripts, but most religiously abstained from altering the text according to their hypotheses: and it is to be regretted that their example has not been followed by some modern translators of the Old and New Testament (and especially of the latter) who, in order to support doctrines which have no foundation whatever in the sacred text, have not hesitated to intrude their conjectures into the text. This is particularly the case with Greek and English New Testaments, edited by Dr. Macey, whose bold and unhallowed emendations were exposed by Dr. Twells, and also with the editors of the (Socinian) Improved Version of the New Testament, whose conjectures and erroneous criticism, and interpolations have been most ably exposed by the Revd. Dr. Nares, and Laurence, the Quarterly and Eclectic Reviewers, and other eminent critics.

Taking into consideration all the foregoing points connected with the Scriptures it must now be clear, that the Scriptures had become corrupted by various readings from the multiplicity of copies transcribed; and that the Christian doctors have, as faithfully as they could, endeavoured to remove those differences, and to restore the text in conformity with the originals of the sacred writers in the best way they could. For the attainment of this object they collected numerous ancient manuscripts and carefully examined and collated them with each other; and they corrected whatever errors and differences they found among them, and strove to harmonize to the utmost of their ability, one copy with another in accordance with the rules which have been already mentioned. But notwithstanding all their anxious and laborious efforts to reform and purify from errors the Scriptures, we Mohomedans hold it to be porbable, that there may still be some passages that may not correspond with the autographs or original manuscripts written by the Apostles themselves: because as the transcribers were not supernaturally gifted at the time of copying the manuscripts, and consequently failed to make strictly correct counterparts, so also those who made the subsequent emendations, and who were equally without Divine guidance in the matter, cannot be supposed to have done their work so perfectly as to be altogether faultless; for it is to be observed that the readings which they preferred after comparing various copies might not after all have

ان تمام حالات کے دریافت ہونیکے بعد یہہ بات قابل تسلیم ہے ' کہ کتابہائے اقدس کے نسخے بسبب کثرت سے نقل ہونیکے نہایت مختلف ہوگئے تہے ' اور اُن کے صحیح کرنے پر علماء مسیحی نے نیک نیتي سے نہایت درجہ پر سعي وکوشش کي ' اور جہاں تک ہوسکا ' اور جہاں تک نیک نیتي سے اُنکي سمجہہ میں آیا ' اُنہوں نے اُنکو صحیح کیا ' اور یہہ بات چاہي کہ مطابق اصل کے ہو جاویں ' چنانچہ اسي ارادے سے علماء مسیحي نے کتب مقدسہ کے بہت سے نسخے جمع کیئے اور اُن کا مقابلہ کیا ' اور جسقدر غلطیاں یا اختلاف عبارت اُن میں نکلے اُنکو بموجب اونہي قواعد کے جو ہمنے ابہي بیان کیئے صحیح کیا ' باایں ہمہ ہم مسلمانوں کے نزدیک اب بہي اسبات کا امکان باقي ہے کہ باوجود اسطرح پر مقابلہ اور تصحیح کے اب بہي ایسے مقامات ہوں ' کہ اُن اصلي نسخوں سے جنکو الہامي لکہنے والوں نے لکہا تہا مطابقت نرکہتے ہوں ' کیونکہ جسطرح نقل کرنے والے غلطي میں پڑنے سے خدا کیطرف سے بچائے نہیں گئے تہے ' اسیطرح صحیح کرنے والے بہي خدا کي طرف سے غلطي میں پڑنے سے محفوظ نہ تہے ' پس یقین نہیں کیا جاسکتا ' کہ اُنہوں نے کاملیت کے ساتہہ سب کو صحیح کیا ' کیونکہ یہہ بات غور کرنے کي ہے ' کہ جن قلمي نسخوں یا چہپے ہوئے نسخوں سے مقابلہ کرکر جو عبارت اُنہوں نے اختیار کي ہے ' وہ عبارت اصل نسخہ کي جسکو الہامي لکہنے والوں نے لکہا تہا نہو ' بلکہ جو عبارت اختیار نہیں کي وہ عبارت اُس اصلي نسخہ کي

conveyed the true sense of a doubtful passage; while on the other hand, that which they rejected as being spurious according to their judgment, might in fact have been the correct reading; and again the Parallel Passages, by which they collated readings, might not correspond in reality. The Quotations from the Fathers by which they also tested the different readings, cannot be relied upon, because the same difficulties present themselves in deciding upon the genuineness of the works of the Fathers, as those which occur in deciding that of the Scriptures; and suppose those works were allowed to be genuine, still the quotations which they make may not be faithful or corresponding with the autographs of the inspired writers. Further the conjectural criticism which the Christian doctors also used in correcting manuscripts, can never be admitted to have been exercised in such a way as to be in exact concord with the meaning of the inspired writers, despite all the care and judgment bestowed upon the work. Moreover, it was a very difficult task to determine the exact original where comments or marginal notes had been inserted in the text, where something of the text was omitted, or where the copyist had erroneously added something to the text.

هو ؛ یا یک سان مقامات کے مقابلہ سے جو عبارت صحیح کي هے وهاں ویسي یکسان عبارت نهو جسطرح پر صحیح کي ہے ، اگلے مصنفوں کي کتابوں میں کتب مقدسہ کے جو فقرات منقول هیں ، اور اُن سے بهي علماء نے مختلف عبارتوں کي تصحیح کي هے ، اُنکي صحت پربهي یقین نہیں هوسکتا ، اول تو اُس کتاب کي صحت پر جسمیں وہ فقرات منقول هیں وهي مشکلیں پیش اتي هیں جو کتب مقدسہ کے قلمي نسخونکي صحت میں پیش آتي هیں ، اور اگر هم یہہ تسلیم بهي کرلیں ، کہ وہ کتاب اُس مصنف کي اُسي اصلي نسخہ کے لفظ بلفظ مطابق هے ، جسکو اُسنے لکہا تہا ، تو پہر هم کسیطرح یہہ یقین نہیں کرسکتے ، کہ جو فقرہ کتب مقدسہ کا اُس میں منقول ہے ، وہ ایسے هي نسخہ سے نقل هوا ہے ، جو بالکل الهامي لکہنے والوں کے نسخہ سے مطابق تہا ، قیاسي اصلاح علماء عیسائي کي گو وہ کیسي هي هوشیاري اور احتیاط سے کي گئي هو ، کسیطرح یقین نہیں دلاتي ، کہ وہ بالکل الهامي لکہنے والوں کے نسخہ سے مطابق هوگئي ، جن قلمي نسخوں میں حاشیہ اور شرح کي عبارت متن میں شامل هو گئي ہے ، یا جنمیں سے اصل متن کي عبارت لکہنے سے رہ گئي ، یا جنمیں ناقلوں نے غلفت سے کچہہ گہٹا یا بڑها دیا ، اُن میں تمیز کرنا نہایت مشکل کام ہے *

By all these arguments we Mohomedans may, without reproach, infer that the Scriptures still contain some passages which may possibly be at variance

ان وجوهات سے هم مسلمان نتیجہ نکالتے هیں کہ ممکن هے کہ اب بهي کتابهاے اقدس میں ایسے مقام هوں جو اصلي نسخوں سے ، جنکو الهامي لکہنے والوں نے

in meaning, with the corresponding assages in the originals.

لکھا تھا مطابقت نرکھتے ہوں *

It must not nowever be supposed from what is said above, that we question the general harmony and conformity of the Bible with the autographs. On the contrary, we believe that it has been revised and corrected with as much conscientious care and patient industry as could possibly have been brought to bear on this most important task, but we may, at the same time, be permitted to assert that there are still some passages in it, that are not in exact agreement with their originals; and that there are also some passages in it, the fidelity of which to corresponding passages in the autographs is to this day a debated and doubtful question. Further, there may still be other such passages, of which no notice has hitherto reached us. I think that our views regarding these points cannot fairly be objected to by the Christians; nay, Christian commentators themselves hold the same opinion with us Mohomedans respecting them, as I hope to prove to the reader's satisfaction in the body of my commentary on the holy Bible at proper places.

ہماري اس گفتگو کا یہہ مطلب نہیں ھے ' کہ ھم تمام بیبل پر اسبات کا شبہہ رکھتے ھیں ' کہ وہ اصلي نسخوں سے جنکو الہامي لکھنے والوں نے لکھا تھا مطابقت نہیں رکھتي بلکہ ھم یقین کرتے ھیں ' کہ جہاں تک ھوسکا یہہ کتابیں نیک نیتي سے اصلي نسخوں سے مطابق کرنے کے لیئے صحیح کي گئیں ' الا چند مقام اب بھي ایسے ھیں ' جو بلاشبہہ اصلي نسخوں کے مطابق نہیں ھوے ' اور بعض ایسے ھیں جو اب تک مشتبہہ ھیں اور ممکن ھے کہ کوئي اور ایسے ھي مقام ھوں جنکي اطلاع ابتک ھمکو نہو میں سمجھتا ھوں کہ اس باب میں ھم مسلمانوں اور عیسائیوں میں کچھہ اختلاف نہیں ھے ' بلکہ تمام محققین علماء عیسائي کي یہي راے ھے جو ھم مسلمانوں کي ھے ' چنانچہ اسکا بیان آیندہ تفسیر میں اپنے اپنے مناسب مقام پر اویگا *

From the foregoing views respecting the Scriptures we Mohomedans are under the necessity of pondering deeply and anxiously, in order to draw true and real illumination from their pages; and I now proceed to make allusion to those rules, by which we are guided in attaining to that light; they are briefly comprehended under the two following classes :—

بلحاظ ان حالات کے ھمکو اسبات کي ضرورت پیش آئي ھے ' کہ ان پاک کتابوں سے اصلي اور سچي روشني حاصل کرنیکو زیادہ تر دقیقہ رس فکر کو کام میں لاویں چنانچہ ھم وہ قواعد اور اصول بیان کریں ' جنکے روسے ھم مسلمان ان پاک کتابوں سے ایسي روشني حاصل کرتے ھیں ' اور وہ قواعد دو چیزوں سے علاقہ رکھتے ھیں *

Firstly. Such as pertain to an inquiry after the genuineness of the *words* of Scriptnre, in order to find out the original words used by the inspired writers.

اول   اِن پاک کتابوں کے صحت الفاظ سے ' تاکه همکو وه اصلي الفاظ هاتهه آویں جو الهامي لکهنے والوں نے لکهے تهے *

Secondly. Such as relate to the use of a correct interpretation of the *sense* of those words, in order to attain to the meaning intended by the inspired writers.

دویم   اُن الفاظ کے معني اور مراد سے تاکه همکو معلوم هو که الهامي لکهنے والوں نے کس معني میں اور کس مراد میں ' اُن الفاظ کو استعمال کیا تها *

For the attainment of the former object we apply these two rules.—

پهلا مطلب حاصل هونے کے لیئے صرف دو اصول هیں *

1. Collate the ancient editions as carefully as is possible in the same manner as the Christian divines have done. But there is a little difference between our manner of doing so and theirs. The difference being this, that on meeting with two various readings the Christians are disposed to consider that one to be true and right, which is most conformable to their acknowledged faith; while, on the contrary, we Mohomedans, when deciding upon this point, do not apply to it the test of the principles of our faith, or of those of the opposite party; but out of the two various readings we hold that one to be authentic, which has proved to be so after a deep and diligent examination; and by it we abide.—

اول   مقابله کرنا اِن کتابوں کا جهاں تک ممکن هو پرانے اور صحیح نسخوں سے ' جیسا که علماء عیسائي نے کیا ' مگر اُن کے طریقه میں اور همارے طریقه میں تهوڑا سا اِختلاف هے ' اور وه یهه هے که علماء عیسائي نے بعض مقامات میں اُن اختلافات کو ترجیح دي هے ' جنسے اُن کے عقاید مسلمه کي تائید هوتي تهي هم مسلمانوں کا طریقه یهه نهیں هے ' بلکه هم صحت عبارت کے وقت مطلق اسباتکا خیال نهیں کرتے ' که همارے یا دوسرے شخص کے عقاید مسلمه کیا هیں ' بلکه هم دو مختلف عبارتوں میں سے اُس عبارتکو اصلي قرار دیتے هیں ' جو ایک پر غور امتحان پر همکو اصلي ثابت هووے ' اور پهر اُسکے بموجب جو اعتقاد برامد هو اُسکو اختیار کرتے هیں *

2. Study the Bible as a whole, and thus try to discover its general aim and purport. When there are two rival readings, that one which corresponds best with the obvious tendency of the rest of the Bible must be the correct one.

دویم هم تمام بیبل پر خیال کرتے هیں که اُس سے عام نصیحت اور عام هدایت کیا نکلتي هے ' اور عبارت مختلفه میں سے جون سي عبارت ' اُس عام نصیحت اور عام هدایت کے مطابق هوتي هے ' اُسکو هم ترجیح دیتے هیں *

For the attainment of the latter object, or for correctly interpreting the sense of the words of Scripture, our fundamental principle is that the purport of all the Scriptures is the same, and differs in no respects whatever; we therefore adopt such of the several meanings of words, as seem most consistent with the general connected scope and design of holy writ; and not such meanings as would convey a sense different from, or inconsistent with that general scope and design.

Accordingly when a verse is met with, the words of which convey a meaning inconsistent with common and connected purport of the whole Bible, we proceed first to inquire into the authenticity of those words, and if unsuccessful in this, we then take them in the sense most consistent with the tendency of the whole Bible; and, again, if such a sense cannot be deduced from the passage in question, we are in that case to designate the verse a doubtful verse, as it does not agree with the general spirit of the inspired writers; but we do not, for a moment, imagine that the reputation of the sacred writers is by any means damaged by this circumstance. If there be any one to affirm in our opposition to our views, that such a verse is not different from what it ought to be, the *onus probandi* will of course rest with him, and he will be expected to prove his assertion, that the disputed passage presents itself to us in precisely the same form in which it was constructed by the inspired penman himself. Next as regards the interpretation

دوسرا مطلب حاصل کرنیکو همارا اصول یہہ هے کہ هم اسبات کا یقین کرتے هیں ' کہ تمام بیبل کے مطالب متحد هیں ' اور اُن میں کسیطرح کا اختلاف نہیں ' اسلیئے هرایک لفظ اور هرایک عبارت کے وہ معنے اختیار کرتے هیں ' اور ایسی مراد لیتے هیں جس سے بیبل کی کسی نصیحت اور هدایت میں اختلاف واقع نہو ' اور ایسے معنی اور مراد هم هرگز اختیار نہیں کرتے جس سے بیبل کی هدایتیں مختلف هوجاویں *

اس پہلے قاعدہ کے لیئے همارے هاں یہہ قرار پایا ہے ' کہ اگر کوئی ورس عہد عتیق یا عہد جدید کا ایسا هم پاویں ' جسکے ایسے الفاظ هوں کہ اُن سے برخلاف اُس عام هدایت کے جو اور مقاموں میں سے پائی جاتی ہے کوئی هدایت نکلے ' تو اول هم اُس ورس کی صحت الفاظ پر متوجہ هوتے هیں ' اور جب هم اُس سے کسیطرح مجبور هو جاتے هیں ' تو معانی کیطرف متوجہ هوتے هیں ' اور وہ معنی اختیار کرتے هیں ' جنسے بیبل کے مطالب اهم میں اختلاف واقع نہو ' اور جب اس سے بهی مجبور هو جاتے هیں ' تو اُس ورس کو مشتبہہ قرار دیتے هیں ' اور خیال کرتے هیں کہ اُسکی صحت همکو مطابق اصلی عبارت الہامی لکهنے والوں کے حاصل نہیں هوئی ' مگر کسیطرح الہامی لکهنے والوں پر بد ظنی کا گمان نہیں کرتے ' اور جو شخص کہ اُس ورس کے صحیح اور اصلی هونیکا دعویدار هوتا ہے ' اُس سے هم ثبوت اسبات کا چاهتے هیں ' کہ اُس ورس کے الفاظ درحقیقت اُنہی الفاظ کے مطابق

of the sense of words, we adopt, in the spirit of the rule above given, that meaning of a word, which is most in consonance with the connected purport of the Bible; and were any one to assert that that identical word is used in some parts of the Bible, in a sense different from what it should be according to the connected purport of the Bible, we should then require him to demonstrate, that the meaning of the word which he thus adopts contrary to the general scope and purpose of the whole Bible, was really used by the inspired writers in different senses at different places.

هیں ' جو الهامي لکهنے والوں نے لکھے تھے *
الفاظ کے معنی اور مراد سمجھنے میں یہي همارا بهي قاعده ہے ' که هر لفظ کے وهي معنی اختیار کرتے هیں جو عام مطالب بیبل سے مطابقت رکھتے هیں اور اگر کوئي شخص اُن الفاظ کے ایسے معنے بیان کرتا ہے ' جو بیبل کے اور مقاموں میں مستعمل نہیں هوئے ' تو اُس سے اسبات کا ثبوت چاهتے هیں ' که الهامي لکهنے والوں نے اُسکے وہ معني قرار دیئے تھے *

Besides, if an historical narrative or any epistle of a nature not directly connected with the important purport of the Bible, be found variously related in the different books of Scripture, we should endeavour to ascertain the cause of the discrepancy, and we believe that, if the cause were traced out, the discrepancy itself would be immediately removed; but if we could not find out the cause, or if we were fully convinced of such accounts being in reality different from one another, we should then conclude, either that the copyist was guilty of the error, or that the emendator had failed to correct it: it will then follow that one of those different accounts of the same fact, may be correct; and yet no blame will be reflected upon the inspired historian himself.

علاوہ اِسکے کتب مقدسه میں کسي ایسي قسم کا اختلاف هم پاتے هیں ' جو تاریخ سے متعلق هے یا جسکے لیئے کوئي عام مراد کتب مقدسه میں نہیں هے ' اگر همکو کچهه اختلاف نظر پڑتا هے ' تو اول توهم اُس اختلاف کي وجهه دریافت کرنے پر متوجهه هوتے هیں ' اور یهه سمجهتے هیں که اگر اِسکي اصلي وجهه معلوم هو جاوے ' تو غالبا یهه اختلاف نرهے ' اور جب کوئي وجهه نہیں معلوم هوتي ' یا یقینا اُسکا مختلف هونا پایا جاتا هے ' تو هم یقین کرتے هیں که اُن دونوں مقاموں میں سے کسي مقام میں نقل کرنے والے یا اصلاح کرنے والے نے غلطي کي هے ' اُن دونوں میں سے ایک صحیح هو گا اور ایک غلط هو گا مگر اصل الهامي لکهنے والوں پر هم کسیطرح کا شبهه نہیں کرتے *

Some Christian divines state that although numerous errors and various readings were found in the Scriptures on

بعض علماء مسیحي یهه بیان کرتے هیں که اگرچه عهد عتیق اور عهد جدید کے قلمي نسخوں میں مقابلے کے وقت بہت

collating and examining different copies of them, yet no discrepancy with respect to important points of faith was ever found.

سي غلطياں اور بہت سے اختلاف عبارت
نکلے ' مگر تاهم کوئي بات ايسي نہيں نکلي
جو عمده عقايد ايمانيه کے برخلاف هو *

However this has not been so accepted by some persons. These persons argue that if the words of a clause or passage are inverted, if the grammatical construction of a sentence be faulty,—if the restriction of words in a sentence be not duly attended to,—or if certain words be transposed, the real sense of such a passage or clause will then be changed. Again, they say that even the misapplication of a preposition, or error of punctuation alters the real sense of a sentence. Thus if instead of the sentence "This is in God" be substituted "This is from God," by even so slight a change, a very different sense will be conveyed and thus considerable influence be exercised on the principles of faith. Hence, when such is the case, even with so slight an alteration, how much more serious an aspect does the matter assume when the numerous errors and various readings of the Scriptures, are considered; and hence it is maintained that the numerous errors and various readings in the Scriptures may produce alterations in the real principles and articles of faith, and that from these alterations have arisen some distinct Christian sects, such as the Ebionites.

اگرچہ بعض لوگ اس پر تکرار کرتے
هيں ' اور يہہ کہتے هيں که يہہ بات قابل
تسليم کے نہيں هے ' کيونکه هر شخص جانتا
هے ' که اگر کسي کلام ميں سے کوئي لفظ
اولٹ پلٹ هو جاوے ' يا تراکيب نحويه
اور قواعد صرفيه ميں جو کسي مطلب پر
دلالت کرتے هيں تفاوت هو جاوے ' يا
کوئي قيد بڑه جاوے يا کم هو جاوے يا کسي
لفظ ميں تغير هو جاوے تو معاني اور مراد
ميں نہايت تفاوت آجاتا هے ' يہاں تک
که بعضي دفعه وصل اور فصل کے تبديل
هونے سے ' اور بعضي دفعه حروف روابط
کے بدل جانے سے معاني اور مراد ميں
تغير آجاتا هے مثلا اگر بجاے اس لفظ کے که
(خدا ميں هے) کہا جاوے که (خدا سے هے)
تو باوصف بدلنے ايک خفيف حرف کے
تغير عظيم معاني اور اعتقاد ميں هو جاتا
هے ' پهر کيونکر تسليم کيا جاسکتا هے ' که
باوجود نکلنے بہت سي غلطيوں اور اختلاف
عبارتوں کے ' اُن سے عقايد ايمانيه ميں
کچهه اختلاف نہيں آتا تها ' علي الخصوص
ايسي صورت ميں که هم ديکهتے هيں که
بعضے عيسائي فرقه (جيسے ابي اونيٹز)
اسي قسم کے اختلاف کے سبب بالکليه
عقايد ايمانيه ميں اور عيسائي فرقوں سے
مختلف هيں *

But while we find by all the present Scriptures in our possession, that all the principles and articles of faith, (the deliverance of which to us commenced with Moses and was continued by the succeeding prophets till the time of our prophet) tend to the same object, and differ no way from one another, we should abstain from entering upon this useless discussion.

مگر میری رای یہہ ہے ، کہ جب ہم خود انہی کتب موجودہ میں عقاید ایمانیہ کو حضرت موسیٰ سے لیکر خاتم النبین صلواةالله علیہم اجمعین تک متحد پاتے ہیں ، تو ہمکو اس فضول بحث اور تکرار میں پڑنے سے کیا فایدہ ہے *

NINTH DISCOURSE.

ان کتابوں کے ترجموں کي نسبت مسلمانوں کا کیا اعتقاد ہے

WHAT belief have Mohomedans in the versions of these books?

اس ترجمہ کے مقدم دشمن اس زمانہ میں (علاوہ ڈاکٹر گدس صاحب اور اوروں کے جنکي گستاخ اور بیہودہ تقریروں کو ہم ذکر نہیں کرتے ہیں) جان بیلمي صاحب ہیں جنھوں نے اپني بیبل کے نئے ترجمہ کي تجویز اور دیباچہ اور شرحوں میں اس ترجمہ پر اعتراضات کئے ہیں ' اور دوسرے سرجیمس بلینڈ برجس صاحب ہیں ' جنھوں نے اپني دلایل متعلقہ ضرورت نئے ترجمہ کتب مقدسہ میں اس ترجمہ میں عیب نکالے ہیں ' ان مورخوں میں سے پہلے نے اپني تجویز میں جسکو اُنہوں نے سنہ ۱۸۱۸ ع میں مشتہر کیا یہہ اقرار دیا ' کہ سنہ ۱۲۸ عیسوي سے اصل عبراني متن سے کوئي ترجمہ نہیں ہوا ہے ' اور یہہ کہ چوتھي صدي میں جیروم صاحب نے اپنا رومي ترجمہ یوناني ترجمہ سے کیا تھا ' اور اُن کے ترجمہ سے رومي ولگٹ ترجمہ ہوا ' اور رومي ولگٹ سے تمام یورپ کے ترجمہ ہوے ' اور اس تقریر سے اول مترجموں کي تمام غلطیوں کي ہمیشگي ثابت کرتے ہیں *

Of the Welsh Versions.

ملک ویلز کي زبان کے ترجمے

From an epistle of Dr. Richard Davis, Bishop of Saint David's, prefixed to the Welsh New Testament, printed in 1567, we learn there was a British or Welsh version of the Pentateuch extant about (if not before the year) 1527, though the translator's name is not

ڈاکٹر رچرڈڈیوز صاحب کے ایک نامہ سے جو سینٹ ڈیوڈ کے بشپ تھے ' اور یہہ نامہ اس زبان کے اُس عہد جدید کے نسخہ میں جو سنہ ۱۵٦۷ ع چھپا شامل تھا ' ہمکو دریافت ہوتا ہے کہ قریب سنہ ۱۵۲۷ ع کے ایک برطانیہ یا ویلز زبان

known. Some other small and detached passages of Scripture appear also to have been translated into this language in the reign of King Edward VI., which were printed, in all probability, for the use of his Liturgy. But it was not until the reign of Elizabeth, that efficient steps were taken to supply the inhabitants of the Principality of Wales with the Holy Scriptures in their vernacular dialect.—

کا ترجمہ نسخۂ توریت کا موجود تہا ، اگرچہ آسکے مترجم کا نام معلوم نہیں ہے ، چند دیگر قلیل اور متفرق مقاموں کتابہاے اقدس کا ترجمہ معلوم ہوتا ہے کہ بادشاہ اڈورڈ چہٹي کي سلطنت میں ہوا ، اور غالبا بادشاہ کے ہمراہي مذہبي گروہ کے استعمال کے واسطے چہپا ، مگر ملکہ الزبت کي سلطنت تک اسبات کي کافي تدبیریں نہیں کي گئي تہیں کہ صوبہ ویلز کے باشندوں کو آن کي خاص زبان میں کتاب اقدس کا ترجمہ بہم پہونچایا جاوے ٭

William Morgan D. D., Bishop of Llandaff *first* translated the entire Old Testament, together with the Apocrypha into Welsh, and also revised and corrected the former version of the New Testament, both of which were printed in 1588. During the reign of James I., the Welsh version underwent a further examination and correction from Dr. Parry, Morgan's successor in the see of Saint Asaph. This corrected version which is usually called Parry's Bible, is the basis of all subsequent editions.

ولیم مارگن صاحب بشپ مقام لینڈاف نے تمام عہد عتیق کو معہ خارج شدہ کتابوں کے زبان ویلز میں ترجمہ کیا ، اور عہد جدید کے پہلے ترجمہ کو بہي نظرثاني کیا ، اور اصلاح دي آنکے یہہ دونوں ترجمے سنہ ۱۵۸۸ میں چہپے ، اور ڈاکٹر پیري صاحب نے بہي جو ضلع سینٹ إساف کے بشپي میں مارگن صاحب کے جانشین ہوے ، بادشاہ جیمس اول کي سلطنت میں ویلز زبان کے ترجمہ کا امتحان کیا ، اور تصحیح کي ، یہہ صحیح کیا ہوا ترجمہ جو عموما پیري صاحب کي بیبل کہلاتا ہے ، آس زبان کے تمام اگلے نسخوں کي بنیاد ہے ٭

Of the Irish versions.

جزیرہ ایرلنڈ کي زبان کے ترجمے

The New Testament having been translated into Irish by Dr. William Daniel, Arch-Bishop of Tuam, Dr. Bedell (who was advanced to the see of Kilmore and Ardagh in 1629), procured the Old Testament to be translated by a Mr. King; who being ig-

جبکہ عہد جدید کا ترجمہ اس زبان میں ولیم ڈینیل صاحب توآم کے آرچ بشپ نے کیا ، تب ڈاکٹر بیڈل صاحب نے جو سنہ ۱۶۲۹ میں مقام کلمور اور ارڈاغ کي بشپي پر سربلند ہوے ، عہد جدید کا ترجمہ کرنے کے واسطے مسٹر کینگ صاحب کو بہم

norant of the original languages, executed it from the English version. Bedell, therefore, revised and compared it with the Hebrew, the Septuagint, and the Italian version of Diodati. He supported Mr. King, during his undertaking, to the utmost of his ability.

پهونچايا ' اِن صاحب نے بسبب اسکے که وه اصلي زبانوں سے واقفيت نرکهتے تهے اُسکا ترجمه انگريزي ترجمه سے کيا اسليئے بيڈل صاحب نے اس ترجمه کو عبري متن اور سپٹو اجنٹ اور ڈابوڈيٹي کے رومي ترجمه سے مقابله اور نظر ثاني کيا اور بيڈل صاحب نے کينگ صاحب کے اس کام کي نهايت مدد کي *

Of the Gaelic versions.

The New Testament into this tongue was translated by the late Revd. James Stuart; it bears a high character for its fidelity, and accuracy. Several books of the Old Testament were translated in detached portions at different times and published.

گيلک زبان کے ترجمے

اس زبان ميں عهد جديد کا ترجمه پادري جيمس ستوارٹ صاحب نے کيا هے ' اصل سے مطابق هونے اور درستي کے سبب سے يهه ترجمه بهت معزز هے ' عهد عتيق کے بهت سي کتابوں کا متفرق حصوں ميں مختلف ايام ميں ترجمه هوکر چهپا *

Of the French versions.

1. The earliest French translation of the Scripture was rendered by Guiars De-Moulin, a canon of St. Pierre d, Aire, in the diocese of Touraine, who was employed in this work from the Vulgate, from 1291 to 1294. In 1512, James Le Fevre, of Estaples, (better known by the name of Jacobus Faber, Stapulensis) published a translation of Saint Paul's Epistles, with critical notes and a commentary, in which he freely censures the Vulgate. The translation of Le Fevre is said to be the basis of all the subsequent French Bibles, whether executed by Roman Catholics or Protestants.

فرانسيسي زبان کے ترجمے

۱ نهايت شروع زمانه کا فرانسيسي ترجمه کتب مقدسه کا گايئرس ڈي مالن صاحب نے کيا تها ' يهه صاحب سينٹ پيرڈي ايئر واقع بشپي نورين کے کنن تهے ' استرجمه ميں جو ولگٹ سے هوا سنه ۱۲۹۱ ع سے سنه ۱۲۹۴ تک يهه مصروف رهے ' جيمس بي فيور صاحب ساکن اسٹيپلز نے جو جاقوبس فيبر سٹيپوليئنسس والے کے نام سے زياده تر مشهور هيں ' سينٹ پال کے نامونکا ترجمه معه نکته چين شرحوں اور ايک تفسير کے سنه ۱۵۱۲ ع چهاپا ' اس ترجمه ميں رومي ولگٹ ترجمه کو وه ازادي سے ملامت کرتے هيں ' بي فيور صاحب کا ترجمه کهتے هيں که تمام اگلے فرانسيسي بيبل

کے ترجموں کي بنياد ھے ' جنکو خواہ رومن
کیتھلکس نے کیا خواہ پروٹسٹنٹ نے کیا *

2. The first Protestant French Bible was first published by Robert Peter Olivetan, with the assistance of his relative, the illustrious reformer, John Calvin, who corrected the Antwerp edition, wherever it differed from the Hebrew. It was printed at Geneva in 1540, with additional corrections by Calvin.

۲ رابرت پیٹراولائوٹن صاحب نے بمدد
مشہور ترمیم کنندہ مذھب جان کیلون
صاحب کے ' جو اُنکے قرابتي ھیں جنھوں
نے آینٹ ورپ صاحب کے نسخہ کو اُن
اُن مقاموں میں صحیح کیا جہاں جہاں
عبري متن سے اختلاف رکھتا تھا ' اول
پروٹسٹینٹ فرانسیسي بیبل کو چھاپا '
یہہ بیبل معہ افزودگي کي اصلاحوں کیلون
صاحب کے بمقام جینوا سنہ ۱۵۴۶ میں
چھپا *

3. Another edition appeared at the same place in 1588, revised by the College of pastors and professors of the Reformed Church at Geneva, who so greatly improved Olivetan's Bible, both in correctness and diction, that it henceforth obtained the name of the Geneva Bible, by which it is now generally known. This is, confessedly, the most elegant French version extant; but many Protestants have wished that it were a little more *literal*.

۳ مقام جینوا میں ایک اور نسخہ
سنہ ۱۵۸۸ میں چھپا ' جسکو جینوا کے
ترمیم شدہ گرجے کے پرافسروں اور پاسٹروں
کے کالج نے نظر ثاني کیا ' اور اُنھوں نے
اولا ئوٹن صاحب کي بیبل کو طرز بیان
اور عبارت کي درستي میں اسقدر ترقي
دي ' کہ تب سے اُسکا نام جینوا کے بیبل
ھوگیا ' جیسا کہ وہ اب عموما مشہور ھے '
علانیہ یہہ نہایت عمدہ فرانسیسي ترجمہ
ھے جو اب موجود ھے ' مگر بہت سے
پروٹسٹینٹ فرقہ والوں کي یہہ خواھش
ھے کہ یہہ ترجمہ کچھہ تھورا اور لفظي ھوتا *

4. Another French Protestant version (made from the Italian translation of Diodati) was published in 1562, which was held in estimation by the Calvinists. The French translation of Sebastian Castalio, who was but indifferently skilled in that language, appeared at Basil in 1655; being accommodated to his Latin version above noticed, it

۴ ایک اور فرانسیسي پروٹسٹینٹ
ترجمہ جو ڈیواڈیٹي صاحب کے ترجمہ سے
ھوا سنہ ۱۵۶۲ ع میں چھپا ' اس ترجمہ کي
قوم کیلوینسٹس نے بہت قدر کي ھے '
اور فرانسیسي ترجمہ سیبٹسٹین کیسٹلیو
صاحب کا جو فرانسیسي زبان کا اچھي
طرح علم نرکھتے تھے بمقام بیسل سنہ ۱۶۵۵ ع
میں مشتہر ھوا ' یہہ ترجمہ اُنھي صاحب

was liable to the same objections, and was never held in any esteem.

کے رومي ترجمہ کے موافق ھوا تھا ' اس سبب سے جو اُس ترجمہ پر اعتراض تھے وہ اس پربھي تھے *

5. The translation of the entire Bible by Charles Le Cene was published at Amsterdam. The states of the Groningens prohibited the circulation of this version in their province, on account of its Socinian tendency.

۵ چارلس لي سین صاحب نے پوري بیبل کا ترجمہ مقام ایم سٹرڈیم میں چھاپا ' قوم گرانڈجن کے گورنمنٹ نے اپنے ملک میں اس ترجمہ کے پھیلنے کي اس سبب سے ممانعت کي ' کہ اُس میں عقاید سوشنین کے پرورش کي گئي تھي *

6. A French translation of the New Testament, by the celebrated cirtic Le Clerc appeared also at Amsterdam: it is said to be tainted with Socinian principles, and has never been much read.

۶ مشہور نکتہ چین لي کلرک صاحب نے بھي عہد جدید کا ایک فرانسیسي ترجمہ مقام ایمسٹرڈیم میں چھاپا ' بیان کیا جاتا ھے کہ یہہ ترجمہ عقاید ایماني سوشنین سے رنگین ھے ' اور یہہ پڑھنے میں کبھي نہیں آتا *

7. Father Amelotte's Translation of the New Testament from the Vulgate was published in 1666,67,68. It has been very justly and severely criticised for its blunders by Father Simon.

۷ ایم لوٹ صاحب کا ترجمہ عہد جدید کا ولگٹ ترجمہ سے ھوکر سنہ ۱۶۶۶ و سنہ ۱۶۶۷ و سنہ ۱۶۶۸ ع میں چھپا ' فادر سایمن صاحب نے اس ترجمہ کے عیبوں پر از روے انصاف کے سخت نکتہ چیني اور اعتراض کئے ھیں *

8. The French Version of the ingenius critic, Father Simon, published with notes in 1702, was translated into English by Mr. Webster. This version was condemned by an ordinance of the Cardinal de Noailles, Archbishop of Paris, and also by two "Instructions" issued by the celebrated Bossuet, Bishop of Meaux.

۸ عاقل نکتہ چین فادر سایمن صاحب کے فرانسیسي ترجمہ کو جو معہ شرحوں کے سنہ ۱۷۰۲ میں چھپا ' مسٹر ویبسٹر صاحب نے انگریزي میں ترجمہ کیا ' کارڈینل ڈي نوئیس صاحب آرچ بشپ پیرس کے حکم سے ' اور اُن دو ھدایتوں کے سبب سے بھي کہ جنکو بشپ میاکس مسمي باسوئت صاحب نے جاري کیا ' یہہ ترجمہ ناپسند ھوا اور خارج ٹھہرا *

Of the Belgian Versions.

ملک بلجیئن کي زبان کے ترجمہ

A Flemish translation of the Scriptures was made from the Vulgate in the

کتب مقدسہ کا ایک فلیمش زبان کا ترجمہ والگت سے سولویں صدي میں ھوا

sixteenth century. For a long time the Protestants in the low countries had only the Dutch translation, made from Luther's German version in 1560, which has already been noticed. But in 1618, in consequence of an order issued by the Synod of Dort, a new translation was undertaken from the Hebrew and Greek. It was submitted, when finished, to a careful examination as to its being faithfully executed.

تھا ' مدت تک سب ملکوں کے پروٹسٹینٹس کے پاس صرف ڈچ زبان کا ترجمہ تھا ' جو لیوتھر صاحب کے جرمني ترجمہ سے جسکي ہم اطلاع دیچکے ھیں سنہ ۱۵۶۰ میں ھوا تھا ' مگر بہ سبب ایک حکم کے جو مجلس واقع ڈورت سے جاري ھوا تھا ' ایک نیا ترجمہ عبري اور یوناني متنوں سے کیا گیا تھا ' جب یہہ ترجمہ پورا ھوچکا تب آسکا اس نظر سے خوب امتحان کیا گیا کہ وہ اصلي کے مطابق ھوا یا نہیں *

Of the Italian Versions.

Four versions of the Bible are extant in the Italian language. The earliest is that of Nicolao Malermi, who translated it from the Latin Vulgate. The second is that of Antonio Bruccioli; he professes to have made his version from the Hebrew, and Greek, but Walchius says that he chiefly followed the Latin translation of Sanctes Pagninus. An Italian version has been said to have been published under the auspices of Pope Sixtus V.; but its existence is very doubtful. A Protestant Italian version of the New Testament was published at Geneva in 1561, and of the entire Bible in 1562, which is usually considered as a revision of Bruccioli's: but Walchius asserts that it is altogether a new translation. It has, however, long been superseded by the elegant and faithful version of Giovanni Diodati, published in 1607. The latest Italian version is that executed, in conformity with the Vulgate, by Antonio Martini, Archbishop of Florence to-

رومي زبان کے ترجمے

رومي زبان میں بیبل کے چار ترجمے ھیں انمیں سے نہایت زمانہ ابتدا کا نکولیو مالرمي صاحب کا ترجمہ ھے ' آنہوں نے اس ترجمہ کو رومي ولگت سے کیا اور دویم درجہ کا ترجمہ آینٹونیو برکسي آلي صاحب کا ھے ' وہ بیان کرتے ھیں کہ ھمنے یہہ ترجمہ عبري اور یوناني سے کیا ھے ' مگر والچیس صاحب کہتے ھیں کہ آنہوں نے خاص کر سینکٹس پیگني نس صاحب کے رومي ترجمہ کے پیروي کي ھے ' بیان کیا جاتا ھے کہ پوپ سکسٹس صاحب پانچویں کي مد نظر سے ایک رومي ترجمہ چھپا ھے ' مگر آسکي موجود گي میں بہت شک ھے ' اور ایک پروٹسٹنٹ رومي ترجمہ عہد جدید کا بمقام جینوا سنہ ۱۵۶۱ میں چھپا ' اور پوري بیبل کا ترجمہ سنہ ۱۵۶۲ میں چھپا ' اس ترجمہ کو برکسي آلي صاحب کے نسخہ کا نظر ثاني کیا ھوا نسخہ سمجھا جاتا ھے ' مگر والچیس صاحب یہہ کہتے ھیں کہ وہ بالکل ایک نیا ترجمہ ھے ' جي اوینني ڈایوڈیٹي

wards the close of the eighteenth century, it received the sanction of Pope Pius VI.

صاحب کا ترجمہ جو عمدہ اور اصلي سے مطابق ہے اور جو سنہ ۱۶۰۷ میں چھپا، اس ترجمہ سے زیادہ قدر یافتہ ایکمدت سے رہا ھے نہایت زمانہ حال کا رومي ترجمہ وہ ترجمہ ھے جسکو بمطابقت رومي ولگٹ ترجمے کے این ٹونیو مارٹني صاحب آرچ بشپ مقام فلارنس نے اٹھارویں صدي کے آخیر پر تیار کیا اس ترجمہ کو پوپ پیس چھٹے نے پسند اور منظور کیا *

Of the Spanish versions.

سپین کي زبان کے ترجمے

The earliest edition of the Scriptures in the Spanish language, was executed from the Vulgate. In 1553, a Spanish version of the Old Testament was made for the Jews by Edward Pinel. A much earlier translation than this is said to have been made by some learned Jew, which has been too hastily attributed to Rabbi David Kimchi.

اس زبان میں کتب مقدسہ کا سب سے پہلا نسخہ رومي ولگٹ سے ترجمہ ھوا تھا، اڈورڈ پینل صاحب نے یہودیوں کے واسطے عہد عتیق کا ترجمہ زبان سپین میں سنہ ۱۵۵۳ع میں کیا اس ترجمہ سے ایک بہت پہلے کا ترجمہ بیان کیا جاتا ھے کہ چند یہودیوں نے کیا تھا جسکو بغیر فکر کئے ھوئے یہودي عالم دائود قمچي سے منسوب کرتے ھیں *

The edition of the Old Testament in Hebrew, and in Jewish-Spainsh, was printed at Vienna, in the years 1813, 14,15,16, for the use of the Jews of Constantinople, of most of the critics of Turkey, who are Spanish-Jews.

عبراني اور یہودیوں کي سپین زبان میں عہد عتیق کا ایک نسخہ، مقام وینا میں قسطنطینہ کے یہودیوں اور ترکستان کے اون نکتہ چینوں کے استعمال کے واسطے جو قوم یہود میں سے رھنے والے سپین کے ھیں سنہ ۱۸۱۳ وسنہ ۱۸۱۴ وسنہ ۱۸۱۵ و سنہ ۱۸۱۶ ع میں چھپا *

Among the Christians, Cassiodore de Reyna translated the Scriptures into Spanish, from the original languages, but availed himself of the assistance afforded by the Latin versions of Pagninus and Leo Juda.

عیسا ئیونمیں سے کیسیڈو ڈور ڈي رینا صاحب نے کتب مقدسہ کا ترجمہ زبان سپین میں اصلي زبانوں سے کیا، مگر اس ترجمہ کرنے میں پیگنینس اور لیو جوڈا صاحب کے رومي ترجموں سے بھي مدد لي *

Of the Russian versions.

The Sclavonic or old Russian version has been already noticed by us; but as this, though the established version of the Greek Church, is no longer intelligible to the common people, a translation of the Bible into the modern Russ was made by M. Gluck, a Livonian clergyman, and printed at Amsterdam in 1698. As the Russian language had undergone considerable changes since that time, the Emperor Alexander, by an edict in February 1816, directed the Holy Synod of Moscow to prepare a new translation.

روسي زبان کے ترجمے

سیکلیو انک یا قدیم روسي زبان کے ترجمہ کي هم ابهي اطلاع کرچکے هيں ' مگر يهہ ترجمہ اگرچہ يوناني گرجہ کا معين ترجمہ هے مگر عام لوگونکي سمجهہ ميں اب نهيں اتا اسلئے گلک صاحب نے جو لائي وونيا کے پادري هيں بيبل کا زمانہ حال کے روسي زبان ميں ايک ترجمہ کيا اور سنہ ١٦٩٨ع ميں مقام ايمسٹرڈيم ميں چهاپا چنانچہ روسي زبان ميں اتنے عرصہ ميں بهت سے تبديلياں واقع هو ئيں هيں اس سبب سے شهنشاه الکزنڈر نے ايک فرمان مورخہ فروري سنہ ١٨١٦ع سے ماسکو کي مقدس مجلس کو ايک نيا ترجمہ تيار کرنے کي هدايت کي *

Of the Croat versions.

The New Testament in the language of Croatia, was first published at Tubingen in 1551. It was translated by the pastor Truber, and was reprinted with some corrections by the translator, at the same place.

کروٹيا کي زبان کے ترجمے

کروٹيا کي زبان ميں عهد جديد اول مرتبہ بمقام ٹيوبنجن سنہ ١٥٥١ ع ميں چهپے ' اسکا ترجمہ پاسٹر ٹروبر صاحب نے کيا ' اور اسي مقام ميں پهر معہ چند صلاحوں کے مترجم نے اسکو دوبارہ چهاپا *

Of the Basquet versions.

The New Testament, in the Basquet dialect, was first printed at Rochelle, in 1571, with a dedication in French to Joan d' Albert, Queen of Navarre, by John de Licarrague de Briscous.

بيسکو ئٹ زبان کے ترجمے

اس زبان ميں عهد جديد کو معہ ايک فرانسيسي ديباچہ کے جس ميں جان ڈي ايلبرٹ ملکہ نوازي سے اس ترجمہ کو مخصوص کيا گيا تها ' جان ڈي ليکيراگيوڈي بريسکس صاحب نے بمقام روچل سنہ ١٥٧١ ع ميں اول دفعہ چهاپا *

Of the Hungarian versions.

The Hungarian Protestant version was executed by Caspar Caroli, who availed himself of the previous labours of Vatablus, Pagninus, Munster, Tremellius, and of the Vulgate. There is

هنگري زبان کے ترجمے

هنگري زبان کا پروٹسٹنٹ ترجمہ کيسپر کيرولي صاحب نے کيا ' آنهوں نے وي ٹيبلس اور پيگ نينس اور منسٹر اور ٹريميليس صاحب کے ترجموں اور ولگٹ

also a Popish version, made from the Latin Vulgate, by George Kaldi.

ترجمہ سے مدد لي ' اور اس زبان میں ایک کیتہلک ترجمہ بھي ھے ' جسکو جارج کیالدي صاحب نے رومي ولگت سے کیا ھے *

Of the Polish Versions.

Three versions of the Scriptures have been published in the Polish language. The first was undertaken for the use of the Roman Catholics. The second was made by the Socinians under the patronage and at the expense of Prince Nicholas Radzivil. The third Polish version was made by the Reformed or Calvinists, in 1596.

پولینڈ کي زبان کے ترجمے

اس زبان میں تین ترجمے چھپے ' اول ترجمہ رومن کیتہلکس کے استعمال کے واسطے ھوا تہا ' اور دوسرا قوم سوشینینز نے مدد اور خرچ شاھزادہ نیکولس ریڈزیبل صاحب نے کیا ' اور تیسرا ترجمہ پروٹسٹنٹس فرقہ کیلوینسٹس نے سنہ ۱۵۹۶ ع میں کیا *

A translation of the New Testament into the Judæo-Polish dialect (which is spoken by the Jews, who are very numerous in Poland) has been made by the Revd. N. Solomon, at the expense, and under the patronage of the London Society for promoting Christianity among the Jews; it was printed in 1821. A translation of the New Testament into the language of *Samogitia*, a province of Poland, was printed in 1820, at the expense of the Russian Bible Society.

عہد جدید کا ایک ترجمہ جو زبان جیوڈیو پولش میں ھے جس زبان کو پولینڈ والے یہودي جو کثرت سے ھیں بولتے ھیں ' پادري سالومن صاحب نے یہودیوں میں مذھب عیسائي کي ترقي دینے کے لئي لندن کے سوسائٹي کے مدد خرچ سے تیار کیا ' اور سنہ ۱۸۲۱ ع میں چہاپا ' اور عہد جدید کا ایک اور ترجمہ زبان سیموجیشیا جو پولینڈ کا ایک صوبہ ھے ' سنہ ۱۸۲۰ ع میں روس کي بیبل سوسائٹي کے خرچ سے چہپا تہا *

Of the Bohemian Versions.

The first Bohemian translation was made from the Latin Vulgate, and was published at Prague in 1488. The other for the use of the Protestants in Bohemia, was made from the sacred originals by Albert Nicolai, John Capito, Isaiah Cœpolla, and other learned reformers.

بوھمیا کي زبان کے ترجمے

اس زبان میں اول ترجمہ کتب مقدسہ کا رومي ولگت سے ھوکر بمقام پیریگیو سنہ ۱۴۸۸ ع میں چہپا ' ایک اور ترجمہ ایلبرٹ نیکولي اور جان کیپیٹو اور اسیہاکو پولا صاحب اور دیگر عالم مذھب کے ترمیم کرنے والوں نے بوھمیا کے استعمال کے واسطے اصلي متنوں سے کیا *

Of the Modern Greek or Romaic versions.

The Romaic is a corruption of the ancient Greek, so great indeed, that compared with the latter, it may be pronounced a new languag; it is at present in general use, both for writing and conversation, the ancient Greek being used solely for ecclesiastical affairs. Into this language the New Testament was translated by Maximus Calliergi, and was printed at Geneva in 1638, in one large quarto volume, in two columns, one containing the ancient, and the other the modern Greek. The Greeks, however, did not receive it with much favor. In the edition of this translation, printed in 1705, the objectionable passages in Seraphin's Preface were omitted. The same person with the assistance of two learned ecclesiastes, is also occupied in translating the Old Testament from the ancient into the modern Greek.

زمانه حال کي يوناني زبان کے ترجمے

روميک يعني زمانه حال کي يوناني زبان قديم يوناني زبان کے بگڑنے سے پيدا هوي ' اس ميں اور اُس ميں اب اِس قدر اختلاف هے ' که اُس کو ايک نئي زبـــان کها جاوے ' يهه زبان اب تحرير اور گفتگو ميں هے ' قديم يوناني زبان کا استعمال صرف مذهبي کاروبار کے لیئے هوتا هے ' عهد جديد کو اس زبان ميں ميکسيمس کيليرجي صاحب نے ترجمه کيا اور يهه ترجمه بمقام جيذوا سنه ۱۶۳۸ ع ميں ايک بڑي جلد اور دو کالم ميں چهپا جن ميں سے ايک کالم ميں قديم يوناني زبان ميں اور دوسرے ميں زمانهحال کي زبان ميں متن تها ' مگر يوناني اس ترجمه سے خوش نهوے ' اِس ترجمه کے اُس نسخے ميں جو سنه ۱۷۰۵ ع ميں چهپا ' سرفن صاحب کے ديباچه ميں جو کچهه قابل اعتراض کے مقام تهے اُنکو چهاپنے سے چهوڑ ديا گيا تها ' اور ميکسيمس کيليرجي صاحب بمدد دو عالموں کے قديم يوناني زبان سے زمانه حال کے يوناني زبان ميں عهد عتيق کا ترجمه بهي کررهے هيں *

Of the Wallachian and Bulgarian versions.

A translation of the New Testament in the Wallachian language was published in Belgrade, in 1648; and a version of the same has been undertaken in the Bulgarian language under the direction of the Petersburgh Bible Society.

ولَيشي اور بلگيرياکي زبان کے ترجمے

عهد جديد کا ايک ترجمه زبان وليشي ميں بمقام بلگرڈ سنه ۱۶۴۸ ع ميں چهپا تها ' اور بهدايت پيٹرزبرگ کي بيبل سوسايٹي کے ' بلگيرياکي زبان ميں بهي عهد جديد کا ترجمه هو رها هے *

Of the Romanese versions.

The Romanese language is divided into two dialects, the *Churwelsche*, and

رومينز زبان کے ترجمے

زبان رومينز دو زبانوں يعني چرويلشي اور ليدنچي ميں منقسم هے ان ميں سے

the *Ladiniche*. The former is spoken by the inhabitants of the Engadine (one of the loftiest vallies in Switzerland, bordering on the Tyrol); the latter, by the Ladins who reside on the confines of Italy. The Scriptures were translated into the Churwelsche dialect, and published in 1657, at Schuol, a town of the Lower Engadine, and into the Ladinche at Coire, in 1719. Editions of both these versions have lately been printed by the Bible Society at Basle, aided by the British and Foreign Bible Society in London.

پہلي زبانکو باشندے ان گڈاین کے جو ایک نہایت بلند وادي سوئیٹزرلینڈ میں تائیرال سے ملحق ہے بولتے ہیں ، اور دوسري زبان قوم لیڈنز جو اِٹلي کي سرحدوں پر رہتي ہے بولتي ہے کتب مقدسہ زبان چرویلشي میں ترجمہ ہوکر بمقام سیکو آل کے جو انگڈاین کے نیچے کے حصہ کا ایک شہر ہے سنہ ۱۶۵۷ ع میں چھپي ، اور زبان لیڈنچي میں بمقام کایر سنہ ۱۷۱۹ ع میں چھپے حال میں ان ترجموں کے بہت سے نسخے بذسل کي بیبل سوسایٹي نے بمدد برٹش فارن بیبل سوسایٹي لنڈن کے چھاپے ہیں *

Of the Turkish versions.

In 1666, the New Testament was printed in Turkish, at Oxford: it was translated by Dr. Lazarus Seaman, and was published at the joint expense of the Hon. Robert Boyle, and of the Levant or Turkey Company of London, for the benefit of the Christians in Turkey, by whom it was very gratefully received. In the same year a translation of the whole Bible into the Turkish language was completed by Albertus Baboosky, first dragoman or interpreter to the Porte. Some serious charges of inaccuracy, and obsoleteness of language having been brought against this version by the Revd. Dr. Henderson.

ترکي کي زبان کے ترجمے

عہد جدید اِس زبان میں بمقام اگسفرڈ سنہ ۱۶۶۶ ع میں چھپي اور لازارس سائمن صاحب نے بھي عہد جدیدکو اس زبان میں ترجمہ کیا ، اور معزز رابرٹ بائل صاحب اور لنڈن کي ترکے کمپني کے مشمولہ خرچ سے ترکي کے عیسا ئیوں کے فائدہ کے واسطے جنھوں نے اس ترجمہ کو بہت احسانمندي سے لیا چھپا تھا ، اسي سال میں تمام بیبل کا ترجمہ اس زبان میں البرٹس بابوسکي صاحب نے جو پورت کے اول مترجم ہیں پوراکیا ، اور پادري ڈاکٹر ہنڈرسن صاحب نے غلط ترجمہ کرنے اور ایسي لفظوں کے استعمال کرنے کے جو استعمال سے خارج ہوگئے ہیں چند سنجیدہ الزام اِس مترجم پر لگائي ہیں *

Of the Portuguese versions.

In 1681, the New Testament was printed in the Portuguese language at Amsterdam: and some portions were printed in the former parts of the last century by the missionaries at Tranque-

پورچگل کي زبان کے ترجمے

اس زبان میں عہد جدید بمقام ایمسٹرڈیم سنہ ۱۶۸۱ ع میں چھپي ، اور مقام ٹرینکوي بار کے مشنریز نے سترھویں صدي کے پہلے حصہ میں چند متفرق حصہ کتب مقدسہ

bar. A Portuguese version of the Old Testament, executed by Joao Ferreira d' Almeida and Jacob Oddeen Akker, was published at *Batavia*, in 1748-53. These were Protestant versions. In 1781, Antonio Pereira published a Portuguese version of the New Testament, at Lisbon; and in 1783, the entire Bible. This translation is made from the Vulgate Latin version, and in all doctrinal points is in unision with the Church of Rome.

کے اس زبان میں چہاپے ' عہد عتیق کا
اسي زبان کا ایک ترجمه جو اس فریرا ایل
ایلمیڈا اور یعقوب الدین اقر نے کیا تہا مقام
بٹیویا میں سنه ۱۷۴۸ اور سنه ۱۷۵۳ع میں
چہپا ' یہه ترجمے پروٹسٹنٹ کے کئے ہوے
هیں ' اورانٹونیو پیریرا صاحب نے مقام
لسبون میں سنه ۱۷۸۱ ع میں عہد جدید کا
اس زبان میں ترجمه چہاپا ' اور سنه ۱۷۸۳ ع
میں تمام بیبل بہي چہاپي ' یہه ترجمه
ولگٹ رومي ترجمه سے هوا هے ' تمام مسائل
مذهبي میں گرجه روم سے اتفاق رکہتا هے *

Of the Albanian versions.

The Albanians are a hardy people, inhabiting the countries anciently known by the name of Illyricum and Epirus: numerous tribes of them are also spread over Macedonia and the Morea or Peloponnesus. A translation of the New Testament in their language was finished in the year 1820 by Dr. Evangelos Mexicos, under the patronage and at the expense of the British and Foreign Bible Society; which it is intended to print in parallel columns, one containing the Greek text, other the Albanian version.

ایلبینین زبان کے ترجمے

ایلبینینس ایک سخت قوم اُن ملکوں
میں اباد هے جو زمانه قدیم میں ییلیریکم
اور ایپائرس کے نام سے مشہور تہے ' اُن
میں سے بہت سي قومیں میسیڈونیا اور
موریه یـــا پیلوپونیسس کے ملکوں میں
بہی پہیل گئي هیں ' ڈاکٹرا یونجی لاس
میکسي کاس صاحب نے بمدد اور خرچ
برٹش اور فارن بیبل سوسایٹي کے سنه
۱۸۲۰ ع میں عہد جدید کا ایک ترجمه تیار
کیا ' جسکو دو کالموں میں چہاپنے کا اراده
هے ' جن میں سے ایک میں یوناني متن
هوگا اور دوسرے میں ایلبینین زبان کا متن
هوگا *

On The Modern versions in the languages of Asia.

Of the Hebrew versions.

The New Testament was first translated into Hebrew by the learned Elias Hutter, who published it in his Polyglott edition of the New Testament in twelve languages, viz. Greek, Syriac, Hebrew, Latin, German, Bohemian, Italian, Spanish, French, English, Da-

ایشیا کي زبانوں کے زمانه حال کے ترجمے

عبراني ترجمے

عالم ایلیس هٹرصاحب نے عبري میں
عہد جدید کا اول ترجمه کیا ' اور اپنے عہد
جدید کے مجموعه میں جس میں ان بارہ
زبانوں کے متن هیں (یعني یوناني سریا
اور عبري اور رومي اور جرمني اور بوهمیا
اور اٹلي اور سپین اور فرانس اور انگلستان

nish, and Polish, at Nuremberg, in 1599, 1600. From Hutter's Polyglott the Hebrew text was detached, and printed separately, with some corrections, under the superintendence of William Robertson, 8vo. London, in 1661. The late Revd. Dr. Buchanan, during his researches in the interior of India, obtained a Hebrew manuscript of the New Testament in the country of Travancore, which is now deposited in the University Library at Cambridge. It is written in the small Rabbinical or Jerusalem character. The translator was a learned Rabbi; and the translation is in general faithful; his design was to make an accurate version of the New Testament, for the express purpose of confuting it, and of repelling the arguments of his neighbours, the Syrian or St. Thome Christians.

اور ڈنمارک اور پولینڈ کي زبانيں) اس ترجمہ کو بمقام نرنبرگ سنہ ۱۵۹۹ اور سنہ ۱۶۰۰ ع میں چھاپا ' اور ھٹر صاحب کے مجموعہ میں سے عبري متن معہ چند اصلاحوں کے ولیم رابرٹس صاحب کے اهتمام سے لنڈن میں سنہ ۱۶۶۱ ع میں علحدہ چھپا پادري ڈاکٹر بکانن صاحب نے هندوستان کے سفر میں ایک عبري نسخہ عہد جدید کا تراونکور کے ضلع میں سے حاصل کیا ' یہہ نسخہ بمقام کیم برج کتب خانہ یونیورسٹي میں اب موجود ھے ' اور چھوٹے عبراني حرفوں میں لکھا ھوا ھے ' اسکا مترجم کوي یہودي عالم ھوگا ' یہہ ترجمہ عموما اصل سے مطابق ھے ' اسکے مترجم نے عہد جدید کا بعینہ ترجمہ اس نظرسے کرنا چاھا تہا کہ عہد جدید کے بنیاد ڈھادي اور اپنے همسایہ سینٹ تہوم عیسا ئیوں کي دلایل کو رد کرے *

Of the Chaldee versions.

The New Testament has not hitherto been published in this language: but a copy in manuscript exists in the Vatican Library. The manuscript contains both the Old and New Testaments, written in Syriac characters, but the language is Chaldee.

کیلڈي زبان کے ترجمے

اس زبان میں عہد جدید اب تک نہیں چھپي ھے مگر ایک قلمي نسخہ کتب خانہ ویٹي کن میں موجود ھے ' اس قلمي نسخہ میں عہد عتیق اور عہد جدید دونوں ھیں ' اورسریا زبان کے حرفوں میں بزبان کیلڈي لکھا ھے *

Of the versions in the Oriental languages, either translated by the Baptist Missionaries at Serampoor, or printed at the Mission Press.

The Baptist Missionaries entered India in 1793, and ultimately fixed themselves at the Danish settlement of Serampoor, near Calcutta. To this Mission chiefly belongs the honor of reviving the

ترجمے مشرقي زبانوں کے جنکو بیپٹسٹ مشنریز سي رام پور نے کیایا هندوستان کے مشنریز نے چھاپا

بیپٹس مشنریز سنہ ۱۷۹۳ عیسوي میں هندوستان میں آئے ' اور سي رام پور میں جو ڈنمارک والونکا قریب کلکتہ کے ھے بود باش اختیار کي ' پادریوں کے اُسي گروہ سے

spirit of promoting Christian knowledge, by translations of the Bible.

The languages spoken in India form three classes, viz. (1.) The Arabic; (2.) the Sanscrit or Sungscrit; and (3.) the Chinese, with the languages respectively derived from or bearing an affinity to them.

Modern versions in the Arabic language and its cognate dialects.

A version of the entire Bible in Arabic has come down to us. Though highly valued by some Oriental Scholars for its general accuracy and fidelity, it has become antiquated in its dialect, and consequently unacceptable to the learned Arabians. On this account a new translation, in elegant modern Arabic was commenced by Sabat, an eminent Arabian Scholar, under the superintendence of the late Revd. Henry Martyn D. B., one of the Hon. East India Company's chaplains. An eminent edition of the Arabic New Testament, in Syriac characters, was printed in Paris, at the expense of the Bible Society in 1822.

Of the Persian versions.

The Persian version already noticed, having also become antiquated and obsolete, a new one was undertaken by Lieutt. Col. Colebrooke, who completed the Four Gospels. An entire version of the New Testament, in pure and elegant Persian, was executed by the late Revd. H. Martyn, who travelled from India to Shiraz, in Persia, for that purpose. A Persian translation of the Old Testament has been commenced

مذهب عيسائي كي ترقي بذريعه ترجموں بيبل كے خاص كر متعلق هے *

هندوستان ميں جو زبانيں بولي جاتي هيں وه تين هيں (اول عربي) دوسرے شينسكرت) اور (تيسرے چيني) اور اور زبانيں آن سے مشابهت ركهتي هيں يا آن سے نكلي هيں *

زمانه حال كے ترجمے عربي زبان اور آسكي متعلق زبانوں كے

تمام بيبل كا ايك عربي ترجمه همارے وقت تك پهونچا هے ' اگرچه اِس سبب سے كه وه اصل سے مطابق اور درست هے چند مشرقي علما آسكي بهت قدر كرتے هيں ' مگر آسكي زبان ايسي قديم هے كه اب استعمال ميں نهيں رهي ' اِس وجهه سے اب علماء عرب آسكو پسند نهيں كرتے ' اسليئے اب ايك نيا ترجمه زمانه حال كي زبان عربي ميں باهتمام پادري هنري مارٹن صاحب كے مشهور عربي عالم مسمى ثبات نے كرنا شروع كيا ' عهد جديد كا ايك عربي نسخه جو سريا زبان كے حرفوں ميں لكها هوا هے بيبل سوسايٹي كے خرچ سے بمقام پيرس سنه ۱۸۲۲ ع ميں چهپا *

فارسي. ترجمے

جس فارسي ترجمه كي همنے پهلے اطلاع دي هے ' اوسكي زبان بهي بسبب قدامت كے غير مستعمل هوگئي اسلئے لفٹنٹ كالبروك صاحب نے نيا ' ترجمه كرنا شروع كيا ' عهد جديد كا تمام ترجمه بهت عمده سليس فارسي ميں پادري ريورنڈ صاحب نے كيا ' انهوں نے اس غرض سے هندوستان سے شيراز كا سفر كيا ' اور عهد عتيق كا ايك فارسي ترجمه پونا كے پادري رابنسن صاحب

by the Revd. T. Robinson, chaplain at Poonah, with the sanction of the Rt. Rev. Reginald Heber, Bishop of Calcutta.

Of the Pushtoo or Affghan versions.

This language is spoken beyond the river Indus, by a people, who, there is every reason to conclude, are descended from the ten tribes of Israel. The eminent linguist, the late John Leydon M. D., commenced a translation of the New Testament; and on his death in 1812, the Baptist Missionaries at Serampoor procured men skilled in the language to complete his undertaking.

Of the Bulocha or Buloshe versions.

This language is spoken on the Western banks of the Indus, the country of Buloochistan extending westward to Persia. Considerable progress has been made by the Missionaries in translating the New Testament into this dialect, in which they have printed the Four Gospels.

On the Versions in the Sanscrit or Sungscrit language and its cognate dialects.

Of the Sanscrit versions.

This, though the parent of all the languages spoken in western and southern India, is at present, the current language of no country, though it is spoken by the learned nearly throughout India. The New Testament was published at Serampoor in 1808: the Pentateuch and Historical books in 1811; the Hagiographa in 1816; and the

نے باجازت پادري ريجينالڈ هيبر صاحب بشپ كلكته كے كرناشروع كيا هے *

پشتو يا افغاني زبان كے ترجمے

يهه زبان درياي اندس كے پار ايک قوم جسكو هر وجهه سے يهه مانا گيا هے كه اسرائيل كي دس قوموں ميں سے هے بولتي هے ، مشهور پادري جان ليڈن صاحب نے عهد جديد كا ايک ترجمه اس زبان ميں شروع كيا اور سنه ۱۸۱۲ ع ميں اونكي وفات كے بعد سيرام پور كے بيپٹس مشنريز نے اس ترجمه كے تمام كرنے كے واسطے ايسے شخص بهم پهونچاے جو اس زبان سے واقف تهے *

بلوچي زبان كے ترجمے

يهه زبان درياي اندس كے مغربي كناره پر بولي جاتي هے ، بلوچستان كا ملک ايران سے مغرب كيطرف پهيلا هوا هے ، اس زبان ميں عهد جديد كا ترجمه كرنے ميں مشنريز نے بهت سے ترقي كي هے ، چنانچه چاروں انجيلوں كو اس زبان ميں چهاپا هے *

شينسكرت اور اُن زبانوں كے ترجمه جو اُس سے مشابه هيں يا اُس سے نكلي هيں

ترجمے شينسكرت زبان كے

اگرچه اس زبان سے وه تمام زبانيں نكلي هيں ، جو مغربي اور جنوبي هندوستان ميں بولي جاتي هيں ، مگر في الحال كسي ملک ميں يهه زبان نهيں بولي جاتي البته هندوستان كے وسط كے حصه ميں علما بولتے هيں ، عهد جديد كا ترجمه اس زبان ميں بمقام سيرام پور سنه ۱۸۰۸ ع ميں چهپا ، اور توريت اور كتب تواريخ كا

translation of the Prophetic books was finished in 1818.

ترجمہ سنہ ١٨١١ ع میں 'اور اور مقدس
تحریروں کا ترجمہ سنہ ١٨١٦ ع میں اسي
مقام میں چھپا ' اور پیغمبروں کي کتابونکا
ترجمہ سنہ ١٨١٨ ع میں پورا ھوا *

In Western India, not fewer than *twentynine* languages are derived from Sanscrit, and into *seventeen* of these the sacred volume has been wholly or in part translated, viz :—

مغربي هندوستان میں شینسکرت زبان
آسے نتیس سے کم زبانیں نہیں نکلي ھیں
آن میں سے سترہ زبانوں میں کتب مقدسہ
کا ترجمہ کلي یا جزوي ھوا ھے جنکا ذیل
میں بیان کیا جاتا ھے *

The *Sikh, Sheek* or *Punjabee* which is spoken in the province of Punjab, or the country of the five rivers (from *Punj* five, and *ab* water,) : into this language the entire Bible has been translated.

سکھہ یا پنجابي زبان جو صوبہ پنجاب
میں یا پانچ دریاوں کے ملک میں بولي
جاتي ھے (یعني پنج کے معنے پانچ اور آب
کے معنے پاني) اس زبان میں کل بیبل کا
ترجمہ ھرا ھے *

The New Testament only has been translated in the following languages.

اگي انےوالي زبانوں میں صرف عہد
جدید کا ھي ترجمہ ھوا ھے

The *Assamese* or language of the kingdom of Assam.

اسام کے زبان میں عہد جدید کا ترجمہ
ھوا ھے *

The *Kashmeree* or *Kashmeer*, which is spoken in the extensive province of Kashmeer, in the north of India.

کشمیری زبان میں بہي عہد جدید
ترجمہ ھوکر چھپي ھے ' یہہ زبان کشمیر کے
بڑے صوبہ میں جو ھندوستان کے شمال پر
ھے بولي جاتي ھے *

The *Wutch* or *Mooltanee*, or dialect of Wuch, a country on the eastern bank of the Indus, which reaches from the Punjab to Auch.

زبان وچ یا ملتاني میں ' یہہ ملک
دریاي اندس کے مشرقي کنارہ پر واقع ہے '
اور پنجاب سے آک تک اسکي سرحد ہے *

The *Goojurat* or *Goojratee*, which is spoken in the Peninsula of *Goojurat*.

گجراتي زبان میں یہہ زبان گجرات میں
بولي جاتي ھے *

The *Bikaneer*, which is spoken to the south of the Punjab, and extends westward to the country where the Wucha begins.

زبان بیکانیر میں ' یہہ زبان پنجاب کے
جنوبمیں بولی جاتی ھے ' اور مغرب میں
اس ملک تک جہاں سے زبان وچ شروع
ہوتی ھے ' یہي زبان بولی جاتی ھے *

The *Kunkuna*, which language begins where the Gujuratee ceases to be vernacular, and is spoken at Bombay, and thence up the coast as far as Goa.

زبان کنکنا میں ، یہہ زبان وہاں سے شروع ہوتی ہے جہاں سے گجراتی زبان موقوف ہوتی ہے' اور یہہ زبان بمبئی میں اور کنارۂ سمندر پر بمقام گوبانک بولی جاتي ہے *

The New Testament is more than half printed in the undermentioned languages, *and is expected to be finished* (so it must have now been finished) *in the course of the present year (1825).*

ادھي سے زیادہ عہد جدید کا اگے انے والي زبانوں میں ترجمہ ہوا ہے اور امید ہے کہ اس سال (سنہ ۱۸۲۵ ع) میں اونکا باقي ترجمہ پورا ہوجاوے

The *Marwar*, which is spoken to the southwest of the Bikaneer country.

ماروازي زبان میں 'یہہ زبان بیکانیر کے مغرب جنوب میں بولي جاتي ہے *

The *Oojuvinee*, or language of the province Oujein.

اوجوني یعنے اوجین کے زبان میں *

The *Nepalese*, or language of the kingdom of Nepal.

نیپالي یعنے سلطنت نیپال کے زبان میں *

The *Hindee* or *Hindoostanee*, being spoken over an immense tract of country in India, varies much in its dialects; and not fewer than three different translations of the sacred volume have been printed.

ہندی یا ہندوستاني زبان سے جو زبانیں نکلي ہیں اونمیں بہت اختلاف ہیں اور یہہ زبان ہندوستان کے بہت سے حصہ میں بولے جاتي ہے' اور تین مختلف ترجمے کتب مقدسہ کے اس زبان میں چہپے ہیں *

In the *Bengalee* or language of the province of Bengal the whole of the Scriptures is published.

بنگالي یا صوبہ بنگالہ کي زبان میں تمام کتب مقدسہ چہپیں ہیں *

The *Ooriya* or *Orissia* language is Spoken in the province of that name; it has a very close affinity to the Bengalee, but with different terminations and a different character. In this language the entire Bible is translated by the Baptist Missionaries.

اوڑیا یا اوڑیسہ زبان اسي نام کے صوبہ میں بولي جاتي ہے 'یہہ زبان بنگالي زبان سے بہت مشابہت رکھتي ہے' مگر حرف اسکے مختلف ہیں اور لفظ بھي مختلف انجام ہیں اس زبان میں بیپٹس مشنریز نے تمام بیبل کا ترجمہ کیا *

The *Birjbhassa* language, which is spoken in the upper province of Hindoostan, contains a greater mixture of the Sanscrit than most of the other dia-

برج بہاشا زبان میں جو ہندوستان کے اوپر کے صوبہ میں بولي جاتي ہے' بہ نسبت کسي اور زبان کے سنسکرت کے زیادہ

lects of the Hindee. The Four Gospels have been translated in this tongue.

امیزش رکھتي ھے ' اس زبان میں چاروں
انجیلوں کا ترجمہ ھوا *

The *Kurnata* or *Canarese* language is spoken in the country extending northward from Tellicherry to Goa, and eastward from the coast of Malabar to the country where the Tamul is spoken, including the whole of Mysore. In this language the New Testament was printed in 1320, from the translation of the Revd. Mr. Hands.

کرناٹا یا کنیریز زبان اُس ملک میں
بولي جاتي ھے ' جو شمالي جانب پر
تلي چري سے تابہ گویا ' اور مشرقي جانب
میں ملیبار کے کنارہ سے لیکر اُس ملک
تک جہاں تامول زبان بولي جاتي ھے '
اور تمام میسور میں بھي اِسکا استعمال ھے
اِس زبان میں عہد جدید کو پادري ھینڈس
صاحب کے ترجمہ سے سنہ ۱۸۲۰ ع میں
چھاپا گیا تھا *

The *Tamul* language is spoken in the south-eastern part of India, from Madras to Cape Comorin. Different translations of both the New and Old Testaments have been made in this language. In 1814, an edition of the Tamul New Testament was completed at the Serampoor Press, at the expense of the Calcutta Auxiliary Bible Society; and as the lapse of years rendered further correction of it necessary, the Revd T. C. E. Rhenius, and the Revd. Dr. Rottler at Madras, were employed to revise Fabricius's version.

زبان تامول ھندوستان کے جنوبي مشرق
حصہ میں مندراس سے لیکر راس کماري
تک بولي جاتي ھے اس زبان میں عہد
عتیق اور عہد جدید کے مختلف ترجمے ھوے
ھیں ' زبان تامول کے عہد جدید کا نسخہ
کلکتہ کے مددگار بیبل سوسایٹي کي خرچ
سے سي رامپور کے چھاپہ خانہ میں سنہ
۱۸۱۴ ع میں چھپ کر تیار ھوا ' اور بسبب
گذرنے ایک زمانہ کے جو اس نسخہ میں
کچھہ اصلاحیں ضروري ھوئیں ' پادري رینس
صاحب اور پادري ڈاکٹر راٹلر صاحب
مندراس والے نے فبریسیس صاحب کے
نسخہ کي نظر ثاني کي *

The Telinga language, sometimes called the *Telogoo*, is spoken in the Northern Circars. In this language, which appears to be a dialect of the Tamul, the Missionary Schultz translated the Bible: but it was never printed. However both the New and Old Testaments were afterwards executed and printed in this language by other Missionaries.

زبان تلنگا جسکو کبھي تلوگو بھي کہتے
ھیں ' شمالي حصہ سرکار میں بولي جاتي
ھے ' اس زبان میں جو تامول زبان سے
نکلي معلوم ھوتي ھے ' مشنري سیکلٹز
صاحب نے بیبل کا ترجمہ کیا ' مگر یہہ
ترجمہ کبھي چھپا نہیں ' لیکن بعدہ ھر دو
عہد عتیق اور عہد جدید کا ترجمہ مشنریز
نے کیا اور چھپا یا *

In the *Cingalese* or the language of Ceylon, the Scriptures have been published both by the Dutch, the late possessors of the island, and by the English, its present masters.

زبان جزیرہ سیلون (یعنے سراندیب)میں ڈچ قوم کے لوگوں نے جو اس جزیرہ کے پہلے قابض تہے ' اور انگریزوں نے بھي جو اوسکے حال میں قابض هیں ' کتب مقدسه کا ترجمه چھاپا ❋

A translation of the New Testament into the *Maldivian* language, (which is spoken in the small but very numerous Maldivian islands, that lie to the south-west of Ceylon), has been published by the Missionaries at Serampoor.

زبان مالدوین میں' سیرام پور کے مشنریز نے عهد جدید کا ترجمه چھاپا ہے' یہه زبان مالدوین کے جزیرونمیں جو چہوٹے چھوٹے بهت کثرت سے هیں بولي جاتي ہے❋

In the *Malay* language, which is spoken not only in Malacca, but in Java and many other islands of the Indian Archipelago, there are several translations of the whole Bible; the first entire Malay Bible was published in 1731 and 1733, in Roman characters. Another edition of the whole Bible was printed in the Arabic character at Batavia, in 1758.

زبان ملیا میں جو صرف جزیرہ ملیکا هي میں نہیں بولي جاتي ہے ' بلکہ آرکي پلیگو هند کے بهت سے جزیروں میں بھي بولي جاتي ہے تمام بیبل کے بهت سے ترجمے هیں ' تمام میلي زبان کي بیبل رومے حرفونمیں اول مرتبه سنه ۱۷۳۱ ع اور سنه ۱۷۳۳ ع میں چهپي ' اور تمام بیبل کا ایک اور نسخه عربي حرفوں میں بمقام بٹویا سنه ۱۷۵۸ع میں چهپا ❋

The *Malayalim* or Malabar language is spoken on the coast of Malabar, in the country of Travancore. In this language the Catanars or clergy of the Syrian Church at Cotym, have translated the Scriptures.

زبان ملیبار مالابار کے کنارہ پر ملک تراونکورمیں بولي جاتي ہے اس زبان میں مقام کاٹم کے سریا کے گرجے کے پادریوں نے کتب مقدسه کا ترجمه کیا ❋

Versions in the Chinese, and the languages derived from or bearing affinity to it.

ترجمے چیني اور دیگرآن زبانونکے جوآس سے مشابهت رکهتي هیں یاآس سے نکلي هیں

The Chinese language, in the characters peculiar to it, is spoken not only throughout China, but also in Cochin-China and Japan, by a population of more than three hundred millions of persons. Two versions of the entire Bible are extant in this language, the translators of which have been aided in their arduous and expensive undertakings by the British Foreign Bible Society.

چیني زبان کو جسکے حرف آسي سے مخصوص هیں ' صرف چین میں هي نهیں بلکه کوچین اورجزایرجاپان میں بهي قریب تین کروڑ سے زیاده ادمیونکے بولتے هیں ' اس زبان میں تمام بیبل کے دو ترجمه موجود هیں ' ان ترجموں کے مترجموں کي مدد اس بڑي خرچ کے کام میں برٹش اور فارن بیبل سوسایٹي نے کي ہے ❋

From the Chinese language are derived seven others, which are spoken in Eastern India. Into three of these the New Testament has been translated, viz. the *Khassi* or *Kassai*, the *Munipoora*, and the *Burman*.

چيني زبان سے سات زبانيں اور نکلي
هيں ' جو مشرقي هندوستان ميں بولي
جاتي هيں ' اِن ميں سے تين زبانوں يعني
خاصي اور مني پورہ اور برهمہ ميں عهد
جديد کا ترجمہ هوا هے *

The *Khassi* or Kassai language is spoken by an independent nation of mountaineers, lying between the eastern border of Bengal, and the northern border of the Burman empire. In this language the Baptist Missionaries have translated and printed the first Four Gospels.

خاصي زبان ايک ازاد قوم پهاڑيوں کي
بولتي هے ' اور يهہ قوم بنگال کے مشرقي
سرحد اور برهمہ کے بادشاهت کي شمالي
سرحد کے درميان اباد هے ' اِس زبان ميں
بيپٹسٹ مشنريز نے چاروں انجيلوں کا
ترجمہ کرکے چهاپا هے *

The *Munipoora* is spoken in the small kingdom of that name, which lies between Assam and the Burman empire. The Gospel of Matthew has been printed in this language.

زبان مني پورہ اسي نام کي چهوٹي سي
بادشاهت ميں جو درميان برهما اور آسام
کے هے بولي جاتي هے ' اس زبان ميں
متي کي انجيل چهپي هے *

The *Burman* language, which is spoken in the empire of that name, has borrowed the Sanskrit Alphabet. Into this language the New Testament has been translated by Mr. Felix Carey, son of the Rev. Dr. Carey, of Serampoor.

زبان برهما ميں جو اسي نامکي بادشاهت
ميں بولي جاتي هے 'اور شينسکرت کے حرف
لے ليئے هيں ' اس زبان ميں عهد جديد کا
ترجمہ فيلکس کيري صاحب بيٹے ڈاکٹر
کيري صاحب سي رام پوري نے کيا هے *

Other Asiatic versions of the Holy Scriptures.

ديگر ايشيائي زبانوں کے ترجمے کتب مقدسہ کے

Formosan version.—For the use of the inhabitants of the island of Formosa the Gospels of Matthew and John were translated in their language at the time the Dutch possessed the island; but the Formosans have never received any benefit from them.

ترجمے زبان فارموسا جزيرہ فارموسا کے
باشندوں کے واسطے متي اور يوحنا کي
انجيلوں کا اُنکي زبان ميں اُسيوقت ميں
ترجمہ هوا ' جبکہ ڈچ اُس جزيرہ پر قابض
تهے ' مگر فارموسا والوں نے کچهہ فائدہ اُن
انجيلوں کے ترجمہ سے نہ اُٹهايا *

Tartar versions.—The Tartars compose a distinct nation, of Turkish origin, though now totally distinct from the Turks, and are subdivided into various tribes, each of which has its pecu-

ترجمے تاتاري زبان کے — تاتاري ترکوں
کي نسل ميں سے هيں ' اگرچہ وہ اب اُنسے
بالکل مختلف اور ايک علحدہ قوم هيں '
اور اُنميں پهر اور کئي قوميں هو گئي هيں '

liar language. Into fifteen of these languages, translations of the sacred volume are printed at the expense of the Russian Bible Society, viz. the Nogai-Tartar, Mongolian, Calmuck, Orenberg-Tartar, Tschuwaschian, Tscheremissian, Tartar-Hebrew (spoken in the interior of Asia), Mordwaschian or Mordvinian, Ostiakian, Wogulian, Samoiedian, Tschapoginian, Zirian, Ossatinian, and a dialect of the Tartar spoken in Siberia.

جنمیں سے هر ایک قوم اپنی زبان خاص رکھتی ہے ' ان قوموں کی زبانوں میں سے پندرہ زبانوں میں کتب مقدسہ کے ترجمے روسی بیبل سوسائٹی کے خرچ سے چھپے ہیں ' نام ان پندرہ زبانوں کے یہہ ہیں ' زبان نوگی تاتار ' اور مونگولین ' اور کالمک ' اور اورن برگ تاتار ' اور سکو وسچین ' اور سکو یہ مشین ' اور تاتاری عبری ' (یہہ زبان ایشیا کے درمیانی حصہ میں بولی جاتی ہے) اور موردو اسچین ' یا موردو ینین ' اور اسٹی ایکین ' اور واگولین ' اور سیمائی ڈین ' اور سیکیپو جنین ' اور زیرین ' اور آسی ٹنین اور تاتار کے ایک اور زبان جو سائبریا میں بولی جاتی ہے *

The Georgian version.—At the beginning of the eighteenth century, the whole of the New Testament, together with the Psalms and the Prophets, was printed in the Georgian language, at Teflies, in Georgia, by order of the prince of Vaktaugh. The entire Bible was printed at Moscow in 1743, at the expense of Elizabeth, Empress of Russia.

زبان جارجیہ کے ترجمے ' — اٹھارھویں صدی کے شروع میں شاھزادہ وکٹاغ کے حکم سے بمقام تفلیز واقع جارجیہ میں تمام عہد جدید اور زبور اور کتب پیغمبروں کا ترجمہ جارجیہ زبان میں چھپا ' اور ایلزبت شہنشاہ زادی روس کے خرچ سے بمقام ماسکو سنہ ۱۷۴۳ ع میں کل بیبل کا ترجمہ چھپا *

According to the tradition of the Greek Church, the Georgian version was originally made in the eighth century, by Euphemius the Georgian, the founder of the Ibirian or Georgian monastery at Mount Athos, where his original manuscript was discovered in the year 1817, and is preserved to this day.

بموجب یونانی گرجہ کی روایت کے زبان جارجیہ کا ترجمہ اصل میں یوفینس صاحب ساکن جارجیہ نے اٹھویں صدی میں کیا اور جنہوں نے جارجیہ کا عبادتخانہ جو کوہ ایتھاس پر سے تعمیر کیا تھا ' اور اسی عبادتخانہ میں انکا اصل نسخہ سنہ ۱۸۱۷ میں ملاتھا جو اجتک موجود ہے *

Modern Armenian version.—A translation of the Four Gospels into the modern Armenian language, from the ancient Armenian text, has been complet-

زمانہ حال کی زبان ارمینیہ کے ترجمے ایک ارمینیہ والے عالم نے جو پیرس کے رہنے والے ہیں ' قدیمی زبان ارمینیہ کے متن سے زمانہ حال کی ارمینیہ زبان میں چاروں

ed by a learned Armenian resident at Paris; who has undertaken a version of the entire New Testament.

انجیلوں کا ترجمہ کیا ہے ' اور اسي شخص نے تمام عہد جدید کا بھي ترجمہ کرنا شروع کیا *

Tahitan version.—The Missionaries sent to the island of Tahiti have been successful to preach the Scriptures here with effect, and likewise to translate detached portions of Scripture in the language of the inhabitants.

زبان تہیتي کے ترجمے — مشنریز جو جزیرہ تہیتي کو بھیجے گئے تھے ' وہ کتب مقدسہ کا وعظ کرنے میں کامیاب ہوے ' اور اسي طرح سے وہاں کے باشندوں کي زبان میں کتب مقدسہ کا ترجمہ کرنے میں بھي کامیاب ہوے *

On the Modern versions in the languages of Africa.

افریقہ کي زبانوں میں زمانہ حال کے ترجمے

1 *Version in the Amharic and Tigre or vernacular tongues of Abyssinia.*—The version in the ecclesiastical or ancient language of Ethiopia or Abyssinia already noticed being only confined to the Churches, and understood by few comparatively besides the clergy, M. Asselin de Cherville, French Consul at Cairo was induced to undertake a version of the entire Bible in the *Amharic*, the royal dialect spoken at the court of Gondar, which is the dialect prevalent in the eastern parts of Africa bordering on the Equator. —A translation of the Gospels into the *Tigre*, the vernacular dialect of the extensive province of Tigre, was executed by a Mr. Nathaniel Pearce.

۱ ترجمے زبان ایمہرک اور تائیگر کے جو ایبسنیا کي زبانیں ہیں — جو ترجمہ گرجہ کے یا اتھیوپیا یا ایبسنیا کي قدیم زبان میں ہے ' جسکا ہم ابھي ذکر کرچکے ہیں وہ ترجمہ صرف گرجوں ہي کے استعمال کے لیئے منحصر ہے ' اور سوا پادریوں کے چند شخص اسکو سمجھتے ہیں اس سبب سے ایسم اي سیلن ڈي چرول صاحب نے جو مقام کیرو میں کونسل ہیں ' ایم ہیرک زبان میں جو گواندر کے دربار میں بولي جاتي ہے ' اور شاہي زبان ہے ' اور افریقہ کے ان مشرقي حصوں کے بھي جو خط استوا کے قریب واقع ہیں یہي زبان ہے ' تمام بیبل کا ترجمہ کرنا چاہا ' اور تائیگر میں جو تائیگر کے بڑے صوبہ کي روزمرہ زبان ہے ' نے تھنیل پیر صاحب نے انجیلونکا ترجمہ کیا *

2. *Bullom Version.*—The Bulloms are a numerous people on the western coast of Africa, among whom the Missionaries sent out by the Church Missionary Society, laboured for several

۲ ترجمہ بلم زبان کا ' افریقہ کے مغربي کنارہ پر بلم ایک بہت بڑي قوم کثرت سے ہے ' جس میں گرجہ کے مشنري سوسائٹي نے مشنریز نے بہت سے برسوں تک وعظ

years. Into the language of this people, the Four Gospels and the Acts of the Apostles have been translated.

کیا ٬ ان لوگوں کي زبان میں چاروں انجیلوں اور اعمال حواریان کا ترجمه هوا ہے ٭

اسرائیل پر پہنچی یہودی قلمی نسخوں میں آج تک پین ٹی ٹیک ایک جلدمیں اور بڑے چھوٹی حصوں میں تقسیم ہے اور کتاب پیدایش اور خروج اور احبار اور اعداد اور استثنا کا یہہ مرکب نام بہت قدیم ہے اگرچہ ہمکو اسبات کی اطلاع نہیں ہے کہ اِس نام نے اول کب رواج پایا مگر علانیہ ظاہر ہی کہ ان کتابوں کے نام یونانی سے لئے گئے ہیں اور جوزیفس نے جو چند برس بعد عروج حضرت مسیح علیہ السلام کے تہا اپنی تصنیف میں حضرت موسی کی ان پانچوں کتابوں کا بیان کیا ہے اسلیئے اسبات کے یقین کرنے پر ہرطرح سے ہمکو دلیل ہے کہ سکندریہ کے مترجموں نے پین ٹی ٹیک کا نام سپٹو اجنٹ ترجمہ پر رکہا تہا ❊

اس میں کچہہ شک معلوم نہیں ہوتا کہ توریت کو حضرت موسی علیہ السلام نے خود اپنے ہاتہہ سے لکہا تہا اور اپنے مرنیکے قریب قبۃ الضمان میں تابوت سکینہ کے ساتہہ رکہا تہا کتاب استثنا کے باب ۳۱ ورس ۲۴ لغایت ۲۶ میں ہے کہ " اور ایسا ہوا کہ جب موسی اس شریعت کی باتوں کو کتاب میں لکہہ چکا اور وہ تمام ہوئیں تو موسی نے لاویونکو جو خداوند کے عہدنامہ کے صندوق کو اٹہاتی تہی فرمایا کہ اس شریعت کی کتاب کو لیکے خداوند اپنے خدا کے عہد کے صندوق کے پہلو میں رکہو تا کہ وہ تمہاری برخلاف معاہد رہے " پس توریت اسی وقت سے قبۃ الضمان میں تہی اسکی بعد جب بنی اسرائیل بیابان سے نکل کر کنعان میں آباد ہوئی اور جب حضرت سلیمان علیہ السلام

brought thither, with the ark of the covenant and all other sacred things. Solomon commanded that all other books of the prophets should also be preserved in the Temple. It is, therefore, to be concluded that all the respective books of Jonah, Amos, Hosea, Joel, Micah, Nahum, Zephaniah, Jeremiah, Habakuk, and Obadiah, all of whom flourished before the Babylonish captivity, were regularly deposited in the Temple.

نے بیت المقدس یا مسجد اقصیٰ تعمیر کی جسکو اورشلیم یا یروشلیم یا جروشلیم کہتے هیں تو وہ کتاب معہ اور تمام تبرکات اور تابوت سکینہ کے وهاں رکھی گئی اور حضرت سلیمان نے فرمایا کہ آسکے بعد جسقدر اور کتابیں نبیوں کی لکھی گئی هیں وہ بھی آسی مقدس جگہہ میں رکھی جاویں اس سے یہہ نتیجہ نکلتا هے کہ تمام کتابیں یوناہ اور عاموص اور هوشیع اور یوئیل اور میکاہ اور ناحوم اور صفنیاہ اور یرمیاہ اور حبقوق اور عوبدیاہ پیغمبروں کی جو بیبلن کی قید سے پیشتر لکھی گئی تھیں وہ سب بیت المقدس میں رکھی گئی تھیں *

In the year 588 B. C. Nebuchadnezzar set fire to the city of Jerusalem. It is not quite certain, whether in the conflagration these books were, with the Temple in which they were kept, consumed, or not. But Ch[illegible]stian divines have adduced strong reasons, for believing that either the originals or their copies were saved.

سنہ ۵۸۸ قبل مسیح میں بخت نصر نے بیت المقدس کو جلا دیا اب یہہ بات تحقیق نہیں هے کہ آس افت میں وہ قلمی نسخے بھی جلگئے یا نہیں مگر علماء عیسائی بہت سے معتمد دلیلوں سے ثابت کرتے هیں کہ وہ نسخے بالکل معدوم نہیں هوئی تھی بلکہ خواہ وہ اصلی نسخے یا آنکی نقلیں بچ گئی تھیں *

‡ تفسیر ڈائیلی جلد ۳ صفحہ ۳۰

The arguments brought forward are that the burning of the Temple is not lamented by any of the contemporary or succeeding prophets, and that as the other treasures of the Temple were preserved and set apart as sacred by Nebuchadnezzar, it is probable that these original manuscripts also were saved; more especially, as it does not appear that Nebuchadnezzar had any particular hostility to the religion of the Jews. If however the original books were destroyed with the Temple, it is

D'Oyly and Mant, Introduction; Vol. I. P. 29. 1856, London.

‡ وہ کہتے هیں کہ اول تو آس زمانہ کے لوگ یا وہ پیغمبر جو آسکے بعد هوے کتب مقدسہ کے جل جانے یا معدوم هوجانے کی کچھہ شکایت نہیں کرتے دوسرے یہہ کہ بخت نصر نے بیت المقدس کے خزانوں کو ادب کے لیئے مقدس سمجھہ کر بیت المقدس میں محفوظ رکھا تھا اسلیئے غالب ہے کہ یہہ اصلی نسخے بھی آس میں بچ گئی هوں بالتخصیص اس وجہہ ے کہ بخت نصر یہودی مذهب سے خاص دشمنی نرکہتا تھا باوجود ان سب باتوں کے اگر یہہ قبول کریں کہ وہ اصلی کتابیں

certain that there were at that time numerous copies; and we cannot doubt but some of these copies were carried by the Jews to Babylon, and others left in Judea. The Holy Scriptures were too much reverenced, and too widely dispersed, to make it possible that all the copies should be lost and destroyed. Besides we find Daniel, when in captivity, (chap. IX. 11, 13,) referring to the book of the Law as then existing; and soon after the captivity (Neh. VIII.) Ezra not only read and explained the Law to the people, but he restored the public worship and sacrifices according to the Mosaic ritual. There must have been therefore, at that time, at least a correct copy of the Law; for it is impossible to believe that he would have restored a service in which the most minute rites and ceremonies prescribed by Moses were considered absolutely necessary and the slightest deviation therefrom was considered as sacrilege or abomination, unless he had been in actual possession either of the original manuscript of the Law, or of a copy so well authenticated as to leave no doubt of its accuracy.

بیت‌المقدس کے ساتھہ برباد هوگئي تهیں تو بهي یهه بات یقیني هے که آس وقت میں آن کي بهت سي نقلیں تهیں اور إسبات میں کچهه شک نهیں هوسکتا هے که آن میں سے چند کتابوں کو یهودي بیبلن کو لیگئے هوں اور باقي یهودیه میں رہ گئي هوں کتب مقدسه کا بهت ادب کیا گیا تها آنکو بهت متفرق کردیا تها إسبات کا یقین دلانیکو که تمام نسخے کهوے گئے اور بلاشبهه‌کتاب‌دانیال باب ۹ — ۱۱ و۱۳ سے پایا جاتا هے که زمانه قید میں توریت کا نسخه موجود تها اور کتاب نحمیا کے باب آٹهویں سے پایا جاتا هے که قید کےتهوڑےدنوں بعد حضرت عزرا نے لوگونکو توریت صرف سنائي اور سمجهائي هي نهیں بلکه حضرت‌موسی کے قانون اور رسومات کے بموجب تمام الهیه پرستش اور تمام قربانیوں کو جاري کیا تها پس آسوقت میں توریت کا کم سے کم ایک صحیح نسخه ضرورهوگا کیونکه إسبات کا یقین نهیں هوسکتا که آنهوں نے ایسے معبد کی ازسرنو قایم کرنیکا قصد کیا هو جسمیں صرف نهایت کامل توجهه هي رسومات مقرره حضرت موسی پر واسطے مقبول الهي پرستش ادا هونے کے لیئے درکار نه تهي بلکه اگر آن سے ذرا بهي برخلاف هوتا تها تونهایت بے ادبي کلام الهي کي سمجهي جاتي تهي پس یهه سب باتیں کیونکر هوتیں اگر حضرت عزرا کے پاس خواہ اصلي نسخه توریت کا خواہ ایک ایسي نقل جسکي صحت پر لوگوں کے دلونمیں کچهه شک نه تها حقیقت میں نهوتا *

There is an uncontradicted tradition in the Jewish Church, that about fifty years after the Temple was rebuilt, Ezra,

یهودیونکے مذهب میں ایک ایسي حدیث هے جسپر کوئي اعتراض نهیں کرتا وہ یهه هے که بیت‌المقدس کے دوبارہ بنے

in conjunction with the great synagogue, made a collection of the sacred writings, which had been increased, since the Jews were carried into captivity, by the Lamentations of Jeremiah, and the Prophecies of Ezekiel, Daniel, Haggai, and Zechariah; and as Ezra was himself inspired, we may rest assured, that whatever received his sanction was authentic. To this genuine collection, which, according to former custom, was placed in the Temple, were afterwards annexed the sacred compositions of Ezra himself, as well as those of Nehemiah and Malachi, written after the death of Ezra. This addition, which was probably made by Simon the Just, the last of the great synagogue, completed the Canon of the Old Testament. After Malachi no prophet arose till the time of John the Baptist, who, as it were, connected the two covenants, and of whom Malachi foretold (ch. IV. 5), that he should precede "the great day of the Lord," that is, the coming of the Messiah. It cannot now be assertained, whether Ezra's copy of the Scriptures was destroyed by Antiochus Epiphanes, when he pillaged the Temple; nor is it material, since we know that Judas Maccabeus repaired the Temple, and replaced every thing requisite for the performance of Divine worship, which included a correct, if not Ezra's own, copy of the Scriptures. This copy, whether Ezra's or not, remained in the Temple till Jerusalem was taken by Titus, and it was then carried in triumph to Rome, and laid up with the purple veil in the royal palace of Vespasian.

کے تقریباً پچاس برس بعد حضرت عزرا نے معه بڑے معبد کی کتابهاے اقدس کا ایک مجموعه بنایا که جس میں یهودیوں کے قید میں جانے کے وقت سے بهه کتابیں بڑه گئی تهیں نوحه یرمیاه کتاب حزقیل کتاب دانیال کتاب حگی کتاب زکریا جو که حضرت عزرا کو خود الهام هوا تها اسلیئے یقین کرنا چاهیئے که جو کچهه آنکی هدایت سے کیا گیا تها وه سب صادق تها اس اصلی مجموعه میں جو بموجب قدیم رسم کے بیت المقدس میں رکها گیا تها بعد کو وه پاک کتابیں جنکو خود حضرت عزرا نے لکها تها شامل کی گئی تهیں اور کتابیں نحمیا اور ملاکی کی بهی جو بعد وفات حضرت عزرا کی لکهی گئیں تهیں شامل کی گئی تهیں ان کتابوں کا ملانا غالباً سائیمن عادل نے جو بڑے معبد میں سے اخیر تها عهد عتیق کی کتابوں کو پورا کرنے کے لیئے کیا تها کیونکه ملاکی کے بعد کوئی پیغمبر حضرت یحیی تک پیدا نهوا تها اور جسنے گویا دو عهدناموں کو شامل کیا اور جسکے حق میں ملاکی نے باب ۴ — ۵ میں پیشینگوئی کی که وه عیسی کے آنے سے پیشتر آویگا اب یهه بات تحقیق نهیں کی جاسکتی که آیا حضرت عزرا کے نسخه کتابهاے اقدس کو اینٹیوکس ابیفینس نے بروقت تاراج کرنے بیت المقدس کے برباد کیا یا نهیں اور نه اسکا تحقیق کرنا کچهه ضرور هے کیونکه یهه بات معلوم هے که جو ڈس میکبیس نے بیت المقدس کی مرمت کی اور خدا کی عبادت بجالانے کو هر ایک چیز اسنے مهیا کی جس میں ایک صحیح نسخه بهی

تھا گو وہ حضرت عزرا کا اصلي نسخہ نہو
یہہ نسخہ خواہ حضرت عزرا کا تھا یا نہ تھا
بیت المقدس میں اسوقت تک رہا جبکہ
ٹائیٹس نے اورشلیم کو فتح کیا اور اسکے
بعد روم کبیر میں لیجایا گیا اور سپیشین
کے شاهي محل میں رکھا گیا *

All the above arguments adduced by the Christian divines in support of the probability of the sacred Scriptures having escaped destruction, are no way opposed to the dictates of our religion, and are quite worthy of acceptation. Although it is not found stated in our religious books, that after the Temple was burnt by Nebuchadnezzar, there still remained in existence the original Pentateuch of Moses or any counterpart of the original, yet so much is stated that the Prophet Ezra had written a new edition of the Pentateuch for the Jews; and we believe it to be certain that the existing Pentateuch is the copy of the edition executed by Ezra.

یہہ تمام وجوهات اور تحقیقات جو علماء
مسیحي نے بیان کي هم مسلمانوں کے
مذهب سے کسي طرح مخالفت نہیں
رکھتي اور سب کي سب قابل تسلیم کے هے
اگرچه همارے هاں کي کتابوں سے یہہ بات
ثابت نہیں هوتي کہ بخت نصر کی
بیت المقدس کے برباد کرنے کے بعد کوئي
نسخہ توریت کا بموجب اُس نسخہ کے
جو حضرت موسی علیہ السلام نے خود لکھا
تھا باقي رها تھا مگر یہہ بات ثابت هے کہ
حضرت عزرا علیہ السلام نے توریت کو از
سرنو لکھا اور کچھہ شبہہ نہیں کہ یہہ نسخے
توریت کے جو اب پائے جاتے هیں اسیکي
نقل هیں جو حضرت عزرا علیہ السلام نے
لکھي تھي *

In his Commentary Imam Fukhroodeen writes on the authority of Ibn Abbas, that the Jews had lost the Pentateuch, and conducted themselves in a way that was at variance with the Divine ordinances contained therein, whereupon God in his anger, caused them to forget every thing of the Pentateuch; but when Ezra humbly solicited for its restoration, God was then pleased to put it again into the heart of Ezra: so that Ezra was enabled to direct the Israelities to the adoption of the right path, and to restore to them the Penta-

امام فخرالدین رازي صاحب اپني
تفسیر میں ابن عباس سے روایت لکھتے
هیں کہ یہودیوں نے
کھودیا تھا توریت کو
اور جو اصلي حکم
تھا اُسکے برخلاف کام
کرتے تھے پھر الله
نے توریت اُنسے بھلا
دي اور اُنکے دلونسے
بھي لے لي پھر
عزیر نے الله کے
سامنے عاجزي کي

تفسیر کبیر سورہ توبه
آیت ۳۰

عن ابن عباس ان
الیهود اضاعوا التوراة
وعملوا بغیر الحق
فانسا هم الله التوراة
ونسخها الله من صدور
هم فتضرع عزیر الی الله
وابتهل له فعاد حفظ

التورية الي قلبه فانذر قومه به فلما جربوه وجدوه صادقا فقالوا مابشر هذا العزير الا انه ابن الله وقال الكلبي قتل بخت نصر علماءهم فلم يبق فيهم احد يعرف التوراة وقال السدي العمالقة قتلوهم فلم يبق منهم يعرف التورية

اور اُسکے سامنے دہی انکسار کیا پہر اللہ نے اُنکے دلکو توریت یاد دلادی پہر اُس سے اُنہوں نے بنی اسرائیل کو ہدایت کی جب اُنہوں نے تجربہ کیا تو اُنہوں نے صحیح پایا پہر کہنے لگے کہ عزیر تو آدمی نہیں ہے مگر وہ تو خدا کا بیٹا ہے

اور کلبی نے یہہ بات کہی کہ بخت نصر نے یہودیوں کے عالموں کو قتل کرڈالا تہا اور اُنمیں کوئی نہیں رہا تہا جو توریت کو جانتا ہو پہر حضرت عزیر کو اللہ تعالی نے یاد دلائی اور سدی نے یہہ بات کہی ہے کہ عمالقہ نے یہودیوں کو قتل کرڈالا تہا اور اُن میں کوئی نہیں رہا تہا جو توریت کو جانتا ہو پہر حضرت عزیر کو اللہتعالی نے یاد دلائی *

teuch which, after being carefully examined, was acknowledged by the Israelities to be correct; and seeing this, they said (to extol him to the highest degree), that Ezra was, as it were, not the son of man, but the son of God. Again Kulbee has stated, that Nebuchadnezzar or the Amaleas, as stated by Suddee, had killed the Jewish Rabbins, and there remained no educated Jew who knew the Pentateuch, God was then pleased to imprint the contents of the Pentateuch on the heart of Ezra.

غرضکہ اِن روایتوں سے یہہ بات ثابت ہے کہ یہہ توریتیں جو اب موجود ہیں حضرت عزرا کی لکہی ہوئی ہیں اور ہم مسلمانوں کے مذہب کے بموجب جیسا اعتبار اور عظمت اُس توریت کی تہی جسکو خود حضرت موسی نے لکہا تہا ویساہی اعتبار اور عظمت اِس توریت کی ہے جسکو حضرت عزرا نے خدا کے الہام سے لکہا ہے کیونکہ حضرت موسی اور حضرت عزرا دونوں نبی تہے اور ہم مسلمان کسی نبی میں کچہہ فرق نہیں کرتے *

Upon the whole, it may be inferred that the Pentateuch of our time is the copy of the edition which Ezra himself wrote. Under the dictates of our religion we Mohomedans consider the existing Pentateuch, executed under Divine instruction by Ezra, to be identical with that of Moses, of equal authenticity, and entitled to equal reverence; for both of them were Prophets from God, and there is no distinction of any kind allowed by us Mohomedans between the Prophets, for they are all from the same source.

A very remarkable proof of the authenticity of the present Pentateuch is, that it is the same Pentateuch which existed in the time of our Prophet, for although the Jews are blamed for corrupting the Scriptures, yet they have never been accused of possessing a Pentateuch different from the original: because after the loss of the Pentateuch of Moses, Ezra had, under Divine inspiration, supplied the Jews with another in its stead, which was no way inferior in dignity and holiness to that of Moses.

علاوہ اسکی ہم مسلمانون کے مذہب
بموجب اس توریت کے اصلي ہونیکي
ایک بڑي دلیل یہہ ہے کہ یہي توریتین
ہمارے جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ
وسلم کے وقت میں مروج تہیں اور باوجودیکہ
یہودیون کو تحریف کا بڑا الزام دیا گیا
تہا مگر اسبات کا الزام کہ یہہ توریت اصلي
نہیں ہے کبہي نہیں دیا گیا اسکا سبب
یہي تہا کہ جو توریت حضرت موسی نے
خود لکہي تہي اور آسکی معدوم ہوجانے
کے بعد جو توریت حضرت عزرا نے الہام سے
لکہي تہي آن دونوں کا اعتبار اور عظمت
برابر تہي کچہہ فرق نہ تہا *

I may now turn my attention to refute those who have ventured to question the genuineness of the Pentateuch, though their objections are not founded on reasonable grounds.—

اب مناسب ہے کہ ہم اسمقام پر آن
لوگوں کي طرف متوجہ ہوں جو لوگ
توریت مقدس کي صحت پر شبہہ کرتي
ہیں گو آنکے اعتراضات کیسی ہي ناقابل
التفات ہوں *

The genuineness of the Pentateuch is questioned in two ways: 1st—Some allege that it is proved from several verses of the Pentateuch, some of which are noted in the margin, that it was not written by Moses himself, but by some other person who attempted to treat of the circumstances supposed to have occurred to Moses; because it is seen that Moses has very seldom been spoken of in the *first person*, but ferquently in *the third* throughout

Exo. 3-1.
Do. 3-3.
Do. 3-11.
Do. 3-14.
Do. 3-15.
Do. 4-1.
Do. 4-4.
Do. 4-10.
Do. 4-14.
Do. 4-19.
Do. 4-20.
Do. 4-21.
Do. 4-28.
Do. 4-29.
Do. 5-22.

وہ لوگ دوطرح سے ان کتابوں پر شبہہ
کرتے ہیں اول یہہ کہ ان کتابوں کے بہت
سے ورسون سے جنمیں سے کسیقدر کا حوالہ
حاشیہ پر ہے پایا جاتا ہے
کہ یہہ کتابیں حضرت
موسی علیہ السلام
کي لکہي ہوئي
نہیں ہیں بلکہ کسي
اور شخص نے حضرت
موسی کا حال لکہا
ہے کیونکہ ان کتابوں
میں حضرت موسی
کیطرف کوئي متکلم
کي ضمیر نہیں ہے
بلکہ اکثر غایب کي .

خروج باب ٣—١
" " ٣
" ١١
" ١۴
" ١٥
۴—١
" ۴
" ١٠
" ١۴
" ١٩
" ٢٠

Do. 6-1.
Do. 6-2.
Do. 6-9.
Do. 6-10.
Do. 6-12.
Do. 6-26.
Do. 6-28.
Do. 6-29.
Do. 7-1.
Do. 7-6.
Do. 7-7.
Do. 7-10.

the Pentateuch, which should not have been the case, had Moses been himself the author.

2ndly—Against the genuineness of the Pentateuch is brought the argument that it speaks of various incidents and events as though they had happened in the time of Moses, though they did not in fact happen till long after his death.

۲۱ ، ضمیر ہے اور اکثر جگہ
۲۸ ، لکھاگیا ہے کہ موسیٰ
۲۹ ، نے یون کہا خدانے
۵—۲۲ موسیٰ سے یہہ کہا
۶—۱ جس سے معلوم ہوتا
۲ ، ہے کہ حضرت موسیٰ
۹ ، اسکی لکھنے والے نہیں
۱۰ ، ہیں کوئی تیسرا
۱۲ ، شخص لکھتا ہے کیونکہ
۲۶ ، اگروہ ہوتی تو متکلم
۲۸ ، کی صیغہ سے لکھتی *
۲۹ ، دوسری یہہ کہ
۷—۱ بعض ایسے نام اور
۶ ، حالات ان کتابون میں
۷ ، آئے ہیں جو بہت دنو
۱۰ ، بعد حضرت موسیٰ
علیہ السلام کے واقع
ہوئی ہیں *

For instance, it is stated, in the book of Genesis XIII. 18.; "Then Abraham removed his tent and came and dwelt in the plain of Mamres which is in Hebron, and built there an altar into the Lord." In like manner the word *Hebron* occurs in ch. XXXV. 27. and ch. XXXVII. 14. of the same book. Hebron was the name of a village which the Israelities so named, after they had conquered Palestine; but before that time its name was (Josh. XIV. 15.) Kirjath-arba; from which circumstance it follows that this book was written after the conquest of Palestine by the Israelities, an event that took place subsequently to the time of Moses.

پیدایش باب ۱۳—۱۸ میں ہے "اور ابرام نے اپنا ڈیرہ اُٹھایا اور ممری کے بلوطون میں جو حبرون میں ہے جارہا اور اسیطرح اسی کتاب کے باب ۳۵—۲۷ اور باب ۳۷—۱۴ میں حبرون کا نام آیا ہے اور حبرون ایک گانوں تھا بنی اسرائیل نے جب فلسطین کو فتح کیا تب اُس گانوں کا نام حبرون رکھا اگلے زمانہ میں اُسکا نام † قریہ اربع تھا اِس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہہ کتاب بعد فتح ہونے فلسطین کے لکھی گئی ہے جو واقع ہوئی بعد زمانہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے *

† دیکھو کتاب یوشع باب ۱۴ — ۱۵

Again it is stated in the book of Genesis XXXV. 21., that "Israel jour-

اور کتاب پیدایش باب ۳۵ — ۲۱ میں ہے " پھر اسرائیل نے کوچ کیا اور اپنا خیمہ

neyed and spread his tent beyond the tower of Edar." Edar was the name of a tower on one of the rampart-gates of Jerusalem. Whence it is inferred that this book was written after the foundation of Jerusalem, which took place not in the time of Moses but long after.

برج عیدر کے اُسطرف استادہ کیا" اور عیدر اُس منارہ کا نام هی جو اورشلیم کے دروازہ پر تھا اِس سے ظاهر هی که یهه کتاب بعد تعمیر اورشلیم کے لکهي گئي ہے اور تعمیر اورشلیم کي بعد زمانه حضرت موسی کے هوئي ہے *

Again it is stated in the book of Genesis XXXVI. 31., that "these are the kings that reigned in the Land o Edom, before there reigned any kings from the children of Israel." This verse shows that this book was written at a time when there had already been some kings of the children of Israel, which circumstance did not happen till long after Moses.

اور کتاب پیدایش باب ۳۶ — ۳۱ میں ہے " بادشاہ جو ملک ادوم پر مسلط هوئے بیشتر اُس سے که بني اسرائیل کا کوئي بادشاہ هو یهي هیں " اِس سے معلوم هوتا هی که یهه کتاب بني اسرائیل میں چند بادشاہ هوچکنے کے بعد لکهي گئي ہے جو حضرت موسی کے زمانه کے بعد هوے هیں *

In the book of Exodus XVI. 35, 36., it is related that "the children of Israel did eat manna forty years, until they came to a land inhabited; they did eat manna, until they came unto the borders of Canaan. Now an omeris the tenth part of an ephah." It is demonstrable from this verse, that this book was written at a time after the Israelities had been settled into Canaan, and the eating of manna discontinued, and the weight called Ephah introduced. All these things did not occur (Josh. V.) during the lifetime of Moses.

اور کتاب خروج باب ۱۶ — ۳۵ و ۳۶ میں ہے " اور بني اسرائیل چالیس برس تک جب تک که وہ بستي میں آے من کہاتے رهی جب تک که وہ زمین کنعان کي نواحي میں آئی من کہاتے رهی اور ایک اومر ایفا کا دسواں حصه هی " اِس سے معلوم هوتا ہے که یهه کتاب اُسوقت لکهي گئي جب بني اسرائیل کنعان میں پهونچهه چکے تهے اور من کہانا موقوف هوچکا تها اور وزن ایفا کا رایج هو گیا تها اور یهه باتیں ‡ حضرت موسی علیه السلام کي زندگي میں نهیں هوئیں *

‡ دیکهو کتاب یوشع باب ۵

In the book of Numbers XXI. 3., it is mentioned that "the Lord hearkened to the voice of Israel, and delivered up the Cananities, and they utterly destroyed them and their cities; and he called the name of the place Hormah." This verse speaks of the destruction of the Cananities and of the place i. e.

اور کتاب اعداد باب ۲۱ — ۳ میں ہے " یهواہ نے بني اسرائیل کي اواز سني اور کنعانیوں کو گرفتار کردیا اور اُنهوں نے اُنهیں اور اُنکي بستیوں کو حرم کردیا اور اُسنے اِس مکان کا نام حرم رکہا " اِس سے معلوم هوتا ہے که یهه کتاب اُسوقت تصنیف هوئي

Canaan being afterwards called Hormah, which events did not come to pass (Judges I. 17.) till long after the time of Moses. The inference is that this book could not have been written by Moses.

سے جب کنعاني قتل هوچکی تهے اور آن بستیوں کا نام حرمہ هولیا تها اور یہہ واقعات حضرت موسی علیہ السلام کے بہت § پیچھے هوئی هیں اِس سے یہہ نتیجہ نکلا کہ اِس کتاب کو حضرت موسی نے نہیں لکھا بلکہ کسي اور شخص نے آنکے بہت دنوں بعد لکہا هے *

§ دیکھو کتاب قضات باب ۱—۱۷

In the book of Numb. XXXII. 41., it is stated that "Jair the son of Manessah went and took the small towns thereof, and called them Havoth-Jair." Likewise in Deuteronomy III. 14., it is mentioned that "Jair the son of Manessa took all the country of Argob unto the coasts of Jeshure and Maachathe, and called them after his own name, Bashan-havoth-Jair, unto this day."

کتاب اعداد باب ۳۲—۴۱ میں هے " کہ منسا کا بیٹا یایر نکلا اور اِسنے اِس نواحي کے گائوں کو لے لیا اور آنکا نام یایر کے گائوں رکہا " اور کتاب استثنا کے باب ۳ — ۱۴ میں هے کہ ' منسا کے بیٹے یایر نے ارجوب کي ساري مملکت جسوریوں اور معکاتیوں کي نواحي تک لے لي اور آسنے جالوث یایر باسان آسکا نام رکہا (جو آسکا نام تها وهي نام اج تک هے) *

These verses evidently refer to a time when Jair had possessed himself of the countries therein spoken of, which was long posterior to the time of Moses.

ان ورسوں سے معلوم هوتا هے کہ یہہ کتابیں آس زمانہ کے بعد لکهي گئي هیں کہ جب یایر نے آن ملکوں کو لے لیا تها اور یہہ واقعہ بہت مدت بعد حضرت موسی کے هوا هے *

Chapter XXXIV of the book of Deuteronomy treats of the particulars of the death and burial of Moses; from which it may justly be concluded that he certainly could not have been the author of this book.

کتاب استثنا باب ۳۴ میں حال وفات حضرت موسی علیہ السلام کا اور ذکر آنکي قبر کا مذکور هے جس سے معلوم هوتا هے کہ یہہ کتاب حضرت موسی علیہ السلام کي لکهي هوئي نہیں هے بلکہ کسي اور شخص کي لکهي هوئي هے *

To answer and refute all the above objections against the genuineness of the Pentateuch, has been felt difficult only by those persons, who have held the existing Pentateuch to be the original work of Moses; while we Mohomedans holding it to be written by

اِن اعتراضات کے رفع کرنے میں البتہ آن لوگوں کو مشکلیں پیش آئي هیں جو اِسبات کے قایل هوے هیں کہ توریت مقدس جو اب همارے هاتهہ میں موجود هے آسي نسخہ کي نقل هے جس کو حضرت موسی علیہ السلام نے خود لکہا تها

Ezra, have no difficulty in repelling and resisting all such objections: because, when Ezra is held by us to be the author of the present Pentateuch, it is then quite as we should expect it to find Moses throughout spoken of in the third person, and to find all those events which occurred up to the time of Ezra, related in the manner they are. If, therefore, the question be considered rationally and dispassionately, it will be obvious that all the foregoing arguments which have been advanced as militating against the genuineness of the Pentateuch as at present known by that name, so far from leading to that conclusion, should, on the contrary, be regarded as so many evidences in its favour.

مگر جبکه هم مسلمان اِسبات کے قایل هیں که یهه توریت مقدس حضرت عزرا علیه‌السلام کي لکهي هوئي هے تو کسیطرح کي مشکل باقي نهیں هے کیونکه اِس توریت مقدس کو حضرت عزرا علیه‌السلام نے لکها تو ضرور تها که حضرت موسیٰ کو تمام کتاب میں غایب کي ضمیر سے لکها جاتا اور جو حالات که حضرت عزرا کے وقت تک گذر چکے تهے وه اسیطرح لکهے جاتے جس طرح که توریت مقدس میں لکهے گئے هیں" پس اگر انصاف سے دیکها جاوے تو یهه سب باتیں قوي دلیل هیں اوپر صحت توریت مقدس کے نه کسیطرح کا اُسپر شبهه کرنیکي ●

Some of the ancient writers state that the five books of the Law had been originally divided into fifty four parts. Many of the Jews pretend that this division was prescribed by Moses himself; but others, with greater probability, ascribe it to Ezra. The purpose to be answered by dividing the Pentateuch into so many parts was, that one of them might be read in their Synagogues every sabbath. There were fifty four weeks and fifty four sabbaths in a Jewish regulated year. But in their usual years the number of the weeks being only fifty two, they combined the two smaller parts with the two larger and thus reduced the above mentioned fifty four parts of the Pentateuch to fifty two.—

قدیم مورخ بیان کرتے هیں که حضرت موسی علیه‌السلام کي پانچون کتابیں چون ٹکروں میں منقسم تهیں بهت سے یهودي اسبات کے قایل هیں که یهه تقسیم خود حضرت موسی علیه‌السلام نے کي تهي مگر غالباً یهه معلوم هوتا هے که حضرت عزرا علیه‌السلام نے یهه تقسیم کي تهي اس تقسیم کا منشاء یهه تها که ان ٹکروں میں سے ایک ٹکرا هر سبت کو یهودیوں کے معبد میں پڑها جاتا تها اُن کے حسابي سال میں چون سبت هوتے تهے مگر اُنکے معمولي سالوں میں سبتوں کي تعداد صرف باون تهي اسلیئے وه دو چهوٹے حصوں کو بڑے حصوں میں ملاکر اُن چون حصوں توریت مقدس کو باون حصے کر لیتے تهے ●

Till the reign of the tyrant Antiochus Epiphanes, the Jews used to read, in their synagogues, only the Law; but on being prohibited from reading the Law they divided the books of the Prophets into fifty four parts; and when the reading of the Law was restored by the order of Maccabees, the part which was read from the Law, served them for their first lesson, and the part from the Prophets for their second lesson.

These parts were subdivided into verses, which, if not to be ascribed to Ezra, were made not long after him. It seems that the subdivision of these parts into verses was intended for the convenience of translation into the Chaldee language; since, after the return of the Jews from the Babylonish captivity, as the Hebrew language ceased to be the common language of the people and was supplanted by the Chaldee language, it became customary with the Jews to read the Law first in the original Hebrew, and afterwards to explain it to the people in Chaldee; for which purpose the subdivision of the formerly-used parts into verses was very convenient.

The division of the Scriptures into chapters as we now have them, (excepting the Psalms which have been so divided from the first) is modern: some ascribe its execution to Stephen Langton, Arch-bishop of Canterbury in the reigns of John and Henry III; but others, with greater probability, believe that the author of this invention was Hugo De Sancto Caro, generally called Hugo Cardinalis, as after being at first a Dominican, he was

اين ٹيوکس اي پي فينس کے ظالم عهد تک يهودي اپنے معبدوں ميں صرف توريت کو پڑهتے تهے مگر جب اسکے پڑهنے کي ممانعت هوئي تو اُنهوں نے اُسکي بدلي پيغمبروں کي کتابوں کے چون ٹکري کرکر اُنکا پڑهنا مقرر کيا اور جب ميکي بيز نے پهر توريت کے پڑهے جانے کي اجازت دي تو هر سبت کو اول توريت مقدس ميں کا ٹکرا اور پهر پيغمبروں کي کتابوں ميں کا ايک ٹکرا پڑها جاتا تها *

يهه ٹکرے چهوٹے چهوٹے ٹکروں ميں منقسم تهے اور غالباً يهه تقسيم حضرت عزرا نے خود کي تهي يا اُنکے بعد بهت قريب زمانه مين کي گئي تهي اس تقسيم کے رواج کا غالباً يهه سبب تها که جب يهودي بيبلن کي قيد سے چهوٹکر واپس آئي تو عبري زبان کا استعمال بهت جاتا رها تها اور اُسکي بدلي کالدي زبان بولي جاتي تهي اسليئے يهه قاعده ٹههر گيا تها که اول توريت مقدس اصل عبري زبان ميں پڑهي جاتي تهي اور اُسکے بعد لوگوں کے سمجهانے کے ليئے کالدي زبان ميں ترجمه سنايا جاتا تها اور اسکام کے ليئے يهه تقسيم بهت هي مفيد تهي *

زبور کے سوا باقي کتب مقدسه کي تقسيم بابوں ميں جيسيکه اب همارے پاس موجود هے بهت حال کے زمانے کي هے بعضے لوگ کهتے هيں که ستفن نے يهه تقسيم کي هے مگر غالباً يهه هے که اس تقسيم کو هيو گوڈي سينک ٹوکيروني ايجاد کيا هے جو هيوگو کارڈي نيلس کے نام سے مشهور هے يهه شخص سنه ۱۲۴۰ع ميں نهايت مشهور عالم تها اُسنے کتب مقدسه

at once raised to the dignity of a Cardinal. This Hugo flourished about the year 1240. He wrote a Commentary on the Scriptures and also executed a Concordance to the Latin Vulgar Bible, enabling the reader to trace out any word or phrase of Scripture with greater ease and speed. For this purpose he considered it necessary to divide the Scriptures into parts which we call chapters, and again to subdivide each chapter into sections, which he did by placing the letters of the alphabet at certain distances in the margin. There was no division of the Scriptures into chapters prior to his time, and the parts so constructed by him, now form the chapters of the existing Bible. The subdivision of chapters into verses, as is preserved in our Bibles, was first made in 1445, by Mordecai Nathan, a learned Jewish Rabbi, who in imitation of Hugo Cardinalis executed a Concordance of the Hebrew Bible. He followed Hugo in his division of chapters, but he broke up Hugo's subdivisions of chapters into smaller sections; and this useful and commodious contrivance has been since followed in all the ordinary copies of the Bible. Thus the Jews received their division of chapters from the Christians, in like manner the Christians borrowed their division of verses from the Jews.

پر ایک شرح بھی لکھی اور کنکارڈنس کا طریقه ایجاد کیا اسکا مقصد یهه تها که کتب مقدسه کا جونسا لفظ یا مقام چاهیں اسانی سے مل جاوے اسلیئے ضرور هوا که کتب مقدسه چهوٹے چهوٹے حصوں میں تقسیم کی جاویں اور هریک حصه چهوٹے چهوٹے ٹکڑوں میں اور هر ٹکڑه فقروں میں تسوسطے نه اسوقت تک تمام بیبلوں میں مطلق تقسیم نه تهی بهه حصے جب سے تقسیم هوئے بیبل کے باب هیں مگر ان بابوں کی تقسیم ورسوں میں ایسی نه تهی جیسے اب هے هیوگو کی ترکیب انکی مکرر تقسیم کرنیکی بذریعه حروف ا ب ت کے تهی جو حاشیه پر ایک دوسرے سے برابر فاصله برقدر طوالت بابوں کے لکهی جاتے تهی ان بابوں کی مکرر تقسیم ورسوں میں جیسیکه اب همارے پاس موجود هے ایک مشهور یهودی عالم موردیکه نیتهن نے قریب سنه ۱۴۴۵ع کے کی هے اس عالم نے یهودیوں کے استعمال کے لیئے هیوگو کارڈینلس کی نقل سے عبری کتب مقدسه کے لیئے ایک کنکارڈنس لکها اگرچه اسنے هیوگو کی کتاب کے بابوں کی تقسیم میں پیروی کی مگر اسنے بابوں کو ورسوں کی تقسیم میں زیاده اراستگی دی اور هر باب کے لیئے ورس یعنی آیتیں ایجاد کیں یهه ترکیب نهایت مفید اور زیاده ارامده تهی اور جسوقت سے ایجاد هوئی سب اسکو تسلیم کرتے آئے بهرحال یهه تقسیم بابوں اور ورسوں کی جب سے نکلی همیشه مروج رهی اور جسطرح که یهودیوں نے کتب مقدسه کے بابوں کی تقسیم کو عیسائیوں سے لے لیا اسیطرح عیسائیوں نے بابوں کی تقسیم کو یهودیوں سے حاصل کیا ٭

Further, the Summaries of the contents of each chapter, and the marginal references inserted in most Bibles, do not owe their origin to the original authors, but are of a later invention. Among the marginal references, there are some, of which the authority is certified and attested by certain indications in the text: all such are to be held by us Mohomedans as inspired and free from all error. But all the other *references which* the learned have annexed on the authority of their own opinions, are not considered or admitted by us in the same light, i. e. as being inspired or infallible. The chronological references subjoined to the margin of the Bible are likewise of a recent date, as they were added by Dr. William Lloyd, Bishop of Worcester, who died in 1717.

علاوہ اِسکے بیبل میں جو هر باب کے سرے پر اُس باب کا خلاصه هوتا هے اور ورسوں کے حواله جو حاشیه پر لکهے جاتے هیں یهه اصلي بیبل میں نهیں تهے حال کے زمانه کے ایجاد هیں مگر، ان حوالوں میں بعض حوالے وه هیں جنکا نشان اصل متن میں پایا جاتا هے، اِس قسم کے حوالوں کو هم الهامي سمجهتے هیں اور اُن میں غلطي یا نقصان کا احتمال نهیں کرتے باقي حوالے جو عالموں نے اپني راے سے اضافه کیئے هیں اُنکو هم الهامي نهیں سمجهتے اور اُن میں خطا اور غلطي کا امکان جانتے هیں، تاریخیں جو بیبل کے حاشیه پر لکهي جاتي هیں یهه بهي اصلي بیبل میں نهیں تهیں حال کے زمانه میں ڈاکٹر ولیم لایڈ صاحب نے جو بشپ وارسسٹر کے تهے اور سنه ۱۷۱۷ع میں اُنهوں نے انتقال کیا اِسکو ایجاد کیا هے *

بسم الله الرحمن الرحيم

ديباچه كتاب پيدايش كا

INTRODUCTION TO THE BOOK OF GENESIS.

The Greek word *Genesis* means *Creation*; and hence it is applied to the first book of the Bible, which treats of the creation of the world and the origin of the human race.

This name was first given in the Septuagint version, for the Jews do not employ it. They were accustomed to call a book by the name of its author, or by its initial word. And the first word of this book being *Bereshith* (i. e. in the beginning), the Jews have accordingly known it by that name.

We Mohomedans hold the five books of Moses to have been written again by Ezra after they had been lost. We therefore accept this book as rewritten. Those persons who maintain it to have been written by Moses himself, have made various attempts to determine its probable chronology. Eusebius and other critical divines suppose it to have been written at the time Moses tended his father-in-law's sheep in the wilderness of Midian.

If this opinion be received as correct, the inference is inevitable, that Moses wrote this book at an epoch prior to his endowment with the gift of prophecy and the revelation to him of the Divine purpose and commands.

لفظ پيدايش ترجمه هے جينسس كا جو يوناني لفظ سے نكلا هے " اِس كتاب ميں دنياكي پيدايش اور انسان كي نسل كا بيان هے إسليئے إسكا كتاب پيدايش نام ركها هے يهه نام ترجمه سپٹو ايجنٹ ميں ركها گيا هے ' يهودي إسكا يهه نام نهيں ليتے يهوديوں كي عادت تهي كه يا تو وه كتابوں كا نام اُنكے مصنفوں كے نام پر ليتے تهے يا اُس كتاب كے شروع ميں جو لفظ هوتا تها وهي نام اُس كتاب كا ليتے تهے إس كتاب كے شروع ميں لفظ برشتهه هے جسكے معنے سرے كے هيں إسليئے يهودي اس كتاب كا يهي نام ليتے هيں *

جبكه هم مسلمان يهه تسليم كرتے هيں كه پانچوں كتابيں حضرت موسى عليه السلام كي دوباره حضرت عزرا عليه السلام نے لكهي هيں تو اس كتاب كو بهي هم مسلمان حضرت عزرا كي لكهي هوئي تسليم كرتي هيں مگر جو لوگ اسبات كے قايل هيں كه يهه كتاب حضرت موسى عليه السلام كي لكهي هوئي هے اُنكو اسبات پر گفتگو كرنے كي ضرورت پيش ائي هے كه يهه كتاب كب لكهي گئي تهي يوسي بيس اور اور علماي محققين عيسائي يهه بيان كرتي هيں كه حضرت موسى نے اس كتاب كو اُس زمانه ميں لكها جبكه وه اپني سسرال ميں مدين كے جنگل ميں بكرياں چراتے تهے إس راے پر بڑا اعتراض يهه

هوتا هے که اگر یهه صحیح هو تو لازم آتا هے
که یهه کتاب حضرت موسی نے نبي هونے
سے اور وحي آنے سے پیشتر لکهي هے *

The opinion advanced by Theodoret, and subsequently adopted by Moldenhawer, and other modern critics, is, "that Moses wrote this book after the departure of the Israelities from Egypt and the promulgation of the Law from Mount Sinai; for, previously to his receiving the divine call related in Exodus Cha. III., he was only a private individual, and was not endowed with the spirit of prophecy. Without the spirit he could not have recorded, with so much accuracy, the history of the creation and the subsequent transactions to his own time." The objection against this opinion is, that it is not founded on any authority and is merely conjectural.

تهیوڈورٹ صاحب کي راے جسکو
مولڈن هیور صاحب اور اور متاخرین علماء
محققین عیسائي بهي اختیار کرتے هیں
یهه هے که " حضرت موسی نے اِس کتاب
کو اُسوقت میں لکها هے جبکه وه مصر سے
بني اسرائیل کو نکال کر لائے تهے اور جبکه
کوه طور یا کوه سینا پر اُنکو توریت عنایت
هوئي تهي ' کیونکه قبل اِسکے که خدا نے
حضرت موسی کو پکارا جسکا ذکر کتاب خروج
کے تیسرے باب میں هے ' حضرت موسی
مثل اور آدمیوں کے ایک انسان تهے اور نبي
نهیں هوے تهے اور بدون نبي هونیکے ایسي
درستي سے تمام حالات پیدایش اور واقعات
جو اُنکے وقت تک گذرے نهیں لکهه سکتے
تهے " اِس راے پر بجز اِسکے که ایک قیاسي
بات هے اور اِسکي کوئي سند موجود نهیں
هے اور کچهه اعتراض نهیں هوسکتا *

Rabbi Moses ben Nachman and other Jewish writers suppose "that God dictated to Moses all the contents of this book, during the first forty days that he was permitted to hold a communication with the Almighty on Mount Sinai, and that on his descent he committed the whole to writing." They found this opinion on Exodus XXIV. 12., where Jehovah says to Moses "come up to me in the mount, and be thou there, and I will give thee the tables of stone, and the law, and the precepts, which I have written, to teach them:"— understanding by the table, the decalogue; by the precepts all the judicial

رب موسی بن نکمان اور اور عالم یهودیوں
کي یهه راے هے که جبکه حضرت موسی کو
کوه طور پر چالیس دن خدا کے سامنے حاضر
رهنیکي اجازت هوئي تهي ' اُن دنوں میں
خداتعالی نے حضرت موسی کو اِس کتاب
کا تمام مضمون ' بتادیا تها اور پهاڑ پر سے
اُترنے کے بعد اُنهوں نے اُسکو لکها اِس
راے کي سند میں وه لوگ کتاب خروج
باب ۲۴—۱۲ پیش کرتے هیں جو یهه هے "
اور خداوند نے موسی کو کها که پهاڑ پر مجهه
پاس آ اور وهاں ره اور میں تجهے پتهر کي
لوحیں اور شریعت اور احکام جو میں نے
لکهي هیں دونگا تاکه تو اُنهیں سکهلاوے

and ceremonial ordinances; and by the law, all the other writings of Moses, whether historical or doctrinal. There is nothing to be said against this opinion, for the book of Genesis must perforce have been written after the occurrence of the events related in it, since it was impossible that Moses could have written it *before* that time.

یہہ عالم کہتے ہیں کہ پتھر کی لوحونسے تو وہ دس احکام مراد ہیں جو حضرت موسی کو ملی تہے اور شریعت سے تمام وہ احکامات مراد ہین جو مذہبی رسومات اور شرعی باتوں سے متعلق ہیں اور اور احکام سے تمام باقی تحریریں حضرت موسی علیہ السلام کی مراد ہیں جو تعلیمانہ یا مورخانہ لکہی ہیں ' اس راے پر کوئی اعتراض واقع نہیں ہوسکتا کیونکہ جو کتاب حضرت موسی علیہ السلام نے لکہی تہی وہ بلاشبہہ اِن تمام واقعات کے بعد لکہی ہوگی کیونکہ اُس سے پہلے لکہا جانا ممکن نہ تہا *

Notwithstanding the existence of the foregoing opinions Divines unanimously affirm, that the chronology of this book, that is to say, the probable time at which it was written, is uncertain; nor is it possible to ascertain it. Mr. Horne thus quotes a passage from some pious writer: "It is, however, as impossible, as it is of little consequence, to determine which of these opinions (i. e. those which differ in assigning the date of this book) is best founded; and it is sufficient for us to know, that Moses was assisted by the spirit of infallible truth in the composition of this sacred work, which he deemed a proper introduction to the laws and judgments delivered in the subsequent books."

باوجود ان تمام باتوں کے علماء محققین کی یہہ راے ہے کہ درحقیقت زمانہ تحریر اُس کتاب کا جسکو حضرت موسی علیہ السلام نے لکہا تہا تحقیق نہیں اور نہ اُسکا تحقیق ہونا ممکن ہے ' چنانچہ † ہارن صاحب نے ایک بڑے مذہبی مورخکا قول نقل کیا ہے کہ " اس باتکو قرار دینا کہ اِن رایوں میں سے (یعنی جو رائیں دربارِ اختلاف زمانہ تحریر کتاب پیدایش کے ہیں) کون سی راے نہایت عمدہ اصلیت رکہتی ہے جیسا کہ نا ضروری ہے ویسا ہی غیر ممکن ہے ' اور ہماری لیئے یہہ جاننا کافی ہے کہ موسی اس مقدس کتاب کی تصنیف میں نا قابل قصور ہویت سے مدد کیا گیا تہا ' اور جس کتاب کو موسی نے قوانین اور اور احکام کا جو آیندہ کی کتابوں میں ہیں مناسب دیباچہ سمجہا ہے *

† ہارن صاحب کا انٹروڈکشن جلد ۳ صفحہ ۳

According to the dictates of our religion, we unquestionably believe this

ہم مسلمانوں کے مذہب کے بموجب یہہ بات ناقابل شبہہ کے ہے کہ یہہ کتاب

book to have been written under divine inspiration, because there are particulars of the creation of the world related in it, which it was impossible to know without the aid of inspiration; and the several narratives which are contained in our Holy Koran, in which we have implicit belief, are also found embodied in it.

This book comprises the history of about 2,369 years according to the vulgar computation of time, or of 3,619 years according to the larger computation of Dr. Hales. It contains the history of the creation of the world and of man; the propagation of mankind; the deluge; the division of the earth among mankind; the diversity and confusion of languages; together with the particulars of the patriarchs, to the death of Joseph.

Some divines have much debated on the contents of the first, second, and third chapter of this book. The divines of Germany and the Unitarians of England, particularly Bauer, Rosenmüller, and Dr. Geddes assert, that the narrative of the creation and fall of man is not a recital of real events, but an ingenious philosophical fable, invented by Moses after the example of the ancient Greek writers, to give the greater weight to his legislative enactments; and designed to account for the origin of human evil, and also as an introduction to a history, great part of which they consider to have been a mere poetical fiction. This notion has been put

از روے الہام کے لکھي ھے کیونکہ اِس میں دنیا کے پیدا ھونے کے ایسے حالات لکھے گئے ھیں جنکا بغیر الہام کے لکھا جانا ممکن نہیں ہے ' اور بہت سے قصص اگلے زمانوں کے جو قرآن مجید میں خدا تعالے نے فرماے ھیں ' اور جن میں ھم مسلمان ذرا بھي شبهه نہیں رکھتے وہ اِس میں پاے جاتے ھیں *

اِس کتاب میں بموجب عام حساب کے دو ھزار تین سو اُنتہر برس کے حالات مندرج ھیں ' اور ڈاکٹر ھیلز صاحب نے جو اِس زمانه کو وسعت دي ہے اُن کے حساب بموجب تین ھزار چھه سو اُنیس برسکے حالات ھیں اور دنیا کي پیدایش اور انسان کي خلقت اور اُن کا پھیلنا اورطوفان کا آنا اور زمین کا انسانوں میں تقسیم ھونا اور زبانوں کا اختلاف اور نبیوں کے حالات حضرت یوسف علیه‌السلام کي وفات تک اِس کتاب میں مذکور ھیں *

اِس کتاب کے پہلے اور دوسرے اور تیسرے باب پر بعض عیسائي عالموں نے بہت گفتگو کي ھے علماء محققین جرمن اور علماء موحدین انگلستان جو یونی تیرین کہلاتے ھیں علی‌الخصوص بائیر صاحب اور روزن ملر صاحب اور ڈاکٹر گڈس صاحب کي یهه راے ھے که بیان پیدایش اور ذکر تنزل حضرت آدم علیه السلام واقعات اصلیه نہیں ھیں بلکه دانائي سے ایک بنایا ھوا قصه ھے جسکو حضرت موسی علیه‌السلام نے یوناني مورخوں کے طریق پر اپنے قوانین کے با وقار ھونے کے لیئے بنا لیا تھا اور اُسکے ذریعه سے گناہ کي اصلیت کا نشان بتایا تھا ' پس یهه باب

forth by Rosenmüller as an indisputable fact.

گویا بطور براعت استهلال یا تشبیب شاعرانه کے هیں ' اسلیئے وہ عالم ان میں سے بہت باتوں کو صرف شاعرانه جهوٹ سمجهتے هیں روزن ملر صاحب کهتے هیں که یهه ایک ایسی حقیقی بات هے جسپر اعتراض نهیں هوسکتا *

The Jews who lived previously to the time of Jesus Christ, believed that the accounts given in the first three chapters of this book, were real facts.

یهودی عالموں کی جو حضرت مسیح علیه السلام سے پیشتر تهے یهه راے هے که اس کتاب کے تینوں بابوں میں جو کچهه مذکور هے وہ اصلی اور حقیقی هے ' یعنی جس طرح مذکور هے اسی طرح پر هوا هی *

Some Christian commentators have solved the difficulty by taking some parts of them for literal, and other parts for allegorical accounts.

بعض علماء مفسرین عیسائی نے یهه طریقه اختیار کیا هے که ان بابوں کے بعض حصوں کو بطور تمثیل کے سمجهتے هیں اور بعض سے لفظی معنے مراد لیتے هیں *

In his Introduction to the Critical Study of the Scriptures, Mr. Horne has largely treated on this subject, and has, by producing several authoritative references from the Old and New Testaments, endeavoured to prove, that none of the accounts in the first three chapters is a narrative, but, on the contrary, a real fact. I quote the following as one of his remarkable arguments in defence of the views in question. "If it be granted that Moses was an inspired lawgiver, it becomes impossible to suppose that he wrote a fabulous account of the creation and fall of man, and delivered it as a divine revelation, because that would have been little, if at all, short of blasphemy."

† هارن صاحب نے اپنے انٹروڈکشن میں اسپر بہت سی گفتگو کی هے اور عهد عتیق اور عهد جدید کی کتابوں کی بہت سی سندوں سے ثابت کیا هے که ان بابوں میں کوئی بات بهی بطور قصه کے مذکور نهیں هے بلکه سب اصلی اور حقیقی هیں ایک نهایت عمده دلیل انهوں نے یهه لکهی هے که " جب یهه بات مانی جاوے که حضرت موسی علیه السلام نے وحی کے بموجب توریت لکهی هے تب یهه خیال کرنا نا ممکن هے که انهوں نے بید ... اور تنزل انسان کا بیان جهوٹ لکها اور بطور وحی کے لوگوں کو دیا کیونکه یهه بات خدا کی نسبت دشنام دهی سے کم نهوگی *

† هارن صاحب کا ...ٹروڈکشن جلد ۳ صفحه ... لغایت ۹

Mr. Horne does not admit any of the accounts in these chapters, to be allegorical; and he affirms that the Mosaic

هارن صاحب اسبات کی بهی اجازت نهیں دیتے که ان بابوں کے کوئی بات بهی تمثیلی سمجهی جاوے بلکه وہ لکهتے هیں

که " حضرت موسیٰ علیه السلام کي تاریخ بیان اصلي حقیقتوں کا هے اس تمام تاریخ کو تمثیلي سمجهنا اسپر نهایت پریشاني کا پردہ ڈالنا هے اور تمام توریت کو شک اور تاریکي میں مبتلا کرنا هي نهیں هے بلکه مذهب عیسائي کي بنیاد کو زلزله دینا هے جسکي ابتدا اس وعدہ سے هے که عورت کا تخم سانپ کے سر کو کچلیگا في الحقیقت اگر هم تنزل انسان کي تاریخ کو سواے ظاهري لفظي مراد کے اور کسي مراد میں سمجهیں تو هم بڑي پریشانیوں میں مبتلا هونگي بعضے مفسروں نے ان تمام مشکلات کے دفع کرنیکو اس طرح پر کوشش کي هے که حضرت موسیٰ کي تاریخ کے بعض حصوں کو تمثیلي مراد میں لیا هے اور بعض کو لفظي مراد میں مگر ایسا کرنا ایک ایسا طور هے نه جو اس تاریخ کے مضمون کي اصلیت اور منشاء سے اور ایک ایسے مورخ کي راؤں سے بالکل نامطابق هے جسکي کتاب کي مشهور علامتیں سادگي اور صفائي اور راستي هیں اس میں نه ملاوٹ هے اور نه بناوٹ هے کل تمثیلي هے یا کل لفظي هے — اگرچه چند اعتراض کتاب پیدایش کے زمانه هاے واقعات پر کیئے گئے هیں اس طور سے که اسکے روسے دنیا کي مدت کم ثابت هوتي هے به نسبت اسکے جیسا که بعض زمانه حال کے خود پسند حکماء کے خیالات سے ثابت هوتا هے ' مگر جسقدر زیادہ امتحان کیا جاوے اور جو فضول اور ناغالب بیانات کالیدیا والوں اور مصریوں اور چینیوں اور هندیوں کي تاریخ میں هیں ان سے جتنا زیادہ مقابله کیا جاوے اوتنا هي زیادہ

narrative is a relation of real facts, as he says "to consider the whole of that narrative as an allegory 'is not only to throw over it the veil of inexplicable confusion, and involve the whole Pentateuch in doubt and obscurity, but to shake to its very basis Christianity, which commences in the promise, that 'the seed of the woman should bruise the head of the serpent.' In reality, if we take the history of the fall in any other sense than the obvious literal sense, we plunge into greater perplexities than ever. Some well-meaning pious commentators have indeed endeavoured to reconcile difficulties by considering some parts of the Mosaic history in an allegorical, and other parts in a literal sense; but this is to act in a manner utterly inconsistent with the tenor and spirit of that history, and with the views of a writer, the distinguishing characteristics of whose production are simplicity, purity, and truth. There is no medium, nor palliation; the whole is allegorical, or the whole is literal.' In short, the book of Genesis, understood in its plain, obvious, and literal sense, furnishes a key to many difficulties in philosophy, which would otherwise be inexplicable. Thus it has been reckoned a great difficulty to account for the introduction of fossil shells into the bowls of the earth: but the scriptural account of the deluge explains the fact better than all the romantic theories of philosophers. It is impossible to account for the origin of such a variety of languages in a more satisfactory manner than is done in the narrative of

the confusion of tongues which took place at Babel, Genesis XI. 1-9. And although some futile objections have been made against the chronology of this book, because it makes the world less ancient than is necessary to support the theories of some modern self-styled philosophers, yet even here, as we have already shown by an induction of particulars, the more rigourously it is examined and compared with the extravagant and improbable accounts of the Chaldæan, Egyptian, Chinese, and Hindoo chronology, the more firmly are its veracity, and authenticity established. In fine, without this history, the world would be in comparative darkness, not knowing whence it came, nor whither it goeth. In the first page of this book, a child may learn more in an hour, than all the philosophers in the world learned without it in a thousand years."

استحکام سے اِس کتاب کے زمانوں کي تاریخ کي صداقت اور سچائي قایم هوتي هے حاصل کلام یهه هے که بدون اِس تاریخ کے دنیا میں جیسیکه اب روشني هے اسیقدر اُس میں تاریکي هوتي کیونکه یهه نهیں جانا جاتا که کهاں سے دنیا آئي اور کهاں کو جاتي هے اِس مقدس کتاب کے اول صفحه سے ایک بچه ایک گهنٹه میں اُس سے زیاده واقفیت حاصل کرسکتا هے جتنے میں تمام حکماء نے دنیا کي بغیر اِس کتاب کے هزار برس میں حاصل کي هے •

We Mohomedans accept and defend the arguments of Mr. Horne, with some exceptions, in what he says on the subject under consideration. Moreover according to the guide of our religion it is great infidelity or impiety to take the accounts in the three chapters for a narrative invented by Moses or Ezra, (whom we believe to have restored the Pentateuch to the Jews after it was destroyed.) The opinion of Mr. Horne that even none of these accounts must be considered in the allegorical sense, is the only point in which we differ from him. It is a standard principle with us Mohomedans to take a word in the strictest original and literal meaning

هم مسلمان اسباب میں هارن صاحب کے بالکل طرفدار هیں بلکه همارے مذهب بموجب یهه خیال کرنا که حضرت موسی علیه السلام یا حضرت عزرا علیه السلام نے یهه جهوٹا قصه اپني طرف سے بنادیا هے محض کفر والحاد هے ' مگر هارن صاحب نے جو اسقدر سختي کي هے که اِسمیں سے کسي مقام کو بهي تمثیلي مراد میں لینا جایز نهیں رکهتے اس میں هم اُن کے ساتهه نهیں هیں هم مسلمانونکے هاں قاعده هے که همیشه جهاں تک هوسکتا هے لفظ سے اُسکے اصلي اور حقیقي معنی مراد لیتے هیں ' مگر جهاں کهیں که سیاق کلام سے یا اور کسي دلیل سے معلوم هوتا هے

which can possibly be derived from it; but we are at liberty to deviate from it, when the mode of expression used in the subject or some other circumstance may reasonably suggest that the real literal meaning of a word is not to be followed, but, on the contrary, what suits the sense of the subject. Such a meaning of a word is termed metaphorical; and the authority on which we adopt it may be derived either from the same passage which contains the word, or from some other passage in the book. By this guiding principle we Mohomedans can accept in a figurative sense, any of the expressions in these three chapters, as well as in other parts of the Bible.

که یہاں حقیقي معنی مراد نہیں هیں بلکه تمثیلي معنی مراد هیں جسکو هم مجاز یا استعاره کہتے هیں وهاں آسکے تمثیلي معنی قرار دیتے هیں مگر دلیل سے خواه وه دلیل اسي مقام میں موجود هو یا دوسری مقام میں ' پس اسیطرح هم مسلمان ان بابوں میں اور نیز تمام بیبل کے اور مقامات میں اس طرح پر معنوں کا لینا جایز سمجہتے هیں *

For the purpose of understanding the real intent of Scripture language it is not only allowable to take a word in a part of the Divine writing in a metaphorical sense, but it is even absolutely necessary to do so. It is to be observed that God sent the Prophets to regulate our morals and to sanctify our souls, and made revelations to them, in order that we might improve our lives and attain eternal salvation. The doctrines which they taught, were so new and strange to us, that we had never dreamed of them before. Further those doctrines were of so mysterious and sublime a nature, that it was beyond the capacity of man to comprehend them and to reach to their real truth. Again they consisted of such numerous points that their right apprehension could not successfully be effected without a more lofty and elevated mental capacity than mankind

کلام الهي کي اصلي مراد سمجہنے کے لیئے بعض مقامات میں اسطرح پر معنونکا لینا جایز هي نہیں هے بلکه نہایت ضروري هے ' غور کرنے کي بات هے که الله تعالے نے هماری تہذیب اخلاق اور پاکیزگي روح کے لیئے انبیاء بہیجی اور آنکو وحي عنایت کي تاکه آس سے هم اپنے اخلاق بهي درست کریں اور نجات ابدي بهي حاصل کریں پهر وه تعلیمیں همارے خیال اور گمان میں بهي نه تهیں علاوه اسکے آن میں ایسے دقیق اور نازک مضامین بهي تهے جنکا سمجہه میں آنا اور آنکي اصلیت اور حقیقت کا دریافت کرنا انسان کي سمجہه اور فکر سے باهر تها اور ایسے مضامین تو بہت کثرت سے تهے جنکا بغیر ترقي علم کے سمجہه میں آنا غیر ممکن تها اور رحمت اور حکمت الهي مقتضي اسبات کي تهي که هماري تمام جماعت انساني بقدر

were ordinarily endowed with. The wisdom and goodness of God required that the revelations which He made, might be available to all mankind in proportion to their respective capacities, even in the time when society was in its infancy, and learning consequently in a very imperfect state. The wisdom of God therefore required, that the revelations of his will should be communicated in such a style, and clothed in such clear language that the blessings derivable therefrom might be brought within reach of every man in every age. Hence it was essentially requisite that those ideas and meanings which the finite understanding of man cannot comprehend, or which by reason of the infant state of our society we are incapable of understanding, should be conveyed to us in allegories; and though in some ages they might have nevertheless been regarded as though they were realities, yet this could not injure the moral or spiritual improvement of man because an allegorical expression whether taken as such, or as the simple reality, will have a uniform result in both cases. It was inevitably necessary that the words of God should be communicated to the people not only in plain language but also in allegories, in order that our week understanding might not be left destitute of the true illumination and knowledge of the spiritual efficacy of the words of God. To consider, therefore, the words of God pure from allegorical forms of expression, and not to regard the metaphors which are actually used in them, is

اپني اپني استعداد کے اُس سے فائده اُٹھاوے خصوصاً اُسوقت میں بھي جبکه هماري سوسئیٹي بچپن کي حالت میں تھي اور کسي طرح علم نے ترقي نهیں پائي تھي اسلیئے مقتضاے حکمت یه تھا که خدا کي وحي ایسي طرز وانداز بیان سے نازل هو که اُسکے اصلي نتیجه سے کسي زمانه میں اور کوئي شخص محروم نه رهي ' پس ضرور هوا که ایسے مضامین جو درحقیقت انسان کي سمجهه سے باهر هیں یا بچپن کي حالت هماري سوسئیٹي کي اُنکے سمجهنے کي لیاقت نرکھتي تھي وه بطور مثال اور تشبیهه کے بیان کیئے جاویں اور گو که وه مضامین مثالي اور تشبیهي کسي زمانه میں حقیقي سمجهے گئے هوں ' مگر اُس سے کچهه نقصان اور قباحت هماري خلقي اور روحاني تربیت کو نهیں تھا کیونکه اُسکے نتیجه میں خواه وه مضامین مثالي اور تشبیهي سمجهي جاویں جس طرح پر که بیان هوے تھے خواه اصلي اور حقیقي کسیطرح کا تفارت نه تھا ان باعثوں کے سبب ضرور تھا که کلام الهي صرف بطور حقیقت هي کے نه بیان کیا جاوے بلکه بطور مثال اور تشبیه کے بھي هو تاکه هماري ضعیف عقل اُسکے ذریعه سے اُس اصلي تعلیم اور اُسکے متحد نتیجه سے محروم نرهے ' پس کلام الهي کو بلکل تمثیل اور تشبیه سے خالي سمجهنا اور اُسکے سیاق اور اُسکے مقتضي سے درگذرنا ایساهي هے جیسیکه اُسکے تمام کلام کو تمثیلي اور تشبیهي اور خیالات شاعرانه سمجهنا *

somewhat the same as taking all of his words in a metaphorical or poetical sense.

As expressions of the kind of which I have been speaking, have puzzled and perplexed those who have faith in them; in the same manner some such words which seem to be opposite and contradictory in the sense conveyed by them when judged by the light of modern improvements in learning and discoveries in science, have much more led to their bewilderment and perplexity. But, on the other hand, the same light of advanced learning likewise shows us, that the fault lies in our own finite and imperfect capacities to comprehend the meaning of the words of God, and not that there is anything defective in those words intrinsically which prevents us from understanding them rightly. By the mission of the prophets to make revelations of the Divine will to mankind, it was intended to improve and enlarge our moral and spiritual knowledge; and it was no way concerned with those matters, the flourishing state of which depends on our experience and the progress of learning and science. It was therefore necessary that the words put into the mouths of the prophets for promulgation to the world, should be of such a nature as would allow of their being understood by mankind in every stage of the gradual progress of learning and science. It was likewise necessary that such words only should be employed as might not militate against the reality, so that the

جسطرح کہ اقسام مذکورہ بالا کے مضامین نے جو کلام الهي میں واقع هیں اُسپر اعتقاد رکھنے والوں کو کبھرا لیا هے اُسي طرح اُن الفاظ نے بهي جو کلام الهي میں واقع هیں اور حال کي ترقي علم نے اُنکے برخلاف ثابت کیا هے ' حد سے زیادہ اُنکو گھبرادیا هے مگر وهي ترقي علم همکو یهہ بهي دکھاتي هے کہ اُن الفاظ کے تعبیر معانے میں جسقدر قصور تھا همارے علم کا تہا نہ کلام الهي کا ' درحقیقت انبیاء کے بهیجنے اور وحي کے نازل کرنے سے اصلي مقصود انسان کي روحاني تربیت هے جو امور کہ تجربہ اور ترقي علم پر منحصر هیں جو روز بروز انسان کو هوتي جاتي هے اُن سے کچھہ بهي علاقہ نہیں هے اِسلیئے ضرور تھا کہ جو الفاظ انبیاء کے دل میں ڈالے جاویں وہ انسان کي هرحالت علم اور سمجھہ سے باهر نهوں مگر اُسکے ساتھہ یہہ بهي ضرور تھا کہ وہ الفاظ حقیقت کے بهي برخلاف نهوں تاکہ هر ایک زمانہ کے آدمي بقدر اپني علم کے جو اُس زمانہ میں رکھتے هیں اُس سے روحاني فائدہ اُٹھاویں اور جبکہ انسان کے علم کو زیادہ تر ترقي هو اور حقیقت اشیاء نسبت سابق کی زیادہ تر اُسپر منکشف هوں تو وہ جان لے کہ جو الفاظ انبیاء کے دلوں میں ڈالے گئے تهے وہ بهي اسي ترقي یافتہ علم کي طرف اشارہ کرتے تهے اُنکے معانے کي تعبیر میں جہانتک قصور تھا هماری هي علم کا تھا نہ اُن الفاظ کا ' اِس بیان سے

men of every age might, in proportion to the learning of the age, avail themselves of the blessings to be derived from them; and that when the knowledge of mankind might attain to the highest pitch of its progress, and the true signification of allegorical language be made better known they might see, that the words uttered by the prophets did also actually point to that light and progress; and it was owing to some thing that was defective in their own understanding that they did not at first comprehend the facts in their true nature, and not that there was anything ambiguous or mystical in the words themselves. It will be observed from these remarks how seriously important are the words uttered by the prophets, which, notwithstanding the progressive advancement of the thoughts of one age beyond those of another, have ever remained consonant with the real truth, and have, at the same time, been abundantly sufficient and suitable for our spiritual instruction and enlightenment.

معلوم هوسکتا هے که کلام انبیاء کا کسقدر عظمت اور منزلت رکھتا هے که باوجود هماری مختلف اور متباین خیالات کے مطابق حقیقت اور هر ایک وقت هماري روحاني تربیت کو مفید اور کافي تها *

The prophets were, beyond all doubt, fully conversant with the true sense of the allegories, as well as with the real meanings of the words in which their messages were announced by them to mankind; but the apprehension of them by mankind depended on their progress in learning, and it was therefore quite unnecessary for the prophets to interfere with the various meanings of words, in which the people of the age received and understood them according to the knowledge of the day.

انبیاء بلاشبهه خدا کي طرف سے حقیقت اشیاء اور اُن الفاظ کي حقیقي مراد سے واقف تهے ' مگر جو که وه الفاظ صرف ترقي علم سے علاقه رکهتے تهے اور هر ایک زمانه کے آدمي بقدر اپنے علم کے اُن الفاظ کے جو معنے تعبیر کرتے تهے اُس میں انبیاء کو مداخلت کرني هرگز ضرور نه تهي کیونکه وه لوگ روحاني تربیت اور ابدي نجات دینے کو آئے تهے نه اُن الفاظ اور اصطلاحات کي اصلاح کو اور اگر وه ایسا نکرتے تو جو اصلي کام اُنکا تها وه پیچهے پڑ جاتا اور

For, the prophets were not sent to correct the peculiarities of mankind in science and knowledge, but to impart to them that spiritual instruction wherby they might be led to eternal salvation. Had they so interfered, the real scope and design of their mission would have been neglected or lost sight of, and it would have given rise to a controversy, which it would be beyond the ability of the men of that age to undertake.

ایک نیا جھگڑا برپا ہوتا جو اُس زمانه کے علم اور اُس زمانه کے آدمیوں کي سمجھه سے بالکل باهر هوتا ✱

Some self-approving philosophers tauntingly say, that it would not be wise for us to ignore the formerly adopted meanings of the words of God in consequence of the late progress in science, by which they are proved to be repugnant to the real truth, lest it may happen that the future progress in science might hereafter prove something still more damaging, and thus force us again to change our currently received interpretation of the passages concerned. But this reproach injures us in nothing, for, though learning be raised to its highest pitch, it will still be fallible in comprehending the mysteries of the Word of God, while that word has, upon the whole, such a nature and comprehensiveness, that no matter what progress be made in our learning, yet whenever we will earnestly consider and reflect over its pages it will always be found in perfect harmony with the truth; and if we are unable to see clearly the existence of this harmony, it is the defect of our own understanding, for there is really nothing in the word

بعضے خود پسند فلاسفه همکو طعنه سے یهه بات کہتے هیں که کلام الهي کے الفاظ کے جو معنے قدیم سے لیتے چلے آئے هیں اُنکو اِس باعث سے که زمانه حال کي ترقي علم سے اصلي حقیقت اُنکی برخلاف ثابت هوئي هے چهوڑنا نه چاهیئے کیونکه ایسا نهو که آینده کي ترقي علم سے کوئي اور ایسي بات ثابت هوجاوے جو اِسکے بهي برخلاف هو اور پهر اُن معنونکے چهوڑنے کے بهي فکر پڑے ' مگر اُنکا یهه طعنه همکو کچهه رنج نهیں پهونچاتا کیونکه همارا علم کتنا هي هم اُسکو ترقي پر پهونچاویں کلام الهي کے دقایق کے سمجهنے میں قاصر هے مگر کلام الهي بلاشبهه ایسي چیز هے که جهاں تک علم کي ترقي هو جب هم اُسپر غور کریں گے اُسکو حقیقت کے مطابق پاوینگے اور جهاں تک قصور پاوینگے اپنے هي علم کا پاوینگے نه کلام الهي کا ✱

of God itself which tends to lead to such a result.

If I were not anxious to compress my observations on this subject within moderate limits, I should have adduced several illustrations from the Scriptures; but as all the points of controversy are to follow in their proper places in the body of my Commentary, to which I now proceed.

اگر مجھکو اندیشہ طوالت کا نہوتا تو میں اسمقام پر اپنی اس گفتگو کے اثبات پر بہت مثالیں کلام الہي سے لاتا مگرجو کہ میري تفسیر میں یہہ تمام بحثیں اپنے اپنے موقع پر آنے والي هیں اسلیئے مناسب ہے کہ اب میں اپني تفسیر پر متوجہہ هوں *

—oo—

قبل پيدايش مسيح عليه السلام	قبل پيدايش محمد رسول الله صعلم
٣٠٠٠	٣٥٧٥

ספר תורה

توريت مقدس

ספר בראשית

كتاب پيدايش

GENESIS.

پہلا باب

CHAPTER I.

١ اسمان اور زمين كي پيدايش ٣ روشني كي ٦ فضا كي ٩ خشكي كا تري
سے الگ كيا جانا ١١ اور سب نباتات و درختوں كا اوگنا ١٤ سورج اور چاند
اور ستاروں كي پيدايش ٢٠ دريائي جانوروں اور پرندوں كي ٢٤ جنگلي جانوروں
اور چارپايوں كي ٢٦ خدا كي صورت پر انسان كے پيدا هونے كا احوال ٢٩
اُنكي خوراک كا بندوبست

פרשת בראשית

سورة براشيث

توريت مقدس

(א) בְּרֵאשִׁית בָּרָא אֱלֹהִים אֵת הַשָּׁמַיִם וְאֵת הָאָרֶץ׃
١ § سری ميں پيدا كيا ‡ خدا نے آسمانوں كو
اور زميں كو

مطابقت قران مجيد اور حديث سے

١ † الحمد لله الذي خلق السموات والارض
سب تعريف الله كو جسنے پيدا كيا آسمانوں اور زمين كو
‡ الله خالق كل شي و هو على كل شي
الله پيدا كرنے والا هي هر چيز كا اور وه هرچيز كا سنوار
وكيل له مقاليد السموات والارض
نے والا هے اُسيكے پاس هيں كنجياں آسمانوں اور زمين كي

GENESIS.

I N the beginning God created the heaven and the earth.

HOLY KORAN.

1. Praise be unto God, who hath created the heavens and the earth—Soora Anam, v. 1.

God is the creator of all things, and He is the governor of all things. His are the keys of heaven and earth—Soora Zoomur, v. 62, 63.

§ يوحنا ١ — ١ و ٢
نامه عبرانيان ١ — ١٠
‡ زبور ٨ — ٣
٣٣ — ٦
٨٩ — ١١ و ١٢
١٠٢ — ٢٥
١٣٦ — ٥
١٣٦ — ٦
اشعياه ٣٣ — ٢٣
يرمياه ١٠ — ١٢
٥١ — ١٥
ذكرياه ١٢ — ١
اعمال ١٤ — ١٥
١٧ — ٢٤
نامه كلوشيان ١ — ١٦ و ١٧
نامه عبرانيان ١١ — ٣
مشاهدات ٤ — ١١
١٠ — ٦
† سورة انعام آيت ١
‡ سورة زمر آيت ٦٢ و ٦٣

تفسير

١ پہلي ورس سے دنيا كي پيدايش
كي ترتيب كا ذكر شروع نہيں هوا بلكه خدا
كي عظمت اور اُسكي شان جتانيكو پہلي

NOTES.

Chap. I. V. 1. This verse does not refer to the Divine method of procedure, in the creation of the universe, but is simply

designed to convey to us a right sense of the exalted majesty and omnipotence of God as the Great Architect and Governor of heaven and earth, and of all things visible and invisible, and that the same Almighty Being is the Author and Giver of the Law which all his creatures are bound to obey.

هي يهه بات بتائي كه تمام دنيا كا يعني آسمان اور زمين كا اور جو كچهه آسميں هے پيدا كرنے والا خدا هے اور وهي كتاب اور شريعت ديتا هے جسكي تابعداري آن سبكو جنكو آسنے پيدا كيا كرني چاهئيے *

Rabbi Shumoon ben Yuha says in his Commentary entitled "Rushee," that the first verse in the first chapter of Genesis should not be understood as giving any description of the process by which the universe was created, but merely as informing us that heaven and earth were created in the beginning; by which it is not meant that they were made before all other creatures: because, the Hebrew word *berisheeth* signifying the beginning, always denotes the priority of some one thing in regard to another.

ربي شمعون بن يوحا يهودي عالم نے تفسير رشي ميں لكها هے كه پهلي آيت سے يهه مت سمجهو كه يهه آيت مخلوقات كي ترتيب بتاتي هے بلكه يهه مطلب هے كه آسمان اور زمين پهلے پيدا كيئے گئے يهه مطلب نہيں هے كه سب سے پهلے پيدا كئي گئے كيونكه בראשית (براشيت) كے لفظ سے هميشه ابتداى اضافي مراد هوتي هے *

This chapter may be said to describe the creation of the universe thus: that before the vast multitudes and variety of creatures which inhabit the universe were called into being, there was nothing that existed but only God; that when it pleased Him to lay the foundations of the present world, He formed the water in the first instance; then darkness, light, heaven, earth, vegetables, planets, brutes, and lastly man. We Mohomedans also profess to believe the creation of the present world to have taken place in the manner related.

اس باب ميں جس طرح برافرينش عالم كا بيان هوا هے آس سے معلوم هوتا هے كه آفرينش عالم سے پهلے خداكي ذات كے سوا كچهه نه تها جب عالم شهادت آسنے پيدا كرنا چاها تو سب سے پهلے پاني پيدا كيا پهر اندهيرا پهر نور پهر هوا پهر آسمان پهر زمين پهر نباتات پهر سورج چاند ستارے پهر حيوانات پهر حضرت انسان اور يهي مذهب عالم شهادت كے پيدا هونے ميں هم مسلمانوں كا هے *

It must not be imagined that God felt any difficulty in executing his designs in creating this world, and that consequently he was obliged to frame

يهه مت خيال كرو كه يهه كام خدا پر كچهه مشكل تهے اسليئے آسنے رفته رفته آنكو بنايا يا نهيں درحقيقت يهه سب چيزيں

ایک آن میں آسکے کن † کے کہتے هي موجود هوگئي نهیں مگر آسنے اپني حکمت کامله سے عالم شهادت کي ایک تقدیر ‡ یعني اندازہ مقرر کیا هے اور آسکي حکمت کا مقتضي یهه هوا که آن سب چیزوں کا ظهور عالم شهادت میں ایک نهایت خوب صورت ترتیب سے اور مبني اسباب پرهو کیونکه آسنے اِس عالم کو عالم اسباب بنایا هے اِسلیئے ان سب چیزوں کا ظهور عالم شهادت میں به ترتیب اور بذریعه اسباب کے کیا هے *

אלהים (اِلوهیم) خدا کا اسم ذات نهیں هے بلکه اسماء صفات میں سے هے علماء یهود اِس مقام پر ایک نکته لکهتے هیں که خدا نے اپنے کلام کو کیوں نهیں شروع کیا اِسم ذات سے اور شروع کیا اِلوهیم کے نام سے جو اسماء صفات میں سے هے پهر اِسکا بیان یوں کرتے هیں که خدا جانتا تها که اگر دنیا اسم ذات سے بسائي جائیگي جسکا مقتضي جلال اور عدالت هے تو دنیا آباد نرهیگي اسلیئے آسنے اپني رحمت کو بڑها دیا یعني اپنے اسماء صفات میں سے آس نام کے ساتهه جسکا مقتضي رحمت هے آباد کیا اور پهر دونوں کو یعني عدالت اور رحم کو ملادیا جهاں کها יהוה אלהים † (یهوه الوهیم) تاکه انصاف اور رحم دونوں سے دنیا کا انتظام رهے ' همارے جناب رسول خدا صلی الله علیه وسلم نے فرمایا که الله تعالی نے مخلوقات کے پیدا کرنے سے پہلے یهه بات لکهي هے که

في المشكواة
ان الله تعالے كتب كتاباً قبل ان يخلق الخلق ان رحمتي سبقت غضبي

things by degrees one after another: since, in truth, all things were created at the very moment when it pleased God to command their appearance. But by his perfect wisdom He has established a decree (i. e. limit) to all things in this world; and all the works of creation are in perfect harmony with an admirable system, and regulated and controlled by the unvarying law of cause and effect.

Psa. CXXXVIII. 5. Soora Nahil, v. 40.

Psa. CXLVIII. 6. Soora Foorkan, v. 2.

The Hebrew word *Elokim* meaning God used in this verse is not the *substantive name* of God, but only one of his names *attributive*. The Jewish doctors take note of a mysterious and remarkable fact in this place. They inquire into the reason why God commenced the speech here in his name *attributive*, and not in his name *substantive*. In the solution of the question they suggest, that had it, on the contrary, pleased God to speak of his name in the *substantive* form, it would have been essential thereto that He should deal in the strictest justice with his creatures; in which case it would have been impossible for the world to exist. Hence God was pleased to speak of himself in his name *attributive*, the nature of which makes it requisite that mercy and tenderness should be shown to his meak and erring creatures. God has, in a subsequent passage, spoken of himself by his names *substantive* and *attributive* jointly with the view of intimating to his creatures in this world, that

Gen. II. v. 4.

† زبور ۱۳۸ — ۵
سورۂ نحل آیت ۴۰

‡ زبور ۱۳۸ — ٦
سورۂ فرقان آیت ۲

میري رحمت میري غضب سے آگی بڑھي ہوئي ہے ٭

He will deal with them according to the requirements of justice, but that it shall be tempered by mercy. There is a tradition in the Mishkat which ascribes to our Prophet the saying, that God had determined before he created the world, that in the treatment of his creatures His mercy should surprss his justice or wrath.

علماء عیسائي اِس لفظ سے تثلیث ثابت کرتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ ברא (برأ) فعل واحد ہے اور אלהים (الوهیم) آسکا فاعل صیغہ جمع کا ہے اس طرز کلام سے پایا جاتا ہے کہ حضرت موسیٰ کو خدا کے وجودوںکي تثلیث ظاهرکرنے کا ارادہ تہا چنانچہ یہہ جمع کا اسم وجودوں کي جمعیت ظاهر کرتا ہے اور فعل واحد کا آسکے ساتھہ لگانے سے خدا کي یگانگي ظاهر هوتي ہے ٭

The Christian divines deduce the doctrine of the trinity of God from the word *Elohim*, by arguing that, as the Hebrew word *Bara* used in this verse with *Elohim* (nominative to it,) is plural, the inspired Writer has designed to demonstrate the plurality of persons in the unity of the Godhead: namely, as the plural noun denotes the plurality of persons, so the singular verb joined to it denotes the unity of the Godhead.

اِس خیال کو تمام اگلے اورحال کے یہودي جو عبري زبان کے محاورہ سے بخوبي واقف ہیں اور ہم مسلمان بہي صحیح نہیں جانتے کیونکہ اس مقام سے نہ تثلیث پائي جاتي ہے اور نہ جمعیت وجودوں کي ثابت هوتي ہے ٭

The conclusion arrived at from this train of reasoning was not and is not accepted as correct by learned Jews, either in the ancient or modern times, and yet there can be no question that they were thoroughly versed in the Hebrew idiom. It is also disallowed by us Mohomedans: because, the expression from which Christians derive their opinion, can be made to prove neither the trinity of persons in the Godhead, nor any plurality in Him at all.

אלהים (الوهیم) کے لفظ کا مادہ אלה (إله) ہے بمعنے عبادت مگر یہہ لفظ یہودي زبان میں مستعمل نہیں ہے אלוה (الوه) کا لفظ جو اُس سے مشتق هوا ہے وہ مستعمل ہے اورمعبود برحق اورمعبود باطل دونوں معنوں میں اسکا استعمال آتا ہے ٭

The Hebrew word *Elohim* has its origin from *Elah* meaning worship, which is now obsolete in the Hebrew language; but the word Elawah derived from this root is still in use among the Jews, and is applied both to the true and false objects of worship.

The use of *Elowah* in reference to the true objects of worship.
Neh. IX. 17.

Elohim is, in a strict sense, derived from *Elowah*, and signifies more than one object of worship. It is likewise applicable both to the true and false objects of worship, and also to kings, judges, chiefs, and angels.

Its use in reference to the false objects of worship.
Dan. XI. 37,38.
2. Ch. XXXII. 15.
Hab. I. 11.
Job. XII. 6.

It is not an essential rule to be followed, that this word should always be used only in the sense of a noun plural, since it is often used as denoting only one person. In the passages to which I refer in the margin, God was pleased to address Moses, that He would make him an *Elohim* to Pharaoh, and that he should be to him (Pharaoh) in stead of *Elohim*, i. e. a judge. These passages clearly prove that the use here made of this word, conveys the sense only of one person, without any plurality whatever, but on the contrary, the unity of the individual addressed.

Exo. VII. 1.
—IV. 16.

The use of *Elohim* as a noun plural in reference to the false objects of worship.
Deu. XIII. 17.
—XXXII. 39.
Jud. V. 8.
—X. 14.
1. Kings IX. 2.
2.—XIX. 18.

Now, it remains to be considered, when or on what occasions according to the Hebrew usage, this word is employed as a noun singular, and when as a noun pluarl. We find by examining the con-

אלהים (الوهيم)

الوہ بمعنے معبود برحق
نحمیا ۹—۱۷
الوہ بمعنے معبود باطل
دانیال ۱۱—۳۷و۳۸
۲ تواریخ ۳۲—۱۵
حبقوق ۱—۱۱
ایوب ۱۲—۶

اسي لفظ سے بنا ہے اِسکے معنے معبودان کے هیں اِسکا استعمال بهي معبودان باطل اور معبود برحق دونوں پر آتا ہے علاوہ اِسکے یہہ لفظ بادشا هوں اور قاضیوں اورسرداروں اور فرشتوں کے معنی میں بهي آتا هے جمعیت کے معنے اس لفظ میں لازمي نہیں هیں بلکه اکثرجگه اوپر واحد حقیقي شخصي کے استعمال کیا جاتا ہے چنانچه جن ورسوں کا اشارہ حاشیه پر ہے اُس میں

خروج ۷—۱
خروج ۴—۱۶

خدا نے حضرت موسی کو کہا که میں نے تجہے فرعون کے لیئے אלהים (الوهیم) بنایا اور یہہ بهي کہا که تو هارون کے لیئے الوهیم هوگا اِن ورسوں سے بخوبي ظاهر هے که یہہ لفظ اکیلے حضرت موسی پر بولا گیا جنمیں کسیطرح نه تثلیث کے نه جمعیت کے معنے هیں بلکه واحد حقیقي کے معنے میں اِستعمال کیا گیا ہے ●

اب یہہ دیکهنا چاهئیے که عبري زبان کے محاورہ کے موافق اِس لفظ کا استعمال واحد اور جمع پر کیونکر آتا ہے سو هم کتاب مقدس پر غور کرنے سے پاتے هیں که اکثر اِس لفظ کا استعمال جمعیت کے معنے میں معبودان باطل پرهواهے اوربادشاهوں

(الوهیم) بمعنے جمع واسطی معبودان باطل کے
استثنا ۱۳—۱۷
۳۲—۳۹

tents of the Bible, that the use of this word as a noun plural is made very often when allusion is made to the false gods; and that, when speaking of angels or distinguished and exalted personages it is generally used in the plural sense, and very seldom as a noun singular; but when ever reference is intended to the true object of worship, it has always been used as a noun singular. In the verse under notice it is so applied, and hence it must have been used as a noun singular. It, therefore, denotes the singularity, and not the plurality, of the object to which it is applied.

If it be argued that although this word does not convey the idea of the plurality of persons in such instances as that above referred to, yet, from the capabi-

1 Chro. V. 25.
2.—XIII. 9.
——XXV. 14.
Psa. XCVII. 7.
—CXXXVI. 2.
Jer. XXV. 11.
—XI. 12.
—XVI. 20.

Its use as a noun plural in reference to kings, & chiefs.

Exo. XXII. 28. }
Deu. X. 17. }
——Ankelos.
Psa. LXXXII. 1.
—CXXXVIII. 1.
Ge. VI. 2 - Ankelos.
—VI. 4— Arabic 1811.
Exo. XXI. 6.
—XXII. 8.
—XXII. 9.

Its use as a noun plural in reference to angels.

1. Sam. IV. 8.
—XXVIII. 13.
2.—VII. 23.
Psa. LXXXII. 6.
—VIII. 5.

Its use as a noun singular in reference to the true object of worship.

Gen. I. 1.
1. Kings XVIII. 24.
&c. &c.

پاسرداروں اور قاضیوں یا فرشتوں پر اکثر بمعنے جمعیت اور کبھي بمعنے وحدت اور معبود برحق پر همیشه بمعنے واحد حقیقي استعمال هوا هے پس بموجب اِس استعمال کے ثابت هوا که اِس مقام پر جو אלהים الوهیم کا لفظ معبود برحق کے معنوں میں آیا هے صرف وحدت حقیقي اُس سے مراد هے اور کسي طرح معنے جمعیت کے اِسمیں نہیں هیں پس جمعیت وجودوں کي اِس لفظ سے ثابت نہیں هوتي اور اگر برتقدیر یهه بات کہي جاوے که گو جمعیت وجودوں کي اِس سے ثابت نهو مگر اِس لفظ کا بمعنی جمع بهي استعمال میں آنے سے ایک لطیفه اور اشـــارہ جمعیت وجودوں کا نکلتا هے گو یہاں بمعنے واحد حقیقي استعمال کیا

قضات ٥—٨
١٠—١٤
١ سلاطین ٩—٢
٢ سلاطین ١٩—١٨
١ تواریخ ٥—٢٥
٢ تواریخ ١٣—٩
٢٥—١٤
زبور ٩٧—٧
زبور ١٣٦—٢
یرمیاه ٢٥—١١
١١—١٢
١٦—٢٠

(الوهیم) بمعنی بادشاهان وسرداران وقاضیان

خروج ٢٢—٢٨
بموجب ترجمه اُنقلس
استثنا ١٠—١٧
بموجب ترجمه اُنقلس
زبور ٨٢—١
١٣٨—١
پیدایش ٦—٢
٤
بموجب ترجمه اُنقلس و ترجمه عربي سنه ١٨١١ع
خروج ٢١—٦
٢٢—٨
٢٢—٩

(الوهیم) بمعنی فرشته ها

١ سموئیل ٤—٨
٢٨—١٣
٢ سموئیل ٧—٢٣

lity of its being used as a plural noun also, it can, in a certain sense, be taken to represent that idea, though it may have been in reality used in this verse, as a noun singular. It might be replied that it is idle to insist upon this inferential argument, unless the trinity of persons in the Godhead has been first proved. We Mohomedans can arrive at no other conclusion but the sole and indivisible unity of God from the contents of all the Scriptures.

زبور ۸۲—۹ گيا هو مگر يهه تقرير
زبور ۸—۵ جب هوسكتي هے
(الوهيم) بمعنى جسب تثليث
خداء واحد حقيقي وجودوں كي پهلى
پيدايش ۱—۱ ثابت هو جاوے
۱ سلاطين ۱۸—۲۴ حالانكه هم مسلمانوں
وغيره ۳۹ كے نزديك تمام
سكريپچرزسے بجزوحدت
حقيقي كے اور كچهه ثابت نهيں هے *

The Hebrew word *shemayim* used in this verse, has been rendered heaven in the *singular* number by several† translators of the Bible; but in a Persian translation of the Old Testament pub: 1845, it is rendered in the *plural*: it seems, however, to be a noun plural from the evidence of some other parts of Scripture. Though heaven is, in reality, one thing in itself, yet from its stages and varieties it can be spoken of as an object that admits of plurality: hence, whether the expression in question is used in the singular or plural number, the result is the same.

Job. XXVIII. 24.
—XXXVII. 3.
—XLI. 3.
Psa. CXLVIII. 4.
Isa. I. 2.

† ديكهو كتاب ايوب ۲۸—۲۳
۳۷—۳
۴۱—۳
زبور ۱۴۸—۴
اشعياء ۱—۲

שמים (شميم) اِس لفظ كا ترجمه اكثر مترجموں نے آسمان واحد كے صيغه سے كيا هے مگر فارسي ترجمه سنه ۱۸۴۵ ع ميں جمع كے لفظ سے ترجمه هوا هے اور صيغه جمع هونا اِس لفظ كا كتاب مقدس كے اور † مقاموں ميں سے بهي پايا جاتا هے آسمان حقيقت ميں ايک شى هے اُسپر تعدد كا اطلاق باعتبار اُسكے انواع يا طبقات كے هوتا هے اسليئے اُنپر خواه مفرد كے صيغه كا استعمال كيا جاوے خواه جمع كے صيغه كا دونونكا نتيجه صحيح هوتا هے *

All the ancients imagined that the firmament was a vault-like body that surrounded the earth on all sides, & revolved round it; and that the sun, moon, and stars were all studded in that heaven, and moved with it. Josephus supposed that the Heaven or firmament stood pendulous, unsupported by anything, and resembled the form of a crystalline case.

تمام متقدمين كيا يهودي اور كيا عيسائي اور كيا مسلمان يهه خيال كرتے تهے كه آسمان مثل گنبد كے مجسم هے اور زمين كے چاروں طرف محيط هے اور زمين كے گرد پهرتا هے اور چاند سورج ستارے سب اُس ميں جڑے هوئے هيں اور اُسكے ساتهه پهرتے هيں جوزيفس صاحب نے كها

The ancients were in the habit of appealing to the authority of Scripture † in support of their notions; the Mohomedans likewise regulatad their own belief in accordance with the information found on this subject in their Holy † Koran. But in point of fact neither the Koran nor the Bible contain any account which can tend to favour any such conclusions on the subject as those above alluded to. They furnish us with only so much information, that the firmament was made by God; but do not relate anything as regards its form and substance. It is proved from some passages in the Holy Scriptures and the Koran, that by the firmament is meant only the canopy that we see aloft over our heads; since, it has been said in Genesis, that God commanded the rising out from the water, of that which He afterwards called * heaven. We are informed by the Holy Koran, that what is called firmament is only the mass ‡ of mists above, and also that God causes the rains to fall from within the firmament. Thus it is, that the heaven from which the rains fall, is the same with the firmament. Those whose minds were influenced by the systems of Aristotle,

† Isa. I. 22.
Exo. XXIV. 10.
Psa. CIV. 2.

† Soora Bukr V.22.
—Raad V. 2.
—Momin. V. 64.
—Moolk V. 3.
—Toor V. 5.

* Gen. I. 8.

‡ Soora H. M. Sijda, V. 11.
Soor Namul, V.60.

ھے کہ آسمان معلق قایم ھے اور بلوري خانہ کي مانند ھے *

وہ لوگ کتاب ھاے اقدس ‡ سے بھي اپنے اس خيال کي پختگي سمجھتے تھے اور مسلمان § قرآن مجید کے الفاظ سے اسيطرح کے معنے نکالتے تھے مگر درحقيقت سکرپچرز يا قرآن مجيد ان معنوں کي طرف اشارہ نہيں کرتا اُن سے صرف اسيقدر ثابت ھوتا ھے کہ اللہ تعالے نے آسمان کو پيدا کيا اور يہہ بات کہ وہ کيسا ھے اور کيونکر ھے اس سے بحث نہيں کي چند جا کتاب مقدس اور قرآن مجيد ميں ايسے لفظ آئے ھيں جنسے معلوم ھوتا ھے کہ آسمان صرف اُس جو کا نام ھے جو ھمکو بلند دکھائي ديتا ھے کيونکہ توريت مقدس ميں لکھا ھے کہ اللہ تعالے نے پاني ميں پہلا پيدا کيا اور اُسکا نام ‡ آسمان رکھا اور † قرآن مجيد سے پايا جاتا ھے کہ جسکا نام آسمان ھے وہ دخان يعني بخارات ھيں اور بہت جگہ فرمايا ھے کہ آسمان پر سے مينھہ برستا ھے جس سے پايا جاتا ھے کہ اسي جو کا جہاں سے مينھہ آتا ھے آسمان نام ھے اگلے لوگوں کے دلوں ميں جو ارسطو کي حکمت بس رھي تھي اور جسکے سبب وہ يقين کرتے تھے کہ آسمان بلوري گنبد کي مانند ھے اُنہوں نے کتاب ھاے اقدس ميں جہاں ذرا بھي سہارا پايا وھي معنے لگاليئے مگر کتابہاے اقدس ميں جو حقيقت تھي وہ بدستور قايم ھے اور ھميشہ قايم رھيگي گو ھمارا علم اور ھماري عقل کتني ھي بدلتي جاوے *

‡ حزقيل ۱—۲۲
خروج ۲۴—۱۰
زبور ۱۰۴—۲
§ سورة بقر ايت ۲۲
سورة رعد ايت ۲
سورة مومن ايت ۶۴
سورة ملک ايت ۳
سورة طور ايت ۵

‡ پيدايش ۱—۸
† سورة حم سجدة ايت ۱۱
سورة النمل ايت ۶۰

and who, consequently, believed that the firmament was constructed in the shape of a crystalline case, neglected no occasion to strengthen this opinion by referring to the Scriptures, whenever they found in them anything which was in the least degree in conformity with their own belief. But the Scriptures stand, nevertheless, unshaken and unchangeable in their truths, and shall ever remain so, although our own imperfect knowledge and weak and finite judgment may be ever vacillating & uncertain.

The Hebrew word *arris* (earth) is one thing in itself; but under the idea of its kinds it may nevertheless be expressed in a plural form. The Hebrew plural of it is * *arasous*; the Arabic has likewise some words significant of its plural sense. The earth being a generic noun, conveys the same sense both in the singular and plural number.

* 2. Chro. XIII. 9.
——XVII. 10.

All controversies touching the shape or form of the earth with reference to what is related about it in the Scriptures or the Koran, have long since ceased. All men now know that both Science and Scripture agree in this point that the earth is spherical; but the question whether it is in rest or in motion, is yet unsettled only with those who are unwilling to accept the results of modern scientific discoveries and researches, and to give up their old prepossessions.

The system and reasoning of Aristotle have so strongly got hold of their minds, that they think if they were not to believe the theory of the earth be-

ארץ (ارص) زمین حقیقت میں ایک ہے مگر بلحاظ اُسکي انواع کے کبھي جمع کے صیغہ سے بولي جاتي ہے † اور عبري زبان میں ארצות (اراصوث) اُسکي جمع آتي ہے جیسے عربي میں ارضون اور ارضات اور اروض اوراراض اور اراضي اُسکي جمع آتي ہے مگر یہہ اسم جنس ہے اور جمع اور واحد دونوں کا نتیجہ واحد ہے *

اِسباب میں کہ کتاب ہاے اقدس اور قران مجید سے زمین کي صورت کیسي ثابت هوتي ہے مدت سے کچھہ تنازع نہیں رہا اور سب لوگ سمجھتے هیں کہ زمین گول ہے اور کتب سماویہ اور تحقیقات علمي کو اِسبات میں متحد جانتے هیں مگر درباب حرکت اور سکون زمین کے اُن لوگوں کے درمیان میں جنکے دل اِن امورات پر پرغور فکر سے خالي هیں اور صرف اپني موروثي راے کي پیروي پر سرگرم هیں اب تک تنازع باقي ہے *

اِن لوگوں کے دلوں میں ارسطو کي حکمت نے اپنا ایسا مضبوط قدم گاڑا ہے کہ وہ یہہ سمجہتے هیں کہ اگر اسبات کا

† ۲ تواریخ ۱۳ — ۹
۱۷ — ۱۰

ing motionless, and of the firmament, sun, moon, and stars revolving round it, they would be acting contrary to what is stated in the ‡ sacred records, more especially when their own senses and judgments tend to lead them to conclusions which are identical with the language of the inspired Historian. But certainly they are to blame in this unreasonable attachment to antiquated ideas long since exploded : for it is to be observed, that if the Word of God is silent with respect to the *motion* of the earth, so, on the other hand, it says nothing to the contrary about its being fixed. Thus Holy Writ stands invariable in its truth in either case, whether the earth, or the firmament be proved by the labors of science, to be the body that is in motion: i. e. whether the sun be fixed or revolving round the earth, or whether the earth itself be rotatory. It remains now to discuss those arguments by which the followers of the system of Aristotle pretend to prove from various passages in Scripture their theory of the earth being at rest ; but I shall postpone this discussion until I come to write my commentary on passages in question. The subject will therefore be taken up again.

‡ Psa. XCIII. 1.
——CIV. 5.
——XIX. 4, 6.
Soora Yaseen. 28.
—— Tariq. 11.
——Kaif. 86, 90.
——Namul. 61.
——Momin. 64.
——Najum. 6.

What we are told in this verse that the heaven and earth were created by God, is designed only to intimate to us, that God is the creator of every thing great or small; that he holds the keys

اعتقاد نہ کیا جاوے کہ زمین ساکن ہے اور وہ کسي طرح سرکتي نہیں اور آسمان اور چاند اور سورج اور ستارے سب زمین کے گرد پھرتے ہیں تو تمام کتب سماویہ کي بنیاد دہ جاتي ہے کیونکہ وہ اپنے اعتقاد میں کتب سماویہ کے چند مقاموں میں ‡ سے بھي اسیطرح سمجھتے ہیں مگر یہہ اُن کي غلطي ہے کیونکہ کتب سماویہ اِسمعاملہ میں چپ ہیں اور جس طرح اُن میں زمین کا متحرک ہونا مذکور نہیں ہے اُسیطرح اُن سے زمین کا ساکن ہونا بھي ثابت نہیں ہے بس خواہ زمین ساکن ہو اور آسمان متحرک اور خواہ آسمان ساکن ہو اور زمین متحرک کتب سماویہ جیسکہ تبھیں اپني حقیقت پر قایم ہیں باقي رہي وہ مقامات جنسے ارسطو کي حکمت کي پیروي کرنے والي زمین کا ساکن ہونا اپنے خیالات کے موافق نکالتي ہیں اُنکے خیالات کي غلطي ہم اپني تفسیر میں مناسب مقامات پر ہر ایک ورس کي تفسیر کے نیچے بیان کریں گے انشاالله تعالے •

‡ زبور ۹۳ — ۱
۱۰۴ — ۵
۱۹ — ۴ و ۶
سورۃ یسین آیت ۳۸
سورۃ الطارق آیت ۱۱
سورۃ کہف آیت ۸۶
آیت ۹۰
سورۃ النمل آیت ۶۱
سورۃ مومن آیت ۶۴
سورۃ عم آیت ۶

غرضکہ اِس آیت میں آسمان اور زمین کي پیدایش کے بیان سے صرف اتني بات بتاني مقصود ہے کہ ہر چیز کا پیدا کرنے والا خدا ہے اُسیکے ہاتھہ میں سب چیز

کي کنجیاں هیں اور وهي سب چیز پر
قادر ہے *

مگر جب انسان کو یہہ بات معلوم
هوئي که یہہ تمام عظیم الشان چیزیں اور
جو کچھہ آن میں ہے وہ سب پیدا کیا هوا
ہے تو آسوقت آسکے دل میں یہہ خیال
گذرتا ہے که اِس تمام مخلوقات سے پہلے
کیا تھا آسکا بیان دوسری ورس میں ہے
که خدا کے سوا کچھہ نہیں تھا اور عالم
شہادت میں صرف پاني تھا اور خدا کي
روح آسکو سے رهي تھي *

to all mysteries, and exercises unlimited authority and control over all things.

When it becomes known to man that all things in the universe had their beginning at one time, he is naturally inclined to think of a time prior to that creation. What he thus goes to inquire about, is stated in the next verse: viz, that at that time there existed nothing but God alone; and that in the present world there was then nothing except the waters with the spirit of God moving on the face of them.

قبل پیدایش مسیح علیه السلام ۴۰۰۰

قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۴۵۷۵

توریت مقدس

GENESIS.

ב הָאָרֶץ הָיְתָה תֹהוּ וָבֹהוּ וְחֹשֶׁךְ עַל־
۲ اور زمین تھي ویران اور خالي اور اندهیرا اُوپر
פְּנֵי תְהוֹם וְרוּחַ אֱלֹהִים מְרַחֶפֶת עַל־פְּנֵי
منهه پانیکی ‡ اور روح خدا کي سے نے والي اُوپر منهه
הַמָּיִם ׃
پانیونکی

2. And the earth was without form and void; and darkness *was* upon the face of the deep. And the Spirit of God moved upon the face of the waters.

ג וַיֹּאמֶר אֱלֹהִים יְהִי אוֹר וַיְהִי־אוֹר ׃
۳ † اور کہا خدا نے هو ‡ نور اور هوا نور

مطابقت قران مجید اور حدیث سے

HOLY KORAN & Prophetical Sayings.

۲ § اين كان ربنا قبل ان يخلق
رسول خدا سے لوگوں نے پوچھا کہاں تھا همارا خدا پہلی
خلقه قال كان في عماء ماتحته
پیدا کرنے اپني خلقت کے فرمایا تھا بیچ عما کے نه نیچے
هواء وما فوقه هواء || وكان عرشه على الماء
اُسکے هوا اور نه اُوپر اُسکے هوا اور تھا عرش اُسکا پاني پر

2. The people inquired into the prophet, where their God was before he had created the world. The Prophet answered them, that He was covered under the clouds (veil); and there was no air to have occupied a place either above that veil, or under it— Mishkat Chap. on the Creation. His throne (glory,) rested on the waters—Soora Hood, v. 7.

۳ || الحمد لله الذي خلق السموات والارض
سب تعریف الله کو جسنے پیدا کیا آسمانوں اور زمین
و جعل الظلمات والنور
کو اور کیا اندهیرا اور اوجالا

§ مشکواة باب بدء الخلق

‡ زبور ۳۳ — ۶
اشعیاه ۴۰—۱۳ و ۱۴
|| سورة هود آیت ۷

|| سورة انعام آیت ۱
† زبور ۳۳—۹
‡ نامه کارنتهیان ۴—۶

3. Praise be unto God, who hath created the heavens, and the earth, and hath ordained the darkness and the light—Soora Anam, v. 1.

3. And God said, Let there be light: and there was light.

قبل پیدایش مسیح علیه السلام ۴۰۰۰ — قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۳۵۷۵

۴ || فالق الاصباح
نکالنے والا صبح کے اُجالے کا
* تولج اللیل في النهار و تولج النهار
تو لاتا هے رات کو دن میں اور تو لاتا هے هکو
في اللیل
رات میں

ד וַיַּרְא אֱלֹהִים אֶת־הָאוֹר כִּי־טוֹב
۴ اور دیکھا خدا نے نور کو کہ اچھا هے اور § بدلا کردیا
וַיַּבְדֵּל אֱלֹהִים בֵּין הָאוֹר וּבֵין הַחֹשֶׁךְ׃
خدا نے درمیان نور کے اور درمیان اندھیری کے

|| سورة انعام آیت ۹۶
§ (نسخه) روشنی کو تاریکی سے تقسیم کیا
* سورة آل عمران آیت ۲۷

4. God causeth the morning to appear—Soora Anam. v. 96. He makest the night to succeed the day—Soora Al-amran, v. 27.

4. And God saw the * light, that *it was* good: and God divided the light from the darkness.

* Heb. *between the light and between the darkness.*

۵ * و جعلنا اللیل والنهار ایتین فمحونا
اور کیا همنے رات اور دن کو دو نشان پھر مٹایا
ایت اللیل و جعلنا آیت النهار مبصرة
همنے نشان رات کا اور کیا همنے نشان دنکا دیکھنے کو

ה וַיִּקְרָא אֱלֹהִים לָאוֹר יוֹם וְלַחֹשֶׁךְ
۵ اور کہا خدا نے نور کو دن || اور اندھیریکو
קָרָא לָיְלָה וַיְהִי־עֶרֶב וַיְהִי־בֹקֶר יוֹם
کہا رات اور ‡ تھی شام اور تھی صبح دن
אֶחָד׃

* سورة بنی اسرائیل آیت ۱۲
|| زبور ۷۴—۱۶
۱۰۴—۲۰
‡ (نسخه) شام اور صبح هوئی اول دن

5. We have ordained the night and day for two signs of our power; afterwards we blot the sign of the night, and we cause the sign of the day to shine forth—Soora-Bani Israel, v. 12.

5. And God called the light Day, and the darkness he called Night. † And the evening and the morning were the first day.

† Heb. *and the evening was, and the morning was.*

NOTES.

V. 2. It cannot be denied that what is stated in this verse, relates only to the beginning of this present material world; since, the existence of spirits and angels (spoken of in the other parts of Scripture,) is not alluded to in it.

تفسیر

۲ کوئی شخص اس سے انکار نہیں کرسکتا کہ اس دوسری ورس میں بھی جو کچھہ بیان هوا هے وہ عالم شہادت کی ابتدا کا بیان هے کیونکہ کتاب هاے اقدس سے ارواحوں کا اور فرشتوں کا بھی وجود پایا جاتا هے اور انکی پیدایش کا اس مقام پر کچھہ ذکر نہیں هے *

The inspired Writer considered it sufficient to instruct us in those things only, which are patent to our sense of seeing; and did not think it necessary to treat of by-gone worlds, or of the works of eternal Wisdom and Omnipotence which had a prior existence.

The belief that we Mohomedans hold as regards the creation of the world, is summed up in these words:—There existed from eternity only one Holy Being; when Moses enquired the name of that Being, the answer he received,
* Ex. III. 14. was * I AM THAT I AM; and it was required of him that he (Moses) should convey His message to the Israelities, and say that it came from I AM, which proves that it is God alone who has ever lived as the *only* holy Being. This ever-existing Being has likewise been possessed of perfect attributes from all eternity. The perfect attributes which He has ever possessed, have been borrowed by him from no one else, as they have existed only in Himself; nay, his essence itself has been his attributes and his attributes his essence. The knowledge and the will of God, two of his perfect attributes, required that whatever was to happen, or to be done by God, should be known to him from all eternity, so that the most insignificant and petty object with all the circumstances or accessories connected with or depending upon its existence, had been open to the knowledge of God from the very beginning. These attributes of God, viz, his knowledge and resolution, are called by us Mohomedans the *divine writing*

حضرت موسی علیہ السلام نے اُنہیں چیزون سے جو ہمکو دکہلائي دیتي ہیں انسانوں کو تربیت کرنا کافي سمجہا تہا اسلیئے اُنہیں کي پیدایش کا حال بتلا نا شروع کیا ورنہ اِس سے پہلے یہہ سب کچہہ اور اور بہت کچہہ ہو چکا تہا *

ہم مسلمان جسطرح کہ ابتدای افرینش عالم پر اعتقاد کرتے ہین وہ یہہ ہے کہ ازل سے صرف ایک مقدس اور پاک ہستي تہي جب حضرت موسی نے اُس مقدس اور پاک ہستي کا نام † پوچہا تو یہي جواب پایا کہ میں وہ ہوں جو ہوں اور تو
خروج ۳—۱۴
میرا پیغام اسیطرح پہونچا کہ وہ جو ہے اُسنے مجہی بہیجا ہے اِس سے ثابت ہوتا ہے کہ ہستے مطلق وہي ایک پاک ہستي ہے یہہ ہستي مطلق جسطرح ازل سے موجود تہي اسیطرح تمام صفات کمال بهي اُس میں ازل سے تہیں اور وہ صفات کمال اور کہیں سے اُسکے پاس نہیں آئیں تہیں بلکہ خود اُسکي ذات میں تہیں نہ نہ بلکہ اُسکي ذات وہي اُسکي صفات تہیں اور اُسکي صفات وہي اُسکي ذات تہي اُنہی صفات میں سے ارادہ اور علم کي صفت بہي تہي اُن کا مقتضي یہہ تہا کہ جو کچہہ خدا کو کرنا تہا اور جو کچہہ ہونا تہا وہ سب اُسکے علم میں موجود ہو چنانچہ ہر ایک ذرہ ذرہ اور جو کچہہ اُسپر گذرنے والا تہا وہ سب کچہہ اُسکے علم میں محفوظ تہا اسي صفت باري کو ہم مسلمانوں کے ہاں لوح وقلم تعبیر کیا ہے مشکواۃ میں

مشکواۃ
ان اول ماخلق الله
القلم فقال له اكتب

حدیث ہے کہ سب
سے پہلے خدا نے قلم
کو پیدا کیا پہر اُسکو کہا

board and *pen*. There is a tradition in the Mishkat, that having created the *pen* in the beginning God commanded it to write; on which the *pen* asked what *it* was to write: God said *it* was to draw up an outline or sketch of the universe. The pen then recorded what existed at that time and all that was to follow. It should not be understood that the pen so used by God, was like what we have in daily use; the expression is rather to be taken in a figurative sense as referring to that attribute of Omnipotence, by which all things were created and accomplished by His own will.—The figure of the pen is employed in order to convey to our finite sense, by means of a common and well known implement, some idea of the greatness of the Divine will and power, and of its incomprehensible working in the creation of the world and all that is in it.

قال ماأكتب قال اكتب القدر فكتب ماكان وماهوكاين الي الابد

که لکهه آسني کها کيا لکهوں۔ الله تعالے نے فرمايا که لکهه اندازه۔ عالم کو پهر آسنے لکها جو تها اور جو ابدتک هونے والا هے "یهه مت سمجهو که يهه قلم همارا سا نيزه کا يا پر کا قلم تها بلکه آسکي صفت ارادة کو اِن الفاظ سے تعبير کيا هے تاکه لوگ محسوسات ميں آسکي مثال سمجهه کر خداکي عظمت اور آسکي بزرگي پر اقرار کريں *

There is another tradition in the Mishkat to this effect, that before creating the heaven and earth God had preconceived or determined all the details of what He should do, and it is stated in the Bookharee that he had traced on his celestial tablets, the entire scheme of the creation, and the number and variety of his creatures. Are we then to imagine that the tablets here spoken of may be likened to our own common writing board or slate? By no means; but this figure is used as in the former case, to assist our minds in some slight degree in the conception of the illimitable vastness of the Divine intelligence in the display of creative power in such amazing variety, and such transcendent grandeur.

مشکواة
کتب الله مقادير الخلايق قبل ان يخلق السموات والارض

بخاري
کتب في الذکر کل شي

اسيطرح مشکواة ميں حديث هے که الله تعالےٰ نے آسمان وزمين پيدا کرنے سے پهلے مخلوقاتکا اندازه لکهه لياتها اور بخاري ميں هے که هر چيز کو لوح محفوظ ميں لکهه ليا تها" کيا لوح محفوظ هماري سي کاٹ کي تختي يا پتهرکي سليٹ تهي نهيں آسکي صفت علم کو عام لوگونکے سمجها نيکو لوح محفوظ سے تعبير کيا هے *

Upon the whole, it is to be understood, that all that has hitherto occurred or is to happen, was not hidden from the knowledge of God. The attribute of Omnipotence afterwards required, that what was thus stored in the knowledge of God, should be developed; and so it happened. It is true, the development of all objects was effected in a moment; yet, it was necessary that this should take place so as to advance by degrees. The first degree of the development of objects consisted in their having been put forth by the knowledge of God, in which only they existed before; but this opening of them did not take place so as to show them distinctly the one from the other, or in other words, their individuality was not established. The second stage of development related to the distinction made between themselves (by which that individuality was secured) to their knowledge or recognition of each other; and to the state of their being pointed to one another by their proper and distinguishing names. This degree likewise extended to the love and attachment of the objects developed among one another, the effects of which we see so openly in this world. This degree of the development of objects is denominated in our religion the *world of spirits*. It is stated in the Bookharee and the Mishkat that our prophet said, the spirits were assembled in great masses like armies; whoever of them befriended and attached himself to another in that world, has to enjoy the acquaintance and love of the other whom

غرضکه جو کچهه هوا اور هوگا یهه سبْ چیزیں علم الهي میں موجود تهیں پهرآسکي صفت قدرت نے بمقتضی اپنے کمال کے یهه چاها که آنهي صور علمیه کا جو ذات باري میں تهیں ظهور هو چنانچه آنکا ظهور هوا اگرچه آنکا ظهور آني هو مگر نفس ظهور میں تدریج لازم تهي اسلیئے ایک مرتبه ظهور کا وه تها که آن صور علمیه کا ظهور علم باري سے تو هوا مگر آنهونے کچهه امتیاز ایک دوسری سے حاصل نکیا دوسرا مرتبه ظهور کا وه تها که آنهیں صور علمیه نے جو ایک طرح کا ظهور حاصل کیا تها آسکا ظهور اِس درجه تک هوا که آنهوں نے امتیاز بهي حاصل کیا اورا پسمیں بهي ایک دوسری کو پهچانا اور میں اور تم کا اطلاق هونے لگا یهانتک که وهیں ایک نے دوسری سے دوستي و محبت بهي حاصل کي جسکا اثرهم اس عالم میں بهي پاتے هیں اور اِسیکا نام هماری مذهب میں عالم ارواح هے مشکواة میں بخاري اور مسلم سے حدیث نقل کي هے که رسول خدا صلي الله علیه وسلم نے فرمایا که ارواحیں لشکر هیں جو اکهٹي تهے آنمیں سے وهاں جسنے جس کو جانا یهان بهي آپس میں الفت هوئي اور جسنے جسکو وهاں نجانا آن میں یهاں بهي نا واقفیت رهي مگر یهه مرتبه ظهور کا ایسا هے که اِس میں کوئي چیز قابل اشاره حسي کے نه تهي جب تیسری مرتبه کا ظهور هوا آس میں هر ایک چیز

بخاري ومسلم
قال رسوالله صلی الله علیه وسلم الارواح جنود مجندة فما تعارف منها ائتلف وماتناکر منها اختلف

he knew there, in this world also; and whoever had no occasion to introduce himself to another, does not know him or has any concerns with him likewise here. In other words, the attachment or friendship cemented in that world of spirits was perpetuated also in our own material world. But this degree of the development of objects contained nothing that could be distinguished by the power of sense. It was not until they had reached the third stage of development that they became apparent to human sense, and assumed an individuality which gave them distinctive appellations by which they were thereafter known. We call this degree of the development of objects the *world of fancy*. After these objects had attained a more sensible state, they were provided with bodies such as we now see them to possess. This degree of the more sensible development of objects is designated the *present world*. The inspired Writer has also said in the 2nd verse, that there was nothing apparently to be seen before the distinct appearance of the present world; that in the beginning all things were hidden, as it were, under a veil, and the spirit of God moved on the waters. Our prophet has likewise said that before God had created this world, He was in *uma*, i. e. in a state of being unobserved or concealed from, or not open to, observation. The waters had already been created, and the throne of God was placed on them. *Uma* literally signifies thin transparent clouds; but, in its secondary meaning it is used in the

اشیاءِ جسمی کے قابل ہوئی اور یہہ اور وہ کا اُسپر اطلاق ہونے لگا اور اسکا نام ہماری مذہب میں عالم مثال ہے اور جب اور زیادہ ظہور اُنہی صورۂ علمیہ کا ہوا تو ہر چیز نے ایک ظاہری وجود بھی حاصل کیا جسکو ہم تم دیکھتے ہیں اور اسکا نام ہماری مذہب میں عالم شہادت ہے اِس دوسری ورس میں حضرت موسیٰ علیہ لسلام نے بھی فرمایا کہ عالم شہادت سے پہلے کچھہ ظاہر میں نہ تھا اور سب چیز پردہ میں چھپی ہوئی تھی ابتداے عالم شہادت میں پانی تھا اور روح خدا کی اُسکو سی رہی تھی اور یہی بات ہماری جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمائی کہ عالم شہادت کے پیدا کرنے سے پہلے خدا عما میں یعنی پردہ میں تھا پانی پیدا ہو چکا تبا اور اُسکا عرش پانی پر تھا عما کے معنے لغت میں باریک ابر کے ہیں اور اُس سے مراد حجاب کی لی جاتی ہے مگر اس لفظ سے اِسمقام میں نہ باریک ابر مراد تھا نہ پردہ جس سے اُوٹ ہو جاتی ہے بلکہ خود اپنے آپ میں پوشیدہ ہونا مراد تھا اِس مطلب کے واضح کرنے کے لیئے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اُس عما کے نہ اوپر ہوا تھی نہ نیچے ہوا تھی یعنی اُس سے یہہ ظاہری بادل یا یہہ ظاہری پردہ مت سمجھو بلکہ ہویت ذات کی غیبت سمجھو *

They assert respecting Adam that he was not deceived in the same degree as the woman, supporting this opinion by referring to I Tim. II. 14.; and they further say that "considering this offence in all its circumstances, and aggravations they may term it the prolific parent and grand exemplar of all the transgressions committed ever since." It is therefore obvious that Christian Divines of eminent learning believe that Adam and Eve both sinned on account of this transgression, and that it was this cause that tainted with sin all their posterity.

اور نسبت آدم کي وه یهه کهتی ‡ هیں که جسطرح حوا فریب میں آئي تهي اُسطرح آدم فریب میں نهیں آیا تها کیونکه تمتهي کے نامه اول کے باب ١—١٤ میں هی که آدم نے فریب نهیں کهایا پر عورت فریب کهاکر گنهگار هوئي " مگر باایں همه وه کهتی هیں که اگر اس واقعه کی تمام حالات پر غور کریں تو اُسکو خدا کي اُن تمام نافرمانیوں کا مربي اور نمونه کهه سکتی هیں جو اُسوقت سے واقع هوئیں غرضکه علماء عیسائي کے نزدیك آدم وحوا دونوں اس نافرماني کے سبب گنهگار هوئی اور اسي سبب سے انسان کي نسل میں گناه آیا ✱

‡ هنري واسکاٹ جلد ١ صفحه ٦

But this opinion is open to one grave objection, forasmuch as it would seem to imply a reproach upon the perfect

اس گفتگو پر یهه سوال هوتا هی که خداتعالی کے انصاف سے نهایت بعید هی که باپ کے گناه کی سبب اُسکي

justice of God, that He should have visited all the succeeding generations of Adam with the fatal consequences of this transgression of their first parents;—since according to our own finite and imperfect notions of what is just and what is unjust, we do not hold the son responsible for the guilt of the father. Besides, allowing this to be the true reason why man's posterity became victim to sin, it may reasonably be asked what it was that brought sin upon Adam: since before this instance of transgression, neither he himself nor his parent had been guilty of any offence.

However, this objection cannot be raised against us Mohomedans: for, we under authority of our best divines do not consider this prohibition to Adam, as such an ordinance of God as it was strictly incumbent and obligatory upon him to observe; nor do we allow or hold this act of Eve and Adam as one that was committed against law: because we are of opinion that this prohibition from God was rather a caution prompted by a regard for man's well being, and not as a peremptory command which must necessarily be implicitly obeyed; and as a reason in support of this opinion we refer to the result that followed this disobedience of our parents, when God merely pointed out to them the harm they had brought upon themselves, without expressing Divine indignation or visiting them on the spot with any mark of displeasure—We would not therefore hold Adam and Eve guilty of a transgression of law in this instance of their disobedience to God.

قبل پیدایش مسیح علیه السلام ۴۰۰۰

قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۴۵۷۵

تمام نسل کو جو اُسوقت وجود میں بھی نہ تھی گنہگار ٹھہرادے کوئی وجهه نہیں معلوم هوتي که باپ کے گناہ میں بیٹا پکڑا جاوے معهذا اگر انسان کي نسل پر گناه انے کي یهه وجهه هو تو کیا وجهه هی خود آدم پر پہلی پہل گناه انے کي کیونکه اُس سے پہلی نه وه کسي گناه کا مجرم تها اور نه اُسکی کسي مربي نے گناه کیا تها ٭

مگر یهه اعتراض هم مسلمانوں پر وارد نہیں هوتا کیونکه هم مسلمان بموجب قول علماء محققین کے اِس ممانعت کو جو خدا کیطرف سے تهي شرعي ممانعت نہیں سمجهتے اور نه حوا اور آدم کے اس فعل کو شرعي گناه جانتے هیں کیونکه همارے نزدیک یهه ممانعت صرف انسان کي بهلائي کے لیئے تهي نه کوئي شرعي ممانعت اسي لیئے جو وعید اُسکے خلاف کرنے پر وارد هے اُس میں خدا کي ناراضي یا قهر کا ذکر نہیں هے بلکه جو مضرت که انسان کو اُس نافرماني سے هونے والي تهي اُسیکا ذکر هے اسلیئے آدم وحوا باوجود اِس نافرماني کے شرعي گناه سے پاک اور صاف تهي مگر جبکه اُنکو علم خیر وشر حاصل هوگیا اب وه مکلف اور بهلے اور بری کام کرنے کے مختار هوئی اِسکے بعد وه یا اُنکي نسل اگر کوئي برا کام کرے گي تو البته خود اپنے کیئے هوے کام میں ماخوذ هوگي حاصل هونا علم خیر وشر کا

قبل پیدایش مسیح علیه السلام ۴۰۰۰

قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۴۵۷۵

البته آدم اور آسكي نسل كے ليئے جنميں علم خير وشر برابر چلا آتا هے گناه آنے كي بنياد هے مگروه فعل جو آدم سے هوا آدم يا آسكي نسل پر گناه آنے كي وجهه نهيں ٭

Having possessed the knowledge of good and evil, they had now become capable of conducting themselves in a good or evil way, and therefore if after rising to such a state of light, Adam and Eve or their posterity were to sin, they would indeed be said to be guilty, and justly responsible for their acts. The concluding inference to be then invariably drawn is, that although the acquisition of this knowledge by man was the origin of the sin that has fallen upon Adam and his posterity (among whom that knowledge is perpetuated), yet this act of disobedience of Adam and Eve could not be a reason either for theirs or their descendents' being held to be guilty or culpable.

مگر اس گفتگو پر بلكه مسلمانوں كے مذهب كے ايک بڑی اصول بر خود آنهي كے مذهب سے ايک اعتراض پيدا هوتا هے اور وه يهه هے كه حضرت آدم عليه السلام بموجب قول صحيح كے روز پيدايش سے نبي تهے اور مسلمانوں كے مذهب بموجب تمام انبياء معصوم اور گناهوں سے پاک هيں اور خود قران مجيد ميں آيا هے كه آدم نے گناه كيا پهر كيونكر يهه گفتگو كه يهه فعل جو آدم سے هوا گناه نه تها اور يهه اصول مذهب كه انبياء گناه سے پاک هوتے هيں صحيح هوسكتا هے ٭

The manner in which I have treated this subject in the foregoing remarks, makes the Mohomedan faith itself, under our own Scriptures, liable to a weighty objection against its tenets, as raised in the following way: It is held, on the authority of a creditable tradition, by us Mohomedans that Adam had been from the very day of his creation a prophet, and as, according to the teaching of our faith (and which is also dictated by the Holy Koran itself), we are to consider all the prophets to be infallible and not liable to err, how then could it be admitted consistently with this belief, that Adam's disobedience was an act not tainted with sin?

اس شبهه كے رفع كرنيكو ضرور هے كه نسبت عصمت انبياء كے كچهه گفتگو كي جاوے اگرچه هماری مذهب كے عالموں نے اس ميں بهت گفتگو كي هے اور

Before suggesting a reply to the objection here presented, I will first endeavour to explain what this admission of our faith, viz, that all prophets are faultless, implies. I shall take no notice

of various loose and unsound opinions advanced by several of our Divines in discussing the meaning of that doctrine, but I will simply and distinctly quote only those that are reasonably to be accepted as trustworthy.

It is to be observed, that it is certainly sinful for a servant not to obey his master's orders, or not to attend to them sufficiently well, or not to serve the master so well as it is his right to be served. But if such acts of a servant be regarded as lawful sins, it would be manifestly unjust in God to bind us with duties which it is not in our power to perform: since it is beyond our ability to serve God so well as He is worthy of being served. It has therefore become necessary to divide sin into two classes: one being sins of commission or sins against the law, and the other being sins of omission or sins arising from an absence of a proper and right minded feeling of veneration for God, or a deep-rooted sense of his Divine majesty and super-excellent nature. By the former we understand sin that would be occasioned by our wilfully violating some Commandment lawfully prescribed by God. By the latter is meant a sin that we are guilty of in acting impudently, and in not being sufficiently imbued with proper respect for God, after we have in a greater degree than others, approached to a participation in the Divine favor, and have been blessed with the knowledge of the majestic grace and glory of God. Therefore the latter sin is in different proportions with different men according as they have happened

قبل پیدایش مسیح علیه السلام ۴۰۰۰ — قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۳۵۷۵

نہایت مختلف رائیں بیان کی ہیں مگر مجھکو اُس جھمیلی میں پڑنا اور ہرایک کی دلیل کو لانا اور ردوقدح کرنا ضرور نہیں ہے بلکہ جو میری نزدیک تحقیق اور قول فیصل ہے اُسیکا بیان کردینا کافی ہے ●

جاننا چاهیئے که غلام کو اپنے اقا کا حکم نہ بجا لانا یا پورا نکرنا یا جیسی خدمت که اُس اقائی چاهیئے ویسی خدمت ادا کرنے میں قاصر رهنا درحقیقت گناه میں شمار هوتا ہے لیکن اگر یہہ سب باتیں اسی طرح کی گناه شمار هوں جیسیکه ایک شرعی گناه تو خدا کی انصاف سے بعید ہے که اُس کام کے کرنے کی تکلیف دی جو طاقت سے زیاده ہے کیونکه یہہ بات طاقت سے باهر ہے که جس خدمت بجا لانے کے لایق خدا کی ذات ہے ویسی هی اُسکی خدمت ادا هوسکے اسلیئے ضرور ہے که مطلق گناه دو قسم کا گنا جاوے ایک گناه شرعی دوسرا گناه عرفانی گناه شرعی سے هم یہہ مراد لیتے هیں که خدا نے شریعت کی روسے کسی کام کے کرنے کو منع کیا هو اس حکم کے برخلاف جو کوئی شخص کوئی کام کریگا وه شریعت کے بموجب گنہگار هوگا اور گناه عرفانی سے هم یہہ مراد لیتے هیں که جس شخص کو جسقدر خدا کی ذات سے زیاده تقرب هوتا جاتا ہے اور جسقدر معرفت الہی بڑهتی جاتی ہے اور جو خدمت اور اداب اُس عرفان کے سبب لازم آتی هیں اُس میں کسی قسم کا قصور هونے سے گناه لازم آتا ہے پس گناه عرفانی هر ایک شخص کے حال اور اُسکے درجه تقرب سے جو خدا کے ساتھه ہے متفاوت

قبل پیدایش مسیح علیہ السلام ۴۰۰۰

قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۴۵۷۵

to have a greater or less appreciation of the glory of God. There are very many acts proceeding from man that are to be classed under the latter, and not the former of the two kinds of sin here defined. There are acts which if done as ordinary people in general do them, they would not be regarded as sins, but if committed by those who have the honor of a nearer approach to God's presence in their knowledge of His glory, then they are justly considered as such. Do not we see in the world there are things, which if practised by the common or vulgar people, are not marked as defects, or faults, but which, on the contrary, would not be excusable in those who are better informed and of high station and estimable worth. None in the world, nay not even the prophets, are free from falling into the latter kind of sin, and it was in reference to this case that Jesus Christ was pleased to say, (in reply to a man who put to him this * question, O good master, what good things should I do, that I may have an eternal life?) that "he should not call him good, as there is none good but one, that is God." In short there could be no human being so perfect and holy as to be able to render good and acceptable service to God in the extent due and becoming to His exalted majesty and infinite Goodness; for this reason all men are guilty before God; and on this consideration it is that all the prophets have acknowledged them faulty and sinful towards God, and humbly implored his mercy and forgiveness in their behalf. It will therefore not be allowed that they were guilty of any violation of law.

* Matt: XIX. 16-17.

درجه سے علاقه رکھتا ہے بہت سي باتیں ایسي هیں جو گناہ شرعي نہیں مگر گناہ عرفاني هیں اور بہت سي باتیں ایسي هیں جو هم تم کریں تو گناہ نہیں مگر جنکو عرفان الٰهي حاصل ہے اگر وہ کریں تو گناہ ہے کیا تم اِس دنیا میں نہیں دیکھتے که بہت سے کام ایسے هیں که جو عام آدمي کریں تو عیب میں نہیں گنے جاتے برخلاف اُسکے وهي کام اگر کوئي اعلیٰ شخص کري تو عیب میں داخل هوتا ہے اس پچھلے قسم کے گناہ سے کوئي خالي نہیں یہاں تک که انبیاء بهي اِس قسم کے گناہ کے گنہگار هیں اسي بات کي طرف حضرت مسیح علیه السلام نے † اشارہ کیا جب ایک شخص نے آکر اُن سے پوچھا که " اي نیک مرشد میں کون سي نیکي کروں تاکه همیشه کي زندگي پاؤں اُسنے اُس سے کہا تو مجھے کیوں نیک کہتا ہے که نیک نہیں مگر ایک یعني خدا " غرضکه کوئي شخص ایسا نہیں ہے که جو ایسي بندگي اور ایسي خدمت جو خدا کے لایق ہے بجا لاسکے اور اسیواسطے سب آدمي خدا کے سامنے گنہکار هیں انهي باتوں کے سبب انبیاء اپنے تئیں گنہگار جانتے تھے اور اسي قسم کے گناهوں کي معافي خدا سے چاهتے تھے نه یهه که وہ کسی شرعي گناہ کے گنہگار تھے *

† متی ۱۹ — ۱۶ و ۱۷

قبل پیدایش مسیح علیه السلم ۴۰۰۰

قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۳۵۷۵

It remains now to say something of the other kind of sin, viz, a wilful sin, or a sin against law, from which we admit all prophets to be free. We Mohomedans believe, that sins that are unnatural, and exhibit a depraved nature and meanness of spirit in the men from whom they proceed, can never be perpetrated by Prophets, whether after their appearance in the world as such, or before it: because the spirits that dwell in them are naturally pure from all unworthy deeds, and are not liable, whether voluntarily or involuntarily, to any crime involving moral turpitude, or even offences of a trifling nature, both before the time of their prophecy, and after it. The only thing allowed by us in which it is possible for the prophets after they become such, to be misled, is a relaxation or want of fervency in their cares and efforts for growing day by day more and more into the favor of God. It is quite evident that an act or thing undertaken with a pure and virtuous motive, can never be allowed to be a sin of any kind; but even this may be regarded as such in the case of prophets; for, they are not to deal with God in the manner that we have to do. It is required of them that they should not meddle with anything either good or evil, but only do whatever they may be instructed in by God. Therefore they are considered to be guilty, even if they attempt to do a good thing of their own accord. It was for this motive and presumption of intention, that Adam fell under Divine displeasure, and was consequently said to be offensive or guilty against his Creator. But this must not

باقي رها شرعي گناه اُس سے تمام انبیا پاک هیں هم مسلمانوں کا یهه اعتقاد هے که جو گناه نطرت انساني کے برخلاف هیں اور جنکی ارتکاب سے رزالت نفس کي پاي جاتي هے وه کبهي انبیاء سے صادر نهیں هوتے نه زمان نبوت میں اور نه اُس سے پہلے کیونکه اُنکی نفس اس قسم کي رزایل سے باعتبار اپني خلقت کے پاک و صاف هیں اور نیز کسي حالت میں کوئي شرعي گناه کبیره دانسته یا نادانسته اور کوئي گناه صغیره دیده ودانسته اُنسے سرزد نهیں هوتا نه حالت نبوت میں اور نه اُس سے پہلے البته نبوت کے بعد اُنسے نیک اراده اور زیاده نیکي حاصل کرنیکي نیت سے خطاے اجتهادي کا هونا ممکن هے اور ظاهر هے که جو کام نیک اراده سے کیا گیا هو وه کسیطرح شرعي گناه بلکه درحقیقت گناه نهیں هوسکتا مگر انبیاء کي نسبت وه بهي گناه هے انبیاء کا معامله خدا کے ساتهه ایسا نهیں هے جیسا که همارا تمهارا هے وهاں اورهي راز ونیاز کي باتیں هیں انبیاء سے یهه چاها گیا هی که وه بهلائي اور برائي سے کچهه غرض نرکهیں جو حکم پاویں وه بجالاویں پهر اُنکو خود کسي بهلائي یا نیکي کا قصد کرنا بهي اُنکی حق میں گناه هی یهي بات تهي جسنے آدم پر خفگي کروائي اور اسي سبب سے کہا گیا که آدم نے اپنے پروردگار کا گناه کیا مگر یهه وه گناه نهیں هی جس میں هم تم گرفتار هیں ٭ کار پاکان را قیاس از خود مگیر ٭ گرچه ماند در نوشتن شیر شیر ٭

قبل پیدایش مسیح علیه السلام ۴۰۰۰ — قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۴۵۷۵

be regarded or held a sin such as we are laboring under.

V. 8. *And they heard the voice of God,)* Christian Commentators explain this verse as follows: "That God here spoken of denotes God the Father, but as of God the Father it is expressly said 'No man hath ever seen Him at any time (John I. 18.; VI. 46;) neither heard his voice at any time, nor seen his shape' (John V. 37;) this voice was therefore represented by Christ, the word or Son of God, the messenger and representative of the Father, the brightness of his glory, and the express image of his person, who appeared in and spread from the Shechinah, or cloud of glory; the same clould of light, with its Heavenly host of angels, from whence He communed unto Adam, unto Noah, unto Abraham, and the patriarchs, and communicated his will and conducted the Israelities."

This argument is in keeping with the Christian's belief, that there is a trinity of persons in the Godhead; otherwise it will be observed that no such thing can be inferred from the words of Scripture in the passage in question.

We Mohomedans believe that all the Scriptures lead us to discover the real unity in God, and no plurality of persons whatever. We consequently thus explain the verse, that this voice was from

۸ (اور سنی آنہوں نے آواز خدائے معبود کی) علماء عیسائی اس ورس کی یوں تفسیر کرتے ہیں † کہ اس جگہہ خدا سے باپ خدا سمجہا جاتا ہی مگر مقدس یوحنا کی انجیل باب ۱ — ۱۸ و باب ۶ — ۴۶ سے ثابت ہی کہ باپ خدا کو نہ کسی آدمی نے کبہی دیکہا اور آسی کتاب کے باب ۵ — ۳۷ سے ظاہر ہی کہ نہ کسی نے آسکی آواز کو کبہی سنا ہی اور نہ صورت کو دیکہا ہی اسلیئے یہہ آواز معرفت عیسی مسیح کی تہی جو خدا کا کلام یا بیٹا اور باپ کا قاصد یا وکیل ہی اور آسکے جلوہ کی روشنی اور آسکے وجود کی ظاہری صورت ہی اور یہی جلال کے بادل میں معہ اپنی بہشت کے فرشتوں کے گروہ کے جو آس جلال کے بادل کے ساتہہ ہوتی تہی ظاہر ہوتا تہا اور ہمکلام ہوتا تہا یہہ وہی بادل روشنی کا ہی جس میں خدا تعالی آدم اور نوح اور اور متقدمین بزرگوں کے ساتہہ گفتگو کرتا تہا اور بنی اسرائیل کو اپنی مرضی سے اطلاع دیتا تہا ❋

مگر یہہ تمام گفتگو آس عقیدہ پر مبنی ہی جو علماء عیسائی نے تسلیم کر رکہا ہی یعنی الہیت میں تین وجودوں کا ہونا ورنہ کتاب اقدس کا کوئی لفظ ان معنوں کی طرف جو عیسائی علما نے بیان کیئے ہیں اشارہ نہیں کرتا ❋

ہم مسلمان یقین کرتے ہیں کہ تمام ہولی بیبل خدا کی وحدانیت حقیقی ہمکو ہدایت کرتی ہی اور الہیت میں کسی وجود کا شریک ہونا نہیں بتاتے اسلیئے

† تائیلی جلد ۱ صفحہ ۱۰

God Himself who in his essence and attributes is without an equal or partner, and that it was He alone who without any agency at all made his voice heard on the occasion referred to in the text, as Scripture plainly tells us.

In John V. 37., it is not stated that no man hath heard his voice at any time, but on the contrary, Jesus Christ spoke thus to those Jews who in their blind pursuit were striving to kill him, that "ye have neither heard His voice at any time, nor seen his shape;" which does not prove that God's own voice has not been heard by any man at any time.

However, there is, in our opinion, another point worthy of notice in the passage under consideration. It is this, what is meant here by hearing the voice of God? God is from everlasting, and eternal in his divine nature, and all his attributes, but whatever is communicated by words, and made audible by a voice, cannot be everlasting.

We Mohomedans believe that all the attributes of God as those of hearing, knowing, speaking, and calling are not like our faculties of hearing, knowing speaking, and calling. Besides the resemblance only in the names, they have no other correspondence of any kind. God has a knowledge of every thing visible or invisible, but not with the means of

قبل پیدایش مسیح علیہ السلام ۴۰۰۰ — قبل پیدایش محمد رسول اللہ صلعم ۲۶۷۵

ہم مسلمان اس ورس کی یوں تفسیر کرتے ہیں کہ یہہ آواز خود اسی خدا کی تھی جو اپنی ذات میں اور اپنی صفات میں سب طرح پر واحد حقیقی ہی اور جیسا کہ کتاب مقدس کی لفظوں سے پایا جاتا ہی خود وہی بغیر کسی کی معرفت کے ہم کلام ہوا اور وہ آواز خود اسیکی آواز تھی نہ کسی دوسرے کی *

مقدس یوحنا کی انجیل باب ۵—۳۷ میں یہہ نہیں لکھا کہ کسی نے اسکی آواز کو کبھی نہیں سنا بلکہ حضرت مسیح علیہ السلام نے اُن یہودیوں کو جو حضرت کے قتل پر آمادہ ہوئی تھے فرمایا کہ (تمنے کبھی اسکی آواز نہیں سنی اور اسکی صورت نہیں دیکھی) اِس سے یہہ ثابت نہیں ہوتا کہ کسی نے اسکی آواز کو کبھی نہیں سنا *

مگر مسلمانوں کے مذہب بموجب ایک اور بات قابل بحث کے ہے کہ خدا کی آواز سننے کے کیا معنی ہیں کیونکہ خدا تعالیٰ اپنی ذات اور اپنی صفات میں قدیم اور ازلی ہے اور کوئی کلام جو لفظوں کے ذریعہ سے ادا کیا جاوے اور جو بذریعہ آواز کے سنا جاوی قدیم اور ازلی نہیں ہوسکتا *

مگر ہم مسلمان یہہ اعتقاد کرتے ہیں کہ خدا تعالیٰ کی تمام صفات جیسے سننا اور جاننا اور بولنا اور پکارنا ہمارا سا سننا اور جاننا اور بولنا اور پکارنا نہیں ہے بلکہ بجز مناسبت اسمی کے اور کسی طرح ا‌نکی مشارکت نہیں وہ جانتا ہے نہ بذریعہ کسی جاننے والی چیز کے وہ بولتا ہے مگر نہ بذریعہ کسی بولنے والی چیز کے وہ پکارتا ہے

قبل پيدايش محمد رسول الله صلعم ۳۵۷۵

قبل پيدايش مسيح عليه السلام ۴۰۰۰

نه بذريعه كسي پكارنے والي چيز كے ✱

any knowledge-acquiring faculty. He speaks but not through any articulating organ. He calls but not through any sound or voice-producing medium.

خيال كرو كه تم سوتے ميں خواب ديكهنے كي حالت ميں باتيں كرتے هو اور دوسرے كا كلام سنتے هو اور بخوبي تمهارے كان ميں آواز آتي هے حالانكه وهاں كوئي آواز نهيں اور بغير آواز كے ذريعه تم آواز سنتے هو پهر اگر خداے قادر مطلق كي بهي آواز بغير ذريعه آواز كے سني جاوے تو كيوں تعجب كرتے هو وه تمام قدرت اور تمام نور هے وه كسي كام كرنے ميں كسي ذريعه كا محتاج نهيں وه آپ هي آواز هے اور آپ هي اپني آواز سناتا هے مگر بغير ذريعه آواز كے وه آپ هي پكار هے اور آپ هي پكارتا هے مگر بغير ذريعه كسي پكارنے والي چيز كے اور بے شك وه ان سب باتوں پر قادر هے ✱

Let it be considered that while in sleep we are dreaming, it often happens that we talk with and listen to another, and we are fully sensible, as it were, of a voice, when in reality there is no such voice. It is merely our own fancy. If therefore the voice of God who is almighty, were heard without any seeming vibration of sound, it should not be a matter to excite our wonder. He is omnipotent, the perfect Light, and He feels himself in need of nothing to help him to do whatever He wishes to do. He Himself is his voice, and He himself makes that voice heard by us, though without the interposition of any outward sound. He himself is his call, and it is He himself that calls but without the aid of any organ of calling. He is beyond all doubt, the possessor and governor of all things.

(چلتي هوئي جنت ميں) يعني انهوں نے خدا كي آواز اسطرح پر سني كه باغ ميں آرهي هے ‡ بشپ پٹرك صاحب بهي كهتے هيں كه چلنے كو آواز كي طرف منسوب كيا جاتا هے نه خدا كي طرف ✱

—walking in the garden,) That is, they heard or thought the voice as if it were coming from within the garden. "The 'walking'" says Bishop Patrick "is to be referred to the voice, and not to God."

‡ ڈائيلي جلد ۱ صفحه ۱۰

(بيچميں درخت جنت كے) يعني باغ كے درخت كے پتوں ميں اپنے تئيں چهپا ليا خدا كے سامنے ننگے آنے سے شرما كر اس سے پايا جاتا هے كه كه ننگا هونا ابيدا سے معيوب اور حيا كرنے كي چيز هے اور اسيواسطے شريعت كے بموجب همارے هاں گناه ميں داخل هے ✱

—amongst the trees of the garden,) That is, ashamed of their nakedness they hid themselves amongst the trees, which shows that such a state of man is one that has been denounced as a thing, inconsistent with humanity; and it is for this reason that it is regarded a crime in our faith.

V. 9. *Where art thou?)* Bishop Patrick has commented upon this passage with such elegance and judgment, that I am induced to quote his words as follows: "Such questions do not argue ignorance in him who asks them, but are intended to awake the guilty to a confession of his crime, as appears from Cha. IV. 9. 'Where is Abel thy brother,' of whom when Cain stubbornly refused to give an account, the Lord said immediately (to show that He needed not be informed,) the voice of thy brother's blood calleth unto me from the ground."

V. 11. *Who told thee?)* Before Adam had eaten of the fruit of the tree, he was not conscious of what good and evil was; and as God had not hitherto imparted to him the harm and inconsistency of nakedness, He therefore now asked Adam who it was that gave him such information, and immediately suggested the cause of it, when he said, "Hast thou eaten of the tree"?

V. 13. *God said unto the woman, &c.)* The exposition of this verse by Joseph Mede being worthy of perusal, I take the opportunity to insert it as follows: "He from whom no secrets are hidden, He that formed the hearts of men and knows all their works, He that searcheth and trieth the heart and reins, even He will first examine the fact, will hear what miserable man can say for himself, before his sentence shall pass on him; not out of ignorance of what was done; for how should the omniscient God be

۹ (کہاں ہے تو) بشپ پترک صاحب || نے اس مقام پر نہایت عمدہ تقریر لکھی ہے وہ کہتے ہیں کہ "ایسے سوالوں سے جو شخص اُنکو پکارتا ہے اُسکی ناواقفیت نہیں نکلتی بلکہ اُس سے یہہ مقصود ہے کہ مجرم اپنے گناہ پر اقرار کرے جیساکہ باب ۴—۹ سے معلوم ہوتا ہے جہاں پر یہہ بیان ہے کہ تیرا بھائی ہابل کہاں ہے اور جبکہ قاین نے خیرگی سے اُسکا حال بیان کرنے سے انکار کیا تب خدا نے اِس نظر سے کہ یہہ معلوم ہو کہ اُسکو اطلاع کی حاجت نہ تھی فی‌الفور یہہ کہا کہ تیری بھائی کے خون کی آواز زمین میں سے مجھسے فریاد کرتی ہے *

قبل پیدایش مسیح علیه السلام ۴۰۰۰　　قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۴۵۷۵

|| تفسیر ڈائیلی جلد ۱ صفحه ۱۱

۱۱ (کسنے خبر دی تجھکو) یعنی اُس درخت کا پھل کھانے سے پہلے انسان خیروشر سے واقف نہ تھا اور خدا نے ننگے ہونے کی برائی اُسکو بتائی نہ تھی اسلیئے خداتعالی نے پوچھا کہ کسنے تجھکو خبر دی کہ تو ننگا ہے کیا اِس درخت علم خیروشر میں سے تونے کھا لیا *

۱۳ (اور کہا خداے معبود نے عورت کو) † جوزف میڈ صاحب نے اِس مقام پر نہایت عمدہ تقریر کی ہے وہ کہتے ہیں کہ " وہ جس سے کوئی راز چھپا نہیں ہے جسنے انسان کے دل کو بنایا ہے اور جو کچھہ ہم کرتے ہیں سب جانتا ہے اور دل کو اور اُسکے رجوعات کو ڈھونڈھتا ہے اور آزماتا ہے وہ بھی اول حقیقت کا امتحان کریگا اور جو کچھہ کہ بد بخت انسان اپنے لیئے کہہ سکے اُسکو سنے گا پہلے اِس سے کہ اُسپر حکم جاری کرے اور وہ

† ڈائیلی جلد ۱ صفحه ۱۱

قبل پیدایش مسیح علیہ السلام ۴۰۰۰
قبل پیدایش محمد رسول اللہ صلعم ۴۵۷۵

ignorant? but out of his wonderful clemency and unspeakable moderation towards *man:* I say, towards man; for as for the serpent we see He vouchsafes not to ask him one question, not to wait for what he could say for himself, but presently without examination proceeds to judgment against himself."

V. 14. *Thou art cursed,)* God cursed the serpent, and awarded a double punishment against him—one that he should move upon his belly—the other that he should eat nothing but the dust. With reference to this subject the Jews and Christians say, that the serpent formerly had no such shape as it now presents, and stood erect. Others say that it had four legs, and resembled the form of a horse or camel; but that being cursed it lost its legs and began since to creep on its belly.

I must say, such suggestions originate merely from the apparent meaning of Scripture words, but contain no truth whatever, as even Scripture allows no such interpretation. The phrase "thou shalt creep on thy belly or eat the dust," implies simply the hatred which the serpent was doomed to meet; since the animal powers in man which are re-

یہہ بات سرگذشت سے ناواقف ہونے کے سبب سے نہیں کریگا کیونکہ ہرشی کا علم رکھنے والا خدا کیونکر ناواقف ہوسکتا ہے بلکہ اپنے عجیب رحم اور اعتدال ناقابل بیان سے جو وہ انسان کي طرف رکہتا ہے اُسکا رحم انسان کي نسبت جو میں کہتا ہوں اُسکي وجہہ یہہ ہے کہ انسان ھي پر وہ یہہ عنایت کرتا ہے کیونکہ سانپ کو ہم دیکھتے ہیں کہ خداے تعالی اُس سے کچھہ بھی نہیں پوچھتا ھے (ھمکو یہہ کہنا چاھیئے کہ بطور عذر سنے کے کچھہ نہیں پوچھتا) اور نہ منتظر اِسبات کا رہتا ھے کہ وہ اپنے حق میں کچھہ عذر کرے بلکہ فی الفور بلا استفسار اُسپر اپنا حکم جاري کرتا ہے *

۱۴ (ملعون ہے تو) خدا تعالی نے سانپ کو ملعون کیا اور تین باتیں اُسکي نسبت فرمائیں ایک یہہ کہ تو پیٹ کے بل چلیگا دوسری یہہ کہ تو خاک کہاوی گا اِسکي نسبت علماء یہودي اور مسیحي یہہ خیال کرتے ہیں کہ پہلے سانپ کي صورت ایسي نہ تھي بلکہ اُسکا سیدھا قد تھا بعضے کہتے ہیں کہ اُسکے چار پاؤں تھے اور گھوڑے یا اونٹ کي مانند تھا لعنت کے سبب اُسکے پاؤں گرپڑے اور پیٹ کے بل چلنے لگا *

مگر یہہ سب باتیں کتاب اقدس کے ظاھري الفاظ کي مناسبت سے بنا لي گئی ہیں ورنہ حقیقت میں کتاب اقدس کي یہہ مراد نہیں ہے اِن الفاظ سے کہ تو پیٹ کے بل چلیگا یا خاک کہاوی گا صرف یہہ مراد ھے کہ تو ذلیل رھیگا چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ قواے بہیمیہ جو انسان

قبل پیدایش مسیح علیه السلام ۴۰۰۰ | قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۴۵۷۵

presented under the term Satan or serpent, are treated by us all as very worthless. So abominable and pernicious are their effects, that even men who are immoderately liable to their influence, and in whom they appear in unchecked licentiousness, are despised and held in contempt by all well-conducted and reputable people.

میں هیں اور جنکو شیطان کہا گیا ہے همیشه سبکے نزدیک ذلیل اور خوار هیں یہاں تک که جو لوگ اُن قوا کے مطیع هوتے هیں اور اُسکے جذبات اور اثرات اُن میں ظاهر هوتے هیں وہ بهي عموماً انسان کي تمام نسل کي انکهوں میں ذلیل اور بیقدر هیں *

V. 15. *I will put enmity, &c.*) This is the punishment that God decreed against Satan. Enmity as here spoken of, is not confined only to the woman, but as the woman was the first to fall into temptation, the declaration of it is commenced in her name, although in reality it is extended to all mankind.

۱۵ (دشمني رکهوں گا) یهه تیسري بات ہے جو سانپ یعني شیطان کي نسبت خدا نے فرمائي مگر اس مقام پر جو شیطان کو یهه بات کهي گئي ہے که تجهه میں اور عورت میں دشمني ڈالونگا تو اُس سے کچهه عورت کي خصوصیت دشمني میں مراد نهیں هے بلکه اِس سبب سے که شیطاني وسوسه اول عورت کے دل میں آیا تها دشمني میں بهي عورت کا نام لیا گیا اور حقیقت میں مراد یهه ہے که شیطان اور انسان میں دشمني ڈالونگا *

It must not be thought from the passage in question, that there had hitherto been no malice or jealousy of any kind between man and Satan, and that it only commenced now. No, it existed between them from the very creation of man, otherwise Satan should have had no reason te take it upon himself to deceive man. It is certain and evident enough, that there existed from the very beginning a feeling of hostility and bitter enmity between the spirit of man—the characteristic of humanity—and the animal powers within him represented under the word *Satan*.

اِس مقام سے یهه نه سمجهنا چاهیئے که اب تک شیطان اور انسان میں دشمني نه تهي اِس واقع کے بعد رکهي گئي بلکه انسان کي پیدایش کے وقت سے اُن میں دشمني تهي کیونکه پهلے سے اگر یهه دشمني نهوتي تو شیطان کبهي فریب ندیتا اور یهه بات ظاهر ہے که انسان کي روح میں جسکے سبب انسان انسان کهلاتا ہے اور اُسکے قواے بهیمیه میں جو شیطان کهلاتے هیں ابتدا هي سے عداوت اور مخالفت هے *

—*Bruise,)* Christian Doctors explain this part of the verse with great interest

(وہ تاڑیگا) جس عبري لفظ کا میں نے تاڑیگا ترجمه کیا هے انگریزي مترجموں نے

قبل پیدایش مسیح علیہ السلام ۴۰۰۰

قبل پیدایش محمد رسول اللہ صلعم ۴۵۷۵

آسکا ترجمہ زخمي کریگا یا کچلیگا کیا ھی اگرچہ دونوں ترجموں کا نتیجہ واحد ھی مگر علماے عیسائي اس مقام پر بہت زیادہ غرض سے توجہ کرتے ھیں اور یہاں سے حضرت مسیح علیہ السلام کے ھونے کي بشارت نکالتے ھیں *

to themselves, and assert it to be susceptible of a prophecy in favor of Jesus Christ.

اسمقام پر ایک عبري لفظ ضمیر کا ہے کہ وہ ھو اور ھي دونوں پڑھا جاسکتا ہے پروتسٹنٹ علماء عیسائي آسکو ھو پڑھتے ھیں اور آسکا ترجمہ اسطرح پر کرتے ھیں کہ جس سے وہ ضمیر راجع ھوتي ھی عورت کے تخم کیطرف اور وہ یہہ مراد لیتی ھیں کہ عورت کا تخم شیطان کا سر کچلیگا اور جو کہ حضرت مسیح علیہ السلام بغیر باپ کے صرف عورت سے پیدا ھوئی ھیں اسلیئی آنکو عورت کا تخم قرار دیتی ھیں *

There is a Hebrew word, a pronoun, in the verse, pronouncable either *hoo* or *hiv*. The Protestant commentators adopt the former pronounciation, and interpret it as having reference and being applicable to a woman's seed. Hence they proceed to conclude that the woman's seed will bruise the serpent's head, and seeing Christ to have been born of a woman without a husband, they hold him to be the seed of the woman.

مگر لیٹن† ولگٹ میں اسکا ترجمہ اسکی برخلاف کیا ھے آسمیں اس لفظ کا اسطرح پر ترجمہ کیا ھے جس سے وہ ضمیر راجع ھوتي ھی خود عورت کیطرف یعني وہ عورت تیرا سر کچلیگي اور تمام رومي گرجي اس کام کو یعني گناہ اور شیطان پر فتحیاب ھونیکو حضرت مریم علیہا السلام کیطرف نسبت کرتي ھیں یہاں تک کہ آنہوں نے اپني نماز میں بھی یہہ مضمون داخل کیا ہے اور وہ حضرت مریم کیطرف خطاب کرکر نماز میں یوں کہتي کہ " میں تیرے نہایت پاک قدم کو پوجتا ھوں اور برکت دیتا ھوں جس سے تونے پرانے سانپ کے سر کو زخمي کیا *

However, the Latin Vulgate does not so render the word as the P. Christians do, but does it as follows: "She shalt bruise thy head: as if a woman should do it; and the Papist interpretation of the words therefore ascribes to the Virgin Mary, this great victory and triumph over sin and Satan, and the people of that persuasion are taught to say in their addresses to her: 'I adore and bless thy most holy feet, whereby thou hast bruised the head of the old serpent.'"

† تفسیر ڈائیلي جلد ۱ صفحہ ۱۲

اسبات کا تصفیہ کہ ان دونوں ترجموں میں سے کونسا ترجمہ صحیح ہے نہایت

It is not an easy task to decide which of the above two renderings is right: for

if the pronoun in question be allowed to be in the masculine or neuter gender, the English translation would be correct; and if in the feminine then the Latin would be correct. The forms of masculine and feminine in Hebrew are almost alike in their construction, being distinguished only by certain signs peculiar to each. Therefore if this pronoun be read *hoo*, it would be a masculine pronoun, and if *hiv* a feminine. There is no authority extant in a connected chain, of any verbal or written tradition descending from Moses or Ezra to this effect, whether its correct pronounciation is *hoo* or *hiv*. As the Latin Vulgate is a very ancient translation, it becomes necessary to produce very strong and cogent reasons indeed for setting aside the rendering it gives of terms and expressions which are supposed to be open to doubt.

Christian divines have made it a basis of their faith, that it was the disobedience of Adam and Eve that brought sin upon all mankind; that, therefore, all are guilty; that if their guilt were remitted without an atonement made for it, it would be an act of injustice in God; that if, on the other hand, every man were punished for his sins, it would show a want of mercy in God; that therefore God was pleased as a resource, to promise a saviour, i. e. the sending of Christ; who himself is God, but who was incarnate in the man Jesus (or Christ); and that that saviour is the seed of the woman and not of man. It has been therefore necessary for the Christian doctors to make this pronoun applicable to the seed of the woman:

مشکل کام ہے کیونکہ وہ عبري لفظ اگرضمیر مذکرکي ہو تو انگریزي ترجمہ صحیح ہے اور اگر ضمیر مونث کي ہو تو ولگٹ ترجمہ صحیح ہے عبري زبان میں مذکر اور مونث کي ضمیرکي صورت † ایک سي هی صرف اعراب کا فرق هی اگر یہہ لفظ ہو پڑھاجاوي تو مذکرکي ضمیر هی اور هي پڑھا جاوي تو مونث کي ضمیر ہے اور اب کوئي سند متصل حضرت موسی یا حضرت عزرا تک موجود نہیں هی جس سے متعین کیا جاوي کہ وہ ان دونوں میں سے کونسي ضمیر هی مگر جوکہ ولگٹ ترجمہ نہایت قدیم ترجمہ هی اسلیی اُس ترجمہ کو غلط ٹہرانی کے لیی بہت قوي اور روشن وجہ چاهیئی *

علماء عیسائي نے اس مسئلہ کو ایک اصل اصول اپنے مذهب کا ٹہرا رکھا ہے کہ آدم و حوا کي نافرماني سے تمام انسانوں پر گناہ آیا اسلئی سب آدمي گنہگار هیں پھر اگر آنکی گناہ بغیر کسي بدلے کے معاف هوں تو انصاف کے خلاف ہے اور اگر هر ایک کو آسکي گناہ کي سزا دي جاوے تو رحم کے خلاف ہے اسلیئی آسنی ایک نجات دینے والے کا یعني عیسی مسیح علیہ السلام کے هونیکا وعدہ کیا جو حقیقت میں خود خدا هی اور عیسی مسیح علیہ السلام کي صورت میں ظاهر هوا هی اور وہ نجات دینی والا عورت کا تخم هي نہ مرد کا جو سانپ کے سرکو کچلیگا اسلیئی آنکو ضرور پڑا ہے کہ اس ضمیر کو عورت کے تخم کیطرف

قبل پیدایش مسیح علیہ السلام ۴۰۰۰
قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۴۵۷۵

† הוא ضمیر مذکر
הוא ضمیر مونث

قبل پیدایش مسیح علیہ السلام ۴۰۰۰

قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۳۵۷۵

because if they did not do so, a fundamental doctrine of their faith would be affected.

But according to our belief there arises no inconvenience or misconstruction of any kind, whether the pronoun under consideration be made applicable to the woman herself or to her seed: since, we Mohomedans do not allow this disobedience of Adam to have been a transgression of any holy law, nor do we look upon it as the cause of bringing sin upon the human race. We consider or hold this event as a means only, through which man came to the knowledge of good and evil, and which as a consequence, laid upon him a responsibility as to all his actions, a responsibility which is not found among any other of God's creatures. We maintain, therefore, that whoever leads a virtuous life and piously seeks to obtain the favor of God, shall be rewarded; and whoever goes astray, or does not follow the truth, shall be punished.

The woman or her seed is said in the present verse to bruise the serpent's head merely, because she was the first to have been tempted, and not because any particular individual was meant to do it: since every righteous man devoted to the cause of God, is, in the degree of his piety and grace, to bruise the serpent's head or to beat down and triumph over Satan. Abraham also bruised the Satan's head when his fidelity was tested by the proposed sacrifice of his only and Gen. XXII. 2. beloved son, as a burnt offering. Job was another re-

راجع کریں کیونکہ اگر اسطرف راجع نہو تو یہہ اصول مذہب کا درست نہیں رہتا *

مگر ہم مسلمانوں کے مذہب کي بموجب یہہ ضمیر خواہ عورت کیطرف راجع هو خواہ عورت کے تخم کیطرف دونوں حالت میں کچھہ نقصان نہیں کیونکہ ہم مسلمان آدم وحوا کي اس نافرماني کو شرعي گناہ نہیں سمجھتي اور نہ اس واقعہ کے سبب انسان کي نسل پر گناہ کا آنا ٹھہراتے ھیں بلکہ اس واقعہ کو باعث علم خیر و شر کا انسان کي نسل کے لیئے قرار دیتي ھیں جسکي سبب انسان کي نسل مثل اور حیوانوں کے غیر مکلف نہیں رهي پھر انسان کي نسل میں سے جو کوئي خداتعالی کي هدایت پر چلیگا نجات پاوے گا اور جو کوئي اسکے برخلاف کریگا سزا پاوي گا *

اسمقام پر جو یہہ کہا گیا کہ عورت خواہ عورت کا تخم سانپ کا سر کچلیگا یہہ صرف اسواسطے کہا گیا کہ وہ شیطاني وسوسہ اول عورت هي کے دل میں آیا تھا سانپ کا سر کچلنے کے لیئے کوئي خاص شخص مراد نہیں رکھا گیا ھے بلکہ هرنیک بندہ جو خدا کي هدایتوں پر چلتا ھے بقدر اپني نیکي کے شیطان کا سر کچلتا ھے ابراھیم نے بھي شیطان کا سر کچلا جبکہ اُن سے کہا † گیا کہ اپنے چاھیتے بیٹے کو قرباني کرایوب نے بھي شیطان کا سر کچلا جبکہ وہ امتحان ‡ میں ڈالاگیا اور شیطان نے اُن کے تمام مال اور

† پیدایش ۲۲—۲

‡ ایوب ۲—۱۰

قبل پیدایش مسیح علیہ السلام ۴۰۰۰ | قبل پیدایش محمد رسول اللہ صلعم ۴۵۷۵

markable instance of a triumphing over Job. II. 10. Satan, or, in other words, bruising the serpent's head, when his faith in God was put to so severe a trial that although he was visited with such grievous calamities as the loss of his children, the loss of his property, and was himself so plagued in his own person that his very existence became a burden and a torment to him; yet in the midst of his stupendous afflictions his faith swerved not, and we are told that he did never sin with his lips. Jesus Christ was also one who subdued Satan, as he resisted, Matt. IV., a temptation that lasted forty days and nights. In like manner, all good and pious men have been from the beginning, and will continue to the end, in proportion to the degree of their excellence, to bruise the serpent's head in fulfilment of the declaration of God.

اولاد اور بدن پر تساط کیا اور آسنے اپنے لبوں سے خطا نکی حضرت مسیح علیہ السلام نے بہی شیطان کا سر کچلا جبکہ وہ § چالیس دن اور رات امتحان میں ڈالی گئے اسیطرح تمام نیک بندی بقدر اپنی نیکی کے شیطان کے سر کو زخمی کرتے آئی ہیں اور آیندہ بہی خدا کے اس وعدہ کے بموجب زخمی کرتے رہیں گے *

§ متی باب ۴

—*Thou shalt bite his heel,)* "That is, thou (Satan) shalt," says Bishop Kidder, "persecute the woman's seed, but thou shalt not be able to destroy."

(اور تو کاٹیگا اسکی ایڑی کو) بشپ کیڈر صاحب ‡‡ اسکے یہہ معنی بیان کرتے ہیں کہ تو (یعنی شیطان) عورت کے تخم کا تعاقب کریگا مگر تو اسکو برباد نکر سکیگا *

‡‡ ڈائیلی جلد ۱ صفحہ ۱۲

The two parts of this verse, viz, "shalt bruise the head," and "shalt bite the heel" are thus explained by Jewish rabbis: that he (i. e. man) shall put thee (i. e. Satan) in mind of what the latter has done towards the former in the beginning, and the latter shall persevere in his pursuit to the last.

یہودی †† عالم ان دونوں ٹکڑوں کی یعنی سر کچلنے اور ایڑی کاٹنے کی تفسیر صرف اسقدر کرتے ہیں کہ وہ (یعنی انسان) یاد دلاویگا تجہکو (یعنی شیطان کو) جو تونے اسکے ساتہہ بہلی کیا اور تو (یعنی شیطان) ہو کا اسکا نگہبان واسطے اخیر کے *

†† دیکھو تفسیر رشی

And we Mohomedans illustrate the meaning of the aforesaid parts as follows: that Satan will be unshaken to the end in his endeavours to overreach and inveigle man and tempt him to all evil

ہم مسلمان اس ورس کی یوں تفسیر کرتے ہیں کہ شیطان اخیر دنیا تک انسان کے بہکانے اور نافرمانی کرنے میں سعی کرتا رہیگا مگر جو نیک بندہ ہیں وہ اسکا

قبل پيدايش مسيح عليه السلام ۴۰۰۴

قبل پيدايش محمد رسول الله صلعم ۴۵۷۵

and disobedience to God; and that the godly and virtuous will always continue wounding his head, i. e. will not suffer themselves to be overcome by his evil designs. See Soora Hujur, v. 38—43. Holy Koran.

V. 16. *Unto the woman he said,*) That is, God now informed the woman, that by her acquiring a knowledge of good and evil which is not possessed by other animals, she had brought upon herself all the hardships and afflictions that are spoken of in this verse. Consequently we find that other creatures not having a share in such discrimination and sagacity as are enjoyed by mankind, do not undergo so much pain and risk in conception or in bringing forth their young as is the lot of woman.

V. 17—19. *And unto Adam He said,*) God likewise told Adam that his attainment of the knowledge of right and wrong had reduced him to a condition in which he would now be obliged to do all things himself which are necessary to provide for his sustenance in the world; and we see as decreed by God, that man has to eat his bread in "the sweat of his brow" or with much labour and physical toil. God further ordered that he should dwell upon the earth, and in the end return to it again.

V. 21. *did make coats of skin,*) Christian Divines following the literal sense of the words say, that God had himself furnished such dresses to Adam and Eve, and they thence endeavour to trace out the source whence those skins came from. "It is probable" says Bishop Patrick, "that they were the

سر کچلتے رهیں گے اور آسکا غلبه اور آس کا تسلط آنپر نهو گا (دیکھو قران مجید میں سے سورهٔ حجرا آیت ۳۸ لغایت ۴۳ *

۱۶ (عورت کو کها) یعني آس کو جتایا که تو نے جو اِس درخت کا پهل کهایا جس سے تجهکو تمیز اور علم خیر و شر حاصل هوا جو اور حیوانوں کو نهیں هے تو تو آن مصیبتوں میں گرفتار هوئي جو اِس ورس میں مذکور هیں کیونکه هم دیکھتے هیں که اور حیوان جو انسان کي سي عقل وتمیز نهیں رکھتے آن کے اوپر بچه جننے میں وه سختي جو عورت پر هوتي هے نهیں هوتي *

۱۷ لغایت ۱۹ (اور آدم کو کها) یعني آدم کو جتایا که تو نے جو اِس درخت کا پهل کها کر خود اپنے تئیں عالم خیر و شر کا کیا اب تجهکو تمام کام اپني زندگي بسر کرنے کے خود کرنے هونگے زمین پر رهوگے اور اپني محنت سے کهاؤگے اور آسي میں پهر جاؤگے *

۲۱ (اور بنایا خدا نے) علماء عیسائي یهه خیال کرتے هیں که یهه پوشاک آدم وحوا کي خود خدا نے بنائي تهي جیساکه کتاب اقدس کے ظاهري الفاظ سے پایا جاتا هے اور اس پر بحث کرتے هیں که یهه کهالیں کهاں سے آئي تهیں ||بشپ پٹرک صاحب کهتے هیں که " یهه غالب هے که

|| ڈائیلي جلد ۱ صفحه ۱۳

قبل پیدایش مسیح علیہ السلام ۴۰۰۰

قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۴۵۷۵

skins of beasts slain in sacrifices which were first instituted in ratification of the gracious covenant just made by God with our first parents; and which was intended the better to represent to them their guilt, and that the promised seed should vanquish the devil, and redeem them by shedding his blood."

وہ آن حیوانوں کي کھالیں تھیں جو آس قرباني میں مارے گئے تھے جو آسوقت میں آس فیاض عہد و پیمان کي مظبوطي کے لیئے قرار پاي تي جو خدا نے ہمارے اول مربیوں سے ابھي کیا اور جس قرباني سے آنہر آن کے جرم کاخیال رکھنے کي غرض تھي اور یہہ ظاہر کرنے کي کہ وعدہ کیا گیا تخم (یعني حضرت مسیح علیہ السلام) اپنا خون بہانے سے شیطان کو مغلوب کرے گا اور آن کو نجات دیگا ●

However we Mohomedans say, that as all the works and actions of man are, whenever they take place, not excluded from the knowledge of God, and that whatever he attempts connot be accomplished save by God's sanction alone, therefore all his acts may indeed, in this sense, be rightly said to be performed on the part of God. Adam was himself to have made the coats for his use, though it is written they were furnished by God: because Adam had now become capable of judging what it was expedient and useful to do, or otherwise; as is proved from the 7th verse where Adam and Eve perceiving themselves naked "sewed fig-leaves together, and made themselves aprons."

مگر ہم مسلمان یہہ کہتے ہیں کہ انسان کا ہر فعل اِس وجہہ سے کہ وہ خدا کے علم سے خارج نہیں ہے اور نیز انسان کے ارادہ پر خود خدا آس فعل کا سرانجام کرنے والا ہے خدا کیطرف منسوب ہوسکتا ہے اسلیئے یہہ پوشاک خود آدم نے اپنی لیئے بنائي تھي گو اسطرح پر تہا گیا ہے کہ خدا نے بنائي اسلیئے کہ اب آدم خود خیروشر کا جاننے والا یعني صاحب عقل ہوچکا تھا جیسا کہ ساتویں ورس میں ہے کہ آنہوں نے اپنے تئیں ننگا جانکر انجیر کے درخت کے پتوں سے اپنے لیئے تہبند بنایا تھا ●

The institution of the offering of sacrifices at that time is not proved from any part of Scripture, and it may therefore be said as a general opinion, that those skins were taken from the beasts, which either perished by death after this event, or which were killed by Adam and Eve to sevre them for food.

آسوقت قرباني کا حکم ہونا کتاب اقدس کے کسي لفظ سے پایا نہیں جاتا اسواسطے ایک عام طور پر خیال ہوسکتا ہے کہ یہہ کھالیں آن جانوروں کي تھیں جو اپني معمولي حالت میں اس واقعہ کے بعد مرے تھے یا خود آدم نے اپني خوراک حاصل کرنے کے لیئے آنکا استعمال کیا تھا ●

قبل پیدایش مسیح علیه السلام ۴۰۰۰ — قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۳۵۷۵

V. 22. *become as one of us,*—*as one of them*) There occurs in this verse the Hebrew word *mimmanoo,* which is an object of warm debate among the learned Christian doctors. They affirm it to be a pronoun of the first person plural, and accordingly render the verse thus: "and the Lord God said, Behold, the man is become as one of us, to know good and evil." Thus interpreting the original, they openly assert a plurality of persons in God, and argue in support of this conclusion as follows: "That there is certainly no figure of speech that will allow any single person to say *'one of us'*, when he speaks only of himself. It is a phrase that can have no meaning, unless there be more persons than one concerned."

۲۲ (مانند ایک کي آسمیں سے) اِس ورس میں جو عبري یہه لفظ هیں (כְּאַחַד מִמֶּנּוּ) کاحد ممنو اِسپر علماء مسیحي نے بہت بحث کي هے وه کہتے هیں که • منو جمع متکلم مع الغیر کا صیغه هے اور اِس لیئے وه اِس ورس کا ترجمه اِسطرح پر کرتے هیں " اور خداوند خدا نے کہا دیکھو که آدم نیک اور بد کي پہچان میں هم میں سے ایک کي مانند هوگیا " اور جبکه اُنہوں نے اِس ورس کا اسطرح پر ترجمه کیا تو اب وه اِس ورس سے علانیه الهیت میں وجودوں کي تثلیث ثابت کرتے هیں اور کہتے هیں که " † بلاشبهه کوئي ایسا طرز کلام نهیں هے که جس میں کوئي تنها شخص یہه کہه سکے (هم میں سے ایک) یہه ایسا طرز کلام هے جسکے کچهه معني نهیں هوسکتے جب تک که اُس میں ایک شخص سے زیاده شامل نهوں *

We Mohomedans however do not agree with the opinion above advanced by Christians, and we hold that *mimmanoo* is not a pronoun of the first person plural, but, on the contrary, a pronoun of the third person. Its meaning is *out of that or those,* and originally, it was *minhoo,* composed of the two simple words *min* and *hoo.* A *noon* or *n* being added to join them, and *hai* or *h* altered or substituted with a *noon* or *n*; and hence it becomes *minnanoo.* Now, the Letter *noon* or *n* being found thrice repeated in it, the first of them is changed to a *meem* or *m,* according to the rules of the Hebrew Grammar. This *meem* or *m* is so intermixed with the two component parts of the word as to act

مگر هم مسلمان اِسکو تسلیم نهیں کرتے اور یہه بات کہتے هیں که ممنو صیغه جمع متکلم مع الغیر کا نهیں هے بلکه غایب کا صیغه هے اور اُسکے معنی هیں (اُسمیں سے) اصل میں یہه لفظ (مِنْ نهو) تها اور یہه دو لفظ تهے ایک (من) دوسرا (هو) اِن دونوں لفظوں کے بیچمیں ایک اور نون دونوں کے ملانے کو آیا هے جیسیکه عربي زبان میں اسي عبري کے قاعده کے مطابق نون وقایه کا آتا هے بعد اُسکے (هے) نون سے بدلي گئي اور (من ننو) هوگیا اور تین نون ایک کلمه میں جمع هوگئے اسلئے پہلا نون میم سے بدلا گیا اور دوسرا نون تیسرے نون میں ادغام هوگیا اور عبري زبان کے قاعده کے مطابق اُسپر داغش یعني تشدید دي

† ثائیلي جلد ۱ صفحه ۳

as a reciprocal agent or power between them; and the other two *noon* or *n* marked with a *dagish* (or a sign to connect two letters into one body,) become as one. The word so formed is then read *mimmanoo*.

I will now proceed to prove authoritatively, why we hold the word in question to be a pronoun of the third person singular or plural. I must say that *mimmanoo* when written with a *dagish*—a sign above specified—has nowhere been used throughout the whole of the Old Testament, as a pronoun of the first person plural, but, on the contrary, a pronoun of the third person. The references noted in the margin, * where it is used in the sense I affirm, are almost all the instances where it occurs thorughout the Old Testament; and these examples are of such a nature that no person can deny, that the word in question is used all along in these passages as a pronoun of the third person; and although three of them only are such as may leave a scope for dispute, yet by several arguments it could be proved that the propriety of sense in them also requires the use of a pronoun of the third person. It is worthy of consideration, that what is it that entitles us to the privilege of rendering the word under debate in this instance, a pronoun of the first person plural, while we find that in all other instances both prior and subsequent to this, it has almost invariably been used or explained as a pronoun of the third person? We have therefore no doubt in arriving at the conclusion, that the word must represent a pronoun of the third person in this place also.

قبل پیدایش مسیح علیه السلام	قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم
۴۰۰۰	۳۵۷۵

گئي جو علامت ہے حذف یا ادغام کي اور اسطرح پر یہہ لفظ ممنو ہوگیا *

اب همکو اسبات کي سند بیان کرني چاهیئے که کس وجهه سے هم اس لفظ کو غایب کا صیغه کهتے هیں آسکي سندمیں هم یهه بات کهتے هیں که تمام اربع عسریم میں ممنو کا لفظ جسمیں داغش هو جمع متکلم مع الغیر کے معنونمیں نہیں آیا بلکه غایب کے معنونمیں آیا هی چنانچه غالباً تمام مقامات کتاب هاے اقدس کا حواله جنمیں لفظ ممنو کا معه داغش آیا ہے حاشیه† پر دیئے هیں انمیں سے تمام مقامات ایسی هیں جنمیں کوئي شخص انکار نہیں کرتا که یهه لفظ غایب کا صیغه نہیں ہے صرف تین مقام ایسی هیں جنمیں تکرار هوسکتي ہے مگر بهت سے دلیلیں ایسي هیں جنسے ثابت هوسکتا ہے که آن مقامونمیں بهي وه لفظ غایب کا صیغه ہے غور کرنیکا مقام ہے که ابهي اس مقام سے پیشتر بهي لفظ متعدد جگهه آیا ہے اور سب نے بلااختلاف آسکی معنی غایب کے لیئے هیں پهر کیا وجهه ہے که اسمقام میں آسکی وه معنے چهوڑکر دوسري معنی جمع متکلم مع الغیر کے جو کسي مقام پر نہیں لیئے گئے لیئے جاویں بس کچهه شبهه نہیں ہے که یهه لفظ غایب کا صیغه ہے اور اسکے معنے (آس میں سے) کے هیں *

* Gen.	† پیدایش
II. 17.	۲—۱۷
III. 3.	۳—۳
—11.	—۱۱
—17.	—۱۷
—22.	—۲۲
XXIII. 6.	۲۳—۶
XXVI. 16.	۲۶—۱۶
XLVIII. 19.	۴۸—۱۹
Lev.	احبار
II. 11.	۲—۱۱
III. 14.	۳—۱۴
IV. 19.	۴—۱۹
V. 2.	۵—۲
—3.	—۳
—4.	—۴
VI. 8.	۶—۸
VII. 3.	۷—۳
—14.	—۱۴
—15.	—۱۵
—16.	—۱۶
—18.	—۱۸
VIII. 11.	۸—۱۱
XV. 16.	۱۵—۱۶
Exo.	خروج
I. 9.	۱—۹
IV. 26.	۴—۲۶
V. 8.	۵—۸
X. 26.	۱۰—۲۶
XII. 9.	۱۲—۹
—10.	—۱۰
XIV. 12.	۱۴—۱۲

قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۴۵۷۵	قبل پیدایش مسیح علیہ السلام ۴۰۰۰

† تفسیر رشی

XVI. 16.	۱۶—۱۶
—19.	—۱۹
—20.	—۲۰
—32.	—۳۲
XVII. 6.	۱۷—۶
XIX. 21.	۱۹—۲۱
XXV. 15.	۲۵—۱۵
XXVII. 2.	۲۷—۲
XXX. 2.	۳۰—۲
—19.	—۱۹
—33	—۳۳
divert their thoughts from dwelling upon the melancholy and harrowing scenes of distress which were so fresh in their memory. It was therefore, that the gracious God willing to console them by the assurance of immediate tranquility made use of the expression that He would never bring on a deluge again. On the cessation of a fall of rain, the tricolored and luminous spectacle which is by natural laws produced in the skies, and which is apparent to the human sense of vision, is here declared by God to be the sign of Divine covenant. It was in accordance with the style of our speech and the capacity of our understanding that God said He would remember his covenant by looking at the bow; in order that when rain commenced to fall as usual and the rain bow ordinarily appeared, we might be consoled by their sight and feel it to be a consolatory evidence of the merciful will of God not again to send down a deluge. Hence the Rainbow is an illustrious symbol of the Divine mercy and goodness, calculated to confirm our belief and confidence in God. Therefore when we look upon it we should do well to praise "Him who made it; very beautiful it is in the brightness thereof. It compasseth the heavens about with a circle, and the hands of the most High have bended it."

V. 19. *was the whole earth overspread.)* It is beyond doubt, and we may, without any breach of the law of Nature, be assured of the fact, that all mankind sprung originally from one stock and belong to one race; and we find that all animals, which are natives

کہ اُسکو بھلا کر کسي قسم کے کاربار میں مصروف ھوں اِسلیئے خدا نے اُن سے گفتگو کرنے میں اور اُنکو تسلي دینے کے لیئے یہہ طرز کلام اختیار کیا کہ میں تمسے عہد کرتا ھوں کہ پھر میں ایسا طوفان نہیں لانے کا مینہ کے کھلنے کے وقت جو ایک ظہور قوانین قدرت کے بموجب ھوتا ھے اور جسکو اِنسان بھي دیکھہ سکتے ھیں اُسکو اُس عہد کا نشان بتایا اور موافق طرز کلام انسانونکے گفتگو کي کہ میں اُسکو دیکھکر اپنا عہد یاد کرونگا تاکہ جب معمولي طور پر مینہ برسنے شروع ھوں تو قوس کو دیکھہ کر اِنسان تسلي پاویں اور جان لیں کہ خدا کے عہد کي کمان نکلي جو طوفان نہ لانیکا عہد ھے پس یہہ قوس خدا کے رحم اور فضل کي مشہور علامت اور ھمارے عقیدہ کي مضبوطي اور خدا پر مستحکم توکل کرنیکي نشاني ھے اِسلیئے ھمکو چاھیئے کہ جب ھم اُسکو دیکھیں خدا کي تعریف کریں کہ کیا اچھي روشن ھے اور کیا خوبصورت بنائي ھے کیا شان دار دایرہ سے آسمان کو گھیرتي ھے نہایت بڑے اور زبردست ھاتھوں نے اسکو جکھایا ھے ٭

۱۹ (پھر گئي تمام وہ زمین) اِس میں کچھہ شک نہیں کہ ھم قوانین قدرت سے اِس بات کا یقین کرسکتے ھیں کہ دنیا میں تمام اِنسان ایک ھي نسل سے نکلے ھیں کیونکہ ھم دیکھتے ھیں کہ تمام حیوانات جو خاص ملکوں گرم و سرد کے رھنیوالے

قبل پیدایش مسیح علیه السلم ۲۳۳۷

قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۲۹۲۴

of particular part of the earth, are provided respectively with such natural dresses as are well suited to the places of their abode, and which protect them against the heat in warm, and against the cold in frigid, climates, and so enable them to live comfortably. We see man however born without any kind of covering at all, and with nothing naturally given him to serve as a protection against the rigours of climate. However, he has been supplied with the means to provide himself according to his wants, and to adapt himself to both heat and cold. This proves that man is not intended to occupy a particular part of the earth. On the contrary it is evident, the omnipotent God designd to create a creature whose nature should be such that his offspring might easily accommodate themselves to any clime and dwell in any country whether hot or cold, and who could of themselves provide the materials suited to their protection against inclemency of season in every region. Hence it is unquestionably right to hold that all mankind are descended from one race originating in one common father.

هیں وہ سب اپنے ساتھہ ایک ایسي قدرتي پوشاک رکھتے هیں جو اُس ملک کے مناسب هے اور جس سے وہ سرد ملکوں کي سردي کو دور کر سکتے هیں اور گرم ملکوں کي گرمي سے بچ سکتے هیں اور ان وسیلوں سے اپني باسایش بسر کرتے هیں مگر برخلاف اِسکے هم اِنسان کو دیکھتے هیں که ننگا پیدا هوا هے اور کوئي خلقي سامان گرمي سردي سے بچنے کا اپنے پاس نهیں رکھتا مگر البته اُسکے لیئے ایسے وسیلے پیدا کیئے هیں جنکے سبب بقدر حاجت کے گرمي سردي حاصل کر سکتا هے پس یهه دلیل اِس بات کي هے که کوئي اِنسان کسي خاص ملک کے لیئے پیدا نهیں هوا بلکه اُس قادر مطلق کا یهه منشاء تها که ایک حیوان ایسا پیدا کیا جاوے جسکي نسل تمام گرم سرد ملکوں میں آباد هو اور بلحاظ هر ملک کے وہ خود سامان گرمي و سردي کا بهم پونهچا لیا کرے پس کچهه شک نهیں که وہ عام اِنسان ایک هي نسل سے اور ایک هي دادا کے پوتے هیں ●

† تفسیر کاٹیلي جلد ۱ صفحه ۳۱

Dr. Hales has, on Geographical grounds, thus drawn for us a picture of the propagation of mankind throughout the the entire globe :— "The two continents of Asia and America, so widely separated from each other by the vast Pacific or Eastern Ocean at their southern extremities, are now found to approach each other towards the northern within thirteen leagues, instead of eight hundred, as was supposed. And in this

ڈاکٹر † هلیز صاحب اِنسان کي ایک هي نسل کي تمام دنیا میں آباد هونیکي تصویر جغرافیه کے بموجب همکو اِسطرح پر دکھاتے هیں که " ایشیا اور امریکه کے دو براعظم اگرچه بسبب پاسفک یا مشرقي بحر کی جنوبي سروں پر ایک دوسرے سے بهت فاصله رکھتے هیں مگر اب شمال کي طرف سے وہ ایک دوسرے سے صرف اُنتالیس میل کے فاصله پر بجاے دو هزار

قبل پیدایش مسیح علیه السلام ۲۳۳۷ | قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۲۹۲۲

narrow strait, there are several intervening islands, as Bering's, &c. Among other good purposes, therefore, the voyages of Captain Cook have rendered essential services to religion, by robbing infidelity of a favourite objection to the Mosaic account of the peopling of the earth. North America might have been easily furnished with inhabitants from the opposite coasts of Asia: and South America, by means of the great chain of newly-discovered tropical isles, scattered between the two great continents, and successively colonized from Asia; and also, on its eastern side, by vessels driven by storms, or trade winds and currents, from the shores of Europe and Africa. And indeed the similarity of languages, religion, manners, and customs, in several leading points, furnishes decisive evidence of the descent of all mankind from the same parent stock."

چار سو میل کے جیسا که پہلے خیال کیا جاتا تھا اب قریب دریافت ہوئے . اور اِس تنگ آبنائی میں بہت سے جزیرے بھي مثل راس بیرنگ وغیرہ کے واقع ہیں کپتان کوک صاحب کی زمین کے گرد سفر کرنے میں جو بہت سے فائدے حاصل ہوئے اُن میں سے مذہب کو یہہ ایک مقدم فائدہ ہوا که کافروں کا یہہ بڑا عزیز اِعتراض که ایک آدمي سے تمام دنیا کیونکر آباد ہوئي ٹوٹ گیا شمالي امریکه میں ایشیا کے مقابل کے کناروں سے باشندے باساني پہونچ گئے ہونگے اور جنوبي امریکه میں بوسیله اُس بڑے سلسله حال کے دریافت کیئے ہوئے گرم جزیروں کے جو درمیان ان دو بڑے براعظم کے پھیلے ہوئے ہیں ایشیا کے لوگوں سے سلسله وار آباد ہوئے ہونگے اور امریکه کا مشرقي جانب سے آباد ہونا بوسیله اُن کشتیوں کے خیال کیا جاوے جنکو طوفانوں اور ریلوں اور مخالف ہواؤں نے یورپ اور افریقه کے کناروں سے کھینچ لیجا کر وہاں پہونچا دیا ہو زبانوں اور مذہب اور اطوار اور رسومات کے بہت سي مقدم باتوں میں مشابہت کا ہونا بلا شبہه اِس بات کي گواهي دیتا ہے که تمام اِنسان ایک ہي مربي سے نکلے ہیں *

"The derivation of the human species, all from one stock, has proved a great stumbling stock to minute philosophers: who cannot reconcile the fact to the varieties of the species in different countries, as to colour, size, shape, disposition, &c. However inadequate we may be fully to unfold the mysteries of nature, and the ways of Providence, yet

† نکته چین حکما مختلف ملکوں میں اِنسان کي جنسوں کے اختلافات سے جو بلحاظ رنگ قد صورت اور مزاج وغیرہ کے ہیں اس حقیقت کو که تمام جنسیں اِنسان کي ایک ذخیرہ سے نکلي ہیں ثابت کرنے میں بڑے پریشان ہوتے ہیں باوجود اِسکے که ہم قدرت کے بھیدوں اور

† تفسیر ثائیلي جلد ۱ صفحه ۳۲

قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۲۹۲۲ — قبل پیدایش مسیح علیه السلام ۲۳۳۷

much of these alleged varieties may be satisfactorily accounted for, from the influence of climate, local circumstances of air, water, food, customs, &c. which may, in process of time, make a material change in the constitutions and complexions of the inhabitants. If dogs taken to the frigid Zone, grow shaggy; and if sheep, transported to the torrid Zone, exchange their wool for hair; why may not the human species gradually partake of the influence of climate?"

خدا تعالی کے طریقوں کے دریافت کرنے میں کیسے هي ناقابل هوں تب بهي از روی آب و هوا اور مخصوص حالتوں هوا پانی اور خوراک اور رسومات وغیرہ کی جنکے سبب سے باشندوں کي بناوٹ اور رنگون میں زمانه کے گذرنے پر بهت سي تبدیلي هو جاتي هے ان ظاهري اختلافات کا حسب دلخواہ جواب دیسکتے هیں مثلاً اگر کتوں کو سرد طبقه میں لیجاویں تو وهاں پروہ جهبري هو جاویں اور اگر بهیڑوں کو گرم طبقه میں لیجاویں تب آنکي اون بال هو جاوینگي تو انسان کي جنسیں رفته رفته آب و هوا کے اثر سے کیونکر محفوظ رہ سکتي هیں *

"Man, though white in Europe, black in Africa, yellow in Asia, and red in America, is still the same animal, tinged only with the colour of the climate. Where the heat is excessive, as in Guinea and Senegal, the people are perfectly black: where less excessive, as in Abyssinia, the people are less black; where it is more temperate, as in Barbary and in Arabia, they are brown: and where mild, as in Europe and in Lesser Asia, they are fair."

انسان اگرچه یورپ میں سفید اور افریقه میں سیاہ اور ایشیا میں زرد اور امریکه میں سرخ هیں لیکن حیوان واحد هیں صرف آب وهوا کے سبب سے آن میں یهه ظاهري تبدیلیاں هیں جهاں کهیں گرمي سخت هوتي هے جیسے که گني اور سینگل میں تو وهاں کے بالکل سیاہ هوتے هیں اور جهاں کهیں که آسکے شدت کم هے جیسے که ابیسینیه میں تو وهاں کے آدمي کم کالے هوتے هیں اور جهاں کهیں وہ معتدل هے جیسے باروری اور عرب میں وهاں پر لوگ بهورے هوتے هیں اور جهاں کهیں وہ بهت کم هے جیسے که یورپ اور نیچی کے حصه ایشیا میں وهاں پر سفید هوتے هیں *

"Shaw, in his travels through Barbary, found a tribe in the mountains of Auress, south of Algiers, who appeared to be of a different race from the Moors: far from swarthy, their complexion is fair and ruddy, and their hair a deep

ڈاکٹر شا صاحب نے اپنے باروري کے سفروں میں آرس کے پهاڑوں پر جو ایلجایرز کے جنوب میں هیں ایک ایسي قوم دیکهي جو افریقه کے مسلمانوں سے نسل میں مختلف هیں آنکا رنگ خاکي تو

قبل پیدایش	قبل پیدایش
مسیح علیه السلام	محمد رسول الله صلعم
۲۳۳۷	۲۹۲۲ ۰

هر گز نهیں لیکن سفیدي اور سرخي مائل ھے اور آنکے بال بجاے ایسي سیا ھونے کے جیسے که افریقه مسلمانوں کے ھیں بهت زرد ھیں ڈاکٹر شا صاحب خیال کرتے ھیں که یهه واندل قوم کا ایک بقیه ھے اور غالباً آنکا رنگ آنکي بلند پهاڑي مقام کے سبب سے ویساهي رها جیسا که ارمینیا کے باشندوں کا مغربي ایشیا میں اور کشمیر کے باشندوں کا مشرقي ایشیا میں صاف ھے بسبب اِس بات کے که ان دونوں مقاموں میں زمین بهت بلند هی جسکے باعث سے آب و هوا کا مزاج معتدل ھے *

yellow, instead of being dark, as among the neighbouring Moors. He conjectures they are a remnant of the Vandals. And they probably retained their complexion from their high mountainous situation; as the natives of Armenia, in Western Asia, and Cashmire, in Eastern, are fair; owing to the great elevation of the soil in both places, and the temperature of the climate occasioned thereby."

برخلاف اِسکے بستي یهودیوں کي جو مقام کوچین میں کنارہ ملبار پر بهت مدت هوئي که جسکي آنکو یاد داشت جاتي رهي آکر بسے اگرچه وہ اصل میں فلسطین کے خوبصورت لوگ تھے اور آنهوں نے اپني رسومات کو اب تک خالص رکها ھے لیکن ایسے کالے هو گئے هیں جیسکه ملبار والے هیں جو گني کے حبشیون سے سیاهي میں ایک ذرہ بهي کم نهیں هیں اور لنکا میں پورچگل والے جو صرف چند صدیئیں گذریں که رهاں آکر بسے اپني حالت اصلي سے زوال پذیر هو کر وهاں کے باشندوں سے بهي زیادہ کالے هوگئے شمار میں یهه لوگ قریب پانچهزار کے هیں اور اب بهي زبان پورچگل بولتے هیں اور یورپ کي پوشاک پهنتے هیں اور رومي گرجه کے مذهب کا اقرار کرتے هیں *

"On the other hand, a colony of Jews, settled at Cochin, on the Malabar coast from a very remote epoch, of which they have lost the memory, though originaliy a fair poeple in Palestine, and from their customs preserving themselves unmixed, are grown as black as the other Malabarians, who are hardly a shade lighter than the negroes of Guinea. And at Ceylon, the Portuguese, who settled there only a few centuries ago, are degenerated, and grown blacker than the original natives. They are in number about 5,000, still speak Portuguese, wear the European dress, and profess the Romish religion."

با این همه ڈاکٹر هیلز صاحب یهه بهي کهتے هیں که اِنسانوں میں آب و هوا اور رسومات کے اثر کے عام نتیجوں کے علاوہ

"Still there are anomalies, or exceptions, to the general conclusions of the influence of climate and customs, that

قبل پیدایش مسیح علیه السلم ۲۳۳۷

قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۲۹۲۲

اور بهي اختلافات موجود هيں جنكو شايد نا معلوم سببوں سے منسوب كرنا چاهيئے جنكادريافت كرنا إنسان كي دانائي كے فخر كو عاجز كرتا هے اور بهرحال جنكو خدا كے علم اور رضا پر چهوڑنا چاهيئے اور جنكو أسكي أس دانائي اور قدرت كے ناقابل تلاش خزانوں ميں جو أسكے كاموں ميں مختلف بهي ايسے هيں جيسے كه ترتيب ميں جمع كرنا چاهيئے *

must be ascribed to other, and perhaps undiscovered causes, which baffle the pride of human sagacity to develop: and which, after all, must be resolved into the will and pleasure of the creator, and deposited among the unsearchable riches of his wisdom and providence, in the variety, no less than the regularity, of his works."

بهرحال همكو إس بات پر يقين كرنے كي كه تمام إنسان ايک شخص كي اولاد هيں بهت سي وجوهات هيں گو بعضے ايسے اختلاف هوں جنكي وجهه هم نه دريافت كرسكيں مگر جس بات پر كه ميں بحث كرتا هوں وه يهه هے كه وه شخص جسكي اولاد تمام إنسان هيں كون هے آدم يا نوح تمام يهودي عالم اور تمام عيسائي عالم اور اكثر مسلمان عالم إسبات كے قايل هيں كه تمام إنسان حضرت نوح كي اولاد هيں مگر جبكه ميں إسبات كا قايل هوں كه طوفان تمام دنيا ميں نهيں آيا تو مجهكو ضرور إسبات سے إنكار كرنا پڑيگا اور يهه كهنا هوگا كه تمام إنسان حضرت آدم كي اولاد هيں اور اگر اور لوگ بهي تمام إنسانوں كو حضرت آدم كي اولاد مان ليں تو كسيقدر آسان هو جاتي هيں وه مشكليں جو بسبب بعض ايسے اختلافوں كے جنكي وجهه همكو بخوبي دريافت نهيں هے إنسان كو ايک هي شخص كے اولاد قرار دينے ميں پڑ رهي هيں *

Upon the whole, we have a good many reasons for believing that all mankind are descended from one parent, though it is confessed, that there are certainly found among different races, varieties, of which we are not at present in a position to explain the probable cause; or trace the sources from which they proceed. However, what I wish particularly to discuss, is the question *who was the individual from whom all mankind took their origin;* whether it was *Adam* or *Noah?* All the Jewish, Christian, and most of the Mohomedan divines hold this person to have been Noah. But while I do not admit of the deluge having been universal, it is certainly necessary for me to deny this assumption, and to hold all to have descended from Adam. If what I propose be accepted as right by others also, it would, to some extent, lessen the difficulties which are felt by the theory which assigns one common origin to all the human race, now so much the more felt on account of certain variety found among mankind, the causes of which it has hitherto been confessedly impossible to discover.

V. 22.—*Ham, the father of Canaan,)* Ham had also other children besides Canaan, as is proved from Cha. X. 6. But Canaan is here spoken of, because he was the founder and the head of a wicked and impious race.

V. 25.—*He said, cursed be Canaan,)* Those who construe this verse as speaking of a curse, will find it difficult so to explain it. For it was Ham himself who had been guilty of impiety or insolence towards Noah, and his children therefore could not reasonably be cursed or punished for the fault of their father. Suppose however it was justifiable to curse his children, it would then be asked why was it that Canaan only, and none other of his remaining children, was cursed?

It is better to remain in ignorance of the reasons suggested by the Rabbis for the curse being imposed on Canaan, than to know them. I am not aware of any reasons advanced by Christian doctors on the subject. However, I do not allow that this verse should be fairly regarded as conveying anathema, as is well shown on comparing it with the Hebrew Text. On the contrary, I assume it to be a prediction of an event that was to happen to the children of Canaan.

We see it takes place under the law of Nature, that virtuous men have begotten vicious children, and that vicious men have had virtuous children; also that the vicious character of the father is sometimes found operating in his whole progeny, and at other times in some of them only, and not in the rest.

۲۲ (حام باپ کنعان نے) حام کي اولاد کنعان کے سوا اور بهي تهي جيسا کہ باب ۱۰ — ۶ سے پايا جاتا هے مگر اس مقام پر کنعان کا خاص ذکر اسواسطے کيا گيا کہ وہ ايک بد بخت نسل کا سردار تها *

۲۵ (اور کہا ملعون هو کنعان) جو لوگ کہ اس ورس کو ايک جملہ بددعائيہ سمجهتے هيں آنکو اس ورس کي تفسير بيان کرنے ميں سخت مشکل پيش آويگي کيونکہ بے ادبي حضرت نوح سے حام نے کي تهي پهر باپ کي بے ادبي کے سبب اولاد کو ملعون کرنے کي کيا وجهہ اور اگر اولاد ملعون بهي کيجاوے تو سواے کنعان کے حام کے اور بهي بيٹے تهے پهر خاص کنعان کو ملعون کرنے کي کيا وجهہ *

علماء يهود نے جو اِسکي وجهہ لکهي هے آس سے نا واقف رهنا آسکے واقف هونے سے بہتر هے اور ميں واقف نهيں هوا کہ عيسائي عالم اِسکي کيا وجهہ بيان کرينگے مگر ميں اِس ورس کو جملہ بد دعائيہ قرار نهيں ديتا جيسا کہ متن کے ترجمہ سے ظاهر هے بلکہ يهہ ايک پيشين گوئي هے ايک واقعہ کي جو هونے والا تها کنعان کي اولاد پر *

هم بطور ايک نيچر کے يهہ بات ديکهتے هيں کہ اچهوں کي اولاد بري بهي هوتي هے اور بروں کي اولاد اچهي بهي هوتي هے اور اِسيطرح هم يهہ بهي ديکهتے هيں کہ باپ کي بد خصلت کبهي آسکي تمام اولاد ميں اثر رکهتي هے اور کبهي ايسا هوتا هے کہ وہ اثر آسکے کسي اولاد

قبل پيدايش مسيح عليہ السلام ۲۳۳۷

قبل پيدايش محمد رسول الله صلعم ۲۹۲۲

قبل پیدایش مسیح علیہ السلام ۲۳۳۵

قبل پیدایش محمد رسول اللہ صلعم ۲۹۲۰

The impropriety of Ham's behaviour towards his father was characteristic of his evil nature, and it was feared that possibly this nature of his might influence all his posterity who might, in consequence, be under a blight as it were and fail in the exercise or possession of virtuous qualities. Under this impression it was imparted to Noah by inspiration that this evil nature of Ham would appear in none of his Children save Canaan, which ended in his servitude and inferiority to his brethren as appears from the verse: a servant of servants shall he be unto his brethren. While on the other hand the virtue and piety of Shem and Japheth were productive of appropriate, and becoming results, as is found related accordingly. Hence, it must not now be understood that Noah cursed Canaan because of his misconduct against his father Ham.

میں پایا جاتا ہے اور کسی اولاد میں نہیں پایا جاتا ہے حام سے جو یہہ ایک بے ادبی اپنے باپ کی نسبت ہوئی وہ صاف دلیل تھی بدبختی اور بدطینتی کی جسکے سبب اندیشہ تھا کہ آسکی تمام اولاد ایسی ہی بد طینت اور بد خصلت ہوگی جو کبھی بارور اور برخوردار نہیں ہوسکتی حضرت نوح نے خدا کے الہام سے بتا دیا کہ بد طینتی اور بد بختی حام کی کسی اولاد میں نہیں ہے مگر کنعان میں جسکا نتیجہ ہے غلام اور تابعدار ہونا اپنے بھائیونکا اسلیئے کنعان کی نسبت کہا کہ وہ غلام کا غلام ہوگا اپنے بھائیونکا اور نیک خصلت جو سام اور یافث سے ظاهر ہوئی تھی آسکا جو نیک نتیجہ آنکو ہونے والا تھا وہ آنکے حق میں بیان کیا پس یہہ نہ سمجھنا چاہیئے کہ حام کی بے ادبی کے سبب حضرت نوح نے کنعان کو بد دعا دی ٭

† تفسیر ڈائیلی جلد ۱ صفحہ ۳۱

V. 26-27. The prediction which is spoken of in these verses, is thus treated by Bishop Newton:— "The word *brethren* in Hebrew, comprehends more distant relations. The descendents therefore of Canaan were to be subject to the descendents of both Shem and Japheth: and the natural consequence of vice in communities, as well as in individuals, is slavery."

۲۶ و ۲۷ — اِن دونوں ورسوں میں جو پیشین گوئی ہے آسکے واقعہ ہونے کی تفصیل † بشپ نیوٹن صاحب اِسطرح پر بیان کرتے ہیں کہ وہ لفظ جسکا بھائیوں ترجمہ کیا گیا ہے عبری میں آسکے معنے زیادہ دور کے رشتہ داروں کے ہیں کنعان کی اولاد سام اور یافث دونوں کی اولاد کے تابع ہونے والی تھی سوا اِسکے قدرتی نتیجہ گروہوں کی برائی کا اِسیطرح سے ہے جیسیکہ تنہا شخص کی برائی کا غلامی ہے ٭

‡ ۲ تواریخ ۸ — ۷ لغایت ۹

"Several centuries, 800 years, after the delivery of this prophecy, the Israelities who were descendents of Shem,

بہت سی ‡ صدیوں یعنے آٹھہ سو برس بعد اِس پیشین گوئی کے بنی اِسرائیل نے جو سام کی اولاد تھے زیر حکومت یوشع

قبل پیدایش مسیح علیه السلم ۲۳۲۵

قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۲۹۲۰

under the command of Joshua, invaded the Canaanites, smote about thirty of their kings, took possession of their land, slew several of the inhabitants, made the Gibeonites and others servants and tributaries; and Solomon afterwards subdued the rest, 2 Chro. VIII. 7—9."

کے کنعان والوں پر حمله کیا اور بہت سے باشندوں کو قتل کیا اور بني گبعون اور اوزونکو غلام اور خراج گذار کیا اور سلیمان نے بعد ازان باقیوں کو مطیع کیا *

"The Greeks and Romans too, who were descendents of Japheth, not only subdued Syria and Palestine, but also pursued and conquered such of the Canaanites as were any where remaining; as for instance, the Tyrians and Carthaginians, the former of whom were ruined by Alexander and the Grecians, and the latter by Scipio and the Romans. And ever since, the miserable remainder of their people have been slaves to a foreign yoke; first to the Saracens who descended from Shem; and afterwards to the Turks, who descended from Japheth; and they groan under their dominion at this day."

یونانیوں اور رومیوں نے بهي جو اولاد یافث کي تهي نه صرف سریا اور فلسطین کو مغلوب کیا بلکه کنعان والون میں سے ایسے ایسونکا تعاقب کرکے آنکو فتح کیا جو کہیں کہیں باقي رہ گئے تھے مثلاً ٹائیروالے اور کارتھج والے جنمیں سے پہلون کو سکندر اور یونانیوں نے اور پچھلوں کو سپیو اور رومیوں نے تباہ کیا اور اُس وقت سے همیشه بدبخت بقیه اِس قوم کا غیروں کا غلام رہا ہے اول مسلمانوں کا جو سام سے نکلے هیں اور بعد ازان ترکستان والوں کا جو یافث سے نکلے هیں اور آنکے زیر حکم آجتک وہ تباهي بهرتے هیں *

قبل پیدایش مسیح علیہ السلام	قبل پیدایش محمد رسول اللہ صلعم
۲۳۴۵	۲۹۲۰

دسواں باب

CHAPTER X.

۱ نوح کا نسب نامہ ۲ یافث کے بیٹے ۶ حام کے بیٹے ۸ نمرود کا پہلا بادشاہ ہونا ۲۱ سام کے بیٹے

توریت مقدس	GENESIS.

(א) וְאֵלֶּה תּוֹלְדֹת בְּנֵי נֹחַ שֵׁם
۱ یہہ ہیں جنم پترہ اولاد نوح کا شیم
חָם וָיָפֶת וַיִּוָּלְדוּ לָהֶם בָּנִים אַחַר
حام اور یافث اور پیدا ہوئے انکے † لڑکے بعد
הַמַּבּוּל׃
طوفان کے

1 Now these *are* the generations of the sons of Noah, Shem, Ham, and Japheth: and unto them were sons born after the flood.

† باب ۹ — ۱،۷،۱۹

(ב) בְּנֵי יֶפֶת גֹּמֶר וּמָגוֹג וּמָדַי
۲ بیٹے ‡ یافث کے گومر اور ماجوج اور مادائی
וְיָוָן וְתֻבָל וּמֶשֶׁךְ וְתִירָס׃
اور یاوان اور توبال اور میشخ اور تیراس

2 The sons of Japheth; Gomer, and Magog, and Madai, and Javan, and Tubal, and Meshech, and Tiras.

‡ ۱ تاریخ باب ۱ — ۵ وغیرہ

(ג) וּבְנֵי גֹּמֶר אַשְׁכְּנַז וְרִיפַת וְתֹגַרְמָה׃
۳ اور بیٹے گومر کے اشکنز اور ریفث اور توغرما

3 And the sons of Gomer; Ashkenaz, and Riphath, and Togarmah.

(ד) וּבְנֵי יָוָן אֱלִישָׁה וְתַרְשִׁישׁ
۴ اور بیٹے یاوان کے † الیشا اور ترشیش
כִּתִּים וְדֹדָנִים׃
کتیم اور دودانیم §

4 And the sons of Javan; Elishah, and Tarshish, Kittim, and * Dodanim.

* Or, as some read it, *Rodinim.*

§ رودانیم مطابق بعض ترجموں کے

(ה) מֵאֵלֶּה נִפְרְדוּ אִיֵּי הַגּוֹיִם
۵ اِن سے جدا ہوئے ‖ جزیرے قوموں کے ملکوں
בְּאַרְצֹתָם אִישׁ לִלְשֹׁנוֹ לְמִשְׁפְּחֹתָם
میں انکے ہر شخص موافق زبان اُسکی کے موافق قبایل اُنکے
בְּגוֹיֵהֶם׃
بیچ قوموں اُنکے کے

5 By these were the isles of the Gentiles divided in their lands; every one after his tongue, after their families, in their nations.

‖ زبور ۷۲ — ۱۰
یرمیاہ باب ۲ — ۱۰
باب ۲۵ — ۲۲
صفنیاہ باب ۲ — ۱۱

(ו) וּבְנֵי חָם כּוּשׁ וּמִצְרַיִם וּפוּט
۶ * اور بیٹے حام کے کوش اور مصریم اور فوط
וּכְנָעַן׃
اور کنعان

6 ¶ And the sons of Ham; Cush, and Mizraim, and Phut, and Canaan.

* ۱ تاریخ باب ۱ — ۸ وغیرہ

تبل پیدایش: تبل پیدایش
سیح علیه　مصطفی رسول
السلام　الله صلعم
۲۳۳۵　۲۹۱۰

7 And the sons of Cush; Seba, and Havilah, and Sabtah, and Raamah, and Sabtechah: and the sons of Raamah; Sheba, and Dedan.

(ז) וּבְנֵי כוּשׁ סְבָא וַחֲוִילָה וְסַבְתָּה וְרַעְמָה וְסַבְתְּכָא וּבְנֵי רַעְמָה שְׁבָא וּדְדָן׃

۷ اور بیٹے کوش کے سبا اور حویلہ اور سبتاہ اور رعماہ اور سبتکا اور بیٹے رعماہ کے شبا اور ددان

8 And Cush begat Nimrod: he began to be a mighty one in the earth.

(ח) וְכוּשׁ יָלַד אֶת נִמְרֹד הוּא הֵחֵל לִהְיוֹת גִּבֹּר בָּאָרֶץ׃

۸ اور کوش کے پیدا ہوا نمرود اُسنے شروع کیا ہونا جبار کو ملک میں

9 He was a mighty hunter before the LORD: wherefore it is said, Even as Nimrod the mighty hunter before the LORD.

(ט) הוּא־הָיָה גִבֹּר צַיִד לִפְנֵי יְהוָה עַל־כֵּן יֵאָמַר כְּנִמְרֹד גִּבּוֹר צַיִד לִפְנֵי יְהוָה׃

۹ وہ تھا جبار † شکاری روبرو ‡ الله کے اسلیئے کہا جاتا ہی مثل نمرود کے جبار شکاری روبرو الله کے

† یرمیاہ باب ۱۶ — ۱۶
میکاہ باب ۷ — ۲
‡ باب ۲ — ۱۱

10 And the beginning of his kingdom was † Babel, and Erech, and Accad, and Calneh, in the land of Shinar.

(י) וַתְּהִי רֵאשִׁית מַמְלַכְתּוֹ בָּבֶל וְאֶרֶךְ וְאַכַּד וְכַלְנֵה בְּאֶרֶץ שִׁנְעָר׃

۱۰ § اور تھی ابتداء مملکت اُسکی || بابل اور ارخ اور اکد اور کلنه بیچ ملک شنعار کے

§ میکاہ باب ۵ — ۶
|| بابلن بموجب ترجمہ یونانی
† Gr. *Babylon.*
‡ Or, *he went out into Assyria.*

11 Out of that land ‡ went forth Asshur, and builded Nineveh, and § the city of Rehoboth, and Calah,

(יא) מִן הָאָרֶץ הַהִוא יָצָא אַשּׁוּר וַיִּבֶן אֶת־נִינְוֵה וְאֶת־רְחֹבֹת עִיר וְאֶת־כָּלַח׃

۱۱ اِس زمین سے نکلا * اشور کو اور بنایا نینوہ کو اور رحوبت کے † شہر کو اور کالح کو

§ Or, *the streets of the city.*
* بموجب دیگر ترجموں کے ایسریا کو گیا
† بموجب دیگر ترجموں کے شہر کے بازاروں کو

12 And Resen between Nineveh and Calah: the same *is* a great city.

(יב) וְאֶת־רֶסֶן בֵּין נִינְוֵה וּבֵין כָּלַח הִוא הָעִיר הַגְּדֹלָה׃

۱۲ اور رسن کو درمیان نینوہ اور درمیان کالح کے وہ شہر بڑا ہی

13 And Mizraim begat Ludim, and Anamim, and Lehabim, and Naphtuhim,

(יג) וּמִצְרַיִם יָלַד אֶת־לוּדִים וְאֶת עֲנָמִים וְאֶת־לְהָבִים וְאֶת־נַפְתֻּחִים׃

۱۳ اور مصریم نے پیدا کیا لودیم کو اور عنمیم کو اور لہابیم کو اور نفتوحیم کو

(יד) וְאֶת פַּתְרֻסִים וְאֶת־כַּסְלֻחִים
١٤ اور پتروسيم کو اور کسلوحيم کو
אֲשֶׁר יָצְאוּ מִשָּׁם פְּלִשְׁתִּים וְאֶת
وه جگهه نکلي † جهانسے فلسطيم اور
כַּפְתֹּרִים׃
کفتوريم کو

14 And Pathrusim, and Casluhim, (out of whom came Philistim,) and Caphtorim.

قبل پيدايش مسيح عليه السلم ٢٣٢٥　　قبل پيدايش محمد رسول الله صلعم ٢٩٢٠

† ١ تاريخ باب ١—١٢

ס (טו) וּכְנַעַן יָלַד אֶת־צִידֹן
١٥ اور کنعان نے پيدا کيا صيدون
בְּכֹרוֹ וְאֶת־חֵת׃
پهلوٹهے اپنے کو اور حيث کو

15 ¶ And Canaan begat * Sidon his firstborn, and Heth.

* Heb. Tzidon.

(טז) וְאֶת־הַיְבוּסִי וְאֶת־הָאֱמֹרִי וְאֵת
١٦ اور يبوسي کو اور اموري کو اور
הַגִּרְגָּשִׁי׃
گرگاشي کو

16 And the Jebusite, and the Amorite, and the Girgasite,

(יז) וְאֶת־הַחִוִּי וְאֶת־הַעַרְקִי וְאֶת
١٧ اور حوي کو اور عرقي کو اور
הַסִּינִי׃
سيني کو

17 And the Hivite, and the Arkite, and the Sinite,

(יח) וְאֶת־הָאַרְוָדִי וְאֶת־הַצְּמָרִי
١٨ اور اروادي کو اور صماري کو
וְאֶת־הַחֲמָתִי וְאַחַר נָפֹצוּ מִשְׁפְּחוֹת
اور حماتي کو اور پيچهے پهيل گئے قبائل
הַכְּנַעֲנִי׃
کنعاني

18 And the Arvadite, and the Zemarite, and the Hamathite: and afterward were the families of the Canaanites spread abroad.

(יט) וַיְהִי גְּבוּל הַכְּנַעֲנִי מִצִּידֹן
١٩ ‡ اور تهي حد کنعاني کي صيدون سے
בֹּאֲכָה גְרָרָה עַד־עַזָּה בֹּאֲכָה סְדֹמָה
پهونچتي هوئي گرارا5 عزاه تک پهونچتي هوئي سدومه
וַעֲמֹרָה וְאַדְמָה וּצְבֹיִם עַד־לָשַׁע׃
اور عموراه اور ادماه اور صوبيم لاشع تک

19 And the border of the Canaanites was from Sidon, as thou comest to Gerar, unto † Gaza; as thou goest, unto Sodom, and Gomorrah, and Admah, and Zeboim, even unto Lasha.

† Heb. Azzah.

‡ باب ١٣—١٢ و ١٣ و ١٥ و ١٧
باب ١٥—١٨ لغايت ٢١
اعداد باب ٣٤—٢ لغايت ١٢
يوشع باب ١٢—٧ و ٨

(כ) אֵלֶּה בְנֵי חָם לְמִשְׁפְּחֹתָם
٢٠ يهه هيں بيٹے حام کے موافق قبايل اُنکے کے
לִלְשֹׁנֹתָם בְּאַרְצֹתָם בְּגוֹיֵהֶם׃
اور موافق زبانوں اُنکي کے ملکوں ميں اُنکي قوموں ميں

20 These *are* the sons of Ham, after their families, after their tongues, in their countries, *and* in their nations.

قبل پیدایش مسیح علیه السلام	قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم
۲۲۲۵	۲۹۲۰

21 ¶ Unto Shem also, the father of all the children of Eber, the brother of Japheth the elder, even to him were *children* born.

ס (כא) וּלְשֵׁם יֻלַּד גַּם־הוּא
۲۱ اور شیم کے پیدا هوئے وہ بهي
אֲבִי כָּל בְּנֵי־עֵבֶר אֲחִי יֶפֶת הַגָּדוֹל׃
باپ سب بني عيبر کا بهائي يافث بڑى کا

22 The children of Shem; Elam, and Asshur, and ‡ Arphaxad, and Lud, and Aram.

(כב) בְּנֵי שֵׁם עֵילָם וְאַשּׁוּר
۲۲ بیٹے * شیم کے عیلام اور اشور
וְאַרְפַּכְשַׁד וְלוּד וַאֲרָם׃
اور ارفکشد اور لود اور آرام

* ۱ تاریخ باب ۱—۱۷ وغیره

‡ Heb. *Arpachshad.*

23 And the children of Aram; Uz, and Hul, and Gether, and Mash.

(כג) וּבְנֵי אֲרָם עוּץ וְחוּל וְגֶתֶר
۲۳ اور بیٹے آرام کے عوض اور حول اور غثر
וָמַשׁ׃
اور مش

24 And Arphaxad begat § Salah; and Salah begat Eber.

(כד) וְאַרְפַּכְשַׁד יָלַד אֶת שָׁלַח
۲۴ اور ارفکشد نے پیدا کیا † شلح کو
וְשֶׁלַח יָלַד אֶת־עֵבֶר׃
اور شلح نے پیدا کیا عیبر کو

§ Heb. *Shelah.*

† باب ۱۱ — ۱۲

۲۲۳۷	۲۸۲۲

25 And unto Eber were born two sons; the name of one *was* † Peleg; for in his days was the earth divided; and his brother's name *was* Joktan.

(כה) וּלְעֵבֶר יֻלַּד שְׁנֵי בָנִים שֵׁם
۲۵ ‡ اور عیبر کے پیدا هوئے دو بیٹے نام
הָאֶחָד פֶּלֶג כִּי בְיָמָיו נִפְלְגָה
ایک کا § فلغ کیونکه ایام میں اُسکے بٹ گئي
הָאָרֶץ וְשֵׁם אָחִיו יָקְטָן׃
زمین اور نام اُسکے بهائي کا یقطان

† That is, *division.*

‡ ۱ تاریخ باب ۱—۱۹

§ (یعني تسمی)

26 And Joktan begat Almodad, and Sheleph, and Hazarmaveth, and Jerah,

(כו) וְיָקְטָן יָלַד אֶת־אַלְמוֹדָד וְאֶת
۲۶ اور یقطان نے پیدا کیا الموذد کو اور
שָׁלֶף וְאֶת־חֲצַרְמָוֶת וְאֶת־יָרַח׃
شالف کو اور حصر ماوت کو اور یرح کو

27 And Hadoram, and Uzal, and Diklah,

(כז) וְאֶת־הֲדוֹרָם וְאֶת־אוּזָל וְאֶת
۲۷ اور هدورام کو اور اوزال کو اور
דִּקְלָה׃
دقلاہ کو

28 And Obal, and Abimael, and Sheba,

(כח) וְאֶת־עוֹבָל וְאֶת־אֲבִימָאֵל וְאֶת
۲۸ اور عوبال کو اور ابیمائل کو اور
שְׁבָא׃
شبا کو

قبل پیدایش مسیح علیہ السلام ۲۲۳۷ — قبل ہجرہ محمد رسول الله صلعم ۲۸۲۲

29 And Ophir, and Havilah, and Jobab : all these *were* the sons of Joktan.

(כט) וְאֶת־אוֹפִר וְאֶת־חֲוִילָה וְאֶת־
۲۹ اور اوفیر کو اور حویلہ کو اور
יוֹבָב כָּל־אֵלֶּה בְּנֵי יָקְטָן׃
یوباب کو سب یہہ ہیں بیٹے یقطان کے

30 And their dwelling was from Mesha, as thou goest, unto Sephar, a mount of the east.

(ל) וַיְהִי מוֹשָׁבָם מִמֵּשָׁא בֹּאֲכָה
۳۰ اور تھا اُنکا مقام میشاہ سے پہونچتے ہوئے
סְפָרָה הַר הַקֶּדֶם׃
سفارہ کوہ شرقي کو

31 These *are* the sons of Shem, after their families, after their tongues, in their lands, after their nations.

(לא) אֵלֶּה בְנֵי־שֵׁם לְמִשְׁפְּחֹתָם
۳۱ یہہ ہیں بیٹے شیم کے موافق قبایل اُنکے
לִלְשֹׁנֹתָם בְּאַרְצֹתָם לְגוֹיֵהֶם׃
موافق زبانوں اُنکي کے ملکوں اُنکے میں موافق قوموں اُنکي کے

32 These *are* the families of the sons of Noah, after their generations, in their nations : and by these were the nations divided in the earth after the flood.

† آیت ۱
‡ باب ۹ — ۱۹

(לב) אֵלֶּה מִשְׁפְּחֹת בְּנֵי־נֹחַ
۳۲ † یہہ ہیں قبائل بني نوح کے
לְתוֹלְדֹתָם בְּגוֹיֵהֶם וּמֵאֵלֶּה נִפְרְדוּ
موافق جنم پترہ اُنکے کے قوموں اُنکے میں اور ‡ اُن سے بندي جدي
הַגּוֹיִם בָּאָרֶץ אַחַר הַמַּבּוּל׃
ہوئیں قومیں ملک میں بعد طوفان کے

NOTES

۲۳۳۵ — ۲۹۲۰

Chap. X. V. 1. *these are the generations,)* Those who maintain that the earth is peopled by the children of Noah only, allot to the share of the sons of Shem, the middle of the earth ; namely, Palestine, Syria, Assyria, Samaria, (a town of Babylonian or Chaldean Irac) Babel, Persia, and Hegiaz or Arabia Petrea. To the sons of Ham, Teman or Idumea (Jere. XLIX. 7.), Africa, Nigritia, Egypt, Nubia, Ethiopia Scindia, and India (or western and Eastern India,) on both sides of the Indus. To the sons of Japheth also, Garbia (the North) Spain, France, the countries of the Greeks, Sclavonians, Bulgarians, Turks, and Armenians.

† یرمیاه ۴۹ — ۷

تفسیر

۱ (یہہ ہے جنم پترہ) جو لوگ تمام دنیا کو صرف اولاد نوح سے بسا ہوا سمجھتے ہیں وہ بیان کرتے ہیں کہ سام کي اولاد کے حصہ میں درمیان کا حصہ زمین کا آیا یعنے فلسطین سریا اور ایسریا اور سیمریا (جو بیبلن کے ایک قصبہ کا نام ہے اور جسکو کالدي والونکا عراق کہتے ہیں) اور بابل اور ایران . اور حجاز یا عرب اور اولاد حام کو تیمان ادومیا † اور افریقہ اور نائي گرشیا اور مصر اور نیوبیا اور ایتھوپیا اور سندھیا اور ہندوستان واقع کنارہاے سند (یا مغربي اور مشرقي ہندوستان) اور اولاد یافث کو گاربیہ اور اسپین اور فرانس اور یونان اور سکلیونیا یعنے روس اور بلگریا

قبل‌پیدایش مسیح علیه السلام ۲۳۳۵ — قبل‌پیدایش محمد رسول الله صلعم ۲۹۲۰

اور ترکستان اور آرمینه ●

V. 5.—*Isles,)* The Hebrews (as Mr Mede observes) use the word *isles* to signify all those countries divided from them by the sea, Isai. XI. 10,11; LX. 15; Jere. II. 10: or the word may be used generally for a region, country or province, Job. XXII. 30; Isai. XX. 6.

۵ (جزیرے) † مصنّر میڈ صاحب کہتے ہیں کہ یہودی جزیرہ کے لفظ کا ‡ اپنے اُن تمام ملکوں پر استعمال کرتے ہیں جو بسبب سمندر کے آنکے ملک سے علیحدہ ہو گئے ہیں یا عموماً اِس لفظ جزیرہ کا ایک || مقام ولایت یا صوبه کے واسطے استعمال ہو سکتا ہے ●

† تفسیر ڈائیلی جلد ۱ صفحه ۳۳
‡ اشعیاء ۱۱ — ۱۰، ۱۱ / ۶۰ — ۱۵
یرمیاہ ۲ — ۱۰
|| ایوب ۲۲ — ۳۰
اشعیاء ۲۰ — ۶

V. 8. *Nimrod,)* In former times, it appears, the elder of a family exercised a parental Government over it. But this person putting down such parental government, founded that of a king.

۸ (نمرود) معلوم ہوتا ہے کہ اگلے زمانه میں یہه دستور تھا که جو خاندان میں بڑا ہوتا تھا وہي اپنے خاندان پر مربیانه حکومت رکھتا تھا مگر اِس شخص نے مربیانه حکومت کو توڑ ڈالا اور بادشاہانه حکومت کي بنیاد ڈالي ●

V. 11. *Out of that land went forth,)* That is, Nim[illegible] out out to war against Assyria whic[illegible]ged to the children of Shem, but was usurped by this son of Cush.

۱۱ — (اِس زمین سے نکلا) یعنے نمرود اِن ملکوں سے نکلا اور اشور سے لڑنے کو گیا جسکو ایسریا کہتے ہیں جو سام کي اولاد سے علاقه رکھتا تھا مگر آسپر کش کے اِس بیٹے نے قبضه کر لیا تھا ●

Nineveh.) Bishop Patrick says, it was so called by Nimrod after the name of his son Ninius.

(نینوہ) بشپ پیٹرک صاحب کہتے ہیں که نمرود نے اِس شہر کا نام اپنے بیٹے نینوس کے نام پر رکھا تھا ●

V. 21. *The father of all the children of Eber,)* "And so consequently" says Bishop Kidder, "the father of the Hebrews, who had their name from him. From him Abram, was called an Hebrew, Cha. XIV. 13, and his posterity Hebrews, Gen. XXIX. 14; Exo. I. 15, 16. Some however have thought that *Eber* in this place is not a proper name; and that Abraham is called a Hebrew, not from Eber, as the proper name of a man, but as this word imports one who comes from *beyond* the river Euphrates.

۲۱ — (باپ سب بني عیبر کا) † بشپ کڈر صاحب لکھتے ہیں که اِس سبب سے عبرانیوںکا باپ ہوا جنکا نام آس سے نکلا آس سے عبرام کا نام * عبري ہوا اور آسکي اولاد کا نام § عبرانیاں ہوا باوجود اِسکے بعضوں نے یہه خیال کیا ہے که اِس مقام میں عیبر کوئي خاص نام نہیں ہے اور یہه که عبرام کو ایک عبري بسبب عیبر کے جو کسي شخص کا خاص نام ہو کہتے ہیں بلکہ اِس وجہه سے کہتے ہیں که اِس لفظ کے معنے ہیں وہ شخص جو

† تفسیر ڈائیلي جلد ۱ صفحه ۳۴
* باب ۱۴ — ۱۳
§ باب ۲۹ — ۱۴
خروج ۱ — ۱۵، ۱۶

قبل پیدایش مسیح علیہ السلام ۲۳۳۵ — قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۲۹۲۰

And then, what we render "the children of Eber" imports the inhabitants beyond the river Euphrates."

دریاے فرات کے پار سے آوے اور تب جس لفظ کا هم اولاد عیبر ترجمہ کرتے هین آسکے معنے هوئے دریاے فرات کے پار کے باشندے ٭

V. 24. *Eber,*) We Mohamedans call him *Hood*, and believe that he was a prophet; sent to instruct the people Aad, who worshipped three kinds of idols. The Jews also admit him to have been a prophet, and it is proved from the 25th. verse that the prophecy, in accordance with which he had named his son Peleg, was fulfilled in the manner foretold by him.

۲۴ — (عیبر) هم مسلمانوں کے هاں اِنکا نام هود هے هم انکو نبي مانتے هیں اور اعتقاد کرتے هیں کہ قوم عاد کي هدایت کو جو تین بتوں کي پرستش کرتے تھے بھیجے گئے تھے یہودي بھي حضرت عیبرؑ کو نبي مانتے هیں اور ورس ۲۵ میں آنکي یہہ پیشین گوئي لکھي هوئي هے کہ فلج کا نام جس پیشین گوئي سے آنھوں نے رکھا تھا در حقیقت آسطرح واقع هوئي ٭

گفتگو نسبت طوفان کی

On the Deluge.

There are two points regarding the deluge as described in the Scripture which admit of controversy and these I shall now proceed to. These are :—

طوفان کا حال جو کتاب اقدس میں بیان هوا آسکي نسبت تین امر قابل بحث هیں جنکو هم یہاں بیان کرتے هیں ٭

I How could the number of days given in the Bible for the continuance and subsequent gradual abatement or subsidence of the waters, be made equal to, or consistent with, the sum total declared in it.?

اول یہہ کہ حساب چڑھنے اور آترنے باني طوفان کا جو ان بابوں میں لکھا هے وہ کیونکر برابر آتا هے ٭

II. The inconsistency of maintaining that the deluge was a universal one, and the proof of its having been, on the contrary, a partial one.

دویم طوفان کے عام هونے کي تردید اور اِسبات کا ثبوت کہ جس طوفان کا ذکر کتاب اقدس میں هے در حقیقت وہ طوفان خاص ملک میں تھا ٭

III. I would here remark that the fact of this deluge having only been a

سیوم قرآن مجید سے بھي خاص ملک میں طوفان کا هونا ثابت هوتا هے معہ

partial one is fully borne out by the Holy Koran and I shall presently make a few remarks on passages from the Holy Koran which will bear me out in this assertion.

Firstly as regards the duration of the deluge.

It is stated by some that Scripture assigns a period of one year and ten days for the continuance and final receding of the waters, reckoning from the commencement of the flood, viz, from the 17th of the 2nd. month of the 600th. year of Noah's age, Gen. VIII. 11. to the coming out of Noah from the ark, viz, on the 27th of the 2nd month of the 601st year of his age, VIII. 13—15. But, if we examine the matter closely the duration of the flood amounts to one year, three months and eight days as shown below. This makes the duration given of the deluge, as well as the dates of the events which then occurred appear to be erroneous or contrary to what they should be according to the wording of Holy Writ.

قبل پیدایش مسیح علیه السلام ۲۳۳۵ — قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۲۹۲۰

ذکر بعض واقعات طوفان کے جو قرآن مجید سے پائے جاتے ہیں ●

اول گفتگو نسبت حساب طوفان کے

بعض لوگ یہہ گفتگو کرتے ہیں کہ کتاب اقدس سے پایا جاتا ہے کہ ابتدا اور انتہا طوفان کي ایک برس دس دن تھي کیونکہ † سنه ۶۰۰ پیدایش نوح کے دوسرے مہینے کي سترھویں تاریخ کو طوفان شروع ہوا اور سنه ‡ ۶۰۱ پیدایش نوح کي دوسرے مہینے کي ستائیسویں تاریخ کو حضرت نوح کشتي میں سے نکل آئے مگر ہر ایک واقعه کے دن جو بیان ہوئے ہیں آنکے جمع کرنے سے کل مدت طوفان کي ایک برس تین مہینے آٹھہ دن معلوم ہوتي ہے جیسا که حساب مندرجه ذیل سے ثابت ہوتا ہے اور بس نه یہه حساب درست آتا ہے اور نه تاریخیں ہر ایک واقعه کي جو کتاب میں لکھي ہیں وہ صحیح ہوتي ہیں ●

† باب ۷ — ۱۱

‡ باب ۸ — ۱۳ و ۱۴ و ۱۵

Gen. VII.	12, 17.	Duration of the fall of rain	40	days
———	24.	" of the prevalence of waters	150	"
——VIII.	3.	Gradual subsiding of the flood.	150	"
———	6, 7.	Opening of the window and sending forth of the raven	40	"
———	8.	The least duration between the return of the raven and the time when the dove was sent out	7	"
———	10.	The second sending forth of the dove.	7	"
———	12.	The third " " " " "	7	"
———	13, 14.	The time between the third sending of the dove and the disembarking of Noah.	57	"

† مدت مہینہ برسنے کي	۴۰	قبل پیدایش مسیح علیہ السلام ۲۳۴۸ — قبل پیدایش محمد رسول اللہ صلعم ۲۹۲۰
‡ مدت بڑے رهنے پاني کي	۱۵۰	
‖ مدت کم هونے پاني کي	۱۵۰	
† کهولنا کهڑکي کا اورچهوڑنا کوی کا	۴۰	† باب ۷ — ۱۲ و ۱۷
‡ زمانہ چهوڑنے کبوتر کا پہلي دفعہ کم سے کم	۷	‡ باب ۷ — ۲۴
‖ زمانہ چهوڑنے کبوتري کا دوسري دفعہ	۷	‖ باب ۸ — ۳
† زمانہ چهوڑنے کبوتري تیسري دفعہ	۷	‡ باب ۸ — ۶ و ۷
‡ زمانہ اوترنے کا کشتي پرسے	۵۷	† باب ۸ — ۸
	۳۵۸	‡ باب ۸ — ۱۰
		‖ باب ۸ — ۱۲
		‡ باب ۸ — ۱۳ و ۱۴

Doctor Basuage has thus summed up his account of the duration and the connected events, of the deluge : —

II	October, Noah and his family entered the ark	31	days
III	November, 17th, The fountains of the great deep were broken up	39	"
IV	December 26th, The rain began and continued	40	"
VII	March 27th. The waters remained in their elevation till the 27th., when they began to abate	52	"
VIII	April 17th The ark rested on mount Ararat in Armenia	21	"
X	June 1st The tops of the mountains appeared	44	"
XI	July 11th. Noah let go a raven	41	"
	——18th. He let go a dove which returned	7	"
	——25th. He let go the dove again	7	"
XII	August 2nd. The dove went a third time and returned no more.	7	"
I	September 1st. The dry land appeared	29	"
II	October 27th. Noah went out of the ark	56	"
		374	

‡ ڈاکٹر باسئیج صاحب اِس حساب کو اسطرح بریباں کرتے هیں

مہینے		دن
۲	اکتوبر میں نوح اور اُسکا کنبہ کشتي میں داخل هوا	۳۱
۳	۱۷ نوامبر کو چشمے پاني کے کهل گئے	۳۹
۴	۲۶ دسمبر کو بارش شروع هوئي	۴۰
۷	۲۷ مارچ تک پاني نہیں گهٹا	۵۲
۸	۱۷ اپریل کو کشتي ارارات پر ٹهري	۲۱
۱۰	یکم جون کو پہاڑوں کي چوٹیاں نمود هوئیں	۴۴

‡ دیکهو تفسیر ڈائیلي جلد ۲ صفحہ ۲۸

قبل پیدایش مسیح علیه السلام	قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم			
۲۳۳۵	۲۹۲۰	۱۱	۱۱ جولائي کو کوا چھوڑا	۴۱
			۱۸ جولائي کو کبوتر چھوڑا	۷
			۲۵ جولائي کو دوبارہ کبوتر چھوڑا	۷
		۱۲	۲ اگست کو تیسري دفعه کبوتر چھوڑا	۷
		۱	پہلي ستمبر کو خشک زمین ظاهر هوئي	۲۹
		۲	۲۷ اکتوبر کو نوح کشتي سے نکلے	۵۶
				۳۷۴

This system of calculation is evidently very inaccurate, or at least the reverse of what Scripture tells us.

اِس حساب میں بہت سي غلطیاں هیں اور اُسپر بهي کتاب اقدس کے بیان کے مطابق نہیں هے ٭

Firstly, According to this calculation, the entering of Noah and his family into the ark, is said to have taken place one month before the breaking up of the fountains of the great deep, while we find it recorded in the Scriptures that their entrance into the ark and the eruption of the sea took place simultaneously on the same day, Chap. VII. 11,12, 13.

اول یہہ که حضرت نوح اور اُنکے کنبه کا کشتي میں بیٹھنا ایک مہینے پیشتر پاني کے چشموں کے پھٹنے سے لکھا هے حالانکه کتاب † اقدس سے ثابت هے که اُسي دن جس دن چشمے پھٹے حضرت نوح اور اُنکا کنبه کشتي میں داخل هوا ٭

† باب ۷ — ۱۱ و ۱۲ و ۱۳

Secondly, Scripture tells us that the ark rested on mount Ararat just five months after its first putting to sea, Chap. VII. 11, VIII. 4; and that the waters were dried up after 10 months and 14 days from the commencement of the flood, VII. 11., VIII. 13. Whereas if we were according to this system, to take the circumstance of the entering of Noah into the ark for the commencement of the deluge, the ark would in that case have rested on mount Ararat 6 months, instead of five months after its first setting out; though the time of the subsidence of the waters and the appearing of the tops of the mountains would remain in conformity to the Scripture

دوسرے یہہ که کتاب اقدس سے معلوم هوتا هے که پورے ‡ پانچ مہینه میں کشتي اراراط پر ٹهہري اور دس ٭ مہینے چودہ دن میں ابتداے طوفان سے پاني سوکهه گئے اور اِس حساب کے بموجب اگر حضرت نوح کے کشتي میں داخل هونے سے طوفان کي ابتدا گني جاوے تو کشتي اراراط پر چهه مہینے میں ٹهہرتي هے اور ٹهہرني چاهیئے تهي پانچ مہینے میں اور پانیوں کے سوکهنے کا اور پہاڑوں کي چوٹیاں دکهائي دینے کا زمانه صحیح آتا هے اور اگر حضرت نوح کے کشتي میں داخل هونے سے ابتداے طوفان نه گني جاوے بلکه چشموں کے پهٹنے سے شمار کي جاوے

‡ باب ۷ — ۱۱
۸ — ۴

٭ باب ۷ — ۱۱
۸ — ۱۳

قبل پیدایش مسیح علیه السلام ۲۳۳۵

قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۲۹۲۰

account. If, on the other hand, we do not accept the embarkation of Noah in the ark as the commencement of the deluge, but assign it to the breaking up of the fountains, then the time for the resting of the ark on mount Ararat would prove correct, although that for the drying up of the waters and the appearing of the tops of mountains would still not agree. Again by this method of computation the time when the summits of mountains became visible, would be 6 months and 14 days after the commencement of the deluge, instead of 7 months and 14 days as given in Scripture; and the drying up of the waters would be after 9 months and 14 days instead of 10 months and 14 days.

تو کشتي کا ارارات پر ٹھہرنا ٹھیک آتا ہے مگر پہاڑوں کي چوٹیونکا دکھائي دینا اور پانیوں کا خشک ہونا کتاب اقدس کے بیان سے مختلف ہو جاتا ہے کیونکہ پہاڑوں کي چوٹیاں دکھائي دیتي ہیں چھہ مہینے چودہ دنمیں اور دکھائي دینی چاہیئیں سات مہینے چودہ دنمیں اور پانیوں کا سوکھنا نو مہینے چودہ دن میں ہو جاتا ہے حالانکہ بموجب کتاب اقدس کے دس مہینے چودہ دن میں چاہیئے ❋

Anything in Scripture which may seem to us to be erroneous can only be so by reason of our own finite understanding: since, in point of fact, no errors whatever can possibly be found in the sacred volumes, as I will try to show in this particular instance of the duration of the deluge.

مگر یہہ غلطیاں جو دکھائي دیتي ہیں صرف قصور ہے ہماري کم زور عقل کا ورنہ حساب جو کتاب اقدس میں ہے وہ ناقابل غلطي کی ہے چنانچہ میں آسکو بیان کرتا ہوں ❋

It is nowhere stated in the Pentateuch that some of the months in the primitive times contained more or less than 30 days, nor any of the years 13 months, though the Jews of the present age have a custom of adding a month to every fourth year of their calendar, independent of the usual number of 12 months in the year. We are therefore to assume that the ancient month consisted of 30 days only, and the year of 12 months.

جاننا چاہیئے کہ کتاب اقدس کے کسي مقام سے نہیں پایا جاتا کہ اُس زمانہ میں مہینہ کی دنوں کي تعداد تیس دن سے زیادہ یا کسي سال کو لوند کا مہینہ بڑھاکر تیرہ مہینہ کا شمار کرتے ہوں جیسیکہ حال کے زمانہ کے یہودي اپنے حسابي سالوں میں چوتھے برس کو تیرہ مہینہ کا گنتے ہیں اسلیئے اِس حساب میں بھي ہر مہینہ تیس دنکا اور بارہ مہینہ کا ایک برس شمار کرنا چاہیئے ❋

I will hereafter detail the Hebrew months and assign the commencement

مہینے عبري کی ذیل میں لکھي گئي ہیں ہم شروع کرتے ہیں ابتداء طوفان کي

قبل پیدایش مسیح علیه السلام	قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم
۲۳۳۵	۲۹۲۰

(یعنی پہٹنے چشموں اور شروع ہونے مینہہ اور حضرت نوح کی کشتي میں داخل ہونے کی) دوسرے مہینه کي سترھویں تاریخ سے جیسیکه † کتاب اقدس ہمکو ہدایت کرتي ہے ●

† باب ۷ — ۱۱, ۱۲, ۱۳

of the deluge (i. e. the breaking up of the fountains, commencing of rains, and entering of Noah into the ark) to the 17th of the 2nd month in accordance with Gen. VII. 11—13.

جو مدت که باب ۷ — ۲۴ و باب ۸ — ۳ میں مندرج ہے وہ دو مدتیں نہیں ہیں بلکه وہ ایک ہي مدت ہے کیونکه پہلے مقام میں زمانه بڑھے رہنے پاني کا زمین پر ہے اور جب که کشتي ارارات پر ٹہرے اُس وقت تک بہي زمین پر پاني بڑھا ہوا تھا اور دوسرے مقام میں زمانه گہٹنے پاني کا تا ٹہرنے کشتي کے ارارات پر مذکور ہی اور باوجودیکه پاني گہٹنے لگا تھا اور کشتي ارارات پر ٹہرگئي تھي مگر اُس وقت تک بہي زمین پر پاني بڑھا ہوا تھا پس یہه دونو مدتیں ایک ہیں نه دو اور اسي مدت میں وہ چالیس دن بہي داخل ہیں جنمیں چشمے بہٹے اور مینہہ برسا کیونکه وہ دن بہي بڑھے رہنے پاني کے زمین پر ہیں اور اِسیطرح کوا نکالنے اور پردہ اُٹھانے کي جو مدت ہے اُسي میں وہ دن بہي داخل ہیں جنمیں تین دفعه کبوتر کو نکالا ہے چنانچه یہه بات ثابت ہوتي ہے باب ۸ — ۷ کو اُسي باب کي ورس ۱۳ سے مقابله کرنے پر ●

The periods given respectively in VII. 24, and VIII. 3, are not different but the same: since in the former there is the durationof the prevailing of waters on the earth's surface, which continued till the ark touched on mount Ararat; and in the latter the interval of the subsiding of the waters till the ark was made to rest on the mount. Notwithstanding that the waters had been subsiding and the ark had rested on the mount, the earth was still submerged in the deluge. Hence the periods as given in the respective instances above mentioned are identical as referring to the same events, and are not contradictory in any point whatever. This period includes also the forty days for the breaking up of the fountains and the falling of rains: since they are portions of the period during which the waters prevailed on the earth. The interval between the sending forth of the raven and the subsequent removal of the roof of the ark by Noah, comprises also the time which the dove took in going out thrice; as may be proved bv comparing VIII. 7, with the 13th verse of the same chapter. Now that the truth of the account of Scripture is fully demonstrated, let me illustrate it summarily as follows:—

قبل پيدايش مسيح عليه السلام ۲۲۳۵ | قبل هجرة محمد رسول الله صلعم ۲۸۲۰

The breaking of fountains and the falling of rains.	Hashwan 17th to Cuslio 26th 40 days
The beginning of the abatement of waters and resting of the ark.	Cuslio 27th to Naisan 17th 111
The appearing of the tops of mountains.	Naisan 18th to Tamooz 1st 74
From the appearing of the mountains to the opening of the window in the ark	Tamooz 2nd to Aub 11th 40
From the letting go of the raven to the removing of the covering of the ark	Aub 12th to Tushree 1st 49

(This also contains the 21 days for the three flights of the Dove.)

From the removing of the roof to the disembarking of Noah from the ark.	Tushree 2nd to Hashwan 27th 56

370

اب كه يهه بات حل هوگئي تو اب ديكهو كه حساب جو كتاب مقدس
ميں مندرج هے كسطرح بردرست هے

چشموں كا پهٹنا اور برسنا مينهه كا ابتداے ۱۷ حشوان سے لغايت ۲۶ كسليو	۴۰
شروع كمي آب اور ٹهرنا كشتي كا ارارات پر ۲۷ كسليو سے لغايت ۱۷ نيسان	۱۱۱
ديكهائي دينا پهاڑ كي چوٹيونكا ۱۸ نيسان سے لغايت يكم تموز	۷۴
نمايش چوٹيوں پهاڑ سے كهڑكي كهولنے تك ۲ تموز سے لغايت ۱۱ آب	۴۰
چهوڑنے كوے سے پردهٔ كهولنے تك ۱۲ آب سے لغايت يكم تشري	۴۹
انهي دنوں ميں اكيس دن كبوتر كے تين بار چهوڑنے كے شامل هيں	
پردهٔ كهولنے سے اوترنے تك ابتداے دويم تشري لغايت ۲۷ حشوان	۵۶

۳۷۰

I repeat the above computation to place it in the right arrangement of the Hebrew months; making them correspond also with the Arabic and English months; in order thus the correspondence of the system of months given in Scripture with the Hebrew months may be made quite distinct.

No.	Heb. months.	Ara. months.	Eng. months.	Events
II	Hashwan 17th, 600	Shaban	October	The breaking up of fountains, the falling of rains, and the entering of Noah in the ark.

قبل پیدایش مسیح علیه السلام ۲۳۳۵

قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۲۹۲۰

No.	Heb. months.	Ara. months.	Eng. months.	Events
III.	Ouslio 26th	Rumzan	Nove.	The cessation of rains.
———	27th	„	„	The beginning of the decrease of waters.
IV.	Tebut	Shawal	December	* *
V.	Shubat	Zekaad	January	* *
VI.	Adar	Zilhijj.	February	* *
VII.	Naisan 17th	Mohurrum 10th	March	The resting ot the ark on Ararat, though the waters still continued on the earth.
VIII.	Abaar	Safur	April	
IX.	Sewan	Rabeool awul	May	
X.	Tamoz 1st	Rabeeoossanee	June	The appearing of the tops of omuntains.
XI.	Aub 11th	Jamadoolawal	July	* *
XII.	Ailool	Jamadoossanee	August	The opening of window and the letting go of the raven. The raven and the dove repeatedly go out and return to the ark.

I.	Tushree 1st, 601	Rujub	Sept.	The roof of the ark removed.
II.	Hashwan 27th	Shaban	October	They come out or disembark from the ark.

میں مکرر بیان کرتا ہوں اس حساب کو بہ ترتیب عبري مهينوں كي بمطابقت
انگريزي و عربي مهينوں کے جس سے مطابقت شمار مهينوں كي جو
كتاب اقدس میں بیان ہوئي ظاهر هوگي

نمبر	عبري مهينے	عربي مهينے	انگريزي مهينے	واقعات
۲	۱۷ حشوان سنه ۶۰۰	شعبان	اكتوبر	چشمونكا بهنّنا مينهه كا برسنا نوح كا كشتي میں داخل هونا
۳	۲۶ كسليو	رمضان	نوامبر	مينهه كا برس چكنا
	۲۷ كسليو	رمضان	نوامبر	باني كي كمي كا شروع هونا
۴	طيبت	شوال	دسمبر	*
۵	شباط	ذيقعده	جنوري	*
۶	ادار	ذي الحجه	فبروري	*
۷	۱۷ نيسان	۱۰ محرم	مارچ	كشتي كا ارارات پر ٹهرنا باوجوديكه اب تک باني زمين پر بڑها هوا تها

۸	ایار	صفر	اپریل	*		
۹	سیوان	ربیع الاول	مئي	*		
۱۰	یکم تموز	ربیع الثاني	جون	پہاڑونکي چوٹیونکا دکھائي دینا	قبل پیدایش مسیح علیه السلام ۲۳۳۵	قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۲۹۲۰
۱۱	۱۱ آب	جمادي الاول	جولائي	کھڑکي کھولنا اور کوا چھوڑنا		
۱۲	ایلول	جمادي الثاني*	اگست	کوے و کبوتري کا آناجانا		

۱	یکم تشري سنه ۶۰۱	رجب	ستمبر	پردہ کھولنا
۲	۲۷ حشوان	شعبان	اکتوبر	نوح کا معه سب کے کشتي پرے اوترنا

دوسري گفتگو طوفان کے عام ہونیکي تردید اور طوفان خاص کے ثبوت میں

II. The inconsistency of the deluge having been a universal one, and the proof of its having, on the contrary, been a partial one.

طوفان عام کي تردید

The inconsistency of the deluge as universal.

تمام علماء یہود اِس بات کے قایل ہیں که طوفان تمام روے زمین پر تھا اور میں پاتا ہوں که علماے عیسائي اور علماے اِسلام نے بھي اُنھي کي پیروي کي ھے اور سب سواے چند کے اِس بات کے قایل ہوئے ہیں که طوفان عام تھا اور تمام دنیا کو اُسنے غرق کردیا تھا ✻

All the Rabbis assert the deluge to have visited the whole earth, and I find Christian and Mohamedan divines have likewise followed them in this notion. All of them except a few hold the deluge to have been universal.

بشپ ‡ پیٹرک صاحب اور سیٹک ہوس صاحب کہتے ہیں † که اِن الفاظ سے که (چھپا دیا سب پہاڑوں اونچوں کو جو تھے نیچے آسمان کے) اور نیز اور مقاموں سے جہاں یہه ذکر ھے که تمام ✻ ذي حیات مرگئي ثابت ہوتا ھے که طوفان عام ہوا اور وہ یہه بھي کہتے ہیں که حقیقت میں یہه بات ہر طرح سے خیال کرسکتے ہیں که دنیا اُس وقت میں بخوبي آباد تھي جیسیکه وہ اب ھے اور شاید اِس سے بھي زیادہ اُسکے باشندوں کے برباد کرنے کے واسطے طوفان چاروں طرف ہوا ہو اور

Bishops Patrick and Stackhouse say on the subject as follows: The words "all the high hills that were under the whole heaven, were covered," and other passages which say that "all flesh died," VII. 21. prove the deluge to have been universal. The truth is, there is every reason to suppose the world was, at the best, fully as well peopled as it is now; perhaps much more so; and to destroy its inhabitants the inundation must have fallen upon every quarter, and encompassed the whole Globe.

‡ تفسیر ڈائیلي جلد ۱ صفحه ۲۶
† باب ۷ — ۱۹
* باب ۷ — ۲۱

In order to obviate the difficulty of accounting for the prodigious bulk of water as would be sufficient to drown the whole earth Bishop Watson suggests that were all the moisture in the atmosphere precipitated it might probably be sufficient to cover the surface of the whole earth to the depth of thirty feet.

Doctor Stackhouse says: If we take the circuit of the whole Globe, and enquire of the inhabitants of every climate, we shall find that the fame of the deluge has gone through the whole earth; and that in every part of the known world there are certain records and traditions of it: that the Americans acknowledge and speak of it in their continent; that the Chinese who are the most distant people in Asia, have the tradition of it; that the several nations of Africa tell various stories concerning it; and that in the European parts the flood of Deucalion is the same with that of Noah, only related with some disguise. So that we may trace the deluge quite round the globe; and what is more remarkable still, every one of these people has a tale to tell, some one way, some another, concerning the restoration of mankind; which is a full proof, that they thought all mankind was once destroyed in the deluge.

قبل پیدایش مسیح علیه السلام ٢٣٣٥ — قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ٢٩٢٠

تمام کرہ کو اُسنے گھیرا ہو •

بشپ † واٹسن صاحب اِس شبہہ کے مٹانے کو کہ اِسقدر پانی طوفان کے لیئے کہاں سے آیا بطور ایک امداد دلیل کے لکھتے ہیں کہ " جو کچھہ ہوا میں ملا ہوا ہے اگر وہ سب نیچے اوتر آوے تو تمام زمین کی سطح کو تیس فیٹ سے زیادہ ڈھانپ دینے کو کافی ہووے •

سیتک ‡ ہوس صاحب لکھتے ہیں کہ " اگر ہم تمام کرہ کا دورہ کریں اور ہر ولایت کے باشندوں سے دریافت کریں تو ہمکو معلوم ہوگا کہ اِس طوفان کی شہرت تمام زمین پر پہونچی ہے اور دنیائی معلوم کے ہر حصہ میں اُسکی کچھہ تاریخیں اور روایتیں موجود ہیں چنانچہ امریکہ والے اپنی ولایت میں طوفان کے ہونیکا اقرار اور بیان کرتے ہیں اور چینیوں میں جو ایشیا میں نہایت دور رہنے والی قوم ہے اُسکی روایت موجود ہے (معلوم نہیں کہ یہہ کہاں سے لکھا کیونکہ چینی طوفان ہونے کا اقرار نہیں کرتے) اور افریقہ کی بہت سی قومیں اُسکے قصہ مختلف بیان کرتی ہیں اور خطہ یورپ میں جو طوفان ڈیکالین کا مشہور ہے اُسمیں اور طوفان نوح میں کچھہ فرق نہیں ہے اُسمیں صرف کچھہ بیان کا فرق ہے بس ہم تمام کرہ کے گرد طوفان کا کھوج لگا سکتے ہیں اور جو بات اِس سے بھی زیادہ قابل اِطلاع ہے کہ اِن قوموں میں سے ہر ایک کوئی کسیطرح اِنسان کے بحال ہونے کی تاریخ رکھتے ہیں یہہ بات اُسکی ایک کامل دلیل ہے کہ لوگوں نے سمجھا کہ تمام اِنسان اُس طوفان میں ایکبار برباد ہوگئے "

† تفسیر ڈائیلی جلد ١ صفحه ٢٥

‡ تفسیر ڈائیلی جلد ١ صفحه ٢٣

قبل پیدایش مسیح علیہ السلم ۲۳۴۵　　قبل پیدایش محمد رسول اللہ صلعم ۲۹۲۰

† تفسیر ڈائیلی جلد ۱ صفحہ ۲۶

† ڈاکٹر سیٹک ہوس صاحب فرماتے ہیں کہ " حضرت موسیٰ ہمکو یقین دلاتے ہیں کہ نہایت بلند پہاڑوں سے پندرہ ہات پانی بلند چڑہ گیا تھا آؤ اِس کلام کی حقیقت کے ثبوت کے لیئے ہم خود پہاڑوں کی طرف رجوع کریں زمین کے نہایت بلند مقاموں کا اِمتحان کرو اور سب سے بالاتفاق سمندر کی چیزیں جو اُس موقع پر اُن بلندیوں پر جمع ہوئیں ہیں پائی جائینگی سیپیئیں اور سمندر کے مچھلئیں اور تمام قسموں کے بڑے جانوروں کے ڈھانچے پہاڑ ایلپس اور ایپی ڈنڈس اور پریِنیز اور ندیز اور اٹلاس اور ارارات ہر ایک پہاڑ ہر ولایت کا جو آسمان کے تلے ہے جاپان سے لیکر میکسیکو تک سب اس یکساں ثبوت میں اِتفاق کرتے ہیں کہ اُن سب کی نہایت بلند چوٹیوں پر سمندر گذر گیا اور زمین میں تلاش کرو تو تم پاؤگے ایک قسم کے ہرن پیدایش امریکہ کو آیرلینڈ میں دبا ہوا اور ہاتیوں کو جو پیدایش افریقہ اور ایشیا کے ہیں اِنگلستان میں دبے ہوے اور گھڑیالوں دریاے نیل کو جرمنی میں اور کھپری دار مچھلیوں کو جو سواے امریکہ کے سمندروں کے اور کہیں نہیں ہوتیں اور پورے پورے ڈھانچے وہلوں کے بہت سے اور ملکوں میں اور سواے اِسکے مختلف اقسام کے ایسے درخت اور پودے جو کسی ولایت میں آسمان کے تلے اُگے ہوئے نہیں پائے جاتے یہہ سب باتیں اِس بات کا کامل ثبوت ہیں کہ حضرت موسیٰ کا بیان بلا اعتراض صحیح ہے ***

مگر یہہ تمام دلیلیں عام طوفان ہونیکی جو مذکور ہوئیں مبنی ہیں اوپر علم

Doctor Stackhouse, again says: Whereas Moses assures us, that the waters prevailed fifteen cubits above the highest mountains, let the mountains themselves be appealed to for the truth of this assertion. Examine the highest eminences of the earth, and they all with one accord produce the spoils of the ocean, deposited upon them on that occasion; the shells and skeletons of seafish and seamonsters of all kinds. The Alps, the Apennines, the Pyrenees, the Andes, the Atlas, and Ararat, every mountain of every region under heaven, from Japan to Mexico, all conspire in uniform universal proof, that they all had the sea spread over their highest summits. Search the earth and you will find the moose-deer, natives of America, buried in Ireland; elephants natives of Asia and Africa, buried in the midst of England; crocodiles natives of the Nile, buried in the heart of Germany, shell fish never known in any but the American seas, together with entire skeletons of whales, in divers other countries; and what is more, trees and plants of various kinds, which are not known to grow in any region under heaven. All which are a perfect demonstration, that Mose's account of the deluge is incontestably true.

All the arguments already stated tending to show that the deluge must have

قبل پیدایش مسیح علیه السلام ۲۳۳۵ — قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۲۹۲۰

جیالوجي کے ابتداے تحقیقات میں جیالوجین کي یهه راے تهي مگر جب اِس علم نے زیادہ ترقي پکڑي اور زیادہ تر تحقیقات حالات زمین اور اشیاء موجودہ روے زمین کي هوئي تو خود جیالوجین نے طوفان کے عام هونے سے انکار کیا † چنانچه ڈاکٹر کلنزو صاحب بشپ نیٹال کے لکهتے هیں که "جب که میں طوفان کے بیان کا ترجمه کرتا تها ایک عاقل باشندہ اِس ملک کا میري طرف تعجب سے دیکهتا تها اور یهه پوچهتا تها که یهه سب سچ هے کیا تمکو حقیقت میں یهه یقین هے که یهه سب حال اِسیطرح واقع هوا که تمام حیوان اور پرند اور رینگنے والي چیزیں بڑي اور چهوٹي سب گرم اور سرد ولایتوں سے جوڑا جوڑا آئیں اور نوح کے ساتهه کشتي میں داخل هوئیں (اِس بات پر اعتراض کرنا بیجا هے کیونکه کتاب اقدس سے پایا جاتا هے که یهه کام بطور‡ معجزہ کے هوا تها) اور کیا نوح نے اُن سب کي بهي حیوان اور شکاري پرندوں کي بهي اِسیطرح جیسی که باقي مخلوقات کے واسطے خوراک جمع کرلي بعد اِسکے وہ لکهتے هیں که میرا علم علوم کي چند شاخوں خصوصاً جیالوجي کا بعد علیحدگي کے اِنگلستان سے بهت ترقي پا گیا تها اور اب میں نے بوجوهات جیالوجي کے ایک حقیقت کو تحقیق سمجها جسکو میں نے پہلے غلط سمجها تها وہ یهه که عام طوفان جیسا که بیبل میں اُسکا علانیه ذکر هے اُس طریقه میں جیسا که کتاب پیدایش میں بیان هوا هے واقع هونا ممکن نه تها سوا اور مشکلات

been universal, are evidently founded on Geology. In the infancy of this science, its professors maintained that the deluge had been universal; but now that further research has been made, and additional light thrown upon the Science, they deny it to have been a universal one, or such as had overspread the whole of the earth. Doctor Colenso, Bishop of Natal, says: While translating the story of the Flood, I have had a simple-minded but intelligent native look up at me and ask, Is all that true? Do you really believe that all this happened thus; that all the beasts, birds, and creeping things, upon the earth, large and small, from hot countries and cold, came thus by pairs, and entered into the ark with Noah. (Any objections raised against this circumstance are unallowable, as Scripture tells us, VI. 25., that this was effected miraculously.) And did Noah gather food for them all, for the beasts and birds of prey, as well as the rest? My own knowledge of some branches of the science of Geology in particular, had been much increased since I left England, and I now knew for certain, on Geological grounds, a fact, of which I had only had misgivings before, viz, that a universal Deluge, such as the Bible manifestly speaks of, could not possibly have taken place in the way described in the Book of Genesis, not to mention other difficulties which the story involves. I refer especially to the circumstance, well known to all Geologists (See Lyell's Elementary Geology, p. 197, 198.,) that volcanic hills of immense extent

† دیباچه حصه اول صفحه ۷

‡ باب ٦ — ۲۵

قبلپیدایش مسیح علیه السلام ۲۳۳۵

قبلپیدایش محمدرسول الله صلعم ۲۹۲۰

in Auvergne and Longuedoc which must have been formed ages before the Noahchian deluge, and which are covered with light and loose substances, pumice stones &c, that must have been swept away by a flood, but do not exhibit the slightest sign of having ever been so disturbed."

کے جو بیان میں شامل هیں آنهی قطع نظر کرکر بالتخصیص اِس حقیقت کیطرف جس سے تمام جیالوجسٹ بخوبي واقف هیں (دیکهو لیئل صاحب کے جیالوجي صفحه ۱۹۷ و ۱۹۸) اشاره کرتا هوں که آتشیں پهاڑ بڑے طول و طویل مقام آورن اور لانگ ڈاک میں موجود هیں جو طوفان نوح سے زمانوں پیشتر کے بنے هونگے اور جو هلکے اور متخلخل اجزا کے جزوں سے جیسے پومیس سٹون وغیره سے ڈهکے هوے هیں ان اجزا کو طوفان ضرور معدوم کردیتا لیکن کچهه بهي علامت آنمین خلل هونے کي پائي نهیں جاتي *

† بشپ کلنزو صاحب کي کتاب چوتهي صفحه ۲۰۴

Again Doctor Colenso writes, Part IV. p. 204 "The difficulties which are presented by Geological consideration to the belief in the Scripture story (Dr. Colenso should rather have said, as to our own misconceptions of the truth) of the deluge, are summed up concisely in the following words, by one who labours to maintain the literal historical truth of the Bible narrative, by making this assumption of a partial deluge, the Rev. Alfred Barry M, A., Intro. to the Study of the O. T., page 144 &c:—

علاوه اِسکے † انهي صاحب نے عام طوفان کي تردید میں یهه گفتگو لکهي هے که " جو مشکلیں طوفان کے بیان پر جو کتاب اقدس میں هے (میں کهتا هوں که بشپ کلنزو صاحب کو اِسمقام پر بجاے کتب اقدس کے یهه کهنا چاهیئے که جو غلطي سے همارے خیال میں هے) جیالوجي کے امتحانوں سے پیدا هوتي هیں آنکو ریورنڈ الفرڈ بیري صاحب نے جو طوفان کو خاص مان کر کتاب اقدس کي لفظي تاریخانه حقیقت کے قایم رکهنے میں کوشش کرتے هیں حسب تفصیل ذیل ‡ اختصار کے ساتهه جمع کیا هے *

‡ انٹرو ڈکشن ٹو دي سٹڈي آف دي اولڈ ٹسٹمنٹ یعني دیباچه متضمن تصنیفات عهد عتیق

"The real difficulties of Geology, stated in their strongest form amount to this—

جیالوجي کي اصلي مشکلات جبکه آنکو نهایت مضبوطي سے بیان کیاجاے یهه هوتي هیں *

(I.) "There is no existing evidence of a general simultaneous deluge, the present diluvial deposits having clearly been formed by degrees, and at long

اول ایسي عام طوفان کي جو ایک ساتهه هوا هو کوے شهادت موجود نهیں هے کیونکه طوفان کے موجوده ذخیرے صاف

intervals of time. There is, indeed, abundant evidence of gigantic diluvial deposits at the higher levels: but they are in all cases local, and to be referred to a pre-Adamite antiquity. This conclusion is the more undoubted, because so many leading Geologists, Buckland, Sedgwick, &c, who once referred the 'diluvium' to the one period of the historic deluge, have publicly withdrawn that opinion.

(II.) "There is positive evidence to the contrary, inasmuch as, in some volcanic regions, especially, the remarkable one, forty miles by twenty, in Auvergne and Languedoc, there are deposits of scoriae and lava, extending over many miles, and in some places fifty or a hundred feet deep, which must have taken many thousand years to accumulate, and which yet have certainly not been submerged.

(III.) "In all the diluvian deposits, no trace of human remains has ever been found.

"To the first and third of the above objections Mr. Barry replies, that it may have pleased God that, as the deluge was miraculous, it should pass away, without leaving its footprints amidst the traces of natural formation.

قبل پیدایش مسیح علیہ السلام ۲۲۳۵

قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۲۹۲۰

رفتہ رفتہ اور مدتوں دراز میں جمع ہوئی ہیں بلاشبہ بہت بلند بلند ہموار مقامونمیں طوفان کے بڑے بڑے ذخیرونکی کثرت سے شہادت موجود ہے لیکن بہرحال وہ خاص مقامونمیں ہیں اور آنکو ادم کی پیدایش کے زمانہ سے بہی پہلی کا بتانا چاہیئے اور اسبات پرزیادہ تریقین اسلیئے ہوتا ہے کہ بہت بڑے بڑے کامل جیالوجسٹ نے جیسیکہ بکلینڈ اور سگ وک صاحب وغیرہ ہیں اور جو ایک زمانہ میں طوفان کے ذخیرونکو تاریخانہ طوفان کے کسی زمانہ سے متعلق کرتے تہے اب آنہوں نے آس راے سے علانیہ انحراف کیا ہے *

دوسرے برخلاف عام ہونے طوفان کے آسبات سے جسکو ہم بیان کرتے ہیں اسقدر مضبوط گواہی جیسیکہ آس سے ہوسکتی ہے موجود ہے کہ بعض آتشیں پہاڑوں کے مقاموں میں خصوصاً آس مشہور مقام واقع آورن اور لانگ ڈاک میں جو چالیس میل مضروبہ بیس میل ہے سکوری اور لاوہ کے ڈھیر بہت سے میلوں تک پہیلے ہوی ہیں اور بعض مقام میں پچاس یا سو فیٹ عمیق ہیں جنکے جمع ہونیکو ہزاروں برس صرف ہوی ہونگے اور بلاشبہہ ابہی تک آن پر پانی نہیں پہرا ہے *

تیسرے طوفان کے تمام ذخیروں میں انسان کے بقیہ یعنی ہڈیوں کا کوئی نشان نہیں پایا گیا ہے *

بیری صاحب نے اون اعتراضوں مین سے پہلی اور تیسرے اعتراض کا یہہ جواب دیا ہے کہ جسطرح طوفان معجزہ سے ہوا اسیطرح خدا نے یہہ بہی چاہا ہو کہ وہ طوفان طوفان کی قدرتی نشانیوں کے چہوڑنے کے بغیر چلا جاوے *

قبل پیدایش مسیح علیه السلام ۲۳۲۵

قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۲۹۲۰

بشپ کالنزو صاحب اسپر یهه لکهتی هیں که " اس تقریر سے البته یهه نکلتا هے که طوفان ایسا ایک معجزه تها جسکا کتاب اقدس میں ذکر هے اور اُسکو یقین کرنا همکو ضرور هے اگرهم توریت کي تاریخ کو ایسا صحیح مانتی هوں جسمیں غلطي کا امکان نهیں یعنی لفظي اور تاریخانه حقیقي معامله لیکن هم یهه معلوم کرچکے هیں (میں کهتا هوں که ڈاکٹر کلنزو صاحب کو یوں کهنا چاهیئے تها که بسبب اُنهي پرانے نا تحقیق خیالات کے هم معلوم کرچکے هیں) که ایسا یقین کرنا اب زیاده ممکن نهیں اور پس یهه جواب زمیں پر منهه کے بل گرتا هے ●

" This of course assumes, says Dr. Colenso in reply, that the deluge was such a miracle as the Bible represents it, which we are only obliged to believe, if we believe the history in the Pentateuch to be infallibly true, as literal, historical matter-of-fact. But we have seen (Dr. Colenso should rather have said, uuder our old misconceptions of the truth only) that it is no longer possible to believe this. And if so, this answer falls at once to the ground.

تیسرے اعتراض کي نسبت بشپ کلنزو صاحب یوں لکهتے هیں که اُس اعتراض کا نیک دلي سے یهه جواب کوئي دے سکتا هے که جن مقامونمیں انسان کي نسل کا اول آباد هونا یقین کیا جاتا هے اونمیں ابهي تک طوفان کے بقیوں یا ذخیروں کو اچهي طرح امتحان نهیں کیا گیا هے جس سے یهه کها جاسکے . که انسان کا کوئي بقیه اوسمیں دبا هوا نهیں هے ●

"The third objection, however, might be fairly met by saying that in the regions where the human race is believed to have been first planted, the diluvium has not yet been sufficiently examined, to enable us to say that no human remains are buried up in it.

‡ اگر بیري صاحب ایسا جواب دیں اور وه صحیح بهي مانا جاوے تو وه جواب دوسرے اعتراض کا اور اور اعتراضوں کا بهي ایساهي اچها جواب هوگا جیسا که اس اعتراض کا ہے مگر بیري صاحب اِس دوسرے اعتراض کو ایسا مضبوط اور عام طوفانکي راے کے ایسا سخت مخالف پاتے هیں که اِس جواب سے بهي کناره کرتے هیں ●

‡ واضح هو که یهه قول بوي بشب کلنزو صاحب کا هے

" The answer above given by Mr. Barry, would, indeed, if valid, apply just as much to the second objection as to the others. The writer, however, feels this second objection to be so strong and so stubbornly opposed to the notion of an universal deluge, that he also gives up this point."

Again Dr. Colenso quotes, Part IV. p. 208. " And to the proof which long ago Tertullion, according to the measure of the limited scientific knowledge of his time, adduces in these ingenious words,—'still the mussels and shells of the sea are found as strange travellers among the mountains, desiring to prove to Plato that even high places have been once under water'—some have added facts, which, if they stood in connection with the deluge, would strikingly prove its absolute universality.— Alex. V. Humboldt found layers of coal-buried remains of old forests, and former water-and-land plants in Huanoco in South America, at a height of 13,800 feet, near the modern limit of perpetual snow. Bones of the mastodan have been found on the Cordilleras at a height of 8000 feet. Avalanches have brought down bone-breccia from the snow region of the Himalayas, from a height of 16,000 feet. Generally, in the highest mountains of the three quarters of the Globe, mont Blanc, Himalaya and the Cordilleras, bones of antediluvian animals are inbedded."

بعد اسکے † ڈاکٹر کلنزو صاحب یہہ لکھتے هیں کہ مدت هوئي کہ ترتلین صاحب نے اپنے زمانہ کي تهوڑي سي علمي تحقیقات کے بموجب ذهانت سے یہہ لفظ کہي تهي کہ اب بهي سمندر کي سیپیان اور کهپریدار مچهلیان پہاڑوں کے درمیان میں بطور اجنبي سیاحونکی پائي جاتي هیں ان لفظوں سے آنکي خواهش افلاطون پر اسبات کی ظاهر کرنے کي تهي کہ بلند مقام بهي ایک بار پانیکے نیچے آچکے هیں اور بعض لوگوں نے اس سے بهي زیادہ اور واقعات کو زیادہ کیا هی کہ اگر آنکو طوفان سے تعلق تها تو آن سے آسکا قطعي عام هونا ثابت هوتا هی مثلاً الگذنڈر هم بولٹ صاحب نے جنوبي امریکہ میں هناکو پہاڑ پر تیرہ هزار آٹهہ سو فیٹ کي بلندي پر جہاں همشیہ برف گرتي هی پرانی جنگلوں اور سابق کي تري اور خشکي کي پودوں کے جلي هوئي سالم بقیات پائي هیں اور ماسٹوڈن کي هڈیاں جو هاتي کي مانند اگلے زمانہ میں ایک جانور تها کارڈلي راز پہاڑ پر آٹهہ هزار فیٹ کي بلندي پر پائي گئي هیں اور همالیہ پہاڑ کے اس مقام سے جہاں برف پڑتي هی اور جسکي بلندي سولہہ هزار فیٹ هی جو برف کے ڈهیر ٹوٹ کر گرے هیں اور جنمیں ایک کاني مادہ کے زاویہ نما ٹکرے هوتی هیں اور جنمیں مختلف رنگ دکهائي دیتے هیں آنمیں اور اسیطرح کرہ زمین کے تین حصوں کی نہایت بلند پہاڑوں یعني کوہ بلینک اور کوہ همالیہ اور کوہ کارڈلي راز میں ایسی حیوانوں کي هڈیاں جو طوفان سے پہلے تهی پاے جاتي هیں*

قبل پیدایش مسیح علیہ السلام ۲۳۴۵ — قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۲۹۲۰

† ڈاکٹر کلنزو صاحب کي چوتهي کتاب صفحہ ۲۰۸

† بشپ کالنزو صاحب اسکے جواب میں لکھتے ہیں کہ " اس سے کیا ہم یہہ نتیجہ نکالیں گے کہ طوفان کا پانی ایکبار ان پہاڑوں پر گذر گیا علم جیآگناسی کی ترقی یافتہ حالت اسکو ناجایز کرتی ہے اسکی آنکھہ میں پہاڑوں کی چیزیں کوئی دلیل نہیں ہیں کیونکہ وہ ایسے زمانہ سے علاقہ رکھتی ہیں جو انسان کے پیدا ہونے سے پہلے کا ہے اس قسم کی قطعی دلیل کا وجود تاریخانہ طوفان کے حق میں اسکے نزدیک عموماً ایسا ہی مشتبہہ ہے جیسے اوپر بیان ہوا بلحاظ اس حقیقت کے کہ تاریخانہ زمانوں میں (جسکے مقابلہ میں ہم وہ زمانہ پیش کرتے ہیں جو انسان کی پیدایش سے پیشتر تھا) زمین کا کوئی بڑا طوفان واقع ہوا ہے جیالوجی نہ انکار کرسکتی ہے نہ اقرار لیکن اسکے اقرار کی ہمکو حاجت نہیں ہے ہمارے ایمان کا مدار روایت کی گواہی پر ہے اور قطع نظر سبکی کتاب اقدس کی تاریخانہ شہادت پر ہے تاریخانہ طوفان کے صرف عام ہونے پر جیالوجی کی رو سے شک ہوتا ہے مثلاً انگریزی جیالوجسٹ لایل صاحب نے ایک عجایبات کیطرف لوگوں کی توجہہ کو کھینچا ہے جس سے ٹرٹیئری زمانہ سے کوئی عام طوفان ہونیکے برخلاف شہادت ہوتی ہے یعنی ایسے عام طوفان کے برخلاف جسنے تمام زمین کے سطح کو چھپا لیا ہو مثلاً آورن کے معدوم آتشی پہاڑوں پر جنکا ٹرٹیئری زمانہ میں یعنے انسانکی پیدایش سے پہلے جاری ہونا اُن ہڈیوں سے ثابت ہے جو اُس مادہ کے سیلان میں ادھر اُدھر دبی ہوئی ہیں بہت سا انبار

"But are we to conclude" says Dr. Colenso in reply, "from this, that once the waters of the flood went over these mountains? The advanced state of Geognosy forbids it. The contents of the mountains are no proof in her eyes, since they belong to a pre-historic time. The existence of convincing proof of such a kind for the historical deluge she must regard generally as doubtful, as has been noticed above. As to the fact, that, in historical times (to which we oppose the time before the creation of man as prehistorical) a great flooding of the earth has occurred Geology can neither deny nor confirm it. We do not need, however, its confirmation: our faith rests upon the testimony of tradition and above all on the historical testimony of Scripture. Only the mere generality of the historical deluge is subject to Geological doubt. Thus, for instance, the English Geologist, Lyell, has drawn attention to a phenomenon, which seems to testify against a general flood since the Tertiary age,—i. e. one covering the whole of the earth's surface. There are found, for instance, upon the extinct volcanoes of Auvergne, which, as appear from the bones enclosed here and there in their lava-streams, were (last) active in the Tertiary period, and so before the creation of man, a great number of quite loose cones of cinders, which could not possibly have withstood the pressure of a flood, though they are not injurred by rain, as they very easily imbibe it. It seems, therefore, as if this locality has not been affected by the Flood."

قبل پیدایش مسیح علیہ السلم	قبل پیدایش محمد رسول اللہ صلعم
۲۳۴۵	۲۹۲۰

†کتاب چہارم صفحہ ۲۰۸ ۲۰۹

قبل پيدايش مسيح عليه السلام ٢٣٣٥ — قبل پيدايش محمد رسول الله صلعم ٢٩٢٠

گاڑدم متخلخل سوختہونكا پايا گيا هے جنكا طوفان كے زور سے سالم رهنا ممكن نه تها اگرچه مينهه سے آنكو ضرر نهين پهونچا هے كيونكه بهت آساني سے مينهه كو وه جذب كرليتے هيں پس اس سے معلوم هوتا هے كه طوفان نے اسمقام كو چهوا بهي نهيں ●

غرضكه طوفان كے عام هونيكے برخلاف علم جيالوجي كے روسے بهت سي ايسي ايسي دليليں موجود هيں جنكا جواب نهيں هوسكتا ●

In short, Geology is capable of raising irresistable arguments against the universality of the deluge.

علاوه اسكے اگر طوفان عام مانا جاوے تو اسپر ايك بهت بڑا سخت اعتراض مذهبي وارد هوتا هے اور وه يهه هے كه بموجب حساب عبري كتاب اقدس كے طوفان آيا ١٦٥٦ برس بعد پيدا هونے حضرت آدم كے اور بموجب سپٹوايجنٹ كے (جسپر تمام ايشيا كے مورخ اور اكثر يورپ كے قديم مورخ اعتقاد كرتے هين) طوفان آيا ٢٢٦٢ برس بعد پيدا هونے حضرت آدم كے اور اس عرصه ميں بلاشبه نسل انسان كي پهيل گئي تهي اور تمام دنياي معلوم يا قريب قريب تمام كے آباد هوگئي تهي ‡ جيسيكه علماء عيسائي نے بهي اسكو قبول كيا هے اور قرآن مجيد سے بوضاحت پايا جاتا هے كه حضرت نوح عليه السلام نبي تهے اور وه لوگونكو خدا كي وحدانيت اور اسكي اطاعت كي هدايت كرتے تهے مگر ان لوگون نے نه مانا اور بت پرستي اور بدكاري ميں مشغول رهے جسكے سبب خدانے طوفان بهيجا توريت مقدس † كے ان ورسوں سے بهي جنكا حواله حاشيه پر هے بهي

‡ ديكهو اسي كتاب كا صفحه ٢٨٩

† پيدايش ٥ — ٢٩، ٦ — ٨، ٩، ١٢، ١٣، ١٨

If a universal deluge be, however, allowed to have happened, the theory would be opposed by strong difficulty presented by the tenets of our religion, as set forth below. The deluge appeared, according to the original Hebrew Pentateuch, in 1656. A. M.; and according to the Septuagint (which has been believed in by all the Asiatic historians and in Europe by the ancients) in the year 2262, A. M. This interval of time after the creation would have been sufficient for mankind to have peopled the whole earth, which is admitted by Christian divines as well. The Holy Koran informs us that Noah was a prophet sent by God to direct mankind to the path of truth, and that when they did not obey the precepts he gave them, it was then that God thought it just to destroy them by a deluge. The Pentateuch also says the same, Gen. V. 29; VI. 8,9,12,13,18, &c. But as there is only brief mention made in that place on the subject, St. Peter was inspired to explain it more thoroughly thus: "and he spared not the old world,

مضمون پایا جاتا ہے جو قرآن مجید میں
ہے اور جو کسیقدر آسمیں اجمال تہا
آسکی تفصیل الہام ہے ‡ سینٹ پیٹر نے
فرمادي جہاں فرمایا کہ " خدا نے
پرانی دنیا پر بہي رحم نکیا لیکن نیکي
کے وعظ کرنیوالي آٹھویں آدمي نوح کو
بچا کے دنیا کے تمام بدکاروں پر طوفان لایا "
پس دونوں مذہبي کتابوں سے ثابت
ہوتا ہے کہ بسبب نہ ماننے نوح کے وعظ
یعني احکام الہي کے جو نوح کي معرفت
لوگوں کو پہونچی تہی طوفان آیا تہا*

but saved Noah the eighth person, a preacher of righteousness, bringing the flood upon the world of the ungodly." II. 5. Thus both the leading religions concur in proving that the calamity of the deluge was the direct consequence of the utter disregard shown by the people of that age towards the preaching of Noah.

قبل پیدایش مسیح علیہ السلام ۲۳۳۵

قبل پیدایش حضرت رسول اللہ صلعم ۲۹۲۰

‡ ۲ پیٹر ۲—۵

اب یہہ سوال ہے کہ کتاب اقدس سے
یہہ بات ثابت نہیں ہے اور نہ اِسکا امکان
معلوم ہوتا ہے کہ تمام دنیا میں جو اُسوقت
تک آباد ہوچکي تہي حضرت نوح نے
وعظ کیا ہو اور تمام دنیا کے لوگوں نے آنکا
وعظ سنکر آسکے ماننے سے اِنکار کیا ہو بلکہ
بہت سے وسیع ملک ایسے ہونگے جہانکے
باشندوں نے حضرت نوح کے نبي ہونے
اور آنکے وعظ کرنے اور خدا کي راہ کي
ہدایت کرنے کي خبر بہي نہ سني
ہوگي پہر کیونکر ہوسکتا ہے کہ تمام دنیا
اُس گناہ میں جسکي وہ مجرم نہ تہي
غرق کي جاتي خصوصاً جبکہ ہم دیکہتے
ہیں کہ حضرت لوط علیہ السلام کے وقت
میں آنہي پر عذاب آیا جو نافرمان تہے *
غرضکہ اگر طوفان کو عام کہا جاوے تو بلاشبہہ
اُسپر مذہبي اور علمي ایسے ایسے سخت
اعتراض ہوتے ہیں جنکا جواب سرانجام
ہونا ایک امر محال معلوم ہوتا ہے مگر
ہمکو اسبات پر غور کرني چاہیئے کہ آیا
درحقیقت کتاب اقدس ہمکو ایک عام
طوفان ماننے کیطرف لیجاتي ہے یا نہیں

It is not capable of proof, nor admitted by the Scriptures, nor is it conceivable, that Noah could have preached to the whole world that existed in his time, and that all mankind had in that world heard him, but did not follow his advice. On the contrary, there might have been several countries which had not even received intelligence of Noah's appearance in the world as a prophet, or of his mission in preaching the will of God. How does it then follow, that the inhabitants of the whole world, who could have had no complicity in the sin of disobedience that brought down the deluge should have been made to suffer from its effects, especially when we find that the punishments from God for the crimes of the people at the time of Lot were inflicted upon those only who had disobeyed the divine commands? In short, were we to allow of the deluge having been universal, we should then have to encounter such powerful objections originating both with religion and science, that would be most difficult to refute. However, let us first consider, whether Scripture real-

قبل پیدایش مسیح علیہ السلام ۲۳۴۵

قبل پیدایش محمد رسول اللہ صلعم ۲۹۲۰

میری نزدیک طوفان عام کا ہونا کتاب اقدس سے نہیں پایا جاتا پس اب ہم کتاب ہاے اقدس پر غور کرتے ہیں تاکہ معلوم ہو کہ میری یہہ راے صحیح ہے یا نہیں *

ثبوت اسبات کا کہ کتاب اقدس میں خاص طوفان کا بیان ہے نہ عام کا

اسمیں کچھہ شک نہیں کہ کتاب اقدس کے الفاظ ایسے ہیں کہ اُنسے دونوں مطلب بمساوی درجہ سے نکل سکتے ہیں بلکہ اگر ہم زیادہ سادگی سے اور بلحاظ اُن اگلی لوگوں کی عقل اور معلومات کے جنسے خطاب کیا گیا تھا اُسکو دیکھیں تو بجز اِسکے کہ کتاب اقدس میں ایک خاص طوفان کا بیان ہے اور کوئی مطلب نہیں نکال سکتے اور اگر اُسمیں ایک متوسط ترقی علم کی نکتہ چینی کریں جیسا کہ علم جیالوجی کے ترقی پانیکی زمانے سے پیشتر تہا تو بلاشبہہ کتاب اقدس سے بہی مطلب پاوینگے کہ طوفان عام اور تمام روے زمین پر تہا ہمارے متقدمین علم کی ایسی ہی حالت تک پہونچی تہی جسکے سبب اُنہوں نے اُس ناکامل علم کی نکتہ چینی سے یہہ قرار دیا کہ کتاب اقدس سے طوفان کا عام ہونا پایا جاتا ہے اور اگر ہم کتاب اقدس کو نہایت دقیق نکتہ چینی سے اور ایک ترقی یافتہ علم کی مدد سے جیسا کہ وہ آج کے زمانہ میں کسی ایک درجہ تک پہونچ گیا ہے امتحان کریں تو بالیقین بہی پاوینگے کہ کتاب اقدس میں خاص طوفان کا ذکر ہے نہ عام طوفان کا جیسا کہ میں بیان کرتا ہوں *

ly does declare the deluge to have been an universal one or the contrary. In my opinion the fact of an universal deluge is not set forth in Scripture. Let us examine the sacred writings, and then say whether this opinion is right or wrong.

According to Scripture the Deluge was partial and not universal.

Indeed it may be admitted that the expressions used in the description of the Flood in Scripture are ambiguous, and allow of our understanding it to have been both universal and partial. But if taking into consideration the limit of the knowledge and discoveries of the ancients we simply interprete those expressions, they would lead us to no other conclusion but to hold it to have been partial. Again if we examine the matter, and bring to bear upon it the learning of the middle ages as it was before the flourishing time of Geology, we could come to no other conclusion than this, viz, that it was an universal deluge. The learning of the ancients had reached only this mediocrity and thus it was only by an imperfect criticism that they concluded the deluge to have been universal according to Scripture. If, however, we examine the subject as laid down in Scripture by the most elevated criticism of so enlightened an age as ours is, we shall find the flood was merely partial and not universal, as I hope now to show.

قبل پيدايش مسيح عليه السلام ۲۳۳۵ — قبل پيدايش محمد رسول الله صلعم ۲۹۳۰

كتاب اقدس كے جن مقامون ميں طوفان كا ذكر هے وهان چند الفاظ آئے هيں جنسے متقدمين نے براه غلطي عام طوفان هونيكي مراد سمجهي هے جيسيكه הארץ هاآرص يعني الارض האדמה هاادمه يعني الاديم השמים هشمايم يعني السموات اور نيز بعضي مضمون ايسے هيں جنسے انهون نے طوفان كا عام هونا سمجها هے جيسيكه تمام † جاندار چيزيں مرگئيں جو زمين پر چلتي تهيں وه سب جنكے نتهنوں ميں حيات كا دم تها وه سب جو خشك زمين پر تهے هرجاندار چيزيں جو روے زمين پر تهيں " يا جيسيكه يهه مضمون هے كه تمام اونچے پهاڑ جو آسمان كے نيچے تهے چهپ گئے • پندره هاتهه پاني بلند هوگيا ٭

In my opinion the ancients were misled into believing that the deluge was universal from putting a wrong construction on certain words used in Scripture when describing it; as, for instance, the Hebrew word *ha-aris* (the land,) *ha-adama* (the land,) *ha-shammaim* (the heavens.) While sentences also probably conduced to this idea: such as "all flesh died that moved upon the earth; all in whose nostrils was the breath of life, of all that was in the dry land;" "every living substance which was upon the face of the ground." Bishop Colenso, Part IV. p. 205. Again "all the high mountains that were under the heaven were covered;" "fifteen cubits of water prevailed."

† بشپ كالنزو صاحب كي كتاب چوتهي صفحه ۲۰۵

ان لفظوں اور مقاموں كے معني همنے كچهه هي سمجهي هوں مگر جب هم انپر زياده دقيقه رس نظر كرتے هيں تو انكي مراد ايسي نهيں پاتے جيسيكه پهلے سمجهي تهے ‡ آرچ ڈيكن پريٹ صاحب نے اپني كتاب سكرپچرز اينڈ سينزكي صفحه ۵۵ ميں بهت درست كها هے كه " اگر حقيقتيں (علم) جنكو همنے بيان كيا هے همارے معني كے بدلدينے كو موجود نهوتيں تو اكثر (تمام) شخص كتاب اقدس كے كلام سے يهه سمجهتے كه اس سے كره زمين كي تمام وسعت پر پاني كا عام طوفان نكلتا هے تب اسبات پر اعتراض كرنيكا كوئي سبب نهوتا اوراسليئے شك كي كوئي وجهه نهوتي اس مضمون پر بشپ كالنزو صاحب لكهتے هيں كه (بلاشبهه ايسي حالت ميں كتاب اقدس كے كلام كو آسكے

Whatever may have been the interpretation put upon these sentences by the ancients, the 19th century with the knowledge at its disposal completely exposes the fallacy of their views. Archdeacon Pratt as quoted by Dr. Colenso, Part IV. p. 202, has observed, *Scripture and Science*, p. 255., that "the words of Scripture, were there no facts like those I have mentioned, to modify our interpretation, would, by most persons, be understood as describing an universal flood of waters over the whole extent of the Globe. There would be no cause for questioning this, and therefore no ground of doubt. ('The words of Scripture, consequently, would be' says Dr. Colenso, 'taken in their plain, obvious meaning, as any simple-minded reader

‡ بشپ كالنزو صاحب كي چوتهي كتاب صفحه ۲۰۲

قبل پیدایش مسیح علیه السلام ۲۳۳۵

قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۲۹۲۰

would understand them.') But when the new facts became known as they are at present, then the question is started, 'Does the Scripture language present any insuperable obstacle to this more limited interpretation?" Referring to the words 'when new facts became known' Dr. Colenso here says that "the words of Scripture must then be twisted to meet them as Aarchd. Pratt so twists them.' But he is not right in so thinking: since on the new facts being known we donot wish to twist the words of Scripture, but what we desire is to examine them more narrowly according to the peculiar idioms and expressions of the Hebrew language, as is done in the following manner.

صاف اور علانیه معنے میں لیویں گی جیسیکه کوئي سیدھي سادي عقل والا آسکو سمجھے) لیکن جب نئي تحقیقاتیں ظاهر هوئیں جیسیکه اِس زمانه میں مشهور هیں تب یهه سوال کیا جاتا هے که کیا کتاب اقدس کي زبان زیاده محدود معنے لینے پر کوئي ایسا هرج پیش کرتي هے جو رفع نهین هوسکتا " اسمقام پر ڈاکٹر کالنزو صاحب لکهتے هیں که " جب نئي تحقیقاتیں ظاهر هوئیں تب کتاب اقدس کے لفظونکو آنکا جواب دینے کے لیئے مروڑنا چاهیئے جیسا که آرچ ڈیکن پریت صاحب مروڑ تے هین " میں کهتا هوں که بشمب کالنزو صاحب کا یهه خیال صحیح نهیں هے نئي تحقیقاتوں کے ظاهر هونے سے هم کتاب اقدس کے لفظونکو مروڑنا نهیں چاهتے بلکه ایک زیاده دقیقه رس، غور سے اور بموجب عام محاوره کتاب اقدس اور عبري زبان کے قواعد کے آسپر نظر کرنا چاهتے هیں جیساکه آینده بیان سے معلوم هوگا ●

The words *ha-aris*, *ha-adama*, and *ha-shammaim* above noted were wrongly assumed to denote the whole of the Globe and heavens: as they also imply a particular part of the same.

لفظ הארץ هاآرض و האדמה هاآدمه و השמים هشمایم سے جو هم یهه سمجھے تھے که آس سے تمام کره زمین اور تمام آسمان مراد هیں یهه هماري غلطي تهي کیونکه آن لفظوں سے جسطرح تمام کره زمین اور تمام آسمانوں کے معنی لیئی جاسکتی هیں اسیطرح آنسے خاص زمین اورخاص آسمان کے معنےبهي لیئے جاسکتے هیں ●

Gesenius in his Hebrew Lexicon states that *hay*, a letter of the Hebrew alphabet, is prefixed to nouns and pronouns, rarely to verbs; abbreviated from the fuller *hal*, arab. *al*; it stands for *this* in English.

جیسینیس صاحب اپني عبري لکسیکن میں لکهتی هین که ה های هوز ایک حرف هے جو اسموں اور ضمیروں کے پیشتر آتا هے اور کم قبل مصدروں کے

قبل پیدایش مسیح علیه السلام ۲۳۳۵

قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۲۹۲۰

Hence it is a word in Hebrew which when prefixed to an indefinite noun makes it definite, and to signify, firstly, the whole of its class; thus, the word *ha-aris* in Gen. I. 1. means the whole Globe, since that verse cannot be assumed to imply that God created a particular part of the earth, not the whole of it; and, secondly, an already known and particular object, and not the whole of its class, though the object in question be either implied or expressed. The verses noted in the margin are those in which *ha-aris* and *ha-adama* signify, according to universal acceptation, not the whole of the earth but only a particular part of it already known. Hence we are at liberty to assume that a noun having the above noted Hebrew article prefixed may denote either a particular portion of its class or the whole of it. In such assumption we must, of course, be giuded either by the obvious tenor or purport of the subject, or by the evidence of confirmed and certain facts.

Exo. X. 5.
Gen. XLVII. 19,23
Exo X. 6.
Num. XXII. 11.
Deu. IV. 4.
———V. 16.

حقیقت میں یہہ هل הל تها جیسیکه
عربي میں ال اسکو مخفف کرکے هوئے
هوز ה رکهي هے یهه کام دیتا هے
ضمیر اشاره کا جیسیکه انگریزي میں دس اور
اردو میں اِس. یا اُس یا یهه یا وه "
غرضکه یهه حرف اسم نکره کو معرفه کردیتا
هے اور جب معنی معرفه اسمیں شامل
هوتے هیں تو یهه حرف دو معنی دیتا
هے ایک یهه که اُس تمام چیز کو شامل
هوتا هے جسپر وه آتا هے جیسیکه کتاب
پیدایش کے پهلی باب کے پهلی ورس
میں هاآرص הארץ کا جو لفظ هے وه تمام
کره زمین کو شامل هے کیونکه یهه نهیں
هوسکتا که خدا صرف کسي خاص ٹکڑه
زمین کا بنانے والا هو دوسرے خاص معنے
اس لفظ کے لگانے سے حاصل هوتے هیں
یعنے جسپر یهه حرف آتا هے اُس کل
چیز کو شامل نهیں هوتا بلکه اسمیں
سے کسي خاص چیز پر جو پهلے
سے معین اور معلوم هو دلالت کرتا هے
خواه وه خارج میں موجود هو خواه صرف
ذهن میں موجود جیسیکه ورسوں مندرجه
† حاشیه میں لفظ הארץ هارص اور
האדמה ها آدمه کا آیا هے که وهاں تمام
کره زمین مراد نهیں هے بلکه خاص زمین
جو معین اور معلوم تهي مراد هے بس
جن اسموں پر یهه لفظ داخل هو همکو
اختیار هے که چاهیں اسمیں اُس تمام
چیز کو شامل سمجهیں اور چاهیں اُسکی
کسي خاص معین اور معلوم حصه کو اور
اُنمیں سے کوئي سے معنی لیدنی صرف
قرینه مقام یا اُس حقیقت پر جو بطور
اصلي اور واقعي کے تحقیق هو منحصر هیں*

† خروج ۱۰ — ۵
پیدایش ۴۷ — ۱۹، ۲۳
خروج ۱۰ — ۶
اعداد ۲۲ — ۱۱
استثنا ۴ — ۴
۵ — ۱۶

قبل پیدایش مسیح علیہ السلام ۲۳۲۵ — قبل پیدایش محمد رسول اللہ صلعم ۲۹۲۰

The *ha-shammaim* also is used to signify a particular thing: for a proof of which Archdeacon Pratt, referring to Deut II. 25., says, that "the expression under the whole heaven may mean not the whole Globe, but only Palestine and the country in its neighbourhood."

لفظ شمایم שמים کا بھي خاص معنوں میں مستعمل ہوتا ہے جیسیکہ ارچ ڈیکن پریت صاحب نے کتاب استثنا باب ۲—۲۵ پر بطور سند کے حوالہ کیا ہے کہ اس کلام سے (کہ تمام آسمان کے نیچے) تمام کرہ مراد نہو بلکہ صرف فلسطین اور آسکی قریب کے ملک مراد ہوں*

In refutation of which Dr. Colenso says: "But first this is not the only expression which is employed here to denote the universality of the catastrophe; and secondly in the very passage quoted the expression is plainly used to express all nations on the face of the whole earth."

† بشپ کالنزو صاحب اسپر یہہ اعتراض کرتے ہیں کہ " اسي مقام میں واقعات کا عام ہونا ظاہر کرنیکی لیئی صرف یہہ ہي کلام نہیں دیا ہے بلکہ آسي مقام محولہ میں کلام کو صاف اس نظر سے استعمال کیا ہے کہ آس سے تمام روے زمین کي قومیں مراد ہوں*

† حصہ چہارم صفحہ ۲۰۳

But this objection is not valid, because the above word being used both with and without the prefix *ha* (Deut. XXXII: 40.) can of course signify some definite object when preceded by it. My theory is not in the least affected by its, in this instance, implying either a definite or indefinite object.

مگر یہہ اعتراض آنکا صحیح نہیں ہے کیونکہ شمایم שמים کے لفظ کا استعمال ہاء معرفہ اور بغیر ہاے معرفہ دونوں طرح پر آتا ہے اور جس جگہ کہ آسکے ساتھہ ہاے معرفہ موجود ہو وہاں ہم آسکے خاص معنے لے سکتی ہیں پہر اگر اس ورس میں بالفرض خاص معنی نہوں تو بھي کچھہ نقصان نہیں ہے*

It appears then to be impossible to doubt (provided the expressions of the Holy Bible be looked at with a respectful and not unallowable freedom) that the Scripture speaks distinctly of the partial and not universal deluge.

اب میں کہتاہوں کہ اسپر شک لانا نا ممکن معلوم ہوتا ہے (بشرطیکہ بیبل کے کلاموں پر صرف ایک مودب آزادي سے اور نہ نا جایز ازادي نا سے لحاظ رکہا جاوے) کہ کتاب اقدس میں صاف طوفان خاص کا ذکر ہے نہ طوفان عام کا*

Hugh Miller and Hitchcock were involved in the same error with us in the recent less brightened age of our knowledge. But by their thinking the Scripture to speak of a universal deluge

ہیوملر صاحب اور ہیچ کاک صاحب آسي غلطي میں تہی جسمیں ہم سب اگلی زمانہ میں پڑ گئے تہے مگر آنکی اس خیال کرنے سے کہ کتاب اقدس میں

قبل پیدایش مسیح علیه السلام ۲۳۴۵

قبل پیدا[یش] محمد صلعم اللہ ۲۹۲۰

no injury can be done to the fact contained in the Holy Writ, which I have now been putting to light merely by following its own words, and not the affirmation or supposition of any ancient.

طوفان عام کا ذکر ہے کتاب اقدس کي حقیقت پر جسکو هم علانیه صرف کتاب اقدس کے لفظوں کي پیروي سے ثابت کررہے هیں اور نه کسي شخص کے قول کي پیروي سے کچهه الزام نہیں آسکتا ❋

If then we assume the meaning of the aforesaid words as denoting a particular part of the earth, we shall find ourselves in no passages perplexed or have any difficulty in interpreting them; and we shall then see that the deluge covered only a particular part of the earth, and that animals destroyed thereby were confined to that part alone. Scripture does not tell us that the waters attained to such a height as to have covered the highest mountains of the earth, and submerged them to a depth of 15 cubits; nor that the whole, the half, or even the quarter of Ararat was under water. This I shall presently prove.

پس جبکه هم ان لفظوں سے خاص زمین یا خاص ملک مراد لیں تو اب همکو کسي مقام میں مشکل نہیں رهتي کیونکه ایسي حالت میں اور مقاموں کے یهه معنی بالضرور لینی پڑیں گی که اسي زمین کے اور اسي روے زمین کے تمام جاندار چیزیں جنکے نتهنوں مین زندگي کا دم تها مرگئیں طوفان کے پانیکا اتنا بلند هونا جس سے تمام اونچی پہاڑ جو آسمان کے نیچی هیں غرق هوگئے هوں یا اونچی پہاڑوں کي چوٹیوں پر پندره هات پاني چڑه گیا هو کتاب اقدس سے ثابت نہیں هوتا بلکه پہاڑ ارارات کي بلندچوٹي بهي نہین ڈوبي تهي بلکه اسکا نصف بلکه چوتهائي بهي نہین ڈوبا تها جیسا که هم آینده بیان کریں گی پس کتاب اقدس سے طوفان کا عام خیال کرنا ایک هماري پراني غلطي تهي جس سے اب هم متنبه هوے هیں ❋

The above notions advanced by me can only be confirmed by a strict investigation of the meaning of Scripture. I have now by me the original Hebrew version ef the Bible, as well as an Oordoo and English translation, the latter the authorized version, and I shall now compare these translations with the original; in order that what I have above

یهه تمام مطالب جو مین نے بیان کئي صرف کتاب اقدس کے لفظوں کے پابند رهنی سے ثابت هوتي هین چنانچه میرے اردو ترجمه سے مطالب مذکوره بخوبي پاے جاتے هیں مگر میري تفسیر میں انگریزي ترجمه وهي هے جو بالفعل منظورشده ترجمه کہلاتا هے مگر اس انگریزي ترجمه میں ان مطالب کي رعایت نہیں

قبل پیدایش مسیح علیه السلام ۲۳۳۵ | قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۲۹۲۰

affirmed may be plainly illustrated. According to my reading, the reading of the following verses will be as follows :

سے جن پر میں بحث کررہا ہوں اسلیئے مجکو ضرور ہوا کہ میں اسمقام پران بابوں کے ضروري ضروري ورسونکا انگریزي ترجمه به پابندي عبري مراد کے لکھه دوں تا که اینده جو بحث آنے والي سے آسکي حقیقت اس ترجمه سے واضح هو ●

Gen. Ch. VI.

باب چھٹا

V. 11. And *that* land was corrupt before God, and filled with mischief.

باب ۶—۱۱ اور خراب هوگئي وه زمین سامنے خدا کے اور بهرگئي وه زمین بدکاري سے ●

V. 12. And God saw that *that* land was now corrupt, for all flesh had misled his way on it.

باب ۶—۱۲ اور دیکھا خدا نے اُس زمین کو که اب خراب هوگئي کیونکه مٹا دیا سب بسر (جسم) (بشر) نے رستہ اپنے کو اوپر اُس زمین کے ●

V. 13 And God said to Noah the end of all flesh drew before me, for *that* land was filled with violence committed before me, and that I would now destroy them with *that* land.

باب ۶—۱۳ اور کہا خدا نے نوح کو هر بسر (جسم) (بشر) کا آیا میرے سامنے کیونکه بهرگئي وه زمین بدکاري میرے سامنے کي ہے اُنکي اور اب میں مٹا دونگا اُنکو معه اُس زمین کے ●

V. 17. And I am now about to bring over a deluge on *this* land for destroying all under the heaven that is with spirit in it; all that is on *this* land shall die.

باب ۶—۱۷ اور میں اب لانے والا هوں طوفان پانیکا اوپر اُس زمین کے واسطے مٹادینے تمام بسر (جسم) (بشر) جسکے ساتھه هے روح زندگي کي نیچے سے اُن آسمانوں کے سب جو زمین پر هے مرجاویگا ●

Gen Ch. VII.

باب ساتواں

V. 4. For after seven days I shall cause the rain to fall on this land for forty days and forty nights and all that exists shall be no more on the face of *this* land.

باب ۷—۴ کیونکه دنوں بعد سات کے میں مینھه برسانیوالا هوں اوپر اس زمین کے چالیس دن اورچالیس رات اور مٹادونگا میں تمام اس موجود کو جو بنایا مینے اوپر سے منھه اِس زمین کے ●

V. 6. And Noah was 600 years old when the flood burst out over *that* land.

باب ۷—۶ اور نوح تھا پیدا هوا چھه سو برسکا که طوفان هوا پاني کا اوپر اُس

زمین کے ٭

قبل پیدایش مسیح علیه السّلم ۲۳۴۵

قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۲۹۳۰

باب ۷—۱۰　جب هوے سات دن تو
پاني طوفان کا هوا اوپر اُس زمین کے ٭

V. 10 After seven days the waters of the flood visited *that* land.

باب ۷—۱۲　اور تها مینهه اوپر اُس
کے زمین چالیس دن اور چالیس رات ٭

V. 12. Aand the rains fell over *that* land for 40 days and 40 nights.

باب ۷—۱۷　اور تها طوفان چالیس دن
اوپر اُس زمین کے اور بڑها پاني اور اُٹها
لیا کشتي کو اور بلند هوا اوپر سے اُس
زمین کے ٭

V. 17. And the flood prevailed on *that* land for 40 days, and became deep and lifted up the ark and rose higher and higher on that land.

باب ۷—۱۸　اور زور شور کا هوا پاني
اور بڑها بهت اوپر اُس زمین کے اور چلي
کشتي اوپر منهه پاني کے ٭

V. 18. And the waters grew violent and impetuous, and rose to a great height over *that* land and the ark moved over their surface.

باب ۷—۱۹　اور پاني کا زور هوا بهت
بهت اوپر اُس زمین کے اور چهپادیا سب
پهاڑوں اونچوں کو جو تهی نیچے تمام اُن
آسمانوں کے ٭

V. 19. And the waters attained their greatest height and impetuosity on *that* land, and covered all the high mountains that stood under *those* heavens.

باب ۷—۲۰　پندرہ هاتهہ اوپر بڑہ گیا
پاني اور چهپادیا اُن پهاڑوں کو ٭

V. 20. The waters rose up fifteen cubits and covered *those* mountains.

باب ۷—۲۱　اور مرگیا سب جسم جو
چلتا اوپر اُس زمین کے مع اُڑنے والی اور
مع چوپاے اور مع جانور اور مع سب
رینگنی والے کے جو رینگتا اوپر اُس زمین
کے اور سب وہ آدمي ٭

V. 21. And all flesh died that moved on *that* land, including fowls, cattle, beasts, and every creeping thing that creepeth on *that* land, and all *those* men.

باب ۷ — ۲۳　اور مٹا دیا تمام اُس
موجود کو جو تها اوپر منهہ اُس زمین
کے آدمي سے چوپایوں تک رینگنے والے
تک اور اوڑنے والے آسمانوں تک اور مٹگئی
اُس زمین سے اور بچ گیا فقط نوح اور جو
تها اُسکے ساتهہ کشتي میں ٭

V. 23. And all that existed upon the face of *that* land was destroyed; men, quadrupeds, creeping things and birds of the air no more existed on *that* land, and Noah and whatever was with him in the ark were the only objects saved.

باب ۷ — ۲۴　اور بڑها رها پاني اوپر
اُس زمین کے پچاس اور سو دن ٭

V. 24. And the waters prevailed on *that* land for 150 days.

قبل پيدايش مسيح عليه السلام ۲۳۴۵ — قبل پيدايش محمد رسول الله صلعم ۲۹۲۰

Gen. Ch. VIII.

باب آٹهواں

V. 1. God remembered Noah and every living thing and the cattle that were with him in the ark; and God made a wind to pass over *that* land, and the waters assuaged.

باب ۸—۱ اور ياد كيا خدا نے نوح كو اور سب جاندار كو اور هر چوپاے كو جو ساتهه آسكے تها كشتي ميں اور چلائي خدا نے هوا اوپر آس زمين كے اور سوكهه گئے پاني ●

V. 3 And the waters began to diminish on *that* land by moving to and fro; and after the end of an hundred and fifty days the waters were abated.

باب ۸—۳ اور گهٹنے لگا پاني اوپر سے آس زمين كے لوٹ پوٹ كے اور كم هوا پاني مدت پچاس اور سو دن ميں ●

V. 7. And he sent forth a raven which went forth to and fro, until the waters were dried off on *that* land.

باب ۸—۷ اور چهوڑ ديا كوے كو اور نكلا جاتا اور لوٹ آتا سوكهنے تك پاني كے اوپر سے آس زمين كے ●

V. 8. And he sent forth a dove from him, to see if the waters were abated from off the face of *that* land.

باب ۸—۸ پهر چهوڑ ديا كبوتري كو اپنے پاس سے ديكهنے كو كيا گهٹا پاني اوپر سے منهه آس زمين كے ●

V. 9. But the dove found no rest for the sole of her foot and she returned unto him into the ark, for the waters were on the face of the whole of *that* land; then he put forth his hand and took her and pulled her in unto him in the ark.

باب ۸—۹ اور نه پائي كبوتري نے جگهه واسطے كف پا كے اور پهر آئي پاس آسكي كشتي ميں كه پاني تها اوپر منهه تمام آس زمين كے اور بڑهايا اپنا هاتهه اور لے ليا آسكو اور لے آيا آسكو پاس اپنے كشتي ميں ●

V. 11. And the dove came in to him in the evening; and in her mouth was an olive leaf pluckt off: so Noah knew that the waters were abated from off *that* land.

باب ۸—۱۱ اور آئي پاس آسكے كبوتري وقت شام كے اور تهي پتي زيتون كي ٹوٹي هوئي آسكے منهه ميں تبهي جانا نوح نے كه گهٹ گيا پاني اوپر سے آس زمين كے ●

V. 13. And it came to pass in the six hundred and first year, in the first month, the first day of the month the waters were dried off *that* land, and Noah removed the covering of the ark, and saw the face of *that* ground was dry.

باب ۸—۱۳ اور هوا ايك اور چهه سو برس ميں پهلے ميں پهلي كو مهينے كي سوكهه گئے پاني اوپر سے آس زمين كے اور آٹهايا نوح نے پرده كو كشتي كے اور ديكها كه سوكهه گيا منهه آس زمين كا ●

قبل پیدایش مسیح علیه السلام ۲۳۳۵

قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۲۹۲۰

V. 14. And in the second month, on the seven and twentieth day of the month, was *that* ground dried.

باب ۸—۱۴ اور مہینے دوسرے میں ستائیسویں دن مہینے کے سوکھہ گئي وہ زمین *

V. 17. Bring forth thee every living thing that is with thee, of all flesh, both of fowl and cattle, of every creeping thing that creepeth upon the land, that they may breed abundantly in *that* land, and be fruitful and multiply upon *that* land.

باب ۸—۱۷ سب جاندار جو ساتهہ تیرے سب جسم سے معہ پرند اور معہ بہیمہ کے اور معہ سب رینگنی والوں کے جو رینگتی هیں اوپر زمین کے نکال ساتهہ اپني کہ کلبلائیں زمین پر اور پهلیں اور بڑهیں اوپر اس زمین کے *

V. 21 And the Lord smelled a savour of satisfaction, and the Lord said in his heart, I will not curse *this* land any more for man's sake: for the imagination of his heart is evil from his youth; neither will I again smite any more every living thing, as I have done.

باب ۸—۲۱ اور سونگهي الله نے بو رضامندي کي اور کہا الله نے اپنے دلمیں نہ پهر لعنت کرونگا بعد اسکے اس زمین کو واسطے آدمي کے کیونکہ خیال دل آدمي کا بد هي لڑکپن آسکے سے نہ پهر مارونگا سب زندہ کو جیسا کیا میںنے *

V. 22. For all the remaining days of *this* land seed time and harvest, and cold and heat, and summer and winter, and day and night shall not cease.

باب ۸—۲۲ بعد اِسکے سب دنو اس زمین کے بونا اور کاٹنا اور سردي اور گرمي اور ربیع اور خریف اور دن اور رات موقوف نہ هونگي *

Gen. Cha. IX.

باب نواں

V. 1. And God blessed Noah and his sons, and said unto them, be fruitful and multiply, and replenish *this* land.

باب ۹—۱ اور برکت دي خدا نے نوح کو اور بیٹوں آسکے کو اور کہا آنکو بڑهو اور بهرو اِس زمین کو *

III. Remarks from the Holy Koran in proof of the Deluge having been partial.

تیسري گفتگو طوفان کے خاص هونیکا ثبوت قران مجید سے

No passage in the Holy Koran leads us to conclude that the deluge was universal, or that it was such as should have drowned everything on the Globe. On the contrary it simply tells us, that it was only partial, and destroyed only those inhabitants of the world that did

جانا چاهیئی کہ قران مجید کي کسي آیت سے طوفان کا عام هونا اور تمام کرہ زمین کا پاني میں ڈوب جانا پایا نهین جاتا اور نہ آسکي کسي آیت میں تمام دنیا میں طوفان کا آنا مذکور هے اور نہ تمام دنیا کے انسانوں کا ڈوب کر مرجانا

not give heed to the preaching of Noah. It is only in imitation of the Jews, and from the careless acceptance of the notions of the vulgar, and from not consulting the Holy Koran on the subject that our Mahomedan divines have been led generally to profess that the flood was universal. I now proceed to attest what I have just said, and believe that Dr. Colenso will now allow, that, centuries before the bright age of our modern knowledge, the later inspiration of God (viz the Koran) had explained to us the meaning of the former (viz the Bible) with regard to the flood.

قبل پیدایش مسیح علیہ السلام ۲۳۳۵ | قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۲۹۲۰

آسمیں بیان ہوا ہے بلکہ قرآن مجید میں علانیہ خاص طوفان کاذکر ہے اور صرف نوح کی قوم کا ڈوبنا بیان ہوا ہے ہمارےیہاں کے عالموں نے صرف علماے یہود کی پیروی کرکر اور جو کہانی طوفان کی آنکے هاں چلی آتی تہی آسکو صحیح سمجہہ کر بلالحاظ اسبات کے کہ قرآن مجید میں جو حقیقت بیان ہوئی ہے وہ آسکی برخلاف ہے طوفان کا عام ہونا تسلیم کیا ہے چنانچہ اس مطلب کو ہم قرآن مجید کی آیتوں سے ثابت کرتے ہیں اب ہمکو یقین ہے کہ بشپ کالنزو صاحب اسبات کو قبول فرماویں گی کہ حال کی ترقی یافتہ علم کی تحقیقات سے بہت پیشتر نئی الہامی زبان نے پرانی الہامی کتاب کی مراد کو بخوبی بتادیا تہا کہ نوح کا طوفان خاص تہا نہ عام ●

God has said in the Holy Koran—"We sent Noah heretofore unto his people and he said, O my people, serve God; ye have no God besides him."— Soora Momanoon, v. 23. This serves to show that the deluge was caused to fall upon that people alone who were headed by Noah. God has again said— "We protected Noah from the people who accused our signs of falsehood; for they were a wicked people: wherefore we drowned them all." Soora Umbiya, v. 77. This decidedly proves that that people were only destroyed, who were disobedient and refractory, and had no fear of God. God again says— "Speak not unto me in behalf of those who have acted unjustly: for they are to be drowned." Soora Hood, v. 37. Soora Momanoon,

† سورہ مومنون آیت ۲۳

قرآن مجید میں خداتعالی نے † فرمایا کہ " ہم نے نوح کوبہیجا آسکی قوم کی طرف نوح نے کہا کہ ای قوم بندگی کرو اللهکی نہیں ہے تمہارے لیئے کوئی معبود سواء خدا کے " اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ عذاب بہی آسی قوم کے لیئے آیا تہا جسکے لیئے حضرت نوح بہیجی گئے تہے اور

‡ سورہ انبیا آیت ۷۷

بہر خداتعالی نے ‡ فرمایا کہ " ہمنے مدد کی نوح کی آس قوم پر جنہوں نے جہٹلایا ہماری نشانیونکو بیشک، وہ قوم تہی بری پس ڈبا دیا ہمنے آن سب کو اکہٹا " اس سے صاف پایا جاتا ہے کہ وہی قوم ڈبوئی گئی جنہوں نے حضرت نوح کا انکار کیا تہا

* سورہ هود آیت ۳۷
سورہ مومنون آیت ۲۳

اور بہر الله تعالی نے * حضرت نوح کو فرمایا کہ " تو مت کہہ مجہسے آن لوگوں کے لیئے جنہوں نے نا فرمانی کی کیونکہ وہ ڈوبنے

قبل پيدايش ۲۳۲۵ — قبل پيدايش مسيح عليه السلام — قبل از تحمد رسول الله صلعم ۲۹۲۰

v. 23.—This also clearly brings to view the fact that those only were destroyed who were so very offensive to God. God again says—"Verily we sent Noah unto his people, saying, warn thy people before a grievous punishment overtake them."—Soora Noah, v. 1. It is obvious from this passage likewise, that when Noah's people did not yield obedience to the divine will which had been made known unto them, they alone, and not the whole world, were, as a just consequence, subjected to the punishment and afflictions designed for them.

Those who attempt to support the assertion of the flood having been universal, by referring to the holy Koran, allude to two verses in it: one of which being that where Noah thus prayed to God: "Leave not any families of the unbelievers on the earth."—Soora Noah, v. 26. But this verse cannot prove that the deluge was universal: since the words "earth and unbelievers" here used have the prefix *al,* which being the definite article in Arabic shows that they denote *that land* occupied by the people of Noah, and *those* unbelievers only who had disobeyed God when they knew his will. This signification is well supported and enforced by the several quotations I have given above. And the other verse one where God said—"And we caused his offspring to be those who survived." Soora Saffat, v. 77. I can not understand by what course of reasoning this verse is appealed to to prove the fact of the deluge having been universal: since it

والي هين" پس اس آيت سے بهي صرف انهي لوگون کا ڈوبنا معلوم هوتا هے جنهوں نے حضرت نوح کي هدايت کو نهيں مانا اور پهر خدا نے † فرمايا که " همنے بهيجا نوح کو اسکي قوم کيطرف که ڈرا اپني قوم کو پهلے اس سے که آوے انپر عذاب دکهه دينا " اور جب که حضرت نوح کي نصيحت اونهوں نے نماني تو حضرت نوح نے دعا مانگي که انپر طوفان کا عذاب آوے اس سے بهي اسيقدر معلوم هوتا هے که صرف قوم نوح پر عذاب آيا تها نه تمام دنيا پر *

جو لوگ که قران مجيد سے طوفان کا تمام دنيا ميں آنا بيان، کرتے هيں وه صرف دو آيتوں پر استدلال کرتے هيں اول وه آيت هے که جب حضرت نوح نے خداتعلی سے دعا کي که " ‡ اے پروردگار مت چهوڑ زمين پر کافروں کا ايک گهر بهي بسا هوا " حالانکه اس آيت سے کسيطرح عام هونا طوفان کا ثابت نهيں هوتا کيونکه اس آيت ميں جو ارض کا لفظ هے اسپر بهي الف لام هے اور کافرين کا جو لفظ هے اسپر بهي الف لام هے پس اس سے صاف ثابت هے که زمين سے وهي زمين مراد هے جهاں نوح کي قوم رهتي تهي اور کافروں سے وهي مراد هيں جنهوں نے حضرت نوح کا انکار کيا چنانچه اسي امر کي تائيد ان تمام آيتوں سے پائي جاتي هے جو اوپر مذکور هوئيں دوسري آيت وه هے جهاں خدا نے || فرمايا " اور کيا هم نے نوح هي کي ذريت کو بچي هوئي " ميں نهيں سمجها که اس آيت سے کسطرح

† سورة نوح آيت ۱

‡ سورة نوح آيت ۲۶

|| سورة صافات آيت ۷۷

only says, that of the people overtaken by that judgment none survived except the children of Noah. Hence how can it be alleged that it proves the whole of the earth to have been inundated? The fact is simply this, that like the Jews the Mahomedan doctors have sought to derive from the pages of the holy Koran, proof as to the universality of the deluge; while in reality there is no passage which fairly interpreted can be said to lead to such a conclusion.

On some events connected with the deluge as recorded in the holy Koran.

The events connected with the deluge related in our Koran which are not to be found in the Bible, are only two in number, viz. firstly, that Noah's wife and his son were drowned in the flood. I may here quote the few verses in which it is so stated. "Noah called unto his son who was separated from him, saying, embark with us, my son, and stay not with the unbelievers. He answered, I will get on a mountain, which will secure me from the waters. Noah replied, there is no security this day, from the decree of God, except for him on whom he shall have mercy. And a wave passed between them, and he became one of those who were drowned."— Soora Hood, v. 42—43.

قبل‌پیدایش مسیح علیه السلام ۲۳۳۵　قبل‌پیدایش محمدرسول الله صلعم ۲۹۲۰

تمام دنیا میں طوفان آنے کا استدلال کیا جاتا ھے کیونکہ اِس آیت کا مطلب صرف اسقدر ھے کہ جن لوگوں پرطوفان آیا تھا اُنمیں سے بجز نوح کی ذریت کے اور کوئی نہیں بچا پھر اِس سے تمام دنیا پر طوفان آنا کیونکر ثابت ھو سکتا ھے حقیقت یہہ ھے کہ ھماری ھاں کے علماء نے صرف یہودیوں کی پیروی کرکر طوفان کا عام ھونا قران مجید سے نکالنا چاھا تھا ورنہ ھمارے قران مجید سے عام ھونا طوفان کا نہیں پایا جاتا فتدبر ✻

بعض واقعات طوفان کا ذکر جو قران مجید میں مندرج ھیں

وہ واقعات طوفان کے جو قران مجید میں مندرج ھیں اور ظاھرا ایسی معلوم ھوتی ھیں کہ اُنکا ذکر توریت مقدس میں نہیں ھے وہ صرف دو واقعہ ھیں یعنی حضرت نوح کے بیٹے کا اور اُنکی بیویکا بھی طوفان میں غرق ھونا چنانچہ اول ھم اُن آیتونکو یہاں لکھتے ھیں جنمیں وہ بیان ھے ✻

سورہ ھود آیت ۴۲ و ۴۳	سورہ ھود میں اللہ تعالیٰ فرماتا ھے کہ"
ونادی نوح ابنہ و کان فی معزل یبنی ارکب معنا ولا تکن مع الکافرین قال سآوی الی جبل یعصمنی من الماء قال لاعاصم الیوم من امرالله الا من رحم . و حال بینهما الموج فکان من المغرقین	اور پکارا نوح نے اپنے بیٹے کو اور وہ ھورھا تھا کنارہ اے بیٹے سوار ھو ساتھہ ھمارے اور مت ھو ساتھہ کافروں کے کہا اُسنے میں چڑہ جاؤنگا پہاڑ پر بچادی کا مجھکو پانی سے

قبل پیدایش مسیح علیہ السلام	قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم
۲۳۴۵	۲۹۲۰

نوح نے کہا کہ کوئی بچانے والا نہیں ہے آج کے دن الله کے حکم سے مگر جسپر وہ رحم کرے اور آگئی اُن دونوں میں موج پھر وہ گیا ڈوبنے والوں میں ●

اور اسی سورۃمیں اللہ‌تعالی فرماتا ہے

سورہ ھود آیت ۴۵ لغایت ۴۷

و نادیا نوح ربه فقال رب ان ابنی من اهلی وان وعدک الحق وانت احکم الحاکمین قال یٰنوح انه لیس من اهلک انه عمل غیر صالح فلا تسئلن مالیس لک به علم انی اعظک ان تکون من الجاهلین قال رب انی اعوذبک ان اسئلک مالیس لی به علم والا تغفرلی و ترحمنی اکن من الخسرین ●

اور پکارا نوح نے اپنے رب کو پھر کہا اے رب میرا بیٹا ھی میری گھروالونمیں سے اور تیرا وعدہ سچا ہے اور توحاکمونکا حاکم ہے فرمایا اے نوح وہ نہیں تیری گھر والونمیں سے اُسکی کام ھیں ناکارہ تومت پوچھہ مجھسے جو تجھکو معلوم نہیں میں بچاتاھوں تجھکو جاھلوں میں ھونے سے کہا اے رب میری میں پناہ مانگتاھوں تجھسے یہہ کہ پوچھوں میں تجھسے جو معلوم نہو مجھکو اور اگرتو نہ بخشیگا مجھکو اور نہ رحم کرے گا تو ھون گا میں ٹوٹے والوں میں سے ●

"Noah called upon his Lord and said, O Lord, verily my son is of my family, and thy promise is true: for thou art the most just of those who exercise judgment. God answered. O Noah verily he is not of thy family: this intercession of thine for him is not a righteous work. Ask not of me, therefore, that whereof thou hast no knowledge. I admonish thee that thou mayst not become one of the ignorant. Noah said, O my Lord, I have recourse unto thee for the assistance of thy grace, that I may ask not of thee that whereof I have no knowledge; and unless thou forgive me and be merciful unto me, I shall be one of those who perish." Soora Hood, v. 45-47.

اِن آیتوں سے بعض لوگ خیال کرتے ھیں کہ سواے اُن تین بیٹوں کے جنکا ذکر توریت مقدس میں ہے حضرت نوح کے ایک اور بیٹا تھا جو کافروں کے ساتھہ ڈوب گیا ●

مگریہہ خیال غلط ہے حضرت نوح کے دُوسرا اور بیٹا سواے اُن تین بیٹونکے نہ تھا

It has been supposed that besides those sons of Noah spoken of in the Pentateuch, there was another son who was drowned. But this opinion cannot be received as true. Noah had no more sons than those three, and the son referred to in the Koran as having been drowned was not his own seed, being his son

قبل پیدایش مسیح علیه السلام ۲۳۳۵ — قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۲۹۲۰

only by the former husband of his wife Nama, Gen. IV. 22, who was from the race of Cain.—

This view is not my own alone but has the sanction and support of our learned commentators. It is stated in the Tufseer Kabeer, that the person whom Noah called his son was not so in truth. This is founded on the authority of Mahomed, son of Bukir, and Hussun Busree. And there is a tradition that Ally and Mahomud, son of Bakir, and Oorwa, son of Zoobair, read the feminine pronoun instead of the masculine pronoun used in the above verse for Noah, so as to make it applicable to his wife. And Katada said that on his having asked Hussun Busree about the son of Noah he got this answer: By God there was none drowned of the sons of Noah. On which Katada said that, while it was stated in the Koran that "Noah said, he was the son of his family," how was it then that the person alluded to was not the son of Noah? To this Hussun Bussree thus replied: Noah did not declare that he was one of his seed, but of his family, which leads to the suggestion already expressed.

The good authorities above quoted are sufficient to prove that the son of Noah who perished in the flood, was not of his own seed; and it is for this reason that nothing has been said of him in the Pentateuch.

اور یہہ بیٹا جسکا یہاں ذکر ہے حضرت نوح کا بیٹا نہ تھا بلکہ حضرت نوح کی بیویکا بیٹا پہلے خاوند سے تھا اور قاین کی نسل سے تھا اور غالباً یہہ بیٹا نعمہ کا تھا جسکا نام کتاب پیدایش باب ۴ ورس ۲۲ میں آیا ہے *

یہہ جو میں نے بیان کیا یہہ میری رای نہیں ہے بلکہ ہمارے ہاں کے مفسر بھی یہی لکھتے ہیں تفسیر کبیر میں ہے کہ وہ جسکو حضرت نوح نے بیٹا کہا حضرت نوح کا بیٹا نہ تھا بلکہ حضرت نوح کی بیوی کا بیٹا تھا اور یہہ قول بھی جناب محمد تقی باقر علیہ السلام کا اور حسن بصری کا اور یہہ روایت ہے کہ حضرت علی مرتضے رضی الله تعلی عنه اور حضرت محمد بن علی الباقر اور عروہ ابن زبیر اس آیت میں جو مذکر کی ضمیر ہے اور جو حضرت نوح کیطرف پھرتی ہے مونث کی ضمیر پرھتے تھے تاکہ حضرت نوح کی بیوی کیطرف پھرے اور قتادہ نے کہا کہ میںنے حسن بصری سے حضرت نوح کے بیٹے کا حال پوچھا

تفسیر کبیر

انه کان ابن امرئته وهو قول محمد بن الباقر علیه السلام و قول الحسن البصری ویروی ان علیا رضی الله عنه قراء ونادی نوح ابنه ابنها والضمیر لامرئته و قراء محمد بن علی الباقر و عروه ابن زبیر ابنه بفتح الهاء یرید انه ابنها الا انهما اکتفیا بالفتح عن الالف وقال قتاده سالت الحسن عن ابنه فقال والله ما کان ابنه فقال قلت له ان الله حکی عنه انه قال ان ابنی من اهلی وانت تقول ما کان ابنه فقال انه لم یقل انه ابنی ولکنه

قبل پیدایش مسیح علیه السلام ۲۳۳۵

قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۲۹۴۰

قال من اهلی وَهذا لیدل علی قولی " انھون نے کہا قسم بخدا کہ حضرت نوح کے کوئی بیٹا جو ڈوبن میں ڈوبا نہ تھا قتادہ نے کہا کہ خدا نے تو قول نوح کا یون بیان کیا ہے کہ نوح نے اُس بیٹے کو جو ڈوب گیا کہا کہ میرا بیٹا میری خاندان میں سے ہے اور تم کہتے ہو کہ اُسکے کوئی بیٹا جو ڈوبا نہ تھا حسن بصری نے کہا کہ حضرت نوح نے یہہ نہیں کہا کہ میرا سگا بیٹا بلکہ یہہ کہا کہ میری خاندان کا بیٹا اور یہہ اُنکا کہنا اُس بات پر دلالت کرتا ہے جو میں کہتا ہوں ❋

بس اِن روایتوں سے ثابت ہوا کہ یہہ شخص حضرت نوح کا بیٹا نہ تھا اور اسی سبب سے توریت مقدس مین حضرت نوح کے بیٹوں کے ساتھہ اِسکا ذکر نہیں ہی جس آیت سے حضرت نوح کی بیوی کا طوفان مین ڈوبنا خیال کیا جاتا ہے وہ یہہ ہے

سورہ تحریم آیت ۱۰

ضرب الله مثلا للذین کفروا امرءة نوح و امرءة لوط کانتا تحت عبدین من عبادنا صالحین فخانتاھما فلم یغنیا عنھما من الله شیئا وقیل ادخلا النار مع الدخلین

الله نے بتائی ایک کہاوت منکروں کی واسطے عورت نوح کے اور عورت لوط کے گھر میں تھیں دونوں ایک دو نیک بندوں کے ہمارے بندوں میں سے پھر فاقہ بہانی کی اُنہوں نے اُنکی پھر نہ دفع کیا اُنھوں نے اُن سے تھوڑا سا بھی عذاب الله کا اور حکم ہوا کہ جاؤ دوزخ میں ساتھہ جانے والونکے ❋

اس آیت سے لوگ خیال کرتے ہیں کہ حضرت نوح علیہ السلام کی بیوی بھی

The passage supposed to have reference to the perishing of the wife of Noah is the following:— "God setteth forth as an example unto the unbelievers, the wife of Noah and the wife of Lot: they were two of our righteous servants, and their wives deceived them both: wherefore their husbands were of no avail to them at all, in the sight of God; and it shall be said unto them at the last day, Enter ye into hell fire with those who enter therein."— Soora Tuhreem; v. 10.

It is argued by some from the language of this verse that the wife of Noah

قبل پیدایش مسیح علیه السلام ۲۳۳۵

قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۲۹۲۰

کافروں میں تھی اور وہ بھی غرق ہوئی اور توریت مقدس سے پایا جاتا ہے کہ حضرت نوح کی بی بی کشتی میں حضرت نوح کے ساتھہ تھی اور انہوں نے ڈوبنے سے نجات پائی ●

مگر سمجھنا چاہیئے کہ باجودیکہ اِس آیت میں حضرت نوح کی بیوی کا ڈوبنا صاف صاف بیان نہیں ہوا لیکن اگر اسپر بھی اُنکا ڈوبنا ہی سمجھیں تو اُسکے ساتھہ ہی ہمکو یہہ بات بھی نہنی چاہیئے کہ ہمارے ہاں کتابوں سے پایا جاتاہے کہ حضرت نوح کی دو بیویاں تھیں اُنمیں سے ایک بی بی ڈوبی اور ایک حضرت نوح کے ساتھہ کشتی میں گئی چنانچہ تفسیر کبیر میں ابن عباس سے روایت لکھی ہی کہ کشتی میں نوح اور اُنکی بیوی بھی تھی سواے اُس بی بی کے جو ڈوب گئی بعض علماء یہود کہتے ہیں کہ حضرت نوح کی ایک بی بی نعمہ نسل قاین سے تھی اور ایک بی بی اولاد حضرت ادریس سے بس کچھہ عجب نہیں کہ نعمہ کافر ہو اور وہ ڈوب گئی ہو اور اِسی سبب سے توریت مقدس میں اُسکا ذکر نکیا ہو مگر جب یہہ بات ثابت ہے کہ حضرت نوح کی ایک بی بی بلاشبہ کشتی میں تھی تو اگر اس آیت سے ایک بی بی کا غرق ہونا ہی مراد لیا جاوے تو بھی کچھہ اِختلاف نہیں رہتا ●

s one of the unbelievers, and therefore rished with them; whereas on the ner hand, she is said in the Mosaic count to have taken shelter in the k, and thus to have been saved.

Notwithstanding that the destruc- on of Noah's wife is here not expressly entioned, but allowing it to have been ally the case, we may consider that cording to our books Noah had two ives, one of whom, as tradition relates, as drowned; while the other escaped ith Noah in the ark. It is quoted in he Tufseer Kabeer from Ibn Abbas, hat there were in the ark Noah and is wife independent of the one that erished in the inundation. Rabbis say hat Noah had two wives one being amed Nama from the race of Cain, and he other from the children of Enoch; and that it is not unreasonable to con- clude that Nama may have been infidel, and consequently drowned: for which reason she was not regarded worthy of being mentioned in the Pentateuch. In short under all circumstances, when it is proved that there certainly was a wife of his in the ark with Noah, there can not be said to exist any discrepancy between the Mosaic History and the Koran, even allowing that one of his wives had been drowned.

قبل پیدایش مسیح علیه السلام ٢٣٣٥ — قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ٢٩٢٠

A REFUTATION OF THE OBJECTIONS OF DOCTOR COLENSO TO A PARTIAL DELUGE.

In his Part IV. p. 202 Dr. Colenso says that "the difficulties already noticed besides others yet to be named, will not be really removed by this supposition. For it is just as inconceivable that the worms and snails and grasshoppers should have crawled into the ark from different parts of some large basin in Western Asia (as Hugh Miller imagines) as from different parts of the world. One small brook alone would have been a barrier to their future progress."

But if we carefully consider the subject in Scripture, this objection will be found of very little worth. God has said, that, whatever existed upon the earth would perish and die on the earth being flooded by waters, VI. 17 : consequently those creatures that *inhabit the water* would not have needed to take shelter within the ark. Again as it was God's purpose in directing Noah to secure a pair of every description of animals to preserve and perpetuate their species with Noah's for futurity, VI. 19, 20, VII. 3, we should rationally infer that those creatures such as insects &c which come into existence spontaneously or without having reference to the ordinary process of nature, had no need also for seeking refuge in the ark : since it is found plainly stated in the religious books of us Mahomedans that Noah had given asylum in his ark to those animals only which possess within themselves the power of reproduction. Consquently those inferior orders of the animated

بشپ کالنزو صاحب کے اعتراضوں کا جواب جو خاص طوفان کي نسبت هيں

† قوله " اگر طوفان کو ایک خاص ملک میں مانا جارے توبهي مشکلات رفع نهیں هونیں کیونکه یهه بات که رینگنے والے کیڑے اور گهونگے مغربي ایشیا کے کسي بڑے دایره کے مختلف حصوں سے کشتي میں رینگ آئي هوں جیسا هو ملر صاحب خیال کرتے هیں ایساهي نا قابل قیاس هے جیسا که دنیا کے مختلف حصونمیں سے ائے هوتے ایک هي چهوٹي ندي آنکے آگے بڑهنے دینے کے لیئے روکاوٹ هوتي " *

مگر جب هم کتاب اقدس پر غور کرتے هیں تو اس اعتراض کي کچهه بهي بنیاد نهیں پاتي خدانے فرمایا تها که طوفان کے آنے سے ‡ جو زمین پر هے مرجائیگا بس جتنے جانور دریائي یا پاني کي پیدایش تهی اُنکا کشتي میں آنا کچهه ضرور نه تها اور جو که خداتعالی نے اُن جانوروں کے کشتي میں بیٹهانیکا اسلیئے حکم دیا تها که || وه بهي حضرت نوح کے ساتهه زنده رهیں جسکا مطلب یهه تها که اُنکي نسل آینده کو منقطع نهو اس سے ثابت هوتا هے که اُن حیوانات کا جو از خود بغیر توالد و تناسل کے پیدا هو جاتے هیں آنکے لیئے کشتي میں بیٹهانیکا حکم نه تها چنانچه همارے مذهبي کتابوں میں بهي صاف لکها هے که حضرت نوح نے صرف اُنهي جانوروں کو جو بچه دیتے هیں یا انڈا دیتے هیں کشتي میں بٹهایا تها بس ایسے جانوروںکا جنکا کشتي تک آنا بشپ

† حصه چهارم صفحه ٢٠٢

‡ باب ٦ — ١٧

|| باب ٦ — ١٩ و ٢٠ و ٧ — ٣

creation, whose access to the ark according to Dr. Colenso would have been most difficult or rather impossible, should not have been obliged to go in at all.

Dr. Colenso again says, that " nor Noah could have also provided for the wild carnivorous animals of those parts which included the lion and leopard, the eagle and vulture."

But I think he should not have claimed to himself the right of putting forward this objection unless he could have proved first that such ferocious beasts were really admitted. Noah himself had not the care of gathering around him all the beasts of the forest and the birds of the air; but it was God who was pleased to cause them to assemble there miraculously, VI. 20, and VII. 9., either for preserving their species for future or for some other contingency that might have arisen from the flood. Consequently by all the animals in pairs spoken of in Scripture only those are to be understood that God had caused to resort to the ark by His own supernatural power. Hence Dr. Colenso's aforesaid objection would be worth anything at all, when he could first prove that animals like tiger, leopard, eagle and vulture, did receive shelter in the ark with Noah.

He again says, that " besides in such a case what need would there have been to crowd the ark with the fowls of the air by sevens? Gen. VIII. 3.—since birds surely might have made their escape easily beyond the boundaries of

قبل پیدایش مسیح علیہ السلام ۲۳۲۵ | قبل پیدایش محمد رسول اللہ صلعم ۲۹۲۰

کانزو صاحب دشوار خیال فرماتے ہیں کچھہ ضرور نہ تھا ٭

قولہ " نہ نوح اُن حصونکی جنگلی خونخوار حیوانوں کی غذا وغیرہ کا سرانجام کرسکا ہوگا جنمیں شیر چیتا اور عقاب اور گد تہے "

اِس اعتراض سے پہلے بشپ کانزو صاحب کو یہہ بات ثابت کرنی چاہیئے تھی کہ بیشک یہہ جانور جنکا وہ ذکر کرتے ہیں نوح کی کشتی میں تھے حضرت نوح نے خود تمام جانوروں کو کشتی میں جمع نہیں کیا تھا بلکہ خود خدا نے تمام چرند و پرند کو جنکا کشتی میں بیٹھنا خواہ واسطے بقاے نسل کے خواہ واسطے اور کسی کام کے جسکی طوفان میں ضرورت تھی مصلحت سمجھا تھا حضرت نوح کے پاس بطور ایک معجزہ کے جمع کردیا تھا چنانچہ اس معجزہ کا اِشارہ ہم خود کتاب اقدس سے † پاتے ہیں پس جہاں جہاں کتاب اقدس میں سب جانوروں اور اُنکی جوڑوں کے داخل کرنیکا حکم ہے اُنسے وہی جانور اور جوڑے مراد ہیں جنکو خدا نے نوح کے پاس حاضر کردیا تھا پس اگر بشپ صاحب پہلے یہہ بات ثابت کردیں کہ اُن جانوروں میں شیر اور چیتے اور عقاب اور گد بھی تہے تو شاید اِس اعتراض کرنے کی جگہہ ہو ٭

قولہ " علاوہ اسکے ایسی حالت میں کشتی کو پرندونکے ‡ سات سات جوڑوں سے بھر دینے کی کیا ضرورت ہوئی ہوگی کیونکہ پرندے طوفان کی حدود سے آگے باسانی چلی گئی ہونگی " ٭

† باب ۶ — ۲۰
۷ — ۹

‡ باب ۸ — ۳

قبل پیدایش مسیح علیہ السلام ۲۳۴۵ — قبل پیدایش محمد رسول اللہ صلعم ۱۹۲۰

the inundation."

Archdeacon Pratt writes, page 55 :— "A better acquaintance with the habits of many of the migrating birds will convince an objector, that even in a local deluge of the extent which we suppose the deluge may have attained, many species would have become extinct but for their preservation in the ark, as the surrounding regions could not have supplied them."

آرچ ڈیکن پریٹ صاحب نے اپني کتاب کے صفحہ ٥٥ میں اس مشکل کو اسطرح پر حل کیا ھے کہ جو جانور نقل مکان نہیں کرتے اُنمیں سے بہت سوں کي عادتوں سے واقف ھونے پر ایک معترض کو اسکا بہي یقین ھوگا کہ اِسیقدر کے ایک خاص طوفان میں جسقدر کہ وہ ھوا ھو بہت سي قسمیں اُنکي معدوم ھوجاتیں لیکن کشتي میں حفاظت پانے سے فہوئیں کیونکہ گردنواح کي ولایتوں میں سے وہ بہم نہ پہونچتیں *

Dr. Colenso thus objects to the above that "why on this account should all the birds &c within this limited district have been preserved in the ark, since most of them also existed beyond its boundary."

اس جواب کو بشپ صاحب اسطرح پر رد کرتے ھیں کہ اس وجہہ سے اُس ضلع محدود کے تمام پرندوں کو کشتي میں کیوں محفوظ کیا ھو کیونکہ اُنمیں سے بہت سي اُسکي سرحد کے باھر موجود تھی *

Nor has Dr Colenso proved in this instance that the animals which lived beyond the boundary of that limited region were received by Noah in the ark before starting the above objection. For God may have caused only those animals to repair to Noah, the species of which being peculiar to the inundated district had not yet spread over other countries, and which would have otherwise become extinct for ever. Or even suppose they did exist in other countries likewise, yet they might have been such as could not afterwards possibly migrate to the deluged tracts for reasons like those that Dr. Colenso brings forward in regard to the impossibility of their access to the ark; or they may have

مگر بشپ صاحب نے ابہي یہہ بات ثابت نہیں کي کہ حضرت نوح نے اُن جانوروں کو بہي کشتي میں محفوظ کیا تھا جو اُس ملک کي جہاں طوفان آیاتھا سرحد کے باھر رھتي تھے کیونکہ ھم یہہ کہتے ھیں کہ خدا نے ھر قسم کے اُنہي تمام جانوروں کو حضرت نوح کے پاس معجزہ سے حاضر کیا ھوگا جنکي نسل ابہي اُس ملک سے جسمیں طوفان آیا تھا اور ملکوں میں نہیں پہیلي تہي اور اس سبب سے اُنکے معدوم ھو جانیکا اندیشہ تھا یا گو اُنکي نسل دوسرے ملک میں تہي مگر وہ ایسي چہوٹي یا ایسي قسم کي تہي جنکا دور و دراز ملکوں میں سے سفر کرکر اُس ملک میں انا اُنہي وجوھات سے

قبل پیدایش مسیح علیه السلام ۲۳۳۵ — قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۲۹۲۰

مشکل تھا جن وجوھات سے بشپ صاحب
آنکا حضرت نوح کي کشتي تک انا
مشکل تصور فرماتے ھیں یا اُن کے بٹھانے
سے کوئي اور غرض مثلاً قرباني کي یا
خوراک کي یا زمین کي خشکي دریافت
کرنے کي یا اور کوئي متعلق تھي ❊

قوله " لیکن بلاشبه زیاده صاف لفظ به
نسبت اُنکي جو کتاب اقدس میں یهه
بات ظاهر کرنیکي لیئے مستعمل هوئي
هیں که طوفان عام هوا بمشکل مستعمل
هوسکتي هیں †

ان ورسوں میں کوئي لفظ ایسا مستعمل
نهین هوا جسکے معني خواه نخواه ایسي
هي هوں که طوفان عام هوا همارا یهه
مطلب نهیں هی که هم خواه نخواه کتاب
اقدس کے لفظوں کو مروڑیں اور آسکے
علانیه معني جیسے کوئي متوسط عقل والا
آنکو سمجهے نه لیں بلکه صاف همارا مطلب
یهه هے که علانیه کتاب اقدس کے دوسرے
معني اور اسیطرح پر جیسا که کتاب
اقدس کا محاوره اور استعمال کا طریقه هے
اور جیسا که ایک متوسط عقل کا آدمي
سمجهه سکتا تها بلکه بهت زیاده
سادگي اور بے تکلفي سے لیئي جاسکتي
تهي اور جو هماري عقل کے قصور اور
هماري غفلت سے همسے چهوٹ گئے تهے
انکو هم اختیار کریں همکو اسبات میں که
همارے علم الهي کے کسي عالم نے قبل
پیش آنے ان مشکلات کے ان معنوں کي
طرف رجوع کي تهي شیخي کرنا اور یهه
بات کهني که بشپ سٹیک صاحب اور
پول صاحب نے اس رائے کي تائید
مدت پیشتر اس سے که قدرت کے عام

† باب ۶ — ۱۷
۶ — ۱۹
۷ — ۴
۱۵
۱۹
۲۱
لغایت
۲۳
۸ — ۲۱
۹ — ۱۱
۱۵

been such as were secured for special purposes, such as those of sacrifice and food; or for the purpose of ascertaining by their help the drying up of the land after the subsidence of the flood. He again says that "surely plainer words could hardly be used than those Scripture employs to show that the deluge was universal, VI. 17, 19; VII. 4,15, 19, 21—23; VIII. 21; IX 11, 15."

The verses here referred to do not contain any such words as would necessarily signify a universal deluge. By this I do not mean to say that I am to twist and distort the words of Scripture and reject the plain and obvious sense in which a man of average capacity would take them. On the contrary, it is my intention fairly to adopt a secondary but which shall be an equally obvious meaning, in a manner conformable to the common phraseology and the idiomitic style of the Scriptures, which meaning a man of ordinary information would not hesitate to accept, and which may indeed be permitted by common usage; but which has hitherto remained unnoticed in consequence of our own imperfect understanding and carelessness. We need not boast that ere the occurrence of the present difficulties any of our divines had recourse to the meaning in question; nor need we say that Bishops Stack and Pool had maintained this opinion long before the researches into the science of nature demanded it. Moreover we should honestly feel grateful to

قبل پیدایش مسیح علیه السلام ۲۳۲۵

قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۲۹۲۰

the Geologist through whose means we have now come to know and become sensible of our long established error. But what we may fairly boast of is the triumphant fact of the irreversible and accurate truth of the words of God which we believe and reverence; and we are also led to see that the greater the progress of our knowledge, the more bright and true they prove to be. Though our feeble and finite understanding may have, during a certain period, led us to mistake the true sense of the word of God, and though we may still be liable to err, yet it is very surprising to see that notwithstanding the possibility of falling into any serious errors and being in fact still surrounded by them, the Scriptures have been in both cases equally and alike the instrumental means of our spiritual knowledge and edification.

If we study the Scripture-phraseology with candour and impartiality, we shall be convinced that the words used on the occasion were never intended to signify the whole world, or to convey a sense of that universality which the critics of modern times assume and maintain. It is to be considered that after the creation of Adam when men began to increase and multiply, to such an extent that the surplus population emigrated and spread themselves over different parts of the earth where they founded cities and countries very distant from each other; and when the roads were unsafe and impassible; when from the want of geographical knowledge a ge-

کي تحقيقات نے آسکو جاها کي تهي کچهه ضرور نهيں بلکه همکو نهايت نيک دلي سے علماء علم جيالوجي کا احسان ماننا چاهيئے که اُن کي بدولت هم اپني اِس غلطي سے متنبه هوئے مگر بيشک اِسبات پر هم فخر کرسکتے هيں که کلام الهي جسکے هم ماننے هيں کيسا ابدي اصليت ميں صحيح اور سچا هے که جوں جوں علم کي زياده ترقي هوتي جاتي هے ووں ووں هم اُسکو اصلي اور صحيح پاتے جاتے هيں گو کسي وقت ميں هماري کم زور عقل نے اُسکے سمجهنے ميں غلطي کي هو اور گو هماري يهه موجوده حالت بهي کسي غلطي ميں هو اور اُسپر بهي زياده تر عجيب بات يهه هے که باوجوديکه هم کيسي غلطي ميں پڑگئے تهے يا اب پڑے هوئے هوں دونو حالت ميں کتاب اقدس هماري روحاني تربيت کو يکساں فائده پهونچاتي هے ٭

اگر سادگي اور نيک دلي سے هم کتاب اقدس کے محاوره پر غور کريں تو هم يقين کرسکتے هيں که جو الفاظ کتاب اقدس ميں بولےگئے هيں اُنسے تمام دنيا اور ايسے عام معنی جيسيکه همارے اِس زمانه کے نکته چيں عالم ليتے هيں مراد نهيں هيں غور کرو که بعد پيدا هونے حضرت آدم کے جب انسان زمين پر بڑهنے لگا اور اُسکي کثرت هوگئي اور وه هر طرف دوردست ملکوں ميں منتشر هوگئے اور به سبب درست نهونے راهوں کے اور نه واقف رهنے کے سمتوں ملکوں سے اور نه کافي هونے وسيله سفروں کے اور کثرت سے هونے جنگلوں کے وه لوگ آپس سے ايسے جدا

قبل پیدایش مسیح علیہ السلام ۲۳۳۵　　قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۲۹۲۰

neral ignorance prevailed respecting the situation and direction of countries; when the means of travelling were wanting and forests were in great abundance, it is not at all surprising that amid all these difficulties and disadvantages, mankind should, in that age, have been so far apart and the different nations and tongues so hopelessly separated from each other, that one people were not in a position to know anything of the other; and the nation that settled the farthest, was probably quite unknown to the one that had its location nearest to their common-starting point. Admitting these premises it follows that the acquaintance and intercourse of Noah and his people was confined only to the inhabitants of the countries which surrounded them, and to those countries only could they possibly resort. Consequently their knowledge of the geography of the antediluvian world was limited to those of their neighbouring nations of whose existence they were aware. What! can we conceive for a moment that the ancient inhabitants of Eden knew anything about the lofty peaks of the Himalayas or of the Andes? This being the state of things at that period can it be a matter of surprise to us to find that a people whose ideas of the then known world were restricted to the few countries of which alone they had personal knowledge, should be addressed in the style adopted in Scripture? This form of speech alone ought to convince us, that it was impossible for the writer in the absence of a revelation to have made

ہوگئے ہونگے کہ ایک کو دوسرے گروہ کی کچھہ خبر نہ ملتی ہوگی اور جو گروہ کسی دوردست ملک میں آباد ہوا ہوگا اُس ملک کی اطلاع پہلی گروہ کو مطلق نہو گی پس حضرت نوح اور اُنکی امت صرف اُنہیں ملکوں سے واقف ہونگے جو اُن کے مسکن کے قریب قریب ہونگے اور جہاں سے آمدورفت آسانی سے ممکن تھی اور حضرت نوح اور اُنکی امت اُسی قدر ملکونمیں جو اُنکو معلوم تھے پرانی دنیا کو محدود سمجھتے ہوں گے کیا تم خیال کرسکتے ہو کہ اُس زمانہ میں عدن قدیم کے رہنے والے ہندوستان کے همالیہ پہاڑ کی بلند چوٹی کو اور امریکہ کے بڑے پہاڑ کی بلند چوٹی کو جانتے تھے ؟ پس کون تعجب کا مقام ہے کہ اُن لوگوں سے جو تمام دنیا کو صرف چند ملکونمیں محدود سمجھتے تھے ایسے طرز کلام سے گفتگو کیجاوی جسطرح کہ کتاب اقدس میں کی گئی ہے ہم صرف اس طرز گفتگو ہی سے یقین کرسکتے ہیں کہ ایسا عمدہ طرزکلام جو کہ کتاب اقدس نے اختیار کیا ہے ممکن نہیں کہ بغیر رویلیشن کے اختیار کیا جاتا جس زمانہ میں کہ ہمکو امریکہ سے کچھہ واقفیت نہ تھی اور تمام دنیا کو صرف دنیاے قدیم میں محدود سمجھتے تھے اگر کوئی شخص ہمکو اُس واقعہ کی خبر جو صرف دنیاے قدیم میں ہونیوالا تھا ان الفاظ سے دیتا کہ تمام ملک جو آسمان کے تلے ہیں اُنمیں یہہ ہوگا اور تمام پہاڑوں پر جو آسمان کے تلے ہیں یہہ واقعہ گذریگا اور تمام جانداروں پر جو دنیا میں بستے ہیں یہہ مصیبت پڑیگی تو

قبل پیدایش مسیح علیه السلام ۲۳۳۵ — قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۲۹۲۰

use of a form of address better suited to the subject of which he treats than that used in Scripture. If at the time we knew nothing of America, and believed that the three quarters of the Globe comprehended whole world, a man were to predict an event that should happen only to the old world, in these words, viz—that throughout all the countries that were under the heavens such a phenomenon will occur, that all the mountains under heaven shall be affected by it, and that all the animals living in the world shall suffer from it—would that man be held to be guilty, I ask, of an improper form of speech when using such language to his auditors and readers? So rigidly correct and exact is then the style of Scripture that notwithstanding the progressive advancement of knowledge compared with that of preceding generations, yet the people through every succeeding age have been enabled to enjoy the consolation and blessing of the Scriptures to the extent which their means of information from time to time permitted. When we knew the world to have been a small tract, we were as much benefitted by the spiritual precepts of Scripture as at the present time, and now when our knowledge has greatly advanced and we have discovered the world to be vast and extensive under the heaven, still the Scriptures bestow upon us the same degree of celestial illumination and spiritual benefits as they did then when our knowledge was so crude and so limited. And if in a future age mankind should discover other ter-

وہ شخص بلحاظ ہمارے علم کے جنسے وہ مخاطب ہے کسي نا واجب طرز کلام سے گفتگو کرتا ہے؟ دیکھو کیا عمدہ طرز کلام ہے کتاب اقدس کا کہ باوجود مختلف ہونے ہمارے علم کے ہر شخص اور ہر زمانہ میں بقدر اپنے علم کے آسکے فائدہ سے محروم نہیں رہا جبکہ ہم دنیا کو صرف ایک ہتیلي بھر کے عرض و طول میں محدود سمجھتے تھے جب بھي ہم کتاب اقدس سے یکسان روحاني تربیت پاتے تھے اور جبکہ ہمارے علم کو ترقي ہوئي اور ہمنے دنیا کو ایک بہت بڑا وسیع میدان آسمان کے تلے پایا تب بھي اُس سے یکسان روحاني تربیت پاتے ہیں اور آیندہ کو اگر ہم اِس سے اور بھي زیادہ بڑي وسیع دنیا سے واقف ہونگے تب بھي ویسي ہي یکسان روحاني تربیت پاوینگے پس اِن وجوہات سے اگر ایک سیدھے اور سادے طور سے کتاب اقدس کے اُن الفاظ سے جو تمام دنیا پر دلالت کرتے ہیں صرف محدود ملک اور آسکے اِنسان اور آسکے حیوان مراد لیئے جاویں تو ہمنے طرز کلام کتاب اقدس کے برخلاف کچھہ بھي نکیا ہوگا مگر ہم جانتے ہیں کہ ہمارے زمانہ کے نکتہ چین عالم کب ہمکو ایسا سیدھا و صاف صاف رستہ چلنے دینگے اِسلیئے ہمکو ضرور پڑا کہ ہم علمي گفتگو سے آنکا مقابلہ کریں اور کتاب اقدس میں آنسے بھي زیادہ نکتہ چیني کر کر آسکا خوب امتحان کریں ✱

تبل پیدایش مسیح علیہ السلام	تبل پیدایش محمد رسول اللہ صلعم
۲۳۳۵	۲۹۲۰

restrial regions yet unknown, they will nevertheless continue to realize the same blessed privileges from the inspired pages of holy Writ. Now if on due consideration of these arguments those words of Scripture which are received as having reference to the *whole world*, be allowed to mean only a *limited portion* of it, inclusive of the created things which were peculiar to that part, it will be seen that no fair objection can be taken to the text; and that by this mode of explanation we do no violence to the literal wording of the Scripture history. But as I feel that the critics of our day would hardly allow me so simple and easy a solution of the difficulty under notice, I consider myself bound to treat them with a more elaborate solution of it, and shall proceed to examine and criticize the scriptures for this purpose more thoroughly than they have done.

Now I turn to those passages which Dr Colenso has referred to as strongly supporting the theory of an universal deluge. With respect to some of these passages I will think it sufficient only to interpret and construe them literally, with reference to the corresponding passages found in the Hebrew Text: since such a literal rendering will alone avoid all uncertainty and dispute. While as regards the others, their subject-matter shall be discussed according to the apparent exigency in each case.

اب هم آن ورسوں پر متوجه هوتے هیں جنکو بشپ کالنزو صاحب نے واسطے ثبوت عام هونے طوفان کے پیش کیا هے اور بعضوں کے تو صرف عبري الفاظ کے مطابق ترجمه کرنے هي پر اکتفا کرتے هیں کیونکه آس ترجمه هي سے شبهه رفع هوجاتا هے اور بعض کي نسبت بقدر حاجت بحث بهي کي جاتي هے •

"And behold. I, even I, do bring a flood of waters upon *this* land to destroy all flesh wherein is the breath of life, from under heaven; and everything that is in this land shall die." Gen.

اور میں اب لانیوالا هوں طوفان پانی کا اوپر آس زمین کے واسطے مٹادینے تمام بسر (جسم) (بشر) جسکے ساتهه هے روح زندگي کي نیچے سے آن آسمانوں کے سب جو زمین پرهے

قبل پیدایش مسیح علیہ السلم ۲۳۳۵

قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۲۹۳۰

VI. 17.

The words "this land" contained in the above verse point out to the particular country or tract which was to be visited by the deluge; to the destruction of all flesh that inhabited that particular region; and to the extinction of all that was in it; and those words do not refer to the whole Globe.

"And of every living thing, of all flesh, two of every sort, shall thou bring into the ark, to keep them alive with thee; they shall be male and female." Gen. VI. 19.

When it is established that the deluge was a calamity to fall upon a fixed area according to God's purpose, it naturally follows that those living creatures whose species it was designed to perpetuate by admitting them into the ark, must have necessarily belonged to, and had their haunts and habitation within, that special area which the Divine will had marked out for destruction; and the deduction to be drawn from this is clear, that those species were natives of that surface, and had not spread over other countries or parts of the earth; or even if they had, it may be inferred that their reappearance and propagation within the area of the flooded tracts, might, for certain physical reasons, have been difficult or impossible.

"For yet seven days, and I will cause it to rain upon *this* land forty days and forty nights; and *all this* which I have made will I destroy from off the face of *this* land." Gen. VII. 4.

مرجاویگا ٭ باب ۶ — ۱۷

اِس ورس میں جو لفظ اُس زمین کا ہے اُس سے اشارہ ہے اُس خاص ملک کا جسپر طوفان آنیکو تھا اور اُسی خاص ملک کے تمام جسم کے مٹانیکا اور اُسی زمین پرجو تھے اُنھی کے مرجانے کا بیان ہوا ہے نہ تمام کرۂ زمین کا ٭

اورسب جاندار سے سب جسم سے دو سب سے لاتو طرف کشتی کے تا کہ زندہ رہیں ساتھہ تیرے نرومادہ ہوویں وہ باب ۶ — ۱۹ ٭

جبکہ یہہ بات معلوم ہوئی کہ طوفان ایک خاص ملک میں جسکی طرف خدانے اشارہ کیا تھا آنے والا تھا تو جن جانداروں کے کشتی میں رکھنے کا حکم دیا وہ اُسی ملک کے جانور تھے اور نرومادہ رکھنے سے صاف پایا جاتا ہی کہ اُنکی نسل کا برقرار رکھنا منظور تھا پس کشتی میں وہی جانور لائے گئے ہونگے جنکی نسل اُس ملک کے سوا دوسرے ملکونمیں نہ پہلی تھی یا کسی اورسببوں سے بعد کو اُنکا اس ملک میں آنا اور اُنکی نسل کا پہیلنا دشوار تھا ٭

کیونکہ دنو بعد سات کے میں مینہہ برسانے والاہوں اوپر اِس زمین کے چالیس دن اور چالیس رات اور مٹادونگا میں تمام اِس موجود کو جو بنایا میں نے اوپر سے منہہ اِس زمین کے باب ۷ — ۴ ٭

قبل پیدایش مسیح علیہ السلام ۲۳۳۵ — قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۲۹۲۰

Everywhere in the preceding verse there is a particular region pointed at; and particular objects; consequently an exact translation of the passage is in itself sufficient to prove that the deluge was not universal.

اس تمام ورس میں ہرجگہہ خاص ملک اور خاص چیز کي طرف اشارہ ھی پس صرف اسکا صحیح ترجمہ ھي اسبات کے ثبوت کو کافي ھی کہ طوفان عام نہ تہا *

"And they went in unto Noah into the ark, two and two of all flesh, wherein is the breath of life." Gen. VII. 15.

اور ائی پاس نوح کے تابوت (یعني کشتي) میں دو دو سب اجسام جو رکہتی تہے روح زندگي کي باب ۷—۱۵

It is of course true that all the animals peculiar to the deluged region came up to Noah miraculously as Scripture tells us; but this does not tend to prove the deluge to have been universal.

سچ ھی کہ جس ملک میں طوفان آنیکو تہا اُس ملک کے سب حیوان اُن ھي شرطون اور اُنھي قیدون سے جو اوپر مذکور ہوئیں بطور ایک معجزہ کے جیسا کہ کتاب اقدس ھمکو ھدایت کرتي ھی حضرت نوح کے پاس آئے مگر اس سے طوفان کا عام ھونا ثابت نہیں ھوتا *

"And the waters prevailed exceedingly upon *this* land, and all the high hills that were under the whole heaven were covered." G. VII. 19.

اور پاني کا زور ھوا بہت بہت اوپر اُس زمین کے اور چہپادیا سب پہاڑون اونچونکو جو تہے نیچی آسمانوں کے باب ۷—۱۹ *

In this verse also the particular tract visited by the deluge is spoken of. The only point open to question in it is the Hebrew word *yekkhassoo* signifying covered which requires some explanation. It is a misrepresentation of the real meaning to say or to infer, that the waters rose to such a height as to cover even the high hills. The obvious and only possible sense which the expression in my opinion conveys, is, that the downpour was so quick, so heavy and violent, as to have *put out of sight* even the high hills under heaven.

اس میں بھي اشارہ اُس خاص ملک کیطرف ھے جس میں طوفان ایا تہا صرف ایک لفظ (یخسو) יכסו کا جسکے معنے ھیں چہپادیا اُسپر بحث کرني باقي ھے مگر اسکے یہہ معنے سمجھنے کہ زمین کے اوپر اسقدر پاني اونچا ھوا کہ اونچی پہاڑ بھي اُسمیں غرق ھوگئی ایک غلطي ھی بلکہ اسکے معنی صاف یہہ ھیں کہ مینہہ ایسا زور شور سے موسلادھار برستا تہا کہ اُسنی اونچی پہاڑون کو بھي جو آسمان کے تلی تہے چہپالیا تہا یعني بلند پہاڑ بھي کثرت مینہہ سے نظر نہ آتے تہے *

The word in question has in Scripture been frequently applied to an object

اکثر جگہہ کتاب اقدس میں اس لفظ کا چہپادینی کے معنونمیں ایسي ھي چیز

قبل پیدایش مسیح علیه السلام ۲۳۳۵
قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۲۹۲۰

پر استعمال هوا هی جو اوپر سے آتر کر
کسي شی کو نظر سے چهپاوے کتاب
خروج باب ۲۴—۱۵ میں لفظ یخس יכס
کا هی اور آبر نے جو پهاڑ کو چهپادیا تها
آسپر بولا گیا هے اور اسي باب کے سولهویں ورس
میں لفظ یخصهو יכסהו کا هے اور وهاں خدا
کے جلال کا پهاڑ سینی پر اوترنے اور آسکے
آبر سے چهپ جانے پر بولا گیا هے اور اسي
کتاب کے باب ۱۰—۵ میں خسه כסה کا
لفظ هے اور ٹڈیوں نے اوتر کر جو زمین کو آنکهه
سے چهپا دیا تها آسپر بولا گیا هے اور آسي باب
کے ورس ۱۵ میں یخس יכס کا لفظ آنهي
معنوں میں اور کتاب اعداد باب ۲۲—۵ و ۱۱
میں لفظ خسه כסה اور یخس יכס کا آدمیوں
کي کثرت سے زمین کي چهپ جانے پر بولا
گیا هے پس اس مقام میں بهي جسمیں
هم بحث کر رهے هیں اس لفظ سے یهه
مراد سمجهني که زمین کے پاني نے پهاڑونکو
غرق کر دیا تها ضروري نهیں هے ●

which descending from above obstructs our view of some other object. For example the word *yekkhus* occurs in Exo. XXIV. 15. where it is used to express the fact of a mountain being obscured by the clouds surrounding it. Again the word *yekkhussahoo* occurs in verse 16 of the same chapter, where the glory of God is spoken of as descending on the mount Sinai, and disappearing by the interposition of the clouds. Again the word *khussa* is used in Exo. X. 5. where it speaks of the earth being put out of sight by the descending of the locusts upon it, whereby it was completely covered. Again there is in verse 15 of the same chapter the word *yekkhus* which conveys the same meaning. Further, in the Book of Numbers XXII. 5. and 11. the words *khussa* and *yekkhus* are used to indicate the circumstance of the earth being concealed by a mob of men. The expression in fact may be accepted as partly figurative, and therefore it is not requsite that in the instance under notice it should be taken to imply that the waters of the earth had literally and really submerged the hills.

:: اور مر گیا سب جسم جو چلتا اوپر آس
زمین کے مع آوڑنے والي اور مع چوپائے
اور مع جانور اور مع سب رینگنیوالے کے
جو رینگتا اوپر آس زمین کے اور سب وہ
آدمي باب ۷ — ۲۱ ●

" And all flesh died that moved upon *this* land, both of fowl and of cattle and of beast and of every creeping thing that creepeth upon *this* land and every man." G. VII. 21.

سب جو که سانس روح زندگي کي
آسکي ناک میں تهي هر ایک سے جو تها
خشکي میں مر گیا باب ۷ — ۲۲

" All in whose nostrils was the breath of life, of all that was in the dry land, died." VII. 22.

قبل پيدايش مسيح عليه السلام ٢٣٤٥

قبل پيدايش محمد رسول الله صلعم ٢٩٢٠

" And all that existed upon the face of *this* land was destroyed, both man and cattle and creeping things and the fowls of the heaven; and thay were destroyed from this land; and Noah only remained alive and they that were with him in the ark." VII. 23.

اور مٹا ديا تمام اُس موجود كو جو تها اوپر منهه اُس زمين كے آدمي سے چوپايوں تک رينگنے والے تک اور اُڑنيوالے آسمانوں تک اور مٹ گئے اُس زمين سے اور بچ گيا فقط نوح اور جو تها اُسكے ساتهه تابوت يعني كشتي ميں باب ٧ — ٢٣ *

All that is contained in the three preceding verses has special reference to the particular region which was visited by the deluge. So they can not be taken as supporting the assertion that the deluge was universal.

ان تينوں ورسونميں جو كچهه بيان هوا هے خاص اُس ملک كيطرف اِشارہ هوكر بيان هوا هے جسميں طوفان آيا تها پس ان ورسوں سے بهي عام هونا طوفان كا ثابت نهيں هوتا *

" And the Lord smelled a sweet savour, and the Lord said in his heart, I will not curse this ground any more for man's sake; for the imagination of man's heart is evil from his youth; neither will I again smite any more every living thing, as I have done." G. VIII. 21.

اور سونگهي الله نے بو رضامندي كي اور كها الله نے اپنے دلميں پهر نه لعنت كرونگا ميں بعد اِسكے اس زمين كو واسطے آدمي كے كيونكه خيال دل آدمي كا بد هے لڑكپن اُسكي سے اور نه پهر ميں بعد اِسكے مارونگا سب زندہ كو جيسا كيا ميں نے باب ٨ — ٢١ *

The foregoing verse also speaks of that portion of the earth only which was submerged under the waters, and can not therefore be used as an argument in favor of the universality of the deluge.

اس ورس سے بهي اُس خاص ملک كي طرف اِشارہ هے جسميں طوفان آيا تها اِسليئے يهه ورس بهي عام طوفان هونے كي دليل نهيں هو سكتا *

" And I will establish my covenant with you; neither shall all flesh be cut off any more by the waters of the flood; neither shall there any more be a flood to destroy the earth." G. IX. 11.

اور قائم كيا ميں نے اپنے عهد كو ساتهه تمهارے كه نه منقطع كيا جائيگا سب جسم پهر پاني سے طوفان كے اور نه هوگا پهر طوفان واسطے مٹانے اِس زمين كے باب ٩ — ١١ *

The Hebrew word *aris*, i. e. land, in the above verse is not accompanied in the original with the letter *ha*; and in this case, keeping in view the propriety of the subject treated of, it would be as correct or admissible to infer from it a

اس ورس ميں لفظ ارص ארץ كے ساتهه هاے هوز ה نهيں هے اور ايسي حالت ميں بلحاظ قرينه مقام كے كسي خاص ملک كا بهي مراد لينا ايسا هي صحيح هے جيسيكه كل كرہ زمين كا مراد

قبل پیدایش مسیح علیه السلام ۲۳۳۵ — قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۲۹۲۰

particular portion of the earth as the whole of it. Now while in several passages a particular region has been pointed to as covered by the waters, the original word under notice in this verse is to be also maintained as referring to some particular district; and the verse will then signify that another deluge like that which overwhelmed some particular countries in the time of Noah shall not again visit those countries or that quarter of the world.

لینا درست ہے اور جب کہ متعدد مقاموںمیں ایک خاص ملک میں طوفان ہونے کا اشارہ ہوچکا ہے تو اِس ورس میں بھي لفظ ارض ארץ سے وهي خاص ملک مراد لیئے جاوینگے اور حاصل اس ورس کا اِسقدر ہوگا کہ جن ملکونمیں حضرت نوح کے وقت میں طوفان آیا تھا پھر اُن ملکوں میں ایسا طوفان نہیں آئیگا *

"And I will remember my covenant which is between me and every living creature of all flesh; and the waters shall no more become a flood to destroy all flesh." G. IX. 15.

اور یاد کرونگا میں اپنے عہد کو جو ہے درمیان میرے اور درمیان تمہارے اور درمیان سب جان جیتي کے مع ہر جسم کے اور نہوگا پھر پانے واسطے مٹانے سب جسم کے باب ۹ — ۱۵ *

I have explained the real particulars of this covenant in my comment on the 16th verse of this chapter, where I have shown that this verse can be brought to bear neither in support of a universal nor of a partial deluge. Hence it is not allowable to make use of it in proof of either.

اس عہد کي اصلي حقیقت جسکا ذکر اس ورس میں ہے اسي باب کے سولہویں ورس کي تفسیر میں میںنے بیان کي ہے جس سے واضح ہوتا ہے کہ اس ورس کو نہ عام ہونے طوفان سے کچھہ علاقہ ہے اور نہ خاص ہونے طوفان سے پس اس ورس کو ان دونوں میں سے کسیکے ثبوت میں لانا درست نہیں ہے *

‡ جلد چار صفحہ ۲۰۴

Dr Colenso says in his Part IV.p.204. "It appears then impossible to doubt, if only the expressions of the Bible are to be regarded, and not the incredibility which in that case will attach to the story, as is freely confessed by such well-informed geologists as Hugh Miller and Hitchcock, that the Scripture speaks distinctly of an universal and not partial deluge."

قوله ‡ اسپر شک لانا ناممکن معلوم ہوتا ہے (بشرطیکہ بیئبل کے صرف کلاموں پر اور نہ نااعتمادي پر لحاظ رکھاجاے جو اُس حالت میں بیانات پر آئے گي جیسا کہ هیومِلر صاحب اور هیچکوکہ صاحب سے اطلاع یافتہ جیالوجسٹ نے اقرارکیا ہے) کہ کتاب اقدس میں صاف صاف طوفان عام کا ذکر ہے نہ خاص کا *

This is quite untrue. Whether we examine Scripture simply or critically,

یہہ بات بالکل نا درست هی اگرهم نہایت سادگي سے کتاب اقدس کو دیکہیں

قبل پیدایش مسیح علیه السلام ۲۳۳۵ — قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۲۹۲۰

in neither case the deluge can be said according to it to have been universal, as I have already shown. It is undoubtedly true that the story of the universality of the catastrophe has been always prevalent under considerable exaggerations; and certainly the descriptive language of Scripture may admit of both significations. The divines of former times without giving the matter a critical examination applied a forced construction to the text by a preconceived and erroneous idea of their own in such a way as to make it reconcilable to the commonly received opinion, and thereafter that construction of the sacred history was affirmed and maintained as the true one. It is to the scientific and laborious researches and investigations of the geologist that we are indebted for opening our eyes to the erroneous nature of the old theory; and thus it will be found that as we throw off our own apathy and supineness, and as the mists which have clouded our view are rolled away, we are led to see that the Scripture history is perfectly consistent with the discoveries, and our own faith ought thereby to be the more strongly grounded upon the abiding and unalterable words of God. Is then the Scripture to be charged with a blemish which is merely the consequence of our own feeble understanding and imperfect investigation of its great truths?

اور خواه نکته چین نظر کریں دونو حالت میں طوفان کا عام هونا کتاب اقدس سے پایا نہیں جاتا جیسا که میں نے بیان کیا اس میں کچهه شک نہیں که عام هونے طوفان کی کہانی بغیر کسی تحقیق کے مبالغه سے مشهور چلی آتی تهی کتاب اقدس کے بلاشبهه الفاظ ایسے تهے که دونوں مراد میں لیئے جاسکتے تهے اگلے عالموں نے کتاب اقدس کے الفاظ کو بغیر کسی نکته چین نظر کے اس مشهور داستان کی طرف مرور لیا اور پهر غلطی سے اسیکو سچ جانا مگر هم احسان مند هیں علم جیالوجی کے عالموں کے جنکی سعی اور کوشش سے هم اس غلطی سے خبردار هوئی مگر جب همنے آنکهه کهولکر دیکها تو کتاب اقدس کو بهی تحقیقات علمی کے مطابق پایا اور اس سبب سے همارے ایمان نے کلام الهی میں زیاده استحکام پایا پهر کیا جو غلطی هماری سمجهه یا هماری تحقیقات کی تهی وه کتاب اقدس پر رکهی جاویگی●

My readers will be still more surprised when they know that it is distinctly seen from the holy Koran that the deluge was confined to the people of Noah alone. But despite the clearness

میری کتاب کے پڑهنے والے زیاده تر تعجب اسوقت کرینگے جب یهه دیکهیں گے که همارے قران مجید سے صاف صاف پایا جاتا هے که طوفان خاص قوم حضرت

قبل پیدایش مسیح علیه السلام ۲۳۲۵

قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۲۹۲۰

نوح پر تها مگر همارے هاں کے عالموں نے طوفان کی بےسند مشہور کہانیوں پر دهوکا کهاکر کس کس مشکل سے طوفان کے عام هونیکا اثبات چاها هی اور کیسی بیفائده کوشش کی هے پهر کیا اُن لوگوں کی غلطی میں پڑنے سے جبکه همنے اُنکا غلطی میں پڑنا دریافت کرلیا اُس غلطی کاالزام قرآن مجید پر رکهه سکتے هیں •

of the statement our Mahomedan divines being influenced and deceived by the prevailing groundless stories of the deluge have striven, in the face of a variety of difficulties, to prove that calamity to have spread over the whole world. Is the Koran, however, blameable for the defective understanding of its expounders and commentators?

بیری صاحب نے بهی جیسا که اوروں نے غلطی سے یهه کہا که کتاب پیدایش باب ۷—۱۹ اور ۲۰ میں بالتحقیق عام طوفان کا ذکر هے کیونکه ابهی میں بیان کرچکا هوں که ورس ۱۹ سے عام طوفان کا هونا ثابت نہیں هی اسیطرح ورس ۲۰ سے بهی عام هونا طوفان کا نہیں پایا جاتا کیونکه اُس ورس سے یهه خیال کرنا که اونچے پهاڑوں سے بهی پندره هاتهه پانی اونچا هوگیا تها ایک غلطی میں پڑنا هی پہلے ورس میں بہت زورشور سے مینهه کے برسنے کا بیان تها اور اُسمیں صرف یهه نتیجه بیان هوا تها که ایسے زور شور سے موسلادهار مینهه برسا که اونچے پهاڑ بهی دکهائی دینی سے رہ گئے مگر درحقیقت ایسے زور کے مینهه برسنے سے دو نتیجے هوئے تهے ایک بلند هوجانا پانی کا زمین پر جس سے تمام جاندار اُس زمین کے ڈوب گئے دوسرے نه دکهائی دینا پهاڑوںکا بسبب کثرت مینهه کے اسلیئے بیسویں ورس میں اِن دونوں نتیجوں کو ایک ساتهه بیان کیا هی پس اس ورس کو اسیطرح پرپڑهنا چاهیئے که ایسا زور سے مینهه برسا که پندره هاتهه پانی زمین پر

The Rev. Mr. Barry like others is also in error when he confesses that G. VII. 19, 20. speak certainly of universality: for I have already shown that the former of those verses does not conduce to prove the universality of the deluge; nor is the latter verse susceptible of this construction: since it is to fall into a great error to understand by it that the waters rose up 15 cubits higher than even the highest hills. The former of the two verses as I have formerly shown above simply means to say, that the waters descended from the heavens with such velocity and in so great volume as to obscure from view the peaks of the loftiest mountains. But as in reality two results were produced by such a stupendous downpour of water, viz—one the overflowing of the earth whereby all the living creatures of that region were drowned and destroyed,-2ndly, the disappearance of the hills owing to the density of the destructive element in the progress of its descent—therefore these two results have been collectively described in the 20th verse; which consequently be read thus—"Rain fell so heavily that water 15

cubits deep flowed upon the land, and that the rain drops were so rapid & close as to have screened even the high hills from the eye."

The Scripture of course speaks of the ark as having rested on Ararat, but not of its having rested on the *top* of that mountain. Moreover in the holy Koran the hill on which the ark had rested, is alluded to under the name of *judee*; and our Mahomedan doctors have ascertained this Judee to be the lowest range of Ararat which we may simply call an eminence. The ark which was floating about on the waters should have been, no doubt, by attraction or gravitation, drawing nearer to the mount Ararat which was yet much higher than the depth of the flood, so much so that it should have at last touched the mountain on some such peak of it as might have been under waters and on which it stopped. As it is only so much that Scripture says on the subject, the verse 20 under consideration should not be understood to imply that 15 cubits deep waters flowed over the mountains; but on the contrary, that 15 cubits deep water flowed on the land.

The word in the original which is rendered cubit into English, is *amma*, a measure of various length among the Jews. As the subject treated of in this instance is that of the abundance of water, it may be said the masure here spoken of was the longest of its kind which was more than nine feet long. Now supposing the measure employed to have been even 9 feet long, it will

قبل پيدايش مسيح عليه السلام ۲۳۳۵
قبل پيدايش محمد رسول الله صلعم ۲۹۲۰

چڑه گيا اور ايسا موسلادهار مينهه برسا كه آسكي متصل دهارون كے سبب پهاڑ بهي نهين دكهائي ديتے تهے *

كتاب اقدس مين ارارات كے پهاڑ پر كشتي كے ٹهہرنيكا ذكر هے مگر يهه مذكور نهين هے كه آسكي چوٹي پر كشتي ٹهہري تهي بلكه قرآن مجيد مين ارارات آس پهاڑكا جسپر كشتي ٹهہري تهي جودي نام آيا هے اور همارے هان كے عالمون نے تحقيق كيا هے كه جودي ارارات كے سلسله مين سب سے چهوٹا پهاڑ هے جسكو هم ٹيله يا ٹيكري كهه سكتے هين كچهه شبهه نهين كه كشتي پاني پر تيرتي پهرتي تهي اور پهاڑ ارارات كي كشش سے جو طوفان كے پاني سے بهت اونچا نكلا هوا تها آسكي طرف كهنچتي جاتي تهي يهان تك كه آسكے قريب كسي ايسے مقام پر پهونچي جهان كوئي چهوٹا سا پهاڑ پاني كے اندر آگيا تها اسليئے ارارت كي آس پهاڑي پر كشتي ٹهر گئي صرف اتني هي بات كتاب اقدس سے ثابت هوتي هے اسليئے ورس بيس كے يهه معنی لينے نچاهيئين كه پهاڑ كے اوپر پندره هاتهه پاني چڑه گيا تها بلكه يهه معنے لينے چاهيئين كه صرف زمين پر پندره هاتهه پاني چڑه گيا تها *

جس لفظ كا ترجمه هاتهه كيا گيا هے وه عبري لفظ امه אמה هے جو كوبت كهلاتا هے اس پيمانه كي مقدار مختلف تهي مگر اس مقام پر جو مينهه كي كثرت اور پاني كي بهتايت كا ذكر هے اس سے معلوم هوتا هے كه يهان وهي پيمانه مراد هے جو سب سے بڑا تها اور جسكي مقدار نو فيٹ سے زياده تهي پس اگر هم آسكو

قبل پیدایش مسیح علیه السلام ۲۳۳۵

قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۲۹۲۰

نوهي فيت كا قرار ديں تو معلوم هوتا هے
كه اُس ملک ميں صرف ۱۳۵ فيت پاني
بلند هوگيا تها مگر ميري رائے ميں وه پيمانه
كسيطرح باره فيت سے كم كا قرار نهيں ديا
جاسكتا اور اسليئے ميں بلندي پاني طوفان
كي ۱۸۰ فيت قرار ديتا هوں پس اسقدر
پاني كے بلند هوجانے سے جسقدر ملک
ڈوب سكتے تهے اور جسقدر پهاڑ اُس ملک
كے غرق هوسكتے تهے اوتنے هي ڈوبے نه
نه اُس سے زياده *

then follow that the inundation in that region had risen up to a height of 135 feet only. But in my opinion the measure in question can, by no means, be said to have been less than 12 feet in length, and so I will assume the height of the flood to have been 180 feet. Hence only those countries and the hills of that region could be expected to be covered as were liable to diluviate from water of that depth or length.

يهه مت كهو كه اگر سب پهاڑ پاني
ميں نهيں ڈوبے تهے تو حيوانات اور انسان
نے اونچے پهاڑوں پر پناه ليكر كيوں نه اپنے
تئيں محفوظ كيا كيونكه جس زور شور سے
موسلا دهار چاليس دن اور چاليس رات
تک برابر مينهه برستا رها ممكن نه تها كه
كوئي جاندار آسمان كے تلے كسي مقام پر
اپني زندگي بچا سكے علاوه اِسكے جس زور
شور سے پاني كي طغياني دفعةً زمين سے
اور آسمان سے هوئي كسي جاندار كو كسي
مامن تک پهونچنے كي فرصت نهيں مل
سكتي اور يهه بات هم ادنے ادنے سي
طغياني آب ميں ديكهتے هيں *

This question cannot be put, viz, why human beings and animals could not and did not save themselves by ascending the higher hills that were beyond the reach of the flood? For while the heavy and continuous downpour continued unceasingly for forty days and forty nights, it was utterly impossible for any living creature anywhere under the heavens to survive so dreadful a calamity. Moreover the waters at once broke out from the earth and heavens with so great a rush and violence and appeared at such a height that nothing having life could possibly have found time to escape to any place of safety whatever. Such cases we ourselves witness at the present day caused by sudden inundations which are yet of insignificant proportions in comparison with the great Deluge.

بيري صاحب كا يهه كهنا بهي كه همكو
اطلاع دي گئي هے كه زمين پر پاني پهيلا
مگر يهه بات كه آيا وه تمام كره پر پهيلا يا
اُسكے صرف اُس حصه پر جسپر انسان آباد
تهے همكو معلوم نهيں صحيح نهيں هے
كيونكه همكو كتاب اقدس اشاره كركر بتاتي

The explanation of Mr. Barry that "we are told the waters prevailed upon the earth, but whether over the whole Globe or over only that portion of it which was occupied by human life, we know not," is not admissible or valid: for Scripture points out to us that the

deluge prevailed over a certain known surface, i. e. over the countries inhabited by Noah and his people.

Dr Colenso points to the following expressions in Scripture as containing grave objections to a partial deluge,—"all flesh died that moved upon the earth," "all in whose nostrils was the breath of life;" "of all that was in the dry land;" "every living substance which was upon the face of the earth."

Scripture does not say so, but rather says—"All flesh died that moved upon *this* land," VII. 21.; "all that crept upon the face of *this* land; all in whose nostrils was the breath of life; of all that was in *this* dry land died." VII. 22.; "all that existed was destroyed which was upon the face of *this* land." VII. 23.

Mr Barry has doubtless been misled to think that "the human race and the animals given them for service, may as yet have extended only over a limited portion of the earth round the garden of Eden." But is his misconception to falsify the truths of Scripture?

Dr Colenso again says—"However let us suppose that the deluge was partial and that instead of the eight thousand species of beasts and birds, leaving out of consideration the reptiles &c, only eight hundred, nay only eighty needed to be received into the ark, and that of them twenty were species of clean animals, and sixty of unclean. Then the whole

هے که خاص اُس ملک میں یعني جہاں که نوح اور اُسکے لوگ آباد تھے طوفان آیا تہا *

قوله " کتاب اقدس میں مندرج هے که تمام جاندار چیزیں مرگئیں جو زمین پر چلتي تہیں وہ سب جنکے نتھنوں میں حیات کا دم تھا وہ سب جو خشک زمین پر تھے هر جاندار چیزیں جو روے زمین پر تہیں *

کتاب اقدس میں یہہ نہیں هے جو مذکور هوا بلکه یہہ هے که " مرگیا سب † جسم جو چلتا اوپر اُس زمین کے اور جو رینگتا اوپر اُس زمین کے سب جو ‡ که سانس روح زندگي اُسکي ناک میں تهي هر ایک سے جو تہا خشکي میں || مٹادیا تمام اُس موجود کو جو تہا اوپر منہه اُس زمین کے *

بلاشبہه بیري صاحب نے غلطي کي جو یہه سمجہا که نسل انسان کي اور جو حیوان اُنکي خدمت کے لیئے دیئے گئے تھے وہ ابھي تک باغ عدن کے گرد کي زمین کے ایک محدود حصه هي میں پہیلے هونگے مگر کیا اُنکي اس غلط خیال سے کتاب اقدس میں جو سچي حقیقت هے وہ غلط هوجاوے گي *

قوله " — همنے فرض کیا که طوفان خاص هوا اور بجاے آٹھه هزار قسموں پرندوں اور حیوانوں کے سواے کیڑے مکوڑوں کے صرف آٹھه سو بلکه آٹھه دهائي یعني اسي قسموں کي حاجت کشتي میں رکھنے کي هوئي اور که اُنمیں بیس قسمیں پاک تہیں اور ساٹھه ناپاک اس حساب سے بھي کل تعداد جانوروں کي جو کشتي میں

قبل پیدایش مسیح ۲۳۴۸ | قبل پیدایش مسیح ۲۳۴۸ | سنه ۱۶۵۶ | سنه ۱۶۵۶ | مطابق انه صفر | ۲۱۲۰

† باب ۷—۲۱

‡ باب ۷—۲۲

|| باب ۷—۲۳

تبلیدایش مسیح علیه السّلام ۲۳۳۲

تبلیدایش محمد رسول الله صلعم ۲۱۲۰

number of animals taken into the ark would have been four hundreds. And now let any person of common sense picture to himself what would be the condition of a menagerie, consisting of four hundred animals of all kinds, confined in a narrow space, under these circumstances, for more than twelve-months! We must first suppose, of course, that Noah and his wife and children were occupied every day and all day long incessantly in taking to these four hundred creatures, two or three times a day, their necessary supplies of dry food and water, bringing fresh litter and clearing away the old. But shut up together closely in this way, with scarcely any light and air, is it not plain, that, in a very short time, every part of the ship would have been full of filth, corrupting matter, fever and pestilence?

"But the ship may have been kept clean, and the air pure, and the animals healthy, though shut up without light and air, by a miracle. Yes, certainly: by multiplying miracles *ad infinitum* of which the Bible gives not the slightest intimation,— which, rather, the whole tenor of the story as plainly as possible excludes,— if this is thought to be a reverent mode of dealing with Scripture or at all more reverent than a course of criticism of the kind which I am now pursuing while thus endeavouring to set forth the plain facts of the case, in a clear strong light before the eyes of the reader. I feel it to be my duty to do this, to the best of my power, nor ought I to be deterred by being told that I am

رکھے گئے چار سو ہوتی ہے اب ہرکوئی عام سمجھہ کا آدمی خیال کرسکتا ہے کہ ایسے مکان کی کیا حالت ہوگی جسمیں تمام قسموں کے چارسو جانور تنگ مقام میں بند ہوکر آسی حالت میں بارہ مہینے سے زیادہ عرصہ تک رہے ہوں اول ہم خیال کریں کہ نوح اور آسکی بیوی اور آسکے بیٹے ان چارسو جانورونکو جنکو دو یا تین دفعہ کہلانا اور پلانا ضرور پڑتا ہوگا کہلاتے پلاتے رہے اور ہرروز نیا دانا کہانا دیتے اور باسی بچے ہوئے کو برابر صاف کرتے رہے ہونگے علاوہ اسکے اسطرح سے ایک جگہہ بند رہنے سے جہاں بمشکل آن تک روشنی اور ہوا پہونچتی تہی تہوڑے ہی عرصہ میں کشتی کا ہر حصہ خبیث مادہ اور غلاظت اور بخارات کے سبب وبا سے آلودہ نہوگیا ہوگا ●

لیکن کہوکہ ایک معجزہ سے جہاز صاف رہا ہوگا اور ہوا خالص اور جانور باوجود بند ہونے اور روشنی اور ہوا نہ پانیکی تندرست رہے ہونگے ہاں بلاشبہہ بے حد معجزوں کو زیادہ کرنے سے جنکا کتاب اقدس میں ذرا بھی اشارہ نہیں ہے اور جو بیان ہوا ہے آسکی تمام طرز تحریر سے خارج از قیاس ہے اور اسطرح ماننیکو کتاب اقدس کے ساتہہ مودب طریقہ سے پیش آنا سمجھا جاوے یا نکتہ چینی کے طریقہ سے جسکی میں پیروی کررہا ہوں زیادہ مودب تصور ہو باوجودیکہ اس معاملہ کی صاف صاف حقیقتوں کواور ایک مضبوط اور اوجلی روشنی یامعنی کو پڑھنے والے کی آنکھوں کے روبرو رکھنے میں

treating the Bible with unwarrantable freedom, that I am using a vulgar and coarse kind of criticism, and delighting like a successful fiend in dwelling upon the details of the sacred narrative."

This method of reasoning does not tend to support Dr Colenso's views. The number of animals that took refuge in the ark is not recorded in Scripture; nor are we yet in a position to determine whether the ark contained 8000, 800, or 80 different species; nor can we tell that there were in it 20 species of clean animals and 60 of unclean. The animals were doubtless brought to Noah in the ark by a miracle, as is expressly mentioned in Scripture, G. VII. 15. They were doubtless so miraculously preserved in order to perpetuate their species for futurity. Hence in all probability only those animals were admitted whose species were peculiar to the inundated region, and not found elsewhere; or they were of a kind which if destroyed in the flood in that region could not possibly be replaced there, nor could migrate thither in the ordinary way of nature from remote countries; or they were such as had been saved for some special purposes. Hence let Dr Colenso first determine the number of the species of animals which being peculiar to the flooded tracts were not to be found in other countries at the time when the deluge appeared; and he

قبل پیدایش مسیح علیه السلام ۲۳۴۵ | قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۲۹۲۰

کوشش کررہا ہوں اور جہاں تک مجھسے ہوسکے میں اپنا فرض سمجھتا ہوں اور مجھکو اسبات کےبھی کبھی جانے سے باز رہنا نہ چاہیئے کہ میں کتاب اقدس سے نا جایز آزادی سے پیش آ رہا ہوں کہ میں ایک عام اور نا لطیف قسم کی نکتہچینی عمل میں لارہاہوں اور مثل ایک کامیاب کمینہ دشمن کے کتاب اقدس کی تفصیلوں پر مدار گفتگو کا رکھکر خوش ہورہاہوں"

یہہ تقریر جو بشپ کالنزو صاحب نے کی آنکے مطلب کو ثابت نہیں کرتی جانور جو کشتی میں بنہاے گئےتھے آنکی تعداد کتاب اقدس میں مذکور نہیں ہے نہ ہم ابھی اسبات کے قرار دینے کے قابل ہوئی ہیں کہ کشتی میں آٹھہ ہزارقسموں کے جانور تھےیا آٹھہ سو کے یا آٹھہ دھاے اسی کے نہ اسبات کے قرار دینے کے اب تک قابل ہوئیہیں کہ آنمیں بیس قسمیں پاک اور ساٹھہ ناپاک تھیں جانور جو کشتی میں بنہاے گئے بلاشبہہ معجزہ سے حضرت نوح کی کشتی میں اے تھے کیونکہ اِس معجزہ † کا اشارہ ہم خود کتاب اقدس میں پاتے ہیں اور بلاشبہہ اونکی نسل باقی رہنے کو وہ زندہ رکھی گئے تھے پس کچھہ شک نہیں کہ صرف وہی جانور کشتی میں تھے جنکی نسل ہنوز صرف اونہی ملکوں میں تھے جہاں طوفان آیاتھا یا آس قسم کے جانور تھے جو آس ملک سے فنا ہوجانے کے بعد بطور نیچر کے آنکا دور دست ملکوں سے وہاں آنا غیر ممکن تھا یاجنسے کوئی خاص مطلب تھا پس اولاً بشپ کالنزو صاحب کو آن قسموں کی تعداد کا ثابت کرنا چاہیئے

† باب ۷—۱۵

قبل پیدایش مسیح علیه السلام ۲۳۴۵ قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۲۹۲۳

ought next to fix the number of the animals which received protection in the ark. But he does not seem to have done so, and has only called into question the Scripture history of this event on his own groundless suppositions. The clean or unclean animals spoken of in Scripture appear to be those which were allowable or not allowable for food; and consequently in determining their number it ought to be first ascertained what particular class of animals those were which were lawful to be eaten in the days of Adam and Noah: but he has neglected even to settle this point.

جنکي نسل زمانه طوفان میں آن ملکوں سے جہان طوفان آیا تھا دوسرے ملکونمیں موجود نه تھي اور پھر کشتي میں جسقدر جانور تھے آنکي تعداد قرار دیني چاهیئے مگر اونھوں نے ایسا نهیں کیا اور صرف اپنے بے بنیاد خیال پر کتاب اقدس پر اعتراض کیا پاک اور نا پاک جانور جنکا ذکر کتاب اقدس میں هے معلوم هوتا هے که اُس سے حلال و حرام مراد هیں بس آنکي تعداد قرار دینے میں بهي اولاً ثابت کرنا چاهیئے که آدم و نوح کے وقت میں کون کون سے جانور حلال تھے مگر بشپ کالنزو صاحب اسکا بهي ثابت کرنا بهول گئے هیں ✱

I would by no means defend that mode of argument which would endeavour to remove all difficulties by indiscriminately declaring them to be miracles, and thereby withhold the use of the reasoning faculties God has given us from a careful and dispassionate consideration of the matter. On the contrary I would wish fairly to refer to miraculous agency only those events which Scripture expressly tells us *were* accomplished by such means, or in which the use of such an agency is susceptible of being established upon strong and convincing grounds; and I would not ascribe to a direct supernatural power even those phenomena which God desired to produce by the ordinary action of the laws of nature. This style of treating the question may perhaps enable me generally both to maintain a reverent respect for Scripture and at the same time listen to the

میں هرگز اسبات کي حمایت نهین کرتا که هر مشکل جگهه پر کهدیا جاوے که یهه کام معجزے سے هوا تها اور عقل اور سمجهه کو جو خدا نے دي هے بالکل معطل کردیا جاوے بلکه میں اونهي مقاموں پر معجزه کا ذکر کرنا چاهتا هوں جهاں خود کتاب اقدس میں اسکا معجزه سے هونا بیان هے یا کسي قوي دلیل سے اسکا معجزه سے هونا پایا جاتا هے اور جهاں که خود خداتعالے نے کسي کامکو بذریعه اسباب نیچرکے کرنا چاها هے وهاں بهي معجزه کا کهنا نهیں چاهتا اور شاید میرا یهه طریقه ایسا هو که کتاب اقدس کا ادب اور عقل کا کام دونوں اسمیں اعتدال سے پورے هوتے هوں لیکن اسمقام پر مجهکو یهه بات کهني ضرور هے که کشتي کا اور کشتي کے سوارونکا بچنا گو آنکي کتني هي تعداد هو بلاشبهه معجزه سے هواتها کیونکه خود کتاب اقدس سے ایسا هونا معجزه سے ‡ ثابت هوتا هے ✱

‡ باب ۶—۱۸

قبل پیدایش مسیح علیہ السلام ۲۳۳۵ · قبل پیدایش محمد رسول اللہ صلعم ۲۹۲۰

dictates of reason. However I feel bound here to state that the preservation of the ark and those in it, whatever may have been their number, was certainly the work of a miracle, for this is stated by Scripture itself, G. VI. 18.

I can by no means rest content with the superstitious notions, that Scripture and all Scriptures in general, even the holy Koran, must not be subjected to critical examination. Would any one imagine for a moment that the most exalted of blessings bestowed upon man viz. the faculty of reason, is given to us to remain idle? Can we conscientiously and faithfully profess to be Christians or Mahomedans without being able to give a reason for our belief, or without exercising our intellect to the utmost of our ability in the thoughtful and reverent consideration and examination of the precious volume which is given us as the guide of our faith? Or, in order to attain to our hopes of salvation as therein promised, will it be sufficient to plead before the Divine Judge that we are Christians or Mahomedans, simply because our fathers were Christians or Mahomedans? Can we rest content with this, when we have the opportunity offered us of confirming and strengthening our faith by earnest and prayerful investigation of the word of God, and by a candid and critical examination of the grounds upon which we profess to accept it in truth and hope for what it professes to be. On the contrary I would earnestly desire that those sacred writings be examined with fairness and discussed with respectful

میں کسیطرح اسبات پر رضامند نہیں هوسکتا که کتاب اقدس اور تمام هولي سکرپچرز کو یہانتک که قران مجید کو بهي نکته چین نظر سے ندیکها جاوے کیا کوئي یهه کهه سکتا هے که وہ شریف چیز یعني عقل جو خدانے همکو دي هے معطل رکهنے کے لیئے دي هے کیا هم (جو ایسا کرسکتے هوں) بغیر اسکے که هولي سکرپچرز کو ایک نہایت عمیق اور نکته چین نظر سے امتحان نکرلیں اور اپنا دلي یقین آسپر نه بٹهالیں کرشچن یا مسلمان هوسکتے هیں یا همارے لیئے خدا کے سامنے (اگر هم خود غوروفکر کرکر اپنا ایمان مضبوط کرنے کے لایق هیں) صرف اتني بات که همارا باپ دادا کرشچن یا مسلمان تها اسلیئے هم بهي کرشچن یا مسلمان هوئے آن نتیجونکی حاصل کرنیکو جبکه هم خود (درصورت لایق هونیکے) اپنے ایمان کو مضبوط کرسکتے تهے کافي هوگي ؟ مگر بے شک میں یهه بات چاهتا هوں که آن مقدس تحریروں پر نیک دلي اور مودب آزادي سے نظر کي جاوے نه ناجایز ازادي سے کتاب اقدس پر اگر اسطرح سے نظر کي جاوے تو بے شک اتني بات پائي جاتي هے که اگرچه بلاشبهه وہ کلام الهي هے مگر آسکو انسان نے گو وہ نبي اور صاحب الهام هي هو لکها هے اور نیز آسمیں اور حالات بهي جو واسطے پورا

قبل پیدایش مسیح علیه السلم ٢٣٣٥ — قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ٢٩٢٠

کرنے اُس سلسله کے جو اصلي کلام الهي
سے علاقه رکہتا تها یا جو اصلي کلام الهي
کي مراد ظاهر کرنے کے لیئے معاون تها
داخل هیں خواه وه حالات بهي بذریعه
الهام کے لکہے گئے هوں خواه اگلي
مقدس تحریروں سے نقل کیئے گئے هوں
یا اور کسي طرح بر شامل هیں جنکو هم
نهایت ادب سے متن اور روایت † کرکر
تعبیر کرتے هیں اور یقین جانتے هیں که
پہلے قسم میں غلطي کا احتمال نہیں اور
پہر یہه بهي خیال کرتے هیں که وه مقدس
تحریریں نهایت قدیم زمانه کے لوگونکي
تعلیم کو جبکه علم نے کچهه بهي روشني
نہیں پائي تهي لکهي گئي هیں اور یہه
که ایسے الفاظ اور محاوره میں جو لوگوں
کے استعمال میں تهے اور جنسے لوگوں کے
دل پر اثر هوتا تها اور جس سے وه خدا
کي طرف رجوع کرسکتے تهے مگر نه کوئي
جهوٹا قصه اور بنائي هوئي کهاني اُس
میں داخل تهي البته بعض بعض دقیق
باتونکو جنکو اب تک ترقي یافته علم کا
زمانه نہیں سمجهه سکتا اور نه آگے کو
سمجهے گا گو کیسے هي ترقي همارے علم
کي هوجاوے بطور مثال اور تشبیهه اور
استعاره کے بیان کیا گیا هے اور پهر متواتر
نقلیں هونے سے اور ویریس ریڈنگ کے
داخل هوجانے سے اصلي الفاظ کے
دریافت کرنے کي جدا مشکل میں
جاپڑے هیں پس هماري نیک دلي کا
مقتضے یهه هے که هم اُن تمام حالات کو پیش
نظر رکهه کر هولي سکرپچرز پر نکته چیني
کي نظر کریں اور ایسا کرنے میں بجز
نیک دلي کے جسکا هر شخص کو پابند

but not impertinent freedom. And when they are regarded in this spirit it is of course seen that, although verily the words of God, they have nevertheless been written by man, though he was prophet who wrote under the Divine inspiration; also, that various particulars independent of the pure dictates of God have been inserted in those sacred books, either to complete the connection of events related in them, or to aid in explaining those events; and further that those additions may have been made under the influence of God's own spirit, or may have been quoted from other and more ancient records partaking of a sacred character, or possibly from some other source, about which we have no information. These insertions we call the *narrative*, in contradistinction to the pure word of God which is distinguished as the *text*. We believe the latter to be infallible; and that those Scriptures were written for the instruction of people of the most ancient ages when no light at all was thrown over knowledge; and that they were expressly written in the peculiar style and phraseology which were in use among those people, and therefore best calculated to produce a lively and lasting impression on their minds and to lead them up fervently to God; but that they originally contained no tales or fabrications. Certain facts have been of course related in the form of smiles, metaphors and parables which cannot be comprehended even in the present advanced age of enlightenment nor will they be understood in the future, whatever light

† دیکهو میري تفسیر کے پہلے حصه کا صفحه ١٦ لغایت ١٩

may be thrown upon them. Besides from the multiplicity of copies and the consequent various readings, the original expressions have been so lost and obscured as to make it a matter of very great difficulty indeed to ascertain and determine the sense in which those terms and expressions were originally received and accepted. Hence fairness of dealing requires that when we criticize the Scriptures we should bear in mind all the various circumstances through which they have passed; and by so doing we shall simply be acting with candour and impartiality; and it is in this spirit alone that the subject should be approached: for when we examine and criticize the ordinary writings of our day with an honest and due regard to the circumstances connected with them there is no reason why we should wholly disregard this rule in the case of the holy Scriptures, much less should we handle them with a prejudiced mind or unwarrantable freedom by divesting ourselves of that feeling of reverence and respect to which their sacred character entitles them. I am not sorry to see Dr Colenso attempting (if he really can) to detect historical flaws in Scripture; but what I most regret is the manner in which he deals with the subject, seeing that he has permitted himself to overstep decorum by a style of disrespectful freedom. I do not say what follows in the expectation that all Christians will concur with me in this, but I can openly assert upon the principles I have laid down with respect to Scripture and which I believe are valid according to the Mahomedan

قبل پیدایش مسیح علیه السلام	قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم
۱۳۳۵	۲۹۲۰

رهنا چاهیئے کچهه اور زیاده هم هولي سکرپچرز کے ساتهه نهیں کرتے کیونکه هم اپني روز مره کي تحریروں کو بهي ایسے هي نیک دلي سے دیکهتے هیں پهر کوئي وجهه نهیں هے که هم هولي سکرپچرز پر نکته چین نظر کرنے کے وقت آن تمام حالات کو جنهوں نے هولي سکرپچرز کو گهیر رکها تها بالکل مٿادیں اور مودب آزادي کو چهوڑ کر ناجایز آزادي سے پیش آویں هم اسبات سے کچهه رنجیده نهیں هیں که بشپ کالنزو صاحب نے کوئي تاریخانه غلطي هولي سکرپچرز میں نکالي هے (اگر وه نکال سکیں) بلکه هم اسبات پر افسوس کرتے هیں که وه آس مودب آزادي سے اگر بالکل نهیں تو قریب قریب تمام کے الگ هوگئے هیں میں عموماً عیسائیوں کي نسبت نهیں کهتا بلکه بلحاظ آن اصول کے جو میں نے هولي سکرپچرز کي نسبت قایم کیئے هیں اور جنکي نسبت میں سمجهتا هوں که بے شک وه مسلمانوں کے مذهب کي روے درست هیں اور نیز اکثر علماے عیسایي کا بهي ایسا هي عقیده پاتا هوں میں علانیه کهه سکتا هوں که اگر کوئي تاریخانه غلطي هولي سکرپچرز میں نکلے (اگر کوئي ایسي هو) وه کسیطرح هولي سکرپچرز کو نا معتبر نهیں ٹهراسکتي جب تک که متن پر کوئي ایسي غلطي ثابت نهو جسکا ثابت هونا یقیني غیر ممکن هے پس مجهکو کیا ضرورت تهي که اگر بشپ کالنزو صاحب نے کوئي تاریخانه غلطي کتاب اقدس میں نکالي تو میں آسکے جواب پر متوجهه هوں مگر میں یهه کهتا هوں که

قبل پیدایش مسیح علیہ السلام ٢٣٣٥

قبل پیدایش محمد رسول اللہ صلعم ٢٩٢٠

بیبل کو بت بناکر نہیں بلکہ اُسي نیک دلي اور مودب آزادي سے اگر بیبل پر نکتہ چین نظر کي جاوے تو وہ تاریخانہ غلطیاں بھي جنکو بشپ کالنزو صاحب غلطیاں کہتے ھیں غلطیاں نہیں ھیں بلکہ ھمنے خود اپني غلطي سے آنکو غلط سمجھاتھا اور صحیح جاناتھا اور اب ھمارے آزادي اور نیک دلي یہہ ھے کہ جن غلطیوں مین ھم پھنسے ھوئے تھے بلالحاظ اسکے کہ ھمارے بزرگ یوں ھي کہتے چلے آے ھیں آنسے ھم نکلیں .اور موافق حال کي ترقي یافتہ علوم کے ازسرنو آسي نیک دلي اور مودب آزادي سے کتاب اقدس پر نکتہ چین نظر کریں اور یہي باعث ھے جو میري تفسیر کا پڑھنے والا جابجا میري تفسیر میں پاویگا کہ میں کچھہ پابند نہیں رھاھو آن قولونکا جنکو یہودي عالم یا عیسائي عالم یا مسلمان عالم بلا تحقیقات بطور باپ دادا کے تبرک کے مانتے چلے آے ھیں بلکہ میں پابند رھا ھوں صرف ھولي سکریپچرز کا اور سچ کا اور سچے خدا کا جسنے ھمکو صرف سچ پر چلنے کے لیئے نبي بھیجے اور اپني سچي کتابیں اوتاریں *

faith, (and I find many Christian divines cherishing the same belief,)—that if any historical inaccuracies (even supposing there be any such) are discovered in the Scriptures, these are but small blemishes, which can not possibly detract anything from the real character of the sacred writings, or render them unworthy of our trust and respect unless indeed anything like error is found in the *pure text,* which is clearly impossible. Hence what need have I to disprove any historical errors which Dr Colenso may have detected in the Scriptures? But I would observe that if without making an idol of the Bible we carefully examine its contents with a becoming spirit of candour and reverence, those errors or untruths as Dr Colenso calls them would not be found to exist; but it should on the contrary be shown that we ourselves had misunderstood them, and had accepted our own misrepresentations to be right. Common honesty now requires that we should manfully disabuse our minds of our preconceived and erroneous notions without yielding to the weak idea that because certain things had been maintained and believed in by our forefathers we should believe them likewise. Let the Scriptures be fearlessly subjected to honest criticism according to the light of the present advanced age of our knowledge; and there can be no doubt that they will endure the test. It is for these reasons my readers will find that I have not at all followed the ideas which the Hebrew or Christian Mahomedan divines have hitherto received and maintained, without enquiry

قبل پیدایش مسیح علیه السلام ۲۳۳۵ قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۲۹۲۰

and proof, simply on the authority of their forefathers having believed in them. I have, on the contrary, always followed the holy Scripture statements, the Truth, and the all true God alone, who sent down his true prophets and true books to guide us in the path that leads to the sole Truth.

Dr Colenso says— "It is absolutely necessary that thoughtful persons should be called to look at these things from a practical every-day point of view; that they should be induced to think for themselves about the details, involved in the Scripture accounts, and see for themselves that the notion of such a flood as that described in the chapters of Genesis, whether it be regarded as a *universal* or *partial* deluge, is equally incredible and impossible. If it be so, then it will also follow plainly, that by believing ourselves, or teaching others to believe, in this statement of Noah's flood, as a statement of real historical matter-of-fact, merely because the Bible records it as such, we shall be sinning against God and the Truth, and simply making an idol of the Bible."

قوله ''— یهه امر بهت ضرور هے کهمتامل شخصوں کي ترجهه کو روزمره کے استعمالي نظر سے ان باتوں کيطرف کهینچا جاے اور که آنکو اپنے واسطے کتاب اقدس کے حالات پر خیال کرنیکي اور اپنے واسطے یهه دیکهنے کي رغبت دلائي جاوے که ایسے طوفان کا خیال جیسا پیدایش کے ان بابوں میں مذکور هوا هے خواه آسکو عام لحاظ کیا جاوے یا خاص یکسان ناقابل یقین اور نا ممکن هے پس اگر ایسا هو تب بهي صاف لازم آویگا که نوح کے طوفان پر صرف اس وجهه سے که آسکو بیبل میں ایسا لکها هے خود ایسا یقین لانا یا اورونکو یقین کرانا که وه اصلي تاریخانه حقیقت هے خدا کے خلاف اور حقیقت کے خلاف میں گناه کرنا هے اور بیبل کو صرف ایک بت بنانا هے •

Dr. Colenso will now however see that the Bible does not speak of a universal deluge; and that a partial deluge in the manner it describes is beyond question possible and conceivable. Hence to believe in it and teach others to believe in it as an indisputable historical fact, is to follow and adhere to God and the Truth, and to regard the Bible with a respectfully critical eye.

مگر اب بشپ کالنزو صاحب جان لین گے که عام طوفان کا کتاب اقدس میں بیان نهیں هے اور جس طرح کے خاص طوفان کا ذکر هے وه یقیني ممکن اور قابل قیاس هے پس آسپر یقین لانا یا اورونکو یقین کرانا که وه اصلي تاریخانه حقیقت هے خدا کي اور حقیقت کي پیروي کرنا اور بیبل کو ایک مودب نکته چین نظر سے دیکهنا هے •

Dr. Colenso again says,— "But indeed the waters of a deluge that could cover the high hills, that were under the whole heaven, and the mountains in Armenia, must have found their level on the surface of the whole earth, unless the law of gravitation was suspended, by another stupendous miracle, for the space of twelve months."

But now it is all clear as shown by me, that the flood had covered neither the summits of high hills nor all the mountains of Armenia nor was it necessary to suspend the law of gravitation by any stupendous miracle, but it was of course just in obedience to the law of nature.

Dr Colenso thus quotes from Mr. Delitzch, p. 260.— "The absolute generality of the flood, if it was to be expressed at all, could not be expressed more clearly. It seems as if we must imagine the flood to have covered the highest peaks of the Himalayas and Cordilleras, reaching to a height of 26,843 feet (28,178 ft.) But verse 20 makes that impossible: 'Fifteen cubits upward the waters were mighty, and the mountains were covered,'. That can only be a concise datum from a particular stand-point and that stand-point is in that case the great Ararat, by far the highest mountain-summit of the neighbourhood, upon which the ark grounded immediately after the highest state of the waters. The Ark went 15 cubits deep: and so at the moment when it grounded the waters also reached the height of 15 cubits deep over the top of the Ararat. If this be so, then the state-

قولہ ۔ لیکن البتہ طوفان کا پانی جس نے بلند پہاڑیاں جو تمام آسمان کے نیچی تہیں اور آرمینیا کے پہاڑ غرق ہوے تمام زمین کے سطح پر ضرور تہا کہ ہموار پہیلا ہو اگر قانون میلان کو ایک اور بڑے معجزہ نے بارہ مہینہ تک نہ روک رکہا ہوگا ❋

مگر اب یہہ بات واضح ہوگئی کہ پانی نے نہ بلند پہاڑوں کی چوٹیونکو چہپادیا تہا نہ ارمینیا کے سب پہاڑوں کو غرق کیا تہا اور نہ قانون میلان کو کسی بڑے معجزہ نے روکا تہا بلکہ وہ خود نیچر کے قاعدہ پر روکا ہوا تہا ❋

قولہ ڈیلٹزک صاحب نے اپنی کتاب کے صفحہ ۲۶۰ میں یہہ لکہا ہے کہ " طوفان کا عام ہونا اگر ظاہر کرنا منظور تہا تو اس سے زیادہ صاف نہیں ظاہر ہوسکتا تہا آسکے بیان سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ہمکو خیال کرنا چاہیئے کہ طوفان ہمالیہ اور کورڈیلی راز پہاڑوں کی نہایت بلند چوٹی پر پہونچا یعنی ۲۶۸۴۳ فیٹ (۲۸۱۷۸ فیٹ) لیکن ورس ۲۰ سے جسکا مضمون یہہ ہے کہ پندرہ کیوبت اوپر کیطرف پانی بلند ہوا اور پہاڑ چہپ گئے اسبات کو نا ممکن کرتا ہے مگر یہہ حقیقت صرف کسی خاص مقام سے ہوسکتی ہے اور اس حالت میں یہہ مقام بڑا پہاز ارارات کا ہو جو قریب کے پہاڑوں سے بہت بلند چوٹی رکہتا ہے جسپر کشتی پانی کی نہایت بلندی پر پہونچنے سے ٹہری کشتی پندرہ کیوبت گہری پانی میں چڑہی پس جسوقت

قبل پیدایش مسیح علیہ السلام ۲۳۳۵

قبل پیدایش محمد رسول اللہ صلعم ۲۹۳۰

ment in verse 19 that 'all the high hills that were under the whole heaven' were covered by the waters, must not be understood literally in the sense of universal."

قبل پیدایش مسیح علیه السلم ۲۳۳۵ — قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۲۹۲۰

وہ تھی آسوقت پانی بھی پہاڑ ارارات کی چوٹی پر بندرہ کیوبٹ بلند پہونچا اگر یہہ امر ایسا ہو تو ورس ۱۹ کے اِس بیان کو کہ تمام آسمان کے نیچے کے تمام بلند پہاڑ پانی سے غرق ہوگئے بمعنے عام طوفان کے لفظی مراد سے نہیں سمجھنا چاهیئے ●

Mr Delitzch however troubled himself in vain to argue as he has done: for the waters did not even cover the lofty peaks of Ararat, much less those of the Himalayas and Cordilleras. The flood only rose to a height of 135 or 180 feet above the earth.

مگر ڈیلٹزک صاحب نے یہہ تکلیف ناحق آٹھائی ہے کیونکہ پانی نے نہ پہاڑ ارارات کی بلند چوٹی کو غرق کیا تھا اور نہ همالیه اور نہ کورڈیلیراز کی چوٹی کو بلکہ صرف ۱۳۵ یا ۱۸۰ فیٹ زمین سے بلند ہوا تھا ●

Dr Colenso quotes the following—"Granting that Geology might raise such and other proofs against the mere universality of the flood, to the power of producing irresistible conviction. Yet we are not bound under any necessity of maintaining the contrary as an article of faith. Not as if we were against the universality of the flood, because we might not be able how to account for it naturally: even the present matter-of-fact, upon which Geology lays stress does not move us. But the Scripture requires the generality of the flood only for the earth as *inhabited*, (nay, for that portion of the earth only inhabited by the people whose spiritual instruction was committed to Noah) not for the earth as such; and it has no interest in the universality of the deluge *for itself*, but only in the universality of the judgment fulfilled through it upon the old world (or more properly, upon that portion of the earth inhabited

قولہ " تسلیم کیا کہ علم جیالوجی صرف طوفان کے عام ہونے پر ایسی اور بڑی مضبوط دلیلیں جنکا جواب نہیں ہوسکتا لاسکتا ہے لیکن همکو کسی ضرورت سے اِس امر کے خلاف کو ایمان کا مسئلہ ماننے میں پابندی نہیں ہے اور اِسکی وجہہ یہہ نہیں ہے کہ هم طوفان کے عام ہونیکے گویا اسلیئے برخلاف ہیں کہ همکو یہہ جاننا مشکل ہوا کہ آسکا جواب قدرت کے طور سے کیونکر دیں اسبات پر موجودہ حقیقت بھی جس پر جیالوجی زور دیتی ہے همکو تحریک نہیں کرتی لیکن وجہہ یہہ ہے کہ کتاب اقدس طوفان کا عام ہونا صرف بلحاظ آس زمین کے جو آباد تھی (نہیں بلکہ صرف بلحاظ آس زمین کے جہاں حضرت نوح اور آنکی قوم یعنی وہ لوگ جنکی هدایت کو وہ نبی ہوے تھے) اور نہ بلحاظ تمام زمین کے چاهتی ہے اور طوفان کے عام ہونے سے آسکو کچھہ غرض نہیں ہے بلکہ آس راے کے عام

قبل پیدایش مسیح علیہ السلام ۲۳۲۵ — قبل پیدایش محمد رسول اللہ صلعم ۲۹۲۰

ہونے سے غرض ہے جو طوفان کے ذریعہ سے پرانی دنیا پر (بلکہ یوں کہنا چاہیئے کہ اُس ملک پر جہاں حضرت نوح اور اُنکی قوم رہتی تھی) پوری † ہوئی کہ بجز ایک خاندان کے اُسوقت کے (یعنی اُس زمین کے) تمام انسان کی نسل معہ حیوانات کے جو اُنکے ہمسایہ میں تھے زمین کے ایک بڑے دایرہ کے درمیان میں برباد ہوگئے ' یہی بیان صرف کتاب اقدس کا ہے اُسوقت انسان کی نسل زمین کے تمام سطح پر نہیں پھیلی تھی کیونکہ اُسکے بھرنے کے واسطے اُنکی تعداد ابھی کافی نہیں تھی (مگر یہہ بات صحیح نہیں کیونکہ اُس وقت بہت سے سطح زمین کے اور بہت سی دنیا آباد ہوچکی تھی) *

by the people of Noah) 2 Peter II. 5. That with the exception of one single family, the whole then existing human race, together with the animal world in their neighbourhood, within a great circle of the earth, was destroyed, that, and that only, is the Scripture statement. The human race, however, was then not yet spread over the whole surface of the earth, since they were not yet enough in their number (no, this is not so, for by that time the greatest part of the earth was inhabited,) to fill it."

† ۲ پیٹر باب ۲—۵

اِس تقریر کا جواب بشپ کالنزو صاحب اسطرح پر دیتے ہیں کہ " علانیہ طوفان کا بیان یہہ ہے کہ تمام ‡ گوشت یعنی حیوان اور انسان نے زمین پر اپنا طریقہ خراب کیا تھا اور اسلیئے اُنکا برباد ہونا چاہیئے تھا پیدایش باب ۹—۵ جہاں گناہ کا ذکر بحالت حیوانوں اور انسانوں دونوں کے ہے یعنی تمہارا خون میں چاہوں گا ہاتھہ سے ہر حیوان کے میں اُسے چاہونگا اور ہاتھہ سے آدمی کے *

In answer to the above Dr Colenso says—" Manifestly the idea of the flood is that all flesh—that is animals as well as men,— had ' corrupted its way upon the earth' and must be destroyed; see G. IX. 5, where guilt is spoken of in the case of animals as well as men,— ' Your blood will I require, at the hand of every animal will I require it, and at the hand of man."

‡ باب ۶—۱۲

مگر یہہ اعتراض اُنکا صحیح نہیں ہے ورس ۱۲ باب ۶ کتاب پیدایش میں لفظ בשר (بسر) کا ہے جسکے معنے جسم کے ہیں اور زیادہ تر جسم انسان کے اگر ہم صرف جسم مطلق ہی کے معنے لیں تو بھی گناہ میں خواہ نخواہ حیوانونکا بھی شامل کرنا ضرور نہیں ہے کیونکہ اُس سے صرف جسم انسان ہی کے معنے لینے کو کوئی امر حارج نہیں ہے

But the above objection advanced by Dr Colenso is not right. Gen. VI. 12. contains the original word *basur* signifying flesh or rather human flesh. If we allow it to mean merely flesh, it is not even then necessary to join animals with men in the commission of sin: for there is nothing to prevent us from assuming it to signify human flesh.

And I have formerly stated that the destruction of animals by the inundation was owing to the operation of the law of nature under which it took place, and not owing to any guilt committed on their part, see page 231; also G. VIII 12. And Gen. IX. 5. has no connection with this event, for the ordinance given in it is a restriction put upon man against the ill-treatment of animals, as Bishop Patrich has said, see page 264. Hence both these verses cannot support the universality of the deluge.

Mr Barry says, page 148— "The case therefore stands simply thus. It is impossible to conceive any interpretation, except the literal one, which is as consistent with the veracity of the Mosaic narrative. And therefore if the Scripture be in any sense inspired, we must accept this portion of it as simple and literal history."

In reference to the above Dr Colenso says— "Mr Barry should have written, 'If the Scripture be inspired in the popular, traditional, sense of the word.' For that the spirit of Goodness, Truth and Holiness, does breathe in the words of the Bible, so that the sacred book will to the end of time be 'profitable for teaching, reproof, correction, and instruction in righteousness, in spite of the legends and myths which it contains and the passages of a contrary nature, by which it is in some parts disfigured, cannot be doubted by any devout mind.

قبل پیدایش مسیح علیہ السلام ۲۳۳۵　　قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۲۹۲۰

اور هم بیان کرچکے هیں کہ جانوروں کا ‡ طوفان سے مرنا ایک نیچر کے قاعدہ پر تها نہ بسبب کسي گناہ کے || اور ورس ۵ باب ۹ کتاب پیدایش کا اِسمعاملہ سے کچهہ علاقہ نہیں رکهتا کیونکہ آس ورس میں جو حکم هے وہ ایک بندش هے واسطے انسان کي بے احتیاطي کے جو جانوروں کے رکهنی کي نسبت هو جیسا کہ † بیٹرک صاحب نے لکها هے پس یهہ دونوں ورس عام هونیکي دلیل نہیں هوسکتے *

‡ دیکهو هماري تفسیر کا صفحہ ۲۳۱

|| دیکهو باب ۸—۱۲

† دیکهو هماري تفسیر صفحہ ۱۶۳

مسٹر بیري صاحب نے اپني کتاب کے صفحہ ۱۴۸ میں یهہ لکها هے " اسلیئے یهہ معاملہ سادگي سے اسطرح قایم هوتا هے کہ بجز لفظي معنی کے جو موسی کے بیان کي صداقت سے بالکل موافق هے اور کوئي معني قیاس کرنا نامُمکن هے پس اگر کتاب اقدس کسي مراد سے ملهم هو همکو آسکے اس حصہ کو سادي اور لفظي تاریخ قبول کرنا چاهیئے *

اسکا جواب ڈاکٹر کالنزو صاحب نے اسطرح پر دیا هے کہ " مسٹر بیري کو لکهنا چاهیئے تها کہ اگر کتاب اقدس لفظ کے عام اور روایتي معنے سے ملهم هو کیونکہ کوئي جاں نثار اور خدا پرست شخص اسبات میں شک نہیں کرسکتا کہ بهلائي اور سچ اور مقدس هونیکي روح بیبل کے لفظونمیں دم بهرتے هے اور پس کتاب اقدس زمانہ کے آخر تک تعلیم کرنے اور ملامت کرنے اور اِصلاح اور نیک نصیحت کرنے میں مفید هوگي برخلاف آن افسانوں اور قصونکي جو آسمیں هیں اور برخلاف ایسے مقاموں کے جنسے بعض بعض جای

قبل پیدایش محمد رسول الله صلعم ۲۹۲۰
قبل پیدایش مسیح علیه السلام ۲۳۳۵

وہ معیوب ہوگئی ہے *

بلکہ بیبل میں انسان کی ضعیف عقل اور جہالت کا اُس الہیہ سچ کے ساتھہ آمیز ہونا ہے جو خدا کا کلام ابدی ہے اُسکی اس خاص قیمت کا سبب ہے کہ وہ ایک سچی اور قدرتی تاریخ ہے لیکن بلاشبہہ وہ تاریخ اُن خالص حقیقتوں کی جنکا اُسمیں بیان ہی نہیں ہے بلکہ انسان کی زندگی اور مذہب کی ترقی کی تاریخ ہے جسکا نقشہ متامل طبیعت کے واسطے ہر صفحہ میں بخوبی کھینچا گیا ہے وہ ایسی نہوتی اگر ابتدا کے زمانوں کے جاہلانہ خیالات اُسمیں صحیح صحیح مندرج نہوتے *

" Nay it is this very mixtbre in the Bible of human frailty, ignorance and mistake, with the divine Truth which is the eternal word of God, that makes its special value as a true, natural, history,— not certainly of the mere facts, which it details, but of the progress of human life and religion, which is illustrated for the thoughtful mind in every page. It would not be thus, if the rude conceptions of the earlier periods were not truly recorded."

اس تقریر سے جو بشپ کالنزو صاحب نے کی کون شخص ہوگا جو افسوس نکرتا ہوگا اسبات کو ہم بھی تسلیم کرتے ہیں اور اکثر علماء عیسائی بھی مانتے ہیں کہ بیبل میں سواے اُس کلام کے جو خدا نے کیا اور کچھہ بھی مندرج ہے جو مقدس مورخ نے خواہ وہ حضرت موسیٰ ہوں یا حضرت عزیر علیہما السلام بطور روایت کے شامل کیا ہے اور ابتدا میں کلام الہی کے لکھنے کا ایسا ہے دستور تھا اور اسی سبب سے ہم مسلمان بیبل کے ہر ہر فقرہ کو بلکہ فقرہ کے ٹکڑے کو روایت اور متن کے نام سے تمیز کرتے ہیں جیسا کہ عنقریب میں ایک بیبل مشتہر کرنے کو ہوں جس میں الفاظ متن کے سرخ اور الفاظ روایت کے سیاہ چھاپے جاوینگے مگر جو کچھہ کہ بیبل میں بطور روایت کے لکھا ہے اُسکو ایک افسانہ اور قصہ سمجھنا یا انسان کی ضعیف عقل اور جہالت کی آمیزش

Who could not but be excited with a feeling of great pity and sorrow at what Dr Colenso says in respect to the Bible in the above quotations. Of course we Mahomedans, as well as many of the Christians admit, that independent of the mere ordinances and words of God, there are contained in the Bible additions which were made to serve as narratives by the sacred writer, who might have been either Moses or Ezra; and this was in the earlier ages, the mode of recording the divine utterance; and it is for this reason that we Mahomedans distinguish the verses and even parts of verses, in the Bible by the twe different titles of *text* and *narrative*, as will be illustrated in an edition of the Bible I am to publish, wherein the text shall be printed in red, and the narratives in black. But it is a great blunder and absurdity to take this narrative-matter in the Bible

for mere tales and legends, or for a 'mixture of human frailty and ignorance', or to withhold belief therefrom as a statement of mere fact, as Dr Colenso has maintained. To make this assertion and still to acknowledge the Bible to contain divine and eternal truths, are two things so opposed to each other that they can never be reconciled. How can we assert this sentence of a verse of Scripture— 'and all the high hills that were under the whole heaven were covered,' G. VII. 19,— to be a fabrication, or lie; and this one— 'Unto thee it was shewed, that thou mightst know that the Lord he is God; there is none else besides him''— to be a divine and eternal truth: for might we not argue that the writer who wrote the former an untruth, may have likewise written the latter as such? Shall we then let the Bible be so treated by men, at least by such as Dr Colenso, that they may fix and determine the character of any passage in it according to their own caprice and pleasure by calling it either a legend, or a divine truth? No, this can never be. To make a distinction between the Ellohist and Jehovist writers would not do, even if it be allowable. What is needful to be done, is first to lay down a certain rule by which legends may be distinguished from divine truths: so that we may be enabled to receive as such, what are legends; and, on the other hand, give obedience and reverence to what is the pure and unalloyed truth. If all Dr Colenso's conclusions in regard to the Bible are to be accepted as right, we should then find not a single word

جاننا یا آسکو خالص حقیقتوں کی تاریخ
نہ سمجھنا جیسا کہ بشپ کالنزو صاحب
نے تصور کیا ہے محض ایک غلط خیال
ہے ایسا جاننا اور پھر بیبل میں الہیہ سچ
کے موجود ہونیکابھی اقرار کرنا یہہ دونوں
چیزیں آپس میں ایسی ضد ہیں جو
ایک ساتھہ جمع نہیں ہوسکتیں کیا وجھہ
ہوگی کہ ہم کتاب اقدس کے اِس فقرہ
کو کہ " چھپا دیا † سب پہاڑوں اونچوں
کو جو تھے نیچی تمام آن آسمانونکے " ایک
جھوٹی کہانی سمجھیں اور اِس فقرہ کو
کہ " تجھکو ‡ دکھائی دیا میں تا کہ پہچان
لے تو کہ اللہ وہی معبود ہے نہیں کوئی
(معبود) سوائے آسکے " (یعنی لاالہ الااللہ)
الہیہ سچ اور خدا کا کلام ابدی جانیں
کیوں نہ ہم کہیں گے کہ جس مورخ نے
پہلا فقرہ (نعوذ باللہ) جھوٹ لکھا ہے
اسیطرح دوسرا فقرہ بھی آسنے جھوٹ لکھا
ہے پھر کیا ہم بیبل کو لوگوں کے ہاتھہ
میں اور کم سے کم بشپ کالنزو صاحب
کے ہاتھہ میں اسطرح پر چھوڑ دینگے کہ
جس ورس کو وہ چاھیں گے جھوٹا قصہ
قرار دینگے اور جس ورس کو چاھیں گے
الہیہ سچ بتاوینگے یہہ نہیں ہوسکتا
الوھوسٹ اور جھوروسٹ کی تمیز کرنے سے
(اگر وہ درست بھی ہو) کچھہ کام نہیں
چلتا اول اسبات کے لیئے ایک قاعدہ بتانا
چاھیئے جس سے ہم افسانوں اور قصونکی
الہیہ سچ سے تمیز کرلیں اور ایک کو جھوٹا
افسانہ اور دوسرے کو الیہہ سچ اعتقاد کریں
اگر آس سب کو جو بشپ کالنزو صاحب
نے کہا ہے درست مانا جاوے تو ایک
لفظ بیبل کا ایسے اعتماد کے لایق نہیں

قبل پیدایش مسیح علیہ السلام ۲۳۳۵
قبل پیدایش محمد رسول اللہ صلعم ۲۹۲۰

† کتاب پیدایش باب ۷—۱۹

‡ کتاب استثنا باب ۴—۳۵

قبل پیدایش سیہح علیہ السلام ۴۳۳۵

قبل پیدایش محمد رسول اللہ صلعم ۲۹۲۰

پس جبکه تو بنظر اصل حقیقت کے خدا هی اور صرف بسبب اُس چیز کے جس کے سبب تجهکو تو کهتے هیں پیدا کیا هوا بنده هی تو تجهکو واسطے خدا کے رحمان هي هونا چاهیئے	فکن حقا وکن خلقا تکن بالله رحمانا —
اور خدا کي مخلوقات کا بقا خدا هي سے جان اور تو روح یعني پاک اور تمام راحت هو —	و غذ خلقه منه تکن روحا و ریحانا —
پس دي همنے خدا کو وه چیز جس سے ظاهر هوتا هی خدا هم میں اور خدا نے وهي چیز همکو دي —	فاعطیناه مایبدو به فینا و اعطانا —
پس وه بات جسکو وجود کهتے هیں خدا میں اور هم میں بٹ گیا —	فصار الامر مقسوما بایاه و ایانا —
پس جو چیز که میرے دل میں جان والي هی اُس کو زنده کیا هی جبکه همکو زنده کیا —	فاحیاه الذي یدري بقلبي حین احیانا —
اور هم هي تهے الله کے علم میں اور هم هي تهے هونے والے اور هم هي هوئے هیں —	وکنا فیه اکوانا و اعیانا و ازمانا —
اور هم میں وه چیز همیشه نهیں هی مگر اُسي نے همکو زنده کیا هی —	و لیس بدایم فینا ولکن ذاک احیانا —

اسیواسطے همارے مذهب کے بعضے اماموں نے حضرت عیسی علیه السلم کے حق میں فرمایا هی هولا هو یعني وه انسان هی اور انسان نهیں اگرچه عیسائي بهي ابن الله کے لفظ سے اُس کے لغوي حقیقي معني مراد نهیں لیتے جو عموماً اس لفظ سے سمجهے جاتے هیں بلکه حاصل اُن کے عقاید کا یهه هی که — خدا ایک هی اور وه باپ هی اور اُس کے سوا اور

کوئي خدا نہيں مگر جبکہ خدا تعالیٰ ازلي يعني ہميشہ سے ہی تو چاہيئے کہ اُسکي صفات بھي ذاتي ازلي ہوں اور پيدايش بھي صفات ذاتي ازلي خدا تعالے ميں سے ايک صفت ہی اُس صفت کے سبب باپ سے بيٹا يعني حضرت مسيح عليہ السلام ازل سے صادر ہوا مگر باپ کي ذات ميں يا بيٹے کي ذات ميں کچھہ تقسيم نہيں ہوئي بلکہ بيٹے کي ذات وہي باپ کي ذات ہی مگر اس سبب سے کہ باپ نے اپني الہيہ ذات کسي اور سے حاصل نہيں کي ہی بلکہ بيٹے نے اپني الہيہ ذات باپ سے حاصل کي ہی باپ کو علت ازلي اور بيٹے کو معلول ازلي کہتے ہيں اور باپ پر جدا کام اور بيٹے پر جدا کام قرار پاتے ہيں اور باپ اور بيٹے ميں بھي امتياز حقيقي ہی اور اسي سبب سے بيٹے کو باپ سے رتبہ ميں کم سمجھتے ہيں ليکن بسبب اس کے کہ دونوں کي ذات ايک ہی بيٹا وہي خدا ہی اور خدا وہي بيٹا ہی (اسي کيطرف اشارہ ہی قرآن مجيد ميں جہاں فرمايا کہ لقد کفرالذين قالو ان الله هو المسيح ابن مريم) اور اسي سبب باپ اور بيٹے کي مرضي ميں فرق نہيں بلکہ ايک ہی صرف اتني بات ہی کہ باپ کي مرضي اصلي ہی اور کسي کے پاس سے آئي ہوئي نہيں اور بيٹے کي مرضي بسبب ايک ہونے ذات کے باپ کے پاس سے آئي باپ کي بھيجي ہوئي ہی اسيطرح خدا تعالے کي ازلي صفات ميں سے ايجاد بھي ايک صفت ہی اُس ازلي صفت کے سبب باپ اور بيٹے سے کہ اُن کي ايک ہي ذات تھي روح القدس صادر ہوا مگر باپ اور بيٹے يا روح القدس کي ذات ميں کچھہ تقسيم نہيں ہوئي بلکہ روح القدس کي ذات وہي باپ اور بيٹے کي ذات ہی مگر اس سبب سے کہ باپ نے ذات الہيہ کسي سے حاصل نہيں کي اور بيٹے نے باپ سے اور روح القدس نے باپ اور بيٹے دونوں سے ذات الہيہ حاصل کي تھي باپ اور بيٹا علت ازلي اور روح القدس معلول ازلي ہوا اور اسي صفت ايجاد کے سبب روح القدس کا جدا کام ہوا اور تينوں ميں بھي حقيقي امتياز ہی اور اسي سبب سے روح القدس باپ اور بيٹے سے رتبہ ميں کم ہی ليکن بسبب متحد ہونے ذات کے روح القدس وہي خدا ہی اور اسي سبب سے باپ اور بيٹے اور روح القدس کي مرضي ميں کچھہ فرق نہيں البتہ اتني بات ہی کہ باپ کي مرضي اصلي ہی اور روح القدس کي مرضي بسبب ايک ہونے ذات کے حاصل کي ہوئي ہی — عيسائي ان تينوں کو علاحدہ علاحدہ اور غير معلول خدا نہيں مانتے بلکہ اُس کو شرک سمجھتے ہيں صرف ان تينوں ميں ايسا امتياز سمجھتے ہيں جس سے الفاظ متکلم اور مخاطب کا اطلاق ہوسکے مثلاً بيٹا کہے کہ ميں باپ پاس جاتا ہوں يا باپ نے بيٹے کو دنيا ميں بھيجا ہی مگر ايسے طرز کلم کا استعمال جائز نہيں سمجھتے جس سے وہ تميز جاتي رہے اور باپ اور بيٹے کا متحد ہونا بلا تميز کے پايا جاوے مثلاً

یوں کہنا اُن کے نزدیک صحیح ہی کہ بیٹا باپ سے ہی اور یہہ کہنا صحیح نہیں کہ بیٹا باپ ہی *

اس تقریر سے ظاہر ہوتا ہی کہ در باب حقیقت عیسویہ کے ہم میں اور عیسائیوں میں کچھہ اختلاف نہیں ہی خواہ اُس کو ابن اللہ کرکر تعبیر کریں خواہ اُسکو روح اللہ کہکر بیان کریں اختلاف صرف اسقدر ہی کہ اُن میں باوجود تمیز قایم رکھنے کے اُنکو خدا مانتے ہیں اور تمیز کی حالت میں بھی خدا کہتے ہیں اور باوصف قایم رکھنے اُس تمیز کے اُنکی پرستش بجالاتے ہیں کیونکہ اُس ذات واحد مطلق کا جب کسی † چیز کے ساتھہ کسی طرح پر تعلق ہو تو اُس تعلق کی حیثیت سے اُسکی پرستش کرنا جائز نہیں بلکہ اُس ذات واحد مطلق کی بحیثیت اُس کے اطلاق یعنی ہر طرح پر بے تعلق ہونے کے پرستش کرنی چاہیئے جیسا کہ مسیح علیہ السلام نے فرمایا کہ " تو اُسکو ‡ جو تیرا خدا ہی سجدہ کر اور فقط اُسکی بندگی کر " پس ہم مسلمانوں کا مذہب عیسائیوں کے برخلاف یہہ ٹہرا کہ حضرت عیسی مسیح علیہ السلام کو جسطرح چاہو اُسطرح مانو مگر الٰہیۂ پرستش کا مستحق نجانو *

عیسائی مذہب میں جسقدر اختلافات ابتدا ابتدا میں ہوئے اُس کی تاریخ ہمارے پاس نہایت تاریک ہی پھر اُس اختلاف کے منشا کو اگر ہم اپنی راے کے بموجب قرار دیں تو بلاشبہہ ہم غلطی میں ہیں کیونکہ جسطرح ہم اُس اختلاف کو ایک برے منشا پر قایم کرتے ہیں اُسیطرح ممکن ہی کہ ہم اُس کو ایک اچھے منشا پر قایم کریں پس جبتک کہ ہمکو خود اُنہی لوگوں کے کلام سے نہ ثابت ہو کہ اُن کا منشا اُس اختلاف میں کیا تھا اُسوقت تک ہمکو اپنے خیالات سے اُن کے اختلافات کا منشا قرار دینا ایک نا انصافی ہی نہیں ہی بلکہ ایک خیالی بات کو واقعی مان لینا ہی ۔ اِسواسطے ہر ایک فرقہ کے اختلاف کے منشا نہ بیان کرنے میں عیسائی مورخوں کی پیروی چھوڑنے کی مجھکو ضرورت پڑی پس میں ہرایک مختلف فرقہ کو اور جو اُن میں اختلاف تہا اُس کو بیان کرتا ہوں مگر اسبات کے بیان کرنے سے کہ وہ اختلاف کس منشا سے واقع ہوا چپ رہتا ہوں *

عیسائی مورخ اسبات کے قایل ہیں کہ ابتدا سے اصلی عیسائی § تثلیث کے قایل چلے آئے ہیں اور باپ اور بیٹے اور روح القدس تینوں کو خدا مانتے رہے ہیں اس فرقہ کو کیتہلک نام دیا گیا ہی یعنی عام مذہب جو اصلی اور قدیم عیسائیت پر مضبوط اور مستحکم تہا ۔ مگر مسلمان مورخ اس کے برخلاف ہیں وہ کہتے ہیں کہ متقدمین عیسائی خداے یکتا کے ذیل

† استثنا ۶ — ۱۵ لغایت ۱۹ =

‡ متی ۴ — ۱۰ —

§ فرقہ کاتہلک =

تھے اور ٹنڈیبٹ نے صرف تیسری یا چوتھی صدی میں رواج پایا ہی بہر حال متفق گواہی سے ثابت ہی کہ ابتدا ہی سے عیسائیوں میں ایسے فرقے بھی تھے جو یسوعانی خدا کے قایل تھے جیساکہ اگے آنے والے بیانوں سے ثابت ہوتا ہی *

عیسائی مورخ اسبات کے قایل ہیں کہ پہلی صدی میں ایک فرقہ تھا † جو حضرت مسیح علیہ السلام کو نہ حقیقتاً خدا مانتا تھا اور نہ حقیقتاً انسان کہتا تھا بلکہ خدا کا بیٹا (یعنی روح اللہ) اور پیغمبر (یعنی رسول اللہ) مانتا تھا *

اسمعیل ابوالفدا اپنی تاریخ میں اس فرقہ کا عاناتیہ نام بتاتا ہی اور وہ لکھتا ہی کہ "اس فرقہ کا مذہب یہہ ہی کہ حضرت عیسی علیہ السلام کی تصدیق کرتے ہیں اور آپ کی تمام نصیحتیں اور اشارات مانتے ہیں اور کہتے ہیں کہ آپنے خلاف توریت کے کبھی کوئی حکم نہیں دیا بلکہ اسکے احکام کو مضبوط کیا اور لوگوں کو توریت ہی کی ترغیب فرمائی اور حضرت مسیح علیہ السلام مثل اور نبیوں کے نبی تھے جو توریت کو مانتے چلے آئے ہیں مگر یہہ فرقہ حضرت عیسی علیہ السلام کو خدا کا بیٹا نہیں کہتا ‡ " *

عیسائی مورخوں کے بیان کے بموجب اسی صدی میں ایک فرقہ تہا جو ایبیونیز کلہتی کل نکولی تنز کہلاتا تہا اور ایک اور فرقہ اسی صدی میں تہا جو نکولی تیغز پکارا جاتا تھا اور وہ اُس شخص کے پیرو تھے جس کا نام نکولس تہا بعض مورخوں نے ان دونوں فرقوں کو ایک سمجھا ہی بہر حال یہہ لوگ توریت کے احکام کو مانتے تھے اور اپنے تئیں § تیمو دس کا جو سینٹ پال کے شاگرد تھے اور مقدس متی کا جو حواری تھے پیرو بیان کرتے تھے *

ان فرقوںکا مقدس کتابوں میں ذکر ہی اور اُن کی بعض غلطیاں بھی مذکور ہوئی ہیں مگر اُن میں سے کوئی بھی غلطی اعتقادات سے متعلق نہیں ہی صرف زنا کاری ‖ اور بتوں کے چڑھاوے کے گوشت کہانیکا اعتراض ہی پھر میں نہیں سمجھتا کہ پچھلے مورخوں نے کسطرح اُن کے اعتقادات پر برخلاف مقدس کتابوں کے الزام لگایا ہی *

عیسائی مورخ بیان کرتے ہیں کہ یہہ لوگ حشر اجساد ¶ کے قایل نہ تھے اور اکثر انمیں کے کہتے تھے کہ حضرت عیسی علیہ السلام کا جسم مادی نہ تھا اور اسی سبب سے اُنہوں نے کہا کہ حضرت عیسی ہمارے لیئے صلیب پر نہیں کھینچے گئے *

---

† موشیم مطبوعہ سنہ ۱۸۶۰ع صفحہ ۳۶ دفعہ ۹ —

‡ موشیم مطبوعہ سنہ ۱۸۶۰ع صفحہ ۳۹ دفعہ ۱۵ —

§ موشیم مطبوعہ ۱۸۶۰ع صفحہ ۲۷ دفعہ ۸ —

‖ مکاشفات ۲ — ۶ و ۱۴ اعمال ۱۵ — ۱۹ —

¶ موشیم مطبوعہ سنہ ۱۸۶۰ع صفحہ ۳۹ دفعہ ۵ و ۹

عیسائی مورخوں کی گواہی سے ثابت ہی کہ یہہ فرقے پہلی صدی میں بلکہ دوسری صدی کے شروع تک کبھی گرجا سے جدا نہیں ہوئے مگر بعد کو جدائی ہوئی موشم † صاحب اپنی تاریخ میں لکھتے ہیں کہ " جن لوگوں نے یہودی احکام شریعت کو نجات ابدی قایم رکھنے کے لیئے ضرور جانا وہ پہلی صدی میں اسقدر دور نہ نکل گئے تھے جس سے ایسے لوگوں سے جو مختلف طور سے خیال رکھتے تھے مذہبی ملاپ ترک کیا ہو البتہ وہ بہائی گنے جاتے تھے مگر کمزور تر بھائی " *

اسی صدی میں ‡ ایک فرقہ تھا جو سرنتھس کی پیروی کرتا تھا اُن کا اعتقاد یہہ تھا کہ حضرت عیسی علیہ السلام بہت نیک اور پاک آدمی تھے جو یوسف اور مریم سے معمولی طور پر پیدا ہوئے تھے خدا تعالے نے ایک پاک روح کو جسکا نام مسیح تھا فاختہ کی شکل میں اُن میں ڈالدیا جب صلیب پر کھینچنے کے لیئے یہودیوں نے گرفتار کیا تب مسیح نکل کر آسمان پر چڑھ گیا اور یہودیوں نے اُس آدمی کو جسکا نام عیسی تھا مار ڈالا اس فرقہ کو بھی عیسائی مورخوں نے عیسائی فرقوں میں شمار کیا ہی مگر درحقیقت یہہ بڑی غلطی کی ہی کیونکہ اس فرقہ کو کافروں میں داخل کرنا چاہیئے نہ عیسائیوں میں *

اسمعیل ابوالفدا ایک اور فرقہ کا ذکر کرتا ہی جو حضرت مسیح علیہ السلام کو نہ روح اللہ اور نہ کلمۃ اللہ مانتے تھے اور نہ نبی جانتے تھے بلکہ ایک بزرگ اور نیک بخت آدمی خیال کرتے تھے جو معمولی طریقہ سے پیدا ہوا تھا اور انجیل کا بطور وحی کے حضرت مسیح پر اُترنا تسلیم نہیں کرتے تھے میں کبھی رضامند نہیں ہوسکتا کہ یہہ فرقہ عیسائیوں میں شمار کیا جاوے بلکہ ضرور ہی کہ کافروں میں داخل رہے *

اسی صدی میں یا دوسری صدی کے شروع میں § ای بی او نیٹس ایک فرقہ تھا جو حضرت مسیح علیہ السلام کو پیغمبر خدا اور روح القدس سے موید یقین کرتے تھے مگر عیسائی مورخ بیان کرتے ہیں کہ وہ حضرت عیسی کو یوسف اور مریم کا بیٹا معمولی طور سے جانتے تھے اگر یہہ بات سچ ہو تو کسی طرح وہ عیسائی فرقوں میں داخل نہیں ہوسکتے بلکہ کافروں میں شمار ہونگے مگر میں اس میں نہایت شک رکھتا ہوں کہ اس فرقہ کے پاس اور اُس فرقہ کے پاس جو نظارین یعنی ناصری یا نصرانی کہلاتا تھا ایک سی انجیل نہ تھی اور یہہ خیال کرنا کہ وہ انجیل ہماری موجودہ انجیل سے مختلف تھی ہرگز صحیح نہیں ہو کچہہ شبہہ نہیں ہی کہ اُنکے پاس مقدس متی کی اصل عبرانی انجیل تھی نہایت صحیح پر

---

† موشم مطبوعہ سنہ ۱۸۶۰ ع صفحہ ۵۰ — ۱۷ —
‡ موشم مطبوعہ سنہ ۱۸۶۰ ع صفحہ ۳۹ حاشیہ ۱۶ —
§ موشم مطبوعہ سنہ ۱۸۶۰ ع صفحہ ۷۵ — ۲ —

یہہ بات ہی کہ اُس میں یہہ باب نہ تھا مگر جبکہ نظارین اُسی انجیل سے یقین کرتے تھے کہ حضرت مسیح علیہ السلام ایک کنواری سے پیدا ہوئے ہمیں تو کوئی وجہہ نہیں معلوم ہوتی کہ ابی بی اونیٹس کیوں اُن سے مختلف تھے بہر حال اگر اُن کا اعتقاد ایسا ہو جیساکہ نظارین کا تھا تو میں اُن کو عیسائی فرقوں میں داخل رکھنے سے رضامند ہوں *

نظارین بھی اسی زمانہ کا ایک فرقہ تھا حقیقت میں یہہ نام † کسی خاص فرقہ کا نہ تھا بلکہ عیسائی اور نظارین کے ایک معنی تھے جن لوگوں کو یونانی لوگ عیسائی کہتے تھے اُنہی لوگوں کو یہودی حقارت سے نظارین یعنی ناصری یا نصرانی کہتے تھے یہہ فرقہ حضرت مسیح علیہ السلام کو روح اللہ اور کنواری کے پیٹ سے ہونے کا یقین کرتے تھے اور یہودی شریعت کے احکام کو ایک معتدل طور پر استعمال میں لاتے تھے ان لوگوں نے نظارین ہی اپنا نام رکھ لیا کیونکہ حضرت عیسی علیہ السلام کے حواریوں پر بھی یہی نام رکھا گیا تھا *

ایک اور فرقہ تھا جو نوئی ٹس سمرنا والہ کا پیرو تھا ‡ وہ یہہ اعتقاد کرتے تھے کہ خود خدا نے جو در حقیقت یکتا اور قیاس سے باہر ہی اور جو باپ کہلاتا ہی ایک آدمی میں جو عیسی ہی اور بیٹا پکارا جاتا ہی حلول کیا تھا اُن لوگوں کا نام پیٹری پیشینز رکھا گیا تھا یعنی وہ لوگ جو یہہ مانتے تھے کہ خود خداے یکتا نے جسم انسانی میں حلول کیا ہی نہ الوہیت کی تین چیزوں میں سے کسی ایک چیز نے *

ایک اور فرقہ تھا جو سبیلیس کا پیرو تھا § وہ یہہ اعتقاد رکھتے تھے کہ خدا کی الوہیت کا ایک حصہ نکل کر انسان یعنی خدا یعنی حضرت عیسی میں آملا تھا اور روح القدس الوہیت کا ایک ویسا ہی جز ہی *

سنہ ۲۲۳ ع میں ایک اور فرقہ تھا جو بلس کی پیروی کرتا تھا || وہ یہہ اعتقاد رکھتے تھے کہ حضرت عیسی کا اپنے پیدا ہونے سے پہلے خدا کے سوا کچھہ وجود نہ تھا جب حضرت عیسی پیدا ہوئے تو ایک روح خود خدا سے نکلکر اُن میں آملی کہ وہ ایک جز الوہیت تھی اور اسی واسطے حضرت عیسی کی روح اور آدمیوں کی روح سے اعلی تھی *

سنہ ۲۶۹ ع میں ایک اور فرقہ تھا جو پال سیموسٹا والے کی پیروی کرتا تھا ¶ اُن کا یہہ اعتقاد تھا کہ بیٹا اور روح القدس خدا میں اسطرح پر تھے جیسے انسان میں عقل اور قوت متحرکہ اور عیسی صرف آدمی پیدا ہوئے تھے مگر باپ کی دانائی اُن میں آئی اور اسی

---

† موشم مطبوعہ سنہ ۱۸۶۰ع صفحہ ۷۵ — ۲ —

‡ موشم مطبوعہ سنہ ۱۸۶۰ع صفحہ ۱۱۰ — ۱۲ —

§ موشم مطبوعہ سنہ ۱۸۶۰ع صفحہ ۱۱۱ — ۱۳ —

|| موشم مطبوعہ سنہ ۱۸۶۰ع صفحہ ۱۱۱ — ۱۳ —

¶ موشم مطبوعہ سنہ ۱۸۶۰ع صفحہ ۱۱۲ — ۱۵ —

سبب سے ممکن ھی کہ عیسی کو خدا کہہ سکیں گو ٹہیک مناسبت نہو حاصل یہہ کہ ان لوگوں نے خدا کو یکتا ھی مانا اور بیٹے کا، اور روح کا ھونا بہی مانا یہہ فرقہ پالی نیز کہلاتا ھی *

جو لوگ تثلیث کے قائل تھے اُن میں ایک اور فرقہ تہا جو نوویی شین کہلاتا تہا † اُنکے اصول اور کاتہلک کے اصول مذھب میں کچھہ فرق نہ تہا صرف اتنا تفاوت تہا کہ یہہ فرقہ اُن لوگوں کو جو بعد عیسائی ھوجانے کے اُن اعتقادات میں مبتلا ہوتے تھے جنکو ان لوگوں نے غلط ٹہہرا رکھا تھا تو پھر اُنکواپنے گرجامیں داخل نکرتے تھے مگر نجات سے نا اُمید بھی نرکھتے تھے یہہ لوگ کیتہری یعنی پاک لوگ کہلاتے تھے ان کا یہہ قاعدہ تہا کہ کیتہلک والے جو ان کے فرقہ میں آتے تھے اُنکو دو بارہ عیسائی کرتے تھے اور اصطباغ دیتے تھے *

عیسائی مورخوں کا قاعدہ ھی کہ جولوگ الوھیت حضرت مسیح علیہ السلام سے انکار کرتے ھوں اُن سب کو ناستک کا لقب دیتے ھیں اور جو لوگ خدا میں تین چیزوں کے ھونے کا انکار کرتے ھیں اُنکو یونی ٹیرین کہتے ھیں یعنی یکتائی خدا کے ماننے والے اور جو لوگ تثلیث کے قایل ھیں اُنکو ٹرینی ٹیرین کہتے ھیں اور کرشچن یعنی عیسائی ان ھی لوگوں کو جانتے ھیں *

ان تینوں صدیوں میں تثلیث کی سب باتوں کی نسبت کوئی کافی تصفیہ نہوا تہا ‡ اسلیئے چوتہی صدی میں یعنی سنہ ۳۱۷ ع میں تثلیث کے باب میں ایک بہت بڑا جھگڑا اوٹہا اب تک صرف اتنی بات مانی گئی تھی کہ باپ اور بیٹے میں ایک اصلی تفاوت ھی اور اُن دونوں میں اور روح قدس میں بہی ایک اصلی تفاوت ھی یعنی الوھیت میں تین جدی جدی چیزیں ھیں مگر ان تینوں چیزوں میں جو آپس میں علاقہ ھی اور جو اصلی تمیز ھی اُس پر کچھہ بحث نہوئی تھی مصر کے اور اُس کے قرب و جوار کے عیسائی اوریجن کے قول کی پیروی کرتے تھے اُس کا قول یہہ تھا کہ بیٹا خدا میں ایسا تہا جیسیکہ انسان میں عقل اور روح قدس بجز الہیہ قوت کے جس سے معجزے ہوتے تھے اور کچھہ نہ تہی اگر اس قول میں کچھہ تاویل نہ کیجاوے تو یہی ظاھر ھوتا ھی کہ الوھیت میں جو تین چیزیں ھیں اُن میں کچھہ تمیز یا علحدگی نہیں ھی جیسیکہ سبلیز کا مذھب ھی *

الگذنڈر بشپ سکندریہ نے اس سے اختلاف کیا § اور یہہ ٹہرایا کہ بیٹا نہ صرف ویسا ھی درجہ رکھتا ھی جیسا کہ باپ رکھتا ھی بلکہ اصلیت میں بھی اُس کی برابر ھی *

---

† موشیم مطبوعہ سنہ ۱۸۶۰ع صفحہ ۱۱۲ — ۱۷ و ۱۸ -

‡ موشیم مطبوعہ سنہ ۱۸۶۰ع صفحہ ۱۶۰ — ۹ -

§ موشیم مطبوعہ سنہ ۱۸۶۰ع صفحہ ۱۶۰ — ۱۰ -

مگر ایریس نے جو اُسي گرجے کا ایک عہدہ دار تہا الگذنڈر کے قول کو نہ مانا اور یہہ کہا کہ بیٹا باپ سے بالکیہ اصلیت میں جدا هی بلکہ وہ خدا کي مخلوقات میں جنکو خدا نے بغیر کسي چیز کے پیدا کیا تہا نہایت عمدہ اور سب سے اول مخلوق هی اور اُس کے ذریعہ سے تمام دنیا کو پیدا کیا اسلیئے باپ سے اصلیت میں اور درجہ میں دونوں میں کم تر هی اور نسبت روح قدس کے جو اُسکي رائے تہي وہ اچہي طرح معلوم نہیں *

یہہ اختلاف بہت بڑہ گیا اور یوسیبیس بشپ نکو میڈیا کا اور آؤر بہت مشہور اور ذي استعداد عالم ایریس کي رائے کے شریک هوگئے اسلیئے سنہ ۳۲۵ع میں شہنشاہ کانسٹین ٹین یعني قیصر قسطنطین نے مقام نئیس واقع بتنہیا میں گرجے کي کونسل مقرر هونے کا حکم دیا اس کونسل میں ایریس کي رائے رد کي گئي اور یہہ مانا گیا کہ عیسیٰ باپ کي اصلیت کے برابر هی اور سب کو حکم هوا کہ جو اس کونسل نے اعتقاد تہرایا هی اُسي کو قبول کریں مگر سنہ ۳۳۰ع میں پہر ایریس اور اُس کے اعتقادات کا نشو و نما شروع هوا یہاں تک کہ سنہ ۳۵۷ع میں بعہد بادشاهت کانسٹین ٹین کے لیئے بیریس رومي پوپ کو جبراً اسي عقیدہ پر لایا گیا مگر سنہ ۳۶۳ع میں نئیس کي کونسل والا عقیدہ شہنشاهوں کي مدد سے پہر چمک گیا *

کونسل نئیس کے بعد ایریس والے فرقہ میں بہي باهم اختلاف هوگیا تہا † اور یہہ سبب زیادہ تر اُن کي مغلوبي کا هوا بعضوں نے اُن میں سے صاف صاف بیان کیا کہ بیٹا باپ سے پیدا نہیں هوا اور نہ کسي چیز میں سے بنایا گیا بعضوں نے یہہ قرار دیا کہ بیٹا خدا باپ سے اصلیت میں مشابہت رکہتا هی خاصیت میں مشابہت نہیں رکہتا مگر صرف جلال میں بعضوں نے کہا کہ عیسی نہ اصلیت میں نہ اور باتوں میں مشابہ هی یعني کسي بات میں باپ سے مشابہت نہیں رکہتا هی *

ان فرقوں کے مقابلہ کو ایک اور نیا فرقہ پیدا هوا ‡ جو بشپ اپالؔ لي نیرس کا تابع تہا اُنہوں نے یہہ عقیدہ تہرایا کہ عیسی نے صرف ایک ایسا انساني جسم اختیار کیا تہا کہ جسمیں ظاهري جان یعني روح حیواني تو تہي مگر فہم نہ تہي یعني نفس ناطقہ نہ تہا الهي خاصیت بطور نفس ناطقہ اُس میں ملگئي اس قول کا نتیجہ یہہ هوا کہ الهي خاصیت نے جسم انساني میں حلول کیا تہا *

سنہ ۳۴۳ میں ایک اور فرقہ پیدا هوا جو فوتي نُس بشپ سرمي ام کے پیرو تہے § اُسنے

† موشیم مطبوعہ سنہ ۱۸۶۰ع صفحہ ۱۶۶ — ۱۶ —

‡ موشیم مطبوعہ سنہ ۱۸۶۰ع صفحہ ۱۶۷ — ۱۷ —

§ موشیم مطبوعہ سنہ ۱۸۶۰ع صفحہ ۱۶۸ — ۱۹ —

یهه اعتقاد کیا که عیسی مسیح کنواري مریم سے روح قدس کے ذریعه سے پیدا هوا اور ایک الهیه نور جسکو وه لفظ پکارتا هی اُس میں شامل هوگیا اور اس سبب سے که وه لفظ عیسی انسان سے مل گیا تها عیسی کو خدا اور بیٹا خدا کا کها جاتا هی اور روح قدس صرف ایک قوت هی جو خدا سے نکلي هی نه کسي جسم سے مگر یهه فرقه بهت زیاده پهیلنے نهیں پایا اور سنه ۳۷۲ع میں فوتي نس جلاوطني کي حالت میں مرگیا *

سنه ۳۶۰ ع میں میسي ڈونیس نے ایک اور فرقه کي بنیاد ڈالي † جو نیومي ٹومیشي کهلاتا هی اُسنے بیان کیا که روح قدس ایک الهیه قوت هی جو دنیا میں پهیلائي گئي هی اور روح قدس باپ اور بیٹے سے کوئي جدا چیز نهیں هی *

چوتهي صدي کے اخیر میں ایک فرقه پیدا هوا ‡ جو کولي ري ڈیئنس پکارا جاتا هی ان لوگوں نے باپ اور بیٹے کے سوا حضرت مریم کو بهي خدا مانا تها *

ان جهگڑوں کے سوا پانچویں صدي میں ایک اور نیا جهگڑا برپا هوا § اور یهه خیال کیا گیا که پچهلي بحثوں سے یهه بات تو طے هوگئي که عیسی حقیقت میں خدا تها اور حقیقت میں انسان بهي تها مگر اسباب میں که یهه دونوں خاصیتیں کسطرح شامل هوئیں اور انکا نتیجه کیا هی کچهه بحث نهیں هوئي اور نه کوئي فیصله کونسلوں کا اسباب میں هی اس لیئے بعض عیسائي اسطرح پر گفتگو کرتے تهے جس سے پایا جاتا تها که ابن الله اور ابن آدم میں بهت فرق هی اور عیسی میں دو جسم هیں اور بعضی عیسائي ابن الله اور ابن آدم کو ملاتے تهے اور حضرت عیسی علیه السلام میں دونوں خاصیتوں کو شامل کرکر ایک مرکب خاصیت بناتے تهے نسطوریس نے پهلي راے کي طرفداري کي اور جو لوگ اُسکے متبع هوئے اُنکا نام نسطوریئنز هوگیا اس تنازع سے پهلے بعضے عیسائي حضرت مریم علیه السلام کو خدا کي ماں کها کرتے تهے مگر اس فرقه نے حضرت مریم کو خدا کي ماں کهنا چهوڑ دیا اور حضرت مریم کو عیسی کي ماں کها کیونکه نه خدا پیدا هوسکتا هی نه مر سکتا هی بس صرف بیٹا انسان مریم سے پیدا هوا تها *

پهر اس فرقه میں بهي باهم اختلاف تها || بعضے کهتے تهے که جس طور سے عیسی کي دونوں خاصیتیں ملي هیں بالکل نامعلوم هی بعضے کهتے تهے که بجز اس کے که خدا کي مرضي اور اُس کي شان اور کام مل گئے هیں اور کچهه نهیں ملا هی مگر یهه تو اتفاقي چاند رو

---

† موشم مطبوعه سنه ۱۸۶۰ع صفحه ۱۶۸ — ۲۰ —
‡ موشم مطبوعه سنه ۱۸۶۰ع صفحه ۱۷۰ — ۲۵ —
§ موشم مطبوعه سنه ۱۸۶۰ع صفحه ۱۹۹ — ۵ —
|| موشم مطبوعه سنه ۱۸۶۰ع صفحه ۲۰۳ — ۱۲ —

میں جاتی رہی اور یہہ قرار پایا کہ حضرت عیسی میں دو جسم ہیں ایک الٰہی جو خدا ہی اور دوسرا انسانی جو جسم عیسی ہی ان دونوں سے ایک شکل بنی ہی اور یہہ شمول حمل کے لحظہ سے ہوا اور یہہ کبھی ختم نہوگا کیونکہ یہہ شمول جسموں کا سا شمول نہ تہا بلکہ صرف مرضی اور محبت کا شمول تہا اس لیئے عیسی کو خدا سے جو عیسی میں اس طرح پر تہا جیسیکہ اپنے معابد میں خبر داری سے تمیز کرنا چاہیئے اور مریم کو خدا کی ماں نہ کہنا چاہیئے بلکہ عیسی کی ما کہنا چاہیئے *

سنہ ۴۴۸ ع میں یوتائی چس † نے گویا حضرت مسیح کی انسانیت سے انکار کیا اور یہہ کہا کہ عیسی میں صرف ایک خاصیت ہی یعنی خاصیت خدا جو اُس میں اوتار ہوا ہی یعنی خدا نے اُس میں حلول کیا ہی اور سنہ ۴۴۹ ع کی کونسل میں جس کو شہنشاہ تہیوڈوسیس نے جمع کیا تہا یہہ مذہب ایک حکمت سے فتحمند ہوگیا مگر سنہ ۴۵۱ ع کی کونسل میں جس کو شہنشاہ مارسین نے بنام کیسلی ڈن جمع کیا تہا پہر مغلوب ہوا اور یہہ بات تصفیہ پا گئی کہ عیسی مسیح میں ایک جسم ہی تاہم دو علحدہ علحدہ خاصیتیں ہیں جو نہ کسی طرح سے مرکب یا باہم آمیز ہیں *

چہٹی صدی میں درباب جسم حضرت عیسی علیہ السلام کے سکندریہ میں ایک اور جہگڑا برپا ہوا ‡ جو بین جیلی کار نیسس والے نے سنہ ۵۱۹ ع میں یہہ راے قایم کی کہ الٰہیہ خاصیت نے عیسی کے جسم میں حمل کے لحظہ سے اپنے تئیں اسطرح شامل کیا تہا کہ اس جسم نے اپنی خاصیت کو تبدیل کیا اور انسانی خرابیوں سے وہ جسم آزاد ہوگیا جو لوگ اس راے کے پیرو تہے کی اپی نستس کہلاتے تہے *

مگر ان میں بہی تین فرقے ہوگئے تہے دو فرقے اس سوال پر کہ آیا عیسی کا جسم پیدا ہوا تہا یا پیدا نہوا تہا متفق نہ تہے اور تیسرا فریق یہہ کہتا تہا کہ عیسی کا جسم خرابی اور زوال انسانی سے البتہ آزاد نہ تہا مگر بہ سبب الٰہیہ خاصیت کے اثر کے حقیقت میں اُسکو زوال یا خرابی نہ آئی جو لوگ جو اون کی راے سے متفق تہے ایف تہارتوڈوسیٹی اور ڈوسیٹی اور میں تی سی السٹی اور میٹی شیز پکارے جاتے تہے کسواسطے کہ اُن کی راے سے یہہ نتیجہ نکلتا تہا کہ عیسی نے حقیقت میں نہ اذیت اُٹہائی اور نہ بہوک کی خواہش معلوم کی اور نہ سویا اور نہ انسان کی دیگر خواہشوں کو عمل میں لایا مگر یہہ کہ عیسی صرف ظاہر میں ایسا معلوم ہوا کہ گویا اُسنے اذیت اُٹہائی اور سویا اور بہوک اور پیاس وغیرہ معلوم کی *

---

† مرشد مطبوعہ سنہ ۱۸۶۰ع صفحہ ۲۰۳ — ۱۲ —

‡ مرشد مطبوعہ سنہ ۱۸۶۰ع صفحہ ۲۳۷ — ۸ —

بعضوں نے ان دونوں راؤں کے سوا تیسری راے اختیار کی اور کہا کہ حضرت عیسی نے انسان کی تمام معمولی باتوں کو درحقیقت سہا مگر یہہ اس سبب سے نہ تہا کہ اُس میں الہیہ خاصیت کا اثر نہ تہا بلکہ اُسنے اپنی مرضی سے ان سب باتوں کو اختیار کیا تہا *

فرقہ کرب ٹیکولی نے † یہہ بہی راے دی کہ عیسی الہیہ کی خاصیت جسطرح تمام چیزوں پر آگاہ ہی اسیطرح اُسکی انسانی خاصیت بہت سی چیزوں سے ناواقف ہی اُن پر الزام دیا گیا کہ وہ لوگ الہیہ خاصیت کو جہالت میں شریک کرتے ہیں *

فرقہ تری تہی اسٹس ‡ نے یہہ کہا کہ خدا میں تعداد کی روسے تین چیزیں علحدہ علحدہ ہیں اور سب کاملیت میں برابر ہیں اور کوئی عام علامت اصلیت کی ملی ہوئی نہیں ہی *

فرقہ ڈیمی ای نستس الہیہ خاصیت میں اور باپ اور بیٹے اور روح قدس کے تین جسموں میں تمیز کرتے تہے یعنی وہ ہر ایک جسم کے خدا اور خاصیت میں خدا ہونے سے منکر تہے بلکہ یہہ کہتے تہے کہ ایک نامنقسم شرکت کی روسے جس میں ہر ایک خدا تہا یہہ تین جسم ایک عام الہیت رکہتے تہے اور باپ اور بیٹے اور روح قدس پر جسموں کا اطلاق کرتے تہے اور جو کچہہ کہ اُن جسموں میں عام شی تہی اُسکو خدا اور اصلیت اور خاصیت کہتے تہے *

یہہ اختلافات جن کا اثر اُس چیز پر پہونچتا تہا جس سے نجات ابدی حاصل ہوتی ہی ایسے بڑہ گئے تہے کہ اُن کا اصلی اور سچی بات پر ختم ہونا بغیر اس کے کہ خدا کی طرف سے رکچہہ ہدایت ہو ممکن نہ تہا اسلیئے ضرور ہوا کہ وہ نبی جسکا ذکر موسی نے کیا اور جس کی خبر عیسی نے دی ظاہر ہو اور ان تمام جہگڑوں کا فیصلہ کرے اور سب کو راہ راسب بتاوے چنانچہ سنہ ۶۱۲ع میں وہ آخری نبی ظاہر ہوا جس نے تمام اندہیروں کو اوجالا کیا اور جسطرح پر سچائی سے خدا اور حضرت عیسی علیہ السلام پر ایمان لانا چاہیئے اُسکو بتایا اور جو ہدایت اور روشنی کہ وہ نبی لایا اُس کا بیان اُس کلام الہی کی تفسیر میں جو جامع عہد عتیق و عہد جدید ہی کیا جاویگا مگر اب ہم انجیلوں کی تفسیر شروع کرتے ہیں *

اللہم صل و سلم دایما ابدا علی نبیک خیر الخلق کلہم

† موشم مطبوعہ سنہ ۱۸۶۰ع صفحہ ۲۳۷ — ۹ —

‡ موشم مطبوعہ سنہ ۱۸۶۰ع صفحہ ۲۳۸ — ۱۰ —

متھی کی انجیل

انجیل کا لفظ اوین جل یونانی لفظ کا معرب هی یهه لفظ بهی اصل میں این جل لاطینی زبان کا تها اور اس کے معنی پیغامبر کے تهے یونانیوں نے اس کے اول میں ای یو کا لفظ اور بڑهایا جو مقابل دس انگریزی لفظ کے هی اور جس کے معنی هیں اچها یا خوش پرانے انگریزی دستور میں حرف یو اور حرف وی ایک هی گنا جاتا تها اس سبب سے یهه تمام لفظ اوین جل پڑها جانے لگا اور اُس کے معنی هوئے خوشخبری اور انجیل اُس کا معرب هی *

اور جو که حضرت مسیح نے ملکوت السموات کی خوشخبری سنائی اور تمام گنهگاروں کو راه نجات دکهائی اسلیئے اس کتاب کا انجیل یعنی خوشخبری نام هوا قرآن میں جهاں یهه لفظ آیا هی اُس سے کتاب حضرت عیسی علیه السلام مراد هی *

حضرت عیسی علیه السلام کے حواری اور نیز چاروں انجیل لکهنے والے اور انجیل کا وعظ کرنے والے اوین جلست کہلاتے هیں اور یهه لفظ اعمال حواریین اور نامه هاے حواریین میں تین جگه آیا هی جن کے † نشان حاشیه پر ثبت هیں اور اُن سب جگه انجیل کا وعظ کرنے والے مراد هیں *

اوین جل کا لفظ فارسی استعمال میں بهت هی خراب هوگیا هی اور انگلیوں کے لفظ سے استعمال هوا هی جیسیکه مولوی روم صاحب فرماتے هیں *

اوستادان میکرد بالیشان براز * سرانگلیون و زنار و نماز

مقدس متی اس انجیل کے لکهنے والے هیں اور جناب مسیح علیه السلام کے حواری انگریزی میں میتهیو آپ کا نام لکها جاتا هی اور هماری زبان میں متی ‡ یا میتهی آپ کا عرف § لیوی هی اور الفی آپکے باپ کا نام هی اور جلیل کے رهنے والے هیں جو صوبۂ کنعان کے شمال میں واقع هی حضرت مسیح علیه السلام پر ایمان لانے سے پہلے یہودیه کے ملک میں خراج تحصیل کرنے کی خدمت پر مامور تهے حضرت مسیح نے اُنکو باج گاه پر بیٹهے دیکها اور فرمایا که میرے پیچهے هولے وه اُٹهه کر حضرت کے پیچهے هولیئے اور باره حواریوں میں داخل هوئے اور جناب حضرت مسیح علیه السلام کے آسمان پر جانیکے بعد || انجیل کے پهیلانے میں مصروف هوئے اور یهه بات که آپکا انتقال کهاں هوا اور کب هوا اور کیونکر هوا کچهه تحقیق نهیں هی *

---

† اعمال ۲۱ — ۸ — افسیوں ۴ — ۱۱ تمطاؤس دوم ۴ — ۵ —
‡ متی ۹ — ۹ —
§ مارقس ۲ — ۱۴ —
|| اعمال ۱ — ۱۳ —

اس انجیل کا کوئي نسخہ جو اصل کہا جاوے سواے یوناني نسخہ کے اب موجود نہیں هي معلوم هوتا هی که اکثر متقدمین علماے مسیحي کا یہہ قول تہا کہ یہہ انجیل در اصل عبراني زبان میں لکہي گئي جو اب موجود نہیں اور یوناني میں اُسکا ترجمہ هوا هی مگر بعد کو اس میں اختلاف پڑ گیا اب هارنصاحب اور اور علماء متاخرین † مسیحي کا مختار قول یہہ هی کہ یہہ انجیل عبراني اور یوناني دونوں میں لکہي گئي اور یہہ یوناني انجیل وهي اصل نسخہ هی مگر هم لوگ یقین کرتے هیں کہ یہہ انجیل در اصل عبراني میں لکہي گئي اور یہہ یوناني انجیل اصل نہیں هی بلکہ عبري کا ترجمہ هی اور اُس کي دلیلیں یہہ هیں *

عن عایشہ رضي الله عنہا و هذه قطعة من الحديث الطويل و كان (لي ورقة ابن نوفل) امراً تنصر في الجاهلية و كان يكتب الكتاب العبراني فيكتب من الانجيل بالعبرانية ماشاءالله ان يكتب رواه البخاري ــــ

پہلي دلیل بخاري میں حضرت عایشہ رضي الله عنہا سے ایک بہت بڑي حدیث منقول هی اُس میں کا ٹکڑا یہہ هی کہ ورقہ بن نوفل بن اسد بن عبدالعزي زمانہ اسلام سے پہلے عیسائي هوگئے تہے اور وہ عبراني لکہنا جانتے تہے اور لکہتے تہے انجیل کو عبراني میں جسقدر کہ خدا لکہواتا تہا *

اور جبکہ یہہ بات ثابت هی کہ مقدس متی کے سوا اَور کوئي انجیل عبراني میں نہ تہي تو اس حدیث سے ثابت هوا کہ متی کي انجیل در اصل عبراني میں تہي *

دوسري دلیل مقدس متي نے جس انداز پر اپني انجیل لکہي هی خود اُسي سے ثابت هوتا هی کہ یہودي ایمانداروں کے لیئے لکہي گئي کیونکہ مقدس متي نے تمام انجیل کو اگلے پیغمبروں کي اُن پیشین گوئیوں سے مقابلہ کیا هی جوکہ یہودیوں کے پاس موجود تہیں تاکہ یہودي اسبات کو جانیں کہ یہہ وهي مسیح هیں جن کي خبر اگلے پیغمبر دیتے آئے هیں چنانچہ چند مقام بطور تمثیل کے اس جگہہ نقل هوتے هیں *

پہلي مثال ـ مقدس متي نے اپني انجیل میں سب سے اول حضرت عیسی علیہ السلام کا نسب نامہ لکہا تاکہ معلوم هو کہ یہہ وهي داؤد کي شاخ هی جس کي خبر ارمیا نبي نے دي تہي *

دوسري مثال مقدس متي نے حضرت مسیح کے پیدا هونے کا بالتخصیص ‡ ذکر کیا جس سے اگلے نبیوں کي یہہ پیشین گوئي پوري هوئي کہ دیکہو ایک کنواري حاملہ هوگي اور ایک بیٹا جنے گي *

تیسري مثال اسیطرح حضرت مسیح کي بیت § لحم میں پیدا هونے کا ذکر کیا تاکہ

---

† دیکہو تفسیر هنري واسکات مطبوعہ سنہ ۱۸۵۲ ع جلد ۵ صفحہ ۱ ـــ

‡ متی ۱ ـــ ۲۳ ـ

§ متی ۲ ـــ ٦ ـ

وہ پیشین گوئی پوری ہو جو اگلے نبیوں کی معرفت کہی گئی تھی کہ اے یہودیا کی زمین بیت لحم تو یہودیا کے بڑے شہروں میں ہرگز چھوٹا نہیں ہی کیونکہ تجھہ میں سے ایک بادشاہ نکلیگا جو میرے اسرائیل لوگوں کی پرورش کریگا *

چوتھی مثال اسیطرح اسبات کا اشارہ کیا † کہ مسیح وہی ہی جسکی پیشین گوئی یشعیاہ نبی نے کی کہ بیابان میں ایک پکارنے والے کی آواز ہی کہ تم خدا کے رستہ کو بناؤ اور اُس کی شاہ راہوں کو درست کرو *

پانچویں مثال اور اسیطرح یہہ بھی فرمایا ‡ کہ جب یسوع نے سنا کہ یحیی گرفتار ہوا تو جلیل کو چلا گیا اور ناصرت کو چھوڑکر کفر ناحوم میں زبولون اور نفتالی کی سرحدوں میں جو دریا کے کنارہ پر ہی آکر رہا اسیطرح جو یشعیاہ نبی کی معرفت کہا گیا تھا پورا ہوا کہ زبولون اور نفتالی کی زمین یعنی جلیل عوام جو دریا کے کنارہ پر یردن پار ہی اُسی زمین کے لوگوں نے جو اندھیرے میں بیٹھے تھے روشنی دیکھی اور اُن پر جو موت کے ملک اور سایہ میں بیٹھے تھے روشنی ظاہر ہوئی *

چھٹی مثال اور اسیطرح بیان فرمایا § کہ جب شام ہوئی اُسکے پاس بہتیرے دیوانوں کو لائے اور اُس نے بات سے دیوؤں کو دور کیا اور بیماروں کو چنگا کیا پس اس سے وہ جو یشعیاہ نبی کی معرفت سے کہا گیا کہ اُس نے تو ہماری کم زوریاں لے لیں اور تمام بیماریاں اُٹھا لیں پورا ہوا *

ساتویں مثال اور اسیطرح یہہ || بیان فرمایا کہ یہہ سب باتیں یسوع نے اُن جماعتوں سے تمثیلوں میں کہیں اور بن تمثیل کے وہ اُن سے بولتا نہ تھا اُس سے وہ بات جو نبی کی معرفت کہی گئی کہ میں تمثیلوں میں بات کہونگا اور وہی چیزیں جو دنیا کی بنیاد سے پوشیدہ ہیں ظاہر کرونگا پوری ہوئی *

آٹھویں مثال اسیطرح حضرت مسیح کے گدھے پر ¶ چڑھنے کا ذکر کیا تاکہ اِس ماجرے سے جو نبی کی معرفت کہا گیا تھا پورا ہو کہ صیہون کی بیٹی سے کہہ دیکھہ تیرا بادشاہ فروتنی سے گدھے پر بلکہ گدھے کے بچہ پر سوار ہوکر تیرے پاس آتا ہی *

علاوہ ان مثالوں کے جو کچھہ حال حضرت مسیح کی زندگی اور موت کا مقدس متی نے لکھا ہی سبکو اگلے پیغمبروں کی پیشین گوئیوں اور یہودیوں کی کتاب سے مطابقت تھی ہی

---

† متی ۳ — ۳ –
‡ متی ۴ — ۱۲ لغایت ۱۶ –
§ متی ۸ — ۱۶ و ۱۷ –
|| متی ۱۳ — ۳۴ و ۳۵ –
¶ متی ۲۱ — ۴ و ۵ –

اور اس طرح سے هر ایک بات مطابقت دیکر لکھا دلیل اس بات کي هی که یهه انجیل اُنهي لوگوں کے لیئے لکھي گئي جو عهد عتیق کي کتابوں پر ایمان رکھتے تھے اور اُن پیشین گوئیوں کو مانتے تھے اور اُن کي کتاب میں وُہ پیشین گوئیاں موجود تہیں اور وہ لوگ بجز یہودیوں کے اور کوئي نه تھے اور وہ لوگ عموماً وهي زبان جانتے تھے جو یہودیوں میں مروج تهي اور مقدس متی خود بهي جلیلي تھے اور وهي زبان رکھتے تھے پہر کسیطرح نهیں هوسکتا که مقدس متی نے یهودیي زبان چهوڑکر یوناني زبان میں انجیل لکھي هو کچهه شک نهیں که یهه یوناني انجیل جو اب موجود هی عبراني انجیل کا ترجمه هی *

تیسري دلیل . بہت سے علماء متقدمین عیسائي کا قول هی که متی کي انجیل دراصل عبراني میں لکھي گئي تهي چنانچه اُن اقوال کو جهاں تک مجهے دستیاب هوئے هیں اس مقام پر نقل کرتا هوں *

قول اول اریناس † کا قول هی که متی نے یہودیوں کے لیئے اپني انجیل عبري میں لکھي جن دنوں پولس اور پطرس روم میں وعظ کرتے تھے *

قول دوم پي پیس ‡ کا قول هی که متی نے انجیل عبراني میں لکھي اور هر کسي نے اپني لیاقت کے موافق اُس کا ترجمه کیا *

قول سوم یوسي بیس § کا قول هی که متی نے عبرانیوں میں وعظ کرکر جب اور قوموں میں جانے کا اراده کیا تو اُن کي زبان میں اُنکو انجیل لکھکر دے گیا اور پین تی نس || جب انڈیا یعني حبش میں آیا اُس نے وهاں عبراني ایک نسخه انجیل متی کا پایا جو وهاں کے لوگوں کو برتو لما حواري سے پهونچا تها اور اُس وقت سے اُن کے پاس محفوظ تها اور بموجب قول سینٹ جیروم کے پین تی نس اُس نسخه کو وهاں سے اسکندریه میں لایا مگر لارڈنر یوسي بیس کے اس قول کو تسلیم نهیں کرتے *

اریجن ¶ نے جو قول یوسي بیس کے نقل کیئے هیں وہ تین هیں اول یهه که متی نے یهودي ایمانداروں کو عبري میں انجیل دي دوسرے یهه که متی نے اول انجیل لکھي اور عبرانیوں کو دي تیسرے یهه که متی نے عبرانیوں کے لیئے انجیل لکھي جو منتظر اُس کے تھے جو هونے والا تها ابراهیم اور داؤد کي نسل سے *

---

† تفسیر لارڈنر مطبوعه سنه ۱۸۲۹ ع جلد ۲ صفحه ۱۷۰ —

‡ دیکھو لارڈنر کي تفسیر مطبوعه سنه ۱۸۲۹ع جلد ۲ صفحه ۱۱۹ —

§ دیکھو تفسیر لارڈنر مطبوعه سنه ۱۸۲۹ع جلد ۳ صفحه ۹۵ —

|| دیکھو تفسیر لارڈنر مطبوعه سنه ۱۸۲۹ع جلد ۲ صفحه ۲۱۷ —

¶ دیکھو تفسیر لارڈنر مطبوعه سنه ۱۸۲۹ع جلد ۲ صفحه ۵۷۴ —

قول چہارم ایپہ نی سیش † کا قول ہی کہ متی نے اپنی انجیل یرو شالم میں لکہی تہی اور متوت خداوند کے بعدتی نے اُس کا ترجمہ کیا (یعنی یونانی میں) *

قول پنجم سرول ‡ کا قول ہی کہ متی نے انجیل عبری میں لکہی تہی *

قول ششم ایپی فانوس § کا قول ہی کہ متی نے وعظ کیا اور اپنی انجیل عبرانی میں لکہی اور وہی صرف لکہنے والا عہد جدید کا ہی جس نے اُس زبان کا استعمال کیا *

قول ہفتم سینٹ جیروم || کا قول ہی کہ متی نے یہودیہ میں یہودی ایمانداروں کے لیئے انجیل عبرانی میں لکہی اور شاید اُنہیں کا ساتہہ انجیل کے نہیں ملایا اور اُنہی سینٹ نے اپنی فہرست مورخین میں لکہا ہی کہ متی نے اپنی انجیل یہودیہ میں یہودی ایمانداروں کے لیئے عبری زبان میں اور عبری حرفوں میں لکہی اور یہہ بات کہ اُس کا ترجمہ یونانی میں ہی اور یہہ بات کہ کسنے اُس کا ترجمہ یونانی میں کیا تحقیق نہیں علاوہ اس کے کتب خانہ سیزریا میں جس کو پیمفلس شہید نے بڑی جانفشانی سے جمع کیا تہا وہ نسخہ عبری موجود ہی اور میں نے باجازت ناصریوں کے جو بریا ضلع سریا میں رہتے تہے اور اُس نسخہ عبری کا استعمال کرتے تہے ایک نقل لی *

قول ہشتم آسٹائن ¶ کا قول ہی کہ ان چاروں میں سے متی ہی صرف کہا گیا ہی کہ اُس نے عبری میں انجیل لکہی اور باقیوں نے یونانی میں *

قول نہم کریزاسٹم ** نے لکہا ہی کہ متی نے بدرخواست یہودی ایمانداروں کے اپنی انجیل عبری میں لکہی *

قول دہم اسی دور ‡‡ کا قول ہی کہ ان چاروں میں سے متی نے صرف عبرانی میں انجیل لکہی اور باقیوں نے یونانی میں *

ہارن صاحب †† نے اُن لوگوں کے نام جو اس انجیل کے عبرانی الاصل ہونے کے قایل ہوئیں اس طرح پر لکہے ہیں *

---

† دیکہو تفسیر لارڈنر مطبوعہ سنہ ۱۸۲۹ع جلد ۳ صفحہ ۱۶۵ —

‡ ایضاً جلد ۳ صفحہ ۱۷۳ —

§ ایضاً جلد ۳ صفحہ ۱۸۷ —

|| ایضاً جلد ۳ صفحہ ۳۳۹ و صفحہ ۳۳۱ —

¶ دیکہو تفسیر لارڈنر مطبوعہ سنہ ۱۸۲۹ع جلد ۳ صفحہ ۵۳۸ —

** ایضاً جلد ۳ صفحہ ۵۳۸ —

‡‡ تفسیر لارڈنر مطبوعہ سنہ ۱۸۲۹ع جلد ۵ صفحہ ۱۳۷ —

†† ہارن صاحب کی کتاب مطبوعہ سنہ ۱۸۲۵ع جلد ۳ —

١ بلرمائن
٢ گروٹیس
٣ کاسبجن
٤ بشپ ڈالتن
٥ بشپ ٹاملائن
٦ ڈاکٹر کیو
٧ هیمنڈ
٨ ڈاکٹر مل
٩ هارون
١٠ اوتن
١١ ڈاکٹر کین بل
١١ ابي کھرک
١٣ سائمن
١٤ تلي منت
١٥ پوري تیس
١٦ دیوپن
١٧ کلمت
١٨ میکائلتس
١٩ ارنوبیس
٢٠ اوریجن
٢١ سرل
٢٢ اپي فانیس

کریزاستم اور سینٹ جیروم اور اور علماء کے نزدیک مختار قول پي پوس کا هی که یهه انجیل عبراني میں لکھي گئي *

تفسیر ڈائلي اور رچرڈ † میں لکھا هی. که پچھلے زمانه میں بڑا اختلاف تھا که کس زبان میں یهه انجیل لکھي گئي اور بہت قدماء صراحة کہتے هیں که متی نے انجیل اپني عبراني زبان میں جو اُس کے زمانه میں ملک فلسطین میں بولي جاتي تھي لکھي هی اور اس قسم میں قول متفق علیه قدما کا (یعني یهه که انجیل عبري زبان میں تھي) قول فیصل گنا جاوے *

جو لوگ که اس انجیل کا عبراني الاصل هونا نہیں مانتے وه کئي دلیلیں اس کي بیان کرتے هیں *

اول یهه که اگرچه متی کي انجیل در حقیقت فلسطین کے رهنے والوں کے لیئے لکھي گئي مگر اُس زمانه میں یوناني زبان فلسطین میں جاري تھي اور مانند ملکي زبان یهودي کے عام استعمال میں تھي پھر کچھه ضرورت نہوئي که فلسطین زبان میں یعني عبراني یا ارمیئیا زبان میں لکھي جاتي *

مگر یهه دلیل نہایت ضعیف هی اول تو یهه که جب مقدس متي کي خود عبري زبان تھي اور اُنہوں نے یهه انجیل یهودي ایمانداروں کے لیئے لکھي اور جن پیشین گوئیوں پر وه ایمان و اعتقاد رکھتے تھے هر جگهه اُن کا موازنه کیا اور وه پیشین گوئیاں بھي عبراني میں اُن کے پاس تھیں تو کچھه ضرورت نہیں معلوم هوتي که مقدس متي نے اپني زبان کو اور جن لوگوں کے لیئے یهه انجیل لکھي تھي اُن کي زبان کو اور اُس پیشین گوئیوں کي زبان کو جسکي بنیاد پر یهه انجیل لکھي ان سب کو چھوڑکر نئي زبان یعني یوناني زبان میں انجیل لکھتے *

---

† دیکھو تفسیر ڈائلي و رچرڈ مطبوعه سنه ١٨٥٦ع جلد ٣ صفحه ١ —

دوسرے یہہ کہ جس زمانہ میں یہہ انجیل لکھی گئی اُس زمانہ میں فلسطین ایک صوبہ روم کی سلطنت کا تھا اُس وقت کے حاکموں کی اتالین یعنی رومی زبان تھی اگرچہ اُس زمانہ میں بہت سے لوگ یونان کے اطراف فلسطین میں آ رہے تھے مگر یہہ بات کسی طرح ثابت نہیں ہی کہ اُس زمانہ میں یونانی زبان مثل ملکی زبانِ فلسطین کے عام استعمال میں آ گئی تھی اور ایسی مروج ہوگئی تھی کہ مقدس متی کو خاص یہودیوں کے لیئے انجیل لکھنے میں بھی ضرورت ملکی زبان کے استعمال کی نرھی ہو پس یہہ دلیل محض ناکافی ہی اور اُن علماء متقدمین اور متاخرین کے قولوں کا اور اُن بڑی بڑی دلیلوںکا جو اس انجیل کے عبری ہوئے پر ہیں کبھی مقابلہ نہیں کرسکتے *

تیسری دلیل اس انجیل کے عبرانی نہ ہونے پر یہہ بیان ہوتی ہی کہ یونانی انجیل میں کوئی ایسا نشان نہیں پایا جاتا جس سے اُس کا عبرانی ترجمہ ہونا پایا جاوے *

مگر یہہ دلیل اُس پہلی دلیل سے بھی کمزور ہی کیونکہ یونانی انجیل میں چند جا عبرانی لفظ آئے ہیں اور پھر اُن کا ترجمہ یونانی میں کیا ہی *

مثلاً باب ۱ ورس ۲۳ میں لفظ عما نوئیل آیا ہی اور پھر اُس کا ترجمہ یونانی میں لکیا ہی کہ ہمارے ساتھہ خدا *

یا مثلاً باب ۲۷ ورس ۴۶ میں یہہ فقرہ آیا ہی الوھی الوھی لما صافختانی اور پھر اُسکا ترجمہ یونانی میں لکیا ہی کہ اے میرے خدا اے میرے خدا کیوں تونے مجھے چھوڑدیا ہی *

علاوہ اس کے اور کئی جگہہ اسیطرح پر عبرانی لفظ آیا ہی اور اُس کا یونانی میں ترجمہ کیا ہی اور یہہ دلیل ہوسکتی ہی کہ اصل کتاب عبرانی تھی *

اگرچہ ممکن ہی کہ کوئی کتاب در اصل یونانی میں لکھی جاوے اور اُس میں دوسری زبان کے نام یا جملے لائے جاویں اور پھر اُن کا ترجمہ بھی یونانی میں لکھا جاوے مگر یہہ امکان اُسوقت تسلیم کیا جاتا ہی جب یہہ ثابت ہو جاوے کہ وہ کتاب در اصل یونانی ہی میں لکھی گئی تھی نہ عبرانی میں مگر جبکہ برخلاف اسکے ثابت ہوگیاھو کہ وہ کتاب دراصل عبرانی میں لکھی گئی تھی اور پھر اُس کا ترجمہ یونانی میں ہوا ہی تو پھر اسطرح پر عبرانی الفاظ اور جملوں کا بجنسہ نقل کرکو اور اُن کا ترجمہ کرنا دلیل اسبات پر ہی کہ وہ عبرانی کا ترجمہ ہی *

اگرچہ متی کے سوا اور انجیلوں میں بھی عبرانی لفظ اور اُن کا یونانی ترجمہ آیا ہی مگر یہہ بات ہماری دلیل کے برخلاف نہیں ہوسکتی کیونکہ اُن انجیلوں کا عبری الاصل ہونا ثابت نہیں ہوا ہی پھر اُن میں ابتداءً عبرانی لفظ کا آنا اور پھر اُن کا ترجمہ کرنا کچھہ بعید نہیں ہی علاوہ اس کے مقدس متی کی انجیل سب سے پہلی انجیل ہی اور اُسکا یونانی

ترجمہ بھي بہت جلد ہوا يعني اور انجيلوں کے مرتب ہونے سے پيشتر اسليئے اور انجيل نويسوں نے جب يوناني ميں انجيل لکھي تو اُنہوں نے بہ پيروي اُسي يوناني ترجمہ کے اپني يوناني انجيلوں ميں بھي عبراني لفظ اور اُنکا يوناني ترجمہ داخل کيا *

چوتھي دليل بعض † علماء مسيحي نے اس انجيل کے عبراني الاصل ہونے کے انکار کرنے سے پہلے اسبات کو قبول کيا ھی کہ اگلے زمانہ کي گفتگو سے يہہ بات تو ہر طرح ثابت ھی کہ بہت ابتدا زمانہ ميں ايک کتاب متي کي انجيل کے نام سے يا يہوديوں کي انجيل کے نام سے عبراني يا ارمينيا زبان ميں موجود تھي مگر يہہ بات کہ يہہ انجيل جو اب موجود ھی وھي متي کي انجيل ھی جسکا اگلے زمانہ ميں تذکرہ رہا ھی ثابت نہيں ھی جن متقدمين نے اُس کي طرف اشارہ کيا ھی اُن سب نے اُس کو نہيں ديکھا اور اگر اُنہوں نے ديکھا بھي ہو تو بڑے بڑے علماء مسيحي ميں سے اکثر اُس کي صحت نہ ٹھہرا سکے ہونگے کيونکہ وہ عبراني سے نا واقف تھے *

اور اسيطرح وہ علماء مسيحي اسبات کا اقرار کرتے ہيں کہ بہت سے متفق حالات سے ثابت ھی کہ يہہ متي کي انجيل بالتخصيص ابي اونيٹز يا متقدمين يونٹي ٹيرينز (يعني منکران تثليث) کے استعمال ميں تھي اور اس انجيل کے حوالے جو بعض پرانے مصنفوں کي کتابوں ميں پائے جاتے ہيں وہ اس خيال کو مضبوط کرتے ہيں کہ وہ ايک ايسي تاليف تھي جو بے غور يعني جلد اور جھوٹي بنائي گئي تھي اور مختلف فرقوں ميں سے اُس فرقہ کي رائے کي تقويت دينے کو بنائي تھي جو اصول مذھب سے مخالفت رکھتے تھے (يعني انکار تثليث کرتے تھے) اور اُسکا رواج دينے کو اور اعتماد بڑھانيکو متي کي انجيل کے نام سے مشہور کرديا تھا *

اگرچہ اس دليل سے ھمارا مطلب يعني عبراني ميں متي کي انجيل کا ہونا بخوبي ثابت ہوتا ھی مگر جو شبہے کہ متي کي عبراني انجيل پر اس ميں مذکور ہيں وہ نہايت بودے اور بہت ھي ضعيف ھيں *

اگر علماء کبار مسيحي بسبب نا واقفيت عبراني زبان کے اُسکي صحت ٹھہرانے سے معذور رہے ھيں تو اُسکي صحت پر کوئي شبہہ نہيں پڑسکتا اسليئے کہ اگلے زمانہ ميں تمام علماء مسيحي صرف يوناني ترجمہ کے پابند تھے يہاں تک کہ کتب عہد عتيق باوجوديکہ عبراني ميں موجود تھيں مگر اگلے علماء مسيحي صرف يوناني ترجمہ کو کام ميں لاتے تھے اور تمام مسيحي چرچ ميں وھي يوناني ترجمہ مستعمل تھا اور اصل عبري نسخہ پر کسيکو توجہہ ھي نہ تھي چنانچہ ہارن صاحب ‡ کي کتاب ميں يہہ مطالب بہت شرح و بسط سے مندرج

---

† ديکھو بيبل پر اي ڈي صاحب کا ميکار پيڈيا مطبوعہ سنہ ۱۸۵۵ ع صفحہ ۲۹۳ جلد ۳ —

‡ ديکھو ہارن صاحب کي کتاب مطبوعہ سنہ ۱۸۲۵ ع جلد ۲ —

هی پس یهی وجهه هی که علماء مسیحي نے اول اول صرف یوناني ترجمه کو استعمال میں رکھا اور اصل عبري نسخه پر متوجهه نهیں هوئے یہاں تک که وہ عبراني نسخه کم یاب هوگیا اور آخر کو جاتا رها پس علماء مسیحي کا اسپر متوجهه نهونا اسکي صحت پر شبهه نهیں ڈال سکتا *

یهه سچ هی که وه عبراني نسخه ابي اونیٹز یا متقدمین یعني ٹهریںز میں مستعمل تها جو تثلیث کے منکر تهے اور اس نسخه سے انکي راے کي تقویت نکلتي هوگي مگر اس یوناني انجیل سے بهي تثلیث ثابت نهیں هوتي شاید اس نسخه اور اس یوناني موجوده نسخه میں اتنا فرق هو که بسبب اختلاف زبان و محاوره کے اس موجوده نسخه میں جو ایهام هی وه اس میں نهوگا (اگرچه اس یوناني ترجمه سے بهي وحدانیت خدا تعالی کي بخوبي روشن هی) پهر ابي اونیٹز یا متقدمین یعني ٹهریںز کي راے کا اس نسخه سے تقویت نکلنا کوئي دلیل اس نسخه کے مشتبه هونے کي نهیں هی *

اگرچه اس بات پر کوئي صاف اور صریح شهادت نهیں هی که یهه انجیل جو اب موجود هی وهي متی کي انجیل هی جو عبراني میں لکهي گئي تهي اور جسکا اگلے زمانه میں تذکره رها هی مگر اسپر بهي کوئي دلیل نهیں هی که یهه موجوده انجیل اس عبراني انجیل کا ترجمه نهیں هی اور دونوں کي تعلیمات میں اختلاف تها نسبت تثلیث کے هم ابهي بیان کرچکے که اس یوناني انجیل سے بهي تثلیث ثابت نهیں هوتي پس جیسي اس کے لیئے کوئي شهادت نهیں هی ویسي هي اس کے لیئے بهي کوئي شهادت نهیں هی که یهه موجوده انجیل اس عبراني انجیل کا ترجمه نهیں هی *

اس بات کي تقویت کے لیئے که مقدس متی نے اپني انجیل صرف عبراني میں لکهي نه یوناني میں بعض علماء مسیحي کے اقوال بهي موجود هیں *

ابي فینیس کا قول هی که متی نے انجیل کو عبراني میں لکها تها نه یوناني میں جیسیکه بعض قایل هیں که متی نے دونوں زبان میں انجیل کو لکها هی *

ریو صاحب اپني تاریخ انجیل میں لکهتے هیں که یهه بات غلط هی که جو لوگ کهتے هیں که متی نے انجیل یوناني میں لکهي تهي اسلیئے یوسی بیس نے اپني تاریخ میں اور اسیٹلوم بهت مرشدوں عیسائي نے لکها هی که متی نے انجیل عبراني میں لکهي نه یوناني میں *

اسبات کا تحقیق کرنا که وه اصل عبراني نسخه کب جاتا رها نهایت مشکل هی مگر همارے مذهب کي کتابوں سے اسقدر پایا جاتا هی که چهٹي صدي تک بعد حضرت مسیح کے وه نسخه موجود تها اور بموجب قول یوني تي نس کے جسے جیروم نے نقل کیا سیریا

کے کتب خانہ میں موجود تھا اور بعض علماء مسیحی کے نزدیک بعد تباہی یروشلیم کے وہ نسخہ جاتا رہا *

وقت تالیف اس انجیل میں بھی بڑا اختلاف ہی ہارنصاحب † لکھتے ہیں کہ تالیف انجیل کا وقت ایسا غیر معین ہی کہ ایک وقت معین قرار نہیں پاسکتا بہر حال زمانہ تالیف اس انجیل کے جو مذکور ہیں وہ یہہ ہیں کہ یہہ انجیل سنہ ۳۷ یا سنہ ۳۸ یا سنہ ۴۱ یا سنہ ۴۳ یا سنہ ۴۸ یا سنہ ۶۱ یا سنہ ۶۲ یا سنہ ۶۳ یا سنہ ۶۴ عیسوی میں تالیف ہوئی ہی *

اس انجیل کے زمانہ تالیف کے اختلاف کا ایک یہہ بھی سبب ہی کہ یہہ انجیل پہلی دفعہ عبرانی میں لکھی گئی پھر یونانی اُس کا ترجمہ ہوا اور اس دو دفعہ کی تحریر نے زیادہ تر وقت تحریر انجیل کو اختلاف میں ڈالدیا مگر میرے نزدیک صحیح یہہ بات ہی کہ یہہ عبرانی انجیل پانچ برس بعد رفع ہونے حضرت عیسی علیہ السلام کے آسمان پر یعنی سنہ ۳۷ یا سنہ ۳۸ عیسوی میں لکھی گئی اور اسی قول کو اس باب میں قول فیصل قرار دینا چاہیئے *

اسباب میں بھی کہ ترجمہ اُس کا یونانی میں کس نے کیا کوئی تحقیق بات نہیں ہی ہمارے بھائی کی مذہبی کتابیں اس امر میں چپ ہیں بعضے علماء مسیحی کا بھی یہہ قول ہی کہ معلوم نہیں کہ کس نے ترجمہ کیا مگر خود مقدس متی کا ترجمہ کرنا یا لکھنا جیسا کہ ہم اوپر بیان کر آئے صحیح نہیں ہی اتہنی سیش کا یہہ قول ہم اوپر لکھہ آئے ہیں کہ متی نے عبری میں انجیل لکھی اور یعقوب متی کے بہائی نے اُس کا ترجمہ یونانی میں کیا اس قول سے انکار کرنے کے لیئے ہمارے پاس کوئی دلیل نہیں ہی اس لیئے یہی قول ہم تسلیم کرتے ہیں *

بعض لوگوں نے جن کا دل روح القدس کی روشنی سے محروم تھا اس انجیل سے انکار کیا ہی فاسٹس جو اخیر چوتھی صدی میں تھا کہتا ہی کہ یہہ انجیل جو متی کی طرف منسوب ہی اُن کی تصنیف نہیں ہی اور پروفسر باٹر جرمنی ایک بہت بے ادبی کا کلمہ اس انجیل کی نسبت کہتا ہی جسکو بلحاظ ادب میں نہیں لکھہ سکتا شیرز اور شلتش بھی یکا اعتقاد اس انجیل کی نسبت نہیں رکھتے تھے مگر یہہ تمام اقوال ہمارے نزدیک ملحدانہ ہیں یہہ انجیل اول الاناجیل ہی اور بہت ابتدا زمانہ سے مشہور چلی آتی ہی تمام کلیسی اور تمام چرچ اور تمام علما برابر مانتے چلے آئے ہیں متعدد شرحیں اسکی لکھی گئیں اور اکناف عالم میں مشہور ہوئیں اسلیئے یہہ انجیل صحاح اناجیل میں داخل ہی اور ہم لوگ اس پر ذرا بھی شک نہیں رکھتے *

---

† دیکھو ہارنصاحب کی کتاب مطبوعہ سنہ ۱۸۲۹ ع جلد ۴ حصہ ۲ باب ۲ سے

ڈاکٹر وارمس اور چھاپنے والے انجیل فرقہ یونی ٹیرین کہتے ہیں کہ پہلا باب اور دوسرا باب اس انجیل کا الحاقی ہے اور ابی اونیٹز کی انجیل میں یہہ دونوں باب نہ تھے مگر یہہ خیال اُن کا محض غلط ہے تمام انجیل کے پڑھنے سے ثابت ہوتا ہے کہ مقدس متی نے اس انجیل کو اس انداز پر لکھا ہے کہ یہودیوں پاس جو اگلے پیغمبروں کی پیشین گوئیاں تھیں اُنکو حضرت مسیح علیہ السلام کے تمام حالات پیدایش اور زندگی سے مقابلہ کردیا جاوے اسواسطے ضرور تھا کہ مقدس متی اسبات کو بھی ثابت کرتے کہ عیسی مسیح داؤد و ابراہیم کی نسل سے پیدا ہوئے اور کنواری لڑکی نے اُن کو جنا پھر کسطرح پہلا اور دوسرا باب اس انجیل کا الحاقی ہوسکتا ہے غالباً فرقہ ابی اونیٹز کی انجیل میں یہہ دونوں باب نقل ہونے سے رہ گئے ہونگے *

بعض نسخوں ترجمہ لاطینی میں جو ایک معتبر نسخہ ہے نسب نامہ کو انجیل سے علاحدہ کردیا ہے مگر اُس سے یہہ بات ثابت نہیں ہوتی کہ نسب نامہ الحاقی ہے بلکہ ترجمہ کرنے والے نے نسب نامہ کو ایک جدا بات سمجھی ہے اور جہاں سے مطلب شروع ہوا وہاں سے انجیل قرار دی ہے *

پہلا باب

۱ — یسوع مسیح کا نسب نامہ ۱۸ اُس کی پیدایش کی بات *

۱ — یسوع مسیح ابن داؤد † ابن ابراہیم ‡ کا نسب نامہ § *

تفسیر

مقدس متی نے مسیح کو داؤد کا بیٹا اور داؤد کو ابراہیم کا بیٹا لکھا حالانکہ داؤد مسیح کے اجداد میں اور ابراہیم داؤد کے اجداد میں ہوسکتے ہیں مگر جوکہ مقدس متی کو اس انجیل کا یہودیوں کے لیئے لکھنا منظور تھا اور انپر ثابت کرنا تھا کہ اشعیاہ ‖ نبی اور یرمیاہ ¶ نبی نے جو خبر داؤد کی سلطنت اور داؤد کی شاخ اُٹھنے کی دی تھی وہ یہی مسیح ہیں اسلیئے نسب نامہ کے شروع ہی پر داؤد کی شاخ ہونا جتلایا اور * ابراہیم کے خاندان سے جو برکت دینے کا وعدہ تھا اُسکا نمونہ بتلایا اور پوتے کو دادا کے نام سے بتانا رواج کے بھی خلاف نہ تھا پس مسیح کو داؤد کا بیٹا اور داؤد کو ابراہیم کا بیٹا کہنا صحیح ہوا *

ہماری مذہبی کتابوں سے حضرت مسیح کا ابراہیم کی اولاد اور بنی اسرائیل سے ہونا پایا جاتا ہی اور یہہ بات اسطرح نکلتی ہی کہ اللہ تعالی نے سورۂ انعام میں فرمایا ہی کہ ابراہیم

سورۂ الانعام آیت ۸۴ و ۸۵ ومن ذریۃ داؤد و سلیمن وایوب ویوسف وموسی وھارون وکذلک نجزی المحسنین وزکریا ویحیی وعیسی و الیاس کل من الصالحین —

کی اولاد میں ہیں داؤد اور سلیمان اور ایوب اور یوسف اور موسی اور ھارون اور زکریا اور یحی اور عیسی اور الیاس — اور سورۂ مریم میں حضرت مریم کو اولاد ھارون کی بہن فرمایا اُس سے ثابت ہوا کہ حضرت مسیح علیہ السلام حضرت ابراہیم کی اولاد میں سے اور بنی اسرائیل ہیں *

یہہ نسب نامہ جو مقدس متی نے لکھا وہ حضرت مریم کا نسب نامہ نہیں ہی بلکہ یوسف کا نسب نامہ ہی جن کے ساتھہ حضرت مریم کا منسوب ہونا لکھا ہی اور تمام ⊥ علماء مسیحی بھی اسبات کے قایل ہیں کہ یہہ نسب نامہ یوسف کا ہی نہ مریم کا اور جبکہ

† متی ۲۲ — ۴۵ —

‡ پیدایش ۲۲ — ۱۸ —

§ لوقا ۳ — ۲۳ — —

‖ اشعیاہ ۹ — ۶ و ۷ —

¶ یرمیاہ ۲۳ — ۵ —

* پیدایش ۱۲ — ۳ ۲۶ — ۳ و ۵ ۲۸ — ۱۳ و ۱۴ —

⊥ تفسیر اسکات مطبوعہ سنہ ۱۸۱۴ ع جلد ۵ متی ۱ — ۲ لغایت ۱۷ —

حضرت مسیح یوسف سے پیدا نہیں ہوئے تو یہہ سوال ہوتا ہی کہ اس نسب نامہ کے لکھنے سے اگلے پیغمبروں کی وہ پیشین گوئیاں کہ عیسی مسیح داؤد کی نسل سے ہوگا کیونکر صادق آتی ہیں ؟ *

مگر اسکا جواب یوں ہوسکتا ہی کہ مقدس متی نے یہہ انجیل یہودیوں کے لیئے لکھی تھی اور یہودی حضرت مسیح کو یوسف کا بیٹا (جو اُن کے اصلی باپ نہ تھے بلکہ نسبتی باپ خیال کیئے گئے تھے) سمجھتے تھے اور حضرت مسیح کا نسب نامہ خواہ یوسف سے گنو خواہ حضرت مریم سے جیساکہ مقدس لوقا نے لکھا ہی دونوں طرح میں حضرت داؤد آپ کے اجداد میں آتے ہیں پس اگلے پیغمبروں کی پیشین گوئیاں ہر طرح پر ثابت ہوتی ہیں اس لیئے مقدس متی نے یوسف سے نسب نامہ لکھا تاکہ یہود اسبات پر یقین کریں کہ جس طرح وہ سمجھتے ہیں اگر اُسیطرح حضرت مسیح کا نسب نامہ خیال کیا جاوے تو بھی اگلی پیشین گوئیاں حضرت مسیح علیہ السلام ہی پر صادق آتی ہیں *

۲ ابراہیم کا بیٹا اسحاق † اور اسحاق کا بیٹا یعقوب ‡ اور یعقوب کے بیٹے یہوداہ § اور اس کے بھائی *

۳ اور یہوداہ کے بیٹے تامر سے ‖ فارص اور تارح اور فارص کا بیٹا حصرون ¶ اور حصرون کا بیٹا رام *

تفسیر

یہاں تک یہہ نسب نامہ عہد عتیق کی کتابوں کے بالکل مطابق ہی چنانچہ جو حوالے حاشیہ پر ثبت ہیں اُن کے دیکھنے سے معلوم ہوسکتا ہی مگر ایک بحث اس مقام پر ہی کہ تامار سے فارص کیونکر پیدا ہوا اُسکا ذکر ہم لکھتے ہیں *

کتاب پیدایش کے باب اڑتیسویں کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہی کہ یہوداہ اپنے پہلوٹھے بیٹے عیر کے لیئے ایک عورت بیاہ لایا جسکا نام تامار تھا جب عیر مرگیا تو یہوداہ نے اپنے دوسرے بیٹے اونان کو کہا کہ اپنے بھائی کی جورو کے پاس جا اور اپنی بھاوج کا حق اداکر جب اونان بھی مرگیا تو یہوداہ نے تامار سے کہا کہ اپنے باپ کے گہر میں بیوہ بیٹھی رہ جب تک کہ شیلاہ

† پیدایش ۲۱ — ۲ –
‡ پیدایش ۲۵ – ۲۶ –
§ پیدایش ۲۹ — ۳۵ –
‖ پیدایش ۳۸ — ۲۹ –
¶ راعوت ۴ — ۱۸ –

تیسرا بیتا بڑا ہو یہوداہ نے خیال کیا کہ ایسا نہو کہ وہ بھي اپنے بھائي کي طرح مرجاوے پس تامار اپنے باپ کے گھر میں جارھي اس عرصہ میں یہوداہ کي جورو بھي مرگئي اور جب وہ اُسکا غم بھولا تو تمنات کو اپني بھیڑوں کي پشم کترنے کو چلا تامار کو خبر ملي کہ اُسکا سسرا اپني بھیڑوں کي پشم کترنے کو تمنات جاتا ھی تامار نے اپني بیوگي کے کپڑے اوتار پھینکے اور برقع اوڑھا اور اپنے کو لپیٹا اور عینیم کے ناکہ پر جو تمنات کے راستہ پر ھی جا بیٹھي کیونکہ اُس نے دیکھا تھا کہ شیلاہ بڑا ھوا اور اُسے اُس کي جورو نکردیا یہوداہ اُسے دیکھہ کر سمجھا کہ کوئي کسبي ھی کیونکہ وہ اپنا منہہ چھپائے ھوئے تھي وہ راہ سے اُس کي طرف پھرا اور اُس سے کہا کہ چلیئے اور مجھے اپنے ساتھہ خلوت کرنے دیجیئے کہ اُسنے نجانا کہ یہہ میري بہو ھی وہ بولي تو جو میرے ساتھہ خلوت کریگا مجھے کیا دیگا وہ بولا کہ میں گلے میں سے بکري کا ایک بچہ بھیجونگا اُس نے کہا تو مجھے جب تک اُسے بھیجے کچھہ گروي دیگا وہ بولا میں تجھے کیا گروي دوں وہ بولي اپني مہر اور اپنا بازوبند اور اپنا عصا جو تیرے ھاتھہ میں ھی اُس نے دیا اور اُس کے ساتھہ خلوت کي اور وہ اُس سے حاملہ ھوئي قریب تین مہینہ بعد یہوداہ سے کہا گیا کہ تیري بہو تامار نے زنا کیا اور اُسے چھنالے کا حمل بھي ھی یہوداہ بولا کہ اُسے باھر لاؤ کہ وہ جلائي جاوے جب وہ نکالي گئي اُسنے اپنے سسر سے کہلا بھیجا کہ مجھے اُس مرد کا حمل ھی جس کي یہہ چیزیں ھیں اور کہا کہ دریافت کیجیئے کہ یہہ مہر اور بازو بند اور عصا کسکا ھی تب یہوداہ نے اقرار کیا اور کہا کہ وہ مجھہ سے زیادہ صادق ھی کیونکہ میں نے اُسے اپنا بیتا شیلاہ ندیا *

اس واقعہ کي نسبت بیبل کے تمام عیسائي مفسر † خیال کرتے ھیں کہ یہوداہ نے تامار سے زنا کیا اور پرص حرام سے پیدا ھوا اور اُسیکي نسل میں حضرت مسیح علیہ السلام ھیں پھر اس اعتراض کے دفع کرنے کو کہ ایسا پاک اور مقدس شخص جیسیکہ حضرت مسیح ھیں کسطرح ایسي ناپاک نسل میں ھوئے یہہ بیان کرتے ھیں کہ حضرت ‡ مسیح میں خود ذاتي تقدس تھا پھر پرص کي اس ناپاک پیدایش سے اُنکي ذات اور تقدس میں کچھہ نقص نہیں آتا *

مگر ھم مسلمانوں کا یہہ عقیدہ نہیں ھم مسلمانوں کا یہہ عقیدہ ھی کہ حضرت مسیح علیہ السلام کے تمام آباء اور تمام امہات ولدالحرام ھونے کي ناپاکي سے پاک اور بري ھیں قران مجید میں اللہ تعالی نے خبر دي ھی کہ حضرت مریم کے باپ اور ماں زنا کي ناپاکي سے پاک تھے اور یہہ خبر جو قران مجید میں ھی بے شک صحیح ھی عیسائي مفسروں نے کتاب پیدایش کے اڑتیسویں باب کے مطلب سمجھنے میں غلطي کي کیونکہ

سورہ مریم آیت ۲۸
یا اخت ھارون ماکان ابوک امرأ سوء وماکانت امک بغیا

† اسکاٹ ڈاٹلي و مڈینٹ بائبل —

‡ تفسیر اسکاٹ مطبوعہ سنہ ۱۸۱۳ ع جلد ۱ پیدایش ۳۸ — ۱۱ لغایت ۳۰ —

اس واقعہ سے جو اوپر مذکور ہوا پرص کا ولدالحرام ہونا ثابت نہیں ہوتا اسلیئے کہ جب تک یہہ بات ثابت نہو کہ یعقوب کی شریعت میں بہو سسرے پر حرام تھی اُسوقت تک پرص کا ولدالحرام ہونا نہیں ہوسکتا اور یہہ بات آج تک ثابت نہیں ہی یعقوب کی شریعت میں بہت سی چیزیں حلال تھیں جو موسی کی شریعت میں حرام ہوئیں مثلاً یعقوب کی شریعت میں دو بہنوں سے اُنکی زندگی میں نکاح کرنا درست تھا جیسکہ حضرت † یعقوب نے خود لیاہ اور راحیل دختران لابان سے نکاح کیا مگر موسی ‡ کی شریعت میں دو بہنوں سے ایک ساتھہ نکاح کرنا حرام ہوا پس بلاشبہہ موسی کی شریعت میں بہو سسرے پر حرام ہی مگر یہہ ثابت نہیں کہ یعقوب کی شریعت میں بھی بہو سسرے پر حرام تھی *

معلوم ہوتا ہی کہ یعقوب کی شریعت میں خاندان کی بیوہ عورت اُسی خاندان میں رہتی تھی § اور اپنے دیور کا حق ہوتی تھی اور اگر بیوہ کا سسرا بیوہ کے دیور کو نہ دیتا تھا تو وہ بیوہ خود سسرے || کو پہونچتی تھی اور اس پچھلی بات کے ثبوت پر کئی دلیلیں ہیں *

اول حضرت موسی نے بنی اسرائیل کو منع ¶ کیا کہ جو طریقہ کنعان والوں کا ہی تم وہ مت کرو اور اپنے * رشتہ دار سے نزدیکی مت کرو اس سے معلوم ہوتا ہی کہ موسی کی شریعت سے پہلے یہہ بات درست تھی *

دوم تامار نے جب یہوداہ سے ہم بستر ہونے کا قصد کیا تو اُسکی دلیل یہہ ‡ بیان ہوئی کہ باوجود شیلاہ کے بڑے ہوجانے کے یہوداہ نے تامار کو اُسکی جورو نکردیا تھا اسلیئے وہ خود یہوداہ پاس رہ سکتی تھی دھوکہ دینا تامار کا یہوداہ کو صرف اسلیئے تھا کہ جس اندیشہ سے یہوداہ نے شیلاہ کو ندیا تھا اُسی اندیشہ سے اپنے پاس بھی رکھنا نچاہتا تھا * -

سوم تامار کی نشانی لے لینا صاف اسبات کی دلیل ہی کہ اُسوقت کی شریعت بموجب یہہ کام زنا نہ تھا کیونکہ اُسنے واسطے ثبوت اپنی بے جرمی کے نشانی لی تھی اور اسی سبب سے زنا کی حد سے بچ رہی اور یہوداہ نے اُسکے نیک ہونے پر اقرار کیا پس جس طرح پرص کی پیدایش ہوئی وہ ظاہر میں ایک دھوکہ ہوا مگر حقیقت میں زنا نہوا *

---

† پیدایش ۲۹ — ۲۳ و ۲۸ ۔

‡ احبار ۱۸ — ۱۸ ۔

§ پیدایش ۳۸ — ۸ ۔

|| پیدایش ۳۸ — ۱۴ ۔

¶ احبار ۱۸ — ۳ ۔

* احبار ۱۸ — ۶ ۔

‡ پیدایش ۳۸ — ۱۴ ۔

۴ اور رام کا بیٹا عمیناداب اور عمیناداب کا بیٹا نحشون اور نحشون کا بیٹا سلمون *
۵ اور سلمونکا بیٹا راحب سے بوعز اور بوعز کا بیٹا روت † سے عوبید اور عوبید کا بیٹا یشی *
۶ اور یشی کا بیٹا داؤد بادشاہ ‡ اور داؤد بادشاہ کا بیٹا اُس عورت سے جو اوریاہ کی جورو تھی § سلیمان *
۷ اور سلیمان کا بیٹا رجعم || اور رجعم کا بیٹا ابیاہ اور ابیاہ کا بیٹا اساہ *

تفسیر

یہاں تک بھی یہہ نسب نامہ کتب عہد عتیق کے مطابق ہی چنانچہ اُن حوالوں کے دیکھنے سے جو حاشیہ پر لکھے ہیں یہہ بات واضح ہوسکتی ہی *

حضرت مریم کا نسب نامہ جو مقدس لوقا نے لکھا ہی وہ داؤد بادشاہ تک متحد ہی پھر آگے سے جدا ہوا ہی یوسف کا الگ اور مریم کا الگ اس کے بیان کرنے سے ہمارا مطلب یہہ ہی کہ جناب مسیح کا حضرت داؤد علیہما السلام کی اولاد میں ہونا دونوں طرح کے نسب ناموں سے ثابت ہوتا ہی *

۸ اور اساہ کا بیٹا یہو شافط اور یہو شافط کا بیٹا یورم اور یورم کی اولاد سے عزیاہ *

تفسیر

یورم تک جو نسب نامہ اس ورس میں لکھا ہی وہ بھی کتب عہد عتیق کے مطابق ہی مگر یورم کا بیٹا عزیاہ نہیں پہلی ¶ کتاب اخبار الایام میں لکھا ہی کہ یورام کا بیٹا اخزیاہ اور اُسکا بیٹا یوآش اور اُسکا بیٹا امصیاہ اور اُسکا بیٹا عزریاہ *

اس انجیل کے مترجم نے لفظ (بگیت) کا جو انگریزی ترجمہ میں ہی (اولاد) ترجمہ کیا ہی یہہ ترجمہ درست نہیں کیونکہ تمام ان ورسوں میں یہی لفظ آیا ہی اور ہر جگہہ اُسکا ترجمہ بیٹا کیا ہی اور اُس کے معنی بھی بیٹے کے ہیں نہ اولاد کے پس اب یہہ سوال ہوتا ہی کہ عہد عتیق کی کتابوں سے اس نسب نامہ کے اختلاف ہونے کا کیا سبب ہی ؟ *

بعض علماء مسیحی نے یہہ جواب دیا ہی کہ * مقدس متی کو یہی ہدایت ہوئی تھی کہ تین نام اس نسب نامہ سے چھوڑ دے *

† راعوت ۴ — ۱۳ —
‡ پہلا سموئیل ۱۷ — ۱۲ —
§ دوسرا سموئیل ۱۲ — ۲۴ —
|| پہلا اخبار الایام ۳ — ۱۰ —
¶ پہلا اخبار الایام ۳ — ۱۱ —
* تفسیر اسکاٹ مطبوعہ سنہ ۱۸۱۴ع جلد ۵ متی ۱ — ۲ لغایت ۱۷ —

مگر اصل بات یہہ ہی کہ مقدس متی نے یہودیوں پر حجت پکڑنے کو یہہ انجیل لکہی تہی اور یہہ نسب نامہ یہودیوں کے دفتر سے جسکو وہ لوگ معتبر سمجہتے تہے نقل کیا ہی بس جس طرح اُس میں نقل تہا اُسیطرح مقدس متی نے نقل کردیا یہہ تینوں شخص جن کے نام چہوٹ گئے بادشاہ ہوئے ہیں اور ہر ایک نے اپنے باپ سے بوراثت سلطنت پائی تہی اخزیاہ † نے ایک برس سلطنت کی اور یوآش ‡ نے چالیس برس سلطنت کی اور امصیاہ § نے اُنتیس برس سلطنت کی *

یہہ تینوں شخص احاب کے خاندان سے ہیں جس کی نسل کو دو دفعہ بددعا || دی گئی تہی اور اُسکا اثر تین پشت تک رہتا تہا اسوجہہ سے یہہ تینوں نام چہوڑ دیئے گئے تہے ماسوا اِسکے ¶ یہودیوں کا یہہ دستور تہا کہ اپنے نسب ناموں اور دفتروں میں سے اکثر نام بسبب بدی یا بت پرستی کے چہوڑ دیتے تہے غرضکہ یہہ بات ہر طرح ثابت ہی کہ مقدس متی نے یہہ نسب نامہ صرف یہود کے دفتر سے نقل کیا ہی *

۹ اور عزیاہ کا بیٹا یوتم اور یوتم کا بیٹا احز اور احز کا بیٹا حزقیاہ *

۱۰ اور حزقیاہ کا بیٹا منسی اور منسی کا بیٹا امون اور امون کا بیٹا یوشیاہ *

۱۱ اور یوشیاہ کے بیٹے یکہنیاہ اور اُس کے بہائی جن * دنوں میں کہ بابل کو اُٹہہ چلے پیدا ہوئے *

۱۲ اور بعد اُس کے کہ بابل کو اُٹہہ چلے یکہنیاہ کا بیٹا شیلتئیل پیدا ہوا اور شیلتئیل کا بیٹا زر بابل *

تفسیر

اس گیارہویں ورس میں جو پشتیں لکہی ہیں اُن میں بہی کتب عہد عتیق سے اختلاف ہی کیونکہ یوشیاہ کے بیٹے یوحانان پہلونٹہے بیٹے کے سوا تین بیٹے † تہے یہو اخاز جس کو شلوم بہی کہتے ہیں اور یہو یقیم اور صدقیاہ چہوٹا بیٹا ‡‡ یہواخاز تہا جسکو لوگوں نے

† دوسرا سلاطین باب ۸ دوسرا اخبارالایام باب ۲۲ —
‡ دوسرا سلاطین باب ۱۲ دوسرا اخبارالایام باب ۲۴ —
§ دوسرا سلاطین باب ۱۴ دوسرا اخبارالایام باب ۲۵ —
|| پہلا سلاطین ۲۱ — ۲۱ دوسرا سلاطین ۹ — ۸ —
¶ تفسیر ڈاٹلی و منٹ مطبوعہ سنہ ۱۸۵۴ع جلد ۳ صفحہ ۳ —
* دوسرا سلاطین ۲۴ — ۱۵ —
† دوسرا سلاطین ۲۳ — ۳۱ و ۳۴ ۳۴ ۱۵ و ۱۷ پہلا تواریخ ۳ — ۱۵ —
‡‡ تفسیر ڈاٹلی منٹ مطبوعہ سنہ ۱۸۵۴ع جلد ۳ صفحہ ۳ —

اُس کے باپ کے مرنے پر بادشاہ کیا تہا اور یہو الیاقیم جسکو اُس جگہہ یکنیاہ پکارا ہی اور جسکو الیاقیم بہی کہتے ہیں اپنے چہوٹے بہائی کے بعد تخت پر بیٹہا تہا اور صدقیاہ بعد تہوڑے عرصہ کے تخت پر بیٹہا اور یکہنیاہ جسکا ذکر اگلی آیت میں ہی ایک اَور شخص ہی جسکا نام یہو ایکن ہی اور جو بیٹا پہلے یہوالیاقیم کا ہی وہ اپنے باپ کا جانشین ہوا اور بعد اُسکے جلد بابل کو لے جایا گیا یہہ دونوں نام عبرانی زبان میں تلفظ اور معنوں میں بہت قریب قریب ہیں علاوہ † اسکے یکہنیاہ کا کوئی بہائی بہی نہ تہا بلکہ اُسکے باپ کے بہائی تہے کیونکہ جب یکہنیاہ بابل کو گیا تو اُسکا چچا صدقیاہ اُسکا جانشین ہوا *

اس اختلاف کے رفع کرنے کو اگر ریورنڈ ڈائلی اور ریورنڈ منٹ کی پیروی کی جاوے تو کہا جاسکتا ہی کہ یہود نے اپنے دفتر سے یہوالیاقیم کا نام بہی بسبب اُس کی بدکاریوں کے نکال ڈالا ہوگا کیونکہ اُسکا بدکار ہونا کتاب ‡ سلاطین سے پایا جاتا ہی اور جبکہ یہو الیاقیم کا نام بیچ میں سے نکالا گیا اور یکہنیاہ کو یوشیاہ کا بیٹا ٹہرایا تو ضرور ہوا کہ یکہنیاہ کے چچا اُس کے بہائی کہے جاویں *

مگر یہہ جواب درست نہیں آتا کیونکہ جب سترہویں ورس میں شمار پشتوں کا ہوگا تو جو حساب اُس میں مندرج ہی وہ ٹہیک نہیں آئیگا اور نہ یکہنیاہ کے چچاؤں کا بابل کو اُٹہہ جانے کے وقت پیدا ہونا صحیح ہوگا اسلیئے اصلی جواب اسکا یہہ ہی کہ انجیلوں کے مقابلہ کے وقت ان دونوں ناموں میں سے ایک نام بسبب اس کے کہ اُن کے معنی اور اُن کا تلفظ عبرانی زبان میں بہت قریب قریب تہا صحت سے رہ گیا کیونکہ § بعضی قلمی انجیلوں میں یہوالیاقیم کا نام موجود ہی اس جواب سے دونوں اعتراض ایک اختلاف اس نسب نامہ کا کتب عہد عتیق سے اور دوسرا غلطی حساب ورس سترہویں کا مرتفع ہوتے ہیں پس اس گیارہویں ورس کو بموجب قلمی انجیل کے یوں پڑہنا چاہیئے (اور یوشیاہ کا بیٹا یہوالیاقیم اور یہوالیاقیم کے بیٹے یکہنیاہ اور اُس کے بہائی جن دنوں کہ بابل کو اُٹہہ چلے پیدا ہوئے) *

علاوہ اس کے اس بارہویں ورس میں یہہ اختلاف ہی کہ شلتی ایل کا بیٹا زربابل نہیں تہی بلکہ || اُسکا بہتیجا ہی کیونکہ زربابل پدایاہ پسر یکہنیاہ کا بیٹا ہی مگر اس

† تفسیر اسکاٹ مطبوعہ سنہ ۱۸۱۴ ع جلد ۵ متی ۱ — ۲ لغایت ۱۷ —

‡ دوسرا سلاطین ۲۳ — ۳۷ —

§ تفسیر اسکاٹ مطبوعہ سنہ ۱۸۱۴ ع جلد ۵ متی ۱ — ۲ لغایت ۱۷ —

|| پہلا اخبار الایام ۳ — ۱۷ و ۱۸ ; ۱۹ —

اختلاف کا جواب بجز اس کے اور کچھہ نہیں کہ جسطرح یہود کے دفتر میں یہہ نسب نامہ لکھا ہوا تھا اُسی طرح مقدس متی نے نقل کر دیا *

---

۱۳ اور زر بابل کا بیٹا ابیہود اور ابیہود کا بیٹا الیاقیم اور الیاقیم کا بیٹا عزور *
۱۴ اور عزور کا بیٹا صادوق اور صادوق کا بیٹا آکیم اور آکیم کا بیٹا الیہود *
۱۵ اور الیہود کا بیٹا العازر اور العازر کا بیٹا متن اور متن کا بیٹا یعقوب *
۱۶ اور یعقوب کا بیٹا یوسف اور وہ اُس مریم کا شوہر تھا جس سے یسوع جو مسیح کہلاتا ہی پیدا ہوا *

تفسیر

اس تیرھویں ورس میں جو زر بابل کا بیٹا ابیہود لکھا ہی کتب † عہد عتیق میں یہہ نام نہیں پایا جاتا شاید زر بابل کے کسی بیٹے کا یہہ نام بہی ہو *

میں مختصر طور پر یوسف کا نسب نامہ دو طرح پر لکھتا ہوں ایک بموجب انجیل متی کے دوسرا بموجب کتب عہد عتیق کے پہلے سلسلہ میں جو نام کتب عہد عتیق میں نہیں ہی اُسپر شناخت کے لئے یہہ (*) نشان بنایا ہی اور دوسرے سلسلہ میں جو نام مقدس متی کے نسب نامہ سے زیادہ ہیں اُنپر یہہ (‡) نشان بنایا ہی دونوں کے مقابلہ سے جو کمی بیشی اور اختلاف ناموں کا ہم نے اوپر بیان کیا ہی بخوبی سمجہہ میں آویگا *

پہلا سلسلہ بموجب انجیل متی کے	دوسرا سلسلہ بموجب کتب عہد عتیق کے
۱ ابراہیم	ابراہیم
۲ اسحاق	اسحاق
۳ یعقوب	یعقوب
۴ یہوداہ	یہوداہ
۵ فارص	فارص
۶ حصرون	حصرون
۷ رام	رام
۸ عمیناداب	عمیناداب
۹ نحشون	نحشون
۱۰ سلمون	سلمون
۱۱ بوعز	بوعز
۱۲ عوبید	عوبید

	١٣	يشي	يشي
	١٤	داؤد بادشاہ	داؤد بادشاہ
	١	سليمان	سليمان
	٢	رجعم	رجعم
	٣	ابياہ	ابياہ
	٤	آساہ	آساہ
	٥	يہو شافط	يہو شافط
	٦	يورم	يورم
		*	‡ اخزياہ
		*	‡ يوآش
		*	‡ امصياہ
	٧	عزياہ	عزرياہ
	٨	يوتام	يوتام
	٩	آخز	آخز
	١٠	حزقياہ	حزقياہ
	١١	منسي	منسي
	١٢	امون	امون
	١٣	يوشياہ	يہوشياہ
	١٤	*	يہو الياقيم
	١	يكنياہ	يكنياہ
*	٢	شلتي ايل	‡ پدایاہ
	٣	زربابل	زر بابل
*	٤	ابيہود	*
	٥	الياقيم	*
	٦	عزور	*
	٧	صادوق	*
	٨	اخيم	*
	٩	اليہود	*
	١٠	العازر	

۱۱ متن
۱۲ یعقوب
۱۳ یوسف
۱۴ مسیح علیہ السلام

بعض لوگوں نے اس نسب نامہ پر دو شبہے اور کیئے ہیں ایک یہہ کہ جب کتب عہد عتیق سے ابیہود کا زربابل کا بیٹا ہونا ثابت نہیں ہوتا تو سلسلہ یوسف کا حضرت داؤد تک نہیں پہونچ سکتا اور اس سبب سے وہ یقیناً کوئی داؤد کی شاخ ہوئے کی جسکے ثبوت کے لیئے مقدس متی نے یہہ نسب نامہ لکھا تھا ثابت نہیں ہوتی *

دوسرے یہہ کہ اگر † سلمون سے بوعز راحاب کے پیٹ سے پیدا ہوا ہو اور بوعز سے عبید راعوث کے پیٹ سے اور عبید سے یشی اور ‡ یشی سے داؤد بادشاہ تو یہہ خرابی پڑتی ہی کہ سلمون بغیر کسی اختلاف کے نحشون کا بیٹا ہی اور یہہ نحشون وہ ہی جو حضرت موسی کے عہد میں § یہودیوں کا سردار تھا اور یہہ راحاب وہ ہی جو ایک فاحشہ تھی اور یوشع نبی کے عہد میں اُس نے || دو جاسوسوں کو بچایا تھا مگر زمانہ راحاب کا قریب چودہ سو پچاس برس قبل حضرت مسیح تھا اور زمانہ حضرت داؤد کا ایک ہزار پچاس برس قبل حضرت مسیح تو اس سے لازم آتا ہی کہ راحاب سے حضرت داؤد کے زمانہ تک چارسو برس کے عرصہ میں کل چار پشتیں گذری ہوں اور اتنے عرصہ میں اتنی تھوڑی پشتوں کا گذرنا بعید از قیاس ہی خصوصاً اسبات کے مقابلہ کرنے سے کہ یہوداہ سے سلمون کے زمانہ تک تین سو برس میں چھہ پشتیں گذری تھیں *

مگر یہہ دونوں شبہے بیجا ہیں پہلا شبہ اسلیئے کہ یہودیوں کے دفتر میں جہاں سے مقدس متی نے یہہ نسب نامہ نقل کیا ابیہود زر بابل کے بیٹے کا نام لکھا تھا اور ممکن ہی کہ اُس کے کسی بیٹے کا یہہ نام بھی ہو ایک آدمی کے دو نام اکثر ہوتے ہیں *

دوسرا شبہ اسلیئے بیجا ہی کہ یہہ چاروں پشتیں کتب ¶ عہد عتیق سے مطابقت رکھتے ہیں اور چارسو برس میں صرف چار پشتوں کا گذرنا کچھہ نا ممکن نہیں ہی *

---

۱۷ پس سب پشتیں ابراہیم سے داؤد تک چودہ اور داؤد سے اُسوقت تک کہ بابل کو اُٹھہ چلے چودہ اور اُسوقت سے کہ بابل کو اُٹھہ چلے مسیح تک چودہ ہیں *

---

† متی ۱ — ۵ —
‡ متی ۱ — ۶ —
§ کتاب اعداد ۱ — ۷ پہلا اخبارالایام ۲ — ۱۱ —
|| یوشع باب ۲ ، ۳ —
¶ پہلا اخبارالایام باب ۲ —

تفسیر

یہہ حساب جو اِس ورس میں لکھا ہی اُن پشتوں سے جو اس انجیل میں مذکور ہوں صحیح نہیں آتا کیونکہ اس کے بموجب ابراھیم سے داؤد تک چودہ پشتیں ہوتی ہیں اور سلیمان سے یکھنیاہ تک چودہ اور شیلتیئل سے حضرت مسیح تک چودہ نہیں ہوتیں بلکہ تیرہ ہوتی ہوں پس اگر بموجب قلمی انجیل کے جس کا ذکر ہم اوپر کرچکے ایک نام یہوالیاقیم کا صحیح سمجھا جاوے تو یہہ حساب پورا ہوجاتا ہی یعنی ابراھیم سے داؤد تک چودہ اور بعد داؤد کے سلیمان سے یہوالیاقیم تک یعنی اُسوقت تک کہ بابل کو اُٹھہ چلے چودہ اور یکھنیاہ سے یعنی اُسوقت سے کہ بابل کو اُٹھہ چلے مسیح تک چودہ ہیں *

---

۱۸ یسوع مسیح کی پیدایش † اسطرح ہوئی کہ جب اُس کی ما مریم یوسف سے منسوب ‡ ہوئی اُس سے پہلے کہ وہ ہم بستر ہو وہ روح قدس § سے حاملہ پائی گئی *

تفسیر

کتاب استثنا سے ‖ پایا جاتا ہی کہ یہودیوں میں رسم تھی کہ بیاہ سے پہلے منگنی کیا کرتے تھے اور یہی قول بیوسوبر صاحب کا ہی اور ڈاکٹر ¶ لیٹ فٹ کی تحقیقات بموجب کسی عورت بنی اسرائیل کی شادی نہوتی تھی جب تک کہ چند روز پیشتر اقرار منگنی کا نہو لیتا تھا اسی رسم کے موافق حضرت مریم کی منگنی یوسف سے ہوئی تھی اگرچہ ہماری مذہبی کتابوں میں اس منگنی کا ہونا یا نہونا کچھہ مذکور نہیں ہی مگر یہہ بات قران مجید سے بالتصریح ثابت ہی کہ جب حضرت مریم کو روح القدس سے بشارت ہوئی وہ مرد سے واقف نہ تھیں اور کسی مرد نے حضرت مریم کو چھوا نہیں تھا *

سورہ آل عمران

قالت رب انی یکون لی ولد ولم یمسسنی بشر ـ

اس ورس میں جو یہہ لکھا ہی کہ (اُس سے پہلے کہ وہ ہم بستر ہو) اس سے یہہ ثابت نہیں ہوتا کہ بعد اُس کے حضرت مریم یوسف سے ہم بستر ہوئی ہوں کیونکہ منگنی کے بعد حضرت مریم کا بیاہ ہونا پایا نہیں جاتا بلکہ * بسبب تقدس اور اُس بزرگی کے جو اللہ تعالی

---

† لوقا ۱ — ۲۶ ـ

‡ لوقا ۱ — ۲۷ ـ

§ پیدایش ۳ — ۱۵ لوقا ۱ — ۳۵ گلتیوں ۴ — ۴ و ۵ ـ

‖ استثنا ۲۰ — ۷ ـ

¶ تفسیر ڈائلی و منینٹ مطبوعہ سنہ ۱۸۵۶ ع جلد ۳ صفحہ ۳ ـ

* تفسیر اسکاٹ مطبوعہ سنہ ۱۸۱۴ ع جلد ۵ متی ۱ — ۱۸ و ۱۹ ـ

نے اس اعجازی حمل سے حضرت مریم کو مرحمت فرمائی تھی یوسف نے حضرت مریم کا ادب کیا اور بیوی سے باز رہا † چنانچہ بعض دیندار علماء مسیحی نے اس درس میں سے اس فقرہ کو کہ (قبل اس کے کہ وے ہم بستر ہوں) بعض نسخوں میں سے قصداً نکال ڈالا تھا تاکہ حضرت مریم کی ہمیشہ کی دوشیزگی پر کچھہ شبہ نہ پڑے *

عیسائیوں کے بعض فرقوں نے حضرت مریم کو بھی خدا سمجھا اور اُن کی پرستش کی قرآن مجید میں اللہ تعالی نے اُن لوگوں کو اسبات پر بڑا الزام دیا ہی اور بعض عیسائی فرقوں نے حضرت مریم کی کچھہ بزرگی نہیں سمجھی اور کہا کہ صدف میں سے موتی نکلتا ہی مگر صدف کی کچھہ قدر نہیں ہوتی ان دونوں فرقوں نے حضرت مریم کی نسبت افراط و تفریط کی ہی ہم مسلمان اپنے مذہب بموجب حضرت مریم کو بہت بزرگ اور مقدس اور خدا تعالی کا برگزیدہ اور سارے جہان کی عورتوں سے پاک اور بڑا سمجھتے ہیں مگر خدا نہیں جانتے اور نہ اُن کی پرستش کرتے ہیں کیونکہ اللہ تعالی نے قران مجید میں خبر دی ہی کہ اے مریم اللہ نے تجھکو پسند کیا اور ستہرا بنایا اور پسند کیا تجھکو سب جہان کی عورتوں سے *

سورہ آل عمران
اذ قالت الملئکة یا مریم ان اللہ اصطفیک و طہرک واصطفیک علی نساء العالمین —

مقدس لوقا نے اپنی انجیل میں حضرت مریم کے حاملہ ہونیکے قصہ کو زیادہ تفصیل سے لکہا ہی مگر مقدس متی نے اس مقام پر مختصر اُسکا بیان کیا ہی اسلیئے کہ مقدس متی کو اس انجیل میں صرف کنواری لڑکی سے حضرت مسیح کا پیدا ہونا ثابت کرنا منظور تہا اور اس کے ثبوت کو صرف مختصر بیان کافی تھا غرضکہ حضرت مریم صرف روح القدس کی جہت سے بغیر واسطہ قانت انسانی کے حاملہ ہوئیں اور یہہ بات کہ وہ حمل کسطرح ہوا اسرار الہیہ میں سے ہی جسکی کنہ دریافت ہونی طاقت بشری سے باہر ہی *

۱۹ اور تب اُس کے شوہر یوسف نے جو نیک مرد تہا اُس کی تشہیر کرنی نچاہ کے ارادہ کیا کہ وہ اُسے چپکے سے چھوڑ دے *

۲۰ وہ ان اندیشوں میں تہا کہ یکایک خداوند کے فرشتہ نے خواب میں اُسپر ظاہر ہوکے کہا اے یوسف ابن داؤد ‡ تو اپنی جورو مریم کو اپنے پاس رکھنے سے مت ڈر اسلیئے کہ اُسکا جو حمل ہی سو روح § قدس سے ہی *

---

† ہارن انٹرو ڈکشن مطبوعہ سنہ ۱۸۲۵ ع جلد ۲ صفحہ ۳۲۳ —

‡ لوقا ۱ — ۳ —

§ لوقا ۱ — ۳۵ —

۲۱ اور وہ بیٹا جنیگی تو اُس کا نام یسوع † (یعني نجات دینے والا) رکھنا کہ وہ اپنے لوگوں کو اُن کے گناہوں سے نجات ‡ دیگا *

تفسیر

اِن درسوں میں اور ان کے بعد کے درسوں میں حضرت مریم کو جورو اور یوسف کو شوہر کرکر لکھا ھی اس کا سبب یہہ ھی کہ یہودیوں میں منگیتر؛ کو بیاہ نہونے کي حالت میں بھي § جورو اور شوھر کہا کرتے تھے اسي لیئے مقدس متی نے باوجود بیاہ نہونے کے حضرت مریم کو جورو اور یوسف کو شوہر کہا ھی *

جب یہہ واقعہ یوسف کو معلوم ھوا تو وہ نہایت متعجب ھوا کیونکہ حضرت مریم کا حمل ایسے عجوبہ طریقہ سے ھوا تھا کہ انسان کي سمجھہ سے باھر تھا مگر یوسف نے اپني نیکي اور برد باري اور سرتاپا خوبي سے اُسکا مشہور کرنا نہ چاھا کیونکہ اگر یہہ بات اسطرحپر ھوتي جس طرح کہ یوسف کے دل میں وھم ھوا تھا تو یہودي شریعت کے بموجب حضرت مریم کو سنگسار || کرنے کي سزا دي جاتي اسلیئے یوسف نے چاھا کہ چپ چپاتے اُس منگني کو چھوڑ دے مگر الله تعالی نے حضرت مریم کي ستھرائي اور برگزیدگي ظاھر کرنے اور یوسف کے دل کا شک مٹانے کو اپنا فرشتہ خواب میں یوسف پاس بھیجا اور اُس فرشتہ نے کہا کہ تو مریم کو مت چھوڑ اور کچھہ اندیشہ مت کر کیونکہ وہ روح قدس سے حاملہ ھی اس الہام سے یوسف کے دل کا شک مٹ گیا اور حضرت مریم کے تقدس کا اُس کو یقین ھوا اور اُسنے اُن کو اپنے پاس رھنے دیا *

فرشتہ کا یہہ کہنا کہ اور جو وہ بیٹا جنیگي تو اُس کا نام یسوع یعني نجات دینے والا رکھنا یہہ اُس بات کي پیشین گوئي تھي جو حضرت مسیح سے ھونے والي تھي کیونکہ تمام بني اسرائیل گناھوں میں پھنس گئے تھے صرف شریعت کے ظاھري احکام کو کچھہ کچھہ بطور رسم کے کیا کرتے تھے اور روحاني پاکیزگي اور روحاني سعادت مندي سے جسپر درحقیقت حیات ابدي منحصر ھی بالکل بے بہرہ ھوگئے تھے حضرت مسیح علیہ السلام سے پھر وہ روحاني نیکي زندہ ھوئي اور جس نے اُس کي پیروي کي نجات پائي *

۲۲ پس اسیطرح جو کچھہ خداوند نے نبي ¶ کي معرفت سے کہا تھا پورا ھوا *

† لوقا ۱ — ۳۱ . ۲ — ۲۱ -
‡ اعمال ۴ — ۱۲ . فیلپي ۲ — ۱۴ -
§ استثنا ۲۲ — ۲۳ و ۲۴ -
|| استثنا ۲۲ — ۲۳ -
¶ اشعیاہ ۷ — ۱۴ -

۲۳ کہ دیکہو ایک کنواری حاملہ ہوگی اور ایک بیٹا جنیگی اور اُسکا نام عمانوئیل رکہا جائیگا جسکا ترجمہ یہہ ہی کہ ہمارے ساتھہ خدا † *

تفسیر

یہہ پیشین گوئی سات سو برس قبل ولادت حضرت مسیح کے اشعیاہ نبی نے آحاز بادشاہ یہوداہ کو کی جبکہ رصین بادشاہ آرم وپقح پسر رملیاہ بادشاہ اسرائیل نے اورشلیم پر چڑھائی کا ارادہ کیا تہا *

اس درس میں وہ عبری لفظ جس کے معنی کنواری کے لیئے ہیں (علمہ) ہی مگر یہودی اسپر تکرار کرتے ہیں اور وہ جوان عورت کے معنی بتاتے ہیں اور ترجمہ اکوئلا میں بہی جو سنہ ۲۹ ع میں ہوا اور ترجمہ تہیو توشن میں بہی جو سنہ ۱۷۵ ع میں ہوا اور ترجمہ سمتیکس میں بہی جو سنہ ۲۰۰ ع میں ہوا اُسکا ترجمہ جوان عورت کیا ہی اور بیبل میں بہی بعض لوگوں نے صرف ایک ‡ جگہہ جوان عورت کے معنی کیے ہیں *

مگر یہہ تکرار یہودیوں کی درست نہیں ہی اصلی § معنی اس لفظ کے (پوشیدہ) کے ہیں اور جوکہ یہودی اپنی کنواری لڑکیونکو لوگوں سے چہپاتے تہے اسلیئے یہہ لفظ کنواری لڑکی کے معنی میں بولا جاتا تہا چنانچہ کتب عہد عتیق میں || کئی جگہہ یہہ لفظ آیا ہی اور اُس کے معنی کنواری کے ہیں لیکن اگر کہیں ایسا قرینہ ہو کہ اُس کے سبب جوان عورت سمجہی جاوے تو اصلی استعمال سے پہر کر بطور مجاز جوان عورت کے معنی لیتے ہیں مگر اس درس میں کوئی ایسا قرینہ نہیں بلکہ برخلاف اُس کے قرینہ ہی کیونکہ اشعیاہ نبی نے معجزہ بتایا ہی اور وہ معجزہ جب ہی ہوتا ہی جب کنواری بیٹا جنے اسلیئے اس جگہہ بلاشبہ کنواری کے معنی ہیں نہ (میق) یعنی جوان عورت کے اور کچہہ شبہ نہیں کہ اُن پہلے تینوں مترجموں نے اسکے ترجمہ میں غلطی کی چنانچہ سبتو ایجنت میں جس کو بہتر علماء یہود نے ملکر ترجمہ کیا اس لفظ کا اسمقام پر کنواری ترجمہ کیا ہی *

بعضے لوگ اعتراض کرتے ہیں کہ اشعیاہ نبی نے خبر دی تہی کہ کنواری جو بیٹا جنیگی اُس کا نام عمانوئیل رکہا جاویگا مگر مسیح کا یہہ نام نہیں رکہا گیا بلکہ یوسف نے فرشتہ کے الہام سے یسوع نام رکہا تو پہر یہہ پیشین گوئی یسوع مسیح پر کیونکر صادق آتی ہی *

مگر یہہ شبہ بیجا ہی کیونکہ یسوع حضرت مسیح کا علم یعنی بمنزلہ ذاتی نام کے ہی اور عمانوئیل اسماء صفات میں سے ہی جیسیکہ ہمارے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا نام

---

† یوحنا ۱ — ۱ و ۱۴ پہلا تموتی ۳ — ۱۶ —
‡ امثال ۳۰ — ۱۹ —
§ تفسیر اسکاٹ مطبوعہ سنہ ۱۸۱۳ ع جلد ۳ اشعیاہ ۷ — ۱۴ —
|| پیدایش ۲۴ — ۴۳ خروج ۲ — ۸ زبور ۶۸ — ۲۵ —

محمد اسم ذات هی اور احمد اور شفیع اور بشیر اور وکیل اور رسول اسماء صفات میں سے هی اور اگلے نبیوں کی پیشین گوئی آنے والے نبی کے لیئے اسیطرح بطریق کنایه اور اشاره هوتی هی تاکه جو لوگ اُس پر یقین کر کر ایمان لاویں نجات پاویں اس میں حکمت الهی یهه هی که اگر آنے والے نبی کی ایسی صاف نشانی بیان کی جاوے جس میں کسی کو شبهه نرهے تو جو درجه ایمان والوں کو اپنے یقینؑ پر ایمان لانیکا هی وه باقی نرهے اس لیئے اشعیاه نبی نے حضرت یسوع کے اسماء صفات میں سے نام بتایا اور کنواری لڑکی سے پیدا هونیکا پته دیا که یهه پته کسی دوسرے پر صادق هی نهیں آسکتا *

عمانوئیل کے معنی عیسائی مفسروں نے لکھے هیں که † همارے ساتهه خدا یا خدا اور آدمی ایک جسم میں یا ایک الهی هستی گوشت میں بنائی گئی رهنے کو انسان میں مگر هم مسلمان اس کے معنی یوں بیان کرتے هیں که همارے ساتهه کلمة الله جسم انسانی میں یا روح الله هستی انسان میں *

پهر بعض ‡ عیسائی مفسروں نے اس لفظ کی که همارے ساتهه خدا یهه توضیح کی هی که یهه نام کسی سے موافقت نهیں رکهتا مگر اُس سے جو هی خدا اور آدمی دونوں اور مسیح کو یهه دونوں باتیں حاصل تهیں که اول تو وه ٹهیک ٹهیک خدا هی اور نیز همارے ساتهه جو انسان هیں جیتا اور رهتا هی *

مگر هم مسلمان اس توضیح کو قبول نهیں کرتے کیونکه عمانوئیل اسلیئے یسوع کا نام بتایا که وه صفت (خدا ساتهه همارے) خود اُن میں موجود تهی نه آوروں میں پس اس سبب سے که مسیح همارے ساتهه جو انسان هیں جیتا اور رهتا تها عمانوئیل پکارا نهیں جاسکتا کیونکه اسماء صفات کا یهه دستور هی که جو صفت اُس شخص میں هوتی هی اُسکے اعتبار سے وه نام صفتی رکها جاتا هی اور جتنے اسماء صفات § بیبل میں مذکور هیں اسی اعتبار سے رکهے گئے هیں *

بعض لوگوں نے اس پیشین گوئی پر ایک آور اعتراض کیا هی که یهه پیشین گوئی حضرت مسیح کے پیدا هونیکی پیشین گوئی نهیں هی کیونکه احاز یهود کے بادشاه کے وقت میں رصین بادشاه ارم اور افریم نے جو باهم متفق تهے اور پقح بادشاه اسرائیل نے اورشلیم پر چڑهائی کرنی چاهی اُسوقت اشعیاه نبی نے خبر دی که وه فتح نهیں پاوینگا اور یهه نشانی بتائی که ایک عورت بچه جنے گی اور اُس لڑکے کے هوشیار هونے سے پهلے اُن دونوں بادشاهوں کی سلطنت برباد هوجاویگی پس ضرور هی که وه لڑکا احاز هی کے وقت میں پیدا هوا هو

† تفسیر ڈاٹلی و منٹینت مطبوعه سنه ۱۸۵۶ ع جلد ۲ صفحه ۱۴۰ —
‡ تفسیر اسکاٹ مطبوعه سنه ۱۸۱۴ ع جلد ۳ اشعیاه ۷ — ۱۴ —
§ پیدایش ۲۵ — ۲۳ و ۲۵ و ۲۶ متی ۱ — ۲۱ —

چنانچہ (ماہیر شالال حاش بز) پیدا ہوا اور اُس کے پیدا ہونے پر شہادت نامہ لکہا گیا اور اُسی کو عمانوئیل کہا یعنی ہمارے ساتہہ خدا ہی کہ ایسے سخت دشمنوں کے ہاتہہ سے محفوظ رہینگے اس وقت میں حضرت مسیح کے پیدا ہونیکی پیشین گوئی سے جو سات سو برس بعد اس حادثہ کے ہوئی کیا مطلب تہا *

مگر یہہ اعتراض صحیح نہیں اور اس میں کئی غلطیاں ہیں *

اول یہہ کہ جس لفظ کے معنی معترض نے عورت کے سمجہے ہیں وہ غلط ہیں بلکہ اُس کے معنی کنواری کے ہیں اور اس کی تفصیل ہم ابہی بیان کرچکے *

دوسرے یہہ کہ صفت عمانوئیل کی حضرت مسیح ہی پر ٹہیک آتی ہی نہ (ماہیر شالال حاش بز) پر *

تیسرے یہہ کہ معترض نے ان ورسوں کے معنی سمجہنے میں غلطی کی ہی کیونکہ احاز نے کچہہ نشانی † نہ چاہی تہی بلکہ خود خدا نے خاندان داؤد کی حفاظت اور سلامتی کی نشانی دی تہی اس لیئے خدا تعالےٰ کی حکمت اور رحمت سے بہت بعید تہا کہ صرف اس ظاہری بادشاہت کی نشانی دیتا بلکہ ضرور تہا کہ اول روحانی بادشاہت کی نشانی دیتا جو اصلی سلامتی داؤد کے خاندان کی تہی اسلیئے اولاً حضرت مسیح کے پیدا ہونے کی خبر دی اور پہر احاز کے ملک کی حفاظت کی نشانی بتلائی کہ جتنے دنوں میں پیدا ہوا ہوا لڑکا بہلائی برائی جان سکے اُس سے پہلے احاز کے مخالف برباد ہوجاوینگے پس ‡ یہہ اخیر فقرہ احاز پر جو آفت تہی اُس کے دور ہونے کی پیشین گوئی سے متعلق ہی اور اگلے فقرہ حضرت مسیح سے اسی لوئے ماہیر شا لال حاش بز کے پیدا ہونے پر شہادت نامہ لکہا گیا تاکہ نو پیدا لڑکے کی تاریخ ولادت سے اُس کے ہوشیار ہونیکے زمانہ تک احاز کے مخالفوں کے برباد ہونے کی پیشین گوئی کی تصدیق ہو جاوے *

---

۲۴ تب یوسف نے سوتے سے اُٹہکر جیساکہ خداوند کے فرشتہ نے کہا تہا کیا اور اپنی جورو کو اپنے ہاں لے آیا *

۲۵ پر جبتک کہ وہ اپنا پہلا بیٹا نہ جنی اُسے نجانا اور اُسکا نام یسوع § رکہا *

تفسیر

اس چوبیسویں ورس میں جو یہہ اُردو ترجمہ کیا ہی کہ (اپنی جورو کو اپنے ہاں لے آیا) یہہ ترجمہ صحیح نہیں ہی بلکہ صحیح ترجمہ یہہ ہی کہ (اپنی جورو کو اپنے میں لے لیا)

---

† اشعیاہ ۷ — ۱۲ ; ۱۳ —

‡ اشعیاہ باب ۷ — ۱۶ —

§ لوقا ۲ — ۲۱ —

یعني اُسکو چهوڑ نہیں دیا جیسا که پہلے ارادہ کیا تہا چنانچہ عربي ترجمہ جو سنه ۱۸۱۱ع میں چہپا هی اُسکا بهي یهي مطلب هی اور وه ورس بجنسه حاشیه پر ثبت هی اور اُردو ترجمہ اُسکا یہہ هی (پہر اُٹہا یوسف نیندہ سے اور کیا جس طرح که حکم کیا اُسکو فرشته خدا کے اور لیا مریم اپني جورو کو) *

فقام یوسف من النوم وصنع کما امره ملاک الرب واخذ مریم امرته -

پچسویں ورس میں جو پہلا بیٹا یعني پہلوٹہے کا لفظ آیا هی اس سے یہہ مراد نہیں هی که حضرت مریم سے حضرت مسیح کے بعد اور کوئي لڑکا بهي پیدا هوا بلکه پہلوٹہے کا لفظ صرف یہودیوں کي عادت کے موافق بولا گیا هی کیونکه بموجب † یہودي قانون کے تمام حقوق پہلوٹہے بیٹے سے متعلق هوتے تہے اور جو بیٹا مستحق اُن حقوق کا هوتا تہا اُسکا نام پہلوٹہا اسطرح پر رکہا جاتا تہا که وه بدلا نجاوے خواه اُس کے بعد اور اولاد هوتي رهي یا نہیں اسي رواج کے بموجب مقدس متي نے حضرت مسیح کو پہلوٹہا بیٹا کہا پس اس سے یہہ ثابت نہیں هوتا هی که حضرت مریم کا اور کوئي بیٹا بهي تہا چنانچه ‡ بعض دیندار علماء مسیح نے اس ورس میں سے پہلوٹہے کا لفظ بعض انجیل کے نسخوں میں سے قصداً نکال ڈالا تہا تاکه کوئي شخص حضرت مریم کے همیشه کنواري رهنے پر شبهه نه لاوے *

اس ورس میں جو یہہ عبارت هی که (جبتک وه اپنا پہلا بیٹا نه جني یوسف نے اُسے نجانا) اس سے یہہ مطلب نہیں هی که بعد پیدا هونے حضرت مسیح کے یوسف نے حضرت مریم سے زن وشوي کا معامله کیا کیونکه یہہ قید صرف اس واسطے لگائي گئي هی تاکه حضرت مسیح کا کنواري سے پیدا هونا یقیني جانا جاوے جیسا که اسي مطلب کے لیئے اٹهارهویں ورس میں بیان هوا تہا که (اُس سے پہلے که یوسف سے هم بستر هو روح قدس سے حامله پائي گئي) *

---

† تفسیر ڈائلي ومنٹینٹ مطبوعه سنه ۱۸۵۶ ع جلد ۳ صفحه ۵ -

‡ هارن انٹرو ڈکشن مطبوعه سنه ۱۸۲۵ ع جلد ۲ صفحه ۳۲۲ -

دوسرا باب

۱ مجوسیوں کا پورب سے یسوع کی تلاش کو آنا *
۱۳ یوسف کا مصر میں بھاگنا *
۱٦ هیرود کا بیت لحم میں لڑکونکو قتل کروانا *
۱۹ یوسف کا مسیح کو مصر سے پھر لانا اور مسیح کا ناصرت میں رهنا *

---

۱ جب یسوع هیرود شاہ کے وقت میں یہودیہ کے بیت لحم † میں پیدا ہوا کئي
ایک مجوسیوں نے پورب کی طرف سے یروشالم میں آکر کہا *
۲ کہ یہودیوں کا بادشاہ جو پیدا ‡ ہوا ہی کہاں ہی ؟ کہ ہم نے پورب سے اُس کا
ستارہ § دیکھا ہی اور اُس کے سجدہ || کے لیئے آئے ہیں *

تفسیر

هیرود اعظم ایک بڑا ظالم اور بے رحم یہودی بادشاہ تہا جس کے وقت میں حضرت عیسی علیہ السلام پیدا ہوئے . اسکی بادشاهت اسطرح پر ہوئی تہی کہ پانسو پینتیس برس پیشتر پیدایش حضرت مسیح سے یہودیوں نے بابلوں کی قید سے رہائی پائی دوسو برس تک یہودی ایران کے بادشاهوں کے تابع رہے پہر سکندر اعظم شاہ ماسدن یعنی مقدونیہ نے ایران کی سلطنت کو تہ و بالا کرڈالا اُسکی وفات پر خاندان سلوسائدی سریا میں سلطنت کرنے لگا اور تالمیز مصر میں اُس کے بعد انٹیوکس اعظم شاہ سریا نے تالمیز سے صوبجات کول سریا اور فلسطین کو چہین لیا اور اُس کے بیٹے ای پی فانیز نے مصر کو فتح کرلیا . اور ایکسو ستر برس پیشتر حضرت مسیح کے اُس نے یہودیوں پر بہت سخت اور غضبناک حملہ کیا اور یروشلیم کو لوٹا اور خراب کیا اور چالیس هزار باشندوں کو تباہ و برباد کرڈالا اور خدا کی عبادت گاہ کو دیوتا جوپی تر اولمپس کے نام کا کیا . اُس کے ظلم اور بیرحمیوں کے سبب میکی بیز کے خاندان نے یہودیوں کی مدد سے مقابلہ کیا اور سریا والونکو نکال دیا اسی خاندان کا نام ایس مونین هی جو ایس مونیس اُسو خاندان کے نام سے پکارا جاتا هی *


اس جمہوری سلطنت کی حفاظت کے لیئے جوڈس میکی بیس نے رومیوں سے دوستی پیدا کی اُس کے مرنے کے بعد جانی تہن اور سائیمن اور جان ہرکی نس جانشین ہوئے

---

† [illegible] ۳ — ۲ و ۷ *
‡ [illegible] ۵ — [illegible] ۱ [illegible] ۲ [illegible] ۲ — ٦ و ۷ *
§ [illegible] — ۱۷ *
|| [illegible] — ۱۱ *

انہوں نے ادیو میئز اور ایرس توبولس کو مطیع کیا جس نے لقب سکاندر جے نوس کا اختیار کیا تھا پومپی نے اس بادشاہ کی بیوہ سکندرہ کو اور ایرس توبولس پسر صغیرالسن کو جلاوطن کردیا تھا اور ہرکی نس کو حکومت دی تھی مگر تاج رکھنے کی اجازت نہ تھی اور اسی شخص نے تمام قوم کو رومیوں کا خراج گذار بنایا تھا ہرکی نس کا وزیر اینٹی پیٹر قوم ادیومیئز سے تھا اُس نے رومیوں سے ربط پیدا کرکر اپنے بیٹے ہیرود کے لیئے جو اخیر کو ہیرود اعظم کہلایا جلیل کی حکومت حاصل کی ہیرود نے میری ایمن سے جو ہرکی نس کی پوتی تھی شادی کی اور مارکیہ اینٹونی رومی جنرل کی عنایت سے یہودیہ کی بادشاہت پر تصرف کرلیا چونتیس برس اس ہیرود نے سلطنت کی اُس کے تینتیسویں سال جلوس میں حضرت عیسی علیہ السلام پیدا ہوئے اُس کے دوسرے برس بیت لحم کے اطفال کے قتل کرنے کے بعد یہہ بادشاہ مرگیا *

اپنے مرنے سے پہلے اس بادشاہ نے اپنے ملک کی تقسیم کی وصیت کی تھی اُس وصیت کو اغسطس قیصر نے مستحکم کیا۔ اس ہیرود اعظم کی پانچ بیویاں تھیں چار بیویوں سے جو اولاد تھی اُسکی تفصیل اس مقام پر لکھی جاتی ہی کیونکہ اُن کا ذکر عہد جدید کی کتابوں میں اکثر جگہہ آتا ہی *



۱ ہیرود اعظم کے مرنے کے بعد ارکلاؤس پاس یہودیہ کا ملک تھا جبکہ یوسف مصر سے واپس آیا تو یہودیہ کا † یہی بادشاہ تھا *

۲ ہیرود ‡ اینتی پس اتوریا اور تیری کونتس کا حاکم تھا اور جلیل کی حکومت بھی اسیکو تھی اسی کے پاس پلاطس نے حضرت عیسی علیہ السلام کو بھیجا تھا اور اسی نے حضرت یحی علیہ السلام کے سر کاٹنے کا حکم دیا تھا *

۳ ہیرود فلپ کو ایک خاص مرتبہ بادشاہ زادوں کا ملا ہوا تھا *

۴ فلپ § اتوریہ اور ملک ترا خونتی کا بادشاہ تھا *

۵ ہیرودیس پہلی جورو تھی ہیرود فلپ کے اور اپنے خاوند کے جیتے جی ہیرود اینتی پس سے بیاہی گئی تھی ‖ جسکے سبب اسکو قابو ملا حضرت یحی علیہ السلام کے قتل کا *

۶ ہیرود اگرپا پوتا تھا ہیرود اعظم کا - شہنشاہ کیلی گولہ نے اسکو تری کونتس اور ابلے لین کا حاکم کیا تھا اور شہنشاہ کلادیس نے یہودیہ کی بادشاہت اور دیدی تھی ¶ اسی بادشاہ نے جیمس حواری کو قتل کروایا تھا *

۷ جبکہ یہہ شخص مرگیا تو * یہودیہ میں رومی گورنر مقرر ہوا اور اسکے بیٹے اگرپا دوم کو صرف تری کونتس اور ابی لین کی حکومت ملی اسوکے سامنے ‡ سینٹ پال نے اپنے عیسائی ہونے کی وجہہ بیان کی *

۸ سالوم بیٹی تھی ہیرود فلپ †† کا ہیرودیس بیٹی ایریس تو بولیں کے پوت ہے *

(یہودیا کے بیت لحم میں) یہودیا کے شہروں میں یہہ شہر بہت چھوٹا اور نہایت کمینہ ہی . یرو شلیم سے جنوب کی طرف چھہ میل کا فاصلہ رکہتا ہی مگر بسبب پیدایش حضرت مسیح علیہ السلام کے تمام یہودیہ کے شہروں میں سب سے بڑی عزت والا ہوا ہی . عیسائی اس شہر میں بطور حج کے جاتے ہیں اور وہاں کے مجاور حضرت مسیح علیہ السلام کے پیدا ہونے کی جگہہ بتاتے ہیں اور ایک مہد دکہاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ جب حضرت مسیح پیدا ہوئے تہے تو اسی میں رکہے گئے تہے *

(کئی ایک مجوسی) جس لفظ کا ترجمہ اسمقام پر مجوسی کیا ہی انگریزی ترجمہ میں وہاں ویز مین کا لفظ ہی جس کے معنی دانا آدمی کے ہیں اور رومی لفظ مے جی ہی

---

† متی ۲ — ۲۲ —

‡ متی ۱۴ — ۱ , ۳ , ۹ مارک ۶ — ۱۴ لوک ۳ — ۱ , ۹ .

§ لوک ۳ — ۱ —

‖ متی ۱۴ — ۳ لوقا ۳ — ۱۹ —

¶ اعمال ۱۲ — ۱ , ۲ —

* اعمال ۱۲ — ۲۳ —

‡ اعمال باب ۲۵ و ۲۶ —

†† متی باب ۶ — ۱۷ —

جس سے منجیشین نکلا ھی اب یہہ لفظ اچھے معنوں میں مستعمل نہیں بلکہ جادوگر کے معنی میں بولا جاتا ھی ۔ مگر یہہ لوگ جو آئے تھے ان پر حقارت سے نہیں بولا گیا ھی کیونکہ یہہ لوگ قدیم حکماء کے فرقہ میں سے تھے اور اپنے مذھب کے پیشوا اور مقتدا گنے جاتے تھے اور نجوم اور علم کی تحصیل میں مصروف رہتے تھے ۔ غالباً یہہ لوگ زرتشت کے مذھب کے تابع تھے جو پارسیوں کا مذھب ھی مگر انکے دلکو خدا نے اپنی رحمت سے خاص ھدایت کی تھی جس کے سبب وہ حضرت مسیح کو یروشلیم میں ڈھونڈھتے آئے ۔ بعضے لوگوں کی یہہ غلط راے ھی کہ یہہ مجوسی عرب سے آئے تھے اُن کا ارادہ یہہ ھی کہ بہتّرویں زبور کی دسویں آیت اور اشعیاہ نبی کے ساٹھویں باب کی چھٹی آیت کی پیشین گوئی ان پر صادق کریں مگر یہہ ایک غلط راے ھی کسلیئے کہ اگر ایسا ھوتا تو خود مقدس متی اُن پیشین گوئیوں کی طرف اشارہ فرماتے *

صحیح یہہ ھی کہ یہہ لوگ مجوسی تھے قدیم ایرانی اور ایران سے جو ٹھیک یہودیہ کے پورب میں ھی آئے تھے ایران ھی میں قدیم سے حکمت اور نجوم اور ھیئت کا چرچا تھا اور وہاں کے لوگ ان علموں میں بہت مشہور تھے اور وھی لوگ ٹھیک مے جی کہلاتے تھے *

(یروشلیم) ایک شہر کا نام ھی جہاں حضرت داؤد اور حضرت سلیمان نے مسجد بنائی جسکو ھم مسلمان بیت المقدس اور مسجد اقصیٰ کہتے ھیں ۔ پہلے یہودیہ کا دار الخلافہ یبوس تھا حضرت † داؤد علیہ السلام نے یبوس قوم سے جو کافر تھی فتح کرکر یہاں دار الخلافہ بنایا اور صندوق شہادت کو جسے ھم مسلمان تابوت سکینہ کہتے ھیں یہاں لاکر رکھا ۔ یہہ مسجد نہایت متبرک ھی تمام اہل کتاب کا قبلہ اسی طرف تھا پہلے پہل ھم مسلمانوں کا قبلہ بھی اسیطرف تھا ۔ ھمارے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جن تین مسجدوں کی زیارت کے لیئے سفر کرنے کی اجازت دی ھی اُن میں سے ایک یہہ مسجد بھی ھی *

یہہ نام دو لفظوں سے بنا ھی شلیم سے جسکے معنی امن کے ھیں اور یرو سے جو مشتق ھوا ھی یرش سے جسکے معنی قبضہ کے ھیں یا مشتق ھوا ھی یارہ سے جس کے معنی بنا کے ھیں دونوں صورتوں میں یروشلیم کے معنی ھیں جاے امن کے *

ھم مسلمان اس جگہہ کو بیت المقدس اسلیئے کہتے ھیں کہ ‡ وہاں گناھوں سے پاکیزگی حاصل ھوتی تھی اور مسجد اقصیٰ اسلیئے کہتے ھیں کہ مکہ معظمہ سے بہت فاصلہ پر ھی

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں فرمایا ھی کہ مسجد اقصیٰ کے گردا گرد کو ھمنے برکت دی ھی اور اسکا نام ارض مقدس بھی آیا ھی کیونکہ وہ زمین شرک سے پاک ھوتی ھی اور نبیوں کے رہنے کی جگہہ تھی ھی *

سورۂ بنی اسرائیل آیت ۱
المسجد الاقصی الذی بارکنا حولہ ـ

† ۲ سموئیل ۵ : ۶ — ۱ تواریخ ۱۱ : ۴ [illegible]
‡ جواہر التفاسیر —

(یہودیوں کا بادشاہ) اس بادشاہت سے دنیا کی بادشاہت مراد نہیں ہی بلکہ روحانی بادشاہت مراد ہی بہتیری غلطی میں پڑے جو اس بادشاہت سے دنیا کی بادشاہت سمجھے ۔ مسلمان اس لفظ سے دلیل پکڑتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام صرف بنی اسرائیل کی ہدایت کو آئے تھے *

(پورب سے اُسکا ستارہ دیکھا ہی) اس سے یہہ مطلب نہیں ہی کہ اُن مجوسیوں نے اُس ستارہ کو پنے مشرق میں دیکھا تھا بلکہ وہ لوگ یہودیا سے مشرق کی طرف کے رہنے والے تھے وہاں سے اُنہوں نے اُس ستارہ کو دیکھا تھا یعنی اپنے ملک سے غرب کو *

حقیقت میں یہہ ستارہ شان ربانی کی روشنی تھی جسکو اللہ تعالیٰ نے خاص اُن لوگوں کی ہدایت کے لئیے اُن پر ظاہر کیا تھا جسطرح † کہ مصر سے نکلتے وقت بنی اسرائیل کے روبرو دن کو بادل کا ستون اور راتکو آگ کا ستون راہ بتاتا چلتا تھا اور کچھہ تعجب نہیں کہ یہہ روشنی وہی ربانی روشنی ہو جو حضرت مسیح کی پیدایش کی رات کو گڈریوں ‡ پر چمکی اور بسبب فاصلہ پر ہونے کے ان لوگوں کو چھوٹے سے ستارہ کی مانند دکھائی دی *

یہہ مجوسی علم ہیئت اور نجوم کے بڑے عالم تھے اُنہوں نے اپنے علم کے سبب یہہ بات جان لی کہ یہہ روشنی جو بطور ستارہ کے دکھائی دیتی ہی کوئی آسمانی ستارہ نہیں ہی اور نہ کوئی ایسی چیز ہی جو آسمان یا زمین یا ہوا کی پیدایش سے علاقہ رکھتی ہو بلکہ ایک کراماتی روشنی ہی اور حساب کی روسے اُنہوں نے جان لیا کہ یہہ روشنی یہودیا کے ملک پر ہی اور تمام مشرقی ملکوں میں یہودیوں کے سبب سے اگلے پیغمبروں § کی پیشین گوئیاں مشہور تہیں کہ یہودیہ میں سے ایک بادشاہ پیدا ہونے والا ہی جو تمام بنی اسرائیل پر حکومت کریگا اسلیئے اُن مجوسیوں نے جانا کہ یہودیہ پر یہہ ربانی روشنی اُسی موعود بادشاہ کے پیدا ہونے کی ہی *

ظاہرا معلوم ہوتا ہی کہ یہہ روشنی قریب دو برس کے روشن رہی کیونکہ جب یہہ مجوسی || یروشلیم میں پہونچے ہیں جبتک یہہ روشنی موجود تہی پس بعضے لوگ یہہ اعتراض کرتے ہیں کہ اگر اسطرح کی روشنی یا ستارہ یہودیا کے ملک پر نکلا ہوتا تو یورپ اور ایشیا اور ایفریقہ کے بہت سے ملکوں میں دکھائی دیتا اور ہر ملک کے مورخ او اہل ہیئت اپنی تاریخوں اور زائچوں میں اُسکا ذکر لکھتے علی الخصوص اہل فارس جنکے

† خروج ۱۳ — ۲۱ ۔
‡ لوکا ۲ — ۹ ۔
§ اعداد ۲۴ — ۱۷ ۔ میکاہ ۵ — ۲ ۔
|| متی ۲ — ۹ ۔

ہاں اُس زمانہ میں علم ہیئت کی تحصیل کا بڑا چرچا تھا حالانکہ اس واقعہ کی بابت کسی قسم کی کوئی شہادت کسی ملک کی تاریخ میں نہیں ہی *

مگر یہہ ایک بیہودہ خیال ہی یہہ روشنی شان ربانی کی روشنی تھی وہی شخص اس پاک چیز پر نگاہ ڈالنے کی لیاقت رکھتا تھا جسکا دل روحانی تجلی سے روشن ہوچکا تھا نہ ہر کوئی پس اگر اللہ تعالی نے صرف اُنہی لوگوں کو دکہائی ہو جو اس کے دیکھنے کے لایق تھے تو کیا عجب ہی *

علاوہ اس کے بہت سے ایسے واقعات عجیب دنیا میں ہوئے ہونگے جنکا ذکر تاریخ کے ذریعہ سے ہمکو نہ پہنچا ہو خواہ تو بسبب نہ دستیاب ہونے ایسی کتابوں کے جن میں اُسکا ذکر ہو خواہ اس سبب سے کہ کسینے اُس کے لکھنے اور منضبط کرنے پر توجہہ نکی ہو *

۳ تب ہیرود بادشاہ اور یروشلیم کے سب رہنے والے یہہ سنکر گھبرائے *

۴ اور اُسنے سب سردار امام اور لوگوں کے کاتبوں کو بلاکے اُن سے پوچھا کہ مسیح کہاں پیدا ہوگا ؟ *

۵ اُنہوں نے اُس سے کہا کہ یہودیا کی بیت‌لحم میں اسلیئے کہ نبی کی معرفت یوں لکھا گیا ہی *

۶ کہ اے یہودیا کی زمین † بیت‌لحم تو یہودیا کے بڑے شہروں میں ہرگز چھوٹا نہیں ہی کیونکہ تجہہ میں سے ایک بادشاہ نکلیگا جو میرے ‡ اسرائیل لوگوں پر بادشاہت § کریگا *

تفسیر

(گھبرائے) یہودیوں کے بادشاہ پیدا ہونے سے ہیرود کے دلمیں حضرت مسیح کی روحانی بادشاہت کا کچہہ خیال نہ آیا بلکہ وہ دنیا کا بادشاہ ہونا سمجہا اور اسی بات کا خوف کرکے وہ گھبرایا ۔ یروشلیم کے باشندے یا تو اس خبر کی خوشی کے مارے گھبرائے یا اُنکو یہہ اندیشہ ہوا کہ دیکہیئے ایسا شخص جو پیدا ہوا ہی اُس کا نتیجہ کیا ہو مگر غالباً اُنکا گھبرانا اسوجہہ سے تھا کہ ہیرود کے ظلم اور بے رحمی سے وہ بخوبی واقف تھے اُنہوں نے خیال کیا کہ جب اس ظالم کو یہودیوں میں اپنے خیالی رقیب کے پیدا ہونے کا یقین ہوا ہی تو دیکہیئے کہ یہودیوں پر وہ کیا کیا ظلم کریگا *

(سردار امام) یہہ ترجمہ ہی چیف پریسٹ یا بڑے پریسٹ کا امام اُن لوگوں سے مراد ہی جو معبد کے خادم تھے اور لوگوں کی طرف سے قربانی چڑہاتے تھے مخصوص ہوتے

† میکاہ ۵ باب ۲ ─ یوحنا ۷ ─ ۴۲ ─
‡ لوقا ۱ باب ۳۲ ─
§ اشعیاہ ۴۰ باب ۱۱ ─ ارمیاہ ۳ : ۱۵ و ۷ ─ یوحنا ۱۰ ─ ۱۱ ─

علیہ السلام کی شریعت سے پہلے ہر ایک شخص اپنی قربانی آپ چڑھاتا تھا اور ہر ایک خاندان کا بزرگ اُس خاندان کا امام ہوتا تھا جبکہ حضرت † موسی نے معبد کی خدمت خاص حضرت ہارون کی اولاد پر مقرر کی جب سے قربانیوں کا چڑھانا اُنہی پر منحصر ہوا جو ان عہدوں پر مقرر ہوتے تھے ۔ یہودیوں میں یہہ عہدہ بہت معزز تھا انہی کی معرفت کفارہ گناہوں کا دیا جاتا تھا انکی پوشاک ایک خاص وضع کی ہوتی تھی اور جو ان میں سردار ہوتا تھا اُسکے لیئے جدا تمغہ تھا یہہ لوگ دنیاوی رسومات سے پرہیز کرتے تھے شراب یا اَور کوئی نشہ کی چیز نہیں پیتے تھے عبادت خانہ کا تمام سامان انکے اختیار میں رہتا تھا اور عبادت خانہ میں روشنی کرنی اور خوشبوئی ‡ کا جلانا اور قربانی سوختنی کے لیئے آگ کا مہیا رکھنا انکا کام تھا انکے لیئے سب لوگوں پر حقوق مقرر تھے اور کچھہ ملک بھی اُنکے خرچ کے لیئے انکے پاس تھے ۔ یہی امام لوگوں کو تعلیم کرتے تھے اور یہودی شریعت کے بموجب انہی سے فتوی پوچھا جاتا تھا لڑائی § میں عبادت خانہ کا ناقوس بجاتے تھے حضرت داؤد علیہ السلام نے ان لوگوں کو چوبیس جماعتوں میں تقسیم کیا تھا اور ہر ایک شخص اپنی اپنی ترتیب میں قایم ہوتا تھا *

(لوگوں کے کاتبوں کو) انگریزی زبان میں یہہ لوگ سکرئبز کہلاتے ہیں کاتب کسی خاص فرقہ کا لقب نہیں تھا بلکہ جو لوگ عہد عتیق کی کتابوں کو خاص کر لکھتے اور پڑھتے تھے اور اُسکے دقایق اور مشکلات کے حل کرنے پر مصروف تھے اور لوگوں کو کتب مقدسہ کی تعلیم بھی کرتے تھے وہ لوگ کاتب کہلاتے تھے *

پہلے پہل یہہ لقب بادشاہ کے منشی کا تھا پھر ہر ایک شخص کا لقب ہوگیا جو بہت بڑا منشی اور عالم ہو ۔ اور جو کہ امام اور کاتب بسبب زیادہ مشغول رہنے کے تحصیل علوم کتب مقدسہ میں اُنکے دقایق اور مضامین سے بخوبی واقف اور آگاہ تھے اسلیئے مشکل اور ضرورت کے وقت یہہ لوگ بلائے جاتے تھے تاکہ بلحاظ اگلے پیغمبروں کی پیشین گوئیوں کے اُنکے مشکلات کے حل کی کوئی تدبیر بتاویں یا کسی پیشین گوئی کا صحیح مطلب بیان کریں اسی ارادہ سے ہیرود بادشاہ نے سردار امام اور کاتبوں کو جمع کیا تھا ۔ اس میں صرف وہی لوگ نہ تھے جو عبادت خانہ کے عہدوں پر مقرر تھے بلکہ سب امام چوبیسوں فرقوں کے اور سب کاتب جمع کیئے تھے تاکہ حضرت مسیح کے پیدا ہونے کی جگہہ بتاویں *

---

† خروج ۲۹ — ۴ لغایت ۳۵ —

‡ ۲ تواریخ ۲۶ — ۱۸ —

§ اعداد ۱۰ — ۹ استثنا ۲۰ — ۲ —

اگرچہ یہہ لوگ کتب مقدسہ کو لکھتے اور پڑھتے تے مگر صاف ظاہر ھی کہ ان لوگوںکا
کتب مقدسہ کے روحاني اثر سے بالکل خالي تھا ان لوگوں نے دنیا کے لالچ سے خدا تعالی
احکام کے اصلي مطلب اور اور اصلي منشاء کو بالکلیہ † خراب کرڈالا تھا ۔ یہي لوگ تھے
مدت سے حضرت مسیح کے پیدا ہونے کي خبر پڑھتے آتے تھے پھر جب سچا مسیح پیدا
ہوا تو اُس سے انکار کیا اور انجام کو اپنے اندھے پن سے کلمۃاللہ اور روح اللہ کو قتل کرنے
لیئے پلات کے سپرد کیا *

(مسیح کہاں پیدا ہوگا) یعني اگلے پیغمبروں کي پیشین گوئیوں میں جو حضرت
مسیح علیہ‌السلام کے پیدا ہونیکا ذکر ھی اُن میں مسیح کي پیدایش کس جگہہ لکھي ھی
(یہودیا کے بیت‌لحم میں) اُن لوگوں نے جوابدیا کہ یہودیا کے بیت‌لحم میں حضرت
مسیح کا پیدا ہونا لکھا ھی یہہ خبر اُن لوگوں نے میکیہ نبي کي کتاب کے پانچویں باب
اور دوسرے ورس سے بیان کي *

(اے یہودیا کي زمین بیت‌لحم) جس طرز پر یہہ پیشین گوئي اس انجیل میں
مذکور ھی وہ کسي سے مطابقت لفظي نہیں رکھتي نہ اصل عبري سے اور نہ اُسکے یونانی ترجمہ
سپتو ایجنت سے مگر جوابدھي اس اختلاف کي اُن سردار اماموں اور کاتبوں کے ذمہ ھی
جنہوں نے ھیرود کے سامنے اس پیشین گوئي کو بیان کیا تھا نہ مقدس متی کے ذمہ ۔ کچھ
شبہہ نہیں ھی کہ اُن لوگوں نے اس پیشین‌گوئي کو عبري زبان سے یوناني زبان میں
فلسطین کي زبان میں ترجمہ کرکر بتایا تھا ۔ اور بغیر غور و تامل کے ترجمہ کرنے کے سبب
یہہ اختلاف پڑگیا *

عبري کا ترجمہ انگریزي زبان میں اسطرح پر ہوا مگر اے بیت‌لحم افراتہ باوجودیکہ
یہودا کے ہزاروں میں چھوٹا ھی تو بھي تجھہ میں سے میرے لیئے وہ شخص نکلیگا جو
اسرائیل میں حکومت کریگا اور اُسکا نکلنا قدیم سے ایام‌الازل سے ھی *

بعضوں نے اسکو بطور سوال کے پڑھا ھی یعني کیا تو ہزاروں میں یہودیا کے کم ھی ؟
سپتوایجنت کا ترجمہ انگریزي زبان میں یوں ھی تو بیت‌لحم گھرافراتہ ھی ایک
نہایت کم میں سے ہونے کو ہزاروں میں یہودیا کے تجھہ میں سے ایک شخص نکلیگا میرے
لیئے ہونے کو حاکم اسرائیل کا ولگیت کا ترجمہ انگریزي زبان میں اسطرح پر ھی تو بیت‌لحم
افراتہ ھی ایک چھوٹا شہر درمیاں ہزاروں یہودیا کے تجھہ میں سے میرے لیئے وہ شخص
نکلیگا جوحاکم ہونیکو ھی اسرائیل میں اور اُسکا ہونا قدیم سے ایام ازل سے ھی *

اختلافات صرف یہہ ہیں کہ میکہ کي کتاب میں بیت‌لحم افراتہ ھی اور مقدس متی

---

† متی ١٥ — ٢ *

كي انجيل ميں بيت لحم زمين يهوديا مگر يهه پچهلا نام بهي أسي شهر كا عهد عتيق † كي كتابوں ميں آيا هی *

بڑا اختلاف لفظا نفي ميں هی كه عبري ميں لفظ نفي كا نهيں هی بلكه ايسا يهي كوئي لفظ نهيں هی جسكے معني باوجودني كے ليئے جاويں جيسيكه انگريزي ترجمه ميں ليئے گئے هيں اسي سبب يهه ورس بطور سوال كے بهي نهيں پڑها جاسكتا جيسا كه سوريا كي زبان كے ترجمه ميں هی *

عبري كے ترجمه ميں تهوزنڈز كا لفظ هی جسكا ترجمه هزاروں هی اور اس انجيل ميں بجاے أسكے پرنسز كا لفظ هی جسكا ٹهيك ترجمه شاهزادوں هی *

باايں همه اس لفظي اختلاف سے اصلي مطلب پر كچهه تاثير نهيں هوتي هی كيونكه بيت لحم افراته اور بيت لحم يهوديا درحقيقت ايك هي شهر هی عبري ترجمه كي ظاهرا مراد يهي هی كه بيت لحم اگرچه ايك ناچيز قصبه هی حضرت مسيح عليه السلام كے پيدا هونے سے معزز هوگا اور يهي مطلب مقدس متي كي انجيل كا اور سپتوايجنت اور ترجمه زبان سوريا كا هی ۔ يهودي قوميں هزاروں ميں تقسيم هوگئي تهيں اور هر ايك قوم پر ايك شهزاده يا سردار قايم تها اسليئے اگر اس مقام پر هزاروں كا لفظ استعمال كيا يا بجاے أس كے شاهزادونكا دونوں كا مطلب متحد هی *

علاوه اس كے عهد جديد كے لكهنے والوں كي اصلي مراد صحيح مطلب بيان كرنے سے هوتي تهي بعينه الفاظ نقل كرنيكے وه پابند نه تهے چنانچه مقدس متي نے بهت جگهه اسي انجيل ميں اور اسيطرح اور انجيل نويسوں نے اپني اپني انجيلوں ميں بعينه الفاظ نقل كرنيكي پابندي چهوڑ كر عهد عتيق كي كتابوں كي مراد كا بيان كرنا مقدم سمجها هی ۔ هم مسلمانوں كے نزديك اس طريقه كے اختيار كرنيكا كچهه مضايقه نهيں هی اور هم أسكو روايت بالمعني كهتے هيں *

أردو مترجم نے جس كا ترجمه ميں نے بطور متن كے داخل كيا هی بجاے پرنسز يعني شهزادوں كے (بڑے شهروں) ترجمه كيا هی اور عربي مترجم نے جس كا ترجمه سنه ۱۸۱۱ع ميں چهپا (ولايات) ترجمه كيا هی جسكو انگريزي ميں (كنٹري) اور هندي ميں (ديس) كهتے هيں اور هنري مارٹن كے أردو ترجمه ميں جو سنه ۱۸۱۹ع ميں چهپا اميروں ترجمه كيا هی اور فارسي ترجمه ميں جو سنه ۱۸۲۸ع ميں چهپا بزرگان ترجمه كيا هی مگر چونكه هر ايك شهزادے سے كوئي نه كوئي شهر علاقه ركهتا تها شايد اسي خيال سے پهلے دونوں مترجموں نے شهرونكا ترجمه كيا *

---

† قضاة ۱۷ — ۷ —

(میرے اسرائیل لوگوں پر بادشاہت کریگا) یعنی اُس کو بنی اسرائیل پر روحانی حکومت ہوگی . ہم مسلمان اِس پیشین گوئی سے استدلال کرتے ہیں کہ حضرت مسیح علیہ السلام صرف بنی اسرائیل کی قوم کی ہدایت کو آئے تھے نہ تمام دنیا کی قوموں کی مگر بااین ہمہ ہمارا مذہب ہی کہ جسقدر غیر یہودی حضرت مسیح علیہ السلام پر ایمان لائے اُن سب نے بھی نجات ابدی حاصل کی کیونکہ ہم مسلمانوں کا اعتقاد ہی کہ گو کوئی نبی کسی خاص قوم کے لیئے بھیجا گیا ہو اُسپر جو کوئی ایمان لاتا ہی نجات ابدی پاتا ہی خواہ وہ شخص اُسی قوم کا ہو جس کے لیئے اِس وقت کا پیغمبر مبعوث ہوا ہو یا اور کسی قوم کا کیونکہ ہم مسلمان یقین کرتے ہیں کہ جتنے پیغمبر ابتدائے دنیا سے خاتم النبیین تک گذرے ہیں سب کا دین واحد تھا چنانچہ قران مجید میں اللہ تعالے نے فرمایا ہی راہ ڈال دی تمکو دین میں وہی جو کہدیا تھا نوح کو اور جو حکم بھیجا ہمنے تجھکو اور جو ہمنے کہدیا تھا ابراہیم کو اور موسی کو اور عیسی کو کہ دین کو قایم رکھو اور اُسمیں کچھہ فرق مت کرو . اور ہم مسلمانوں کے مذہب بموجب اسی بنیاد پر حضرت مسیح علیہ السلام نے آسمان پر جاتے وقت حواریوں کو فرمایا † کہ تم جاکر سب ملکوں کو مرید کرکر اُنھیں باپ اور بیٹے اور روح قدس کے نام سے غوطہ دلاؤ *

سورہ شوری آیت ۱۳ شرع لکم من الدین ما وصی بہ نوحاً والذی اوحینا الیک وما وصینا بہ ابراہیم و موسی و عیسیٰ ان اقیموا الدین ولا تتفرقو فیہ —

۷ تب ہیرود نے اُن مجوسیوں کو چپکے بلایا اور اُن سے تحقیق کرکے پوچھا کہ وہ ستارہ کسوقت دکھائی دیا ؟ *

۸ اور اُس نے اُن کو بیت لحم میں یہہ کہکر بھیجا کہ جاکر اُس لڑکے کے احوال خوب دریافت کرو اور جب تم اُس کو پاؤ مجھے خبر دو تاکہ میں بھی آکر اُسے سجدہ کروں *

تفسیر

(وہ ستارہ کسوقت دکھائی دیا) ہیرود نے جو اُن مجوسیوں سے یہہ دریافت کیا کہ وہ ستارہ کسوقت دکھائی دیا اِس سے پایا جاتا ہی کہ اُس ظالم نے اُسوقت سے ارادہ کیا تھا کہ اُسوقت کے پیدا ہوئے لڑکوں کا قتل کرے اور اسبات سے غافل تھا کہ خدا جسکو بچانا چاہتا ہی اُس کو نہ ہیرود مارسکتا ہی نہ اور کوئی اُس سے بھی زیادہ ظالم *

باوجودیکہ بیت لحم یہودیا کا یروشلم سے دور نہیں اُس پر بھی ہیرود نے اپنا کوئی سپاہی یا سردار مجوسیوں کے ساتھہ حضرت مسیح کی تلاش کرنیکو نہ بھیجا ظاہری سبب اس کا تو یہی ہی کہ اُسکو خوف ہوا کہ یہودی اُسکے فاسد ارادہ سے واقف ہوکر کچھہ فساد

† متی ۲۸ — ۱۹ —

کریں یا اُس لڑکے کو چھپا نڈالیں مگر درحقیقت حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا یہہ معجزہ تہا کہ ایسے قوی اور دانا دشمن پر ایک نہایت بیوقوفي کا پردہ پڑگیا *

(میں بہي آکر اُسے سجدہ کروں) یہہ بات بخوبي روشن ہی کہ ہیرود کا ارادہ حضرت مسیح کے سجدہ کرنے کا نہ تہا اُسنے مکاري سے یہہ جہوٹ بات یہودیوں سے کہي تہي. ظاہر میں آدمیوں سے اور حقیقت میں خدا سے مکر کرنا چاہتا تہا مگر اللہ تعالے سب مکاروں کے ذاتي مکر سے واقف ہی *

---

۹ وے بادشاہ سے یہہ بات سنکر چلے گئے اور وہ ستارہ جو اُنہوں نے پورب سے دیکہا تہا آگے آگے چلا گیا یہاں تک کہ اُس جگہہ کے اوپر جہاں وہ لڑکا تہا آکے ٹہرا *

۱۰ تب وہ اُس ستارہ کو دیکہکر خوش ہوئے *

۱۱ اور اُنہوں نے گہر میں جاکر لڑکے کو اُس کي ما مریم کے ساتہہ پایا اور زمین پر گر کر اُس کو سجدہ کیا اور اُنہوں نے اپنے اسباب کہول کر سونا اور لبان اور مر اُسکو نذر † کیا *

۱۲ اور وے خواب میں خبر پاکر کہ ہیرود کے پاس پہر جانا نہ چاہیئے دوسري راہ سے اپنے ملک کو گئے *

تفسیر

(وہ ستارہ جو اُنہوں نے پورب سے دیکہا تہا) اُسي ستارہ کے پتہ سے مجوسیوں کا یروشلم میں جو پایہ تخت یہودیا کا تہا پہونچنا ممکن تہا مگر جب اُنکو یروشلم میں اُس لڑکے کے گہر کا پتہ نملا تو خدا نے اپني مہرباني سے اُس ستارہ کو اُن کے آگے حضرت مسیح کے گہر کا رستہ بتانیکو روانہ کیا اور اُس روشني کو اس قدر نیچا کردیا کہ اُن کے آگے آگے چلنے لگي جس طرح کہ آگ کا ستون بني اسرائیل کو رستہ بتانے کے لیئے آگے آگے چلتا تہا *

(سجدہ کیا) شاید بعض عیسائي ان مجوسیوں کے سجدہ کرنے سے حضرت عیسی علیہ السلام کي الوہیت پر استدلال کرتے ہونگے مگر یہہ استدلال نہ ہم مسلمانوں کے نزدیک صحیح ہی اور نہ محققین علماے عیسائي کے نزدیک صحیح ہی. جس لفظ کا ترجمہ سجدہ کیا ہی اگر اُس کے ٹہیک سجدہ ہي کے معني ہوں تو ہم مسلمانوں کے نزدیک اُس سے سجدہ تعظیمي مراد ہی جو پہلي شریعتوں میں منع نہ تہا اور اگر اُس لفظ کے معني قدموں پر گرنے کے ہوں جیسا کہ مشرقي ملکوں میں بڑے بڑے بادشاہوں کي اس طرح پر تعظیم ادا کرنے کا دستور تہا تو پہر کوئي مقام اشتباہ کا باقي نہیں رہتا *

واٹسن صاحب اپني تفسیر میں لکہتے ہیں کہ جس یوناني لفظ کے معني سجدہ کے لیئے ہیں وہ ایک ہي لفظ ہی جو الہیہ پرستش اور قدموں پر گرنے کي تعظیم ادا کرنے میں

---

† زبور ۷۲ — ۱۰ اشعیاہ ۶۰ — ۶ —

مستعمل هی یہ تعظیم کہ مشرق کے لوگ اپنے بادشاهوں کی بجا لایا کرتے تھے متی زنوفن جس مقام میں اس تعظیم کا بیان کرتا هی جو سیرس کی رعایا نے اُس کی کی تھی وهاں یهہ لکھتا هی کہ جب رعایا نے اُسکو دیکھا تب اُن سب نے اُس کی تعظیم ادا کی اور جس لفظ کا اس مقام پر همنے تعظیم کا ترجمہ کیا هی وہ انگریزی لفظ (ور شپ) هی یهہ لفظ بھی اِن دونوں معنوں میں استعمال کیا جاتا تھا اسلیئے واتسن صاحب لکھتے هیں کہ مجوسیوں نے حضرت مسیح کی شاهی تعظیم ادا کی مگر یهہ بات کہ اُنهوں نے اُس کی الوهیت کا بھی کچھہ لحاظ کیا اس قدر صاف معلوم نهیں هوتی جس قدر کہ بعض متقدمین نے اُسکو سمجھا *

(نذر دیا) معلوم هوتا هی کہ یهہ ایک قدیم رسم مشرقی ملک کی تھی کہ جو کوئی شخص کسی بڑے پاس جاتا تھا تو بغیر نذر کے نهیں جاتا تھا اس لیئے یهہ مجوسی بھی حضرت مسیح کے لیئے نذریں لائے تھے *

اِس مقام پر علماء مسیحی نے اپنی تفسیروں میں لکھا هی کہ ان مجوسیوں نے سونا وغیرہ جو نذر دیا اُس سے حضرت داؤد اور حضرت اشعیاہ علیهما السلام کی پیشین گوئیاں پوری هوتی هیں جهاں † حضرت داؤد نے فرمایا کہ ترسیس اور جزیروں کے سلاطین تحفے لاوینگے اور شیبا اور سبا کے بادشاہ هدیئے گذرانینگے *

اور جهاں حضرت اشعیاہ ‡ نبی نے فرمایا کہ اونٹوں کی قطاریں اور مدیان اور ایفہ کی سانڈنیاں تیرے پاس جمع هونگی وے صبا سے آوینگے سونا اور لبان لاوینگے اور خداوند کی تعریفوں کی بشارتیں سناوینگے *

مگر حقیقت میں اِن دونوں پیشین گوئیوں کو حضرت مسیح علیہ السلام سے کچھہ علاقہ نهیں هی اگر هوتا تو مقدس متی اس کا بھی اشارہ فرماتے *

ترسیس شهر یا تو مذتریئین یعنی بحیرہ روم میں واقع تھا یا اطلانتک میں جس کو بحر اوقیانوس کهتے هیں اس صورت میں اسپین کا شهر کارتھیج یا تارسس کا نام ترسیس تھا اور بعضوں کے نزدیک یهہ شهر بحر هند میں واقع تھا پس ترسیس سے اور مجوسیوں سے کچھہ علاقہ نهیں هی *

شیبا کا شهر بعضوں کے نزدیک افریقہ میں هی اور صحیح تر § قول یهہ هی کہ عرب جنوبی یا فلکس کے جنوبی حصہ میں هی ۔ اور شهر سبا بھی غالباً عرب فلکس میں هی پس اُن

---

† زبور ۷۲ — ۱۰ —
‡ اشعیاہ ۶۰ — ۶ —
§ مقدس ... ۳۲ ۔

شہروں کو بھی ایران سے اور مجوسیوں سے کچھہ علاقہ نہیں ہی - اگر مقدس متی ان دونوں درسوں کی طرف اشارہ فرماتے تو سمجھا جاسکتا تھا کہ روح القدس نے اُنکو اس مطلب کی طرف ہدایت کی ہی مگر جب اُنہوں نے کچھہ اشارہ نہیں کیا تو ہمارے پاس اور پیشین گوئیوں کی جو خاص حضرت مسیح علیہ السلام پر ٹھیک آتی ہیں اور روح القدس نے لکھوائی ہیں کیا کمی ہی جو ہم اپنی طرف سے کسی اور پیشین گوئی کے مطابق کرنے میں کوشش کریں *

(اور دے خواب میں) ہیرود کے مکر اور اُس کے دلی بد ارادہ سے اللہ تعالے بخوبی واقف تھا اُس نے خواب میں اپنے فرشتہ کی معرفت اُن مجوسیوں کو ہیرود کے مکر اور برے ارادہ سے مطلع کیا اور یہہ ہدایت کی کہ وہ ہیرود کے پاس نجاویں اور حضرت مسیح کی اُسے خبر نکریں اسلیئے وہ مجوسی یروشلیم کو نہ گئے اور دوسری راہ سے اپنے ملک کو پھر گئے *

---

۱۳ اُن کے جانے کے بعد خداوند کے فرشتہ نے یوسف کو خواب میں دکھائی دیکر کہا اُٹھہ اس لڑکے کو اور اُس کی ما کو لیکر مصر کو بھاگ جا اور جب تک میں تجھے پاس خبر نہ لاؤں وہیں رہ کیونکہ ہیرود قتل کرنے کے لیئے اس لڑکے کو ڈھونڈیگا *

۱۴ تب اُسنے اُٹھکر لڑکے کو اور اُسکی ما کو ساتھہ لیکے راتوں رات مصر کو چلاگیا *

۱۵ اور ہیرود کے مرنے تک وہاں رہا اسیطرح وہ جو خداوند کے نبی کی معرفت سے کہا گیا تھا کہ میں نے اپنے بیٹے کو مصر سے بلایا پورا ہوا *

تفسیر

(مصر کو نکل گیا) جب سے کہ سکندر اعظم نے مصر کو فتح کیا تھا بہت سے یہودی اسکندریہ اور مصر کے بڑے بڑے شہروں میں جا رہے تھے اور یہودیا کے رہنے والوں سے ہمیشہ آمد و رفت رکھتے تھے اس سے خیال کیا جاسکتا ہی کہ جب حضرت مسیح خدا کے حکم بموجب مصر کو گئے تو اپنی ہی قوم میں جاکر رہے *

(میں نے اپنے بیٹے کو مصر سے بلایا) یہہ پیشین گوئی جسکا مقدس متی نے حوالہ دیا ہوشیع † نبی کی ہی اور وہ درس یہہ ہی *

" جب اسرائیل طفل تھا میں اُسکو پیار کرتا تھا اور اپنے بیٹے کو مصر سے بلایا " *

مقدس متی نے روح القدس کے بتانے سے اس درس کو حضرت مسیح کے واپس آنے پر لکھا ہی پس کچھہ شبہہ نہیں کہ یوں ہی ہی گو ظاہر میں کچھہ بعید معلوم ہوتا ہو - مگر جو لوگ اگلے پیغمبروں کے کلام کے اشارات سمجھنے والے ہیں وہ بھی بخوبی سمجھتے ہیں کہ اس درس میں حضرت مسیح علیہ السلام کے پھر آنیکی طرف اشارہ ہی *

---

† ہوشیع ۱۱ — ۱ —

اِس ورس میں دو لفظ ھیں ایک لفظ (اسرائیل) دوسرا لفظ (اپنا بیٹا) اسرائیل کے لفظ سے اس جگہہ بني اسرائیل یعني اُس کے لفظي معني مراد نہیں ھیں . اور اپنے بیٹے کے لفظ سے اول مراد لیني چاھیئے اسرائیل کیونکہ † خدا نے اسرائیل کو بھي اپنا پہلوٹنا بیٹا کہا ھی اور پھر اسرائیل سے بني اسرائیل سمجھنا چاھیئے . اس سے ظاھر ھوا کہ اپنے بیٹے کے لفظ سے بھي اُس کے لفظي معني مراد نہیں ھیں . اس سے ثابت ھوا کہ اسرائیل کے لفظ سے بعضي دفعہ کوئي اَور شخص مراد ھوتا ھی اور اسرائیل کا لفظ بطور نشان کے کہا جاتا ھی . اور جبکہ بني اسرائیل کو اس مقام پر ایسے طور سے بیان کیا ھی جیسیکہ ایک شخص اور اُسکو خدا کا پہلوٹنا بیٹا بھي کہا ھی تو پھر اُس نشان سے سوائے حضرت مسیح کے اَور کون شخص مراد ھوسکتا ھی علی الخصوص ایسي صورت میں کہ عہد عتیق کي کتابیں میں خود حضرت مسیح کو ‡ بعضي جگہہ اسرائیل کے لفظ سے تعبیر کیا ھی . اس سے ثابت ھوتا ھی کہ ھوشیع کي کتاب میں اسرائیل اور اپنے بیٹے کے لفظ سے بني اسرائیل صرف بطور نشان کے بیان ھوئے تھے اور حقیقت میں اُس نشاني کا پورا ھونا حضرت مسیح علیہ السلام میں بیان کیا گیا تھا *

بني اسرائیل مصر میں غیر ملکي حاکموں کے تابع اور نہایت کمینہ حالت میں تھے وھاں سے وہ بلائے گئے اور مصیبت اُٹھانیکے بعد لوگوں میں حکومت اور بڑي شان میں برقرار ھوئے - اسیطرح حضرت مسیح علیہ السلام مصر میں غیر ملکي لوگوں کے تابع تھے پھر وھاں سے بلائے گئے اور بعد بہت سي آزمایشوں کے بہت بڑي شان روحاني اور حکومت میں سرافراز ھوئے اور جو ھوشیع نبي نے کہا تھا وہ حضرت مسیح علیہ السلام میں پورا ھوا *

١٦ جب ھیرود نے دیکھا کہ اُن مجوسیوں نے اُس سے ھنسي کي نہایت غصے ھوا اور لوگوں کو بھیج کر بیت لحم اور اُس کے چاروں طرف میں جتنے لڑکے دو برس کے شروع میں اور اُس کے کم میں تھے موافق اُس وقت کے کہ اُس نے مجوسیوں سے تحقیق کیا تھا سب کو قتل کیا *

تفسیر

(جتنے لڑکے دو برس شروع میں اور اُس سے کم کے تھے موافق اُسوقت کے) اس سے معلوم ھوتا ھی کہ مجوسیوں نے دو برس کے شروع میں اُس ستارہ کا دیکھنا ھیرود سے بیان کیا تھا . اور اُس سے کم عمر کے لڑکوں کو اس خیال سے قتل کیا تھا کہ شاید وہ لڑکا جس کے قتل کا ھیرود ارادہ رکھتا تھا اُس ستارہ کے نکلنے کے کچھہ دن بعد پیدا ھوا ھو اور یہہ ظاھر ھی کہ

† خروج ٤ - ٢٢ و ٢٣ -
‡ اشعیاہ ٤٩ - ٣ زبور ٢٢ - ١٦ و ١٨ -

اُس ستارہ کے نکلنے سے پہلے اُس لڑکے کا پیدا ہونا خیال نہیں ہوسکتا تھا *

١٧ تب جو † یرمیاہ نبی نے کہا تھا پورا ہوا *
١٨ کہ رامان میں زاری اور رونے اور پیٹنے کی آواز سنی جاتی ہی کہ راخیل اپنے لڑکوں کے واسطے روتے اور تسلی نہیں چاہتے اسلیئے کہ وے نہیں ہیں *

تفسیر

رامان ایک چھوٹاسا قصبہ بنیامین کے ضلع میں یروشلم سے چھہ میل کے فاصلہ پر بیت لحم کے رستہ میں ایک ٹیلہ پر واقع تھا بخو نصر کے بہت سے مقامات کے یہودیوں کو قید میں لیجانے کو یہاں جمع کیئے تھے اور وہ قیدی راخیل کی اولاد میں تھے اور وہ بیت لحم کے رستہ میں بعد مرنے کے دفن ہوچکے تھے اسی لیئے یرمیاہ نبی نے شاعرانہ طور پر یہودیوں کے بابل کی قید میں جانے کی پیشین گوئی کی تھی مگر یہہ مصیبت قتل اطفال کی جو بیت لحم میں رامان کے پاس یہودیوں پر واقع ہوئی راخیل کے اپنے لڑکوں کے لیئے رونے اور پیٹنے اور تسلی نہ پانے سے بہت زیادہ مناسبت رکھتی تھی۔ اس لیئے روح القدس نے مقدس متی سے لکھوایا کہ اگرچہ بابل کی قید میں لیجانا یرمیاہ نبی کی پیشین گوئی بموجب واقع ہوچکا مگر درحقیقت وہ پیشین گوئی ٹھیک ٹھیک اب پوری ہوئی اور قتل اطفال کے سبب راخیل کا رونا اور پیٹنا اور تسلی نہ پانا اس وجہہ سے کہ وہ نہیں ہیں سب کا سب بہت اچھی طرح پورا ہوا *

١٩ ہیرود کے مرنے بعد خداوند کے فرشتہ نے مصر میں یوسف کو خواب میں دکھائی دیکر کہا *
٢٠ اُٹھہ اور اُس لڑکے کو اور اُس کی ما کو لیکر اسرائیل کے ملک میں جا کہ وے جو اس لڑکے کو جان سے مارنا چاہتے تھے مرگئے ہیں *
٢١ تب وہ اُٹھا اور اُس لڑکے اور اُس کی ما کو لیکر اسرائیل کے ملک میں آیا *
٢٢ لیکن جب سنا کہ ارخلا یہودیا میں اپنے باپ کے تخت پر بیٹھہ کے بادشاہت کرتا ہی اُس طرف جانے سے ڈرا پھر خواب میں خبر پاکر جلیل کی طرف چلا گیا *

تفسیر

(ارخلا) یہہ وہی ارکیلاس ہی جو ہیرود کا بیٹا مالتیس اُس کی چوتھی جورو سے تھا *

(جلیل) ایک ملک ہی جو بسبب رہنے حضرت مسیح علیہ السلام کے نہایت معظم اور متبرک ہی اُس کی جانب مشرق میں سوریا اور مغرب اور شمال میں دریاے ...

اور دریاے سھتن اور مشرق میں بابل اور ایتوریا کے ملک ھیں ۰ پہلے اس میں زبولن اور نفتالي کي قومیں رہتي تہیں *

۲۳ اور ایک شہر میں جس کا نام ناصرة † تھا آکر رہا اسي طرح جو نبیوں کي معرفت سے کہا گیا تھا کہ وہ ناصري کہلائیگا پورا ہوا *

تفسیر

(ناصرة) جلیل میں ضلع زبولن کا ایک قصبہ ھی اور یروشلیم کي شمال کي طرف پچاس اور ستر میل کے فاصلہ پر درمیان پہاڑ تیبرا اور کنیا کے ایک ٹیلہ پر واقع ھی یہاں کے لوگ شرارت میں بہت مشہور ھیں اور یہودي قومیں بہت حقارت سے یہاں کے لوگوں کو دیکھا کرتي تھیں ۰ مگر خدا کي شان ھی کہ حضرت مسیح علیہ السلام کي بدولت اب نہایت عزت والا ھی *

مانڈرل صاحب کہتے ھیں کہ اب وہ نہایت چھوٹا گانوں ھی جو سزاوار اطلاع نہیں ھی اور گھاٹي میں ایک بلند پہاڑ کي چوٹي پر واقع ھی اس جگہہ رومن کیتھلک کا ایک گرجا ھی اور بیان کرتے ھیں کہ وہ خاص اُس مقام پر بنایا گیا ھی ‡ جہاں حضرت مریم کے پاس خدا کے فرشتہ یعني حضرت جبرئیل علیہ السلام نے خدا کا پیغام پہونچایا تھا اسمقام پر وہاں کے لوگ یوسف کے گھر کو بھي دکہاتے ھیں جہاں حضرت مسیح علیہ السلام تیس برس تک رھے *

(آکر رہا) اس ورس سے معلوم ہوتا ھی کہ حضرت مسیح علیہ السلام مصر سے آکر یہاں رہے اور مقدس § لوقا کي انجیل سے پایا جاتا ھی کہ حضرت مریم پہلے سے یہاں رہتي تہیں اس سبب سے یہہ قیاس ہوتا ھی کہ پہلے حضرت مریم ناصرة میں رہتي تہیں جب روح قدس سے حاملہ ہوچکیں تو بیت لحم میں چلي گئیں کیونکہ میکہ || نبي کي پیشین گوئي کا پورا ہونا ضرور تھا اور جب مصر سے پھر کر آئي تب پھر اپنے قدیم شہر ناصرة میں جا کر رہیں *

(وہ ناصري کہلائیگا) ریورنڈ ڈایلي اور رچرڈمینٹ اپني تفسیر میں لکھتے ھیں کہ پیغمبروں میں کسي کي کتاب میں یہہ کلام نہیں ھی ۰ مگر کتاب قضات باب ۱۳ ورس ۵ میں یہہ لفظ آئے ھیں کہ وہ بچہ ایک ناصري ہوگا اور یہہ کلام سامسن کي طرف اشارہ کرتا ھی ۰ اور ولي جیروم کتاب قضات کو پیغمبروں میں شامل کرتا ھی ۰ اس سے معلوم ہوتا ھی

† متي ۱ — ۲۵ —
‡ لوک ۱ — ۲٦ —
§ لوک ۱ — ۲٦ —

کہ مقدس متی نے ان باتوں کو حضرت عیسی علیہ السلام کی طرف منسوب کرکر (جو باتیں درباب سامسن کے جو حضرت عیسی کی نشانی تھا بیان کی گئی تھیں) یہہ کہتا ہی کہ وہ ناصری پکارا جاویگا ۔ اس طرح پر کلام کا بیان کرنا (مورخان اقدس اور اور مورخوں میں) اکثر یہہ مراد رکہتا ہی کہ وہ ناصری ہوگا *

ڈاکٹر اورن کہتے ہیں کہ بلحاظ اشارات کلام عہد عتیق کے جن کو مقدس متی نے حضرت عیسی علیہ السلام پر منسوب کیا ہی یہہ عموماً سمجھہ لینا چاہیئے کہ اُن کا درست اور صحیح ہونا ضروری ہی کیونکہ جب مقدس متی نے اُن کو لکہا ہی تو یہہ بات صریح ہی کہ جس روح قدس نے عہد عتیق کی پیشین گوئیوں کو لکہوایا ہی اسی روح قدس نے اُنکو عہد جدید میں بہی لکہوایا ہی اور روح قدس اپنے ارادوں کو بخوبی جانتا تہا اور اُسکو یہہ بات نہایت خوب طرح سے تحقیق کرنے کی قابلیت تہی کہ کن پر اور کس کس چیز پر وہ کلام اشارہ زن ہوتے ہیں *

مگر میری رائے میں اصلی بات یہہ ہی کہ مقدس متی کا کلام بلاشبہہ قابل تسلیم کے ہی اور یہہ بات بہی تسلیم کرنے کے لایق ہی کہ یہہ پیشین گوئی عہد عتیق کی کتابوں میں جو بالفعل ہمارے ہاتہہ میں موجود ہیں نہیں ہی مگر بہت سی کتابیں عہد عتیق کی ایسی ہیں جنکو ہم کہو بیٹہے ہیں اسلیئے ہم یقین کرتے ہیں کہ یہہ پیشین گوئی اُنہیں کتابوں سے کسی کتاب میں مندرج ہوگی *

بعض آدمی یہہ غلط خیال کرتے ہیں کہ عربی لفظ نصاری کا اسی شہر کی طرف منسوب ہی اور جس طرح یہودی عیسائیوں کو نصرین حقارت سے کہتے تہے اسیطرح مسلمان عیسائیوں کو نصاری حقارت سے ناصرۃ کی طرف منسوب کرکر کہتے ہیں *

مگر یہہ رائے محض غلط ہی نصاری کا لفظ ناصرۃ کی طرف منسوب نہیں ہی بلکہ نصر سے مشتق ہی جسکے معنی ہیں مدد کرنیکے جواہر القران میں لکہا ہی کہ نصر اصلی لفظ ہی عرب اس لفظ کو اس طرح پر بولا کرتے ہیں ' نصرۃ علی عدوہ نصراً ' یعنی مدد کی اُس شخص کی اوپر دشمن کے اور اُسکا مصدر ہی نصرۃ اور نصیر و ناصر کے معنی ہیں مدد کرنے والے کے اور جمع اُسکی آتی ہی انصار جیسیکہ شریف کی جمع آتی ہی اشراف اور نصاری جمع ہی نصران کی جسکے معنی ہیں ایک مرد مددگار اور نصرانۃ کی بہی جمع ہی جسکے معنی ہیں ایک عورت مددگار جیسے کہ ندمان اور ندمانۃ کی جمع ندامی آتی ہی *

جواهر القران
نصر نصره على عدوه نصرا اعانه اليه . والاسم النصرة والنصير بمعنى الناصر و جمعه انصار [illegible] والنصارى جمع نصران و نصرانة كالندامى جمع ندمان وندمانة ـ

ناصري اور نصراني البتہ نسبت ھی شہر ناصرۃ کی طرف مگر خوب یاد رکھنا چاھیئے کہ جس مراد سے یہودي اسکا استعمال کرتے ھیں اُس ارادہ سے ہم مسلمان ہرگز ان لفظوں کا بھي استعمال نہیں کرتے کیونکہ اگر اُس طرح استعمال کریں تو ھمارے مذھب بموجب کفر ھو *

عیسائیوں پر جو نصاری کے لفظ کے اطلاق کرنے کي وجہہ یہہ ھی کہ حضرت عیسی علیہ السلام نے فرمایا کہ کون میرا مددگار ھی حواریوں نے کہا کہ ہم مددگار ھیں اسلیئے اول حواریوں کو خطاب ھوا نصاری کا پھر جو لوگ حضرت عیسی علیہ السلام پر ایمان لاتے گئے نصاری کہلاتے گئے چنانچہ قران مجید میں اللہ تعالی فرماتا ھی پھر جب معلوم کیا عیسی نے بني اسرائیل سے کفر کہا کون ھی کہ میري مدد کرے اللہ کي راہ میں کہا حواریوں نے ہم ھیں مدد کرنے والے اللہ کے ہم یقین لائے اللہ پر اور تو گواہ رہ کہ ھمنے حکم قبول کیا *

سورۃ ال عمران آیت ۵۲ ۔
فلما احس عیسی منھم الکفر قال من انصاري الی اللہ قال الحواریون نحن انصار اللہ امنا باللہ واشھد بانا مسلمون ۔

تیسرا باب

۱ یحیی کے احوال ٧ اُسکا یردن میں لوگونکو غوطہ دلانا ١٣ اور مسیح کو غوطہ کھلانا *

۱ اُنہیں † دنوں میں یحیی غوطہ ‡ دلانے والے نے یہودیا کے بیابان میں ظاہر ہوکے کہا *

۲ توبہ § کرو کیونکہ آسمان کی بادشاہت || نزدیک ہوئی *

تفسیر

(اُنہیں دنوں میں) یعنی جن دنوں میں کہ حضرت مسیح علیہ السلام ناصرۃ میں رہتے تھے ۔ یہہ ¶ وہ وقت ہی جب تبریاہ قیصر کا پندرھواں سال جلوس تھا اور پنتیاہ پلات یہودیہ کا حاکم اور ہیرود جلیل کا بادشاہ اور اُسکا بھائی فلپ اتوریہ اور ملک ترا خونیتی کا بادشاہ اور لیسانیاہ ابیلینی کا بادشاہ تھا : اسلیئے بابتسن یی ۔ارس کی یہہ راے ہی کہ حضرت مسیح کے ناصرۃ میں آکر رہنے کے قریب تین برس بعد یہہ واقعہ ہوا تھا *

(یہودیا کے بیابان میں) بیابان کے لفظ سے نرا جنگل مراد نہیں ہی جہاں آدمی نہوں بلکہ دریاے یردن کے آس پاس کا میدان اور وہ پہاڑی ملک جو یروشلیم کے جنوب میں ہی مراد ہی ۔ اسی * بیابان میں حضرت یحیی غوطہ دلاتے تھے اور اسی ⊥ بیابان میں رہا کرتے تھے *

(توبہ کرو) ہم مسلمانوں کے مذہب میں گناہوں کی برائی کو سچے دل سے جاننا اور اُن سے روحانی نقصان سمجھنا اور اُس کے سبب سے دل میں غم اور رنج پیدا ہونا اور خدا کے سامنے دلی ندامت اور عاجزی سے گناہوں کا اقرار کرنا اور تہ دل سے اُن کی معافی اور بخشش کی دعا مانگنا اور پکے دلی ارادہ سے آیندہ کے لیئے اُن گناہوں کا چھوڑنا توبہ کرنا ہی *

خدا تعالی پر توبہ سے گناہوں کا معاف کرنا واجب نہیں ہی مگر وہ ایسا رحیم ہی کہ اپنے رحم کی فراوانی سے دلی توبہ کو ہمیشہ قبول کرتا ہی ہم مسلمانوں کے مذہب میں بعض

† لوک ٣ — ١ ; ٣ و ٢٣ ‎
‡ مارک ١ — ٣ یوحنا ١ — ٦ ‎
§ متی ٣ — ١٧ ‎
|| متی ١٠ — ٧ وغیرہ ‏[illegible]‏ ٣ — ٣٣ ‎
¶ لوک ٣ — ١ ‎
* مارک ١ — ٤ ‎
⊥ لوک ١ — ٨٠ ‎

دلی توبہ کے اور کوئی رستہ گناہوں کی معافی کا نہیں ہے سوا اُنہی گناہوں کا جو خاص خدا کے گناہ ہیں اور جن گناہوں میں بندوں کا حق بھی شامل ہے اُن کی معافی کے لیئے توبہ کے سوا یا اُن بندوں کا حق ادا کرنا چاہیئے یا اُن سے بھی معاف کروانا چاہیئے - تمام گناہ خدا کے بڑے یا چھوٹے سب توبہ سے معاف ہوتے ہیں *

عن اسماء بنت یزید قالت سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقرء یا عبادی الذین اسرفوا علی انفسہم لا تقنطوا من رحمۃ اللہ ان اللہ یغفر الذنوب جمیعا ولا یبالی رواہ احمد والترمذی -

مشکواۃ میں اسماء بنت یزید سے روایت ہے کہ اُنہوں نے کہا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو سنا کہ قران کی یہہ آیت پڑھتے تھے اے میرے بندوں جنہوں نے اپنی جان پر زیادتی کی یعنی گناہ کیا نہ آس توڑو اللہ کی مہر سے بے شک اللہ سب گناہ بخشتا ہے اور کچھہ پرواہ نہیں کرتا *

یہہ مذہب مسلمانوں کا بالکل بیبل رکے بھی مطابق ہے کیونکہ اگلے نبیوں کی کتابوں سے بھی یہی پایا جاتا ہے کہ توبہ کرنے سے اللہ تعالیٰ گناہ بخشدیتا ہے *

زبور ۳۲ — ۱ مبارک وہ ہے جسکا گناہ بخشا گیا اور خطا ڈھانپی گئی *

۲ مبارک ہے وہ مرد جس کے لیئے خداوند گناہ محسوب نہیں کرتا اور جس کے دل میں دغا نہیں *

۵ میں تجھہ پاس اپنے گناہوں کا اقرار کرتا ہوں اور میں نے اپنی بدکاری نہیں چھپائی میں نے کہا میں خداوند کے آگے اپنے گناہ کا اقرار کرونگا سو تونے میرا گناہ بخشدیا *

زبور ۷۸ — ۳۸ پر اُس نے اپنی رحمت کی فراوانی سے اُن کی بدکاریاں بخشدیں اور اُنہیں ہلاک نہ کیا *

غرضکہ ان تمام آیتوں سے پایا جاتا ہے کہ توبہ سے گناہ بخشے جاتے ہیں پس حضرت یحیی علیہ السلام اسی توبہ کا وعظ کرتے تھے اور جو لوگ توبہ کرتے تھے اور یردن میں اصطباغ پاتے سے ظاہر میں بھی اُس دلی عہد کو پکا کرتے تھے اُن کے گناہ معاف ہوتے تھے اُن گناہوں کی معافی کسی اور چیز پر ملتوی نہ تھی جیساکہ مقدس مارک نے † اس مقام پر فرمایا یعنی بیابان میں غوط دلاتا تھا اور گناہوں کی معافی کے لیئے توبہ کے غوطہ دلانے کا وعظ کرتا تھا *

(آسمان کی بادشاہت نزدیک ہوئی) آسمان کی بادشاہت اور خدا کی بادشاہت دونوں کے ایک معنی ہیں ‡ بوئب نسبت میں کی یہہ رائے ہے کہ یہاں آسمان کی بادشاہت

---

† مارک ۱ — ۴ -
‡ دیکھو تفسیر ڈائیلی اور رچینٹ منٹ ۱۸۵۶ ع [illegible]

سے دینداری مذہب مراد ہی کیونکہ انسانوں کے دلوں میں حضرت مسیح علیہ السلام کی روحانی بادشاہت ہی اور اُس میں بدون دلی توبہ کے کوئی بھی داخل ہونے کے لایق نہیں ہی *

هنری اور اسکاٹ † کہتے ہیں کہ آسمان کی بادشاہت سے انجیل کا رواج مراد ہی * ہ

برکنس ‡ نوٹس میں لکھا ہی کہ خدا کی بادشاہت نزدیک ہی یعنی حضرت مسیح کے آنے کا وقت موعود ہی اور عہد عتیق کا رواج موقوف ہونے والا اور انجیل کا رحم اور فضل ظہور ہونے والا ہی اس لیئے توبہ کرو *

واٹسن صاحب § لکھتے ہیں کہ آسمان کی بادشاہت نزدیک ہی اسطرح کے کلم جو یہودی مورخوں کی کتابوں میں پائے جاتے ہیں وہ مورخ اُس کو اصلی پرستش اور خوف خدا کے ظاہر کرنے کے لیئے اکثر استعمال کرتے ہیں ۔ بادشاہت جس کی طرف اس مقام پر اشارہ کیا ہی وہ بادشاہت ہی جس کی دانیال اور اور پیغمبروں نے صفائی سے پیشین گوئی کی اور نئے سر سے پیدایش جس کو حضرت مسیح بذریعہ عام وعظ کے قریب شروع کرنے کو تھے اسی لیئے حضرت یحیی نے فرمایا کہ وہ قریب ہی *

مگر میں خیال کرتا ہوں کہ شاید آسمان کی بادشاہت سے وہی نور اور ہدایت مراد ہی جو خود حضرت یحیی کو دی گئی تھی اور جس سے حضرت ‖ یحیی معافی کے لیئے توبہ کے غوطہ دینے کا وعظ فرماتے تھے کیونکہ خود حضرت ¶ مسیح علیہ السلام نے فرمایا ہی کہ دو بیٹوں میں سے ایک نے کہا کہ میرا جی انگور کے باغ میں کام کرنیکو نہیں چاھتا پر آخر پشیمان ہوکر گیا اور دوسرے نے کہا میں جاتا ہوں پر نگیا ان دونوں میں سے کس نے باپ کی فرمان برداری کی ؟ لوگوں نے کہا پہلے نے حضرت مسیح نے فرمایا کہ باجدار اور کسبیاں تمسے آگے خدا کی بادشاہت میں جاتی ہیں کہ یحیی راستی کی راہ سے تم پاس آیا اور تم اُسپر ایمان نہیں لائے لیکن باجدار اور کسبیاں اُسپر ایمان لائے اور تم دیکھہ کے اُسپر ایمان لانیکو پشیمان نہوئے ۔ اس سے ثابت ہوتا ہی کہ اس جگہہ آسمان کی بادشاہت سے وہی ہدایت مراد ہی جو حضرت یحیی کو دی گئی تھی کیونکہ خود حضرت مسیح علیہ السلام نے اُن لوگوں کے حق میں جو حضرت یحیی پر ایمان لائے تھے خدا کی بادشاہت میں داخل ہونا فرمایا ہ

† دیکھو هنری اسکاٹ مطبوعہ سنہ ۱۸۵۴ع جلد ۵ *

‡ برکنس نوٹس جلد اول صفحہ ۹ مطبوعہ سنہ ۱۸۴۳ ع *

§ واٹسن صاحب کی تفسیر مطبوعہ سنہ ۱۸۳۷ ع صفحہ ۳۵ *

‖ مارک ۱ درس ۴ *

¶ متی ۲۱ درس ۲۸ لغایت ۳۲ *

(نزدیک) کے لفظ سے یہہ مراد نہیں هی کہ آسمان کی بادشاهت آیندہ قریب زمانہ میں آنے والی هی بلکہ یہہ مراد هی کہ توبہ کرنے والوں کے نزدیک هی یعنی جو کوئی توبہ کریگا اُسکی توبہ قبول هوگی اور خدا اُسکے گناہ معاف کریگا کیونکہ یہہ وہ زمانہ هی کہ خدا کی بادشاهت توبہ کرنے والوں کے نزدیک هی *

اسکی دلیل بهی خود حضرت مسیح علیہ‌السلام کے ارشاد سے نکلتی هی جبکہ آپ نے وعظ † کرنا اور یہہ کہنا شروع کیا کہ توبہ کرو کہ آسمان کی بادشاهت نزدیک هی ، اور جبکہ آپنے ‡ خدا کی بادشاهت کی خوشخبری دیکر کہا کہ وقت پورا هوا اور خدا کی بادشاهت نزدیک هی تم توبہ کرو اور انجیل پر ایمان لاؤ ، ان ورسوں سے ثابت هی کہ نزدیک کے لفظ سے آیندہ کا قریب زمانہ خدا کی بادشاهت کے آنے کے لیئے مراد نہیں هی بلکہ یہی مراد هی کہ خدا کی بادشاهت بندوں سے نزدیک هوئی هی تم توبہ کرو اور انجیل پر ایمان لاؤ *

۳ یہہ وہ شخص هی جسکا ذکر یشعیاہ نبی نے کیا کہ بیابان § میں ایک پکارنے والے کی آواز هی کہ تم خدا کے رستہ کو بناؤ اور اُسکی شاہ راہوں کو درست کرو *

تفسیر

(پکارنے والے کی آواز هی) یہہ پیشین گوئی اشعیاہ نبی کی حضرت یحیی علیہ‌السلام کے نبی هونے اور حضرت مسیح علیہ‌السلام کے آنیکی خبر دینے میں هی ، مگر بشپ لوتهہ کی یہہ راے هی کہ اول میں یہہ الفاظ یہودیوں کے قید بابلی سے نا آباد مقاموں میں واپس آنیکی نسبت کہے گئے تهے اور پهر اُس مخلصی کی نشانی سے ایک نہایت عمدہ اور بڑی شان دار مخلصی (یعنی حضرت مسیح علیہ‌السلام کے آنیکی) پیشین گوئی پردہ میں بیان هوئی تهی جسکو مقدس متی نے نہایت درستی سے انجیل کے رواج پر یا حضرت یحیی نے جو توبہ سے گناهوں کی معافی کا وعظ فرماتے تهے اُسپر مناسبت دی تهی *

بشپ لوتهہ نے جو یہہ خیال کیا کہ یہہ عمدہ پیشین گوئی اول یہودیوں کے بابل کی قید سے رهائی پانے اور اخیر کو حضرت مسیح کے آنے سے مراد رکهتی هی اس خیال کی بجز اسکے اور کوئی وجہہ نہیں کہ اشعیاہ نبی کے ۵۳ باب میں اولا بعض ایسے شخص کی طرف اشارہ کیا گیا هی جو حضرت مسیح سے پیشتر هوا تها اور پهر وهی اشارہ زیادہ تر تکمیل کے ساتهہ حضرت مسیح کی طرف سمجها گیا هی اور اس میں کچهہ شک نہیں کہ بہت سی پیشین گوئیاں دوهرا اشارہ رکهتی هیں ایک وہ جو نی الفور هونے کو هی دوسری وہ جو انجام کو هوتی پهر کچهہ تعجب نہیں کہ یہہ پیشین گوئی بهی دوهرا اشارہ رکهتی هو *

---

† متی ۴ — ۱۷ ‡ مارک ۱ — ۱۴ و ۱۵
§ اشعیاہ ۴۰ — ۳ لوکا ۳ — ۴ یوحنا ۱ — ۲۳

مگر واٹسن صاحب † اسبات کو کہ یہہ پیشین گوئی دوہرا اشارہ رکھتی ہی نہیں مانتے وہ کہتے ہیں کہ اس پیشین گوئی سے تنہا حضرت مسیح ہی کی طرف اشارہ ہی کیونکہ یہودیوں کے قید بابلن سے رہائی پاکر آنیکے وقت کوئی الہیہ علامت اُنکے ساتھہ نہ تھی جسطرح کہ بادل کا ستون مصر سے چلتے وقت اُنکے ساتھہ تھا پھر اس پیشین گوئی کے الفاظ یہودیوں کے بابلن کی قید سے رہائی پاکر آنے سے کچھہ مناسبت نہیں رکھتے *

میرے نزدیک قول فیصل اس میں یہہ ہی کہ جب مقدس متی نے فرمایا ہی کہ اس پیشین گوئی سے حضرت مسیح کا آنا مراد ہی تو اب اس میں کچھہ شبہہ نہیں کہ اسی طرح پر ہی خواہ اس سے اولاً یہودیوں کے بابلن کی قید سے رہائی پاکر آنا مراد ہو اور آخر کو حضرت مسیح علیہ السلام کا آنا مراد ہو خواہ سرے سے حضرت مسیح ہی کا آنا مراد ہو بہر حال حضرت مسیح کی طرف اشارہ ہی البتہ اگر مقدس متی نے یہہ اشارہ نکیا ہوتا تو ہمکو گفتگو کا مقام تھا *

(خدا کے رستہ کو بناؤ) مشرقی بادشاہوں کا ایک دستور تھا کہ جب وہ سفر کیا کرتے تھے تو اپنے آگے تمام چیزوں کے مہیا کرنے کے لیئے اور رستہ کے کھولنے اور ہموار کرنیکو اور تمام حرجوں کے دور کرنیکو سرداروں اور کام کرنے والوں کو بھیجا کرتے تھے اُسی دستور کے موافق اس پیشین گوئی کے الفاظ ہیں اور اس سے اسبات کی طرف اشارہ ہی کہ ایک بادشاہ آنے والا ہی اور جبکہ اُس رستہ کو صرف توبہ سے بنایا جاتا ہی تو اس سے ثابت ہوتا ہی کہ وہ دنیا کا بادشاہ نہیں ہی بلکہ اُسکی روحانی بادشاہت ہی *

اس تمام وعظ سے اور توبہ کرانے سے اور دریاے یردن میں غوطہ دلانے سے مقصود یہہ تھا کہ لوگوں کے دلوں میں جو برائیاں آگئی تھیں اور اُس کے زہریلے اثر نے اُن کی روحانی پاکیزگی کو خراب کردیا تھا اور جس سے خدا کے نور اور اُسکی ہدایت کے قبول کرنے میں حرج پڑ رہا تھا اُس کو درست کریں کیونکہ عنقریب روحانی ہدایت آنے والی تھی جسکو مدت سے یہودی چھوڑ بیٹھے تھے اور بجز ظاہر کی رسومات اور شریعت کے ظاہری احکام کے اور کچھہ روحانی اثر جو اصلی مقصود شریعت کا تھا اُن میں نہیں رہا تھا اور حضرت مسیح علیہ السلام صرف روحانی اثر کے زندہ کرنے کو تشریف لاتے تھے پس حضرت یحیی کا وعظ کرنا گویا پیش خیمہ حضرت مسیح علیہ السلام کا تھا *

---

۴ یحیی اونٹ کے ‡ بالوں کی پوشاک پہنتا اور چمڑیکا کمربند اپنی کمر میں باندھتا تھا اور ٹڈی اور جنگل کا شہد اُس کی خوراک تھی *

---

† واٹسن صاحب کی تفسیر مطبوعہ سنہ ۱۸۷۳ع صفحہ ۳۶ —

‡ مارک ۱ — ۶ —

تفسیر*

حضرت یحیی علیہ‌السلام کا حال اور قال یعنی طریق زندگی اور وعظ دونوں ایسے تھے جس سے دنیا اور سامان دنیا کا ناچیز ہونا اور دنیا میں آنے سے روحانی دولتمندی کمانے کا مقصود ہونا پایا جاتا تھا ۔ حضرت یحیی علیہ‌السلام کا طریق زندگی ایسا سیدھا اور سادہ اور صاف تھا جس کے دیکھنے سے خود روحانی اثر انسان کے دلمیں پیدا ہوتا تھا ۔ ٹڈی ایک مشہور نا چیز اوڑنے والا گھانس کا کیڑا ہی جس کے کھانے کی ‡ یہودی شریعت میں اجازت تھی *

۵ تب ‡ یروشلیم کے اور سارے یہودیا کے اور یردن کے چاروں طرف کے رہنے والے اُس کے پاس آئے *

۶ اور اپنے گناہوں کا اقرار کرکر یردن § میں *اُس کے ہاتھوں سے غوطے دلائے جاتے تھے * ۔

(غوطے دلائے جاتے تھے) ۔ انگریزی زبان میں اُسکو بیٹپ تزم کہتے ہیں اور عربی میں اصطباغ یہودیوں میں یہہ ایک قدیم رسم تھی کہ جب کافر مسلمان ہوتے تھے یعنی یہودی مذہب اختیار کرتے تھے تو اُن کو پانی سے اصطباغ دیا جاتا تھا ۔ پانی ایک قدرتی چیز ظاہر کی صفائی اور پاکیزگی حاصل کرنے کی ہی اِس لیئے اس رسم سے اندرونی صفائی اور روحانی پاکیزگی اختیار کرنے کا گویا ظاہری نشان یا ظاہری شہادت مراد رکھی گئی تھی ۔ حضرت یحیی جو توبہ کرنے کا وعظ فرماتے تھے جو درحقیقت روحانی بیٹپ تزم یعنی اصطباغ تھا اُس کے لیئے یردن میں غوطہ دلانا جو روحانی اصطباغ کی ظاہری علامت تھی بہت ہی مناسبت رکھتا تھا ۔ عیسائی مذہب میں بھی یہہ رسم بدستور جاری رہی بلکہ بطور فرض مذہبی کے ادا ہونے لگی اور گرجا میں داخل ہونے کے لیئے ایک مخصوص نشان ٹھہرگیا *

اصطباغ کی اصلی حقیقت یہہ تھی کہ گناہوں اور دنیا کی آلودگی کے سبب گویا انسان مردوں میں شمار ہوتا ہی اور اصطباغ سے اُس بری موت سے چھوٹ کر روحانی حیات میں آتا ہی مگر جب اصطباغ پاکر انسان سے وہ کام نہوں جو روحانی زندوں سے ہونے چاہیئیں تو پھر اس رسم کے مقرر رکھنے یا ادا کرنے سے کچھہ فائدہ نہیں ہی *

رفتہ رفتہ جو اصلی مقصود اصطباغ سے تھا وہ جاتا رہا تھا اور اصطباغ پاکر بھی اُسی موت کے پھندے میں لوگ پھنسے رہتے تھے اسلیئے ہمارے مذہب میں بجائے اس ظاہری رسم کے جو اصلی مقصود اصطباغ کا تھا اُس کے پکڑنے اور اُس پر قایم رہنیکا حکم ہوا *

† احبار ۱۱ — ۲۲ —
‡ مارک ۱ — ۵ —
§ یوحنا ۳ — ۲۳ اعمال ۲ — ۳۸ ۱۹ — ۴ —

یہوی اور عیسائي مسلمانوں کو کہتے تھے کہ تم بھي یہود اور نصاری هوجاؤ تو راہ پر آؤ اور یہود یا عیسائي هونے میں اصطباغ پانا ضرور تھا اُس پر الله تعالی نے اپنے پیغمبر صلی الله علیه وسلم سے فرمایا که تو کہدے هم پیروي کرتے هیں ابراهیم کے دین کي جو تھا ایک خدا کا ماننے والا اور نه تھا مشرکوں میں سے اور مسلمانوں کو الله تعالے نے حکم کیا که تم کهو هم ایمان لائے الله کا اور اُس کا جو اُترا همپر اور جو اُترا ابراهیم پر اور اسمعیل اور اسحق اور یعقوب اور اُسکي اولاد پر اور جو ملا موسی کو اور عیسی کو اور جو ملا سب نبیوں کو اپنے رب سے هم فرق نهیں کرتے ایک میں اُن سب سے اور هم اُسی کے حکم پر هیں پھر اگر وہ بھي یقین لاویں جس طرح پر تم یقین لائے تو اُنهوں نے راہ پائي اور اگر پھر جاویں تو اب وهي ضد پر هیں پھر کافي هی تیري طرف سے اُن کو الله اور وہ سنتا اور جانتا هی همنے قبول کیا اصطباغ الله کا اور کس کا اصطباغ الله کے اصطباغ سے بهتر هی اور هم اُسي کي عبادت کرتے هیں *

سورة البقر آیت ۱۳۵ لغایت ۱۳۸

وقالو کونوا هودا او نصاری تهتدوا قل بل ملة ابراهیم حنیفا وما کان من المشرکین قولوا امنا بالله وما انزل الینا وما انزل الی ابراهیم واسمعیل و اسحق و یعقوب والاسباط وما اوتي موسی و عیسی وما اوتی النبیون من ربهم لا نفرق بین احد منهم و نحن له مسلمون فان امنوا بمثل ما امنتم فقد اهتدوا و ان تولو فانما هم في شقاق فسیکفیکهم الله وهو السمیع العلیم صبغة الله ومن احسن من الله صبغة ونحن له عابدون —

---

۷ جب اُس نے دیکھا که بهت سے فروسي † اور صدوقي ‡ غوطه کهانے کے لیئے چلے آئے تب اُن سے کہا اے سانپوں کے § بچو آینده کے غضب سے || بهاگنا کسنے تمهیں جتایا *

۸ تم میوے جو توبه کے لایق هیں ¶ لاؤ *

۹ اور اپنے دلمیں مت سمجھو که همارا باپ * ابراهیم هی میں تم سے کهتا هوں که خدا ابراهیم کے لیئے ان ⸸ پتھروں سے لڑکے پیدا کرسکتا هی *

۱۰ اور درختوں کي جڑ پر اسوقت بسولا رکھا هی جس درخت میں اچھا پھل نهیں لگتا هی ⸸⸸ کاٹا جاتا اور آگ میں ڈالا جاتا هی *

---

† متی ۲۳ — ۱۳ مارک ۱۸ — ۹ —
‡ متی ۲۳ — ۱۳ اعمال ۲۳ — ۸ —
§ متی ۱۲ — ۳۴ مارک ۳ — ۷۰ —
|| ۲ تسهالنکي ۱۰ باب ۹ —
¶ اعمال ۲۶ — ۲۰ —
* مارک ۳ — ۸ یوحنا ۸ — ۳۳ و ۳۹ —
⸸ یرمیوں نو ۳ — ۱۱ و ۱۲ —
⸸⸸ متی ۷ — ۱۶ مارک ۳ — ۹ یوحنا ۱۵ — ٦ —

تفسیر

(فروسی) ایک عبرانی لفظ سے نکلا ہی جس کے معنی علاحدہ کرنے کے ہیں پیٹب تست پرسِنی † کا قول ہی کہ اس فرقہ کا یہہ نام بسبب اُن کے علاحدہ ہونے کے تمام یہودیوں سے جنھوں نے اُن کی مخصوص باتوں کو قبول نہ کیا رکھا گیا تھا ۔ مگر میرے نزدیک اُن کا یہہ نام اس لیئے رکھا گیا تھا کہ اُنہوں نے بسبب اپنے غرور کے اور اپنی خود نمائی کی بہت باتیں اپنے لیئے عام یہودیوں سے امتیاز ہونے کو علاحدہ مخصوص کی تھیں *

یہہ لوگ نہایت مغرور اور مکار اور ریاکار تھے جن لوگوں کو گنہگار سمجھتے تھے اُنکے ساتھہ کھانا ‡ کھانا معیوب جانتے تھے اور اس سے غافل تھے کہ اللہ کی رحمت اُسکے غضب سے بہت زیادہ ہی ۔ یہہ لوگ § لوگوں کے دکھانے کو رستوں میں اور عبادت گاہوں میں ترئی بجاکر خیرات دیا کرتے تھے تاکہ لوگ اُنکی تعریف کریں ۔ اسیطرح عبادتگاہوں میں اور رستہ کے سِرے || پر کھڑے ہوکر لوگوں کے دکھانیکو عبادت کیا کرتے تھے تاکہ لوگ اُنکو بزرگ جانیں سب ¶ کام ریاکاری سے کرتے تھے اپنی پوشاک بڑی بزرگانہ طور کی بناتے تھے اپنے گلوبندوں میں اپنی تعریف لکھواتے تھے مجلسوں میں صدر نشینی اختیار کرتے تھے رستہ میں لوگوں سے سلام کے منتظر رہتے تھے یہہ بات چاہتے تھے کہ لوگ اُنکو ربی ربی کہکر پکاریں ظاہر کی صفائی اور نہانے دھونے میں حد سے زیادہ مصروف رہتے تھے *

یہہ لوگ حشر اجساد کے قایل تھے قیامت * میں جزا اور سزا ہونیکو بھی مانتے تھے فرشتوں کے اور روح کے موجود ہونے پر بھی یقین رکھتے تھے انسان کو اپنے فعل کا خود مختار جانتے ہیں اُنکا اعتقاد ہی کہ اللہ تعالی نے جسم انسانی کو اس طرح بنایا ہی کہ وہ اپنی مرضی سے نیکی کا یا برخلاف اُسکے بدی کا عمل کرے مگر انسان میں ایک روح ہی جسکو فنا نہیں جب آدمی مرجاویگا تو اُس روح کو برے یا اچھے عملوں کا بدلا ملیگا اور جنھوں نے برے عمل کیئے ہیں اُنکی روحیں قید دایمی میں رہینگی اور جنھوں نے اچھے عمل کیئے ہیں وہ پھر پیدا ہوکر حیات ابدی رکھینگی ۔ اُنکی ان نصیحتوں کو بہت لوگ پسند کرتے تھے اور شہر شہر اُنکی تصدیق کرتے تھے *

بعضوں کی یہہ راے ہی کہ اُنہوں نے احکام الہی میں بھی کچھہ تغیر و تبدیل کی تھی

† دیکھو قاڈاپ اور مٹھینک مطبوعہ سنہ ۱۸۵۶ ع صفحہ ۹ ۔

‡ متی ۹ ـــ ۱۱ ۔

§ متی ۶ ـــ ۲ ۔

|| متی ۶ ـــ ۵ ۔

¶ متی ۲۳ ـــ ۵ لغایۃ ۷ ۔

* اعمال ۲۳ ـــ ۸ ۔

مگر میں اس راے کو قبول نہیں کرتا کیونکہ حضرت عیسی علیہ السلام نے اُنکی مکاری اور ریاکاری کی بہت سی برائی جابجا ارشاد فرمائی ہی مگر اُنکے اقوال کو برا نہیں فرمایا بلکہ یہہ † فرمایا ہی کہ کاتب اور فروسی موسی کی چوکی پر بیٹھے ہیں اسلیئے جو کچھہ وہ تمہیں عمل کرنے کو کہیں تم وہ سب بجا لاؤ لیکن اُنکے سے کام مت کرو کہ وہ کہتے ہیں اور نہیں کرتے ۔ اس سے ثابت ہوتا ہی کہ حضرت مسیح علیہ السلام صرف اُنکی مکاری اور ریاکاری اور مغروری کو ناپسند فرماتے تھے ٭

جن باتوں پر حضرت عیسی علیہ السلام نے فروسیوں پر ملامت کی وہ باتیں ہمارے مذہب میں بھی نہایت بری اور گناہ عظیم اور شدید ملامت کے لایق ہیں مگر یہہ بات جان لینی چاہیئے کہ ہم مسلمانوں کے مذہب میں خدا کی عبادت دو قسم کی ہی ایک وہ جسکا ہر بندے کو اپنا بندہ ہونا قبول کرنیکو بجالانا ضرور ہی وہ عبادت ایسی تصور کی گئی ہی جیسے قرض کا ادا کرنا یا بادشاہ کی رعیت ہونیکی تصدیق کو اُسکے حکم کا بجالانا اور اس قسم کی عبادت کا نام ہمارے ہاں فرض ہی اسکی عبادت کے نکرنے پر خدا کا غصہ اور قہر ہوتا ہی — دوسری قسم کی وہ عبادت ہی جسکے نکرنے پر خدا کا قہر نہیں مگر کرنے پر خدا کی رضامندی اور اُسکی مہر بندے پر ہی جسکے سبب اُسکی روح کو صفائی اور پاکیزگی دم بدم حاصل ہوتی ہی اور خدا کی درگاہ میں دم بدم قرب ہوتا جاتا ہی پہلی قسم کی عبادت کے علانیہ کرنیکا حکم ہی تاکہ کوئی شخص اس بہانہ سے کہ میں پوشیدہ کرلیتا ہوں چھوڑنے نہ پاوے اور اپنے بندہ ہونے اور غلام ہونیکی حالت کو بھول نہ جاوے ۔ اور اگر وہ اس عبادت کو بھی دکھلاوے کے لیئے کرتا ہی تو اُسکی سزا بھی خدا کے ہاں سے اُسکو ملیگی — دوسری قسم کی عبادت کے مخفی اور پوشیدہ کرنیکی نہایت تاکید ہی اور جو کوئی اُسکو ریاکاری اور مکاری سے اور دکھلاوے کے لیئے کرتا ہی وہ اُسی ملامت اور تعزیر کے لایق ہی جو حضرت مسیح علیہ السلام نے فروسیوں کے حق میں فرمائی اس بات سے بھی آنکھہ ڈھانپنی نہیں چاہیئے کہ فروسی جس عبادت کو دکھلاوے کے لیئے کرتے تھے وہ ایسی دوسری قسم کی عبادت تھی ٭

(صدوقیوں) یہہ نہایت قدیم فرقہ یہودیوں کا تھا اُنکا نام عبرانی لفظ صدق سے جسکے معنی انصاف کے ہیں نکلا ہی وہ ابتدا سے موسی کی کتابوں کو خوب جانتے تھے رفتہ رفتہ اُنکے عقیدے بہت خراب ہوگئے تھے وہ حشر اجساد کے قایل نہ تھے فرشتوں کے وجود اور روح کی بقا کے منکر تھے اور قیامت میں سزا اور جزا ہونیکو بھی نہیں مانتے تھے ۔ مذہب عیسائی کے ساتھہ یہہ لوگ فروسیوں کی نسبت بہت زیادہ دشمنی رکھتے تھے کیونکہ حواری

† متی ۲۳ سے ۲ و ۳ و ۴

حضرت عیسی علیه السلام کے حضرت مسیح علیه السلام کے مُردوں میں سے زندہ ہوجانے کی دلیل سے حشر اجساد کا برحق ہونا ثابت کرتے تھے اور یہہ بات اُنکے عقیدہ کے سخت برخلاف تھی *

(سانپوں کے بچو) یہہ لوگ جو حضرت یحیی پاس غوطه کھانے کو آئے تھے اسبات کا نہایت غرور رکھتے تھے که ہم ابراہیم کی اولاد ہیں اور ہم پر دوزخ کی آگ حرام ہی اسلیئے حضرت یحیی نے اُنکو فرمایا که تم سانپ کے بچے ہو اس سے اشارہ اسبات کا ہی که ابراہیم کی نسل سے ہونا درحقیقت ابراہیم کی اولاد ہونا نہیں ہی بلکه ابراہیم † کیسے عمل کرنا ابراہیم کی اولاد ہونا ہی اور سانپ کیسے عمل کرنا سانپ کی اولاد ہونا ہی تم که سانپ کیسے عمل کرتے ہو سانپ کی اولاد ہو نه ابراہیم کی *

(آیندہ کے غضب سے بھاگنا کسنے تمہیں جتایا) یعنی قیامت کے غضب سے بھاگنا اکثر مفسرین عیسائی اس جملہ کو بطور کلمه تعجب کے تعبیر کرتے ہیں یعنی فروسی اور صدوقی باوجود اِس غرور اور ریا اور مکاری کے جو حضرت یحیی علیه السلام پاس اصطباغ لیتے اور توبه کرنیکو آئے تو حضرت یحیی نے متعجب ہوکر فرمایا که قیامت کے غضب سے بھاگنا کسنے تمکو بتایا مگر بلحاظ اگلے درسوں کے یہہ تفسیر خوب نہیں ہی عمدہ بات یہہ ہی که یہہ جمله بطور استفہام انکاری کے ہی یعنی قیامت کے غضب سے بھاگنا تمکو کسی نے نہیں بتایا کیونکه فروسی اعتقاد رکھتے تھے که انسان خود اپنی مرضی سے نیکی کا عمل کرسکتا ہی اور صدوقی قیامت میں سزا اور جزا ہونیکے قایل نه تھے اسلیئے حضرت یحیی علیه السلام نے فرمایا که " تم میوے جو توبه کے لایق ہیں لاؤ " یعنی اول اپنا اعتقاد اسبات پر درست کرو که خدا تعالی توبه سے گناہ بخشتا ہی اور قیامت میں اعمال کی جزا اور سزا ہوگی جب تم اصطباغ پاؤ اور توبه کرنیکے لایق ہوگے *

(اپنے دل میں مت سمجھو) یعنی یہہ مت سمجھو که ابراہیم کی اولاد ہونے کے سبب خدا کے غضب سے بچ جاؤگے کیونکه اگر تم خدا پرستی اور ایمانداری نکروگے تو خدا کے غضب سے ہرگز نه بچوگے اللہ تعالی قرآن مجید میں فرماتا ہی که آدمیوں میں سب سے زیادہ نزدیک ابراہیم سے البته وہ لوگ تھے جو اُس کی پیروی کرتے تھے اور اب سب سے زیادہ نزدیک ابراہیم سے یہہ پیغمبر ہی یعنی محمد رسول الله صلی الله علیه وسلم اور وہ لوگ ہیں جو ایمان لائے ہیں یعنی مسلمان اور الله نزدیک ہی ایمان والوں سے *

سورہ آل عمران آیت ۶۸
ان اولی الناس بابراہیم للذین اتبعوہ وہذا النبی والذین آمنو والله ولی المومنین ＝

---

† [illegible]

اسیطرح اللہ تعالی نے قران مجید میں اپنے پیغمبر کو فرمایا کہ یہودی جو یہہ کہتے ھیں کہ ھمکو آگ نہیں چھونے کي مگر کئي دن گنتي کے تو تو اُن سے کہہ کہ کیا تم اللہ سے اسکا اقرار لے چکے ھو کہ اللہ اپنے عہد کے برخلاف نکریگا یا اللہ پر وہ باتیں جوڑتے ھو جو نہیں جانتے یہہ بات نہیں ھی بلکہ یہہ ھی کہ جس نے گناہ کمایا اور گناھوں نے اُس کو گھیر لیا وہ لوگ دوزخ کے ھیں ھمیشہ اُسي میں رھینگے اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کیئے وہ لوگ بہشت کے ھیں ھمیشہ اُس میں رھینگے *

سورۃالبقرہ آیت ۸۰ لغایت ۸۲
وقالوا لن تمسنا النار الا ایاما معدودۃ قل اتخذ تم عنداللہ عہدا فلن یخلف اللہ عہدہ ام تقولون علی اللہ مالا تعلمون بلی من کسب سیئۃ واحاطت بہ خطیئۃ فاولئک اصحب النار ھم فیہا خالدون والذین امنوا وعملوا الصالحات اولئک اصحاب الجنۃ ھم فیہا خالدون -

بزرگوں کي اولاد ھونے کا غرور ایک بہت بري بلا ھی جو یہودیوں میں پھیل رھي تھي ھم مسلمانوں کو نصیحت پکڑني چاھیئے کہ نسب اور حسب کي بزرگي کچھہ کام نہیں آتي اپنے میں نیکي اور اپنے میں نیک عمل درکار ھیں اسیواسطے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کھڑے ھوکر اپنے تمام کنبہ کو نام لے لیکر سمجھا دیا کہ اے قریش نیکي کرکر اپني جان کو عذاب سے مول لو کوئي چیز تمکو اللہ سے بے پرواہ نہیں کرتي اے بني عبدمناف کوئي چیز تمکو اللہ سے بے پرواہ نہیں کرتي اے عباس بیٹے عبدالمطلب کے یعني حقیقي چچا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے کوئي چیز تمکو اللہ سے بے پرواہ نہیں کرتي اے صفیہ پھوپھي رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کي کوئي چیز تمکو اللہ سے بے پرواہ نہیں کرتي اے فاطمہ بیٹي محمد صلی اللہ علیہ وسلم کي تو مانگ لے میرے مال سے جو چاھے کوئي چیز تجھکو اللہ سے بے پرواہ نہیں کرتي یعني ھم قوم ھونا یا رشتہ مند ھونا یا اولاد ھونا بغیر نیک اعمال کے کچھہ کام کا نہیں ھی پس افسوس ھی ھم مسلمانوں پر جو یہودیوں کي طرح بزرگوں کي اولاد ھونے پر تکیہ کرکر نیک اعمال سے باز رھیں *

بخاري کتاب التفسیر
قام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حین انزل اللہ وانذر عشیرتک الاقربین قال یامعشر قریش او کلمۃ نحوھا اشتروا انفسکم لا اغني عنکم من اللہ شیئا یا بني عبد مناف لا اغني عنکم من اللہ شیئا یا عباس بن عبدالمطلب لا اغني عنک من اللہ شیئا ویا صفیۃ عمۃ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) لا اغني عنک من اللہ شیئا ویا فاطمۃ بنت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) سلیني ماشئت من مالي لا اغني عنک من اللہ شیئا -

(خدا ابراھیم کے لیئے) ظاھر میں یہہ کلمہ حضرت یحیی نے ایک بات کے سمجھانے کے طور پر کہا کہ اللہ تعالی ایک عجیب طور سے خلقت پیدا کرسکتا ھی جو ابراھیم کي

تابعداري کرنے اور اُسکے حکموں پر چلنے کے سبب اُسکي اولاد شمار ہو جاویں مگر حقیقت
میں یہہ اشارہ کفار کي طرف ہی علی الخصوص کفار عرب کي طرف جو بت پرستي میں
نہایت گرمجوش تھے اور یہودي اُن بت پرستوں کو اپنے پاؤں کے خاک سے بھي زیادہ حقیر
سمجھتے تھے حضرت یحی نے فرمایا کہ جنکو تم پتھر کي طرح حقیر سمجھتے ہو اُنہي میں
سے اللہ تعالی ایسے لوگ پیدا کرسکتا ہی جو ابراہیم کے دین پر قایم رہیں اور اُسکي تابعداري
بجالاویں اور ابراہیم کي اولاد بن جاویں *

حضرت یحی کے زمانہ میں جسقدر کفار اور بت پرست تھے اُن میں سے ایسا
کوئي نہیں ہی کہ سچے خدا پر اور حضرت مسیح علیہ السلام پر ایمان لانے کے بعد
حضرت ابراہیم علیہ السلام کي تابعداري کا اعتقاد کرتا ہو
خدا تعالی قران مجید میں فرماتا ہی کہ جب ابراہیم
کو اُسکے پروردگار نے کہا کہ تو پروردگار پر یقین لا اُسنے کہا
کہ سارے جہان کے پروردگار پر یقین لایا اور اِسیکي وصیت
کي ابراہیم نے اپنے بیٹوں کو اور اسیطرح وصیت کي یعقوب
نے کہ اے میرے بیٹوں اللہ نے تمہارے لئے یہہ دین پسند
کیا ہی پھر تم نہ مریو مگر اسي دین پر پھر اللہ تعالی
یہودیوں سے فرماتا ہی کہ کیا تم موجود تھے جب یعقوب کو
موت آئي اور اُسنے اپنے بیٹوں سے کہا کہ میرے بعد کس چیز
کو تم پوجوگے اُنہوں نے کہا ہم پوجینگے تیرے خدا کو اور تیرے
اباپ ابراہیم و اسمعیل و اسحق کے خدا کو جو ایک خدا
ہی اور ہم اُسپر یقین رکھتے ہیں پھر صاحب نے فرمایا
کہ اہل کتاب جو یہہ بات کہتے ہیں کہ یہودي یا عیسائي
ہوجاؤ جب راہ پر آؤگے تو اُسکے جواب میں کہو کہ ہمنے
دین ابراہیم کو پکڑا ہی جو ایک خدا کا پوجنے والا تھا اور مشرکوں میں سے نہ تھا . علاوہ اسکے
اللہ تعالی نے قران مجید میں فرمایا ہے محمد ہمنے
تجھکو وحي بھیجي کہ پیروي کر ابراہیم کے دین کي جو
ایک خدا کا پوجنے والا تھا اور مشرکوں میں سے نہ تھا
چنانچہ ہم مسلمان اُسي دین ابراہیم کو پکڑے ہوئے ہیں
جسپر چلنے سے حضرت یحی نے حضرت ابراہیم علیہ السلام
کي روحاني اولاد میں داخل ہونے کي خوشخبري ہم مسلمانوں کو دي ہی *

سورۃ البقرہ آیت ۱۳۱
لغایت ۱۳۳ و ۱۳۵

اذ قال لہ ربہ اسلم قال اسلمت لرب العالمین و وصی بہا ابراہیم ببنیہ و یعقوب یا بني ان اللہ اصطفی لکم الدین فلاتموتن الا و انتم مسلمون ام کنتم شہداء اذ حضر یعقوب الموت اذ قال لبنیہ ماتعبدون من بعدي قالوا نعبد الہک و الہ ابائک ابراہیم و اسمعیل و اسحق الہا واحدا ونحن لہ مسلمون ـــ وقالوا کونوا ہودا اونصاری تہتدو قل بل ملۃ ابراہیم حنیفا وما کان من المشرکین ـــ

سورہ نحل آیت ۱۲۳

ثم اوحینا الیک ان اتبع ملۃ ابراہیم حنیفا وما کان من المشرکین ـــ

(اور درختوں کی جڑ پر الخ) یعنی وہ زمانہ قریب آگیا ہی کہ جو درخت پھل نہ لاوے وہ جڑ سے کاٹا جاوے ۔ اس سے عموماً یہودیوں کے برباد ہونیکا مطلب نہیں ہی بلکہ حضرت یحیی نے صرف گنہگاروں کو یہہ بات سنائی ہی ٭

جڑ سے کاٹے جانے سے یہہ مطلب ہی کہ اگر گنہگار یہودی اپنے گناہوں سے توبہ نکرینگے اور وہ میوہ جو توبہ کے لایق ہی نہ لاوینگے تو جڑ سے کٹے جاوینگے یعنی ابراہیم کی اولاد ہونیکی جو بزرگی ہی وہ اُن میں نہیں رہنے کی بلکہ اُنکا روحانی نسب ابراہیم سے کٹ جاویگا ٭

---

۱۱ سچ ہی میں تمہیں توبہ کے لیئے پانی † میں غوطہ دلاتا ہوں لیکن وہ جو میرے بعد آنیوالا ہی مجھسے بڑا ‡ ہی میں اُسکی جوتیاں اوٹھانے کے لایق نہیں وہ تمکو آگ سے § روح قدس میں غوطہ دلاویگا ٭

تفسیر

یہہ کلام حضرت یحیی نے فروسیوں اور صدوقیوں کے زیادہ تر تعجب میں ڈالنے کے لیئے فرمایا کیونکہ فروسی اور صدوقی ظاہر کی پاکیزگی نہانے دھونے کو ایک عمدہ نیکی کا کام سمجھتے تھے اور حضرت یحیی جو پانی میں غوطہ دلاتے تھے وہ اُن لوگوں کی سمجھہ سے کچھہ کچھہ مناسبت رکھتا تھا مگر حضرت یحیی نے اُنکو جتلایا کہ یہہ ظاہر کی ستھرائی کچھہ چیز نہیں ہی بلکہ اصلی مطلب روحانی اصطباغ ہے ہی جسکو عیسی مسیح علیہ السلام روح قدس کی قوت سے دیگا ٭

اگرچہ اصطباغ عیسائی مذہب میں بطور فرض مذہبی قرار پایا ہی مگر اس ورس سے ہم لوگ سمجھتے ہیں کہ بطور فرض مذہبی کے نہیں ہی البتہ روحانی اصطباغ جسکی خبر حضرت یحیی نے دی اور حضرت مسیح علیہ السلام نے بھی اُسی روحانی اصطباغ کے سوا اور کوئی ظاہری اصطباغ کسیکو نہیں دیا عیسائی مذہب بموجب فرض مذہبی ہی جیسا کہ ہم مسلمانوں کے مذہب میں صرف روحانی اصطباغ مسلمان ہونیکو کافی ہی ٭

(جو میرے بعد آنے والا ہی) کچھہ شبہہ نہیں ہوسکتا کہ اس آنے والے شخص سے حضرت مسیح علیہ السلام مراد ہیں چنانچہ بموجب انجیل || یوحنا کے جوں حضرت یحیی نے حضرت مسیح علیہ السلام کو اشارہ کرکر بتایا کہ " یہہ وہی ہی جسکے حق میں میں نے کہا کہ ایک مرد میرے پیچھے آتا ہی جو مجھسے بڑا ہی کہ وہ مجھسے پہلے تھا ٭

---

† مارک ۱ — ۸ — لوک ۳ — ۱۶ —
‡ یوحنا ۱ — ۲۷ —
§ اعمال ۱ — ۵ — ۲ — ۱ و ۴ —
|| یوحنا ۱ — ۳۰ —

حضرت مسیح علیہ السلام حضرت یحیی کے سامنے پیدا ہوچکے تھے اور یردن میں غوطہ کھا چکنے کے بعد روح قدس بھی اُنپر اوتر چکی تھی اور شیطان بھی حضرت مسیح کو آزما چکا تھا یہہ سب باتیں حضرت یحیی کے سامنے ہوچکی تھیں پھر حضرت یحیی نے یہہ کیا کہا کہ جو میرے بعد آنے والا ہی کیونکہ حضرت مسیح اُنکے سامنے آچکے تھے۔ اس فقرہ کے معنی بجز اسکے کہ جس طرح ہم مسلمان اعتقاد رکھتے ہیں اور کسی طرح نہیں بن سکتے اور وہ یہہ ہیں کہ حضرت مسیح علیہ السلام اللہ کے نبی تھے جب تک حضرت یحیی زندہ رہے حضرت مسیح کو منصب نبوت کا عطا نہیں ہوا تھا حضرت یحیی کے زندہ رہنے تک اُنہوں نے جو وعظ کیا وہ حضرت یحیی کی طرف سے کیا اور اسی لیئے جس طرح حضرت † یحیی غوطہ دلاتے تھے اُسی طرح حضرت مسیح علیہ السلام نے بھی غوطہ دلایا مگر جب حضرت یحیی قید خانہ میں ڈالے گئے اور مارے گئے اُسوقت حضرت مسیح علیہ السلام کو منصب نبوت ملا اسلیئے ‡ حضرت یسوع مسیح نے "جلیل میں آکے خدا کی بادشاہت کی خوشخبری دیکر کہا: وقت پورا ہوا اور خدا کی بادشاہت نزدیک ہی تم توبہ کرو اور انجیل پر ایمان لاؤ" اسلیئے حضرت یحیی نے کہا تھا کہ جو میرے بعد آنے والا ہی یعنی میرے بعد اس نبوت کے منصب پر مقرر ہونے والا ہی پس اس درس سے حضرت مسیح علیہ السلام کا رسول اللہ ہونا جیسا کہ ہم مسلمان اعتقاد رکھتے ہیں بخوبی ثابت ہی *

(مجھسے بڑا ہی) کیونکہ حضرت مسیح علیہ السلام روح اللہ اور کلمۃ اللہ تھے اور شریعت اور کتاب بھی حضرت کو دی گئی تھی اور حضرت یحیی علیہ السلام ایسی نہ تھے *

(میں اُسکی جوتیاں اوٹھانے کے لایق نہیں) فلسطین اور افریقہ کے ملکوں میں ایسی جوتی پہنتے تھے جو تسموں سے بندھی ہوتی تھی اور جب کہیں جاکر بیٹھتے تھے تو تسمہ کھول کر جوتیاں اوتار ڈالتے تھے بڑے آدمیوں کی جوتیوں کا تسمہ خدمتگار کھولتا تھا اور اوٹھاکر اپنے پاس رکھہ لیتا یہہ خدمت ایک نہایت ادنی خدمت ہی پس حضرت یحیی نے حضرت مسیح علیہ السلام کی بڑائی جتلانے کو فرمایا کہ میں اُسکی ادنی خدمت کے بھی لایق نہیں ہوں *

بعض علماء مسیحی حضرت یحیی کے اس قول سے حضرت مسیح علیہ السلام کی الوہیت ثابت کرتے ہیں اُنکا § قول یہہ ہی کہ حضرت یحیی ایسے بزرگ اور مقدس تھے کہ اُنسے زیادہ بڑا کوئی شخص || عورت سے پیدا نہیں ہوا ایسا شخص جو ایسا حیرت انگیز فاصلہ اپنے

† یوحنا ۳ — ۲۲ و ۲۶ — ‡ مارک ۱ — ۱۴ و ۱۵ متی ۴ — ۱۷ —

§ دیکھو تفسیر ڈائیلی اور منٹ مطبوعہ سنہ ۱۸۵۶ ع صفحہ ۱۰ جلد ۳ —

|| متی ۱۱ — ۹ و ۱۱ —

میں اور حضرت مسیح میں بیان کرتا ہی اور اُسکا رشتہ طیار کرنیکو آیا تو بجز صفت الوہیت کے اور کونسی صفت حضرت مسیح میں قرار پاسکتی ہی *

مگر ہم مسلمانوں کا یہہ عقیدہ نہیں ہی ہم لوگ کہتے ہیں کہ حضرت یحیی نے جن ملکوں نی تعظیمی رسم سے حضرت مسیح علیہ‌السلام کی بزرگی کو تعبیر کیا ہی وہاں ہمیشہ یہہ رسم ہی کہ چھوٹا اپنے بڑے کی تعظیم ادا کرنیکو ایسی اُنکی خدمت بجا لایا کرتا ہی جیسے بیٹا باپ کی یا شاگرد اُستاد کی یا نو عمر بڈھے کی یا دنیادار آدمی ولی اور خدا پرست آدمی کی اسی طرح حضرت یحیی نے حضرت مسیح کی بزرگی کی تعبیر کی کسی طرح پر یہہ قول حضرت مسیح کی الوہیت پر دلیل نہیں ہوسکتا *

(آگ سے روح قدس میں) بعض علماء مسیحی خیال کرتے ہیں کہ یہہ پیشین‌گوئی اُس واقعہ کی ہی جو بعد رفع ہوئے حضرت مسیح علیہ‌السلام کے حواریوں پر واقع ہوئی کہ آگ † کیسی زبانیں جدا جدا دکھائی دیں اور اُن میں سے ہر ایک پر ٹھہرگئیں تب وے سب روح قدس سے بھر گئی مگر میں یہہ خیال کرتا ہوں کہ وہ ایک جدا واقعہ تھا جو ہوا اسمقام پر آگ سے روح قدس میں غوطہ دلانا خاص حواریوں کے واسطے نہیں کہا گیا ہی بلکہ سب لوگوں کے لیئے کہا ہی جو حضرت مسیح علیہ‌السلام پر ایمان لاویں *

آگ سے یہاں صرف ایک مقوی روحانی اثر روح قدس کا مراد ہی اور مطلب صرف اتنا ہی کہ حضرت مسیح اُن لوگوں کو جو اُنپر ایمان لاوینگے صرف روحانی اثر سے جسکی تیزی اور قوت مثل آگ کے ہی اصطباغ دینگے *

١٢ اُسکے ہاتھہ میں سوپ ہی اور وہ اپنے کھلیان کو صاف کریگا ‡ اور اپنے گیہوں کو کوٹھی میں جمع § کریگا اور بھوسی کو اُس آگ سے جو ہرگز نہیں || بجھتی جلاویگا *

سوپ یعنی چھاج کوٹھی یعنی کھتہ بھوسی یعنی بھس بیٹبٹ تسٹ ¶ بنی اُرس اس ورس سے یہہ مراد لیتے ہیں کہ " اس مقام پر یہودیوں کی بربادی کی اطلاع دیتی ہی گیہوں کو کھتہ میں جمع کرنے سے یہہ مناسبت معلوم ہوتی ہی کہ حضرت مسیح علیہ‌السلام پر یقین لانے والی چاہیئے کہ اُس مصیبت میں مبتلا نہوں " *

مگر میں خیال کرتا ہوں کہ یہہ ورس صرف روحانی معاملات سے متعلق ہی اور معنی اس ورس کے یہہ ہیں کہ اُسکے ہاتھہ میں چھاج ہی یعنی اُسکے پاس روح قدس ایک اوزار

† اعمال باب ٢ — ٢ لغایت ٣ — ‡ متی ٣ — ١ و ٣ —

§ متی ١٣ — ٣٠ —

|| مارک ٩ — ٤٣ مشاہدات ١٤ — ١١ —

¶ تفسیر ڈ اُیلی اور منٹ صاحب مطبوعہ سنہ ١٨٥٦ع جلد ٣ صفحہ ١٠ —

انسان کے پاک کرنیکا ہی وہ اپنے کھلیان کو یعنی بنی اسرائیل کو صاف کریگا اوراپنے گیہوں کو
یعنی بنی اسرائیل کو جو اُسپر ایمان لاوینگے کھتہ میں جمع کریگا یعنی اپنے میں لیگا
اور بھس کو یعنی اُن لوگوں کو جو اُسپر ایمان نہیں لاوینگے آگ سے یعنی دوزخ کی آگ سے
یا قہر الہی کی آگ سے جو ہرگز نہیں بجھتی جلادیگا یہودیوں کی عادت تھی کہ اپنا کھانا
پکالے اور تنور وغیرہ گرم کرنے میں بھس کو بطور ایندھن کے جلایا کرتے تھے *

۱۳ تب یسوع جلیل سے † یردن کے کنارے پر اُسکے پاس آیا تاکہ اُسکے ہاتھہ سے
غوطہ کہاوے *

۱۴ یحنی نے اُسے منع کرکے کہا تو کیوں میرے پاس آتا ہی ؟ چاہیئے کہ میں تیرے
ہاتھہ سے غوطہ کہاؤں *

۱۵ تب یسوع نے اُسکے جواب میں کہا کہ اب اجازت دے کہ ہمیں سب نیک کاموں
کو ایسا ہی پورا کرنا مناسب ہی تب اُسنے اُسے اجازت دی *

تفسیر

(میں تیرے ہاتھہ سے غوطہ کہاؤں) کیونکہ تم روح اللہ اور کلمۃ اللہ اورمجھسے بڑے
ہو کہ میں تمہاری جوتیاں اوٹھانیکے لایق نہیں ہوں *

(ہمیں سب نیک کاموں کو ایسا ہی پورا کرنا مناسب ہی) ڈاکٹر لائٹ فت کی یہہ
راے ہی کہ حضرت مسیح علیہ السلام کا خدمت وعظ پر داخل ہونے سے پہلے قواعد لوی نیز
یعنی احبار کو ادا کرنا ضرور تھا اور جو کہ اصطباغ کی رسم مذہب عیسائی میں داخل ہونیکے
لیئے بھی قرار پانے والی تھی اسلیئے مناسب تھا کہ خود حضرت مسیح بھی اس رسم کو
ادا فرماویں *

مگر ہم مسلمانوں کے نزدیک انجیل کے بموجب ظاہری اصطباغ پانا فرض مذہبی نہیں
ہی جیسے ختنہ کہ باوجود اسبات ‡ کے کہ حضرت مسیح علیہ السلام کا ختنہ بموجب یہودی
شریعت کے ہوا مگر ختنہ ہونا نہ انجیل کے بموجب فرض مذہبی ہی نہ ہم مسلمانوں کے
مذہب میں فرض ہی ہم مسلمانوں کا اعتقاد یہہ ہی کہ ہرایک شخص کو نبی وقت پر ایمان
لانا واجب ہی یہاں تک کہ خود نبی کو بھی اپنی نبوت پر ایمان لانا ضرور ہی اسلیئے ضرور
تھا کہ حضرت یسوع مسیح علیہ السلام بھی حضرت یحنی کی نبوت پر ایمان لاتے اور یہی
وجہہ ہی کہ حضرت مسیح نے حضرت یحنی سے یہہ کہکر کہ ہمیں سب نیک کاموں کا
ایسا ہی پورا کرنا مناسب ہی اصطباغ لیا *

† مارک ۱ — ۹ —
‡ لوک ۲ — ۲۱ —

۱۶ یسوع جب غوطہ کہاچکا اُسي وقت پاني میں سے نکلکر اوپر آیا اور یکایک اُسپر آسمان کہل گیا اور اُسنے خدا کي روح † کو کبوتر کي مانند اوترتے اور اپنے اوپر آتے دیکہا *
۱۷ اور یکایک آسمان سے ایک آواز آئي کہ یہہ میرا پیارا ‡ بیٹا هی جس سے میں راضي هوں *

تفسیر

(پاني میں سے نکلکر اوپر آیا) اس ترجمہ میں § کچہہ کچہہ اختلاف هی بعض علماء مسیحي نے اسکا ترجمہ یوں کیا هی عیسی غوطہ کہاکر پاني میں سے نہ زیادہ جلدي نکلا تہا بہ نسبت اسکے کہ آسمان کہل گیا اور بعض علماء نے یوں ترجمہ کیا مشکل سے وہ پاني میں سے چڑهتا تہا الی اخرہ اس اختلاف سے بعض علماء مسیحي نتیجہ یہہ نکالتے هیں کہ یہہ برکت جو حضرت مسیح پر نازل هوئي بسبب اصطباغ دینے حضرت یحیی کے هوئي یا خود حضرت مسیح کے سبب جن لوگوں نے سب سے پہلا ترجمہ اختیار کیا هی اُنکا قول هی کہ اصطباغ سے اُسکو کچہہ علاقہ نہ تہا اسي لیئے اصطباغ کے بعد هوئي علاوہ اسکے وہ خیال کرتے هیں کہ یہہ واقعہ حضرت یحیی کي بزرگي بڑهانیکو هوا تہا نہ حضرت مسیح کي کیونکہ مسیح علیہ السلام اگر ابن اللہ هوں تو اسکے محتاج نہ تہے مگر یہہ مطلب اس ورس کے صریح مضمون سے جو صاف صاف بلا تاویل نکلتا هی نہایت بعید هی اسواسطے هم مسلمان اسکا اعتقاد رکہتے هیں کہ یہہ واقعہ خاص حضرت مسیح علیہ السلام کے لیئے هوا اور حضرت یحیی علیہ السلام کے سامنے اسلیئے هوا کہ وہ بہي گواهي دیں اور اس امر کي نسبت کہ یہہ برکت بسبب اصطباغ دینے کے نازل هوئي یا خود حضرت مسیح کے سبب هم مسلمان کچہہ زیادہ بحث نہیں کرتے کیونکہ حضرت مسیح علیہ السلام هم مسلمانوں کے اعتقاد بموجب پہلے سے کلمۃ اللہ اور روح اللہ تہے پہر یہہ برکت خواہ اصطباغ دینے سے هوئي هو خواہ خود حضرت مسیح کے سبب دونوں برابر هیں بلاشبہہ وہ اس برکت کے مستحق تہے *

(آسمان کہل گیا) یہودیوں میں یہہ دستور تہا کہ جب آسماني کسي عجوب چیز کا ظہور یا برکت کا نزول هوتا تہا تو یہودي اسي طرز کلام سے اُسکو بیان کرتے تہے کہ آسمان کہل گیا هم مسلمانوں میں بہي یہي دستور هی اور ایسي حالت میں همیشہ بولتے هیں کہ آسمان کے دروازے کہل گئے اسي طرح پر یہہ کلام بہي بولا گیا هی *

† اشعیاہ ۱۱ — ۲ ۳۲ — ۱ لوک ۳ — ۲۲ یوحنا ۱ — ۳۲ و ۳۳ —
‡ متی ۱۷ — ۵ لوک ۹ — ۳۵ ۲ پترا ۱ — ۱۷ —
§ واٹسن ایکسپوزیشن مطبوعہ سنہ ۱۸۳۷ع صفحہ ۶۳ —

(خدا کي روح کو کبوتر کي مانند) قران مجيد ميں الله تعالى فرماتا هى كه ديئے همنے عيسى مريم کے بيٹے کو معجزے اور قوي كيا همنے أسكو ساتهه روح القدس کے پس هم مسلمان بخوبي اعتقاد رکھتے هيں كه حضرت مسيح عليه السلام كو روح القدس دني گئي تهي مگر اثبات کي تفصيل كه كسطرح دي گئي تهي قران مجيد ميں مذكور نهيں هى مگر اس مقام پر أسكي تفصيل بهي بيان هوئي هى *

سورة البقره آيت ٢٥٣
و آتينا عيسى ابن مريم البينات و ايدناه بروح القدس ــ

جس لفظ کا ترجمه اس أردو مترجم نے کبوتر کیا هى انگريزي ميں وه لفظ (ڈو) هى اور أسكا ترجمه فاخته كرتے هيں بهر حال كچهه هو بحث اس ميں هى كه يهه كيا چيز تهي ترتلين صاحب † اور سينٹ اگسٹين يهه خيال كرتے هيں كه درحقيقت وه اصلي كبوتر يا اصلي فاخته بطور ظاهري نشان کے تهي اور سينٹ لوک كا يهه خيال هى كه روح قدس كبوتر يا فاخته كي جسمي صورت ميں نازل هوئي مگر اصل مطلب يهه معلوم هوتا هى كه وهاں نه كوئي اصلي فاخته تهي اور نه فاخته كي كوئي صورت تهي مقدس متى نے صرف روح کے اوترنے كي تشبيهه دي هى كه جس طرح كبوتر يا فاخته تيزي سے اپنے تمام بدن كو مصروف كركر نيچے اوترتا هى أسي طرح روح قدس نازل هوئي *

حضرت مسيح عليه السلام كي شان اور أنكا روح الله اور كلمة الله هونا اسبات سے خيال كرنا چاهيئے كه حواريوں پر جب روح قدس نازل هوئي تو آگ ‡ كي صورت ميں نازل هوئي تاكه أنكو گناهوں سے پاک كردے اور جب حضرت مسيح عليه السلام پر نازل هوئي تو صرف روح بغير كسي رنگ و صورت کے نهايت درجه فاخته كي صورت ميں نازل هوئي جس سے ايک نهايت بڑا درجه حضرت مسيح عليه السلام كا معلوم هوتا هى *

(آواز آئي كه يهه ميرا پيارا بيٹا هى) علماء § مسيحي اس مقام پر يهه بيان كرتے هيں كه يهودي اسبات كو مانتے تهے كه مسيح ‖ خدا كا بيٹا هى يهه تو ظاهر هى كه يهوديوں نے حضرت مسيح عليه السلام كو نهيں مانا پهر وه أنكو خدا كا بيٹا كيونكر مانتے مگر مراد اس قول كي يهه هوگي كه يهودي جو مسيح كا هونا مانتے تهے تو وه يهه بهي مانتے تهے كه وه خدا كا بيٹا هوگا اور علماء مسيحي كا يهه قول بهي هى كه يهوديوں کے نزديک خطاب مسيح ¶ كا اور

---

† واٹسن ايكسپوزيشن مطبوعه سنه ١٨٣٧ع صفحه ٣٢ ــ

‡ اعمال ٢ ــ ٢ لغايه ٣ ــ

§ ديكهو تفسير ڈاڈيلي و منيٹ مطبوعه سنه ١٨٥٦ع جلد ٣ صفحه ١١ ــ

‖ زبور ٢ ــ ٧ ــ سموئيل دوم ٧ ــ ١٣ ــ

¶ متى ٢٦ ــ ٦٣ ــ مارک ٢٦ ــ ٦٧ و ٧٠ يوحنا ١ ــ ٣١ و ٤٩ ــ متى ١٦ ــ ٢٠ ــ مارک ٨ ــ ٢٩ ــ مارک ٩ ــ ٢٠ ــ

خطاب خدا کے بیٹے کا ایک ہی تھا جیسا کہ سردار امام نے حضرت مسیح علیہ‌السلام سے کہا "میں تجھے زندہ خدا کی قسم دیتا ہوں کہ اگر تو مسیح خدا کا بیٹا ہی تو مجھسے سچ کہہ" پس اس سے ثابت ہوا کہ مسیح اور خدا کا بیٹا ایک ہی تھا *

اسمقدمہ کے ثابت کرنیکے بعد علماء مسیحی یہہ بیان کرتے ہیں † کہ اس اصطباغ کے واقعہ سے تثلیث کا ہونا بخوبی پایا جاتا ہی کیونکہ وہاں علانیہ تینوں کا ظہور تھا حضرت مسیح اپنی جسمی صورت میں موجود تھے روح قدس اس طرح پر نازل ہوئی جو دکھائی دی البتہ تیسری اقنوم کا دکھائی دینا مشکل تھا سو اُسکی علانیہ آواز آئی کہ یہہ میرا پیارا بیٹا ہی *

مگر ہم مسلمان اس ورس کی تفسیر اس طرح نہیں کرتے اس میں کچھہ شک نہیں کہ یہودی حضرت مسیح علیہ‌السلام کے آنیکے متوقع تھے اور جب سچا مسیح آیا تو اُنہوں نے اپنی بدبختی سے اُسکو نہ مانا اور جھوٹا مسیح یعنی مسیح‌الدجال جب آویگا تو اُسکو مانینگے اور خدا اور خدا کا بیٹا کہینگے مگر اس ورس کی تفسیر ‡ یہہ نہیں ہی جو علماء مسیحی نے کی بلکہ صحیح تفسیر یہہ ہی کہ باپ کے معنی ناصح § یا صلاح کار کے ہیں اور مشرقی ملکوں میں اسی مراد سے مستعمل تھا اور ایک کام کی بنیاد ڈالنے والے پر بھی بولا جاتا تھا مثلاً کہتے ہیں کہ شیطان جھوٹ کا باپ ہی اور اسیطرح بیٹے کا استعمال اُس چیز پر ہی جسکو اللہ نے ابھی اپنے ہاتھہ سے بنایا اور اُنپر بھی جو ایمان لائے آیا ہی پس ہم مسلمانوں کے نزدیک تمام کتب عہد عتیق و عہد جدید میں ایسے مقاموں میں اسیطرح پر اسکا استعمال ہوا ہی عربی محاورہ کے بموجب اگر اسکو تعبیر کرینگے تو یوں کہینگے اب یعنی باپ بمعنی رب یعنی پروردگار کے اور ابن یعنی بیٹا بمعنی العبد المقبول یعنی بندہ برگزیدہ کے استعمال کیا جاتا ہی اور یہہ استعمال ٹھیک ٹھیک کتب عہد جدید اور عہد عتیق کے مطابق ہوتا ہی چنانچہ مفصلہ ذیل مثالوں سے یہی مطلب پایا جاتا ہی *

۱ حضرت سلیمان ‖ کی نسبت اللہ تعالی نے فرمایا وہ میرا بیٹا ہوگا اور میں اُسکا باپ ہونگا *

۲ یہودیوں ¶ نے حضرت مسیح علیہ‌السلام سے کہا کہ ہمارا ایک باپ خدا ہی حضرت مسیح نے فرمایا کہ اگر خدا تمہارا باپ ہوتا تو تم مجھے پیار کرتے *

---

† ڈاکٹر اے. منیٹش مطبوعہ سنہ ۱۸۵۶ع جلد ۳ صفحہ ۱۱ —

‡ دیکھو ایڈی صاحب کی بائبل پیڈیا مطبوعہ سنہ ۱۸۵۷ع صفحہ ۲۶۳ و ۵۳۸ —

§ پیدایش ۴۵ — ۸ —

‖ ۱ تواریخ ۲۲ — ۱۰ —

¶ متی ۸ — ۴۱ و ۴۲ —

۲ حضرت مسیح ✝ نے مریم سے فرمایا کہ میرے بھائیوں پاس جا اور اُن سے کہہ کہ میں اوپر اپنے باپ اور تمہارے باپ پاس اور اپنے خدا اور تمہارے خدا پاس جاتا ہوں *

۴ حضرت مسیح ‡ نے اپنے مریدوں کو نصیحت کی پس جیسا تمہارا باپ رحیم ہے تم بھی رحیم ہو *

۵ حضرت مسیح § نے فرمایا اے چھوٹے گلے مت ڈرکہ کہ تمہارا باپ تمہیں بادشاہت دینے کو راضی ہے *

۶ حضرت مسیح || علیہ السلام نے اپنی نصیحت میں فرمایا اسیطرح تمہارے باپ کی جو آسمان پر ہے یہہ مرضی نہیں *

۷ حضرت مسیح ¶ نے نصیحت کرتے وقت فرمایا اور زمین پر کسیکو اپنا باپ نہ کہو کہ تمہارا باپ ایک ہی جو آسمان پر ہے *

۸ حضرت مسیح * نے فرمایا کیا ایک پیسے کی دو گوریاں نہیں بکتیں اور اُن میں سے ایک بھی تمہارے باپ کے بے حکم زمین پر نہیں گرتی *

۹ حضرت مسیح ✝ نے فرمایا کہ اگر دعا مانگنے کے وقت کسیکی تقصیر یاد آوے تو معاف کرو تاکہ تمہارا باپ بھی جو آسمان پر ہے تمہاری تقصیروں کو معاف کرے اگر تم معاف نکروگے تو تمہارا باپ بھی جو آسمان پر ہے معاف نکریگا *

۱۰ حضرت مسیح †† نے فرمایا کہ اگر تم آدمیوں کے گناہ معاف کروگے تو تمہارا باپ جو آسمان پر ہے تمہیں معاف کریگا اور اگر تم آدمیوں کے گناہ معاف نکروگے تو تمہارا باپ بھی تمہارے گناہ معاف نکریگا *

۱۱ حضرت مسیح ‡‡ نے فرمایا تمہارا باپ جانتا ہے کہ ان سب کا تمہیں درکار ہے *

۱۲ حضرت مسیح §§ نے فرمایا کہ رہا ہے تمہارے باپ سے جو آسمان پر ہے تمہیں کچھہ پھل نہ ملیگا *

۱۳ حضرت مسیح |||| نے فرمایا کہ تمہارا باپ اُس سے آگے کہ تم اُس سے مانگو جانتا ہے *

✝ متی ۲۰ — ۱۷ —

§ لوک ۱۲ — ۳۲ —

¶ متی ۲۳ — ۹ —

✝ مارک ۱۱ — ۲۵ , ۲۶ —

‡‡ لوک ۱۲ — ۳۰ —

|||| متی ۶ — ۸ —

‡ لوک ۶ — ۳۶ —

|| متی ۱۸ — ۱۴ —

* متی ۱۰ — ۲۹ —

†† متی ۶ — ۱۴ , ۱۵ —

§§ متی ۶ — ۱ —

۱۴　حضرت مسیح † نے فرمایا تاکہ وے تمہارے نیک کاموں کو دیکھکر تمہارے باپ کا جو آسمان پر ہی شکر کریں *

۱۵　حضرت مسیح ‡ نے فرمایا تاکہ تم اپنے باپ کے جو آسمان پر ہی فرزند ہو *

۱۶　حضرت مسیح § نے فرمایا جیسا تمہارا باپ جو آسمان پر ہی کامل ہی تم بھي کامل ہو *

۱۷　تو خدا کے بیٹوں || نے آدمیوں کي بیٹیوں کو دیکھا *

۱۸　تب تو فرعون ¶ کو یوں کہیو کہ خداوند نے یوں فرمایا ہی کہ اسرائیل میرا بیٹا ہی بلکہ میرا پہلونٹا ہی *

۱۹　میں * نے کہا تم سب الله ہو اور ہر ایک تم میں سے حق تعالی کا فرزند ہی *

۲۰　کیونکہ ⸸ میں اسرائیل کا باپ ہوں اور ابراہیم میرا پہلونٹا ہی *

۲۱　آدم ‡‡ بیٹا خدا کا *

جبکہ اِنہي مثالوں سے ثابت ہی کہ باپ اور بیٹے کا استعمال اُن معنوں میں نہیں آیا جن معنوں میں کہ علماء مسیحي ان الفاظ سے صرف حضرت مسیح علیہ السلام کي نسبت مراد لیتے ہیں تو ہم مسلمان کوئي وجھہ نہیں پاتے کہ اِس درس میں یا اور درسوں میں جو اس کي مانند ہیں اُس کے برخلاف کوئي اور معني اختیار کریں خدا کا تقدس اور خدا کي پاکي جو خود حضرت مسیح نے انجیل میں فرمائي اور تمام نبي فرماتے آئے وہ خود اثبات کي مقتضي ہی کہ وہ خود اپني رحمت اور شفقت سے کسي کا باپ ہو یا اُس کي بندگي اور فرمان برداري سے کوئي اُس کا پیارا بیٹا ہو مگر در اصل وہ یکہ ہی نہ کوئي اُس کا بیٹا اور نہ وہ کسي کا باپ اور ہم مسلمان اپنے دل سے اور اپنے پورے اعتقاد سے یقین رکھتے ہیں کہ ہمارے سردار حضرت عیسی مسیح علیہ السلام کي یہي تعلیم تھي اور تمام حواریین حضرت مسیح علیہ السلام کے یہي اعتقاد رکھتے تھے اور متقدمین عیسائیوں کا بھي جو ٹھیک ٹھیک ہمارے سردار حضرت مسیح علیہ السلام اور حضرات حواریین رضوان الله علیہم اجمعین کي پیروي کرتے تھے یہي مذہب تھا کچھہ شک نہیں کہ ہم مسلمان اُن کے پیرو ہیں *

---

† متی ۵ — ۱۶ —
§ متی ۵ — ۴۸ —
¶ خروج ۴ — ۲۲ —
⸸ یرمیاہ ۳۱ — ۹ —
‡‡ لوقا ۳ — ۳۸ —

‡ متی ۵ — ۴۵ —
|| پیدایش باب ۶ — ۲ —
* زبور ۸۲ — ۶ —

سورة المائدہ آیت ۱۱۹ لغایت ۱۲۱

اذ قال الله یعیسی ابن مریم ءانت قلت للناس اتخذونی وامی الھین من دون الله قال سبحنک مایکون لی ان اقول ما لیس لی بحق ان کنت قلته فقد علمته تعلم مافی نفسی ولا اعلم مافی نفسک انک انت علم الغیوب ما قلت لھم الا ما امرتنی به ان اعبدوا الله ربی وربکم و کنت علیھم شھیدا مادمت فیھم فلما توفیتنی کنت انت الرقیب علیھم وانت علی کل شئی شھید ان تعذبھم فانھم عبادک وان تغفر لھم فانک انت العزیز الحکیم –

الله تعالی قران مجید میں فرماتا ھی که جب کھیگا الله اے عیسی مریم کے بیٹے کیا تونے لوگوں سے کہا که مجھکو اور میری ما کو خدا کے سوا دو خدا ما نو حضرت عیسی کھینگے تو پاک ھی مجھکو نہیں پوچھتا که میں وہ بات کہوں جو میرے لیئے ٹھیک نہیں ھی اگر میں نے یہہ کہا ھوگا تو تجھکو معلوم ھوگا تو جانتا ھی جو میرے جی میں ھی اور میں نہیں جانتا جو تیرے جی میں ھی بے شک تو چھپی بات کا جاننے والا ھی میں نے نہیں کہا اُنکو مگر جو تونے حکم کیا که بندگی † کرو الله کی جو رب ‡ ھی میرا اور تمھارا اور میں اُن کا خبردار تھا جب تک که میں اُن میں رھا پھر جب تونے اُن میں سے لے لیا تو توھی اُن کا خبردار تھا اور تو ھر چیز سے خبردار ھی اگر تو اُن کو عذاب کرے تو تیرے بندے ھیں اور اگر معاف کرے تو تو ھی زبردست حکمت والا *

موسی میں بھی § خدا کی روح تھی بصلئیل بھی خدا کی روح سے بھرا گیا || تھا بلعام پر بھی ¶ روح خدا کی نازل ھوئی ساول * پر خدا کی روح نے ظہور کیا ساول کے ⊥ لوکروں پر بھی خدا کی روح آئی عزریاہ †† عادو کے بیٹے پر خدا کی روح اُتری موسی سے خدا نے ‡‡ آواز سے کلام کیا داؤد کے §§ لیئے خداوند آسمان پر سے گرجا اور اُس عالی جناب نے اپنی آواز سنائی پھر روح کے اُترنے اور آواز کے آنے سے اُس ذات واحد میں تثلیث نہیں ھوسکتی *

---

† متی ۲۲ — ۳۷ و ۳۸ –

‡ متی ۲۰ — ۱۷ –

§ پیدایش ۴۱ — ۳۸ –

|| خروج ۳۱ — ۳ و ۳۵ — ۳۱ –

¶ اعداد ۲۴ — ۲ –

* ۱ سموئیل ۱۰ — ۱۰ و ۱۱ — ۶ –

⊥ ۱ سموئیل ۱۹ — ۲۰ –

†† ۲ تواریخ ۱۵ — ۱ –

‡‡ خروج ۱۹ — ۱۹ –

§§ ۲ سموئیل ۲۲ — ۱۴ –

چوتھا باب

۱ مسیح کا شیطان سے آزمایا جانا ۱۶ اور اُسکا کفر ناحوم میں رہنا
۱۷ نصیحت شروع کرنے ۱۸ پطرس اندریاس یعقوب اور یوحنا کو
بلانا ۲۰ اور بیماروں کو چنگا کرنا

۱ تب روح قدس نے یسوع کو بیابان میں پہنچایا تاکہ شیطان اُسکا امتحان † کرے *

تفسیر

یہہ تمام باب ہم مسلمانوں کے عقیدہ کی نہایت حمایت کرتا ہے ایک ایک حرف اس باب کا ہم مسلمانوں کے عقیدہ کی نہایت مطابقت رکھتا ہے اگر حضرت مسیح علیہ السلام جس طرح کہ ہمکو دکھائی دیتے تھے اُسیطرح معہ اپنی تمام ہستی کے خدا تھے تو اُن کو شیطان کا آزمانا کیا معنی ہیں اور اگر یہہ بات کہی جاوے کہ حضرت مسیح علیہ السلام اپنے جسم و جان سے انسان تھے اور یہہ آزمایش اُسی انسانیت پر تھی اور الوہیت ایک اور چیز تھی جو اُن میں تھی تو بھی شیطان کا آزمانا صحیح نہیں ہوتا کیونکہ الوہیت اگر حضرت مسیح میں تھی تو وہ کسی وقت اور کسی آن اُن سے جدا نہیں ہوسکتی جیسے آگ کے شعلہ سے اُس کی روشنی پھر ایسی حالت میں بھی شیطان کا آزمانا کیا معنی ہیں ہاں اگر حضرت مسیح علیہ السلام کو رسول اللہ مانا جاوے جیساکہ ہم مسلمان اعتقاد کرتے ہیں تو تمام مطلب صحیح ہوتا ہے جبکہ شیطان نے دیکھا کہ حضرت مسیح علیہ السلام روح قدس سے معمور ہوئے اور اب عنقریب زمانہ آنے والا ہے کہ شیطان کی بادشاہت ٹوٹے اور خدا کی بادشاہت پھیلے وہ بیتاب ہوا اور چاہا کہ جسطرح آدم کو اُس نے بہکایا تھا اُسی طرح حضرت مسیح علیہ السلام کو بہکاوے مگر اللہ تعالی نے روح قدس کی تائید سے آپکو مستقل رکھا اور اُس قدیم دشمن کے پھندے سے بچایا *

(تب روح قدس نے) یعنی جب روح کی برکت اور اُسکی روحانی طاقت سے حضرت مسیح معمور ہوگئے تو روح کا مقتضی یہہ ہوا کہ روحانی اور جسمانی مشکلات حضرت مسیح علیہ السلام پر ڈالی جاویں تاکہ جس بڑے کام کو کہ وہ شروع کرنے والے تھے اُن کے انجام میں کوئی مصیبت ہرج نہ ڈالے اسلیئے مقدس متی نے حضرت مسیح کا بیابان میں پہنچنا روح کی طرف نسبت کیا *

(بیابان) یہہ ایک نہایت ویران جنگل جہاں درخت اور سبزہ کا بھی نام نہیں تھا یردن کے نزدیک کوارن ٹینیا پہاڑ کے نیچے ہی وہاں کی زمین ہرجگہہ سے نہایت ہولناک طرح پر بہتی ہوئی تھی یہہ ایک ایسا وحشت انگیز اور دہشت ناک مقام تھی

† مارک ۱ — ۱۲ — ۱۳ لوک ۴ — ۱ — ۱۳

کہ وھاں پھونچ کر انسان کو تمام ظاھري اسباب سے اُمید منقطع ھو جاتي ھي اور صرف خدا ھي سے ھرکام کي توقع رھتي ھی اسلیئے روح قدس نے اسمقام کو پسند کیا تاکہ حضرت مسیح علیہ‌السلام کو ظاھري اسباب † میں بھي بجز خدا کے اور کسي پر دھیان نرھے *

(شیطان) عبري لفظ ھی اور نہایت مشہور شخص ھی ھم مسلمان اُس کا ایک اصلي وجود بھي یقین کرتے ھیں اور اسیطرح تمام عیسائي بھي یقین کرتے ھیں کہ شیطان ایک اصلي وجود بھي اپنا رکھتا ھی اسواسطے ھم کو یقین ھی کہ حضرت مسیح علیہ‌السلام پاس شیطان ایک صورت بنکر جو دکھائي دیتي تھي آیا تھا مگر اس ‡ زمانہ کے بعض عیسائي شیطان کے وجود کے ھونے سے منکر ھیں اس سبب سے وہ اس واقعہ کو ایک خیالي تصور کرتے ھیں اور یہہ غلطي ھی *

(امتحان کرے) جو لفظ انگریزي ترجمہ میں یہاں کام میں لایا گیا ھی وہ تیمپٹ ھی اُس کے عام معني ترغیب دینے کے ھیں مگر اس لفظ سے کسي § شخص کے اعتقاد یا خدا پر صبر اور قناعت رکھنے کي آزمایش بھي مراد لي جاتي ھی اسلیئے اس مقام پر اُردو مترجم نے امتحان ترجمہ کیا *

بعض لوگ خیال کرتے ھیں کہ یہہ امتحان اس مطلب سے ھوا کہ حضرت مسیح علیہ السلام اپني قوت اور طاقت شیطان کو دکھلوے جس نے آدم کو بھکایا تھا اور اسبات کو جو کہي گئي تھي کہ عورت ‖ کا تخم تیرا سر کچلیگا سچ کرکر دکھاوے مگر میں اس تفسیر کو پسند نہیں کرتا کیونکہ حضرت ابراھیم علیہ‌السلام بہت سخت امتحان میں ڈالے گئے تھے جب اُن سے کہا ¶ گیا کہ اپنے چاھتے بیٹے کو قرباني کر اور حضرت ایوب بھي بہت بڑے امتحان میں ڈالے گئے تھے جبکہ شیطان * نے اُن کے تمام مال اور اولاد اور بدن پر تسلط کیا تھا اور شیطان بخوبي جان چکا تھا کہ عورت کا تخم میرا سر کچلنے والا ھی پھر اب اُسکو جتلانے کي کیا حاجت رھي تھي مگر اسمقام پر بھي اور اُن مقاموں میں بھي جو مذکور ھوئے ان امتحانوں سے صرف یہہ مطلوب تھا کہ ان لوگوں کو اپنے خدا پر صبر اور قناعت اور اُس کي مرضي اور خوشي پر راضي اور خوش رھنا نہایت درجہ پر مستحکم ھوجاوے اور ان مصیبتوں کے اُٹھانے کے بعد جو پختگي کہ تجربہ کاري سے حاصل ھوتي ھی اور جو مدارج کہ اپنے مالک کے حکم پر راضي اور خوش رھنے سے حاصل ھوتے ھیں وہ سب حاصل ھوں کیونکہ خدا جسے ‡ پیار کرتا ھی اُس کو تنبیہہ دیتا ھی جسطرح باپ اُس بیٹے کو جس سے وہ خوش ھی *

---

† دیکھو متی ۴:۲۰ — ۴ —

‡ رائسن مطبوعہ سنہ ۱۸۳۷ ع صفحہ ۳۳ —

§ خروج ۱۷ — ۲ —

‖ پیدایش ۳ — ۱۵ —

¶ پیدایش ۲۲ — ۱ —

* ایوب ۲ — ۱۰ —

‡ امثال ۳ — ۱۲ —

٢ جب وہ چالیس دن رات روزہ رکہہ چکا آخر بہوکا ہوا *
٣ تب امتحان کرنے والے نے اُس پاس آکر کہا کہ اگر تو خدا کا بیٹا ہی تو کہہ یے پتہر روٹی بن جاویں *
٤ پر اُسنے اُس کے جواب میں کہا کہ لکہا ہی † آدمی خالی روٹی سے نہیں ہر حکم سے جو خدا کے منہہ سے نکلتا ہی جیتا ہی *

تفسیر

(جب وہ چالیس دن رات روزہ رکہہ چکا) جو برکت خدا کی روح قدس کے اُترنے سے حاصل ہوئی تہی اُس کا شکر ادا کرنے کے لیئے یہہ روزے تہے اور اس سے پایا جاتا ہی کہ یہہ روزے تمام عیسائیوں پر فرض ہیں گو اس زمانہ کے اکثر فرقے عیسائیوں کے ان روزوں کا فرض ہونا قبول نہیں کرتے *

(امتحان کرنے والہ نے) یعنی شیطان نے ان باتوں سے شیطان کو حضرت مسیح علیہ‌السلام کا دہوکا دینا منظور تہا اس لیئے گمان ہوتا ہی کہ شیطان ایک نورانی فرشتہ کی صورت بن کر حضرت مسیح پاس آیا ہو کیونکہ شیطان ‡ بہی اپنی صورت کو نورانی فرشتہ کی صورت میں بدل ڈالتا ہی *

(اگر تو خدا کا بیٹا ہی) یعنی خدا کا پیارا اور مقبول ہی *

(یہہ پتہر روٹی بن جاوے) شیطان کی اس عجیب مکاری پر غور کرنا چاہیئے کہ چالیس دنکے درمیان میں وہ حضرت مسیح علیہ‌السلام پاس نہ آیا کیونکہ وہ جانتا تہا کہ حضرت مسیح علیہ‌السلام کو خدا نے چالیس دن تک روزہ رکہنے کا حکم دیا ہی اس درمیان میں حضرت مسیح کا دہوکے میں آنا شیطان کے خیال میں نہ تہا (گو کہ وہ کسی وقت میں بہی اُسکے دہوکہ میں نہ آسکتے تہے) اسلیئے اُس دشمن نے یہہ مکر کیا کہ جب چالیس دن پورے ہوگئے اور گویا خدا کی طرف سے بہی اب کہانے پینے کی اجازت ہوگئی اور حضرت مسیح علیہ‌السلام بہوکے بہی ہوئے اُسوقت یہہ مکار آیا اور کہا کہ اگر تم خدا کے پیارے اور مقبول ہو تو بہوک میں دیر کیوں کرتے ہو ان پتہروں کو کہو کہ روٹی بن جاویں اس میں قریب یہہ تہا کہ حضرت مسیح علیہ‌السلام کا اس بات سے یقین توڑے کہ انسان کی زندگی خدا پر منحصر نہیں ہی بلکہ ظاہری اسباب پر یعنی کہانے پینے پر موقوف ہی مگر خدا نے روح قدس کی تائید سے حضرت مسیح علیہ‌السلام کو اُس مکار کے مکر میں آنے نہ دیا اسلیئے حضرت مسیح نے ایسے اضطرار کے حال میں بہی اُسی کامل یقین سے جوابدیا کہ انسان کی زندگی روٹی سے نہیں ہی بلکہ خدا کے حکم سے ہی *

† استثنا ٨ — ٣ — ‡ ٢ کارنتہین ١١ — ١٤ —

(هر حکم سے جو خدا کے منهه سے نکلتا هی) اُردو مترجم نے جس لفظ کا حکم ترجمه کیا هی وہ انگریزي ترجمه میں ورد هی اور ورد کا ٹهیک ترجمه لفظ یا کلمه هی اور یهه هي یهاں مراد هی *

یهه جواب حضرت مسیح علیهالسلام نے کتاب استثنا باب ۸ ورس ۳ سے اخذ کیا هی اور وہ ورس یهه هی " اور اُسنے تجهے عاجز کیا اور تجهے بهوکا رکها اور وہ من جسے تو نجانتا تها اور نه تیرے باپ دادے جانتے تهے تجهے کهلایا تاکه وہ تجهے سکهلا دے که آدمي فقط روٹي هي کهانے سے جیتا نهیں رهتا بلکه هر ایک بات سے جو خدا کے منهه سے نکلتي هی جیتا رهتا هی " *

اب سمجهو که هم مسلمان کلمات الله اُن چیزوں کو کهتے هیں جنکو خود خدا نے بغیر کسي ظاهري سبب کے نیست سے هست کیا هو اور یهي معني اُس جگهه لیئے گئے هیں کیونکه الله تعالی نے بني اسرائیل پر بغیر کسي ظاهري سبب کے من اُتارا تها اور اُسیکو الله تعالی نے فرمایا که آدمي هر بات سے جو خدا کے منهه سے نکلتي هی جیتا رهتا هی اسیطرح حضرت مسیح نے فرمایا که جو خدا کي مرضي هی اُس پر میں راضي هوں اگر خدا کو اس بهوک سے مجهے بچانا اور میري زندگي رکهني منظور هی تو کچهه روٹي پر موقوف نهیں هی بلکه وہ هر کلمه سے یعني هر چیز سے جو بلا ظاهري سبب کے وہ پیدا کرسکتا هی وہ جلا سکتا هی *

یهه وہ معني تهے جو اس ورس کے ظاهري الفاظ سے نکلتے تهے مگر حقیقت میں حضرت مسیح نے یهه نهیں فرمایا که الله تعالی میرے کهانے اور میري زندگي رکهنے کے لیئے خود کوئي چیز بلا کسي ظاهري سبب کے پیدا کردیگا جیسیکه من پیدا کردیا تها بلکه اصلي معني یهه هیں که آدمي کي زندگي کسي کهانے پینے کي چیز پر موقوف نهیں هی بلکه صرف خدا پر موقوف هی پهر جو بات اُسکے منهه سے نکلتي هی اُس سے وہ جیتا هی خواہ وہ کهانیکي چیز هو یا نهو چنانچه اُس جنگل میں کوئي چیز الله تعالی نے حضرت مسیح علیهالسلام کے کهانے کے لیئے پیدا نهیں کي بلکه خود اپنے آپ زندہ رکها اور صرف † فرشتوں کو حضرت کي خدمت کو بهیجا *

---

۵ اُس وقت شیطان اُسي شهر مقدس ‡ میں لیگیا اور بڑي عبادت گاہ کے کنگرے پر کهڑا کرکے اُس سے کها *

۶ اگر تو خدا کا بیٹا هی تو آپ کو نیچے گرادے که یوں لکها هی § وہ اپنے فرشتوں کو تیرے لیئے حکم کریگا اور وے تجهے هاتهوں پر اُٹهالینگے تا ایسا نهو که تیرا پاؤں پتهر پر لگے *

---

† متی ۴ — ۱۱ —
‡ باب ۲۷ — ۵۳ —
§ زبور ۹۱ — ۱۱ —

۷ تب یسوع نے اُس سے کہا یہہ بھی لکھا ہی † کہ تو اللہ کو جو تیرا خدا ہی امتحان مت کر *

تفسیر

(اُسوقت شیطان) یعنی خدا کی یہہ مرضی تھی کہ جو امتحان حضرت مسیح علیہ‌السلام کا ہونا ہی وہ سب پورا ہو اسلیئے شیطان جو مجسم ہوکر آیا تھا حضرت مسیح کے ساتھہ ساتھہ ہوکر یروشلیم میں آیا *

(شہر مقدس) یعنی یروشلیم یہودی اس شہر کو تعظیماً اسی نام سے پکارتے تھے *

(بڑی عبادت گاہ کے کنگرے پر) بعضے لوگ اُس سے فصیل مراد لیتے ہیں اور بعضی اُس مکان سے مراد رکھتے ہیں جو ہیرود نے عبادت خانہ کے باہر بنایا تھا اور بیتل منت کے نام سے مشہور تھا یہہ مکان نہایت اونچا تھا کہ اس پر چڑھکر اگر نیچے دیکھیں تو انکھونمیں اندھیرا آجاتا تھا *

(خدا کا بیٹا ہی) اس ورس سے بخوبی واضح ہوتا ہی کہ خدا کے بیٹے سے پیارا بندہ مراد ہی کیونکہ جو ورس شیطان نے حضرت مسیح علیہ‌السلام کے سامنے پیش کیا وہ نیک اور مقبول بندوں کے حق میں ہی *

(یوں لکھا ہی) شیطان نے اس مقام پر زبور ۹۱ ورس ۱۱ و ۱۲ پر استدلال کیا جب اُس نے دیکھا کہ حضرت مسیح علیہ‌السلام نے اُس کے پہلے دھوکے کو خدا کے کلام سے رد کیا تو اُس نے دوسرے دھوکہ کو ظاہر میں کلام الہی سے آراستہ کرکر پیش کیا تاکہ اس ملمع سے پورے دھوکہ میں آجاویں *

زبور میں لکھا ہی ‡ کہ " تجھپر کوئی آفت نہ آویگی اور کوئی وبا تیرے مسکن کے پاس نہ پہونچے گی کیونکہ وہ تیرے لیئے اپنے فرشتوں کو حکم کریگا کہ وے تیری سب راہوں میں تیری نگہبانی کریں کہ وے تجھے اپنے ہاتوں پر اُٹھالینگے تا نہو کہ تیرے پانوں کسی پتھر پر لگیں " *

یہہ تمام زبور اس مضمون پر ہی کہ جو اللہ کا پیارا بندہ اپنے سب کاموں میں خدا پر توکل کرتا ہی اور اُسی کا بھروسا رکھتا ہی تو خدا تعالی ہربات سے اُس کی نگہبانی کرتا ہی ۔ اس کا مدعا یہہ تھا کہ جو قدرتی حفاظتیں اور تدبیریں اللہ تعالے نے انسان کے لیئے بنائی ہیں اُن سب کو اُسیطرح قایم رکھنا چاهیئے اور یہہ نہ سمجھنا چاهیئے کہ ہماری تدبیر سے وہ کام درست ہوا بلکہ خدا پر توکل کرنا اور بھروسا رکھنا چاهیئے کیونکہ اللہ تعالی ہر بات سے اُسکی نگہبانی کریگا ۔ شیطان نے اس اصلی مطلب کو خراب کر فریب دینا چاہا تاکہ

† استثنا ۶ – ۱۶ –
‡ زبور ۹۱ – ۱۰ , ۱۱ , ۱۲ –

حضرت مسیح علیہ السلام خلاف اِس حکم کے ظاہری اسباب حفاظت کے جو اللہ تعالی نے اپنی قدرت سے بنائے ہیں اور جنکا قایم رکھنا عین خدا کی مرضی ہی توڑکر اپنے تئیں نیچے گرادیں مگر حضرت مسیح علیہ السلام روح قدس کی تائید سے اُسکے فریب میں نہ آئے *

(یہہ بھی لکھا ہی کہ تو اللہ کو) حضرت مسیح علیہ السلام نے جواب دیا کہ یہہ بات سچ ہی کہ اللہ تعالے اپنے پیارے بندوں کی ہر طرح حفاظت کرتا ہی مگر یہہ بھی لکھا ہی کہ خدا کا امتحان نکرنا چاہیئے - حضرت مسیح نے اُس جواب کو کتاب استثنا کے باب ۶ ورس ۱۶ سے اخذ کیا ہی اور وہ ورس یہہ ہی "تم خداوند اپنے خدا کو مت آزمائیو جیسا تمنے اُسے متسا میں آزمایا" پس قدرتی اسباب حفاظت کو توڑنا اور خدا کو آزمانا نہیں چاہیئے *

امتحان کا لفظ جبکہ خدا کی طرف سے بندہ پر نسبت کیا جاوے تو اُس سے یہہ مراد ہوتی ہی کہ جس عالی رتبہ میں وہ بندہ ہی اُس میں اور زیادہ بلندی رتبہ کی حاصل کرے مگر خدا کی طرف اُس لفظ کا نسبت کرنا نہایت بری بات ہی اور خدا تعالی پر بھروسا نرکھنا ہی *

---

۸ پھر شیطان اُسے ایک بڑے اونچے پہاڑ پر لیگیا اور دنیا کی تمام بادشاہت اور اُسکی شوکت اُسے دکھلا کے کہا *

۹ کہ اگر تو گرکے مجھے سجدہ کرے تو میں یہہ سب کچھہ تجھے دوں *

۱۰ تب یسوع نے اُس سے کہا اے شیطان دور ہو کہ یہہ † لکھا ہی تو اُس کو جو اللہ تیرا خدا ہی سجدہ کر اور فقط اُسکی بندگی کر *

۱۱ تب شیطان نے اُسکو چھوڑا اور دونہیں فرشتوں ‡ نے آکر اُسکی خدمت کی *

تفسیر

(اونچے پہاڑ پر) بعضے لوگ خیال کرتے ہیں کہ یہہ پہاڑ کوارن‌تونیا کا پہاڑ تھا *

(دنیا کی تمام بادشاہت) بعضے آدمی یہہ شبہہ کرتے ہیں کہ اگر شیطان نے حضرت مسیح علیہ السلام کو تمام دنیا کی بادشاہت بوسیلہ اپنی اُس طاقت کے دکھائی تھی جو خدا نے اُسکو دی ہی تو اونچے پہاڑ پر لیجانا کیا معنی ہیں اور اگر اونچے پہاڑ پر اسلیئے لے گیا تھا کہ وہاں سے تمام دنیا دکھائی دے تو یہہ غلط ہی کیونکہ کسی پہاڑ پر سے تمام دنیا نہیں دکھائی دے سکتی علی الخصوص دنیا کے نصف اُس حصہ کا جو نیچے ہی دکھائی دینا ممکن نہیں ہی پھر کیونکر اُسنے تمام دنیا حضرت مسیح علیہ السلام کو دکھائی *

مگر یہہ شبہہ محض بیجا ہی اس سے یہہ مطلب نہیں ہی کہ اُس نے تمام دنیا

---

† اشعیاء ۴۲ — ۸ ۱۰ — ۲۰ ۱ سموئیل ۷ — ۳

‡ مارک ۱ — ۱۳ لوک ۳ — ۲۰

بعینہ اور بجسمہ اُسوقت دکھلائی تھی بلکہ یہہ مطلب ھی کہ اونچے پہاڑ پر لیجا کر اور جہاں تک کہ جنگل اور پہاڑ اور سمندر اور دریا اور ملک اور آبادیاں دکھائی دیتی تھیں اُن سب کی طرف اشارہ کر کر کہا کہ یہہ تمام دنیا جو اسطرح کی ھی سب تجھکو دونگا اُس مطلب کو مقدس متی نے اسطرح پر بیان کیا کہ تمام دنیا کی بادشاھت دکھلائی *

(اگر تو گر کے مجھے سجدہ کرے) جبکہ شیطان نے دیکھا کہ حضرت مسیح اُسوقت بھی جبکہ نہایت بھوکے تھے فریب میں نہ آئے اور اُنہوں نے اُس سختی کی حالت میں بھی خدا پر اپنا یقین رکھا اور جو دھوکہ خدا پر یقین رکھنے کا اُسنے دیا تھا اُس میں بھی نہ آئے تب اُسنے ایک اور بڑی ترغیب پیش کی اور اُسکی عوض میں نہایت سخت اور بہت بڑی گمراھی کا طالب ھوا مگر اُستے جو ایسی اتنی بڑی جھوٹی طاقت ظاھر کی کہ تمام دنیا کی بادشاھت دونگا جو نہ کسی آدمی کے اختیار میں ھی نہ کسی فرشتہ کے اسلیئے حضرت مسیح علیہ السلام نے جان لیا کہ یہہ مکار شیطان ھی اور نہایت حقارت سے اُسکو جھڑکا اور فرمایا کہ او شیطان دور ھو *

(یہہ لکھا ھی تو اُسکو جو اللہ تیرا خدا ھی سجدہ کر اور فقط اُسیکی بندگی کر) *

یہہ جواب حضرت مسیح علیہ السلام نے تین مقام سے اخذ کیا ھی اول کتاب استثنا کے باب ۲ ورس ۱۳ و ۱۴ سے اور وہ ورس یہہ ھیں " تو خداوند اپنے خدا سے ڈرا کر اور اُسکی بندگی کیا کر اور اُسکے نام کی قسم کھایا کر . تم اور معبودوں یعنی قوموں کے معبودوں میں سے جو تمہارے آس پاس ھیں پیروی نکیجیو *

دوم کتاب استثنا باب ۱۰ ورس اور وہ ورس یہہ ھی " تو خداوند اپنے خدا سے ڈرتا رہ اُسی کی بندگی کر اور اُسی سے لپٹا رہ اُسیکے نام کی قسم کھا " *

سوم کتاب اول سموئیل باب ۷ ورس ۳ و ۴ اور وہ ورس یہہ ھیں *

" تب سموئیل نے اسرائیل کے سارے گھرانے کو کہا کہ اگر تم اپنے دلوں سے خداوند کی طرف پھرو تو اُن اجنبی معبودوں کو اور عستارات کو اپنے درمیان سے نکال پھینکو اور خداوند سے دل لگاؤ اور اُسی اکیلے کی عبادت کرو کہ وہ فلستیوں کے ھاتھہ سے تمہیں نجات بخشیگا . اور بنی اسرائیل نے بعلیم اور عستارات کو نکال پھینکا اور اکیلے خداوند کی بندگی کرنے لگے " *

حضرت مسیح علیہ السلام کے جواب سے پایا جاتا ھی کہ شیطان نے جو سجدہ کرنے کو کہا تھا تو الہیہ پرستش کے مطلب سے کہا تھا یعنی جس طرح خدا کو اللہ اور معبود حقیقی سمجھکر بطریق عبادت سجدہ کیا جاتا ھی اُسی طرح پر حضرت مسیح اُس ملعون کو سجدہ کریں اسواسطے حضرت نے جواب دیا کہ ایسا سجدہ اور بندگی صرف خدا ھی کے واسطے ھی ان تمام ورسوں سے بخوبی روشن ھی کہ حضرت مسیح علیہ السلام خدا نہ تھے

علاوہ اسکے ایک اور عمدہ دلیل اس ورس سے یہہ پائی جاتی ہی کہ جو پرستش اور بندگی صرف خدا کے لیئے ہی وہ دوسرے کسی کے لیئے نہیں کی جاتی کیونکہ اگر اسکے لیئے کی جاوے تو اسکو خدا کے مرتبہ کی برابر ٹھہرانا ہی ۔ بت پرستی جو گناہ ہی اسکا اصلی سبب یہی ہی کہ ایک حقیر چیز کو ایسی پرستش اور بندگی سے جو خدا کے لیئے ہی خدا کی برابر مانا جاتا ہی اب غور کرنا چاہیئے کہ تمام عہد عتیق اور چاروں انجیلوں میں جابجا خدا کی الہیہ پرستش اور اسکو معبود حقیقی جانکر اسکی بندگی کرنے کا حکم ہی ۔ مگر کسی مقام پر حضرت مسیح علیہ السلام کی نسبت یہہ حکم نہیں ہی کہ انکی الہیہ پرستش کیجاوے بعض مقام میں جو لفظ ورشپ کا آیا ہی اسکی تفسیر † ہم پہلے لکھہ آئے ہیں کہ اسکے معنی صرف الہیہ پرستش کے نہیں ہیں پس اگر حضرت مسیح علیہ السلام خدا ہوتے تو ہم بہت سی جگہہ انکے لیئے بھی الہیہ پرستش کا حکم پاتے *

اب ہم مسلمانوں کو اس ورس سے نصیحت پکڑنی چاہیئے کہ بجز ایک خدا کی پرستش اور بندگی کرنے کے ۔ اور کوئی طریق اور کوئی رستہ شیطان کے بہکانے کا جو ہمارا جنم سے سخت دشمن ہی نہیں ہی الحمد للہ کہ ہم مسلمان حضرت مسیح علیہ السلام کے پورے پورے پیرو ہیں کہ جو راہ شیطان کے مغلوب کرنے کی انہوں نے بتائی اسی پر بوسیلہ اپنے نبی کے ہم چلتے ہیں آمین *

(فرشتوں نے آکر اس کی خدمت کی) بعضے لوگ فرشتوں کے آنے اور خدمت کرنے سے ایک نہایت چھوٹی بات خیال کرتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ چالیس دن رات کے روزہ رکھنے سے جو شدت بھوک کی حضرت مسیح علیہ السلام کو تھی اس لیئے کچھہ خوراک مہیا کرنے اور جو تکلیف کہ ان دنوں میں ہوئی تھی اس کی عوض آرام دینے کو یہہ فرشتے آئے تھے * مگر ہم مسلمان یہہ نہیں کہتے ہم یقین کرتے ہیں کہ حضرت مسیح علیہ السلام روح اللہ تھے وہی روح ان کی زندگی تھی وہ ہر بات سے جو خدا کے منہہ سے نکلتی تھی زندہ تھے مگر وہ فرشتے آئے تھے صرف اس لیئے کہ خدا کی طرف سے جو روحانی تسلی حضرت مسیح علیہ السلام کو ہوئی تھی اور جو رضامندی کہ درحقیقت خدا تعالی کو تھی اس کو ملائکہ حضرت مسیح علیہ السلام پر ظاہر کرنے کے وہ نشان ہوں اور ایسے وقت میں خود فرشتے حضرت مسیح علیہ السلام کی خدمت بجالاکر اپنے لیئے سعادت حاصل کریں *

---

۱۲ جب یسوع نے سنا کہ یحیی گرفتار ہوا تو جلیل کو چلا گیا *

۱۳ اور ناصرت کو چھوڑکر کفرناحوم میں جو زبولون اور نفتالی کی سرحدوں میں جو دریا کے کنارے پر ہی آکر رہا *

---

† دیکھو تفسیر صفحہ ۲۰

۱۴ تا اسیطرح جو اشعیاہ نبي کي معرفت سے کہا گیا تها پورا هوا *

۱۵ کہ زبولون ‡ اور نفتالي کي زمین یعني جلیل عوام جو دریا کے کنارہ یردن پار
هي *

۱۶ اُسي زمین کے لوگوں نے جو اندهیرے میں بیٹهے تهے روشني دیکهي ‡ اور اُن پر
جو موت کے ملک اور سایے میں بیٹهے تهے روشني ظاهر هوئي *

تفسیر

(جب یسوع نے سنا) یعني بعد پورا هوچکنے امتحان کے حضرت مسیح علیہ السلام نے حضرت یحیی کا گرفتار هونا سنا کیونکه § هیرود بادشاہ نے اپنے بهائي فلپ کي جورو هیرودیا کو اپنے پاس رکها تها اور جب حضرت یحیی نے اُس کو ملامت کي تو اُس نے حضرت یحیی کو قید کردیا تها *

(جلیل) فلسطین کا ملک جہاں یهودي رهتے تهے تین حصوں پر منقسم تها اُس میں سے شمالي حصه جلیل تها اُس کي شمالي حد اینٹي لبنیس تک تهي اور شرقي حد دریائے یردن اور سمندر تک اور جنوبي حد سمریا تک اور غربي حد فنشیا تک یهه غربي حصه اوپر اور نیچے کے دو ٹکڑوں سے تمیز کیا جاتا تها اوپر کا ٹکڑا شمال کو واقع تها اور اُس کے ایک ٹکڑے میں سریا والے اور فنشیا والے اور عرب کے لوگ رهتے تهے اور اسي سبب سے وہ ٹکڑا جلیل عوام کہلاتا تها نیچے کا حصه خصوصاً تبریس کا جنگل جو سمندر کے کنارہ پر هے بهت زر ریز اور آباد تها جلیل کي حدود میں قوم اشاچار اور زبولون اور نفتالي اور ایشر رهتي تهي حضرت عیسی علیه السلام نے اسي صوبه میں پرورش پائي اور وهیں زندگي بسر کي اور حواریوں کو تعلیم کیا اور اسي سبب سے حضرت مسیح کو ‖ جلولي کہتے تهے یهودیوں اور کافروں قوموں سے جلیل کا نام حقیر هوگیا تها کیونکه وهاں ایک امیز نسل رهتي تهي اور غیر قوموں کے ملنے سے وهاں کي زبان بهي خراب هوگئي تهي انگور یهاں کا نهایت عمدہ هوتا هے *

(کفرناحوم) یهه ایک بهت بڑا شهر تها اور حضرت عیسی علیه السلام یهاں بهت رهتے تهے اسي سبب سے حضرت ¶ مسیح علیه السلام کا شهر کہلاتا تها اس شهر میں حضرت مسیح علیه السلام نے بهت سي عمدہ عمدہ نصیحتیں فرمائیں اور بهت سے معجزے دکهلائے

† [illegible]

‡ لوک ۱ — ۷۹ — ۲ — ۳۲ —

§ لوک ۳ — ۱۹ —

‖ متي ۲۶ — ۶۹ —

¶ متي ۹ — ۱ —

[illegible]

مگر یہاں کے لوگ اپنی بدبختی سے راہ پر نہ آئے تب حضرت مسیح علیہ‌السلام نے نہایت خفگی سے بد دعا کی اور فرمایا کہ " اے کفر ناحوم † تو جو آسمان تک بلند ہوئی ہی دوزخ میں گرائی جاویگی کہ اگر یے معجزے جو تجھہ میں دکہائے گئے سدوم میں دکہائے جاتے تو آج تک موجود رہتا ۔ پر میں تجھسے کہتا ہوں کہ حساب کے دن تیری سزا سے سدوم کی سزا آسان ہوگی " یہہ بددعا حضرت مسیح کی مقبول ہوگئی اور ایسا بڑا شہر جو دارالخلافہ تہا برباد ہوگیا بہر حال یہہ شہر تیبریس کے سمندر کے مغربی کنارہ پر تہا بعضی سیلح جو سنہ ۱۸۴۳ ع میں وہاں گئے تو بیس تیس عربوں کی وہاں جہونپڑیاں پائیں اس کے سوا اور کچھہ نہ پایا *

(زبولون) قوم کا نام ہی زبولون ‡ حضرت یعقوب علیہ‌السلام کے چہٹے بیٹے لیاہ کے پیٹ سے تہے اُن کی اولاد زبولون کے نام سے پکاری جاتی ہی . یہہ قوم کنعان کے اُس ضلع پر قابض تہی جو جلیل اور میڈیٹرینین یعنی بحر قلزم کے سمندروں کے درمیان میں ہی اس کی جنوبی حد پر قوم اشاچار رہتی تہی اور شمالی حد پر قوم ایشر اور نفتالی *

(نفتالی) یہہ بہی ایک قوم تہی نفتالی حضرت § یعقوب کے بیٹے کا جو بلہہ سے پیدا ہوا تہا نام ہی یہہ قوم اس ملک کے شمالی حصہ پر جو دریائے یردن کے مشرق میں اور قوم ایشر کے مغرب پر ہی قابض تہی یہہ ٹکرہ نہایت زر خیز ہی نفتالی کے حق میں بڑی برکت کی دعا دی گئی ہی اور کہا گیا ہی کہ " اے || نفتالی تو فضل سے بہرپور اور خداوند کی برکتوں سے معمور ہو تو مغرب اور جنوب کا مالک ہو " *

(اسی طرح جو اشعیاہ نبی کی معرفت کہا گیا تہا) اس پیشین گوئی کا حوالہ مقدس متی نے اشعیاہ نبی کی کتاب پر کیا ہی مگر یہہ بتانا کہ یہہ پیشین گوئی کس ورس میں ہی تہوڑی سی دقت رکہتی ہی اصل عبرانی میں جو اشعیاہ نبی کی کتاب ہی اُس میں اس پیشین گوئی کا مضمون آٹہویں باب کے تئیسویں ورس سے شروع ہوتا ہی اور نویں باب کے پہلے ورس میں ختم ہوتا ہی مگر ولگیت جو لاطینی ترجمہ ہی اُس میں اور نیز تمام انگریزی ترجموں میں آٹہویں باب میں کل بائیس ورس ہیں اور تیئیسواں ورس نویں باب میں ملادیا ہی اس سبب سے وہ پہلا ورس نویں باب کا اور نویں باب کا پہلا ورس دوسرا ورس ہوگیا ہی اس سبب سے ولگیت اور انگریزی ترجموں میں یہہ پیشین گوئی نویں باب کے پہلے اور دوسرے ورس میں ملتی ہی بہر حال ہم اُن ورسوں کو یہاں نقل کرتے ہیں مگر نشان ورسوں کا بموجب عبرانی نسخہ کے قایم رکہتے ہیں اور وہ ورس یہہ ہیں *

---

† متی ۱۱ — ۲۳ ، ۲۴ ـ

‡ پیدایش ۳۰ — ۲۰ ـ

§ پیدایش ۳۰ — ۸ ـ

|| استثنا ۳۳ — ۲۳ ـ

« لیکن † وهاں اندهیرا نرهیگا جهاں اب تنگي هی جیسا اگلے زمانه نے زبولون کي سرزمین کو اور نفتالي کي سرزمین کو ذلیل کیا ویسا هي پچهلا زمانه اُس دریا کے گرد نواح یردن کے کنارے قوموں کے جلیل کو بزرگي بخشیگا » *

« وے ‡ لوگ جو اب تاریکي میں چلتے هیں بڑي روشني دیکهتے هیں اور اُن پر جو ظل موت کے ملک میں رهتے هیں نور چمکتا هی » *

بعضے لوگ یهه خیال کرتے هیں که یهه پیشین گوئي حضرت مسیح علیه‌السلام کے کفر ناحوم اور زبولون اور نفتالي میں جاکر رهنے سے کچهه مناسبت نهیں رکهتي کیونکه اشعیاه نبي نے وه پیشین گوئي احاز یهود کے بادشاه کو رصین بادشاه ارم اور افریم اور پقح بادشاه اسرائیل کے هاتهه سے بچنے کي دي هی جیسےکه آینده ورسوں § سے معلوم هوتا هی اُسکو حضرت مسیح علیه‌السلام کے اُن ملکوں میں جانے اور رهنے سے کیا علاقه هی *

مگر یهه خیال صحیح نهیں هی کیونکه یردن کے کنارے کي قوم کو بزرگي بخشنے سے وهي روحاني بزرگي مراد هی جو حضرت مسیح علیه السلام کي روشن نصیحت سے وهاں چمکي یهه لوگ تاریکي میں یعني خدا اور روحاني باتوں سے بے خبر تهے اور موت کے ملک اور سایه میں بیٹهے تهے پهر ایسے لوگوں پر بجز اُس روحاني روشني کے جو حضرت مسیح علیه السلام کے سبب چمکي اور کونسي روشني مراد هوسکتي هی *

اندهیرے میں یا موت کے ملک یا موت کے سایه میں بیٹهنا یا اور جو الفاظ اس طرح کے هوں اُنسے روحاني خرابیوں کا جتانا مراد هوتا هی کیونکه دنیا میں رهنا اور آرام کرنا صرف چند روزه هی جو پلک مارنے سے بهي پهلے ختم هوجاتا هی پهر جب آدمي کو روحاني روشني نهیں هی تو یهه دنیا کي ظاهري روشني درحقیقت اندهیرا هی اور جب روحاني زندگي نهیں هی تو دنیا میں رهنا اور جینا درحقیقت موت کے ملک اور موت کے سایه میں بیٹهنا هی *

۱۷ اُسي وقت سے یسوع نے وعظ کرنا اور یهه کهنا شروع کیا که توبه کرو || که آسمان کي بادشاهت نزدیک هی *

تفسیر

(اُسي وقت) یعني جب حضرت مسیح نے حضرت یحیی کا قید هونا سنا اور جلیل کو تشریف لے گئے اُسیوقت وعظ کرنا شروع کیا *

(توبه کرو که آسمان کي بادشاهت نزدیک هی) یعني خدا کا رحم اور فضل بندوں کے نزدیک هوا هی اب یهه وقت هی که اُسکے بندے توبه کریں اور خدا کي بادشاهت میں

† اشعیاه ۸ — ۲۳ —
‡ اشعیاه ۹ — ۱ —
§ دیکهو اشعیاه ۹ — ۳ —
|| باب ۳ — ۲ — مارک ۱ — ۱۵ —

داخل ہوں اس مقام سے ہم مسلمان استدلال کرتے ہیں کہ بموجب قول حضرت مسیح علیہ السلام کے بھی صرف توبہ سے گناہ معاف ہوتے ہیں گناہوں کی معافی کے لیئے بجز دلی توبہ کے اور کسی چیز کی درکار اور ضرورت نہیں ہی *

۱۸ جسوقت کہ یسوع دریاے جلیل کے کنارے پر چلا جاتا تھا اُسنے دو بھائیوں کو جو مچھلی کے شکار کرنے والے تھے یعنی شمعون † جو پیٹر کہلاتا ہی اور اُسکے بھائی اندریاہ کو دریا میں جال ڈالتے ہوئے دیکھا *

۱۹ اور اُسنے اُنسے کہا کہ میرے پیچھے چلے آؤ میں تمھیں آدمیوں کا شکار کرنے والے بناؤنگا ‡ *

۲۰ تب وے اُسیوقت جالوں کو چھوڑ کر اُسکے پیچھے چلے *

تفسیر

(دریاے جلیل) اس سے وہ سمندر مراد ہی جو صوبہ جلیل میں واقع ہی *

(شمعون جو پیٹر کہلاتا ہی) انگریزی ترجموں میں شمعون کو سایمن لکھتے ہیں یہہ بیٹے § ہیں جونا یعنی یونس کے اور رہنے والے ہیں بیتسیدا کے پیٹر جسکے معنی پہاڑ کے ہیں رومی لفظ ہی جب یہہ حواری مقرر ہوئے تو انکو یہہ لقب || دیا گیا تھا انہی کی ساس کو حضرت عیسی علیہ السلام نے سخت بیماری ¶ سے اچھا کیا تھا سب سے پہلے یہی حضرت عیسی علیہ السلام پر ایمان لائے تھے اور حضرت عیسی سے بہت محبت رکھتے تھے اور اُسی محبت کے جوش میں ان سے وہ کلمہ * نکل گیا تھا جسپر حضرت عیسی خفا ہوئے تھے جب مصیبت کا وقت آنیکو تھا تو بہت سے مرید حضرت عیسی سے پھر گئے. مگر پیٹر نے کہا کہ ہم آپ کو چھوڑ کر ⸸ کہاں جاوینگے انہوں نے نہایت مضبوطی سے حضرت مسیح علیہ السلام سے کہا کہ میں آپکے لیئے †† اپنی جان نثار کرونگا مگر وہ بات تین دفعہ انکار ‡‡ حضرت مسیح کی جو انسے ظہور میں آئی وہ صرف مقتضاے بشریت تھی مگر حضرت مسیح علیہ السلام کی جو عنایت ان پر تھی وہ انکے بڑے عالی درجہ ہونے پر دلالت کرتی ہی حضرت

† مارک ۱ — ۱۶ لوک ۵ — ۳ —

‡ لوک ۵ — ۱۰ —

§ میتھیو ۱۶ — ۱۷ —

|| یوحنا ۱ — ۴۲ میتھیو ۱۶ — ۱۸ —

¶ متی ۸ — ۱۴ مارک ۱ — ۲۹ لوک ۴ — ۳۸ —

* میتھیو ۱۶ — ۲۳ و ۲۴ —

⸸ یوحنا ۶ — ۶۷ لغایت ۶۹ —

†† یوحنا ۱۳ — ۳۷ —

‡‡ یوحنا ۱۸ — ۱۷ و ۲۵ و ۲۶ —

مسیح علیہ السلام † کے پہلوٹھے فرزند ہونیکا مرتبہ نہایت شان دار ہی اُسیکا نتیجہ تھا کہ حضرت مسیح نے انسے تین دفعہ ‡ فرمایا کہ تو میری بھیڑ بچوں کو چرا گویا حضرت مسیح نے اپنے بعد انکو اپنا نائب کیا یہہ وہ مرتبہ ہی کہ کسی دوسرے کو نصیب نہیں ہوا انہوں نے وعظ کرنے اور حضرت مسیح علیہ السلام کی انجیل پھیلانے میں بڑی کوشش کی اور کئی دفعہ سخت سخت مصیبتوں میں گرفتار ہوئے اور آخر کار سنہ ۶۵ ع میں اپنی بی بی سمیت روم میں شہید ہوئے اور حضرت مسیح علیہ السلام پر اپنی جان نثار کی *

(اندریاہ) یہہ بھی حضرت عیسی علیہ‌السلام کے حواری اور شمعون پطرس کے § بھائی ہیں حضرت یحیی علیہ‌السلام کے مریدوں میں تھے جب حضرت مسیح علیہ‌السلام پر روح قدس نازل ہوئی تو آپ کے پیرو ہوئے اور انجام تک آپ ہی کی پیروی میں رہے یہاں تک کہ اُسی بات پر انجام کو شہید ہوئے *

(میرے پیچھے چلے آؤ) یعنی میری اطاعت کرو اور مجھہ پر ایمان لاؤ اور مجھہ میں آؤ کہ یہہ کام دنیا کے کاموں سے بہتر ہی *

(آدمیوں کا شکار کرنے والے) یعنی آدمیوں کو خدا کی طرف یا حضرت مسیح علیہ‌السلام کی طرف یا اپنی طرف کھینچنے والے بناؤنگا ان تینوں باتوں کا نتیجہ ایک ہی حواریوں میں آنا حضرت مسیح علیہ‌السلام میں آنا ہی اور حضرت مسیح علیہ‌السلام میں آنا خدا میں آنا ہی پھر زہے قسمت اُس شخص کی جسکا خدا صیاد اور وہ خدا کا شکار ہو

ناوک نے تیرے صید نچھوڑا زمانے میں * تڑپے ہی مرغ قبلہ نما آشیانے میں

(جالوں کو چھوڑ کر اُس کے پیچھے ہو لیئے) یعنی یہہ بات سنتے ہی حضرت مسیح علیہ‌السلام کے کلام نے جو روح قدس سے بھرپور تھا اُن کے دل پر اثر کیا اور فی‌الفور وہ ایمان لائے اور حضرت مسیح علیہ‌السلام کے پیچھے ہو لیئے ہم مسلمانوں کے اعتقاد میں اصل ایمان یہی ہی جو حواریوں کو حاصل ہوا بغیر اسکے کہ وہ کوئی معجزہ دیکھیں صرف حضرت مسیح علیہ‌السلام کی بات کو دل و جان سے قبول کیا اور روحانی سچائی حاصل کی انہی لوگونکے حق میں اللہ تعالی قران مجید میں فرماتا ہی کہ جب مینے دلمیں ڈالا حواریونکے کہ مجھہ پر ایمان لاؤ اور میرے پیغمبر پر یعنی عیسی پر بولے ہم ایمان لائے اور اے عیسی تو گواہ رہ کہ ہم ایمان والے ہیں *

سورہ مائدہ آیت ۱۱۲
و اذ اوحیت الی الحواریین ان آمنوا بی وبرسولی قالوا امنا و اشہد باننا مسلمون *

† مطلب یہ ہی کہ پطرس [illegible] حضرت مسیح پر سب سے پہلے ایمان لائے تو گویا وہ پہلوٹھے فرزند ہوئے
‡ یوحنا [illegible] ۱۵ و ۱۶ و ۱۷ *
§ متی [illegible] ۱۸ [illegible] ۲۰ مارک [illegible] ۲۰ یوحنا ۱ [illegible] ۴۵ [illegible] ۴۴ [illegible] ۸ [illegible] ۱۲ [illegible] ۲۲ [illegible] *

۲۱ اور اُس نے وھاں سے آگے بڑھکر دو بھائیوں † یعنی زبدی کے بیٹے یعقوب اور اُسکے
بھائی یوحنا کو اپنے باپ کے ساتھہ کشتی پر بیٹھے ھوئے اپنے جال مرمت کرتے دیکھا اور اُن
کو بلایا *

۲۲ تب وے ‡ اُسی وقت کشتی اور اپنے باپ کو چھوڑکر اُس کے پیچھے چلے *

تفسیر

یعقوب ابن زبدی جن کو جمس اول بھی کہتے ھیں حضرت عیسی علیہ‌السلام کے حواری ھیں مچھلی پکڑنے کا پیشہ کرتے تھے حضرت مسیح علیہ‌السلام سے ملتے ھی روح قدس کی تاثیر ھوئے اور فی‌الفور ایمان لائے انجیل کے پھیلانے میں نہایت گرمجوش تھے حضرت § مسیح علیہ‌السلام نے ان کے شہید ھونے کی خبر دی تھی چنانچہ وہ پوری ھوئی || اور سنہ ۴۴ ع یا سنہ ۱۸۴۴ ع میں ھیرود نے آپ کو شہید کروا ڈالا *

یوحنا ابن زبدی جنکو جان بھی کہتے ھیں یہہ بھی حضرت عیسی علیہ‌السلام کے حواری ھین اور حضرت یحیی علیہ‌السلام پر بھی ایمان لائے تھے اور بعضی کہتے ھیں کہ اُنکے بھتیجے بھی تھے یہہ بھی حضرت عیسی علیہ‌السلام پر روح قدس کی مدد سے فی‌الفور ایمان لائے یروشلیم میں اکثر رھا کرتے تھے اور جب تک حضرت مریم زندہ رھیں اُن کی خدمت کیا کیئے اور پھر ایشیا صغیر میں وعظ کہنا شروع کیا اور بمقام پتمس یعنی پیٹمس جو ایجین سمندر میں واقع ھی ¶ جلا وطن کیئے گئے وھیں اُنھوں نے اپنے مکاشفات لکھے ھیں اور سنہ ۹۹ ع یا سنہ ۹۷ ع میں اُنھوں نے اپنی انجیل لکھی اور تین نامہ بھی ان کے لکھے ھوئے ھیں آخرکار نوے برس کی عمر میں بعہد سلطنت تریجن اس جہان فانی سے انتقال فرمایا *

۲۳ یسوع ساری جلیل میں پھرتا ھوا اُن کی عبادت گاھوں میں نصیحت کرتا * اور
خدا کی بادشاھت کی خوش خبری سناتا اور لوگوں کے ھر طرح کا مرض اور ھر طرح کی
بیماری کو دفع کرتا رھا *

۲۴ اور تمام سریا میں اُس کی شہرت ھوئی اور اُن سب بیماروں کو جو بہت طرح کے
مرض اور آفتوں میں گرفتار تھے اور دیوانوں کو اور مصروعوں کو مفلوجوں کو اُس کے پاس لائے
اور اُس نے اُن سبھوں کو چنگا کیا *

† مارک ۱ — ۱۹ ؛
‡ ارک ۵ — ۱۱ ؛
§ ارک ۲۱ — ۱۹ ؛
|| اعمال ۱۲ — ۲ ؛
¶ مکاشفات ۱ — ۹ ؛
متی ۹ — ۲۵ ؛ مارک ۱ — ۲۹ ؛

۲۵ اور بہت سی † جماعتیں جلیل اور دکاپلی اور یروشلیم اور یہودیا اور یردن کے پار سے اُس کے پیچھے چلیں *

تفسیر

(خدا کی بادشاہت) خدا کی بادشاہت کی خوشخبری سنانے سے انھوں کا وعظ کرنا اور اُس حقیقی بادشاہ کی شان اور جلال کا بتانا اور جو خدا کی بادشاہت تمام اُس کی مخلوقات پر ہی اُس کی خوشخبری دینا مراد ہی *

(سوریا) پہلے دارالخلافہ بادشاہت اسیریا کا نینوا تھا جب بیبلن یعنی بابل میں دارالخلافہ ہوا تو ببلونیا اور کیلدیا دونوں ملکر ایس سریا کہلاتے تھے ان دونوں مقاموں میں دو وسیع ولایتیں تھیں جو دریاے یوفریٹیز یعنی فراط کے دونوں طرفوں پر واقع تھیں بعد اس کے جو ملک کہ دریا کے پار تھا اُسکا ‡ نام پار کا ارام ہوا اور جو دریا کے اسطرف تھا اُسکا نام وار کا ارام ہوا پار کے ارام کا یونانیوں نے ایس سریا نام رکھا تھا اور وار کے ارام کا سریا نام رکھا تاکہ دونوں میں تمیز ہو پہلے پہل سریا کا دارالخلافہ زوبا تھا § پھر ڈیمسکس یعنی دمشق دارالخلافہ ہوا سریا کی شمالی حد سمندر مڈیٹریفین یعنی دریاے قلزم اور دریاے سلنس سے دریاے یوفریٹیز تک تھی اور جنوبی حد پہاڑ ٹارس سے عرب اور مصر کے کنارہ تک تھی اور یہہ سریا دو حصوں میں منقسم تھی نیچے کا جنوبی حصہ پلسیطین کہلاتا تھا اور اُس میں کنعان اور فنیشیا اور کولی سریا واقع تھی جو پہاڑ لبینن کے دونوں کناروں اور شمالی سریا کے درمیان میں ہی اور اس کے سوا جو ملک شمال میں تہا وہ اپر سریا یعنی اوپر کا سریا یا شمالی سریا کہلاتا تھا اور کولی سریا کو بالتخصیص سریا کہا کرتے تھے ان صوبجات کے بادشاہ بنی اسرائیل سے اکثر لڑا کرتے تھے *

دکاپلی جسکو دکی پولس بھی کہتے ہیں سریا کا ایک حصہ ہی جو سمندر جلیل کے مشرق پر واقع ہی اور یہودیا کا ایک صوبہ ہی اس صوبہ میں دس شہر تھے اور اُنہی شہروں سے اس کا یہہ نام ہوا تھا اور ان شہروں میں غیر ملک کے لوگ یعنی یونانی وغیرہ آباد تھے یہودی آباد نہ تھے *

(یردن کے پار) یہہ ایک علاحدہ ملک ہی جو پیریا بھی کہلاتا ہی *

(اُس کے پیچھے چلیں) یعنی حضرت مسیح علیہ‌السلام کی شہرت بہت جلد ان تمام ملکوں میں اور یروشلیم میں بھی جہاں وہ اب تک تشریف نہیں لے گئے تھے ہوگئی اور ان ملکوں کے بہت سے لوگوں نے آنکر حضرت مسیح علیہ‌السلام کی پیروی کی *

† مارک ۳ — ۷ و ۸ ء
‡ ۲ سموئیل ۱۰ — ۱۶ ء
§ ۱ تواریخ ۷ — ۸ ء

پانچواں باب

۱ پہاڑ پر مسیح کا وعظ کرنا ۳ بیان کرنا کہ مبارک کون ہی ۱۳ شاگردوں کا نمک اور روشنی کی مانند ہونا ۱۷ خدا کے حکم پورا کرنے کو مسیح کا آنا ۲۱ قتل اور غصی سے منع کرنا ۲۷ زنا سے منع کرنا ۳۳ ہر بات میں قسم کرنے سے منع کرنا ۳۸ ظلم سے صبر کرنا ۴۳ اور دشمنوں کو دوست رکھنا ۔

۱ یسوع جماعتوں کو دیکھہ کر ایک پہاڑ پر چڑہ بیٹھا اور اُس کے مرید اُس پاس آئے ٭

۲ تب وہ نصیحت کے طور پر اُن سے کہنے لگا ٭

(ایک پہاڑ پر چڑہ بیٹھا) کفر ناحوم کے قریب دریاے جلیل اور دیبر پہاڑ کے شمال کو بتی دیوتز ایک ٹیلہ پہاڑ کا ہی وہاں حضرت عیسی علیہ‌السلام جاکر بیٹھے یہودی معلموں کا قاعدہ تھا کہ وہ † بیٹھہ کر وعظ اور نصیحت کیا کرتے تھے اُسی قاعدہ کے موافق حضرت مسیح علیہ‌السلام نے بھی بیٹھہ کر نصیحت فرمائی ٭

(نصیحت کے طور پر اُن سے کہنے لگا) یہہ وعظ حضرت مسیح علیہ‌السلام کا سرمن ان دی مونٹ کہلاتا ہی یعنی پہاڑ پر کا وعظ یہہ نصیحت ایک نہایت نورانی بلا آمیزش دلیلوں کی تاریکی کے بہت صاف صاف ہی جسکا اثر آدمی کی روح میں پہرا جاتا ہی ۔ نیک دل آدمی جب اس وعظ کو پڑہتا ہی تو اب بھی وہی نورانی روشنی پاتا ہی جس سے اُس کا دل یقین کرتا ہی کہ یہہ وہی روح‌القدس کا اثر ہی جو ابتک ان لفظوں میں رکہا ہوا ہی ٭

دلیلوں سے کسی بات کو ثابت کرنا البتہ مخاطب کو ساکت کرتا ہی اور اُس کی عقل کو مغلوب کرتا ہی مگر وہ بات جو روح پر اثر دے اور دلمیں پیٹھی جاوے وہ کچھہ محتاج دلیلوں سے ثابت کرنے کی نہیں ہوتی وہ بات ہی اپنی سچائی کی آپ دلیل ہی اسیواسطے حضرت مسیح علیہ‌السلام نے اپنی نصیحت کو دلیلوں کی آمیزش سے بالکل پاک اور صاف رکہا ہی ۔

زعشق نا تمام ما جمال یار مستغنی است
بہ آب و رنگ و خال و خط چہ حاجت روے زیبارا

مگر بعض لوگ اس وعظ پر یہہ اعتراض کرتے ہیں کہ یہہ نصیحت حضرت مسیح علیہ‌السلام کی اگلی کتابوں سے لی ہوئی ہی اکثر حصہ اس کا زبور اور اشعیاہ نبی کی کتاب سے ماخوذ ہی اگر حضرت مسیح علیہ‌السلام خود خدا ہوتے یا روح قدس سے مؤید ہوتے تو وہ اگلی کتابوں کی باتوں کو اپنا وعظ کہہ کر نہ بیان کرتے بلکہ اپنی طرف سے نئی بات بتاتے ٭

---

† لوک ۴ – ۲۰ ، ۲۱ ۔

مگر یہہ ایک بیہودہ خیال ہی یہہ تو ہم خود کہتے ہیں کہ حضرت مسیح علیہ‌السلام خدا تو نہ تھے مگر اس سے یہہ خیال کرنا کہ وہ مؤید بروح‌القدس بھی نہ تھے محض بیجا ہی ہم بارہا سمجھاتے آئے ہیں کہ تمام انبیا علیہم‌الصلوات‌والسلام ایک دین پر تھے سب کی وعظ اور نصیحت کا ایک نتیجہ تھا استمام پر حضرت مسیح علیہ‌السلام نے وہ اعلی اور عمدہ نتیجے بیان فرمائے ہیں جس کے لیئے تمام انبیاء آئے اور یہی نصیحت کرتے رہے اور یہی اخلق بتاتے رہے پھر ضرور تھا کہ حضرت مسیح علیہ‌السلام کی نصیحت اُس کے مطابق ہو *

---

۳ مبارک وے † ہیں جو دل میں بے غرور ہیں کہ آسمان کی بادشاہت اُنہوں کی ہی *

تفسیر

حضرت ‡ اشعیاہ علیہ‌السلام نے فرمایا " خداوند فرماتا ہی لیکن میں اُس شخص پر نگاہ کرونگا جو غریب اور فروتن اور میری بات سے لرزاں ہی " یہہ نصیحت حضرت مسیح علیہ‌السلام کی اسکے مطابق ہی مگر یہاں زیادہ وضاحت سے فرمایا کہ ظاہر کی فروتنی اور عاجزی کچھہ کام کی نہیں ہی بلکہ دل میں سے غرور نکالنا اور دلی فروتنی حاصل کرنی چاہیئے *

(آسمان کی بادشاہت) اس سے خدا کی وہ بادشاہت مراد ہی جو آخرت میں سب طرح پر خدائے واحد کو مسلم ہوگی اور وہ بادشاہت اُنہی لوگوں کے لیئے ہی جو دل میں بے غرور ہیں اللہ تعالے قرآن مجید میں فرماتا ہی کہ یہہ آخرت کا گھر اُنہی لوگونکو دینگے جو دنیا میں غرور کو نہیں چاہتے اور نہ بگاڑ کو اور انجام کو بھلائی خدا سے ڈرنے والوں کو ہی *

سورۂ قصص آیت ۸۳
تلک الدار الاخرۃ نجعلہا للذین لا یریدون علوا فی الارض ولا فسادا والعاقبۃ للمتقین —

اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں جائیگا بہشت میں کوئی جس کے دل میں رائی کے دانہ برابر بھی غرور ہی *

مشکوٰۃ باب الغضب والکبر
لا یدخل الجنۃ احد فی قلبہ مثقال حبۃ من خردل من کبر رواہ مسلم —

---

۴ مبارک وہ ہیں جو غمگین § ہیں کہ وے تسلی پاوینگے *

تفسیر

حضرت اشعیاہ علیہ‌السلام نے فرمایا ‖ " قدوس یوں فرماتا ہی میں بلندی اور مقدس میں رہتا ہوں اور اُسکے ساتھہ بھی جو شکستہ اور فروتن ہی کہ پژمردوں کی خاطر کو

---

† اشعیاء ۶۶ — ۲ لوکا ۲ — ۳۰ ‡ اشعیاء ۶۶ — ۲
§ اشعیاء ۵۸ — ۱۵ ۹۱ — ۲۰۱ ‖ اشعیاء ۵۷ — ۱۵

حیات بخشوں اور شکستوں کے دلکو زندہ کروں۔" اور دوسری جگہ فرمایا کہ " خداوند †
خدا کی روح مجھپر ہی کیونکہ خداوند نے مجھے مسیح کیا تاکہ میں حلیموں کو بشارتیں دوں اُسنے مجھے بھیجا ہی کہ میں دل شکستوں کو دلاسا دوں اور اسیروں کے لئیے رہائی اور بندھوں کے لئیے زندان سے نکلنے کی منادی کروں " حضرت مسیح علیہ السلام نے حضرت اشعیاہ نبی کے قول کی حقیقت اور ماہیت بتائی کہ درحقیقت غمگین وہ ہیں جو اپنے گناہوں کے سبب خدا پرست غم سے روتے اور غمگین ہیں کیونکہ گناہوں کی معافی سے وہ تسلی پاوینگے *

گناہ من ار نامدے در شمار * ترا نام کی بودے آمرزگار

مشکواۃ باب البکاء والخوف
مامن عبد مومن یخرج من عینیہ دموع و ان کان مثل راس الذباب من خشیۃ اللہ ثم یصیب شیئاً من حر وجہہ الا حرمہ اللہ علی النار رواہ ابن ماجہ

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ ایماندار بندہ جس کی آنکھہ میں سے خدا کے ڈر سے آنسو نکلتا ہی اگرچہ مکھی کے سرھی کے برابر ہو اور اُس کے منہہ پر خدا کے ڈر سے تغیر آجاتا ہی اللہ تعالی بالضرور اُس کو دوزخ کی آگ سے بچاتا ہی *

---

۵ مبارک وے ہیں جو حلیم ‡ ہیں کہ وے زمین کے وارث ہونگے *

تفسیر

حضرت داؤد § علیہ السلام نے فرمایا "لیکن وے جو مسکین ہیں زمین کے وارث ہونگے اور بہت سلامتی سے خوش دل ہونگے" اُسیکے مطابق حضرت مسیح علیہ السلام نے فرمایا کہ جو لوگ حلیم ہیں وہی زمین کے وارث ہونگے زمین کے وارث ہونے سے یہہ مراد نہیں ہی کہ زمین پر جو برکتیں ہیں جیسیکہ امن سے اور تندرستی سے رہنا اور آرام سے بسر کرنا وہ اُنکو ملینگیں بلکہ یہہ مراد ہی کہ زمین انسان کے آنے کے لئیے اسواسطے بنائی گئی ہی کہ وہ یہاں آنکر وہ چیز بووے جو وہاں یعنی آخرت میں اُسکا پھل پاوے اور جس شخص نے زمین پر آکر وہ چیز بوئی جسکا پھل وہاں اُسکو ملیگا تو اُسنے گویا زمین کا ورثہ لیا پس حلم اور بردباری ایسی ہی چیز ہی جسکا بیج یہاں بویا جاتا ہی اور پھل وہاں کاٹا جاتا ہی اسلیئے حضرت مسیح علیہ السلام نے فرمایا کہ وے زمین کے وارث ہونگے *

---

۶ مبارک وہ ہیں جو نیکی کے بھوکے اور پیاسے || ہیں کہ وے سیر ہونگے *

---

† اشعیاہ ۶۱ — ۱ —
‡ زبور ۳۷ — ۱۱
§ زبور ۳۷ — ۱۱ —
|| اشعیاہ ۴۴ — ۱ و ۳ ۵۵ — ۱ و ۲ ارمیاہ ۳۱ — ۲۵ —

تفسیر

حضرت اشعیاہ نبی کی کتاب میں ھی کہ خدا نے † فرمایا کہ " میں پیاسے پر پانی انڈیلونگا اور خشک زمین پر سیلاب بہاؤنگا " اور اسیطرح دوسرے ‡ مقام میں فرمایا کہ " اے سب پیاسو پانی پاس آؤ اور جس کے پاس نقدی نہو آؤ مول لو اور کھاؤ آؤ وین اور دودھ بے روپیہ اور بے قیمت خریدو " ان ورسوں کی جو اصل حقیقت تھی وہ حضرت عیسی علیہ السلام نے بتائی کہ بھوکے اور پیاسے اور جو خدا تعالی کے فضل اور رحم کے مستحق ہیں وہ وہ لوگ ھیں جو نیکی کے بھوکے اور پیاسے ھیں یعنی انکی خواھش یہہ ھی کہ جہاں تک ھوسکے خدا تعالی کی مخلوق کے ساتھہ نیکی کی جاوے ھر ایک درد مند کے درد میں شریک ہو ھر ایک حاجتمند کی حاجت نکالنے میں مصروف ھوو. ایک کے ساتھہ ھر طرح کی نیکی کی جاوے یہی لوگ مبارک ھیں کیونکہ قیامت میں سیر ھونگے یعنی اپنی نیکی کا بدلا خدا سے پاوینگے ۔

۷ مبارک وے ھیں جو رحم دل ھیں کہ انپر رحم کیا § جائیگا ۔

تفسیر

(رحم دل ھیں) رحم کے معنی یہہ ھیں کہ دوسرے کے رنج اور غم اور دکھہ درد کو دیکھ کر رنج کرنا اور بقدر اپنی طاقت اور قوت کے اسکے دور کرنے اور اس شخص کی تسلی کرنے میں کوشش کرنا مگر نہ کسی اپنی غرض سے بلکہ محض بے غرض صرف اس نیت سے کہ وہ شخص آرام پاوے. جو لوگ کہ اس طرح پر رحم دل ھیں انپر رحم کیا جاویگا یعنی خدا تعالی انپر رحم کریگا . سمجھنا چاھئیے کہ اللہ تعالی کی رحمت اسکے بندوں پر محض بے غرض ھی اسی طرح اگر بندے کا رحم دوسرے پر محض بے غرض ھو جب خدا کے رحم کا مستحق ھی اور اگر کسی غرض سے کسی پر رحم کیا تو خود اسنے اپنے کئے کا بدلا لے لیا ۔

مشکواۃ باب الشفقۃ والرحمۃ :

عن جریر بن عبداللہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لایرحم اللہ من لایرحم الناس متفق علیہ ۔

ھمارے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالی اس شخص پر رحم نہیں کریگا جس نے انسان پر رحم نکیا غرضکہ رحم ایک خدا کی صفت ھی جو اس صفت کو اختیار کریگا وھی خدا سے پاویگا ۔

۸ مبارک وے ھیں جو صاف || دل ھیں کہ وے خدا ¶ کو دیکھینگے ۔

† اشعیاہ ۴۴ – ۳ –
‡ اشعیاہ ۵۵ — ۱ –
§ متی ۹ — ۱۳ –
|| مارک ۱۱ – ۲۵ . زبور ۲۴ – ۴ و ۵ عبرانی ۱۲ – ۱۴ ۔
¶ ایوب ۳ – ۲ ۔

تفسیر

یهه درس انجیل کا امام غزالي صاحب نے اپني کتاب احیاء العلوم میں اس طرح پر نقل کیا هی طوبی للمطهرة قلوبهم فی الدنیا مبارک وے هیں جنکا دل دنیا میں پاک هم الذین ینظرون الله یوم القیامه هی وهي لوگ هیں جو قیامت میں خدا کو دیکهینگے *

(صاف دل هیں) دلکي صفائي خدا پر اور اُس میں جو قدرتیں هیں اُنپر مضبوطي سے بغیر کسي وسوسه اور اندیشه کے یقین رکهنا هی . یهي یقین تها جس نے موسی علیه السلام کو دریا میں سے سلامت نکالا اور عیسی مسیح علیه السلام کو دریا پر چلایا اور ایوب علیه السلام کو کیسي کیسي سخت مصیبتوں میں مستقل رکها . جو شخص ایسا هوتا هی وه ایمان میں نهایت مضبوط هوتا هی اُسکي دلي اور روحاني خواهش یهي هوتي هی که خدا اُس سے وه کام هونے دے جو اُسکي نظر میں اچهے هوں تمام فعل اُسکے مرضيِ خدا کے تابع هوتے هیں اور هر حالت اور مصیبت میں وه ایسا هي خوش اور راضي رهتا هی جیسا که خوشي اور آسایش کي حالت میں تها . یهه ایسا مقام هی که اسکے درجات کي کچهه انتها نهیں هرایک شخص کو جسپر خدا کي مهربانی هو اُسکي لیاقت کے موافق مل سکتا هی . اور جسکو اعلی سے اعلی درجه حاصل هو اُس سے خدا تک بے انتها درجه هیں جو باقي رهتے هیں جیسیکه خدا بے انتها هی ویسے هي اُسکے تقرب کے درجے بے انتها هوں *

چو پاکان درین ره فرس رانده اند * بلا احصي از تک فرومانده اند

(خدا کو دیکهینگے) - ڈاکٹر جورتن † نے اس سے صرف یهه مراد لي هی که خدا کي عنایت اور پناه دنیا اور آخرت میں خاصکر حاصل کرینگے اور اُسکے حضور میں رسائي رکهکر خوشي کے اُس درجه کو پهونچینگے جو اُسکي حضور میں هوگا *

مگر واٹسن ‡ صاحب کهتے هیں که اس سے یهه مراد نهیں هی بلکه اس سے بڑهکر هي دنیا میں خدا کو دیکهنا اُس کي قدرت اور اُس کے فضل پر یقین کرنا اور اُسیکي ذات پر بهروسا کرنا اور خدا کا بندوں پر متوجهه هونا اور قدرتي باتوں کو لحاظ کرکر اُسکو پهچاننا اور اُس کے عدل اور رحم دونوں کو درستي سے سمجهنا مراد هی بس جو لوگ که صاف دل هیں وه زمین پر خدا کو دیکهتے هیں اور جسقدر اُن کے دل کي صفائي زیاده کامل هوتي جاتي هی وه زیاده کاملیت سے اُس کو دیکهتے هیں *

بعد اس کے واٹسن صاحب لکهتے هیں که اس مقام پر جو خدا کے دیکهنے کا وعده کیا گیا هی وه آخرت سے علاقه رکهتا هی اور وه لکهتے هیں که آخرت میں نجات یافته لوگوں کي مغفور روحوں کو خدا اپنے تئیں دکهادیگا *

† دیکهو تفسیر ڈائیلي و منیٹ مطبوعه سنه ۱۸۵٦ع صفحه ۲٦ جلد ۳ *

‡ واٹسن ایکسپوزیشن مطبوعه سنه ۱۸۳۷ ع صفحه ٥٦ *

ہوکت صاحب † لکھتے ھیں کہ خدا کو دیکھینگے اور اُس کے دیدار کی لذت اُٹھاوینگے جو بالکل پاک اور مقدس خدا ھی اس زندگی میں وہ لوگ اُس کو روحانی طور سے وساطتاً دیکھینگے اور اگلی زندگی میں شان دار طور سے اور خود دیکھینگے *

اس مسئلہ میں عیسائیوں میں اور مسلمانوں میں کچھہ اختلاف نہیں معلوم ھوتا ھم مسلمانوں کا اس بات پر ایمان ھی کہ قیامت کے دن ایمان والے اپنے پروردگار کو کھلم کھلا بغیر کسی پردہ اور حجاب کے دیکھینگے *

سورہ قیامہ آیت ۲۳
وجوہ یومئذ ناضرۃ الی ربہا ناظرہ —

اللہ تعالی سورہ قیامہ میں فرماتا ھی کہ کتنے مونھہ قیامت کے دن تروتازہ ھونگے اور اپنے پروردگار کی طرف دیکھتے ھونگے *

مشکواۃ باب رویۃ اللہ تعالی
عن جریر بن عبداللہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انکم ستروون ربکم عیانا وفی روایۃ انکم ستروون ربکم کما ترون ھذا القمر —

مشکواۃ میں جریر ابن عبداللہ سے روایت ھی کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک قریب ھی کہ تم اپنے پروردگار کو دیکھوگے ظاھر اور ایک روایت میں آیا ھی کہ جس طرح تم اس چاند کو دیکھتے ھو اسی طرح اپنے پروردگار کو دیکھوگے غرضکہ اسمیں کچھہ شبہہ نہیں کہ قیامت کے دن بہشت میں ایمان والوں کو دیدار خدا نصیب ھوگا *

---

۹ مبارک وے ھیں جو صلح کرنیوالے ‡ ھیں کہ وے خدا کے فرزند کہلاوینگے *

تفسیر

طوبی للمصلحین بین الناس فی الدنیا ھم الذین یرثون الفردوس یوم القیامۃ —

اس ورس کو بھی امام غزالی صاحب نے اپنی کتاب احیاء العلوم میں اس طرح پر نقل کیا ھی " مبارک وے ھیں جو دنیا میں آدمیوں میں صلح کرنیوالے ھیں وھی لوگ ھیں جو قیامت میں بہشت کے وارث ھونگے *

(صلح کرنے والے ھیں) یہہ اشارہ ھی رحمت اور شفقت کا یعنی انسان کو انسان پر ھمیشہ رحمت اور شفقت رکھنی اور ھر ایک کی خیر خواھی کرنی چاھیئے *

(خدا کے فرزند کہلاوینگے) علماء مسیحی خدا کے فرزند سے مقبول خدا ھونا مراد لیتے ھیں اور ھم مسلمانوں کے نزدیک بھی اس کے یہی معنی ھیں اور جوکہ خدا کے مقبول بلاشبہہ بہشت کے وارث ھونگے اس لیئے امام غزالی صاحب نے اپنی کتاب میں حاصل مطلب اس ورس کا بیان کیا *

---

† ہوکنس نوٹس مطبوعہ سنہ ۱۸۴۳ ع صفحہ ۱۶ —
‡ عبرانی ۱۲ — ۱۴ —

۱۰ مبارک وے ہیں جو نیکي کے واسطے ستائے † جاتے ہیں کہ آسمان کي بادشاہت اُنہیں کي ہی ٭

تفسیر

(نیکي کے واسطے ستائے جاتے ہیں) اس سے زیادہ انسان کے لیئے کونسي خوبي ہی کہ وہ نیکي کرے اور نیکي کے بدلے اُسے لوگ ستاویں بے شک آسمان کي بادشاہت یعني وہ رحم اور فضل جسکا وعدہ خدا نے نبیوں کي معرفت کیا اُنہیں کے لیئے ہی ٭

۱۱ مبارک ہو تم جب لوگ ‡ میرے سبب سے تم پر تہمت لگاویں اور تمکو ستاویں اور سب طرح کي بري باتیں تمہارے حق میں جھوٹھہ سے کہیں ٭

۱۲ شاد ہو § اور خوشي کرو کہ بہشت میں تمہیں بہت پھل ملیگا کہ اسطرح سے لوگوں نے تمہارے اگلے زمانہ کے نبیوں کو || ستایا ٭

تفسیر

(میرے سبب) حضرت عیسی علیہ السلام بالکل نیکي تھے اُن کے سبب ستایا جانا ایک بہت بڑي نیکي کے بدلے میں ستایا جانا تھا اس لیئے حضرت مسیح علیہ السلام نے حواریوں کو اگلي آنے والي مصیبتوں کي خبر دیکر اُن کو مبارک ہونا فرمایا ٭

۱۳ تم زمین کے نمک ہو اگر نمک کا مزہ ¶ بگڑ جاوے تو وہ کسطرح مزیدار کیا جاوے ؟ وہ کسي کام کا نہیں سوائے اس کے کہ باہر پھینکا جاوے اور لوگوں کے پاؤں تلے ملا جاوے ٭

تفسیر

اس ورس میں حضرت مسیح علیہ السلام نے بالتخصیص حواریوں کو نصیحت فرمائي اور یہہ اشارہ فرمایا کہ نیک باتوں پر تمہارا قایم اور مضبوط رہنا بہت ضرور ہی کیونکہ تم نمک ہو اور نمک سے سب چیزیں مزیدار ہوتي ہی مگر جب نمک کا مزہ بگڑ جاوے تو اُس کا کچھہ علاج نہیں بجز اُس کے کہ باہر پھینکا جاوے اور پاؤں کے تلے ملا جاوے ۔ اور اس ورس سے حواریوں کو یہہ بھي اشارہ فرمایا کہ تم ناسبات پر بھروسا مت کرنا کہ ہم حواري ہیں بلکہ نیک عمل کرنا کیونکہ جب عمل نیک نہونگے تو پھر حواري ہونا کچھہ کام نہیں آنے کا اور

† ۲ تمتھي ۲ — ۱۲ ۱ پطرس ۳ — ۱۴ –
‡ لوک ۶ — ۲۳ اعمال ۵ — ۴۱ –
§ یعقوب ۱ — ۲ ۱ پطر ۴ — ۱۳ –
|| اعمال ۷ — ۵۲ –
¶ مارک ۹ — ۵۰ لوک ۱۴ — ۳۴ — [illegible] ۲ — ۲۰ و ۲ –

نمک کا مزہ بگڑ جاویگا پھر بجز اس کے کہ باہر پھینکا جاوے اور پاؤں تلے روندا جاوے اور کسی کام کا نہیں *

اس مضمون کو ہمارے جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت زیادہ وضاحت سے فرمایا جب کہ تمام قریش اور قریب رشتہ داروں اور خود اپنی بیٹی حضرت فاطمۃ علیہا السلام کو فرمایا کہ لڑکی کرکر اپنی جان کو عذاب سے مول لو کوئی چیز تم کو اللہ سے بے پرواہ نہیں کرتی *

دیکھو تفسیر متی باب ۳-۹

۱۴ تم دنیا کی روشنی ہو † جو شہر کہ پہاڑ پر بسا ہی چھپ نہیں سکتا *

۱۵ اور لوگ چراغ ‡ روشن کرکے سرپوش کے نیچے نہیں رکھتے بلکہ چراغدان پر رکھتے ہیں تب وہ سب کو جو اس گھر میں ہیں روشنی بخشتا ہی *

۱۶ سو تمہاری روشنی آدمیوں کے سامنے ویسی ہی § چمکے تاکہ وہ تمہارے نیک کاموں کو دیکھہ کر تمہارے باپ کا جو آسمان پر ہی شکر کریں *

تفسیر

متعدد مقاموں میں حضرت مسیح علیہ السلام نے یہودیوں کو دکھلاوے کے لئے نیک اعمال کرنے کو برا فرمایا ہی مگر اس مقام پر حقیقت اور ماہیت اس بات کی ارشاد فرمائی تاکہ معلوم ہو جاوے کہ جس طرح ریا کاری سے دکھلاوے کے لئے بغیر روحانی تاثیر کے ظاہری نیک اعمال کا کرنا برا ہی اسیطرح صرف خدا کے واسطے اور روحانی اثر سے نیک کاموں کا اس طرح پر کرنا کہ لوگ دیکھہ کر اس سے ہدایت پاویں اچھا اور پسندیدہ ہی *

حضرت مسیح علیہ السلام نے پہلے پہل حواریوں کو دنیا کی روشنی فرمایا جس سے یہہ مطلب ہی کہ تم بخوبی ہدایت پاچکے ہو اور تمہارا دل ایمان کی روشنی سے روشن ہوچکا ہی اور تمہارے سب کام صرف خدا کے واسطے ہیں دنیا کی دکھلاوے اور ریاکاری کے لئے تم کوئی نیک کام نہیں کرتے پس درحقیقت تم دنیا کی روشنی ہو *

اور پھر فرمایا کہ جو شہر پہاڑ پر بسا ہی چھپ نہیں سکتا یعنی جب تمہارا دل اس طرح پر ایمان کی روشنی سے روشن ہو چکا ہی تو اس کا مقتضی یہہ ہی کہ وہ از خود سب کو دکھائی دے کسی طرح چھپانے سے چھپ نہیں سکتا اور تمکو بھی اس کا چھپانا نہیں چاہئے کیونکہ چراغ کو روشن کرکر کوئی سرپوش کے تلے نہیں رکھتا بلکہ اس سے مقصود سارے گھر کا روشن کرنا ہوتا ہی پس اس کو چراغ دان پر رکھنا چاہئے *

† فلپیوں کو ۲ — ۱۵ —
‡ مارک ۴ — ۲۱ لوک ۸ — ۱۶ ۱۱ — ۳۳ —
§ فلپیوں کو ۲ — ۱۵ و ۱۶ ۱ پطرس ۲ — ۱۲ —

اور پھر فرمایا کہ تمہاری روشنی یعنی تمہارا سچا ایمان اور تمہارے بے ریا نیک کام آدمیوں کے سامنے اس طرح پر ظاہر ہوں کہ وہ تمہارے نیک کاموں کو دیکھہ کر خدا پر ایمان لاویں اور ہدایت پاویں *

حاصل یہہ ہی کہ نیک کاموں کا ریا کاری سے کرنا نہایت برا ہی مگر جب ریا کاری مطلق نرہے اور تمام کام صرف خدا کے واسطے ہو جاویں تو اُن کا اسطرح پر کرنا جس سے دیکھہ کر اور لوگ ہدایت پاویں کچھہ مضائقہ نہیں *

اس مطلب کو ہمارے جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہایت جامع الفاظ میں اور نہایت مختصر طور سے فرمایا ہی مشکواۃ میں حضرت عمر سے روایت ہی کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اعمال نہیں ہیں مگر ساتھہ نیتوں کے اور ہر ایک آدمی کے لیئے وہی ہی جس کی اُسنے نیت کی ہی پس جو شخص گناہوں سے بھاگا ہی خدا اور اُس کے رسول کی طرف تو اُس کا جانا خدا اور اُس کے رسول کی طرف ہی اور جس شخص نے گناہوں کو چھوڑا ہی دنیا کے لیئے تاکہ اُس کو حاصل کرے یا ایک خوبصورت عورت کے لیئے تاکہ اُس سے نکاح کرے تو اُسکا جانا اُسیطرف ہی جس طرف وہ گیا *

مشکواۃ اول الحدیث

عن عمر بن الخطاب رضی اللہ عنه قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم انما الاعمال بالنیات و انما لامرئ ما نوی فمن کانت هجرة الی اللہ و رسوله فهجرة الی اللہ و رسوله و من کانت هجرة الی دنیا یصیبها او امرة یتزوجها فهجرة الی ما ھاجر الیه متفق علیه ــ

اس مقام پر ایک اَور عجیب اور نہایت عمدہ نصیحت حضرت مسیح علیہ السلام نے فرمائی ہی جس کو نہایت غور اور فکر سے سوچنا اور سمجھنا چاہیئے تمام چیزوں کی جڑ اور تمام کمالوں کی بنیاد وہی نصیحت ہی یعنی آپنے فرمایا کہ " اور آدمی تمہارے نیک کاموں کو دیکھہ کر تمہارے باپ کا جو آسمان پر ہی شکر کریں " پس آدمی کو ایسا بننا چاہیئے کہ اُس کے نیک کام خود اُس کی نیکی اور سچائی کی دلیل ہوں تاکہ اور لوگ اُس کے نیک کاموں کو دیکھہ کر ہدایت پاویں ۔ نصیحت کرنی اور وعظ کہنا اور خدا کے غضب اور اُس کے قہر سے لوگوں کو ڈرانا یا اُس کی رحمت اور شفقت سنا کر خوش کرنا بہت آسان ہی آدمی کو خود ایسا ہونا چاہیئے کہ اور لوگ اُس کے نیک کام اور اُس کی سچائی اور مسکینی اور اُس کا خدا سے خوف اور رجا دیکھہ کر خود اُس کے ایمان کی روشنی سے ہدایت پاویں نہ زبان کی باتوں سے جو ہردم فنا ہوتی جاتی ہیں ــ

واعظاں کیں جلوہ در محراب و منبر میکنند

چوں بخلوت میروند آں کار دیگر میکنند

مشکلے دارم ز دانشمند مجلس باز پرس

توبہ فرمایان چرا خود توبہ کمتر میکنند

حضرت مسیح علیہ السلام کے حواری اور ہمارے جناب پیغمبر خدا علیہ الصلواۃ والسلام کے صحابہ اور ہمارے مذہب کے بڑے بڑے اولیاء اللہ نے دور دست ملکوں میں تن تنہا سفر کیا اور باوجودیکہ اُن کے پاس نہ دولت تھی نہ حشمت نہ زور نہ حکومت اور لاکھوں آدمی اُن کے سبب ایمان لائے اور اُن کی روشنی سے ہدایت پائی کیا اُن میں صرف یہہ زبانی بات چیت تھی نہیں بلکہ اُن میں وہی روشنی تھی جس کو مسیح علیہ السلام نے فرمایا کہ تمہاری روشنی آدمیوں کے سامنے ویسے ہی چمکے تاکہ وے تمہارے نیک کاموں کو دیکھکر تمہارے باپ کا جو آسمان پر ہی شکر کریں ہاں وعظ کہنا بہت آسان ہی مگر سینٹ پال سا ہوکر کہنا نہایت مشکل ہی *

---

١٧ یہہ گمان مت کرو کہ میں توریت اور نبیوں کی کتابوں کو منسوخ کرنے آیا ہوں میں منسوخ کرنے نہیں آیا † بلکہ پورا کرنے آیا ہوں *

١٨ اس واسطے میں تم سے سچ کہتا ہوں جس وقت تک کہ آسمان اور ‡ زمین نیست نہ ہوں ایک نقطہ یا ایک شوشہ توریت سے ہرگز منسوخ نہوگا جبتک سب پورا نہ ہووے *

١٩ پس جو کوئی کہ ان حکموں کے چھوٹے سے چھوٹے ایک حکم کو نیست § کرے اور ویساہی آدمیوں کو سکھاوے آسمان کی بادشاہت میں چھوٹا کہلائیگا پر جو کوئی عمل کرے اور سکھلاوے آسمان کی بادشاہت میں وہی بڑا کہلائیگا *

٢٠ میں تم سے کہتا ہوں کہ اگر تمہاری نیکی فریسیوں اور کاتبوں کی نیکی سے || زیادہ نہو تو تم آسمان کی بادشاہت میں کسیطرح داخل نہوگے *

تفسیر

(منسوخ کرنے) یہہ ایک ایسا لفظ ہی جس پر نہایت بحث درکار ہی یہودی حضرت موسی علیہ السلام کی شریعت کو ابدی بتلاتے ہیں اور جو اُس سے مختلف ہی اُسکو غلط اور باطل سمجھتے ہیں عیسائی اور بعض فرقے مسلمانوں کے نسخ کو نہیں مانتے اور خدا تعالی کے تقدس کے برخلاف سمجھتے ہیں مگر یہہ سب اختلافات نزاع لفظی ہی اور

---

† رومیوں ۳ر۱۰ — ۳ ۔

‡ لوک ۱۶ — ۱۷ ۱ پطرس ۱ — ۲۵ ۲ پطرس ۳ — ۱۰ ۔

§ گلتیوں ۳ — ۱۰ یعقوب ۲ — ۱۰ ۔

|| متی ۲۳ — ۵ و ۲۲ رومیوں ۱۰ — ۳ ۔

نسخ کے جو معنی ہمارے ہاں شرع میں مقرر ہوئے ہیں اُسکے نہ سمجھنے کے سبب یہہ سب اختلاف ہیں *

جاننا چاہیئے کہ نسخ کے لفظ کے ظاہری معنی یہہ سمجھہ میں آتے ہیں کہ جو حکم پہلے دیا گیا تہا یا جو تجربہ کے بعد اُس کا نقصان معلوم ہوا اس لیئے اُس پہلی بات کو منسوخ کرکر اور جو نقصان اُس میں پایا گیا تہا اُس کو دور کرکر دوسری بات جاری کی یہہ معنی نسخ کے ہرگز مسلمانوں کے نزدیک نہیں ہیں بلکہ اس کو خدا تعالی کے تقدس کے برخلاف سمجہتے ہیں اور جو شخص ایسا اعتقاد رکھے اُس کو کافر جانتے ہیں *

ہم مسلمانوں کے مذہب میں نسخ کے معنی صرف گذر جانے میعاد ایک حکم کے ہیں خواہ وہ میعاد پہلے سے معلوم ہو خواہ نہو مثلاً اگر حکم دیا جاوے کہ فلاں کام ایک برس تک کیا جاوے تو جب وہ میعاد گذر جاویگی تو وہ حکم منسوخ ہو جاویگا مگر اُس کا منسوخ ہونا نہ اسوجہہ سے تہا کہ اُس حکم میں کچہہ نقصان یا قباحت تہی بلکہ حاکم کے بمقتضاے حکمت اور مصلحت کے جس کو وہ خوب جانتا تہا ایک ہی برس تک اُس حکم کا بجا لانا مناسب سمجہا تہا *

یا مثلاً ایک طبیب حاذق نے جس کی تشخیص اور تجویز اور تدبیر میں کسیطرح کی غلطی کا احتمال ہی نہیں کسی مریض کے لیئے پہلی دفعہ ایک دوا تجویز کی اور اُسکو یہہ نہیں بتایا کہ کب تک اُس کو استعمال میں لاوے مگر وہ طبیب پہلے سے خوب جانتا تہا کہ اتنے دنوں تک جب یہہ مریض اس دوا کو استعمال کریگا تو اُس کا مزاج دوسری دوا کے دینے کے لایق ہوگا جب وہ دن گذرگئے اور اُس کا مزاج دوسری دوا کے استعمال کے لایق ہوا تب اُس طبیب نے وہ دوسری دوا اُسکو بتائی ظاہر میں پہلی دوا کا استعمال منسوخ ہوگیا مگر درحقیقت اُس پہلی دوا میں کچہہ نقصان یا قباحت نہ تہی بلکہ اُس کا استعمال اُتنے ہی دنوں تک مقصود تہا اگرچہ مریض یہہ سمجہتا ہی کہ طبیب نے پہلی دوا بدلدی یا منسوخ کردی بس مسلمانوں کے مذہب میں ناسخ اور منسوخ کے صرف یہہ معنی ہیں *

اب سمجہنا چاہیئے کہ تمام انبیاء نے جسقدر صفات خدا تعالی کی بیان فرمائیں اور جو حالات قیامت کے بتائے اور جو خبریں واقعات گذشتہ کی دیں یا جو پیشین گوئیاں آیندہ واقعات کی بتائی ہیں اُن میں کسیطرح نسخ نہیں ہوسکتا اور اسیطرح جو دعائیں کہ انبیاء نے خود مانگیں یا اُسکے مانگنے کی اجازت دی یا جو مناجاتیں خدا کے سامنے اُنہوں نے کیں یا کرنے کی اجازت دی اُن میں بہی کسیطرح پر نسخ نہیں ہوسکتا اور اسیطرح جو اصلی مقصد انبیاء کے بہیجنے سے ہی جسپر انسان کی نجات ابدی موقوف ہی یعنی خدا کو واحد جاننا اور اُسکی عبادت کرنا اور اپنی روح کو بری باتوں سے پاک کرنا اور جو صفتیں خدا کی

ذات میں ہیں اُن صفات کو بقدر طاقت بشری اپنے میں پیدا کرنا اُس میں کسیطرح نسخ نہیں ہوسکتا صرف باقی رہ گئی یہہ بات کہ خدا کی عبادت کسطرح پر کی جاوے اور اپنے نفس میں کسطرح پر وہ صفات پیدا کی جاویں اس میں البتہ نسخ کا احتمال ہی مگر اُنہیں معنوں میں جو مذکور ہوئے کیونکہ رفتہ رفتہ انسان کی عقل اور اُس کا علم روز بروز ایک حد تک ترقی پاتا جاتا ہی پس ضرور ہی کہ جب تک طریقہ اُن صفات کے حاصل کرنیکا غایت حد تک نہ پہونچ جاوے اُسوقت تک اُسطریقہ میں بھی ترقی ہوتی رہے *

اب سمجھنا چاہیئے کہ جو لوگ یہہ بات سمجھتے ہیں کہ مسلمانوں کے مذہب میں یہہ بات ہی کہ زبور کے آنے سے توریت اور انجیل کے آنے سے زبور اور قران کے آنے سے انجیل منسوخ ہوگئی یہہ اُن کی سمجھہ محض غلط ہی اور نہ مسلمانوں کے مذہب میں یہہ بات ہی اور نہ مسلمانوں کا یہہ اعتقاد ہی اور اگر کوئی جاہل مسلمان اس کے برخلاف کہے تو وہ اپنے مذہب اور اپنے مذہب کے احکام سے واقف نہیں *

یہہ معنی نسخ کے جو ہم مسلمانوں کے مذہب میں ہیں تمام شریعتوں میں مسلم ہیں اور یہودی شریعت اور انجیل مقدس سب میں ثابت ہی چنانچہ ہم اس مقام پر اس کی چند دلیلیں بیان کرتے ہیں *

۱ حضرت موسی علیہ‌السلام نے اجازت دی کہ † بعد نکاح کے اگر کسی سبب سے جورو ناپسند ہو تو اُسے طلاق دیدے اور طلاق نامہ لکھدے حضرت عیسی علیہ‌السلام نے اُس کو منع فرمایا اور ‡ ارشاد کیا کہ بجز زنا کے اَور کسی سبب سے طلاق دینا درست نہیں اسمقام پر حضرت مسیح علیہ‌السلام کے اس قول پر غور کرنا چاہیئے کہ آپنے فروسیوں سے فرمایا § کہ "موسی نے تمہاری سخت دلی کے سبب تمکو اجازت دی کہ اپنی جورو کو چھوڑ دو پر ابتدا میں ایسا نہ تہا" اس قول سے صاف پایا جاتا ہی کہ حضرت موسی علیہ‌السلام کی شریعت میں جو حکم تہا اُسمیں کچھہ نقصان یا عیب نہ تہا بلکہ اُن لوگونکے حال کے مناسب وہی تہا جب وہ وقت گذر گیا دوسرا حکم جو اب مناسب تہا دیا گیا اور یہی معنی نسخ کے ہیں جو حضرت مسیح علیہ‌السلام نے فرمائے اور جو ہم مسلمانوں کے مذہب میں قرار پائے ہیں *

۲ حضرت آدم علیہ‌السلام کی شریعت میں || تمام چرند و پرند معہ خون و چربی کے حلال تہے حضرت نوح کی ¶ شریعت میں خون جانوروں کا حرام ہوا حضرت موسی

† استثنا ۲۴ — ۱ —
‡ متی ۵ — ۳۱ —
§ متی ۱۹ — ۸ مارک ۱۰ — ۵ —
|| پیدایش ۱ — ۳۰ —
¶ پیدایش ۹ — ۳ —

کي † شریعت میں خون اور چربي اور سور اور بعض اقسام کے اور جانور حرام ہوئے اور پہلے حکم دوسرے حکموں سے منسوخ ہوگئے *

۳ حضرت ابراہیم کي شریعت میں ‡ سوتیلي بہن سے نکاح درست تہا حضرت موسی § کي شریعت میں یہہ حکم منسوخ ہوا *

۴ حضرت یعقوب علیہ‌السلام کي شریعت میں حقیقي دو بہنوں سے ایک کے || جیتے جي نکاح کرنا درست تہا حضرت موسی کي شریعت میں منسوخ ہوا *

۵ . پہلي شریعتوں میں ¶ پہوپہي سے نکاح درست تہا حضرت موسی کي شریعت * میں منسوخ ہوا اسیطرح اور بہت سے احکام ہیں جو پہلي شریعتوں کي دوسري شریعت میں منسوخ ہوگئے ہیں اور اُن کا ذکر سینت پال کے ناموں میں اکثر جگہہ مندرج ہی *

(میں منسوخ کرنے نہیں آیا بلکہ پورا کرنے آیا ہوں) جبکہ یہہ بات اوپر کے بیان سے ثابت ہوگئي کہ انجیل مقدس سے بعض احکام توریت کے منسوخ ہوگئے تو اس ورس کے یہہ معني تو نہیں ہو سکتے کہ حضرت مسیح علیہ‌السلام کے آنے سے کوئي حکم توریت کا منسوخ نہیں ہوا بلکہ اس کے یہہ معني ہیں کہ توریت اور اور نبیوں کي کتابوں میں جو کچہہ نسبت صفات خدا تعالی اور حالات قیامت اور اخبار گذشتہ اور بشارات آیندہ اور دعائیں اور مناجات لکہي ہیں اور جو کچہہ کہ صفائي دل اور پاکیزگي روح اور نیک صفات پیدا کرنے کے لیئے لکہا ہی اُن میں سے کسیکو منسوخ کرنے نہیں آیا بلکہ پورا کرنے آیا ہوں . یہہ مطلب اس ورس کا اگلے ورسوں کے ملانے سے بخوبي کہل جاتا ہی کیونکہ آیندہ ورسوں میں حضرت مسیح علیہ‌السلام نے جہاں احکام یہودي شریعت کے بیان فرمائے اسیکے ساتہہ وہ بات بہي ارشاد فرمائي جس سے وہ احکام زیادہ کاملیت کے ساتہہ پورے ہوتے تہے *

(منسوخ نہوگا جب تک سب پورا نہووے) یعني جو خبریں آیندہ کي توریت میں دي گئي ہیں اور نیک اعمال سے جو خدا کي رضامندي بیان ہوئي ہی وہ بن ہوئے نہیں رہنے کي بے شک سب پوري ہونگي *

(سست کرے) یعني اُن کو صرف ایک ظاہري طور پر استعمال کرے اور جو روحاني پاکي اُس سے مراد ہی اُس پر متوجہہ نہو تو وہ خدا کے سامنے حقیر و ناچیز ہوگا . یہہ

† استثنا ۱۴ — ۹ احبار ۱۱ — ۳ لغایت ۸ —　‡ پیدایش ۲۰ — ۱۲ —

§ احبار ۱۸ — ۹ — ۲۰ — ۱۷ استثنا ۲۷ — ۲۲ —

|| پیدایش ۲۹ احبار ۱۸ — ۱۸ —

¶ خروج ۶ — ۲۰ —

* احبار ۱۰ — ۱۲ — ۲۰ — ۱۹ —

اشارہ ھی فروسیوں اور یہودی کاتبوں کی طرف جو توریت کے احکام کو صرف ظاھری طور پر کرتے تے اور اصلی مقصود اُن کا جو روحانی روشنی حاصل کرنے سے تھا اُس پر مطلق متوجہہ نہ تے *

(پر جو کرنی عمل کرے) یعنی جو روحانی روشنی حاصل کرنی اُن حکموں سے مطلوب ھی اُن سے حاصل کرے وہ خدا کے سامنے معزز ہوگا *

(اگر تمھاری نیکی فروسیوں اور کاتبوں کی نیکی سے زیادہ نہو) اس درس سے پہلے درسوں کے معنی بنت وہی کول گئے یعنی نصیحت حضرت مسیح علیہ السلام کی اپنے حواریوں کے لیئے یہہ ھی کہ اگر تم بھی فروسیوں اور کاتبوں کی طرح صرف ظاھری عمل بلا لحاظ روحانی پاکیزگی حاصل کرنے کے کروگے تو تم خدا کی بادشاہت میں داخل نہوگے بلکہ تمھاری نیکی اُن سے زیادہ بڑہ کر ھونی چاھیئے اور تمکو چاھیئے کہ تم خدا کے تمام فرضوں کو جو تم پر ھیں اور انسان کے تمام حقوق کو جو تم پر واجب ھیں ظاھر میں اور دل میں یکساں بجالاؤ تاکہ تمھارا ظاھر اور باطن یکساں ھو اور ھر کام کو سچائی اور روحانی روشنی سے بجالاؤ اور کوئی نفسانی غرض اُس سے متعلق مت کرو بلکہ صرف اس نیت سے بجالاؤ کہ تمھاری نیکی خدا کے سامنے مقبول ھو *

---

۲۱ تم سن چکے ھو کہ اگلوں سے کہا گیا تھا کہ تو † خون مت کر اور جو کوئی خون کریگا عدالت میں سزا کے لایق ھوگا *

۲۲ پر میں تم سے کہتا ھوں کہ جو کوئی اپنے بھائی پر بے سبب ‡ غصہ ھووے وہ عدالت میں سزا کے لایق ھوگا اور جو کوئی اپنے بھائی کو احمق کہے بڑی عدالت میں سزا کے لایق ھوگا پر جو کوئی کہے تو جاھل ھی جہنم کی آگ میں سزا کے لایق ھوگا *

۲۳ پس اگر تو قربان گاہ میں اپنی قربانی لے جاوے اور وھاں تجھے یاد آوے کہ تو تیرے بھائی کے نزدیک تقصیر وار ھی *

۲۴ تو وھاں اپنی قربانی قربان گاہ کے سامنے چھوڑکر چلا جا پہلے اپنے بھائی سے ملاپ کر § تب آکے اپنی قربانی گذران *

۲۵ جب تک تو اپنی فریادی کے ساتھہ راہ میں ھی جلد || اُس سے ملاپ کر تاکہ ایسا نہووے کہ فریادی تجھے قاضی کے سپرد کرے اور قاضی تجھے کوتوال کے سپرد کرے اور تو قید میں ڈالا جاوے *

---

† پیدایش ۹ — ۶ خروج ۲۰ — ۱۳ اشعیا ۵ — ۱۷ —

‡ ایوب ۳ — ۱۵ — § متی ۱۸ — ۱۵ —

|| لوک ۱۲ — ۵۸ اشعیا ۵۵ — ۶ و ۷ —

۲۶ میں تجھسے سچ کہتا ہوں کہ وہاں سے جب تک † باقی کی ایک کوڑی تک ادا نکرے کسی طرح سے نہ چھوٹیگا *

تفسیر

(تم سن چکے ہو) اس مقام سے حضرت مسیح علیہ السلام نے اُن باتوں کا فرمانا شروع کیا جن باتوں میں عیسائی مذہب فروسیوں اور کاتبوں کے افعال پر سبقت لے گیا تھا۔ یہودی گناہوں کو برا تو کہتے تھے مگر خود اُن سے کمتر بچتے تھے اور صرف شریعت کی ظاہری باتوں کے بجالانیکو کافی جانتے تھے اُس کے برخلاف حضرت مسیح علیہ السلام نے وہ روحانی پاکیزگی بیان فرمائی جو اصلی مقصد اور منشاء شریعت کا تھا اور جن سے بدی کی جڑ بنیاد انسان میں سے معدوم ہوتی ہی اور دم بدم نیکی بڑھتی جاتی ہی بشرطیکہ جسطرح حضرت مسیح علیہ السلام نے فرمایا اُسیطرح بجالایا جاوے نہ اسطرح پر کہ جسطرح فروسی اور کاتب کہتے تھے کہ ہم موسی کی شریعت پر چلتے ہیں *

(میں تم سے کہتا ہوں) کہ برائی کی ادنی سی ادنی بات بھی سزا کے لایق ہی۔ اُس مقام پر حضرت مسیح علیہ السلام نے بڑی باتوں کی سزاؤنکو یہودیوں کی عدالتوں سے تشبیہہ دیکر بیان فرمایا ہی کہ جو کوئی اپنے بھائی پر بے سبب غصہ ہو وہ ایسی سزا کا مستحق ہوگا جو یہودیوں کی چھوٹی عدالت میں ہوتی ہی اور جو تیئیس ارکان سے ملکر بنتی تھی اور جو کوئی اپنے بھائی کو احمق کہیگا وہ اُس سے بڑھکر سزا پاویگا جو یہودیوں کی بڑی عدالت سے ملتی ہی جو سیندرم کہلاتی تھی اور بہتر ارکان سے ملکر بنتی تھی اور جہاں سے موت اور سنگسار کرنے کا حکم ہوتا تھا اور جو کوئی جاہل کہیگا وہ ایسی سخت سزا کے لایق ہوگا جو یہودیوں کی کسی عدالت میں بھی ویسی سخت سزا نہیں ہی یعنی جہنم کی آگ میں جلایا جاویگا *

* قتل کرنے کا سبب جذبات انسانی میں سے ایک جذبہ ہوتا ہی جسکو ہم غصہ کہتے ہیں حضرت مسیح علیہ السلام فرماتے ہیں کہ قتل تو ایک بڑا گناہ ہی انسان کو چاہیئے کہ چھوٹے چھوٹے جذبات کو بھی روکے کیونکہ انکو بھی انصاف کیا جاویگا کیونکہ یہی چھوٹے چھوٹے جذبات انسان کو رفتہ رفتہ بہت بڑے بڑے بڑے کاموں پر لیجاتے ہیں جب انہی باتوں کو مٹادیگا تو اُن بڑی آفتوں سے محفوظ رہیگا *

(جہنم کی آگ) یونانی انجیل میں یہہ لفظ اسطرح پر ہی کہ آگ کی جہینا میں سزا کے لایق ہوگا جہینا عبری لفظ ہی وہ نام ہوگیا تھا ایک جنگل کا جس کو ہنوم کہتے تھے یہہ جنگل یروشلیم کے قریب تھا اور بت پرستوں کے سبب ایک بہت بری جگہہ گنی

---

† متی ۱۸ : ۳۴ و ۳۵ ۔ لوقا ۱۲ : ۵۸ و ۵۹

جاتی تھی اس جنگل میں ایک بت تھا اور مولوش اُس کا نام تھا اُسکے آگے دن رات آگ جلا کرتی تھی اور تمام شہر کا کوڑا کرکٹ وہاں ڈالا جاتا تھا بت پرست اپنے بچوں کو اُس بت کے سامنے آگ میں جلا دیتے تھے اور اُن کے جلنے اور رونے اور چلانے سے وہ جنگل جہنم سا معلوم ہوتا تھا اس سبب سے جہنا اُس کا لقب پڑگیا تھا یہودیوں کی عادت تھی کہ جب بدکاروں کے لیئے عذاب کی جگہہ بیان کرتے تھے تو اسی لفظ کو استعمال میں لاتے تھے کیونکہ یہہ مقام دوزخ سے بہت ٹھیک ٹھیک مناسبت رکھتا تھا اسی محاورہ کے موافق حضرت مسیح علیہ‌السلام نے اس لفظ کا استعمال اس جگہہ فرمایا ہی *

(پس اگر تو قربان گاہ میں) جس قدر گناہ حضرت مسیح علیہ‌السلام نے اسمقام پر بیان فرمائے وہ زیادہ تر حق عباد سے علاقہ رکھتے ہیں یہودی یہہ سمجھتے تھے کہ اُن تمام گناہوں کے لیئے جن کی قاضی کے سامنے سزا نہیں ہوسکتی قربانی کرنی اور معابد میں نذریں چڑھانی کافی ہیں حضرت مسیح علیہ‌السلام نے فرمایا کہ یہہ بات کافی نہیں بلکہ جس شخص کی تقصیر کی ہی جبتک وہ معاف نکرے اُسوقت تک وہ گناہ معاف نہیں ہوتا پس قربانی سے پہلے اپنے بھائی سے جاکر ملاپ کر یعنی تقصیر معاف کروا اور پھر آنکر قربانی کر *

یہہ مسئلہ بالکل ہم مسلمانوں کے مذہب کے مطابق ہی ہمارے مذہب کے بموجب گناہ دو قسم کے ہیں ایک گناہ صرف اللہ کے دوسرے گناہ بندے اور اللہ دونوں کے جس کو حق العباد کہتے ہیں اور ایسا کوئی گناہ نہیں جو صرف بندہ کا ہو اور خدا کا نہو پس جن گناہوں میں خدا اور بندہ دونوں کا حق ہی اُس میں توبہ اور خدا سے معافی چاہنے کے سوا اُس بندہ سے بھی معاف کروانا اور ملاپ کرنا ضرور ہی کیونکہ صرف توبہ سے حق عبد معاف نہیں ہوتا یہی بات اسمقام پر حضرت مسیح علیہ‌السلام نے فرمائی *

(راہ میں ہی جلد اُس سے ملاپ کر) یہہ بات حضرت مسیح علیہ‌السلام نے بطور تمثیل کے فرمائی مطلب اس کا یہہ ہی کہ دنیا آخرت کی راہ ہی وہاں پہونچ کر ہرایک کو اپنے کیئے کا بدلا پانا ہی پس جب تک کہ تو اس دنیا یعنی آخرت کی راہ میں ہی جلد اپنے فریادی سے ملاپ کرلے ایسا نہو کہ یہہ راہ طی ہو جاوے اور قاضی تک پہونچ جاوے اور تو قید میں ڈالا جاوے *

اس مقام پر جو ایک باریک نکتہ حضرت مسیح علیہ‌السلام نے فرمایا اُس پر لحاظ کرنا چاہیئے کہ کوئی شخص یہہ نہیں جانتا کہ یہہ راہ جسمیں ہم چل رہے ہیں یعنی ہماری زندگی کسوقت ختم ہوجاویگی اور ہمکو ضرور ہی کہ ہم اپنے فریادی سے راہ ہی میں ملاپ کرلیں اور جبکہ اُس راہ کے ختم ہونے کا وقت نہ معلوم ہی اور نہ معین ہی تو ہمکو اپنے فریادی سے اُسیوقت بغیر ایک آن کے وقفہ کے ملاپ کرنا چاہیئے *

(بلکہ کي ايک کوڑي تک) يعني جب تک اُس فريادي کا حق ادا نہوگا اُسوقت تک قيد سے چھٹکارا نہوگا پھر اُسوقت تيرے پاس کيا ھی جو فريادي کو دے اور اُس کا حق ادا کرے ھاں البتہ خدا ميں قدرت ھی کہ وہ اپنے رحم سے کسيطرح اُس فريادي کو راضي کردے *

اس تمثيل ميں جو ايک نہايت عمدہ اور عجيب نصيحت حضرت مسيح عليہ السلام نے فرمائي اُس پر بغور متوجہ ہونا چاھيئے يعني جبکہ ہم ايک بندے کے تقصيروار ھيں تو ھماري يہہ حالت ھی پھر ھمارا کيا حال ہوگا جبکہ ہم خدا تعالی کے تقصيروار ھيں اور کسقدر جلد اور کسقدر روحاني عاجزي سے ھمکو اُس کے سامنے توبہ کرني اور گناھوں کي معافي اُس سے چاھني ھمکو درکار ھی تاکہ ہم دوزخ کے قيد خانہ سے بچيں *

---

۲۷ تم سن چکے ہو کہ اگلوں سے يوں کہا گيا تھا کہ تو زنا نہ کر † *

۲۸ پر ميں تم سے کہتا ہوں کہ جو کوئي شہوت ‡ سے کسي عورت پر نگاہ کرے اپنے دل ميں اُس کے ساتھہ زنا کرچکا *

۲۹ پس اگر تيري دھني آنکھہ تيرے گناہ § کا سبب ہو تو اُسے نکال ڈال اور پھينکدے کيونکہ تيرا ايک عضو کا نہونا تيرے ليئے اُس سے بہتر ھی کہ تيرا تمام بدن جہنم ميں ڈالا جاوے *

۳۰ اگر تيرا دھنا ھاتھہ تيرے گناہ کا سبب ہووے اُسے کاٹ ڈال اور پھينک دے کيونکہ تيرا ايک عضو کا نہونا تيرے ليئے اُس سے بہتر ھی کہ تيرا تمام بدن جہنم ميں ڈالا جاوے *

تفسير

(پر ميں تمسے کہتا ہوں) يعني زنا کرنا تو ايک بڑا گناہ ھی اگر کسيکا کوئي عضو بھي گناہ کا مرتکب ہوگا وہ بھي سزا کے لايق ہوگا *

امام غزالي صاحب نے اپني کتاب احياءالعلوم ميں اس ورس کو اسطرح پر نقل کيا

قال عيسى عليہ الصلواة والسلام اياكم والنظرة فانها تزرع في القلب شهوة وكفى بها فتنة ـ

ھی بچو تم نگاہ سے کہ بوتي ھی دل ميں شہوت اور يہہ بات فتنہ ميں پڑنے کے ليئے يعني دل ميں زنا کرنے کے ليئے کافي ھی *

ھمارے پيغمبر خدا صلى الله عليہ وسلم نے فرمايا کہ انسان پر جو اُس کا حصہ زنا ميں

مشكواة باب القدر
كتب على ابن آدم نصيبہ من

ھي مقرر ہوچکا ھی بلا شبہہ وہ اُس کو پاتا ھی دونوں آنکھيں اُن کا زنا شہوت سے ديکھنا ھی دونوں کان اُن کا زنا

---

† احبار ۵ — ۱۸ خروج ۲۰ — ۱۴ اشعياء ۲۲ — ۱۲ —
‡ خروج ۲۰ — ۱۷ ايوب ۳۱ — ۱ —
§ متی ۱۸ — ۹۸ مارک ۹ — ۴۷ روميوں کو ۶ — ۶ ۸ — ۱۳ کلسيوں کو ۳ — ۵ —

زنا مدرک ذالک لامحالة العينان زناهما النظر والاذنان زناهما الاستماع واللسان زناه الكلام واليد زناها البطش والرجل زناها الخطى والقلب يهوى ويتمنى ويصدق ذلك الفرج ويكذبه —

يهه هى كه جس پر وه شخص نا جايز طور سے فريفته هى اُس كي پياري پياري شهوت انگيز باتيں سنے زبان، اُسكا زنا اسيطرح پر شهوت انگيز باتيں كرنا هى اور هاتهه اُنكا زنا شهوت سے چهونا يا پكڑنا هى اور پاؤں اُن كا زنا برے كام كے ليئے چلنا هى اور دلكا زنا اُس كي خواهش اور آرزو كرنا اور فرج جو هى وه تو صرف اس واسطے هى كه اُن سب خواهشوں كو يا سچا كردے- يا جهٹلادے *

يهه تمام نصيحت جو حضرت عيسى اور همارے جناب پيغمبر خدا عليهما الصلواة والسلام نے فرمائي ايک نهايت عمده نصيحت هى جو گناهوں كي جڑ كو اُكهاڑتي هى كيونكه ان نصيحتوں ميں اُن چيزوں كو روكا گيا هى جو گناه عظيم هونے كا باعث هوتي هيں اگر صرف برے كام هي سے ممانعت هو اور تمام خيالات اور خواهشوں كو آزاد چهوڑ ديا جاوے جيساكه يهودي كرتے تهے تو تمام اخلاق خراب اور تمام روحاني روشني جلد تر تاريک هوجاتي هى پس يهه نصيحت ايک ايسي نصيحت هى كه اگر اسپر چلا جاوے تو انسان كو كسيطرح برائي اور گناه ميں پڑنے نهيں ديتي اور نصيحت سے يهه بهي پايا جاتا هى كه انسان كي اصلي خوبي اپني روح اور اپني خواهشوں كو گناه سے پاک كرنا هى نه صرف ظاهر ميں گناه سے بچنا *

(پس اگر تيري دهني آنكهه) اگرچه يهه كلام حضرت مسيح عليه السلام نے بطور تمثيل كے فرمايا هى مگر يهه ايسے عجيب طور سے فرمايا هى كه بے اختيار دل ميں پيٹها جاتا هى حقيقت ميں جو خوبي اور روحاني اثر اس كلام ميں هى اُس كي كيفيت دل جانتا هى بيان ميں نهيں آسكتي ظاهرا اِس كي مراد يهه هى كه هرايک شخص كو سمجهنا چاهيئے كه وه آنكهه جو شهوت كي هى وه پهوڑي جاوے يعني شهوت كو اپنے ميں سے دور كيا جاوے گو وه كيسا هي طبيعت كے برخلاف هو اور وه هاتهه جسے خواهش نفساني كے بموجب كام هوتے هيں كاٹا جاوے گو وه كيساهي هماري خواهش كے مخالف هو *

---

۳۱ يهه تو كها گيا تها كه جو كوئي اپني جورو كو چهوڑدے † اُسے طلاق نامه ديوے *

۳۲ پر ميں تم سے كهتا هوں كه جو كوئي اپني جورو كو سواے حرام كاري ‡ كے اور كسي سبب سے چهوڑ ديوے اُسے زنا كرواتا هى اور جو كوئي اُس چهوڑي هوئي عورت كو بياه كرے زنا كرتا هى *

---

† متي ۱۹ — ۳ و ۹ استثنا ۲۴ — ۱ مارک ۱۰ — ۲ و ۹ —

‡ متي ۱۹ — ۹ لوک ۱۶ — ۱۸ —

تفسیر

(پر میں تم سے کہتا ہوں) اس مقام پر پہلے اس بات پر غور کرنا چاہیئے کہ یہاں اُن باتوں کا ذکر تھا جو خواہش نفسانی سے زنا تصور کی گئی ہیں اس کے ساتھہ حضرت مسیح علیہ السلام نے اُس بات کو جو شریعت کے بموجب درست تھی کیوں ارشاد فرمایا. سبب اس کا یہہ ہی کہ یہودیوں نے اس طلاق کے مسئلہ کو بطور کھیل کے صرف نفسانی خواہشوں میں برتنا شروع کیا تھا اُنکا یہہ حال تھا کہ جسطرح ہمارے زمانہ کے لوگ بدکاری اور تماشبینی کرتے ہیں کہ آج وہ عورت پسند آئی اُس سے آشنائی کی کل دوسری عورت پسند آئی پہلی کو چھوڑا دوسری سے آشنائی کی اسی طرح یہودیوں نے طلاق اور نکاح کا حال کردیا تھا کہ جو عورت پسند آئی اُس سے نکاح کیا جب دوسری عورت پسند آئی اور خواہش نفسانی اُس کی طرف متوجہہ ہوئی پہلی کو چھوڑا اور دوسری کو پکڑا ۔ یہہ طریقہ اصلی احکام شریعت کے برخلاف تھا اللہ تعالی نے انسان کے لیئے جوڑا صرف اس لیئے پیدا کیا تھا کہ تنہائی کی وحشت کو رفع کرے اور وہ دونوں ملکر ایک تن ہوں یعنی عورت کی مرد سے اور مرد کی عورت سے وحشت رفع ہو عورت مرد کے لیئے اور مرد عورت کے نیک کاموں اور خدا تعالی کی عبادت کرنے میں مدد گار ہو غم اور مصیبت کے وقت ایک دوسرے کا غم گسار اور تسکین دینے والا ہو آپس میں ایسی محبت اور اخلاص ہو کہ دونوں ملکر ایک گنے جاویں نہ یہہ کہ برخلاف اُس کے بہایم کی طرح صرف خواہش نفسانی پورا کرنا مقصود ہو اور حقیقت میں یہہ روحانی زنا تھا اس لیئے حضرت مسیح علیہ السلام نے اس کو اسی نصیحت کے ساتھہ شامل کیا اور فرمایا کہ چھوڑی ہوئی عورت سے زنا کرواتا ہی *

مناسب ہی کہ اسمقام پر جو حقیقت نکاح اور طلاق کی ہم مسلمانوں کے مذہب میں قرار پائی ہی وہ بھی بیان کی جاوے نکاح صرف اسلیئے بنایا نہیں گیا ہی کہ انسان مثل بہایم کے اپنی خواہش نفسانی ادا کرکز خوش ہوا کرے بلکہ خدا تعالی نے جو یہہ عالم بنایا اور تمام چیزوں کو ظاہری اسباب پر مرتب کیا اور اُسمیں انسان پیدا کیا تو اُس کی نسل قایم رہنے کے لیئے اُسکا جوڑا بنایا اور خواہش نفسانی صرف اسلیئے اُسمیں رکھی ہی کہ وہ پیدایش اور بقاء انسان کا سبب ہو پس نکاح نہ خواہش نفسانی کے لیئے کرنا ہی بلکہ واسطے بجا آوری مرضی خدا تعالی کے ہی تاکہ اُس کی عنایت سے اولاد صالح پیدا ہو اور وہ اولاد خدا تعالی کی مرضی پر چلے اور اُس کی یاد میں رہے اور ما باپ کی بھلائی اور مغفرت کا سبب ہو اور بعد مرنے ما باپ کے خیر جاری اُس کے سبب باقی رہے اسی لیئے حضرت زکریا نے اپنے پرور دگار سے دعا مانگی کہ اپنے پاس سے مجہکو اولاد دے

سورہ مریم آیت ۵ و ۶
فہب لی من لدنک ولیا

يرثني و يرث من آل يعقوب — جو ميرا اور يعقوب كي اولاد كا وارث هو اور اے پروردگار اُس
واجعله رب رضيا — كو ايسا كر كه تيري مرضي پر راضي هو *

اس كے سوا نكاح سے مقصد محبت پيدا كرنا اور كلفت دور كرنا هي انسان پيدا هوا هى صرف خدا كي عبادت كو اور يهه صريح نفس كے خلاف هى اس سبب انسان كي طبيعت عبادت كرتے كرتے ملول هو جاتي هى اور تهك جاتي هى اس ليئے ايسي بات كا هونا چاهيئے كه في نفسه وه بهي عبادت هو اور اُسى كے سبب طبيعت كو فرحت اور تنهائي كي وحشت دور هو آپسميں خدا تعالى كے تقدس كا ذكر كريں اور اُس كي عبادت كا شوق پيدا هو اور پهر زياده تر عبادت ميں مصروف هوں گويا ايك دوسرے كا خدا كي عبادت كرنے پر مدد گار هو *

علاوه اس كے نكاح سے ايك اوْر قسم كي تربيت انساني مقصود هى كه تاهل ميں جو جو مصيبتيں اور تكليفيں اور رنج اور غم پيش آتے هيں اُن پر انسان شاكر هو اور جو خدا كي رضامندي هى اُس پر راضي رهے اور كيسا هي حال هو خدا هي خدا پكارے جيسے بچا كه هر حال ميں ما هي ما پكارتا هى *

ان تمام فائدوں ميں دنيا كي بهلائي بهي منظور هى كيونكه الله تعالى نے انسان كو مدني الطبع پيدا كيا هى اور ضرور هى كه كوئي اُس كا هم درد اور گهر بار كا سامان درست كرنے والا اور زندگي بسر كرنے كے ليئے مدد كرنے والا هو *

طلاق ان تمام باتوں كے برعكس هى بلكه اس سارے بنے بنائے گهر كو ڈهانے والي هى پس چاهيئے كه بهت هي بري چيز هو ۔ مگر ديكهو بعضي دفعه ايسے امور پيش آجاتے هيں كه جورو اور خصم ميں ملكر زندگي بسر كرنا ناممكن هو جاتا هى اور جو مقصود كه نكاح سے تها وه بالكل برباد هو جاتا هى اس ليئے ضرور هى كه كوئي راه اُس سے بچنے كے ليئے ركهي جاوے كيونكه جب وه مطلب جس كے ليئے يهه بات قايم كي گئي تهي باقي نرها تو جو اُس كي فرع هى اُسكا باقي ركهنا محض بے فائده هى اور دونوں كو طرح طرح كے انديشه اور گناهوں ميں ڈالنا ۔ اس مشكل كے رفع كرنے كو هم مسلمانوں كے مذهب ميں ايسي هي سخت حالت ميں طلاق كو جايز ركها هى جيسيكه حضرت مسيح عليه السلام نے صرف زنا كي حالت ميں جائز ركها تها اور پهر اُس كے ساتهه الله تعالى نے اور اُس كے رسول نے نهايت سخت ناراضي طلاق ديئے پر فرمائي اور حكم ديا كه جو سختي اور بد مزاجي جورو كي طرف سے پهونچے اُسپر صبر كرنا چاهيئے اور اُس كے دين اور دنيا كي بهتري ميں كوشش كرني چاهيئے امام غزالي صاحب احياء العلوم ميں فرماتے هيں كه جان لو اگرچه طلاق جائز هى مگر وه نهايت غصه دلانے والي خدا كي هى *

واعلم ان الطلاق مباح ولكنه ابغض المباحات الى الله —

سورۃالنساء آیت ۳۴
فلا تبغوا علیہن سبیلا –

اللہ تعالی نے سورہ نساء میں فرمایا کہ عورتوں پر اُن کے چھوڑ دینے کے لیئے حیلہ مت ڈھونڈو *

مشکواۃ باب الطلاق
عن ابن عمران النبي صلی اللہ علیہ وسلم قال ابغض الحلال الی اللہ الطلاق رواہ ابو داؤد –

ہمارے جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو چیزیں جائز رکھی گئی ہیں اُن میں سے کوئی چیز زیادہ طلاق سے خدا کو غصہ میں لانے والی نہیں ہی *

مشکواۃ باب الطلاق
عن معاذ بن جبل قال قال لي رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یامعاذ ماخلق اللہ شیئا علی وجہ الرض احب اللہ من العتاق ولاخلق اللہ شیئاً علی وجہ الرض ابغض الیہ من الطلاق رواہ الدار قطني –

اور اسیطرح رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے معاذ نہیں پیدا کی اللہ تعالی نے زمین پر کوئی مدری پیاری چیز زیادہ غلاموں کے آزاد کرنے سے اور نہیں پیدا کی اللہ نے زمین پر کوئی چیز جو زیادہ غصہ دلاتی ہی مجھکو طلاق دینے سے *

مشکواۃ باب الطلاق
عن محمود بن ولید قال اخبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن رجل طلق امراتہ ثلث تطلیقات جمیعا فقام غضبان ثم قال ایلعب بکتاب اللہ عزوجل و انا بین اظہر کم حتی قام رجل فقال یا رسول اللہ الا اقتلہ رواہ النسائي –

اسیطرح مشکواۃ میں روایت ہی کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو خبر ہوئی کہ ایک شخص نے اپنی جورو کو تین طلاقیں ساتھہ کے ساتھہ دے دیں یعنی بالکل چھوڑ دیا یہہ سنکر رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم غصہ کے مارے کھڑے ہوگئے اور فرمایا کہ کیا وہ کھیل کرتا ہی خدا کی کتاب سے جو نہایت بڑا اور پاک ہی باوجودیکہ میں تم میں ہوں اتنے میں ایک شخص کھڑا ہوا اور عرض کیا کہ اے رسول خدا کے کیا میں اُسکو مارڈالوں یعنی وہ شخص حضرت کے کمال غصہ ہونے سے یہہ سمجھا کہ اُسنے ایسا گناہ کیا ہی جسپر اُسکا قتل کرنا چاہیئے *

مشکواۃ باب الخلع والطلاق
عن ثوبان قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایما امراۃ سالت زوجہا طلاقا فی غیر ما باس فحرام علیہا رایحۃ الجنۃ

اسی طرح رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو عورت اپنے خاوند سے طلاق مانگے بغیر کسی قوی اندیشہ کے تو اُسپر جنت کی خوشبو حرام ہی *

غرضکہ ہم مسلمانوں کے ہاں ایک نہایت اعتدال سے طلاق کو جایز رکھا ہی اگر کوئی شخص اُسپر عمل نکرے اور یہودیوں کی طرح اُسکو کام میں لاوے یہہ اُسکی شامت ہی *

۳۳ وہ بھی تم سن چکے ہو کہ اگلوں سے کہا گیا تھا کہ تو جھوٹ † قسم نکھا بلکہ اپنی قسموں کو اللہ کے لیئے پورا کر *

۳۴ پر میں تمسے کہتا ہوں ہرگز قسم نکھانا نہ تو آسمان کی کہ وہ خدا کا تخت ہی *

۳۵ اور نہ زمین کی کہ وہ اُسکے پاؤں کی جگہہ ہی اور نہ یروشلیم کی کہ وہ بڑے بادشاہ کا شہر ہی *

۳۶ اور نہ تو اپنے سر کی قسم کہا کہ تو ایک بال کو سفید یا کالا نہیں کرسکتا ہی *

۳۷ بلکہ تو ہاں اور نہیں سے زیادہ کچھہ نہ بول کیونکہ جو کچھہ اُس سے زیادہ ہی وہ بدی سے ہوتا ہی *

تفسیر

(ہرگز قسم نکھانا) ظاہر میں یہہ لفظ اسبات پر دلالت کرتے ہیں کہ کسی بات میں اور کسی معاملہ میں کسی طرح قسم نکھانی چاہیئے لیکن اگر یہہ معنی ہوں تو تمام کارخانہ دنیا کا بند ہوجاوے کیونکہ تمام معاملات کے انصاف کرنے میں اچھے اچھے آدمیوں سے قسم لینے کی ضرورت پڑتی ہی تاکہ خدا کے نام کی بزرگی سے وہ معاملہ بہت سنجیدہ طور سے اور جہاں تک ہوسکے کامل یقین سے بیان کیا جاوے اور قاضی کو بھی معاملہ فیصل کرنے میں اپنے فیصلہ پر یقین ہو اسلیئے ڈاکٹر ‡ کلارک اور نیو کم نے اس امتناع کے عام معنی نہیں لیئے بلکہ اُسکو صرف روز مرہ کی بات چیت اور آپس کی گفتگو پر محدود کیا ہی ڈاکٹر کلارک اسکے یہہ معنی کہتے ہیں کہ " عام گفتگو میں بالکل قسم نکھاؤ یعنی خدا کے نام کو خفیف باتوں میں زبان پر مت لاؤ بلکہ اپنی گفتگو کو ہمیشہ ایسی سچ اور درست رکھو کہ جو کچھہ تم کہو وہ بطور سچ کے مانا جاوے " *

یہودیوں کی عادت تھی کہ ہر بات میں بلا ضرورت قسم کھاتے تھے بلکہ دغا دینے کے ارادہ سے قسم کھاتے تھے اسیطرح کی قسموں سے حضرت مسیح علیہ السلام نے منع فرمایا نہ بالکل کھانے سے کیونکہ کاسپل سے قسم کھانا جائز نکلتا ہی *

† خروج ۲۰ — ۷ — احبار ۱۹ — ۱۲ —

‡ دیکھو تفسیر ڈائیلی اور مینٹ مطبوعہ سنہ ۱۸۵۹ ع جلد ۳ صفحہ ۱۹ سے

ہم مسلمانوں کے مذہب میں بھی یہی بات ہی اللہ تعالے قرآن مجید میں فرماتا ہی کہ ہر بات میں اللہ کی قسم مت کھاؤ تاکہ تم پاک ہو اور پرہیز گار ہو اور لوگوں میں صلاح کار ہو اور اللہ تعالے سنتا ہی اور جانتا ہی *

سورۃ البقرہ آیت ۳۲۴
ولا تجعلوا اللہ عرضۃ لایمانکم ان تبروا وتتقوا وتصلحوا بین الناس واللہ سمیع علیم —

امام فخرالدین رازی علیہ الرحمہ اپنی تفسیر میں لکھتے ہیں کہ اگرچہ مفسروں نے اس آیت کے بہت سے معنی کہیں ہیں مگر سب سے ٹھیک وہ معنی ہیں جو ابومسلم اصفہانی نے کہے ہیں یعنی اللہ تعالے نے منع فرمایا کہ خدا کی بہت قسمیں کھانے پر دلیری مت کرو اور خدا کی کم قسم کھانے کا جو حکم ہوا اس میں حکمت یہہ ہی کہ جو شخص ہر چھوٹی بڑی بات میں خدا کی قسم کھاتا ہی اُسکی زبان میں قسم پڑجاتی ہی اور اُسکے دل میں قسم کا بڑاپا نہیں رہتا پھر اُسپر جھوٹی قسم نہ کھانے کا بھروسا نہیں رہتا پھر جو اصلی غرض قسم کی ہی وہ جاتی رہتی ہی اور یہہ بات بھی ہی کہ جو شخص خدا کی بہت تعظیم کرتا ہی وہ بندگی میں بھی کامل ہوتا ہی اور نہایت بڑی تعظیم یہہ بھی ہی کہ اللہ کا ذکر اُس کے نزدیک بزرگ اور بڑا ہو اسبات سے کہ اُسکو کسی بات پر دنیا کی باتوں میں گواہ لاوے *

تفسیر کبیر
الوجہ الذی ذکرہ ابو مسلم الاصفہانی وہوالاحسن ان قولہ ولا تجعلوا اللہ عرضۃ لایمانکم نہی عن الجرأۃ علی اللہ بکثرۃ الحلف بہ — والحکمۃ فی الامر بتقلیل الایمان ان من حلف فی کل قلیل و کثیر باللہ انطلق لسانہ بذلک ولا یبقی للیمین فی قلبہ وقع فلا یومن اقدامہ علی الایمان الکاذبۃ فیختل ما ہو الغرض الاصلی من الیمین — وایضا کلما کان الانسان اکثر تعظیما للہ کان اکمل فی العبودیۃ و من کمال التعظیم ان یکون ذکر اللہ تعالے اجل و اعلی عندہ من ان یستشہد بہ فی غرض من الاغراض الدنیویۃ —

حضرت مسیح علیہ السلام نے اس مقام پر ایسی قسمیں کھانے والے کے لیئے کچھہ سزا نہیں فرمائی اُس سے معلوم ہوتا ہی کہ اگرچہ یہہ بات بری ہی اور اسکو چھوڑنا چاہیئے لیکن اگر کوئی بغیر بدنیتی کے ایسی قسم کھائے تو اُس پر گناہ جھوٹی قسم کھانے کا نہیں ہی *

اللہ تعالی قرآن مجید میں فرماتا ہی نہیں پکڑتا تم کو اللہ بیہودہ قسمیں کھانے میں لیکن پکڑتا ہی اس کام پر جو تمہارے دل کرتے ہیں اور اللہ بخشنے والا اور بردبار ہی *

سورۃ البقرہ آیت ۳۲۵
لا یواخذکم اللہ باللغو فی ایمانکم ولاکن یواخذکم بما کسبت قلوبکم واللہ غفور حلیم —

(نہ آسمان کی) یہودیوں کی عادت تھی کہ چھوٹی چھوٹی باتوں میں خدا کی قسم نکھاتے تھے بلکہ ایسے مقام پر عجیب مخلوقات کی جیسے آسمان یا زمین یا یروشلم یا سر کی قسم کھاتے تھے اور فروسی یہہ بھی سکہلاتے تھے کہ اگر اس قسم کی قسم سے کسی جھوٹی بات کی تصدیق کی جاوے تو جھوٹی قسم کا گناہ نہیں ہوتا اس طریقہ کو حضرت مسیح علیہ السلام نے برا بتایا اور یہہ فرمایا کہ اسطرح کی قسمیں بھی آپسکی گفتگو میں نہ کہانی چاہیئیں *

(خدا کا تخت ہی) یعنی خدا کی بڑائی اور بزرگی کے سبب آسمان جو ایک بلند چیز ہی خدا کے تخت سے مناسبت رکھتا ہی اور زمین جو اُس سے نیچے ہی خدا کے پاؤں کی جگہہ سے مناسبت رکھتی ہی نہ یہہ کہ خدا آسمان پر بیٹھا ہی اور اُس کے پاؤں زمین پر رکھے ہیں *

(وہ بڑے بادشاہ کا شہر ہی) یعنی اُس میں خاص خدا کی عبادت کی جگہہ ہی *

(بلکہ تو ہاں اور نہیں ہے) یعنی اپنی گفتگو میں قسمیں نکھایا کرو جو سچ بات ہو یا جو کرنی ہو اُس پر سچائی سے ہاں اور جو جھوٹ بات ہو یا نکرنی ہو اُس پر صفائی سے ناہ کہا کرو *

(بدی سے ہوتا ہی) یعنی اس سے زیادہ کہنا انسان کی بدی پر دلالت کرتا ہی اور شبہہ پڑتا ہی کہ قسم کھانے والے کے دل میں کچھہ بدی اور برائی ہی یا یہہ معنی ہیں کہ یہہ ایک بد رسم ہی اور انجام کو برائی کی طرف لیجاتا ہی جیسیکہ ہم ابومسلم اصفہانی کا قول اوپر نقل کر آئے ہیں *

---

۳۸ تم سن چکے ہو جو کہا گیا تھا کہ آنکھہ † کے بدلے آنکھہ اور دانت کے بدلے دانت *

۳۹ پر میں تم سے کہتا ہوں کہ نقصان کرنے ‡ والے کو منع مت کرو بلکہ اگر کوئی تیرے دہنے گال پر طمانچہ مارے تو دوسرے کو بھی اُس کی طرف پھیر دے *

۴۰ اور اگر کوئی عدالت میں تجھہ پر نالش کرے بطور تعزیر قبا اُتار لیوے تو کرتا بھی اُسے دے ڈال *

۴۱ اور اگر کوئی تجھے بیگار ایک کوس تک لیجاوے تو اُس کے ساتھہ دو کوس تک چلا جا *

---

† خروج ۲۱ — ۲۴ احبار ۲۴ — ۲۰ —

‡ [illegible] رومیوں کو ۱۲ — ۱۹ ا تھسلنیوں کو ۵ — ۱۵ —

۴۲ جو تجھسے کچھہ مانگے اُسے دے † اور جو کوئي تجھسے قرض مانگے اُس سے منھہ نہ موڑ *

تفسیر

اِمام غزالي صاحب نے اپني کتاب احیاءالعلوم میں ان درسوں میں سے کئي درسوں کو نقل کیا هی وہ لکھتے هیں کہ میں نے انجیل میں دیکھا کہ حضرت عیسیٰ علیہ‌الصلواۃ والسلام نے فرمایا کہ البتہ پہلے تمکو کہا گیا تھا کہ دانت کے بدلے دانت اور ناک کے بدلے ناک اور میں تمسے کہتا هوں کہ برائي کا مقابلہ برائي سے مت کرو بلکہ جو تمھارے دھنے گال پر مارے تم بائیاں گال بھي اُسکي طرف پھیر دو اور جو تمھاري چادر اوتارلے اُسکو تھہ بند بھي دے دو اور جو تمکو ایک کوس بیگار لیجاوے تم دو کوس اُس کے ساتھہ اور جاؤ *

احیاءالعلوم
رایت في الانجیل قال عیسی علیہ‌الصلواۃ و السلام لقد قیل لکم من قبل ان السن بالسن والانف بالانف وانا اقول لکم لاتقاوموا الشر بالشر بل من ضرب خدک الایمن فحول الیہ الخد الایسر ومن اخذ رداک فاعطہ ازارک ومن سخرلتسیر معہ میلافسر معہ میلین —

اس مقام پر حضرت مسیح علیہ‌السلام نے بدلا لینے کے مضمون کو اختصار کے ساتھہ بیان فرمایا هي عہد عتیق میں اس کي تفصیل اسطرح پر هي ‡ جان کے بدلے جان لے *

اور آنکھہ § کے بدلے آنکھہ دانت کے بدلے دانت اور هاتھہ کے بدلے هاتھہ پاؤں کے بدلے پاؤں *

جلانے ‖ کے بدلے جلانا اور زخم کے بدلے زخم اور چوٹ کے بدلے چوٹ *

اور دوسرے ¶ مقام پر لکھا ہی کہ توڑنے کے بدلے توڑنا آنکھہ کے بدلے آنکھہ دانت کے بدلے دانت جیسا کوئي نقصان کرے اُس سے ویسا هي کیا جاوے *

ان درسوں سے پایا جاتا هی کہ عام طور پر بدلا لینے کا حکم تھا جو کوئي جیسا کسي کا نقصان کرے ویسا هي بدلا پاوے یعني طمانچہ مارنے کا طمانچہ مارنا اور ناک توڑنیکا ناک توڑنا اور کان کاٹنے کا کان کاٹنا . اسي سبب سے اللہ تعالی نے قرآن مجید میں فرمایا کہ هم نے لکھدیا یہودیوں پر توریت

سورۃالمائدہ آیت ۴۸
وکتبنا علیہم فیہا ان النفس

† اشعیا ۱۵ — ۷ لوک ۶ — ۳۰ —
‡ خروج ۲۱ — ۲۳ —
§ خروج ۲۱ — ۲۴ —
‖ خروج ۲۱ — ۲۵ —
¶ احبار ۲۴ — ۲۰ —

بالنفس والعین بالعین والانف بالانف والاذن بالاذن والسن بالسن والجروح قصاص فمن تصدق به فهو کفارة له —

یعنی تھہرا تحقیق میں کہ جان کے بدلے جان اور آنکھہ کے بدلے آنکھہ اور کان کے بدلے کان اور دانت کے بدلے دانت اور زخموں کا بدلا برابر کا زخم پھر جو کوئی بدلا لینے کو معاف کرے تو معاف کرنے والے کے لیئے بھلائی ھی *

یہہ اخیر کا مضمون توریت کا نہیں ھی بلکہ ھمارے جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو خدا نے فرمایا ھی تفسیر مدارک میں ھی کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کسیکو خون معاف کرے یا اُس سے تھوڑا یعنی زخم وغیرہ تو اُس کے یعنی معاف کرنے والے کے لیئے بھلائی ھی جب سے کہ معاف کرنے والے کو اُس کی ماں نے جنا *

تفسیر مدارک سورة المائدہ آیت ۴۸

قال علیہ السلام من تصدق بدم فما دونہ کان کفارة له من یوم ولدت امه —

یہی نصیحت اس مقام پر حضرت مسیح علیہ السلام نے فرمائی کہ جہاں تک ھوسکے تقصیر کرنے والے کی تقصیر معاف کرے بلکہ اُسکے ساتھہ نرمی اور عاجزی اور سلوک سے پیش آوے —

شنیدم کہ مردان راہ خدا * دل دشمناں ھم نہ کردند تنگ
ترا کے میسر شود ایں مقام * کہ بادوستانت خلاف است و جنگ

دنیا میں دو طرح پر آدمی اپنی زندگی بسر کرتے ھیں ایک وہ جو دنیا کی باتوں میں اولوالعزم اور ھوشیار اور چالاک اور نام آور اور دلیر اور اپنے مرتبہ اور درجہ پر لحاظ رکھنے والے اور اُس کا ادب چاھنے والے ھیں دوسرے وہ جو نہایت مسکین اور عاجز اور شکستہ دل اور اپنے تئیں سب سے حقیر اور نا چیز اور سب سے کم رتبہ جاننے والے ھیں تکلیفوں کے اُٹھانے میں راضی ھیں سخت سست سننے پر خوش ھیں جس بات میں اور لوگوں کو آسایش اور آرام ملے گو اپنے پر کیسی ھی تکلیف ھو اُسکے کرنے پر مستعد ھیں پہلی قسم کے لوگ البتہ دنیا میں جو آنکھہ بند کرنے میں فنا ھونے والی ھی عزت اور دبدبہ رکھتے ھیں مگر یہہ دوسری قسم کے لوگ خدا کے نزدیک اور اُس جہان میں جس کو فنا نہیں عزت والے ھیں پھر آدمی کو چاھیئے کہ غور کرکر دونوں میں سے جونسی چاھے پسند کرلے *

(پر میں تم سے کہتا ھوں) یہہ تمام نصیحتیں جو حضرت مسیح علیہ السلام نے فرمائیں اور جو آیندہ ورسوں میں آتی ھیں ایک عجیب مزیدار روحانی تاثیر اسمیں رکھتی ھی اکثر عیسائی مفسروں نے اس کو بطور تمثیل سمجھا ھی اور لکھا ھی کہ ان نصیحتوں سے یہہ مراد نہیں ھی کہ ھمکو ھر بری بات لوگوں کی سہنی چاھیئے بلکہ معتدل اور متحمل طبیعت پیدا کرنی لازم ھی *

مگر میں یہہ سمجھتا ہوں کہ یہہ نورانی نصیحتیں حضرت مسیح علیہالسلام کی اپنے اصلی معنوں پر قایم ہیں اور درجہ بدرجہ ہر ایک سے علاقہ رکھتی ہیں *

حواری حضرت مسیح علیہالسلام کے جن کو بالتخصیص یہہ نصیحتہ فرمائی یا جو کوئی اُن کی پیروی کرنا چاہے اسی بات کے مستحق تھے کہ اپنی طبیعت اور اپنے مزاج اور اپنے دلکے منتقمانہ جذبات کو اور اپنے افعال کو بھی ان نصیحتوں کے تابع کردیں (چنانچہ اُنہوں نے ایسا ہی کیا) اُنکا درجہ بہی تھا کہ ایک گال پر طمانچہ مارنے والے کے آگے روحانی نیکی سے دوسرا گال بھی پھیردیں اور جو کوئی اُن کی قبا اوتارلے اُس کو اپنی فیاضی سے کرتا بھی اوتار دیں جو کوئی ایک کوس خدمت کے لئے پکڑلے دو کوس وہ اُس کی خدمت کریں اور دشمنوں سے دوستی کرنا اور کوسنے والے کو دعا دینا تو خاص اُن کا کام تھا *

اور جو لوگ اُن سے کم درجہ رکھتے ہیں اُن سے یہہ نصیحتیں صرف اسیقدر علاقہ رکھتی ہیں کہ اگر وہ کسی سے بدلا لینا چاہیں یا کسیکو سزا دیں اور تنبیہ کریں تو اور لوگوں کی آسایش اور آرام کے لیئے کریں تاکہ دنیا کا انتظام اور عام امن قایم رہے مگر اپنی جان اور اپنے نقصان کے بدلے کسی سے بدلا نہ لیں بلکہ عاجزی اور مسکینی اور گناہوں کے معاف کرنے کا اپنا طریقہ رکھیں تاکہ جو کلی کاملت خدا تعالی کی ذات میں ہی اُسیکا نمونہ اپنے میں پیدا کریں *

اور جو لوگ انسے بھی کم درجہ رکھتے ہیں یعنی جو عام لوگ ہیں اُنسے یہہ نصیحتیں اسیقدر متعلق ہیں کہ جو ضرر اور نقصان اُن کو کسی سے پہونچے اُس میں ملائمیت اور نرمی اور اعتدال اور برداشت کا مزاج رکھیں جو مزاج کہ ہماری حالت کو آرام اور دنیا کے امن قایم رکھنے کے لیئے بہت اچھا سمجھا جاتا ہی اور غصہ کے فرو کرنے اور غضب کے باز رکھنے کی طرف مایل کرتا ہی البتہ اس قسم کے لوگ ہر قسم کی برائی اور نقصان کے برداشت کرنے کے مستحق نہیں مگر جو تفاوت ان تینوں درجوں کے لوگوں میں ہی وہ پوشیدہ نہیں ہی اور جو لوگ اپنی ایسی حالت بھی نہیں رکھہ سکتے وہ نہایت کمبخت اور حضرت مسیح علیہالسلام کی نصیحت سے بالکل بے نصیب ہیں افسوس ہی ہمکو اپنی حالت پر کہ ہم اُسی بے نصیبی میں شامل ہیں *

۴۳ تم سن چکے ہو جو کہا گیا تہا کہ † تو اپنے پڑوسی سے دوستی رکھہ اور اپنے دشمنوں سے دشمنی رکھہ *

۴۴ پر میں تمسے کہتا ہوں کہ اپنے دشمنونکو ‡ پیار کرو اور جو تمکو بددعا کریں اُنکے لیئے

† احبار ۱۹ — ۱۸ —
‡ لوک ۶ — ۲۷ ۲۸ — ۳۴ ۳۵ اعمال ۷ — ۶۰ رومیوں کو ۱۲ — ۱۴ —

نیک دعا مانگو جو تم سے بدی کریں اُن سے نیکی کرو اور جو تمہیں ستاویں اور دکھ دیویں
اُن کے لیئے دعا مانگو *

۴۵ تاکہ تم اپنے باپ کے جو آسمان پر ھی فرزند † ہوؤ کہ وہ اپنے سورج کو بدوں اور نیکوں پر طالع کرتا ھی اور راستبازوں اور نا راستبازوں پر مینھہ برساتا ھی *

۴۶ اگر تم انہوں کو جو ‡ تمہیں دوست رکھتے ھیں دوست رکھو تو تمکو کیا فائدہ ہوگا کیا کسبئے لوگ یہہ نہیں کرتے ؟ *

۴۷ اور اگر تم فقط اپنے بھائیوں کو سلام کرو تو تم اُن سے کیا زیادہ نیکی کرتے ہو ؟ کیا بت پرست لوگ یہہ نہیں کرتے ؟ *

۴۸ پس جیسا تمہارا باپ جو آسمان پر ھی کامل ھی تم بھی کامل § ہوؤ *

تفسیر

(اپنے دشمن سے دشمنی رکھہ) یہہ حکم حضرت موسی کی کتاب میں نہیں ھی بلکہ سب سے عام محبت رکھنے کا حکم ھی چنانچہ وہ ورس یہہ ھیں *

تو اپنے || ابنائے جنس سے انتقام مت لے اور نہ اُن کی طرف سے کینہ رکھہ بلکہ تو اپنے بھائی کو اپنی مانند پیار کر میں خداوند ہوں *

بلکہ مسافر کو جو تمہارے ساتھہ رہتا ھی ایسا جانوں جیسے وہ تم میں پیدا ہوا ھی اور اُسے ایسا پیار کرو جیسا آپ کو کرتا ھی اس لیئے کہ تم مصر کی زمین میں پردیسی تھے میں خداوند تمہارا خدا ہوں *

اس اختلاف کے رفع کرنے کو ھنری ¶ اور اسکاٹ نے اپنی تفسیر میں اس ورس کے یہہ معنی لکھے ھیں کہ " موسی کی کتاب میں جو عام محبت کرنے کا حکم تھا اُس کو یہودی معلم خاص اپنی ھی قوم اور اپنے ھی فرقہ اور اپنے ھی خاندان اور اپنے ھی دوستوں پر محدود کرتے تھے بلکہ بطور نصیحت کے اُس پر یہہ بات بڑھادی تھی کہ اپنے دشمن سے دشمنی رکھہ اس لیئے حضرت مسیح نے بطور سند کے یہہ حکم دیا *

برکٹ * صاحب اپنی تفسیر میں لکھتے ھیں کہ فروسیوں نے اس حکم کے یہہ معنی بیان کیئے کہ یہہ حکم صرف یہودیوں سے متعلق ھی اور یہہ نتیجہ نکالا کہ سب مخالف قوموں سے دشمنی رکھیں مگر حضرت مسیح نے فرمایا کہ تم سب سے محبت رکھو *

---

† لوک ۶ — ۳۵ —
‡ لوک ۶ — ۳۲ —
§ افسیوں کو ۵ — ۱ —
|| احبار ۱۹ — ۱۸ —
¶ ھنری اسکاٹ جلد ۵ مطبوعہ سنہ ۱۸۵۲ع —
* برکٹس نوتس مطبوعہ سنہ ۱۸۴۳ع جلد ۱ صفحہ ۲۴ —

ڈاکٹر † وٹ بائي بیان کرتے هیں که حضرت مسیح اس مقام پر موسی کے قانون کي اخلاقي نصیحت کو تکمیل یا تبدیل نهیں فرماتے بلکه فروسي اور یهودي معلموں نے جو اُسکا مطلب خراب کردیا تھا (یعني بدل دیا تھا جس کو هم مسلمان تحریف کهتے هیں) اُس پر ناراضي ظاهر کرتے هیں *

مگر ان سب تفسیروں سے یهه شبهه رفع نهیں هوتا که حضرت مسیح علیه‌السلام نے یهه بات اس طرح پر فرمائي هی که اپنے دشمنوں سے دشمني رکھنا بھي حضرت موسی کا فرمایا هوا هی حالانکه یهه حکم حضرت موسی کا فرمایا هوا نهیں هی *

اسلیئے واٹسن ‡ صاحب اس ورس کي تفسیر یوں لکھتے هیں که اس نصیحت کا پهلا حصه موسی کے قانون میں لکھا گیا هی اور پچھلا حصه نهیں لکھا گیا هی مگر غالباً اس پچھلے حصه کو اُس حکم سے نکالا هی جو حکم کنعان والوں کے نکال دینے اور همسایه کي دشمني سے اور بت پرست قوموں سے آمد و رفت نه رکھنے سے علاوه رکھتا هی اس کے بعد حضرت مسیح نے صاف صاف فرمایا که اصلي حکم جو بعض دشمن اور بت پرست قوموں سے دشمني رکھنے کا تھا وه اُن سزاؤں سے جو قدیم زمانه میں اُن کو دي گئیں پورا هوچکا اور اب وه حکم باقي نهیں رها (یعني منسوخ هوگیا کیونکه اسي بات پر هم مسلمان منسوخ هونے کا اطلاق کرتے هیں) اور حضرت مسیح انجیل میں علانیه یهه حکم فرماتے هیں که محبت عام هوني چاهیئے اور تمام دشمنیاں همیشه کے لیئے معدوم هوں " *

مگر میرے نزدیک یهه بات هی که حضرت مسیح علیه‌السلام نے اس مقام پر حضرت موسی کے احکام کو نقل نهیں کیا جیسیکه پهلے مقاموں میں کیا تھا بلکه یهودیوں نے جسطرح پر حضرت موسی کے حکموں کو خراب کرکر اور اُس کي اصلي مراد کو بدل کر ایک بات ٹھیرا رکھي تھي اور وه اُس غلط مراد کو اصلي اور سچي مراد سمجھتے تھے تسلیم کرکر مقتدرانه طور پر اپنا حکم صاف اور مستحکم فرمایا که اگرچه تم یهه استماع کرتے هو که اگلوں سے کها گیا تھا که تو اپنے پڑوسي سے دوستي رکھه اور اپنے دشمن سے دشمني رکھه فرض کرو که یهي حکم تھا مگر میں تمکو یهه حکم دیتا هوں که اپنے دشمنوں کو پیار کرو *

باریک بات اس میں یهه هی که جن ورسوں سے یهودي یهه حکم نکالتے تھے وه بشمث سے خالي نه تھے بلا شبهه اُن کي مراد وهي هی جو حضرت مسیح علیه‌السلام نے فرمائي اور کچھه شک نهیں که یهودیوں نے اُن کے معني بیان کرنے میں تحریف کي تھي مگر یهودیوں کي طرف بھي بهت سي حجتیں اور دلیلیں تھیں . نصیحت اور وعظ کے موقع پر ...

† ڈائلي اور میونٹ مطبوعه سنه ۱۸۵۶ ع جلد ۳ صفحه ۳۱ —

‡ واٹسن ایکسپوزیشن مطبوعه سنه ۱۸۳۷ ع صفحه ۲۸ و ۱۹ —

مناسب نہ تہا کہ اُن دلیلوں پر بحث کی جاتی اور رد وقدح کرنے سے نصیحت کی روشنی بحث کی تاریکی میں ڈالی جاتی اس لیئے حضرت مسیح علیہ السلام نے فرمایا کہ اگر اگلوں سے یہی کہا گیا ہی جو تم اعتقاد رکہتے ہو تو میں تمکو یہہ حکم دیتا ہوں ۔ یہہ طریقہ نصیحت کا بحث کو قطع کرتا ہی اور جیسیکہ حضرت مسیح علیہ السلام تہے ویسے ہی نہایت عالی رتبہ شخص کو ایسا مقتدرانہ کلام زیبا ہی *

(مگر میں تم سے کہتا ہوں) اس نصیحت کے بموجب ہمکو اپنے دشمنوں سے بھی محبت کرنی لازم ہی اور ہمیشہ اُن کے لیئے نیکی چاہنا اور اُن کے معاملات میں انصافانہ فیصلہ کرنا اور فیاضی سے اُن کے ساتھہ پیش آنا اور بدلا لینے سے در گذر کرنا اور ہر طرح پر اُن کو بہلائی پہونچانی ضرور ہی *

اس حکم پر بعضی لوگ یہہ اعتراض کرتے ہیں کہ نیچر یعنی قاعدہ قدرت الٰہی میں یہہ بات داخل ہی کہ آدمی جیسی اپنے دوست سے محبت رکہتا ہی ویسی دشمن سے کبہی نہیں رکہہ سکتا پہر یا یہہ تسلیم کیا جاوے کہ اس حکم میں حد سے زیادہ مبالغہ ہی یا نیچر کے خلاف اور نا ممکن التعمیل ہی *

مگر یہہ اعتراض صحیح نہیں اور نہ نیچر کے قاعدہ کے برخلاف ہی تمام حالات جو ہمارے کلمۃ اللہ عیسی مسیح علیہ السلام کے ہیں وہ خود اثبات کے لیئے کافی ثبوت ہی کہ دشمنوں سے کس طرح پر سچی محبت رکہی جاتی ہی بلا اُنکا تو بہت بڑا درجہ تہا حواریوں کے حال پر غور کرو اور ہمارے جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے اصحاب اہل صفہ کے حالات کو دیکہو بلکہ اُن کے بعد جو اور بزرگ اور اولیاء اللہ گذرے ہیں اُن کے حالات کو یاد کرو کہ کسطرح وہ لوگ اس حکم کو بجا لائے پس جب بہت سوں نے اس حکم کی تعمیل کی تو یہہ حکم نیچر کے برخلاف نہیں ہوسکتا *

ہاں البتہ نیچر کے قاعدہ کے بموجب ہر شخص اس حکم پر عمل نہیں کرسکتا اسلیئے حضرت مسیح علیہ السلام نے ایک جامع لفظ فرمایا کہ ہر شخص بقدر اپنی اپنی طاقت اور قدرت کے اس حکم کی تعمیل کرے *

محبت کے مختلف درجے ہیں - ایک وہ جو ہم اُن لوگوں سے رکہتے ہیں جو ہماری نسل سے ہیں - دوسرے وہ جو ہم اپنے دوستوں اور اپنے یاروں سے رکہتے ہیں - تیسرے وہ جو ہم اجنبی لوگوں کے ساتہہ رکہتے ہیں اس پچہلے درجہ کا مقتضی یہہ ہی کہ ہم کسیطرح کا کینہ اور بغض اُن سے نرکہیں اور ہر طرح پر اُن کی نیکی چاہیں اور جسطرح پر ہوسکے اُن کو بہلائی پہونچاویں کسیطرح پر اُن سے بدلا لینے اور اُن کے نقصان پہونچانیکے درپے نہوں اگر اُن سے کچہہ ہمارا قصور ہو جاوے تو اُس کے معاف کرنے پر آمادہ اور مستعد ہوں پس

اس درجه کي محبت کا دشمنوں کے ساتهه بهي ادا کرنے کے لیئے هم لوگوں کو حضرت مسیح علیه‌السلام نے حکم کیا بڑے لوگ اور اس سے زیاده بجا لاتے هیں مگر هم لوگوں کو اسقدر بجا لانا بهي سعادت هی اور اگر هم اس کو بهي بجا نه لاویں تو بلاشبهه هم کمبختي کے جهاز میں بیٹهے اور گناهوں کے سمندر میں ڈوبے هیں *

(جو تم کو بدلا کریں) یعني برائي کرنے والے سے بدلا نلو بلکه برائي کے بدلے میں نیکي کرو کیونکه یهه هتیار دشمن کے هتیار سے بهت زیاده فتحمند هی ۔

بدي را بدي سهل باشد جزا * اگر مردي احسن الی من اسی

تمهارا باپ اپنا سورج دوست اور دشمن سب پر چمکاتا هی اور سب پر مینه برساتا هی اگر تم بهي اسي طرح اپني فیاضي اور رحم دلي دوست اور دشمن سب پر رکهوگے تو تم اُس صفت کي ایک شان حاصل کروگے جو خدا میں هی اور اس سبب سے خدا کے فرزند یعني خدا کے پیارے هوگے *

(کیونکه جو تم اُن کو پیار کرو) یعني اپنے پیار کرنے والے کو پیار کرنا کچهه خوبي کي بات نهیں هی کیونکه جو آدمي برے سے برے هیں وه بهي آپسمیں ایسا هي کرتے هیں پهر اگر تم بهي ایساهي کرو تو تم میں اُنسے کیا زیاده نیکي هوگي اسلیئے تمکو چاهیئے که تم دشمنوں سے بهی محبت اور پیار رکهو تاکه جو کاملیت تمهارے باپ میں هی اُسي کاملیت کي شان تم میں پیدا هو *

(کمینه لوگ ــ بت پرست لوگ) یهه لفظ جسکا ترجمه اس اُردو مترجم نے کمینه اور بت پرست کیا هی انگریزي ترجمه میں پبلیکن هی جس کے معني سرکاری نوکر یعني محصول تحصیل کرنے والے کے هیں چنانچه اُس اُردو ترجمه میں جو سنه ۱۸۷۰ ع میں چهپا اس لفظ کا یهي ترجمه کیا گیا هی جب رومي شهنشاهوں کي حکومت فلسطین میں هوگئي تو اُنهوں نے یهودیوں سے محصول لینا شروع کیا اور اُس محصول کي تحصیل کو یهودي بهی مقرر تهے اور کافر بهي مقرر تهے مگر یهودي اُن لوگوں کو نهایت برا اور کمینه اور پاجي سمجهتے تهے کیونکه † اُنکے نزدیک اُن محصولوں کا لینا ظلم تها اور وه لوگ اُس ظلم کے جاري هونے میں گفتگو کا موقع رکهتے تهے اور بعضے یهه بهي کرتے تهے که محصولوں کو خود ٹهیکه لیکر اپنے فائده کے لیئے لوگوں پر سختي کرتے تهے اس لیئے اس اُردو مترجم نے بطور حاصل مطلب کے ایک جگهه کمینه اور دوسري جگهه بت پرست ترجمه کیا هی *

† یهه قول بشپ ٹمسن بي ارس کا هی ــ

تمام شد